داستاں میری

خودنوشت سوانح حیات

از

ڈاکٹر اقبال حسین

سابق پرنسپل، پٹنہ کالج، پٹنہ
سابق ممبر بہار پبلک سروس کمیشن
سابق ڈائرکٹر خدا بخش لائبریری، پٹنہ

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ



Marfat.com

داستاں میری

خود نوشت سوانح حیات

از

ڈاکٹر اقبال حسین

سابق پرنسپل، پٹنہ کالج، پٹنہ، سابق ممبر بہار پبلک سروس کمیشن
سابق ڈائرکٹر خدا بخش لائبریری، پٹنہ

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

Marfat.com

© جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

130109.

اشاعت اوّل	:	۱۹۸۹ء
اشاعت ثانی	:	۲۰۰۰ء
قیمت	:	۳۰۰/- روپے
کمپوزنگ	:	اردو بک ریویو ڈی ٹی پی ڈویژن ۱۷۳۹/۳ (بیسمنٹ) نیو کوہ نور ہوٹل، پٹودی ہاؤس دریا گنج، نئی دہلی۔ ۲ فون: 3289268
پروڈکشن	:	Applied Publications Pvt. Ltd. 1739/3, New Kohinoor Hotel, Pataudi House Daryaganj, New Delhi - 110002
طباعت	:	اصیلہ آفسیٹ پرنٹرز، نئی دہلی۔ ۲
ناشر	:	خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ۔ ۴

Marfat.com

انتساب

اپنے عزیز دوست

پروفیسر ہمایوں کبیر مرحوم

کے نام

جن کے دل میں دوستوں کے لیے بے پایاں محبت تھی

جس توقع پر تھی اپنی زندگی وہ مٹ گئی
جو بھروسا تھا وہ آسرا جاتا رہا

Marfat.com

چار

ڈاکٹر اقبال حسین: پیدائش ۲۲ر نومبر ۱۹۰۵ء پٹنہ، ۱۹۲۲ء میں میٹرک، ۱۹۲۶ء میں گریجویشن فارسی آنرز کے ساتھ، ۱۹۲۸ء میں ایم۔اے۔فارسی، یونیورسٹی پرائز مین اور گولڈ میڈلسٹ، ۱۹۳۵ء میں پی ایچ۔ڈی — یہ پٹنہ یونیورسٹی کے پہلے پی ایچ۔ڈی تھے۔

۱۹۳۵ء میں راونشو کالج کٹک میں فارسی کے لکچرر رہے پھر ۱۹۳۶ء میں پٹنہ کالج چلے آئے اور یہاں ۱۹۵۹ء تک خدمات انجام دیں۔ ۱۹۵۸ء تا ۱۹۶۰ء شعبہ فارسی پٹنہ یونیورسٹی کے صدر شعبہ اور پٹنہ یونیورسٹی فیکلٹی آف آرٹس کے ڈین رہے۔ پٹنہ یونیورسٹی سنیٹ (۴۸۔۱۹۴۳ء اور ۶۱۔۱۹۵۲ء) سنڈیکیٹ (۵۴۔۱۹۵۳ء) اکیڈمک کاؤنسل (۶۱۔۱۹۵۴ء) اور پٹنہ یونیورسٹی جرنل کے بورڈ آف ایڈیٹرس کے ممبر (۶۱۔۱۹۴۴ء) رہے۔ ۱۹۶۰۔۱۹۶۱ء پٹنہ کالج کے پرنسپل رہے، ۷۲۔۱۹۶۷ء ریٹائرڈ ٹیچرس اسکیم کے تحت کام کیا اور ۱۹۷۹ء۔۱۹۷۸ء یو۔جی۔سی کے وزیٹنگ پروفیسر رہے۔

انہوں نے ممبر بہار پبلک سروس کمیشن (۶۵۔۱۹۶۱ء)، ڈائرکٹر خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ (۶۷۔۱۹۶۵ء) اور اعزازی چیئرمین بہار مدرسہ اکزامیننشن بورڈ (۷۴۔۱۹۶۵ء) کے عہدوں پر بھی کام کیا۔

ہندوستان کی فارسی شاعری پر مقالہ لکھا۔ آپ ہند ایرانی شاعروں پر ایک معروف مصنف ہیں۔*

✪✪✪

---

* ۱۵ فروری ۱۹۹۱ء میں وفات پائی۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

والد محترم ڈاکٹر سید اقبال حسین

قارئین محترم

"داستاں میری" کی اشاعت پہلی بار خدا بخش لائبریری کے تعاون سے ہوئی تھی۔ یہ کتاب والد مرحوم کی آٹو بائیو گرافی ہے جو انہوں نے عمر کی آخری منزل میں بہت محنت اور جانفشانی سے مکمل کی تھی۔ آپ لوگوں کی محبت اور شفقت کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ جلد ہی اس کتاب کی ساری جلد فروخت ہو گئی۔ اور بہت سارے قدر دانوں کو یہ کتاب نہ مل سکی۔ لہٰذا مستقل اصرار کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس کتاب کا دوسرا ایڈیشن نفیس طباعت اور دیدہ زیب سرورق کے ساتھ قارئین کی خدمت میں حاضر ہے۔

والد مرحوم کی یہ کتاب اپنے اوراق میں ماضی کے کچھ خوشگوار لمحات کچھ تلخ حقیقتیں اور کچھ اہم اور غیر اہم شخصیتوں کے کردار کی عکاسی سمیٹے ہوئے بڑے سلیقے اور روانی کے ساتھ اختتام تک پہنچتی ہے اور ایک بار جب آپ اس کی ورق گردانی شروع کریں گے تو بے ساختہ آپ کے ہاتھوں کی انگلیاں صفحات پلٹنے میں مصروف ہو جائیں گی اور ذہن آسودگی کی آغوش میں ہچکولے کھانے لگے گا۔

نوٹ: والد مرحوم کی ایک خوبی یہ بھی تھی کہ دنیاوی نقطۂ نظر سے جو اشخاص غیر اہم شخصیت کے حامل سمجھے جاتے تھے انہیں بھی وہ اپنی زندگی کا ایک حصہ سمجھتے تھے۔ لہٰذا ان لوگوں کو بھی انہوں نے اپنی کتاب میں ایک اہم مقام عطا کیا۔

سچ پوچھئے تو کسی بھی انسان کی شخصیت خواہ وہ ادیب ہو نقاد ہو شاعر ہو یا کوئی اسکالر اس کے ادبی کارناموں سے واضح طور پر ابھر کر سامنے نہیں آپاتی جب تک اس انسان کی ذاتی شخصیت بحیثیت ایک کامیاب شوہر، ایک شفیق باپ اور ایک اچھے انسان کی حیثیت سے اجاگر

Marfat.com

نہ کی جائے۔ ظاہر ہے کہ ان سب موضوعات پر اگر تفصیل سے لکھا جائے تو بذات خود مکمل ایک کتاب ہو جائے گی۔ لہٰذا چند سطور میں ان کے ایک شفیق باپ ہونے کا خاکہ پیش خدمت ہے۔

ابا مرحوم ہم بھائیوں کو بے انتہا چاہتے اور پیار کرتے تھے۔ حالانکہ اکثر و بیشتر ہم لوگوں کو ان کی ڈانٹ کا سامنا بھی کرنا پڑتا تھا۔ مگر صرف پڑھائی اور ڈسپلن کے سلسلے سے۔ تعلیم کے حصول کے سلسلے میں وہ بہت سخت رویہ اختیار کرتے تھے۔ اکثر کبھی اسکول کی چھٹی کے بعد فٹ بال کھیلنے یا دوستوں سے خوش گپی کرنے میں وقت کا اندازہ نہ ہو پاتا اور گھر پہنچنے میں تاخیر ہو جاتی تو بے چین ہو کر یا تو برآمدے میں ٹہلتے ہوئے ملتے یا پھر گھر کا ملازم فٹ بال گراؤنڈ میں دھمک کر ان کی بے چینی اور ناراضگی کا قصہ سناتا گھر کو واپس لاتا۔ ایسے موقعوں پر اماں مرحومہ کی شخصیت ڈھال بن کر سامنے آتی اور جان بچ جاتی۔

بچوں کی کامیاب زندگی کا دارومدار والدین کی تربیت، پر خلوص پیار اور بے لوث ایثار و قربانی پر منحصر کرتا ہے اور اس کا اندازہ اس وقت ہوتا ہے جب دعاؤں کے لیے بلند ہوتے ماں کے ہاتھ اور محبت و شفقت سے بھرا باپ کا سایہ چھن جاتا ہے، مگر یہی نظام خداوندی ہے۔

زندگی میں ایک موڑ ایسا بھی آتا ہے جب ہر انسان اپنی زندگی کا محاسبہ کرتا ہے۔ اور آج ہم لوگ بھی جب اسی دور سے گذر رہے ہیں تو اپنی اپنی کامیاب اور صاف ستھری زندگی کے پیچھے جس شخصیت کو بالکل واضح اور صاف ابھر کر سامنے آتے ہوئے دیکھتے ہیں وہ مرحوم ڈاکٹر سید اقبال حسین کی ہے جو ہمارے ابا تھے۔

والسلام

سید مقبول حسین

سید اکبر حسین

سید اشرف حسین

مئی ۲۰۰۰ء

Marfat.com

مصنف

ڈاکٹر اقبال حسین

Marfat.com

Marfat.com

والد مرحوم

خان صاحب الحاج احمد حسین، بی۔اے (علیگ) سابق ضلع مجسٹریٹ وکلکٹر، پٹنہ

Marfat.com

Marfat.com

منجھلے خالو مرحوم

سر عبدالرحیم، کے۔ سی۔ اس۔ آئی

Marfat.com

Marfat.com



مصنف کی مولانا ابوالکلام آزاد کے مزار پر حاضری

Marfat.com

Marfat.com



رسل لکچر کے موقع پر تصویر میں ڈاکٹر ذاکر حسین، پروفیسر ہمایوں کبیر اور مصنف نظر آ رہے ہیں

Marfat.com

Marfat.com

بہار پبلک سروس کمیشن کے دفتر میں مسٹر بی۔ام۔ کے سنہا کے الوداعی عصرانہ کے موقع پر تصویر میں داہنے جانب سے
(۱) مصنف (۲) پرنسپل ڈی۔ان۔ سنگھ (۳) نائب وزیر مسٹر سہدیو مہتو (۴) وزیر اعلیٰ
پنڈت بنودانند جھا اور (۵) وزیر صحت مسٹر بیر چند پٹیل نظر آرہے ہیں۔

Marfat.com

Marfat.com

آچاریہ بدری ناتھ ورما وزیر تعلیم بہار، مصنف کے ہمراہ مدرسہ شمس الہدیٰ، پٹنہ میں تشریف لا رہے ہیں۔ پرنسپل مولانا سید ریاست علی ندوی ان حضرات کا استقبال کر رہے ہیں۔

Marfat.com

Marfat.com

صدر جمہوریہ ہند، مصنف کی فارسی کی قابلیت اور علمی شغف کے لیے سند عطا کر رہے ہیں۔

Marfat.com

Marfat.com

داستاں میری

خود نوشت سوانح حیات

Marfat.com

Marfat.com

فہرست عنوانات

پہلا حصہ

دیباچہ گیارہ

میرا خاندان ۱

باب:۱ مظفرپور کے حالات
غدر کے بعد ۳

باب:۲ منشی حیدر بخش ۶

باب:۳ مولوی امجد حسین ۱۴

باب:۴ مولوی محمد حسین ۲۸

باب:۵ الحاج مولوی امیر حسین ۳۱

باب:۶ خان بہادر حشمت حسین ۳۶

باب:۷ نیورہ اور مشاہیر نیورہ ۴۵

باب:۸ دادیہال ۵۳

باب:۹ نانیہال ۷۱

دوسرا حصہ

میری زندگی اور معاصرین ۱۰۱

باب:۱ ۱۹۰۵ء - ۱۹۲۲ء
میری زندگی: پیدائش،
بچپن، مکتب اور اسکول ۱۰۲

باب:۲ ۱۹۲۲ء - ۱۹۲۸ء
کالج کا زمانہ ۱۲۴

باب:۳ ۱۹۲۶ء - ۱۹۳۱ء
قانون کی تعلیم اور پیشۂ وکالت ۱۴۶

باب:۴ ۱۹۳۲ء - ۱۳۵
پٹنہ یونیورسٹی میں تحقیقی کام ۱۵۱

باب:۵ ۱۹۳۵ء - ۱۹۳۶
راونشا کالج کٹک اور
وہاں کی ملازمت ۱۶۱

باب:۶ ۱۹۳۶ء - ۱۹۳۸ء
ملازمت بحیثیت لکچرر

باب:۷ ۱۹۳۸ء - ۱۹۴۴ء
میری اسسٹنٹ پروفیسری ۱۸۳

باب:۸ ۱۹۴۴ء - ۱۹۵۱ء
پروفیسری کے حالات ۲۰۲

باب:۹ ۱۹۵۰ء - ۱۹۶۰ء
جب میں پٹنہ کالج کے
ہوسٹل کا وارڈن تھا ۲۲۳

باب:۱۰ ۱۹۵۲ء - ۱۹۶۰ء
بحیثیت صدر شعبہ فارسی اور
یونیورسٹی پروفیسر پٹنہ یونیورسٹی ۲۳۰

باب:۱۱ ۱۹۵۸ء - ۱۹۶۰ء
ڈین کا عہدہ اور میرا انتخاب ۲۴۳

Marfat.com

باب:۱۲ ۱۹۶۰ء ۔ ۱۹۶۱ء
میری تقرری بحیثیت
پرنسپل پٹنہ کالج ۲۵۱
باب:۱۳ ۱۹۶۱ء ۔ ۱۹۶۵ء
بہار پبلک سروس کمیشن کی ممبری ۲۷۰
باب:۱۴ خدا بخش لائبریری سے
میرے تعلقات ۲۸۸
باب:۱۵ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن
سے میرا تعلق اور دیگر ذمہ داریاں ۳۰۲
باب:۱۶ بہار مدرسہ اکزامی
نیشن بورڈ اور عربک پرشین انسٹی ٹیوٹ ۳۰۸
باب:۱۷ میری ازدواجی زندگی اور اولاد ۳۲۲
باب:۱۸ ۱۹۶۶ء ۔ ۱۹۸۵ء
میرے دو حج اور دو عمرے ۳۲۸
باب:۱۹ خانقاہ مجیبیہ سے میرے
خاندانی تعلقات ۳۵۸
باب:۲۰ ڈاکٹر ذاکر حسین سے
میری چند ملاقاتیں ۳۷۷
باب:۲۱ میرے چند قابل ذکر معاصرین ۳۹۲
۱: مسٹر سید نور الہدیٰ ۳۹۲
۲: ڈاکٹر عظیم الدین احمد ۳۹۹
۳: سر عبدالرحیم ۴۱۳
۴: سر سلطان احمد ۴۲۰
۵: سر سید محمد فخر الدین ۴۲۵
۶: مسٹر سید عبدالعزیز ۴۳۱
۷: مسٹر محمد یونس ۴۳۹
۸: مسٹر عبدالقیوم ۴۴۵
۹: مسٹر شری دھر سوہنی ۴۵۱
۱۰: پروفیسر کلیم الدین احمد ۴۵۷
۱۱: مبارک عظیم آبادی ۴۶۳
۱۲: قاضی عبدالودود ۴۷۰
۱۳: مسٹر سید مہدی امام ۴۷۸
۱۴: ڈاکٹر سچدانند سنہا ۴۸۳
باب:۲۲ نیورہ خاندان کے
ہائی کورٹ کے چھ جج ۵۰۲
۱: مسٹر جسٹس سید شرف الدین ۵۰۲
۲: سر سید علی امام
کے۔سی۔ایس۔آئی ۵۰۵
۳: مسٹر جسٹس سید حسن امام ۵۱۰
۴: مسٹر جسٹس سید جعفر امام ۵۱۵
۵: مسٹر جسٹس سید نقی امام ۵۲۰
۶: مسٹر جسٹس سید وصی الدین ۵۲۵
حرف آخر ۵۲۹

★★★

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

میری اہلیہ کا ۱۹۷۳ء میں پندرہ برس کی طویل علالت کے بعد انتقال ہوا۔ ان کی موت کے بعد ایک ایسا خلا پیدا ہو گیا جس کا پر کرنا میرے لیے بہت مشکل تھا۔ میں اس زمانے میں اپنے تمام کاموں سے فراغت پا چکا تھا اور وقت کی کمی نہ تھی، تنہائی اور پریشانی کو دور کرنے کے لیے خیال گذرا کہ خاندان نیورہ اور دادیہال اور نانیہال کے بزرگوں کا تذکرہ لکھنے کی سعادت حاصل کروں۔ خاندان نیورہ کے بزرگوں کے متعلق بہت پہلے سے میرے پاس کافی مستند معلومات موجود تھیں جن کو میں نے خان بہادر سید ظہیر الدین ساکن نیورہ ضلع پٹنہ سے حاصل کیا تھا۔ خان بہادر سید ظہیر الدین کو خاندان نیورہ کے متعلق تحقیقی کاموں سے بڑی دلچسپی تھی اور آپ ان بزرگوں کے متعلق جو کچھ بھی کہا کرتے تھے وہ سب حقائق پر مبنی ہوتے تھے۔ موصوف برابر مجھے بڑے شوق سے ان بزرگوں کے احوال سنایا کرتے اور میں بھی کافی دلچسپی سے سنتا اور ذہن نشین کر لیتا تھا، آپ کی بڑی خواہش تھی کہ میں ان بزرگوں کا تذکرہ ایک کتابی شکل میں مرتب کروں۔ میں نے موصوف کی زندگی ہی میں تمام واقعات کو قلم بند کر لیا تھا اور مجھے ان حضرات کے احوال کو لکھنے میں کوئی بھی دشواری نہ ہوئی۔ میرے پردادا خان بہادر منشی حیدر بخش انگریزوں کے ایک وفادار ملازم تھے۔ ۱۸۵۷ء کے غدر کے موقع پر انگریزوں کی بہت مدد کی اور مظفر پور میں سرکاری خزانے کو لوٹے جانے سے بچا لیا تھا۔ انگریز ان کی بڑی قدر کرتے تھے۔ موصوف کا تذکرہ اس زمانے کی سرکاری دستاویزوں میں موجود ہے۔ میرے چھوٹے دادا خان بہادر حشمت حسین اپنے والد محترم منشی حیدر بخش اور اپنے دو بھائیوں مولوی محمد حسین اور مولوی امیر حسین کا تذکرہ نہایت

Marfat.com

تفصیل سے کیا کرتے تھے۔ ان کی یہ سب۔ تفصیلات خاندانی دستاویزات میں موجود ہیں جن کی بناء پر مجھے ان لوگوں کے متعلق احوال مرتب کرنے میں کوئی مشکل پیش نہ آئی۔ میرے دادا مولوی امجد حسین ایک ممتاز شخصیت کے مالک تھے اور انگریز ان کی بڑی عزت کرتے تھے۔ موصوف کے متعلق نامور انگریزوں کے تقریباً سو سال پرانے اسناد اپنی اصلی شکل میں میرے پاس اب تک موجود ہیں اور والد محترم خان صاحب احمد حسین سے بھی ان کے متعلق بہت کچھ سننے کا موقع ملا۔ خان بہادر سید ظہیر الدین میری دادی مرحومہ کے بھائی تھے۔ رشتے کے علاوہ موصوف میرے دادا مرحوم کے ایک عزیز دوست بھی تھے۔ عرصہ دراز تک یہ دونوں حضرات شہر آرہ ضلع شاہ آباد کے ایک ہی مکان میں مقیم رہے۔ آرہ کی تفریحی مجلسوں میں خان بہادر سید ظہیر الدین بذات خود شریک رہا کرتے تھے۔ میں نے ان مجلسوں کے متعلق جو کچھ لکھا ہے وہ موصوف ہی کے بیانات پر مبنی ہیں۔ خان بہادر سید ظہیر الدین کو تاریخ سے بڑا لگاؤ تھا۔ انہوں نے تاریخ بہار سے متعلق کئی دلچسپ کتابچے بھی تحریر فرمائے تھے۔ خاندان کے متعلق موصوف جو باتیں بھی کہتے اسے اس انداز سے کہا کرتے کہ سبھوں کے ذہن نشین ہو جاتی تھیں۔

ننیہال کے بزرگوں کے متعلق تمام احوال و واقعات میں نے اپنی نانی مرحومہ بی بی رشید النساء سے تفصیل کے ساتھ سنے تھے۔ بی بی رشید النساء ایک تعلیم یافتہ خاتون تھیں۔ موصوفہ خان بہادر شمس العلماء سید وحید الدین کی صاحبزادی اور شمس العلماء نواب امداد امام اثر کی بہن تھیں۔ موصوفہ نے اپنی کتاب "اصلاح النساء" میں اس زمانے کے احوال کو نہایت خوبی اور احتیاط سے بیان کیا ہے۔ میں نے ننیہال کے بزرگوں کے احوال کو خود ان سے سن کر قلم بند کر لیا تھا۔ نانی مرحومہ کے علاوہ میرے ماموں مسٹر غلام وارث ایڈوکیٹ کو بھی خاندان کے حالات خوب یاد تھے اور انہوں نے بھی مجھ سے خاندان کے متعلق تمام چیزوں کو نہایت ہی سچائی اور خوبی سے بیان کیا تھا۔ میرے خالہ زاد بھائی سید محمد ایڈوکیٹ تاریخ اور آثار قدیمہ کے ماہر تھے۔ انہوں نے بھی مجھ سے خاندانی واقعات کو نہایت ہی خوش اسلوبی سے بیان کیا تھا، میں نے ان سب لوگوں کی اطلاعات کو بزرگوں کی یاد قائم رکھنے کے لیے محفوظ کر لیا تھا۔ اور یہ سب یادداشتیں میرے پاس موجود ہیں۔ لہٰذا ننیہال کے بزرگوں کے متعلق

Marfat.com

بھی تذکرہ مرتب کرنے میں مجھے کوئی دشواری محسوس نہ ہوئی۔

جب میں نے اپنے اس تذکرے کو مرتب کرنا شروع کیا تو مجھے خاندانی دستاویزات اور اپنی یادداشتوں کی ضرورت محسوس ہوئی۔ یہ سب چیزیں میرے آبائی مکان نیورہ میں رکھی ہوئی تھیں۔ بہار کی سودیشی حکومت نے زمینداری کا خاتمہ کر کے ہم لوگوں کو بے گھر کر دیا۔ بدلے ہوئے حالات میں ہمیں اپنا آبائی مکان فروخت کرنا پڑااور میں نے تمام چیزوں کو نیورہ سے لا کر اپنے اگزیبیشن روڈ کے مکان میں منتشر حالت میں رکھ دیا۔ مجھے ہمت نہ ہوتی تھی کہ کاغذات اور کتابوں کے اس انبار میں خاندانی دستاویزات اور اپنی یادداشتوں کو تلاش کروں۔ ایک عرصہ کے بعد میرے محترم دوست مسٹر عبدالجلیل ایڈوکیٹ نے بڑی محنت سے ان کاغذات کو مختلف بکسوں سے برآمد کیا اور میں نے کتاب لکھنے کا کام شروع کر دیا۔ لیکن یہ دل چسپ کام مختلف تردداتاور زمینداری کے مقدمہ میں مصروفیت کی وجہ سے نہایت سستی سے ہوتا رہا اور خاندانی تذکرہ کی تکمیل میں تقریباً دس ماہ لگ گئے۔ جب خاندان کے متعلق تذکرہ مرتب ہو گیا تو میرے عزیزوں اور دوستوں نے اسے دیکھ کر بہت پسند کیا اور اصرار کیا کہ میں اپنی سوانح حیات بھی لکھوں تاکہ ایک دلچسپ اور اہم دور جس سے میں گذرا ہوں اور جو سماجی، معاشی اور سیاسی تغیرات سے بھرا ہوا ہے، اس کی ایک جھلک لوگوں کے سامنے آ جائے۔ ۱۹۸۶ء میں جب میں نے اپنی خود نوشت سوانح عمری لکھنا شروع کیا تو خاندانی تذکرے کے تیار شدہ مسودہ میں کافی ردوبدل کر کے اختصار کے ساتھ اسے اپنی سوانح عمری کا پہلا حصہ بنا دیا۔ یہ حصہ میرے خاندانی تسلسل کی بنا پر میری سوانح عمری کا ایک نہایت ضروری اور دلچسپ حصہ ہے۔ اپنی زندگی کے متعلق میں نے تمام دستاویزات کو حفاظت سے رکھا ہے اور میرے بچپن کے حالات جو میں نے اپنی دادی مرحومہ اور والدہ مرحومہ سے سنا ہے میرے ذہن میں اب تک محفوظ ہیں۔ اللہ کا فضل ہے کہ اس نے حافظہ ایسا عطا کیا ہے کہ مجھے اپنے اسکول کے زمانے سے لے کر آج تک کے تمام واقعات تفصیل کے ساتھ یاد ہیں اور میں ان تمام واقعات کو نہایت آسانی کے ساتھ بیان کر سکتا ہوں۔ مختلف الجھنوں کی وجہ سے مجھے یہ امید نہ تھی کہ میں اسّی ۸۰ برس کی عمر میں اپنی سوانح حیات لکھ بھی سکوں گا۔ چنانچہ میں نے اسے ایک ناممکن امر سمجھ کر اپنے ذہن سے نکال دیا تھا،

Marfat.com

اکتوبر ۱۹۸۵ء میں مجھے چند تحقیقی کاموں کے سلسلے میں اکثر خدابخش لائبریری جانا ہوتا تھا۔ ایک روز واپس ہوتے ہوئے میں جناب ڈاکٹر عابد رضا بیدار، ڈائرکٹر خدابخش لائبریری کے پاس بیٹھ گیا اور جب باتوں باتوں میں میری سوانح عمری کا ذکر آیا تو بیدار صاحب نے اصرار کیا کہ میں اپنی سوانح عمری ضرور لکھوں اور موصوف اس سلسلے میں میری ہر ممکن مدد کرنے کو تیار ہو گئے۔ چند ہی دنوں بعد مجھے موصوف کا گرامی نامہ موصول ہوا جس میں آپ نے فرمایا تھا کہ "آپ کی سہولت کے لیے ایک محرر لائبریری کی جانب سے متعین کیا جائے گا جو آپ کی سوانح حیات کا املاء کرے گا اور اس کا معاوضہ لائبریری ادا کرے گی۔" ڈاکٹر عابد رضا بیدار جب سے خدابخش لائبریری کے ڈائرکٹر ہوئے ہیں انہوں نے لائبریری کے تمام کاموں کو نہایت ہی عمدگی اور تیزی سے آگے بڑھایا ہے خصوصاً کتابوں کی تصنیف وطباعت کے سلسلے میں اپنی سخت محنت اور گہری دلچسپی کا ثبوت دیا ہے اور اسے لائبریری کا ایک اہم کام بنا دیا ہے۔ میری سوانح عمری کی تصنیف کے لیے میری یہ مدد آپ کی ایسی ہی کوششوں کا ایک حصہ ہے جس کے لیے موصوف شکریہ کے مستحق ہیں۔ اس سلسلے میں آپ کا جتنا بھی شکریہ ادا کروں وہ کم ہے۔ اگر میں یہ کہوں تو بے جا نہ ہوگا کہ میری سوانح عمری لکھی نہ جاتی اگر بیدار صاحب میرے سن کا خیال کرتے ہوئے میری مدد کے لیے کوئی محرر متعین نہ کرتے کیونکہ اکیاسی برس کی عمر میں اپنے ہاتھوں کی کمزوری کے باعث میں کسی لمبی تحریر پر قادر نہیں تھا۔ اس مہربانی کے علاوہ صاحب موصوف نے مختلف اخراجات کو مدنظر رکھتے ہوئے مجھے سات ہزار کا چیک ارسال فرمایا لیکن میں نے اس رقم کی کوئی ضرورت محسوس نہ کی اور اسے شکریہ کے ساتھ واپس کر دیا۔ بیدار صاحب نے میری سوانح عمری کے مسودے کی تیاری، کتابت اور طباعت کی کل ذمہ داریوں کو خود قبول فرما کر میرا کام بہت آسان کر دیا اور میری یہ سوانح حیات تقریباً سوا دو برس میں مکمل ہو کر طباعت کے لیے تیار ہو گئی۔

سوانح حیات میں حقیقت نگاری بڑی مشکل چیز ہے مگر میں نے واقعات کو ان کی اصلی صورت میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے اور کسی قسم کی رنگ آمیزی اور مبالغہ آرائی سے کام نہیں لیا ہے۔ اپنے دور کے تمام رسم ورواج اور طرز معاشرت کو جیسا میں نے پایا بلاکم و بیش بیان کر دیا ہے۔ معاصرین کے متعلق جو کچھ بھی میں نے لکھا ہے انصاف سے کام

Marfat.com

لیتے ہوئے ان کی بچی تصویریں پیش کی ہیں۔ ان کے تذکروں میں نہ تو کسی کی بے جا تعریف کی گئی ہے اور نہ بے بنیاد شکایت۔ ان تمام باتوں کا فیصلہ قارئین خود کر سکتے ہیں۔

میں سب سے پہلے بیدار صاحب کا بے حد شکر گزار ہوں جن کی وجہ سے میری سوانح عمری مکمل ہو کر طبع ہو سکی اور اس کام کے سلسلے میں خدا بخش لائبریری کے دو اسسٹنٹ لائبریرین جناب سلیم الدین احمد صاحب اور جناب محمود عالم صاحب کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے اس کتاب کی کتابت وطباعت کا کام بڑی توجہ اور تندہی سے انجام دلایا۔ میں سب سے زیادہ جناب ابوالحسن اختر، جناب محمد ارشد، جناب منہاج عالم خاں اور جناب محمد شاہجہاں قاسمی کا شکر گزار ہوں جنہوں نے میری سوانح حیات کے املاء کرنے میں بڑی جاں فشانی سے میری مدد کی اور اپنے مشوروں سے میری کتاب کو بہتر بنانے میں میرا تعاون کیا۔ اللہ ان سب حضرات کو اس کا بہترین صلہ عطا فرمائے۔ آمین

اقبال حسین

اکزبیشن روڈ، پٹنہ۔ ۸۰۰۰۰۱
(بہار)

Marfat.com

Marfat.com

پہلا حصہ

میرا خاندان

Marfat.com

سناؤں کس کو جو کچھ عمر بھر آنکھوں نے دیکھا ہے
کہ طولانی بہت اے داغؔ ہے یہ داستان میری
(داغؔ)

Marfat.com

پہلا باب

مظفر پور کے حالات، غدر کے بعد

شہر و شہری:

میرے دادا مولوی امجد حسین مرحوم جن کا لڑکپن اور جوانی مظفر پور میں گذری، ان کا بیان ہے کہ ۱۸۵۷ء کے غدر کے بعد مظفر پور ایک چھوٹا سا شہر تھا، مگر بہت صاف اور ستھرا، سڑکیں ۵ یا ۶ سے زیادہ نہ تھیں، مکانات زیادہ تر ایک منزلہ تھے اور کھپرہ پوش، مکان کے پائیں میں اکثر ایک باغیچہ ہوا کرتا تھا جس میں آم، لیچی اور کٹھل کے درخت ہوتے تھے، علاوہ ازیں شہر کے باہر بھی زمینداروں کے بڑے بڑے باغات تھے جو ان کی آمدنی کا ذریعہ بھی ہوا کرتے تھے، جابہ جا دو منزلہ پختہ مکانات نظر آتے تھے جو خوشحال لوگوں کے تھے۔ شہر میں کوئی بڑی اور شاندار عمارت نہ تھی، عید گاہ، ایک مسجد اور شیعوں کا ایک امام باڑہ شہر کو زینت بخشتا تھا، شہر میں مساجد کی کمی تھی، ایک مدرسہ تھا جس میں عام لوگوں کو ابتدائی اور علم دین کی تعلیم دی جاتی تھی، اہل ثروت خواہ وہ ہندو ہوں یا مسلمان اپنے لڑکوں کو اچھے استادوں کو ملازم رکھ کر فارسی، ہندی اور اردو کی تعلیم دلاتے تھے، شیخ سعدی کی گلستاں اور بوستاں کو پڑھنا ہندو اور مسلمان نصاب تعلیم کا ایک ضروری جزو سمجھتے تھے، تعلیم کا عام رواج نہ تھا، زیادہ لوگ ان پڑھ تھے۔ شہر کی آبادی ہندو اور مسلمانوں پر مشتمل تھی جس میں مسلمانوں کا تناسب بہت کم تھا۔ ایک دو خاندان عیسائیوں کا بھی بستا تھا جو عموماً سرکاری ملازم تھے۔ مشتمل آبادی میں کھتری اور بھومیہار عام طور پر سے فارغ البال اور صاحب ثروت تھے۔ باوجود دولت ہونے کے ان میں کوئی ظاہری شان و شوکت نہ تھی۔ ہندو اور مسلمان دونوں

Marfat.com

آپس میں میل ملاپ اور خیر سگالی کے ماحول میں زندگی گزارتے تھے۔ لیکن حقیقت یہ تھی کہ ہندو حضرات مسلمانوں کا احترام اس وجہ سے کرتے تھے کہ ان کے آباواجداد نے مسلمانوں کی شان وشوکت اور انسانی ہمدردی کا مظاہرہ خود اپنی آنکھوں سے دیکھا اور تجربہ کیا تھا۔

شرفا کی طرز رہائش اور عوام الناس:

ہندو اور مسلمان شرفا کا شعار تھا کہ اپنے گھروں سے بہت کم آیا جایا کرتے تھے، بازاروں اور گلی کوچوں میں آنا جانا کسر شان سمجھتے تھے، اگر بالفرض کسی وجہ سے نکل پڑے تو عام لوگوں سے گفتگو کرنے کا کیا ذکر اپنے دوستوں سے بھی بہت کم ہم کلام ہوتے تھے اور ضروری کاموں سے فراغت کے بعد فوراً گھر لوٹ جاتے، کیونکہ شرفا کا عام ذہن بن چکا تھا کہ اس سے زبان اور طرز معاشرت میں خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ عام اور بازاری لوگوں کے ساتھ میل جول سے پرہیز کرتے کہ ان کا اثر شعوری یا غیر شعوری طور سے شرفا پر نہ پڑ جائے۔ شرفا پیدل چلنا کسر شان سمجھتے تھے۔ اندرون شہر یا شہر کی قریب ترین جگہوں پر جانے کے لیے عام طور سے پالکیوں کا استعمال کرتے تھے

عوام الناس، محنتی، سادہ لوح اور قوانین و ضوابط کے پابند تھے۔ ان کی تفریح طبع کا کوئی ذریعہ نہ تھا جہاں وہ محنت و مشقت کرنے کے بعد اپنے وقت کو صرف کریں۔ ان کی تفریح طبع کا واحد ذریعہ ہندو زمینداروں کی شادی کی تقریبات تھیں جو نہایت دھوم دھام سے منائی جاتی تھیں۔ ان تقریبات میں بھانڈ اور رقاصائیں اپنے فن کا مظاہرہ کرتے اور عام لوگ اس میں شریک ہو کر اپنا وقت خوشی سے گذارتے اور لطف اندوز ہوتے۔ ہندوؤں کے مقابلے میں مسلمانوں کے یہاں اس قسم کی تقریبات عموماً سادگی سے انجام پذیر ہوتی تھیں۔ کیونکہ اتنی دولت نہ تھی کہ ان کے اخراجات کے متحمل ہو سکیں۔ مسلمانوں کی شان و شوکت اور مال و دولت انگریزوں کی بے ایمانی اور دست درازی کی نذر ہو چکی تھی۔

ہندو مسلم اتحاد:

دیوالی اور محرم ہندو اور مسلمان دونوں مل کر مناتے تھے۔ راقم نے مندرجہ بالا منظر

Marfat.com

کی ایک ہلکی اور دھندلی سی جھلک جنوری ۱۹۱۹ء میں دیکھی تھی، لیکن دسمبر ۱۹۸۱ء میں جب راقم کو آخری بار مظفر پور جانے کا اتفاق ہوا تو دیکھا کہ ان قدیم روایات سے مظفر پور کو کوئی واسطہ نہیں رہا، وہ تمام چیزیں ختم ہو چکی ہیں، اس کے برعکس اب یہ شہر بنیوں، بقالوں اور سیاستدانوں کا اڈہ بن گیا ہے۔ اسی کے ساتھ ہی وہ صفائی اور ستھرائی جو قدیم زمانے میں تھی بالکل ختم ہو گئی ہے۔

●●●

Marfat.com

دوسرا باب

منشی حیدر بخش

مظفر پور کے محلہ کچی سرائے میں ہمارے دادا منشی حیدر بخش صاحب آباد تھے جو متوسط طبقے کے زمیندار تھے۔ ان کے تین قطعہ پکے مکانات تھے اور دو تین باغات آم، لیچی اور کٹھل کے علاوہ خود کاشتہ زمین بھی تھی جس کی آمدنی سے زندگی کی ضروریات کی تکمیل ہوتی اور فارغ البالی سے زندگی بسر ہوتی۔

ملازمت، مظفر پور میں ۱۸۵۷ کا غدر اور منشی حیدر بخش کی خدمات:

انگریزوں کے اصرار پر سرکاری ملازمت اختیار کی اور ان کے ذمہ مہتمم و ناظر فوجداری کورٹ ترہت مظفر پور کی خدمات سپرد ہوئیں۔ ان کی ماتحتی میں پانچ نائب ناظر بھی مقرر تھے، نہایت خوش اسلوبی سے تقریباً آٹھ سال تک دیانت داری اور وفاداری سے اپنی خدمات کو انجام دیتے رہے، اعلیٰ حکام ہمیشہ ان کی تعریف کرتے اور خوش رہتے تھے، اسی دوران میں ۱۸۵۷ء کا غدر ہوا مظفر پور بھی اس شورش سے متاثر ہوا۔ بلوائی اس پر تلے ہوئے تھے کہ سرکاری خزانہ لوٹ لیا جائے اور شہر تباہ و برباد کردیا جائے۔ انگریز حکام اس قسم کی باتوں سے باخبر رہتے تھے۔ لیکن وہ مطمئن تھے کہ منشی حیدر بخش حکومت برطانیہ کے نہایت وفادار ملازم ہیں، وہ اس ہنگامہ کو فرو کرنے میں اپنی جان کی بازی لگا کر شہر کو بچالیں گے اور ہوا بھی ایسا ہی۔ گھوڑ سوار اور غیر فوجی رسالہ شہر پر حملہ آور ہوا مگر منشی حیدر بخش نے اپنی حکمت عملی سے شہر کو لوٹے جانے سے بچالیا، اور سرکاری خزانہ بھی محفوظ رہا۔ جیسا کہ انگریزوں کو ان کی ایمانداری اور وفاداری پر بھروسہ تھا۔ منشی حیدر بخش نے عملاً ثابت کردیا اور اس خدمت کی انجام دہی سے انگریز بہت خوش ہوئے اور انگریزی حکومت نے ایک سند اعزازی

Marfat.com

اور پانچ ہزار روپے کی تھیلی بہ طور انعام عنایت کی نیز ایک تلوار مرصع دی۔ اس کی تصدیق ایک سرکاری پروانہ سے ہوتی ہے جس انگریزی پروانے کا اردو ترجمہ درج ذیل ہے:

"لفٹیننٹ گورنر کو مسٹر سیموئلس کمشنر پٹنہ کی ایک رپورٹ سے جوانہوں نے بھیجی ہے یہ جان کر بہت خوشی ہوئی کہ اس موقع پر جب مظفرپور کے غیر فوجی گھوڑ سوار رسالے کے دستے نے بغاوت کی تو آپ نے شہری پولس کو اکٹھا کیا سواروں کا مقابلہ کیا اور اپنی جدوجہد کے ذریعہ باغیوں سے شہر کو لوٹے جانے سے بچالیا آپ کا اس موقع پر یہ وفادارانہ عمل بہت زیادہ لائق تحسین ہے اور انعام کا مستحق بھی، چنانچہ کمشنر کو حکم صادر کیا گیا ہے کہ اس خط کے ساتھ ایک خوب صورت تلوار اور پانچ ہزار روپے کی تھیلی بطور انعام پیش کرے۔"

غدر کے اختتام کے بعد یہ لفٹیننٹ گورنر نے اپنا دربار کیا تو انہیں Certificate of Honour (اعزازی سند) سے سرفراز کیا۔ انگریزی پروانہ کی اصلی عبارت درج ذیل ہے:

"The Secretary to Government of Bengal:

The Lieutenant-Governor has learnt with much pleasure from a Report made by Mr. Samules, the commissioner of Patna, that on the occasion of the mutiny of the detachment or irregular cavalry at Muzaffarpur you rallied the town Police, opposed the savars and exerted yourself in prevneting the latter from plundering the town. Your faithful conduct on the

Marfat.com

above occasion deserves much praise as well as reward and the Commissioner has occordingly been authorised to present to you alongwith this letter a handsome sword and a purse of Rs.5000/=

Later on he was presented with a Certificate of Honor."

ان کی خدمات سے خوش ہو کر پٹنہ کے کمشنر نے شہر کے گرد و نواح میں زمین دینا چاہا جس پر آبادی قائم تھی، تھوڑی سی زمین جو اس وقت لودی پور نیرندن پور کھر دینا پرگنہ عظیم آباد کہلاتی تھی جس کا کچھ حصہ اب قدم کنواں اور کچھ حصہ بورنگ روڈ کے نام سے مشہور ہے اور جس کی سالانہ آمدنی بہت کم تھی، لیلٰا قبول کیا۔ زمینداری کے ختم ہونے سے پہلے تک اس زمین پر راقم کے والد مرحوم کا قبضہ تھا۔ راقم کے دادا امجد حسین صاحب مرحوم نے ان زمینوں کو اپنے راجپوت رعیتوں کو خوش کرنے کے لیے پرانے دس انگریزی پیسہ فی کٹھہ پر بندوبست کر دیا۔ زمینداری کے اختتام سے بہت دنوں پہلے ان زمینوں کی قیمت پچھتر روپے فی کٹھہ تھی جو فی زمانہ پچاس ہزار روپے فی کٹھہ فروخت ہو رہی ہے۔ والد مرحوم نے رعیت کو راضی رکھنے کے لیے زیادہ لگان پر بندوبست کرنے کو خودداری کے خلاف جانا۔ جب زمینداری کا خاتمہ ہوا تو راقم نے کل کاغذات کو لینڈ ریفارم آفیسر، پٹنہ کے حوالہ کر دیا۔ زمینداری کے خاتمے کے ساتھ ایک اگلی یاد بھی ختم ہو گئی، "دعا دیتا ہوں رہزن کو..."

صحت، وضع قطع اور محاسن:

منشی حیدر بخش اپنی جوانی میں صحت مند اور خوش رو انسان تھے۔ رنگ گورا، چھریرا بدن، قد موزوں، چہرہ گول، پیشانی چوڑی تھی۔ داڑھی اپنے قول کے مطابق شرعی رکھتے تھے یعنی داڑھی کی لمبائی ایک مشت و ایک انگشت اور مونچھیں تراشی ہوئی، زلف پٹے دار رکھتے

Marfat.com

تھے۔ لباس خوش وضع ہوتا تھا، جسم کی بناوٹ کی وجہ سے جو کچھ زیب تن کرتے بھلا معلوم ہوتا تھا۔ تقریبات میں جس وضع قطع سے شرکت کرتے تھے ہر کس و ناکس کی نگاہ کا مرکز بن جاتے۔ خاص سرکاری تقریبات میں شرکت کے وقت ایسے کپڑوں میں ملبوس ہوتے کہ ان کی نمایاں حیثیت ہوتی تھی۔ ہندوستانی ہو یا انگریز سب میں یہ تاثر پیدا ہوتا کہ ایک مغل درباری اپنی تمام آن بان کے ساتھ رونق مجلس ہے۔ موصوف کی آواز نہایت بلند تھی، غصہ کی حالت میں دشمن پر ان کی آواز کا ایسا اثر ہوتا کہ اس کے پاؤں اکھڑ جاتے۔ مظفر پور غدر کے فرو کرنے میں ان کی گرجدار آواز بلوائیوں کی ہمت شکنی اور سپاہیوں کی ہمت افزائی میں بھی بہت موثر رہی۔

موصوف کی صحت کا راز خورد و نوش کے علاوہ وہ ورزش تھی جو معمولاً بلاناغہ کیا کرتے تھے، راقم نے ان کی تصویر دیکھی ہے۔ کاش وہ تصویر ہمارے گماشتہ نجابت حسین کے بیٹے وراثت حسین نے غائب نہ کی ہوتی تو آج راقم ناظرین کی خدمت میں پیش کرتا تاکہ ان کی شخصیت کا کچھ اور نمایاں و بہتر خاکہ ناظرین کے دل و دماغ پر مرتسم ہو سکتا۔ افسوس کہ اس تصویر کے ساتھ تقریباً پچاس اور تصویریں میرے خاندان کے افراد کی تھیں، ان کے علاوہ شہنشاہ جارج پنجم کی قد آدم تصویر بھی تھی، اس شخص نے ان تصویروں کو کیا کیا، گمان ہوتا ہے کہ تصویریں تو اس کی نگاہ میں کچھ اہمیت نہیں رکھتی ہوں گی، ہاں خوب صورت فریم اور شیشوں کو اس نے ضرور بیچ کھایا ہوگا۔ جب اس سے پوچھ تاچھ شروع ہوئی تو اس نے ان مسلم ستم زدہ ریفیوجیوں کو جو دسمبر ۱۹۴۶ء میں ہندوؤں کے ظلم و ستم کا شکار ہو کر میرے گھر نیورہ ضلع میں پٹنہ میں پناہ گزیں تھے، مورد الزام ٹھہرایا۔

موصوف ظاہری محاسن کے ساتھ معنوی خوبیوں سے بھی مزین تھے۔ خدا نے انہیں فطانت اور ذہانت سے خوب نوازا تھا۔ ایمانداری اور دیانت داری ان کا شعار تھا۔ انسانی ہمدردی اور اقربا پروری تو گویا ان کی گھٹی میں پلی تھی۔ وفاداری اور ثابت قدمی کو کبھی ہاتھ سے نہ جانے دیا۔ عقائد کے لحاظ سے حنفی المذہب تھے مگر اہل بیت سے بے پایاں محبت کرتے تھے۔ کہا کرتے تھے کہ اہل بیت مثل کشتی نوح کے ہیں، جس نے ان کو پکڑا اس کو ہر طوفان سے نجات مل گئی۔ خیر و برکت کے لیے اپنے ہر لڑکے کے نام کے ساتھ لفظ حسین لگایا۔

Marfat.com

راقم کا پانچ پشت سے حسین خاندانی نام ہو گیا ہے۔ اللہ اس خاندانی نام کو عرصہ دراز تک قائم رکھے۔ ہم لوگوں کو اس نام پر بڑا فخر ہے۔ موصوف ہمیشہ پابند نماز رہے حتی کہ تہجد کی نماز بھی قضا نہ کرتے۔ ان کا انداز فکر ہمیشہ صوفیانہ رہا، یہی وجہ ہے کہ تاقید حیات سب سے اس بات کی تلقین کرتے رہے کہ "ہرچہ گیرید مختصر گیرید" اور خود زندگی بھر اس قول پر عمل کرتے رہے۔ یہ استغنا اب تک راقم اور اس کی اولاد میں باقی ہے اور یہ مقام شکر خدا ہے۔

مولوی سراج الدین پیشکار کنٹونمنٹ مجسٹریٹ داناپور جن کی تعلیم و تربیت میں راقم کے دادا جان مرحوم کا بہت ہاتھ تھا اور جن کی وفات کو چالیس سال سے زیادہ ہوئے، اپنے والد مرحوم کے حوالہ سے ساٹھ برس پہلے راقم سے کہا کرتے تھے کہ لوگ حیدر بخش صاحب کی زندگی کے واقعات کو کبھی فراموش نہ کریں گے جو انہوں نے صفت فیاضی، اور دریادلی کی بنا پر بے شمار یتیم و نادار لڑکیوں کی شادیاں اپنے اخراجات سے کرائی تھیں۔ اللہ کرے ایسے لوگ آج کے دور میں بھی پیدا ہوں اور اس روایت پر عمل کریں۔

معاصرین:

موصوف کے دو معاصر جو ان کے دوستوں میں سے تھے ان کا ذکر کرنا بے محل نہ ہوگا کیونکہ بغیر ان لوگوں کے تذکرے کے منشی حیدر بخش کی سوانح حیات میں ایک خلا رہ جائے گا۔ ان میں سے ایک منشی سید نجم الدین صاحب تھے جو مہاراجہ بتیا کے دیوان تھے۔ وہ خود فرماتے تھے کہ ان کی تقرری مسٹر ڈبلو ٹیلر آئی۔ سی۔ ایس کی ایما پر ہوئی تھی۔ غدر کے زمانے میں انہیں کے مشورہ و اثر سے مہاراجہ بتیا نے انگریزوں کے خلاف کوئی قدم نہ اٹھایا بلکہ انگریزوں کے موافق رہا۔ اوّل الذکر منشی صاحب کے بارے میں ٹیلر صاحب نے اپنی کتاب "تھرٹی ایٹ ایرس ان انڈیا" (جلد دوم ص: ۲۸۳ و ۲۸۴) میں نہایت تفصیل و تعریف کے ساتھ لکھا ہے۔

منشی نجم الدین:

نجم الدین صاحب ایک خدا ترس، مذہبی اور ایماندار آدمی تھے۔ کلام اللہ نہایت خوش الحانی سے پڑھا کرتے تھے۔ مہارانی بتیا نے جب کسی موقع پر ان کا قرآن پڑھنا سنا تو

Marfat.com

انہوں نے منشی نجم الدین صاحب کو حکم دیا کہ ایک خوش آواز حافظ قرآن کی تقرری کردو جو مجھے قرآن پاک سنایا کرے۔ لہٰذا حکم کی تعمیل ہوئی اور مہارانی بتیا روزانہ پوجا کے بعد عرصہ تک کلام پاک کی تلاوت سنتی رہی۔

منشی نجم الدین صاحب عالم ہونے کے علاوہ علم دوست بھی تھے۔ بتیا میں انہوں نے ایک لائبریری قائم کی جو اب تک موجود ہے۔ علاوہ ازیں اسی شہر میں ایک مسجد بھی بنوائی جو آج بھی نجم الدین صاحب کی یاد دلاتی ہے۔ ملازمت کے بعد اپنے وطن مالوف نیورہ ضلع پٹنہ چلے گئے اپنے بنگلے کے بغل میں ایک چھوٹی سی مسجد بنوائی اور ہمیشہ اسی میں عبادت وریاضت مرتے دم تک کرتے رہے۔

نجم الدین صاحب کے ایک پوتے جن کا نام سید علی حسین شاہ تھا عین جوانی میں گھر چھوڑ کر دیوا شریف ضلع بارہ بنکی چلے گئے۔ تا قید حیات حضرت حاجی وارث علی شاہ صاحب کی خدمت گزاری کرتے رہے۔ شاہ صاحب ان کو عزیز رکھتے تھے۔ راقم کو ایک مرتبہ آج سے پچاس برس پہلے تین چار دوستوں کے ساتھ دیوا شریف جانے کا اتفاق ہوا، واپسی میں سید علی حسین شاہ لکھنؤ آنے کے لیے ساتھ ہوئے۔ جب ہم لوگ بارہ بنکی اسٹیشن پر پہنچے تو ریل کا ٹکٹ لینے کے لیے بکنگ ونڈو پر گئے جہاں انہوں نے ایک نہایت بدشکل آدمی کو ٹکٹ فروخت کرتے ہوئے دیکھا، بغیر ٹکٹ خریدے ہم لوگوں کے پاس واپس پلٹ آئے۔ فرمایا کہ اللہ جمیل ہے اور جمیل کو دوست رکھتا ہے۔ معاذ اللہ میں ایسے بدشکل انسان سے ٹکٹ کیسے خرید سکتا تھا۔ ان کی اس بات پر ہم لوگ خوب ہنسے اور کہا کہ حضور خوش شکل بابو کب آئے گا؟ جواب دیا کہ جب اللہ چاہے گا۔ کچھ ایسا ہی ہوا ایک گھنٹہ کے اندر ہی ایک خوش شکل بابو ٹکٹ بیچنے آیا جس کو بہت دعائیں دے کر علی حسین نانا نے ٹکٹ خریدا اور بہت آرام اور خوشی سے سفر تمام ہوا۔

دیوان سید مولیٰ بخش:

منشی حیدر بخش کے دوسرے ہم عصر دیوان سید مولیٰ بخش صاحب تھے، بہت حیرت ہے کہ باوجود اختلاف مزاج و ذہن کیوں دونوں میں مرتے دم تک تعلق برقرار رہا۔ مسٹر

Marfat.com

ولیم ٹیلر آئی۔ سی۔ ایس نے اپنی مذکورہ بالا کتاب میں ان کا تذکرہ کیا ہے۔

دیوان صاحب موصوف نہایت ہوشیاز تھے۔ معاملہ فہمی اور وقت شناسی کا ملکہ خدا نے بہت دیا تھا۔ غدر کے زمانے میں انگریزوں کے طرفدار رہے اور وفادارانہ خدمت کے صلے میں بہت سے انعامات واکرامات حاصل کیے۔ ٹیلر صاحب رقم طراز ہیں کہ جب وہ لفٹیننٹ گورنر سر جان لورنس کے دربار میں سند لینے کے لیے آگے بڑھے تو نہایت بلند آواز سے کہا "بالکل ٹیلر صاحب، بالکل ٹیلر صاحب۔" ٹیلر صاحب نے اس کا مفہوم یہ نکالا کہ وہ آج بھی ان کے احسانات کے ممنون ہیں اور رکھلے دربار میں اظہار کر رہے ہیں۔ (ایضاً ص: ۲۸۴، ٹیلر)

دیوان مولیٰ بخش کے خاندان کے لوگ آج کل موضع رسول پور ضلع مظفر پور میں آباد ہیں۔ ان کے دو پوتے سید اعجاز حسن خاں صاحب مرحوم اور دوسرے سید ریاض حسین خاں صاحب مرحوم نہایت ہی باوقار زندگی گزارتے تھے۔ سید اعجاز حسن خاں اور سید ریاض حسین خاں صاحب اعلیٰ تعلیم یافتہ انسان اور صوبہ بہار کی نامور ہستیوں میں تھے۔ الحاج سید ریاض حسین خاں صاحب کا شمار اچھے شاعروں میں تھا۔ اردو اور فارسی دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے۔ خیالؔ تخلص تھا۔ دونوں بزرگ راقم کے والد مرحوم کے نہایت عزیز دوست تھے اور آخر وقت تک مخلصانہ اور برادرانہ تعلقات قائم رہے۔ ہر خوشی اور غم میں برابر کے شریک رہے۔ بڑے شریف النفس لوگ تھے۔ تجرد کی زندگی بسر کی۔ راقم آج تک ان دونوں بزرگوں کو یاد کرتا ہے۔ ان کے تیسرے بھائی کی شادی ہوئی جس کے لڑکے الحاج سید احمد حسن خاں کچھ مہینوں تک پٹنہ کالج میں اردو کے لکچرر رہے تھے، بعد ازاں تحیات مظفر پور کے رام دیالو کالج میں اردو و فارسی کے پروفیسر رہے۔ میرے عزیز ترین شاگردوں میں سے تھے۔ موت سے ایک دن قبل ملاقات کو آئے، نہایت صحت مند تھے اور بیماری کی کوئی نشانی بھی نہ تھی۔ یہاں سے مظفر پور گئے۔ اسی دن رات کو قلب کی حرکت بند ہو جانے سے قضا کیا۔

ازدواجی زندگی، اولاد اور موت:

منشی حیدر بخش صاحب کی ازدواجی زندگی بہت خوشگوار تھی۔ اپنے اہل وعیال سے

Marfat.com

بہت محبت کرتے اور ایک امانت دار کی حیثیت سے نہایت ایمانداری سے پرورش و پرداخت اور دیکھ بھال کرتے تھے۔ کسی کو شکوہ کا موقع نہ دیتے، بیوی بچے سب ان کی عزت واحترام کرتے۔ موصوف بہت وفاشعار انسان تھے۔ اہلیہ کا انتقال منشی حیدر بخش کی وفات سے پانچ چھ سال قبل ہوا، جس کے بعد وہ مغموم رہنے لگے اور تاحیات مرحومہ کو بھلا نہ سکے۔ اچانک ۷۵ سال کی عمر میں حرکت قلب بند ہو جانے سے راہی عدم ہوئے۔ منشی صاحب کوئی دولت مند آدمی نہ تھے۔ زراندوزی کا کبھی دل میں خیال نہ آیا۔ فارغ البالی، سخاوت اور وضعداری کے ساتھ زندگی گذارتے تھے۔ اللہ کا شکر ہے اور ان کی دعاؤں کا اثر ہے کہ آج تک راقم، اس کے بیٹے اور پوتے اپنی چھٹی پشت میں بھی اس طرح کی استغنائی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

منشی حیدر بخش صاحب کی اولاد میں چار لڑکے اور ایک لڑکی تھی۔ لڑکی کی شادی اپنی زندگی میں الحاج مولوی فضل رب صاحب جو کہ پٹنہ کے اچھے زمینداروں میں سے تھے، سے کی۔ شادی کے چند سال بعد لڑکی کا انتقال ہو گیا۔ ان کے بطن سے کوئی اولاد نہ ہوئی۔ مولوی صاحب موصوف کا زیادہ تر قیام مظفر پور میں رہتا تھا جہاں انہوں نے خود اپنا ذاتی مکان محلہ پکی سرائے میں بنوایا تھا۔ ان کا ایک بنگلہ ایکزیبیشن روڈ پٹنہ میں بھی تھا جو اپنے زمانے میں ایک اچھا مکان سمجھا جاتا تھا۔ اس مکان میں گاہے گاہے ان کا قیام ہوتا تھا۔ ویسے زیادہ تر کرایہ دار رہا کرتے تھے۔ ان کے مرنے کے بعد ان کی دوسری بیوی کے متبنیٰ محمد نصیر الدین احمد نے اس مکان کو ہمارے والد مرحوم کے ہاتھ فروخت کیا۔ بنگلے کے کمپاؤنڈ کا ایک حصہ ڈپٹی خواجہ محمد ابراہیم ساکن شہر پٹنہ کو فروخت کر دیا۔ ڈپٹی خواجہ محمد ابراہیم کی موت کے بعد ان کی بیوی کے رشتہ داروں نے اس زمین کو جگناتھ سنگھ ساکن ضلع چھپرہ کے ہاتھ فروخت کر دیا۔ آج کل اس زمین پر چہار منزلہ عمارت کھڑی ہے۔ یہ پہلا اتفاق ہے کہ راقم کے خاندان کی جائداد کسی ہندو کے ہاتھ فروخت کی گئی ہو۔

●●●

Marfat.com

تیسرا باب

مولوی امجد حسین

پیدائش، تعلیم، انگریزی میں مہارت:

منشی حیدر بخش کے سب سے بڑے صاحبزادے میرے دادا جناب مولوی امجد حسین صاحب تھے۔ان کی ولادت ۱۸۴۷ء میں مظفر پور میں ہوئی۔ گھر کا ماحول مذہبی تھا۔ تعلیم و تربیت بھی اسی طرح کی ہوئی۔ اس زمانے میں علوم شرقیہ کی تعلیم کا عام رواج تھا، گرچہ جدید علوم کی درس و تدریس بھی شروع ہو چکی تھی لیکن موصوف کی تعلیم و تربیت مشرقی تہذیب و تمدن کے مطابق ہوئی۔ ابتدائی تعلیم خود اپنے والد محترم سے ہوئی۔ مظفر پور ہی میں اردو فارسی و عربی کی تعلیم حاصل کی۔ اور اس کے بعد تکمیل کے خیال سے لکھنؤ گئے۔ اور وہاں دو تین سال تک خود کو اکتساب علم میں مشغول رکھا۔ اسی جگہ کسی انگریز پادری سے انگریزی پڑھنا، لکھنا اور بولنا سیکھا، جو ان کے دوران ملازمت بہت معاون اور کار آمد ثابت ہوئی۔ اردو اور انگریزی میں پختہ خوشخط تھے۔ بے شمار انگریز افیسروں نے ان کی انگریزی دانی کی تعریف کی ہے اور اس پر حیرت کا اظہار بھی کیا ہے کہ اس زمانے میں مسلمان اتنی انگریزی کیسے سیکھ سکا۔ اس بارے میں راقم کے پاس انگریزوں کے بے شمار خطوط اور اسناد موجود ہیں۔

عقیدہ، تجارت، ملازمت، شادی اور اولاد:

عقیدہ کے لحاظ سے اہل حدیث تھے۔ نماز اور روزہ کے سخت پابند تھے۔ اس زمانے کے اکثر رسالوں میں مذہبی مضامین لکھا کرتے تھے۔ چنانچہ جب مرزا حیرت نے واقعات

Marfat.com

کربلا کے کے بہت سے واقعات سے انکار کیا تو دادا مرحوم نے تاریخی حوالوں کی روشنی میں اس کی زبردست تردید کی۔ پنڈت رتن ناتھ سرشار سے بھی ان کے تعلقات اچھے تھے۔

فراغتِ علم کے بعد غلہ کی تجارت شروع کی اور کامیاب بھی رہے مگر باپ کے اصرار سے اگرچہ ملازمت سرکاری پسند نہ تھی، اختیار کی۔ اول ان کی تقرری مظفرپور میں بحیثیت نائب ناظر ہوئی۔ ملازمت کے فوراً بعد اپنی ہی رشتہ داری میں شادی ہوئی جن کے بطن سے صرف ایک لڑکی پیدا ہوئی اور پھر ان کی اہلیہ کا انتقال ہو گیا۔ ان صاحبزادی کے بطن سے بھی صرف ایک لڑکا پیدا ہوا جن کا نام سید محمد ابراہیم تھا، ان کا پیشہ معلمی تھا، آج سے تقریباً بیس سال پہلے انتقال کیا۔

مولوی امجد حسین صاحب کی پہلی بیوی کے انتقال کے بعد ان کا تبادلہ ناظر کے عہدہ پر شہر آرہ، ضلع شاہ آباد میں ہوا جہاں عرصہ دراز تک سرکاری ملازمت میں رہے۔ ان کی خدمات سے خوش ہو کر انگریزی حکومت نے آخری وقت میں انہیں مالیات کا افسر مقرر کیا۔

دوسری شادی اور اولاد:

دادا مرحوم کی دوسری شادی سید عبدالوہاب صاحب متوطن نیورہ ضلع پٹنہ کی صاحبزادی سے ہوئی۔ شادی کے بعد سسرال میں ایک اچھا خاصہ مکان بنوایا جس کے پائیں میں ایک باغیچہ بھی لگایا۔ مستقلاً وہیں قیام پذیر ہو گئے۔ چونکہ آرہ میں ناظر تھے اور نیورہ و آرہ میں بہت زیادہ دوری نہ تھی اس لیے برابر نیورہ آتے جاتے رہے۔ ان کی صرف ایک اولاد تھی، جن کا نام احمد حسین تھا اور جو راقم کے والد بزرگوار تھے۔ باپ بیٹے ایک دوسرے سے بے انتہا محبت کرتے تھے۔ والد بزرگوار کے نانا مولوی سید عبدالوہاب صاحب بہت مذہبی مزاج کے انسان تھے۔ انہوں نے ہی نیورہ میں ایک مسجد بنوائی۔ آج سے پچپن ۵۵ برس پہلے سرسید علی امام صاحب کی والدہ محترمہ نے اس مسجد کی عمارت کی از سر نو نہایت ہی شاندار طریقے سے تعمیر کرائی جو اس گاؤں کی بڑی زینت ہے۔

خان بہادر سید ظہیر الدین:

عبدالوہاب صاحب مرحوم کی دعاؤں کی بدولت ان کے بیٹے خان بہادر سید ظہیر

Marfat.com

الدین تیس سال تک اعزازی مجسٹریٹ رہے، بیس سال تک پٹنہ ڈسٹرکٹ بورڈ کے وائس چیئرمین رہے، پانچ سال تک اسی بورڈ کے چیئرمین بھی رہے۔ان کی انفرادیت یہ ہے کہ یہ پہلے ہندوستانی چیئرمین ہوئے۔اس سے پہلے انگریز کلکٹر ہی چیئرمین ہوا کرتے تھااور پانچ سال ممبر آف کونسل آف اسٹیٹ دہلی رہے۔مرحوم خان بہادر کے دو لڑکے تھے جن میں ایک مولوی سید نذیرالدین مرحوم بہار میں ایک نامی ڈپٹی کلکٹر گذرے ہیں جن کے لڑکے الحاج سید سلیم الدین جو راقم کے ہم سن ہیں۔اپنے مکان بینک روڈ پٹنہ میں آج بھی زمیندارنہ زندگی گزار رہے ہیں۔ دوسرے صاحبزادے خان بہادر سید بشیر الدین مرحوم پٹنہ ہائی کورٹ میں بیرسٹری کرتے تھے۔ان کی صلاحیت اور ایمانداری کی شہرت کے باعث حکومت انگلشیہ نے انہیں ضلع جج مقرر کیا۔ پنشن پاکر جوائنٹ پبلک سروس کمیشن کے ممبر مقرر ہوئے۔ان کے صاحبزادے الحاج مسٹر سید وصی الدین پٹنہ اور کشمیر ہائی کورٹ کے جج رہے ہیں۔ آج کل بینک روڈ پٹنہ میں ایک اچھا خاصہ مکان بناکر اسی میں قیام پذیر ہیں۔

قد و قامت اور وضع قطع:

میرے دادا رنگ کے صاف، قد کے لمبے، چہرہ کتابی جس پر خشخشی داڑھی تھی، لباس لکھنوی یعنی اچکن اور چوڑی مہری کا پائجامہ، سر پر سیاہ مخمل کی ٹوپی پہنتے تھے،جو تا سلیم شاہی ہوتا تھا،ایک بار لوگوں نے ان سے پوچھا کہ آخر آپ نے اپنے والد کا لباس اور وضع قطع کیوں نہ اختیار کیا؟جواباً عرض کیا کہ انہوں نے مغلوں کی حکومت کو دیکھا تھا جس کو اس دور کا ہر مسلمان خود اپنی حکومت تصور کرتا تھا۔اب تو میں کیا، تمام ہندوستان انگریزوں کا غلام ہے اب وہ وضع قطع اور پوشش غلامی میں زیب نہیں دیتی ہے۔دادا صاحب مرحوم کے پاس انگریزی قسم کی ایک ٹم ٹم تھی جس کو اس زمانے میں بمبو کارٹ کہتے تھے اسی پر چڑھ کر کچہری جایا کرتے تھے۔

موصوف نے زندگی بھر سفید کپڑوں کے علاوہ رنگین کپڑے شاید ہی کبھی پہنے ہوں۔ ہر روز یعنی چوبیس گھنٹہ کے بعد لباس تبدیل کر دیا کرتے تھے کیونکہ مزاج میں صفائی بے انتہا تھی۔ ہر چیز میں صفائی دیکھنا چاہتے تھے۔

Marfat.com

مولوی امجد حسین کے احباب:

دادا مرحوم کے احباب کا حلقہ بہت وسیع تھا۔ مہمانوں کی خاطر تواضع اور دوستوں کی خوب دعوتیں کرتے تھے۔ آم کے بہت شوقین تھے۔ آم کھانے اور کھلانے میں بہت فراخ دلی سے کام لیتے تھے۔ آم کے دنوں میں پکے آم کا اماوٹ شہد کی تہہ لگا کر بناتے۔ خود کھاتے کھلاتے اور دوستوں کو تحفتاً بھیجتے تھے۔

آرہ کی تفریحی مجلسیں:

اس زمانے میں سرکاری ملازمین کا معمول تھا کہ ہفتہ بھر کام کرنے کے بعد تفریح طبع کے لیے کسی دوست کے یہاں سنیچر کی شام کو اکٹھا ہوتے اور تفریحی مجلس کا انعقاد کرتے اور دل بہلاتے اس دن جس کے یہاں مجلس کا انعقاد ہوتا اسی کے یہاں رات کا کھانا سب دوست مل کر کھایا کرتے تھے۔ ہمارے دادا اور ان کے دوست زیادہ تر سنت پرشاد کے مکان پر جمع ہوتے تھے۔ ۱۹۳۴ء میں انہیں کے لڑکے مسٹر جسٹس سکھ دیو پرشاد ورما پٹنہ ہائی کورٹ کے جج ہوئے، مسٹر جسٹس ورما کے صاحبزادے پروفیسر ایس ایس پی ورما (بہار انجنیرنگ کالج) راقم کے عزیز دوست تھے۔ ان محفلوں میں میرے دادا کے علاوہ نیورہ کے سید ظہیر الدین (بعد میں خان بہادر) سید نصیر الدین (بعد میں خان بہادر اور سی آئی ای) اور سید امداد امام اثر (بعد میں شمس العلماء و نواب) کے علاوہ حکیم یعقوب، ڈپٹی شیر علی اور ڈپٹی سنت پرشاد شریک تفریح رہا کرتے تھے۔ سید نصیر الدین صاحب کم تشریف لاتے تھے۔ اس نشست کے واقعات کو ڈپٹی سنت پرشاد صاحب نے راقم کی موجودگی میں والد بزرگوار کے سامنے بہت ہنس ہنس کر نہایت تفصیل سے بیان کیا۔ اس سلسلے کا سب سے دلچسپ واقعہ یہ ہے کہ ایک دن سنت پرشاد صاحب سرخوشی کے عالم میں ڈپٹی شیر علی کے کاندھے پر سوار ہوگئے۔ ان کا بیان ہے کہ لوگوں نے مجھے کاندھے سے اتارنے کی کوشش کی مگر میں نہ اترا۔ اس پر سید امداد امام اثر صاحب نے سعدی کا یہ شعر پڑھا:

یکی دیدم از عرصۂ رودبار
کہ پیش آمدم بر پلنگے سوار

Marfat.com

اس شعر کے سنتے ہی مجھے ہوش آیا کہ میں شیر علی کے کاندھے پر سوار ہوں اور فوراً اتر گیا۔ ڈپٹی سنت پرشاد کا بیان ہے کہ ان نشستوں کی جان وہ اور رقاصہ گلاب جان تھی۔ سید امداد امام اثر نے انہیں نشستوں میں ایک مرتبہ حسب ذیل نظم پڑھی تھی جس کا تعلق حکیم یعقوب لکھنوی سے تھا۔

الّو کے جو لونڈی کا بنا یار حکموا ۔۔۔ کھرپے کی سدا کھاتا رہا مار حکموا
جروا سے کیا کرتا تھا تکرار حکموا ۔۔۔ بھڑووں سے بھی حجت سر بازار حکموا
دھنوتی کے لڑکے نے جو ماموں کہا اس کو ۔۔۔ آرہ سے خفا ہو کے چلا پار حکموا
سب رنڈیاں کہتی ہیں اسے جان برادر ۔۔۔ اس کہنے سے پھر کیوں ہوا بیزار حکموا
گلرووں کو لاتا تھا بلا اپنے وطن سے ۔۔۔ آرہ کو سدا رکھتا تھا گلزار حکموا
گل جان جو گاتی تھی بجاتا تھا مجیرا ۔۔۔ سازندوں کے ہم ساز لگاتار حکموا
محفل میں طوائف کو قرینے سے بٹھاتا ۔۔۔ کس درجہ تھا اس کام میں ہوشیار حکموا
رنڈی جو کوئی کہتی تھی یہ کام مرا کر ۔۔۔ اس سے کبھی کرتا نہ تھا انکار حکموا
آنکھوں میں لگا کر بڑے انداز کا کاجل ۔۔۔ کیا ہی نظر آتا تھا دھواں دھار حکموا
کمخواب پہنتا تھا کبھی اور کبھی ساٹن ۔۔۔ اور باندھتا تھا پوت کے دستار حکموا
رومال گلابی تو کمربند بسنتی ۔۔۔ اور کرتے کو رنگواتا تھا گلنار حکموا
پھولوں سے جو تھا شوق تو رغبت سے گلے میں ۔۔۔ ڈلواتا تھا مالی سے سدا ہار حکموا
رکھتا تھا چڑھی داڑھی کٹی مونچھ پھٹی مانگ ۔۔۔ اور دوش تلے گیسوئے خمدار حکموا
کس ناز سے چلتا تھا ہلاتا ہوا چوتڑ ۔۔۔ پاجامہ پہن کر کے کلیدار حکموا
چلغوزہ و پستہ سے بھرا رہتا تھا کلاّ ۔۔۔ مغلے کا بنا رہتا تھا دلدار حکموا
ااکھا لب پاں خوردہ پہ رکھتا تھا جمائے ۔۔۔ اور ناز سے ہنستا دم گفتار حکموا

کیا منصب عالی پہ سرافراز ہے دیکھو
سالوں کے رسالے کا ہے سالار حکموا

علاوہ ازیں ایک قطعہ بند نظم بعنوان ”بیان پر حسرت ملال در مفارقت حکیموائے باکمال“ بطور ضمیمہ اوّل (ص:۹۰) ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

عادات واطوار اور مہاراجہ ڈمراؤں کا واقعہ:

راقم کے دادا مرحوم ہندو مسلمان دوستوں میں کوئی امتیاز نہ کرتے، دونوں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آتے۔ حسب ضرورت بلاامتیاز سب کی اعانت کرتے، ضلع شاہ آباد کا کوئی زمیندار ایسا نہ تھا جو ان سے متعارف نہ ہو اور اپنے کارسازی کے لیے ان کی طرف رجوع نہ ہوا ہو اور انہوں نے اس کی خاطر خواہ مدد نہ کی ہو زمینداروں میں مہاراجہ ڈمراؤں سے بڑے اچھے تعلقات تھے۔ دونوں ایک دوسرے کا بہت احترام کرتے۔ دادا مرحوم دسہرہ کے موقع پر کبھی کبھی دو تین دن کے لیے مہاراجہ کی دعوت پر ڈمراؤں جایا کرتے تھے۔ مہاراجہ بھی ان کی پذیرائی اور مہمان نوازی میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھتے۔ ایک مرتبہ کا واقعہ ہے کہ لفٹیننٹ گورنر بنگالہ کے لیوی (Levee) کا دعوت نامہ مہاراجہ کو وقت پر نہ پہنچا۔ مہاراجہ متردد ہوئے کیونکہ اس مجلس کی شرکت امراء کے لیے باعث فخر وامتیاز تصور کی جاتی تھی۔ دعوت نامہ کا نہ اجراہونا اس بات پر بھی دلالت کرتا تھا کہ حکومت وقت کچھ کبیدہ خاطر ہے۔ اس لیے مہاراجہ موصوف دادا مرحوم سے ملے اور واقعہ بیان کیا۔ دادا جان نے فوراً اپنے نائب ناظر کو کلکتہ بھیج کر دعوت نامہ منگوایا جو غلطی سے لفٹننٹ گورنر کے دفتر میں پڑا رہ گیا تھا۔ اس خدمت پر مہاراجہ دادا مرحوم سے بہت خوش ہوئے اور شکریہ ادا کیا۔

میرے دادا جان میں وفاداری کا جذبہ بدرجہ اتم موجود تھا مگر کبھی کبھی تنک مزاجی کا اظہار کرتے۔ دوستوں کی ہر بات بدرجہ احسن قبول کر لیتے تھے۔ چنانچہ ان کے ایک دوست پنڈت شیتل پانڈے جو ضلع گورکھپور کے رہنے والے تھے، ان کے عزیز دوستوں میں سے تھے۔ پنڈت جی سال میں ایک بار دادا صاحب مرحوم سے ملنے نیورہ ضرور آتے اور دس پندرہ دن قیام کرتے۔

پنڈت شیتل پانڈے:

پنڈت جی نہایت کٹر برہمن اور چھوت چھات کے بہت پابند تھے۔ مسلمان کیا غیر برہمنوں سے بھی وہی انداز برتا کرتے تھے۔ سفر میں ہوں یا حضر میں اپنا کھانا خود پکاتے۔ بیمار ہونے کی حالت میں کسی صاف ستھرے برہمن سے کھانا پکواتے تھے۔ دادا جان ان کے قیام

Marfat.com

کے زمانے میں انہیں ہر روز صبح ایک نئی ٹوکری میں کئی طرح کے پھل کھانے کو دیا کرتے تھے۔ پرہیز اور چھوت چھات کا یہ حال تھا کہ ان پھلوں کو بھی وہ دھو کر ہی کھایا کرتے تھے۔ دادامرحوم ان کے اس طرح کے عمل کا خوب مذاق اڑاتے تھے۔ چونکہ دادامرحوم کی باتوں میں کوئی کدورت اور تعصب کی جھلک نہ ہوتی تھی اس لیے پنڈت جی اس مذاق کا برا نہ مانتے بلکہ ہنسی میں وہ خود بھی شریک ہو جاتے اور خوب ہنستے۔

گائے کی قربانی:

دادا صاحب مرحوم کو اپنے ہندو دوستوں کے جذبات کا اتنا خیال تھا کہ زندگی بھر کبھی گائے کی قربانی نہ کی۔ راقم کے یہاں تین پشت تک یہ دستور قائم رہا اور کبھی اس دستور کی خلاف ورزی نہیں کی گئی۔ آزادی کے بعد گاؤکشی جرم قرار دیدی گئی اور اب کسی مسلمان کی مجال ہے کہ گائے کی قربانی کرے۔

رام دھنی ساؤ:

دادا جان مرحوم کے حاضر باشوں میں ایک شخص رام دھنی ساؤ تھے جو نیورہ کے متصل گاؤں کے رہنے والے اور ایک معمولی حیثیت کے آدمی تھے اور کہیں ملازمت بھی کرتے تھے، روزانہ دادا مرحوم سے ملنے آتے اور آپس میں خوش گپیاں ہوتیں۔ چونکہ دادا مرحوم کی شادی نیورہ میں ہوئی تھی اس لیے انہیں سالا بنا کر خوب مذاق کرتے۔

تعریف بزبان انگریز افسران:

مولوی امجد حسین صاحب نے اپنی ملازمت کے زمانے میں نہایت ایمانداری، جفاکشی فرض شناسی اور استادانہ مہارت کے ساتھ خدمت انجام دیا جیسا کہ انگریزوں کی اسناد سے ثابت ہوتا ہے۔ مسٹر اے فوربس، سی ایس آئی، آئی سی ایس۔ دادا جان مرحوم کے بہت مداح تھے اور ان کی قدر کرتے تھے جیسا کہ مندرجہ ذیل سند مورخہ ۲۷ر مئی ۱۸۹۱ء سے ظاہر ہے:

(ترجمہ) "ناظر امجد حسین بہار کے ایک مشہور ناظر خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ پہلے زمانے میں ان کے والد مظفر پور میں ناظر

Marfat.com

تھے۔ میری دانست میں امجد حسین کے ایک بھائی وہاں ان کے جانشین ہوئے۔ ان کے دوسرے بھائی گزشتہ چند سالوں سے چھپرہ میں ناظر ہیں۔ ان کا پورا خاندان اپنی وفاداری کے لیے مشہور ہے اوران کے خاندان کا ہر فرد اپنی کارکردگی، صلاحیت او رکمل ایمانداری کے لیے مشہور ہے جس پر کوئی بھی افسر اپنے لیے نہایت فخر کر سکتا ہے۔ میں امجد حسین کو گزشتہ بارہ برسوں سے اچھی طرح (اکثر و بیشتر) جانتا ہوں گرچہ مجھے ایک آدھ باران کی تھوڑی تیز مزاجی کی اصلاح کرنا پڑی مگر ان کی ایمانداری اور ادائے فرض کی سرگرمی کے متعلق میرے خیالات بے انتہا بلند ہیں۔"

مسٹر فاربس (Mr. Forbes) کی مندرہ بالا سند میں دادامرحوم کی تنک مزاجی کا ذکر آیا ہے۔ بے جانہ ہوگا کہ ایک واقعہ جو بہت دلچسپ ہے بیان کر دیا جائے۔

امجد حسین کی تنک مزاجی فولی صاحب کی زبانی:

مسٹر بی فولی، آئی سی ایس، ممبر بورڈ آف ریونیو، بہار جو خود بھی تنک مزاجی کے لیے مشہور تھے، نے آج سے ساٹھ سال پہلے راقم کے سامنے والد مرحوم سے دادا جناب مولوی امجد حسین کی تنک مزاجی کا ذکر خوب ہنس ہنس کر تفصیل سے بیان کیا۔ حتی الامکان اس واقعہ کی تفصیل انہی کی زبانی پیش خدمت ہے:

الہ آباد کے رہنے والے ایک نوجوان لالہ جی جن کی تعلیم انگلستان میں ہوئی تھی، اور فارسی ادب بھی یہیں ایرانیوں سے پڑھا تھا۔ جس پر انہیں بڑا فخر تھا اور اکثر اپنے احباب اور دوسرے حضرات سے اس کا ذکر کیا کرتے تھے۔ یہ حضرت انگلستان سے واپس آتے ہی حکومت ہند کے قدیم دستاویزات کے دفتر میں عارضی طور سے ملازم ہوگئے۔ حکومت ہند نے انہیں کلکتہ سے آرہ بھیجا کہ اہم فارسی دستاویزات ضلع شاہ آباد کی نقل کر کے حکومت ہند کے حوالے کریں تاکہ بہ طور ریکارڈ محفوظ رکھا جائے۔ یہ صاحب دادامرحوم کی خدمت میں پہنچے اور اپنا تعارف کرایا نیز اسی تعارف میں اپنی فارسی دانی اور انگلینڈ سے بی۔اے کی

Marfat.com

ڈگری کا بھی ذکر کیا۔ بعد ازاں اپنا مقصد بیان کیا۔ دادا مرحوم فارسی ریکارڈ خوب پڑھتے تھے۔ انہوں نے فوراً شاہ آباد کی ایک بہت ہی نادر فارسی دستاویز لا کر ان کے سامنے رکھ دی کہ اس کی نقل کرلیں۔ یہ دستاویز نہایت ہی شکستہ تحریر میں تھی جس کا پڑھنا لالہ جی کی اہلیت اور لیاقت سے بہت بالا تھا۔ کوشش تو بہت کی مگر ان سے کچھ بن نہ پڑا آخر کار سپر ڈال دیا۔

لالہ جی کی تعلیم و تربیت چونکہ مغربی تہذیب کے سایے میں ہوئی تھی اس لیے مشرقیت کی نزاکت اور حدِ ادب سے کورے ہو گئے تھے اور اگر کچھ اثر بچپن میں پڑا بھی تھا تو وہ انگلستان کی طرز معاشرت کی نذر ہو گیا تھا۔ خاکساری کی جگہ تحکمانہ انداز نے دماغ میں گھر کر لیا تھا۔ دادا مرحوم سے مخاطب ہو کر کہا "اس دستاویز کی نقل کردو" موصوف مرحوم نے نہایت ہی سنجیدگی اور بغیر اظہار کبیدگی دستاویز لے کر الماری میں رکھ دی لیکن دل میں میل بیٹھ گئی تھی۔ بدتمیزی نے آخر کار تحمل کی قوت سلب کردی اور یکایک بول اٹھے "اب آپ میرے کمرے سے باہر جاسکتے ہیں" لالہ جی کو یہ بات ناگوار خاطر ہوئی۔ غصہ کی حالت میں سیدھے کلکٹر شاہ آباد کی خدمت میں جاکر دادا مرحوم کی بدسلوکی کی شکایت کی۔ کلکٹر موصوف نے ہنس کر انگریزی میں کہا:

> (ترجمہ) "میں اس بوڑھے آدمی کی زبان پر لگام نہیں لگا سکتا۔ تم پھر ان سے ملاقات کرو۔"

لالہ جی بادل ناخواستہ دادا مرحوم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنی کج روی کی معذرت کی۔ موصوف نہایت فراخدلی اور شفقت سے بولے: "بیٹے کل دس بجے میرے پاس آجاؤ" چنانچہ لالہ جی کے جانے کے بعد ایک منشی کو، جو شکستہ پڑھنے میں مہارت رکھتا تھا، بلوایا اور اجرت مقرر کر کے اس اہم دستاویز کی نقل صاف صاف نستعلیق میں کرائی۔ دوسرے دن جب لالہ جی وقت مقررہ پر آئے تو دستاویز کی تیار شدہ نقل ان کے حوالے کی گئی اور ان سے منشی کی اجرت بھی دلوادی گئی۔ لالہ جی نے بہت شکریہ ادا کیا۔ بعد ازاں دادا مرحوم نے اظہار تاسف کیا اور کہا کہ آپ نے اپنے صوبہ آگرہ و اودھ کی تہذیب کو کھو دیا ہے۔ آیندہ آپ اپنی عملی زندگی میں اس کو اپنانے کی کوشش کریں اور ہر انسان کے مرتبہ کا خیال رکھیں۔ لالہ جی کو دعا کے ساتھ روانہ کیا۔

130/09

Marfat.com

آرہ اسٹامپ جعل سازی کی تفصیل:

۱۸۷۹ء کے اسٹامپ جعل سازی کیس میں گورنمنٹ بنگال نے ملوث لوگوں پر مقدمہ قائم کیا۔ اس جعل سازی کے مقدمہ میں دیوانی اور فوجداری کے عملوں کے علاوہ کچھ افسران بھی ملوث تھے۔ اس سلسلے میں گورنمنٹ مذکور نے ایک تحقیقاتی کمیٹی مسٹر فاربس کی سربراہی میں مقرر کی۔ تکمیل تحقیق کے بعد گورنمنٹ بنگال نے ایک رپورٹ شائع کی جس کا مختصر ساحصہ جو دادامرحوم سے متعلق تھا ان کے پاس روانہ کیا جو رپورٹ کے صفحہ ۶۸ پر مندرج ہے اس میں موصوف کی یوں تعریف کی گئی ہے، انگریزی عبارت کا ترجمہ حسب ذیل ہے:

> ''مجھے جعل سازی کے مقدمہ میں کلکٹری کے صدر دفتر کے کاغذات میں کسی طرح کی جعل سازی کا کوئی واقعہ نظر نہیں آیا۔ میں اس کو اس بات پر محمول کرتا ہوں کہ انہوں نے (امجد حسین نے) اپنے کام میں توجہ دی ہے۔ غیر معمولی توجہ اور باقاعدگی کے ساتھ اسٹامپ کورد کیا، تاریخ لکھی اور اس کا رجسٹر میں اندراج کیا۔''

انتظامی صلاحیت کا مظاہرہ:

دادا جان مرحوم انتظامی امور میں اچھی صلاحیت رکھتے تھے۔ اوّلاً یہ عطیہ تو خداداد تھا دوسرے وقت اور ملازمت سرکاری نے ایسے مواقع فراہم کیے کہ اسے اجاگر کر دکھایا اور بہت سارے کارہائے نمایاں انجام دینے کا سبب بنا۔ اس صلاحیت کے مظاہرہ سے حکومت وقت کی نگاہ میں ان کی شخصیت پر وقار نظر آنے لگی۔

اس زمانے میں لفٹننٹ گورنر بنگال کا یہ معمول تھا کہ موسم سرما میں بہار کے اضلاع کا دورہ کرتا۔ اس دورہ میں وہ اضلاع کے انتظامات کو دیکھتا اور مختلف اداروں کا معائنہ کرتا۔ علاوہ ازیں سیر و شکار میں بھی وقت گزارتا تھا۔ چنانچہ دسمبر ۱۸۸۱ء میں جب لفٹننٹ گورنر بنگال روہتاس اور سہسرام کے دورہ پر آیا تو دادامرحوم نے اس کے دورہ کا انتظام نہایت خوش اسلوبی سے انجام دیا۔ اس سے لفٹننٹ گورنر بہت محظوظ ہوا جس کا اظہار پی۔ پوٹر صاحب کلکٹر

Marfat.com

شاہ آباد نے اپنی ایک سند مورخہ ۷ر دسمبر ۱۸۸۱ء میں کیا ہے۔

۱۷۰۵ء میں رائل سکنڈ فیلڈ بیٹری آرٹیلری قائم کی گئی تھی اور جس کے مونوگرام سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس فوج نے جنگوں میں نمایاں کارانجام دیا جس میں جنگ کریمیا بھی شامل تھی۔ یہ پہلی اور آخری جنگ تھی جس میں برطانیہ اور فرانس نے ترکوں کا ساتھ روس کے خلاف دیا تھا۔ ۱۸۹۵ء میں یہ فوج ہندوستان کے دورہ پر آئی ہوئی تھی۔ اس کا قیام آرہ اور کوئلور میں ہوا تھا۔ اس فوج کے لیے ضروریات کی چیزوں کا مہیا کرنا اور کل دیگر انتظامات کرنا جناب دادا صاحب مرحوم کے حوالہ کیا گیا تھا۔

کیپٹن اسمتھ جو اس بیٹری کے کمانڈ میں تھے انہوں نے جناب دادا مرحوم کی تعریف کی ہے کہ وہ اپنے فرائض کو بحسن و خوبی انجام دیتے ہیں اور دیا بھی ہے۔ واضح رہے کہ ایک بٹالین کے گورے سپاہیوں کے لیے ان کے حسب منشا انتظام کرنا کوئی معمولی بات نہ تھی۔ اس کا تذکرہ کیپٹن اسمتھ نے اپنی سند مورخہ ۱۲ر فروری ۱۸۹۵ء میں کیا ہے۔ ایک دوسرا توپ خانہ ۱۲ر نومبر ۱۸۹۷ء میں کوئلور میں وارد ہوا جس کا نام سکستھ بیٹری آرٹلری تھا اس کے کمانڈنگ کرنل اے۔ ایم کزاؤگ آر۔ اےؔ نے دادا صاحب کی کارگزاریوں اور فرائض کی تکمیل کی بہت تعریف کی ہے۔

اس زمانے میں انگریزی فوجوں کی آمد و رفت اور ان کا کوئلور میں قیام ہندوستان کے دوسرے مقامات پر بھی ان کا ٹھہراؤ صرف اس مقصد سے ہوتا تھا کہ ہندوستانیوں کو اپنی طاقت و قوت سے مرعوب کریں اور دوسرا مقصد یہ بھی تھا کہ فوجیوں کو ہندوستان کی مختلف جگہوں اور راستوں سے آگاہ کر دیا جائے تاکہ بوقت جنگ انہیں کوئی دشواری نہ ہو۔ کوئلور کے بارے میں راقم کا خیال ہے کہ یہ ان دنوں فوجی مشق کا مرکز رہا ہوگا۔ وجہ یہ ہے کہ یہاں وسیع میدان تھا اور دریا کا کنارہ بھی جہاں عام لوگوں کی آمد و رفت بہت کم ہوتی تھی نیز دریائی راستوں سے آنے جانے میں کافی سہولت رہی ہوگی۔

بحیثیت افسر اور ان کا برتاؤ:

دادا جان نہایت ہی خلیق، مہمان نواز، انسان دوست بلا امتیاز مذہب و ملت اور قوم

Marfat.com

سب کے ساتھ یکساں خلوص سے ملتے جلتے اور حسب حیثیت سب کے ساتھ تعاون کرتے۔ افسر سول یا ملیٹری، زمیندار یا کاشت کار، عملہ یا چپراسی سب ان کی عزت کرتے اور ان سے محبت سے ملتے تھے۔

دادا مرحوم اکثر و بیشتر سنیئر ناظر کے علاوہ مالیات کے افسر بھی رہا کرتے تھے اس لیے حکومت نے ان کو آفیسر کا مرتبہ عطا کیا اور وہ برابر آفیسر کہلاتے رہے اور ان سے آفیسرانہ سلوک کیا جاتا رہا جیسا کہ مختلف اسناد سے ظاہر ہوتا ہے۔ ملازمت سے سبکدوشی کے دو سال قبل دادا مرحوم کو مستقل طور سے مالیات کا آفیسر مقرر کر دیا گیا تھا۔

طبیعت کی بے باکی:

دادا مرحوم کی یہ امتیازی صلاحیت اور خصوصیت تھی جس نے ہر کس و ناکس اور ہر خاص و عام کی نگاہ میں ان کو مقبول و پسندیدہ بنا دیا تھا۔ ہندو، مسلمان اور عیسائی سب ان کے ہمدرد اور ہم نوا تھے۔ باوجود اس ہمدردی اور ارتباط کے چاپلوسی کی گندگی سے ان کا دامن کبھی داغدار نہ ہو سکا۔ حکومت وقت کے وفادار ملازم ہوتے ہوئے اپنی بے باک طبیعت کی بنا پر انگریزوں سے مسلمانوں پر ان کے ظلم و ستم کا شکوہ کر دیا کرتے تھے۔ وہ ان سے کہتے تھے کہ آپ کی یہ مسلم دشمنی اور ہندو پروری آیندہ زمانوں میں ضرور رنگ لائے گی اور اس کا خمیازہ بھی انگریز ہی کو بھگتنا پڑے گا۔ راقم نے دادا جان مرحوم کی اس پیشین گوئی کو ۱۹۴۷ء میں عمل پذیر ہوتے ہوئے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ انگریز ۱۹۴۷ء میں ہندوستان کی عظیم الشان سلطنت کو چھوڑ کر اس عجلت میں بھاگے کہ: "نہ خرماند نہ پالانش"

پرورش:

دادا مرحوم کی پرورش و پرداخت مشرقی تہذیب و تمدن کے زیر سایہ ہوئی تھی۔ عام تصور ہوتا ہے کہ اس تہذیب و تمدن کے تربیت یافتہ قدامت پسندی کا شکار ہوتے ہیں لیکن میرے دادا مرحوم کو اس قدامت پسندی اور پرانے خیالات سے کوئی لگاؤ نہ تھا۔ وہ ایک ترقی پسند انسان تھے۔ علوم مشرقیہ کے علاوہ علوم جدیدہ کے نوشت و خواند کے زبردست حامی تھے۔ وہ خود بھی اس کے قائل تھے اور دوسروں کو بھی اس کی تلقین کرتے:

Marfat.com

سر سید احمد کی تحریک کی حمایت:

راقم نے خان بہادر ظہیر الدین اور والد صاحب کی زبانی سنا ہے کہ وہ سر سید احمد خاں کی تحریک کے بڑے حامی تھے اور ان کے کارناموں کو سراہتے تھے، یہی وجہ تھی کہ انہوں نے اپنے اکلوتے بیٹے جن کی جدائی انہیں گوارا نہ تھی مگر ان کی ترقی پسند ذہنیت نے مجبوراً اس فرقت وجدائی کو برداشت کیا اور انہیں تعلیم کے لیے علی گڑھ محمڈن اینگلو اورینٹل کالج بھیجا اور وہیں تعلیم مکمل کی۔ اس زمانے میں خود پٹنہ میں بھی علی گڑھ کے ہم پلہ کالج تھے اور ان کی تعلیم پٹنہ میں بھی ہو سکتی تھی مگر موصوف نے ان کے علی گڑھ جانے کو ترجیح دیا۔ کیونکہ وہاں مسلم معاشرہ تھا دوسرے سر سید کی تحریک کو تقویت بھی پہنچانا تھا۔

چالیس سالہ ملازمت اور دادا و دادی محترمہ کا انتقال:

دادا مرحوم چالیس سال سرکاری ملازمت نہایت خوش اسلوبی، دیانت داری اور احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دے کر ۱۸۔ اگست ۱۹۰۰ء سے کچھ دنوں پہلے خدمت سرکاری سے سبکدوش ہوئے جس کا ذکر مسٹر لیونج صاحب آئی سی ایس نے اپنے خط بنام مسٹر کمنگ آئی سی ایس میں کیا ہے جو ۱۸ راگست ۱۹۰۰ء کو لکھا گیا ہے۔

ملازمت سے سبکدوش ہونے کے بعد آپ کا مستقل قیام نیورہ ضلع پٹنہ میں ہوا۔ اپنے اوقات کو زیادہ تر عبادت وریاضت میں صرف کرتے اور قرآن وحدیث و تفسیر کا مطالعہ کرتے رہتے۔ اگر کسی کی موت کی خبر سنتے تو اس کے جنازے میں ضرور شریک ہوتے۔ بفضل خدا آنکھ کی بینائی آخر وقت تک قائم رہی اور عینک کبھی استعمال نہیں کی۔ باغبانی جوانی کا محبوب مشغلہ تھا وہ بھی آخر وقت تک جاری رہا۔

اگست ۱۹۰۵ء میں اپنے ایک رشتہ دار مرحوم فصیح احمد صاحب (والد مسٹر جسٹس خلیل احمد مرحوم) زمیندار سبل پور کے یہاں ملاقات کی غرض سے گئے۔ وہاں ایک ہفتہ قیام کیا اور یک بیک ہیضہ کے مرض میں مبتلا ہو کر ۶۷ سال کی عمر میں انتقال کیا اور سبل پور کے قبرستان میں آرام فرما ہیں۔

دادا جان کا ایک وفادار راجپوت ملازم جس کا نام جتی سنگھ تھا ان کے قضا کرنے کی بعد

Marfat.com

بھی اپنے گھر نہ گیا اور تاحیات میرے والد صاحب کے ساتھ رہا اور والد مرحوم بھی اس کی بڑی عزت کرتے تھے۔ اس نے راقم کو بھی اپنی گود میں کھلایا تھا۔ ایسے وفادار ملازم اب کہاں ملتے ہیں۔

والد مرحوم کو دادا جان کی موت کا انتہائی غم رہا۔ تاحیات ان کی جدائی کو فراموش نہ کر سکے کیونکہ موت سے ایک ہفتہ قبل ان کا دیدار کر سکے تھے اور موت کے وقت نہ تو ہم کلام ہونے کا موقع ملا اور نہ ان کا دیدار ہی نصیب ہوا۔ باوجود مسافت کم ہونے کے ان حضرات کو کیا کہا جائے کہ بعد تجہیز و تکفین والد مرحوم کو اس دردناک واقعہ کی اطلاع دی۔ کیا مصلحت تھی کچھ کہا نہیں جا سکتا ہے۔

دادا جان کی وفات کے بیس سال بعد دادی صاحبہ کا انتقال ۱۹۲۶ء میں حاجی پور میں ہوا جہاں ان دنوں والد مرحوم سب ڈیویزنل مجسٹریٹ تھے۔ قبر حاجی پور کی شاہی مسجد کے احاطے میں ہے۔

●●●

Marfat.com

چوتھا باب

مولوی محمد حسین

تعلیم، عادات واطوار، ملازمت اور قدامت پسندی:

منشی حیدر بخش کے دوسرے صاحبزادے کا نام محمد حسین تھا۔ ان کی تعلیم و تربیت مظفر پور میں ہوئی۔ یہیں انہوں نے عربی، فارسی، اردو اور ہندی پڑھی اور اس میں مہارت حاصل کی۔ یہ ایک نہایت ہی نیک مزاج اور ملنسار انسان تھے۔ اپنے دوستوں کی خوب خاطر مدارت کیا کرتے تھے۔ غریب وامیر سب سے یکساں طور سے ملتے تھے اور اپنے ضرورت مند ہمسایوں کو بھی وقتاً فوقتاً مالی مدد کیا کرتے۔ ان کے رہن سہن، بات چیت اور طور طریقے سب سے قدامت پسندی کی جھلک نظر آتی تھی۔ جدیدیت کے دلدادہ نہ تھے یہی سبب ہے کہ مکان جو تعمیر کرایا وہ بھی قدیم طرز کا تھا۔ موصوف کو انگریزی سرکاری نے ضلع مظفر پور کے شہر حاجی پور میں فوجداری کچہری کا ناظر مقرر کیا۔ دوران ملازمت اپنے فرائض کو نہایت ہی ایمانداری اور خوش اسلوبی سے انجام دیا اور اپنے آفیسران کو بھی خوش رکھا۔ ان کے کام سے متعلق کسی کو شکایت کا کبھی موقع نہ ملا۔ ملازمت کی پوری مدت شہر حاجی پور میں گزاری اور سبکدوشی کے بعد بھی تاحیات یہیں قیام پذیر رہے۔ نہایت منتظم آدمی تھے۔ دورانِ ملازمت کچھ پیسے جمع کر کے باغات اور زمینیں خریدیں اور ان کا شمار متوسط طبقے کے زمینداروں میں ہونے لگا۔

اولاد، فضل کریم کی فضول خرچی:

جہاں تک میری یادداشت ساتھ دے رہی ہے اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ محمد حسین

Marfat.com

صاحب مرحوم کی صرف ایک ہی اولاد نرینہ زندہ رہی جن کا نام فضل کریم تھا۔ فضل کریم کا مزاج زمیندارانہ تھا۔ خاندانی وقار کا بہت لحاظ رکھتے تھے اگرچہ خود کچھ صلاحیت نہ رکھتے تھے۔ دل ودماغ میں خاندانی عظمت کا خیال ایسا بیٹھ گیا تھا کہ اس کے پاس ولحاظ میں وراثت سے جو کچھ ملا تھا، فضول خرچی، تقریبات اور ظاہری نمایش کی نذر کردی۔ موصوف کی تین اولاد ہیں جن میں سب سے بڑے خلافت کریم ہیں اور ان سے چھوٹی دو بہنیں ہیں۔

خلافت کریم اور ان کی بہنیں:

مولوی فضل کریم کے بعد جو کچھ جائداد بچ گئی تھی اسے خلافت کریم صاحب نے فروخت کردیا۔ اپنی ماں اور بہنوں کے ساتھ لکھنؤ چلے گئے اور وہیں کے ہو رہے۔ اپنی دونوں بہنوں کی شادی بھی لکھنؤ ہی میں کی۔ اگرچہ عمر میں خود بڑے تھے مگر مصلحتاً پہلے اپنی شادی نہ کی۔ بہنوں کی شادی سے فراغت کے بعد اپنی شادی قدوائی خاندان میں، موضع بڑاگاؤں ضلع بارہ بنکی میں کی۔ یہ تینوں بھائی بہن صاحب اولاد ہیں اور لکھنؤ میں آباد ہیں۔ ماشاء اللہ تینوں بھائی بہنوں کی اولاد صالح، شریف مزاج اور پڑھنے لکھنے کے بھی بڑے شوقین ہیں۔ کچھ دنوں پہلے خلافت کریم صاحب کی ایک لڑکی نے لکھنؤ یونیورسٹی سے بی۔اے کا امتحان پاس کیا ہے۔ راقم سے خلافت کریم بہت محبت کرتے ہیں اور راقم بھی ان کی قدر کرتا ہے۔ صاحبِ موصوف بہت خوب آدمی ہیں، انتہائی منکسر مزاج اور نماز روزے کے پابند بھی۔ رشتہ داری کو قائم رکھنے کا برابر خیال کرتے ہیں یہی سبب ہے کہ جب بھی موقع ملتا ہے پٹنہ آکر راقم سے ملاقات کر جاتے ہیں۔ راقم کو جب کبھی لکھنؤ جانے کا اتفاق ہوتا ہے تو دورانِ قیام صاحب موصوف راقم سے کبھی جدا نہیں ہوتے۔ تیس سال سے زیادہ تک لکھنؤ میں اصغر علی محمد علی، تاجر عطر کے کارخانے میں نہایت ایمانداری اور جانفشانی سے کام کیا اور کارخانہ اصغر علی محمد علی سے الگ ہو جانے کے بعد ابھی تک اپنے مختلف قسم کے تجارتی کاموں میں مشغول رہتے ہیں۔

فضل کریم کی اہلیہ کا انتقال:

عرصہ ہوا کہ خلافت کریم کی والدہ کا انتقال ہو گیا ہے اور لکھنؤ میں مدفون ہیں۔

Marfat.com

مرحومہ سے راقم کی ملاقات تھی۔ سنجیدہ اور بہت نیک مزاج تھیں۔ اس کے علاوہ بہت سی خوبیوں سے متصف تھیں۔ راقم نے انہیں ہر کام میں نہایت محنتی اور جفاکش پایا اور ان کے ہاتھ کا پکا ہوا کھانا مظفرپور میں الحاج فضل رب صاحب کے یہاں کھانے کا بارہا اتفاق ہوا جو نہایت لذیذ ہوا کرتا تھا۔ انہوں نے اولاد کی پرورش و پرداخت و تربیت نہایت دلسوزی اور ایمانداری سے کی۔ اللہ غریق رحمت کرے۔

●●●

Marfat.com

پانچواں باب

الحاج مولوی امیر حسین

صورت و سیرت:

منشی حیدر بخش کے تیسرے لڑکے امیر حسین تھے۔ صاحبِ موصوف میانہ قد، گندمی رنگ، ذہین، محنتی، خوش مزاج اور نہایت خود دار انسان تھے۔ فارسی اور اردو خوب جانتے اور تھوڑی بہت انگریزی بھی پڑھ لیتے تھے۔ نماز کے پابند تھے اور اکثر راتوں کو جاگ کر عبادت کیا کرتے تھے۔ قدامت پسندی سے ان کا دور کا بھی لگاؤ نہ تھا۔ ابتدا میں چھپرہ کی فوجداری کچہری میں ناظر مقرر کیے گئے۔ ملازمت کے دوران اپنی خدمات کو نہایت ایمانداری اور احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں جس کی وجہ سے انگریز اور دیگر افسران بہت خوش رہتے تھے۔ پنشن پانے تک اسی عہدے پر چھپرہ ہی میں فائز رہے۔

پولو کے گھوڑوں کی تجارت:

موصوف فطرتاً فیاض و سخی واقع ہوئے تھے اور مزاج بھی زمیندرانہ رکھتے تھے اس لیے سرکاری ملازمت سے جو آمدنی ہوتی تھی وہ ان کے اخراجات کے لیے ناکافی تھی۔ انہیں اپنے اخراجات کی کمی کو پورا کرنے کی فکر لاحق ہوئی تو دل میں تجارت کا خیال پیدا ہوا۔ ضلع کلکٹر سے مل کر اپنی پریشانیوں کا ذکر کیا اور تجارت کرنے کی اجازت چاہی۔ کلکٹر نے جواباً کہا کہ قواعد و ضوابط کے مطابق تو سرکاری ملازم کو تجارت کرنے کی اجازت نہیں مل سکتی، ہاں اگر تم پولو کے گھوڑوں کی تجارت کرنا چاہو تو حکومت سے تمہیں اس کی اجازت مل سکتی ہے کیونکہ اس وقت ہمارے انگریز نوجوانوں کو پولو کے گھوڑوں کی کمی ہے اور اس کے خریدنے

Marfat.com

میں انہیں دقت پیش آتی ہے۔ لہٰذا تم اگر اس کی تجارت کرو تو تمہاری پریشانی دور ہو اور ہمارے انگریز نوجوانوں کو دقت کا سامنا بھی نہ کرنا پڑے۔ کلکٹر کی سفارش پر حکومت بنگال نے صاحب موصوف کو پولو کے گھوڑوں کی تجارت کی اجازت دے دی۔ اجازت پانے کے بعد اپنی کچھ زمین فروخت کر کے گھوڑوں کی تجارت شروع کی۔ سب سے پہلے کلکتہ کے ایک ایسے آدمی کو جو گھوڑوں کو تربیت دینے میں ماہر تھا ملازم رکھا۔ گھوڑوں کے مختلف میلوں میں اس ماہر کو بھیجا اور کچھ اچھے گھوڑوں کی خرید کرائی۔ قریب ایک سال کی تربیت کے بعد گھوڑے پولو میں استعمال کے لائق ہوتے تھے اور اچھے داموں میں فروخت ہوتے تھے۔ اس تجارت میں موصوف بہت کامیاب رہے۔ ان کے تربیت کردہ گھوڑوں کی بڑی مانگ رہتی اور خاص کر انگریز افسران ان گھوڑوں کے بڑے دلدادہ ہوتے تھے۔ مسٹر جسٹس میکفرسن نے جو پٹنہ ہائی کورٹ کے جج تھے، پچاس سال قبل راقم کو بتایا کہ انہوں نے اپنی جوانی میں پولو کھیلنے والا ایک گھوڑا موصوف سے خریدا تھا۔ اس گھوڑے کی بہت تعریف کی اور یہ بھی کہا کہ وہ گھوڑا ان کے ساتھ تین سال تک رہا اور اس گھوڑے کی بدولت پولو کے مقابلوں میں وہ اکثر کامیاب ہوا کرتے تھے۔ جج صاحب نے امیر حسین صاحب مرحوم کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ میں نے گھوڑے کی خرید کے وقت صرف آدھی قیمت ہی ادا کی تھی، اس کو انہوں نے نہایت خنداں پیشانی سے قبول کر لیا اور باقی قیمت میں نے چھ مہینے کے بعد ادا کی، گھوڑوں کی شناخت میں امیر حسین صاحب بڑے ماہر تھے۔

مسلمان لڑکیوں کی تعلیم کے لیے جدوجہد:

ان کے دور میں مسلمان گھروں میں علم کا چرچا طبقۂ نسواں میں نام و نہاد کا رہ گیا تھا۔ اس زمانہ میں پردہ کا رواج بہت سخت تھا۔ جن لڑکیوں کو پڑھنے کا شوق ہوتا وہ اپنے باپ اور بھائیوں سے کچھ پڑھنا لکھنا سیکھ لیتی تھیں ورنہ شریف گھرانوں میں بھی لڑکیاں زیادہ تر ناخواندہ رہ جاتی تھیں۔ مسلمان لڑکیوں میں علم کی اس کمی سے صاحب موصوف متردد رہتے اور ان کی درس و تدریس کے لیے ہمیشہ کوشاں رہتے تھے۔ کسی بڑے آدمی کے اصرار پر سررشتہ تعلیم کی طرف سے ایک استانی دس روپے ماہانہ تنخواہ پر مقرر کی گئی تھی جو مسلمان

Marfat.com

گھروں میں ڈولی پر سوار ہو کر جاتی اور لڑکیوں کو پڑھنا لکھنا سکھاتی۔ ایک استانی پورے شہر کے لیے بالکل ناکافی تھی۔ موصوف نے کلکٹر سے اس کی شکایت کی اور مزید تین استانیوں کی تقرری کرائی۔ یہ استانیاں خود بھی کچھ زیادہ پڑھی لکھی نہ ہوتی تھیں مگر لڑکیوں کو کچھ نہ کچھ لکھنا پڑھنا سکھا ہی دیتی تھیں۔

مسلمان لڑکوں کو انگریزی تعلیم کی تشویق:

اپنے مسلمان دوستوں سے کہا کرتے تھے کہ دور جدید نہایت تیزی سے آ رہا ہے۔ انگریزی پڑھنا کفر نہیں بلکہ نہایت ضروری ہے۔ آج بھی ہندو انگریزی تعلیم کی بدولت ترقی کے ہر میدان میں مسلمانوں سے بہت آگے بڑھ گئے ہیں اور اگر مسلمان بیدار نہیں ہوئے اور انگریزی و جدید علوم کی طرف جلد رجوع نہ ہوئے تو بہت پیچھے رہ جائیں گے۔ انگریزی علوم وفنون کی طرف سے مسلمانوں کی بے اعتنائی کا انجام ان کے حق میں نہایت مہلک ثابت ہوگا۔ مسلمانوں کو چاہئے کہ اپنے تمام دقیانوسی خیالات اپنے دماغوں سے نکال پھینکیں اور انگریزی و جدید علوم کی طرف خاص توجہ دیں۔ ساتھ ہی ساتھ اپنے مذہبی وتہذیبی اقدار اور دینی تعلیم کو بھی فراموش نہ کریں۔ ان کی ان باتوں کا اچھا اثر مسلمانوں پر پڑا۔ ان کے کہنے سننے سے چھپرہ کے اکثر مسلمانوں نے اپنے لڑکوں کو انگریزی اسکولوں میں بھیج کر جدید تعلیم دلوانی شروع کی۔ انگریزی تعلیم حاصل کرنے والے ان بچوں میں سے اکثر نے اپنی زندگی میں کامیابی حاصل کی۔

اچانک موت:

غالباً ۱۹۰۸ء کی بات ہے کہ ان کی طبیعت ناساز ہوئی۔ بیماری کوئی شدید یا خطرناک نہ تھی، مگر موت کو کیا کہیے کہ کوئی نہ کوئی بہانہ ڈھونڈ ہی لیتی ہے۔ موصوف جہاں بستر پر بحالت مرض آرام کر رہے تھے وہاں سے دو چار قدم کی دوری پر دوائیں میز پر رکھی ہوئی تھیں۔ بدقسمتی سے اسی میز پر گھوڑوں کے زخم کی دوائیں بھی رکھی تھیں، دو گھڑی رات گزر چکی تھی کہ دوا کے لیے نواسی کو پکارا۔ معصوم نواسی دس گیارہ سال کی تھی اسے دواؤں کے بارے میں کیا علم تھا دیکھا دواؤں کی شیشیاں ہیں، ان میں سے دوا ڈھالی اور اپنے نانا جان کو دے دی۔ جونہی دوا حلق میں اتری چلا اٹھے کہ کون سی دوا دے دی، یہ تو گھوڑوں کے زخم کی دوا ہے۔ دوا زہر

Marfat.com

آلود تھی، بے چینی کی حالت میں حلق سے باہر اگلنے کی کوشش کی مگر بے سود رہی۔ تھوری دیر بعد ہی زہر اپنا کام کر گیا اور وہ قضا کر گئے۔ ان کی موت سے سب کو رنج پہنچا۔

ملازمت سے سبکدوشی کے بعد چھپرہ میں جدید طرز کا ایک بنگلہ تعمیر کرایا جو ان کی وفات کے بعد بھی بہت دنوں تک قائم رہا۔ ۱۹۲۶ء کے سیلاب سے اس بنگلے کو بہت نقصان پہنچا۔ مکان کا اکثر حصہ منہدم ہو گیا۔ صاحب موصوف کے ایک رشتہ دار جو واحد حق دار تھے، نے اس پرانے بنگلے اور اس کے احاطے کو چند سال بعد فروخت کر دیا۔ اس طرح ان کی آخری یادگار کا بھی خاتمہ ہو گیا۔ ۱۹۱۲ء میں راقم اپنے والد مرحوم کے ساتھ چھپرہ گیا تھا اور اسی بنگلے میں دو روز قیام کیا تھا۔ اس وقت صاحبِ موصوف باحیات نہ تھے مگر ان کی بیٹی اور نواسی بنگلے میں زندگی گزار رہی تھیں۔ کبھی کبھی اسی بنگلے میں چھپرہ کے چند قومی ہمدردی رکھنے والے متوسط طبقے کے لوگ یکجا ہوتے اور مسلمانوں کی فلاح و بہبود کے متعلق تدبیریں سوچا کرتے تھے۔

ہر شخص ان کی خوش خلقی و سادگی کی وجہ سے گرویدہ تھا اور ان کا احترام کرتا تھا۔ جہاں تک راقم کو علم ہے اب ان کی کوئی اولاد باقی نہیں۔ ان کی موت سے شہر ایک مخلص، سچے ہمدرد اور ایک اچھے سماجی کارکن سے خالی ہو گیا۔

سفر حج اور فارسی قصیدہ:

مولوی فضل رب صاحب مرحوم نے ۱۸۹۳ء میں حج کیا اور واپسی پر ایک سفر نامہ بنام "قبلہ نما" تصنیف کیا جو صادق پور پریس پٹنہ سے ۱۸۹۶ء میں چھپا۔ یہ سفر نامہ بہت تفصیلی ہے اور اس سے پتہ چلتا ہے کہ امیر حسین صاحب نے ۱۸۹۳ء سے قبل حج کیا تھا، اس سفر نامے سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ امیر حسین صاحب کو شعر و شاعری کا شوق تھا۔ فضل رب صاحب مرحوم نے اپنی مذکورہ کتاب کے صفحہ ۹۲ اور ۹۳ پر موصوف کا ایک فارسی قصیدہ جو غالباً مکہ مکرمہ میں لکھا گیا تھا نقل کیا ہے جس کے چند اشعار حسب ذیل ہیں:

گاہ درّ صدف معدن مرج البحرین
شکل حسنین درخشاں بہ فضائے عالم

Marfat.com

گاہ در ذات شہاں مظہر عدل وانصاف
گاہ یمِ کرم حاتمی از خلق اتم
ایں ھمہ علم وادب عقل وخرد دانش وہوش
ھمہ در خدمت او بستہ کمر عجز بہم
گرچہ ممدوح زہر مدح وثنا مستغنی است
فرضم انیست کہ آغاز بنامش کردم

زیارت مدینہ منورہ اور اردو کا قصیدہ:

"قبلہ نما" کے مصنف نے صفحہ ۲۷۸ و ۲۷۹ پر امیر حسین صاحب کا ایک اردو قصیدہ بھی نقل کیا ہے جس میں درِ رسولؐ پر حاضری کی سعادت حاصل کرنے پر حاجیوں کو مبارک باد دی گئی ہے۔اس کے چند اشعار ناظرین کے پیش خدمت ہیں:

ہزاروں حمد ذاتِ کبریا کو
قبول اس نے کیا میری دعا کو
زہے قسمت ہوئے حاضر یہاں ھم
مبارک باد ہو بختِ رسا کو
دل ناشاد کو مژدہ مبارک
مبارک نور ہو چشمانِ دا کو
تمنا دل کی بر آنا مبارک
تشفی ہوگئی خوف و رجا کو
در والا ہے مخزن رحمت عام
مبارک باد ہو رنج وعنا کو
گنہگاروں کو آمرزش مبارک
مبارک عفو ہو جرم وخطا کو

●●●

Marfat.com

چھٹا باب

خان بہادر حشمت حسین

شکل وصورت، عادات اور عقیدہ:

راقم کے چھوٹے دادا خان بہادر حشمت حسین مرحوم منشی حیدر بخش مرحوم کے چوتھے صاحبزادے تھے۔ صاحبِ موصوف تنومند اور میانہ قد کے تھے۔ رنگ گندمی، چہرہ گول اور پیشانی چوڑی انہیں خاندانی وراثت میں ملی تھی۔ چہرہ پر گھنی داڑھی اور مونچھیں ان کی وجاہت میں اضافہ کرتی تھیں۔ ان کی ایک تصویر راقم کے پاس موجود ہے۔ ان کے زمانے میں اچکن وغیرہ کا رواج بہت کم ہو گیا تھا۔ صرف سن رسیدہ لوگ ہی اس کا استعمال کرتے تھے۔ نوجوان اچکن کے بدلے زیادہ تر شیروانی پہنتے تھے۔ چھوٹے دادا مرحوم بھی اسی طرح کے لباس کے شائق تھے۔ عام طور سے شیروانی اور چوڑی مہری کا پائجامہ اور ترکی ٹوپی پہنتے تھے مگر جاڑے کے دنوں میں شیروانی کے ساتھ گرم پتلون بھی زیب تن کرتے تھے۔

خدا نے انہیں بہت سی خوبیوں سے نوازا تھا۔ مذہبی ذہنیت، خداترسی اور پاکیزگی جو ایمان کی دلیل ہے، ان کا طرۂ امتیاز تھا۔ علی الصباح اٹھ جایا کرتے اور بعد نماز فجر کلام اللہ کی دعائیں اور سورۂ رحمٰن بہ آواز بلند روزانہ پڑھا کرتے اور کبھی معمول یں فرق نہ آنے دیتے۔ اپنی پاکیزگی اور صفائی کا بہت خیال رکھتے۔ صابن کا کبھی استعمال نہ کیا۔ ہمیشہ بیسن سے ہاتھ منھ دھوتے کیونکہ ان کی نگاہ میں صابن کبھی آلودگی سے پاک نہ ہوتا تھا اور اس لیے بھی کہ یہ مختلف جانوروں کی چربی سے تیار کیا جاتا ہے۔ بیسن کی ترجیح کی توجیہ یہ کرتے تھے کہ اس میں انسانی تصرف کی کم گنجایش ہے، یہ اپنی فطرت سے بہت قریب ہے اور جس میں جتنا کم تصرف کیا گیا ہو وہ چیز اتنی ہی لطیف ہوگی۔ پاکیزگی کا اس درجہ خیال رکھتے تھے کہ دھوبی کا

Marfat.com

دھلا ہوا کپڑا بغیر غوطہ دیئے نہ پہنتے علاوہ ازیں بشکل اوّل کراہیت بھی محسوس کرتے تھے۔
حنفی المذہب تھے مگر اپنے والد مرحوم کی طرح اہل بیت سے محبت رکھتے تھے۔ اٹھتے بیٹھتے "یا علی، یا علی" پکارا کرتے تھے۔ سید محمد ابراہیم مرحوم رئیس موضع کم تولیہ ضلع مظفر پور نے ان سے پوچھا کہ آپ "یا اللہ" نہ پکار کے "یا علی" کیوں پکارا کرتے ہیں؟ مرحوم نے ہنس کر کہا کہ "بغیر علیؑ اللہ نہیں ملتا۔" کچہری میں کثرت مشاغل کی وجہ سے ظہر اور عصر کی نماز اجتماع کر کے پڑھا کرتے تھے۔ شیعہ سنّی اختلافات سے انہیں کچھ سروکار نہ تھا۔ وہ ارتباط کے ذریعہ متنازعہ مسائل کو اعتدال پر لانے کے قائل تھے کیونکہ اختلافات سے دنیائے اسلام کو سخت نقصان پہنچا ہے۔ یہی وجہ تھی کہ انہوں نے اپنے بڑے لڑکے مسٹر ریاست حسین مرحوم بیرسٹر کی شادی شہر چھپرہ کے ایک شیعہ خاندان میں سید صالح حسین صاحب کی بہن سے کی جو کانگریس کے نامی کارکنوں میں سے تھے۔

تعلیم و تربیت، سرکاری ملازمت، تقرری ضلع مجسٹریٹ و کلکٹری:

خان بہادر حشمت حسین صاحب ابھی کم سن ہی تھے کہ ان کے والد کا انتقال ہو گیا۔ باپ کے انتقال کے بعد امجد حسین صاحب مرحوم بھائیوں میں سب سے بڑے تھے اس لیے خاندان کی تمام ذمہ داریاں ان کے سر آگئیں۔ حشمت حسین صاحب مرحوم کی تعلیم و تربیت انہیں کے زیر سایہ ہوئی۔ موصوف سے پہلے خاندان کے ہر فرد نے علوم شرقیہ کی تعلیم حاصل کی تھی۔ مگر امجد حسین صاحب مرحوم نے اپنے سب سے چھوٹے بھائی پر بقدر ضرورت و تقاضائے وقت اردو اور فارسی کی تعلیم کے بعد انگریزی و جدید علوم کی تعلیم کے لیے خصوصی توجہ دی جس کے نتیجے میں حشمت حسین صاحب خان بہادر کلکتہ یونیورسٹی سے انٹرنس کے امتحان میں درجہ اوّل سے کامیاب ہوئے جو اس دور میں بڑی بات تھی اس زمانے میں لفٹنٹ گورنر بنگال راقم کے دادا جان کے قدر دانوں میں سے تھا ان کا بڑا خیال کرتا تھا۔ دادا جان بھی انہیں بہت عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ یہ ارتباط حشمت حسین صاحب مرحوم کے لیے بہت کار آمد ثابت ہوا۔ دادا جان مرحوم نے گورنر موصوف سے کلکتہ جا کر سفارش کی کہ میرے چھوٹے بھائی کو سب ڈپٹی کلکٹر مقرر کر دیا جائے۔ گورنر نے

Marfat.com

تقرری کا حکم صادر کردیا اور اس خدمت پر مامور ہوگئے۔ اپنی محنت اور دیانت داری سے تھوڑے ہی عرصہ میں ڈپٹی کلکٹر ہوگئے۔ بہار کے مختلف اضلاع میں خدمت انجام دی اور اتنی ترقی کی کہ پنشن پانے سے چند سال قبل حکومت ہند نے انہیں ضلع مجسٹریٹ اور کلکٹر کے عہدہ پر فائز کیا۔ ان دنوں ایک ہندوستانی کا اس عہدہ پر فائز ہونا جوئے شیر لانا تھا۔ موصوف نے تین سال تک ضلع سارن اور دربھنگہ میں کلکٹر و ضلع مجسٹریٹ کی خدمات انجام دیں۔

خان بہادری کا خطاب، پنشن اور موت:

ان کی کارگزاریوں کے اعتراف و اعزاز میں حکومت ہند نے انہیں "خان بہادر" کے خطاب سے نوازا۔ ۱۹۱۴ء کے اواخر میں پنشن لے کر سوچا کہ اب سکون و آرام کی زندگی گزاریں۔ مگر حکومت بہار کے اصرار پر مہاراجہ ہتھوا کے یہاں منیجری کی خدمت پر مقرر ہوئے۔ دوران ملازمت جب کہ وہ گوپال گنج ضلع سارن کے دورے پر تھے، ۱۹۱۷ء کی گرمیوں میں وہیں انتقال کیا اور گوپال گنج ہی میں مدفون ہوئے۔

احباب کا حلقہ:

چھوٹے دادا مرحوم کے احباب کا حلقہ بہت محدود تھا۔ لوگوں سے زیادہ میل جول کو اچھا نہ سمجھتے تھے مگر مخصوص احباب کے حلقے میں بڑے بے تکلف رہتے اور دل کھول کر خوب باتیں کیا کرتے تھے، جہاں تک راقم کو یاد ہے خان بہادر نواب سرفراز حسین خان، مسٹر جسٹس سید شرف الدین، جج ہائی کورٹ، سر سید علی امام اور ان کے چھوٹے بھائی مسٹر سید حسن امام اور ڈاکٹر سچیدانند سنہا بیرسٹر ان کے خاص دوستوں میں تھے اور خان بہادر سے بڑی محبت کرتے تھے۔

چھوٹے دادا کی پہلی شادی نیورہ میں سر علی امام صاحب مرحوم کے رشتہ کی بہن سے ہوئی تھی اس لیے ان دونوں حضرات میں ہنسی مذاق خوب ہوتا، تفریح طبع کے لیے رشتہ کی بنیاد پر دونوں آپس میں خوب گالی گلوج کرتے، اس ہنسی مذاق میں ڈاکٹر سچیدانند سنہا بھی برابر کے شریک رہتے کیونکہ یہ خود کو سر علی امام کا بھائی کہتے تھے۔ چھوٹے دادا تو ان سے سر علی امام سے بھی زیادہ مذاق کرتے اور انہیں خوب گالیاں دیتے۔ باوجود اختلاف مذہب ان میں

Marfat.com

کسی قسم کی تلخی نہ آئی بلکہ آپس میں مثل شیر وشکر رہتے۔ یہ گالی گلوج اور مذاق آپسی رشتہ، میل ملاپ، خلوص اور دوستی کو استوار تر کرتا تھا۔ کیا زمانہ تھا اور کیسے مخلص لوگ تھے! افسوس وہ سب چیزیں اب مذہبی اختلافات اور سیاست کی شکار ہو گئی ہیں۔

بے موقع نہ ہوگا کہ ایک مذاق کا تذکرہ جسے راقم نے سنہا صاحب سے بار بار سنا اور جو قدرے خطرناک بھی تھا، کر دیا جائے تاکہ تعلقات کی استواری اور خلوص نیت پر مزید روشنی پڑ سکے۔ ایک دن شام کو ہنسی مذاق کی مجلس گرم تھی۔ سر علی امام مرحوم، مسٹر سچیدانند مرحوم اور چھوٹے دادا مرحوم تینوں ایک دوسرے سے خوب ہنسی مذاق کر رہے تھے۔ چھوٹے دادا مرحوم کسی ضرورت سے اپنی کرسی سے اٹھے۔ سر علی امام کو موقع ہاتھ آگیا۔ سر علی امام کے اشارے پر مسٹر سچیدانند سنہا نے خاموشی سے کرسی کھینچ لی۔ چھوٹے دادا مرحوم جسم کے بھاری بھر کم انسان تھے۔ جب اپنی نشست پر بیٹھنے لگے تو کرسی اپنی جگہ سے کھسکائی جا چکی تھی وہ اپنے کو سنبھال نہ سکے اور زمین پر گر پڑے۔ اٹھ کر مسٹر سچیدانند کو خوب گالیاں دینا شروع کیا۔ سر علی امام اور سنہا صاحب نے بھی جواب میں گالیاں دیں اور پھر خوش گپیاں شروع ہوگئیں۔

پہلی شادی اور داماد بشیر حسین:

چھوٹے دادا مرحوم کی پہلی شادی جو ڈاکٹر اظہار الدین صاحب ساکن نیورہ ضلع پٹنہ کی سگی بہن سے ہوئی تھی، ان کے بطن سے دو اولاد ہوئی ایک لڑکی اور ایک لڑکا۔ لڑکی بڑی تھی جن کی شادی بشیر حسین صاحب سے ہوئی۔ بشیر حسین صاحب مرحوم خوش رو، دولت مند، خوش اخلاق اور ملنسار آدمی تھے۔ انگریزی یا ہندوستانی جو بھی لباس پہنتے خوب بھلا معلوم ہوتا۔ مظفر پور کا نہایت مشہور انگریزی خیاط "وربی اینڈ کمپنی" جس کی دکان کو ختم ہوئے تقریباً ساٹھ برس ہوئے بہت زیادہ اجرت پر کپڑے سیتا تھا، اسی کے یہاں برابر اپنے کپڑے سلوایا کرتے تھے، راقم ان سے بڑا مانوس تھا اور وہ راقم کو کیک اور مٹھائیوں سے خوش رکھا کرتے تھے۔

بشیر حسین صاحب کو کوئی اولاد نہ ہوئی۔ بڑے وفا شعار تھے اہلیہ کے انتقال کے بعد پھر

Marfat.com

شادی نہ کی۔ باپ کے اکلوتے بیٹے تھے، زمیندارانہ زندگی گزارتے تھے۔ مظفر پور اور لکھنؤ میں رہ کر تمام جائداد شریک حیات کی جدائی کے غم کو غلط کرنے کے ذرائع کی تلاش میں ختم کردی اور عین جوانی میں تپ دق کا شکار ہو کر قضا کر گئے۔

پہلی بیوی سے اولاد ریاست حسین:

خان بہادر حشمت حسین کی دوسری اولاد مسٹر ریاست حسین تھے جنہوں نے آکسفورڈ یونیورسٹی سے بی۔اے اور لندن میں میڈل ٹمپل سے بیرسٹری کا امتحان پاس کیا تھا۔ پٹنہ ہائی کورٹ میں بیرسٹری کرتے تھے۔ ۴۴ سال کی عمر میں ۱۹۳۱ء میں قضا کیا۔ ایک لڑکی اور لڑکا چھوڑا اور اب دونوں کا بھی انتقال ہو چکا ہے۔

خان بہادر حشمت حسین مرحوم صاحب جائداد تھے۔ اکز بیشن روڈ پٹنہ میں دو بہت اچھے مکانات تھے اور کچھ زمینداری علاول پور ضلع پٹنہ میں تھی۔ ان کی وفات کے بہت دنوں بعد ان کے بیٹے فضل حسین مرحوم اور ان کی دو بہنوں نے کل جائداد فروخت کر کے لکھنؤ میں مستقل طور سے سکونت اختیار کر لی اور پٹنہ سے اپنا رابطہ بالکل ختم کر دیا۔

چھوٹے دادا خان بہادر حشمت حسین صاحب مرحوم راقم کے والد مرحوم اور راقم سے بہت محبت کرتے تھے۔ جب بھی ان کے یہاں ہم لوگوں کے قیام کا اتفاق ہوتا تو بڑی خاطر اور تواضع سے پیش آتے۔ اپنے بڑے بھائی مولوی امجد حسین صاحب مرحوم کے احسانات کا ذکر بہت ممنونیت کے ساتھ کرتے۔ کہتے کہ جو عزت اور قدر و منزلت مجھے ملی ہے وہ میرے بھائی ہی کی بدولت ہے، اگرچہ میں نے دنیا میں بہت کچھ حاصل کیا مگر جو عزت و شہرت اور دینداری انہیں نصیب ہوئی اس کا عشر عشیر بھی میرے حصے میں نہ آیا۔ جب بھائی کو یاد کرتے تو آنکھوں سے آنسو نکل جاتے۔ ہر سال دسہرے کی چھٹیوں میں دادی صاحبہ مرحومہ سے ملنے کے لیے ہم لوگوں کے یہاں مع بال بچوں کے نیورہ تشریف لاتے تھے اور پوری چھٹی یہیں گزارتے تھے۔ ان کا یہ سلسلہ تاحیات جاری رہا۔ دوران قیام ان کے دوست خان بہادر نواب سر فراز حسین خاں اپنی گلابی رنگ کی 'فورڈ' موٹر کار پر نیورہ آتے تھے۔ ہر سال چھٹیوں میں چھوٹے دادا کی آمد اور قیام، ان کی اخلاق مندی، خلوص و ربط اپنے

Marfat.com

بڑے بھائی سے بے انتہا محبت کی دلیل تھی۔ ہم لوگ کو ان کی سالانہ آمد کا شدید انتظار رہتا تھا۔ جب وہ تشریف لاتے تو ہم سب لوگوں کی مسرت کی انتہا نہ ہوتی۔ واپسی کے وقت والد مرحوم ان کو پہنچانے کے لیے پٹنہ جاتے تھے۔

دوسری شادی اور اولاد:

چھوٹے دادا مرحوم کی اپنی پہلی بیوی کے انتقال کے بعد دوسری شادی مولوی لطیف عالم مرحوم ڈپٹی کلکٹر ساکن آرہ ومحلہ سبزی باغ پٹنہ کی بھانجی سے ہوئی تھی جن کے بطن سے ایک لڑکا سید فضل حسین اور دو لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ سید فضل حسین مرحوم کی شادی اصطفیٰ خاں صاحب مرحوم، مالک کارخانہ اصغر علی محمد علی لکھنؤ کی بڑی بیٹی سے ہوئی۔

ولی الدین خدا بخش، داماد:

بڑی بیٹی کی شادی خان بہادر خدا بخش خاں سی۔ آئی۔ ای بانی خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ کے چھوٹے بیٹے جناب ولی الدین خدا بخش مرحوم وکیل سے ہوئی۔ ولی الدین خدا بخش لاولد مرے اور ان کی اہلیہ بھی آج سے تین سال قبل انتقال کر گئیں۔ افسوس ہے کہ خان بہادر خدا بخش خاں کی اب کوئی اولاد باقی نہیں رہی۔ چھوٹی بیٹی کی شادی اعظم علی خاں صاحب مرحوم تاجر عطر لکھنؤ سے ہوئی۔ انہوں نے کئی بار حج کیا۔ تقریباً پچاس سال کی عمر میں حج کرنے گئے۔ جب مدینہ منورہ میں زیارت کے لیے حاضر ہوئے تو حرکتِ قلب بند ہو جانے سے ۱۹۶۴ء میں وہیں انتقال کیا اور جنت البقیع میں دفن ہونے کی سعادت حاصل کی۔ اعظم علی خاں صاحب کی سب اولاد اللہ کے فضل سے عروج پر ہیں اور لکھنؤ کے مختلف محلوں میں آباد ہیں۔

خان بہادر حشمت حسین انگریزوں کی نگاہ میں:

خان بہادر حشمت حسین نہایت محنتی اور ایماندار افسر تھے۔ انگریز افسران ان کا بڑا احترام کرتے تھے۔ بحیثیت مجسٹریٹ ان کے رعب ودبدبے کی سارے بہار میں بڑی شہرت تھی۔ اصول کے بہت پابند تھے۔ کسی آدمی کی خاطر اپنے اصولوں کی خلاف ورزی کو پسند نہیں

Marfat.com

کرتے تھے۔ اپنے فرائض منصبی کو بحسن وخوبی انجام دیا اور کبھی کسی کو شکایت کا موقع نہ ملا۔ گھریلو زندگی میں بھی اپنے بال بچوں سے بڑی محبت کرتے تھے خصوصاً مسٹر ریاست حسین سے۔ پنشن پانے کے بعد خان بہادر حشمت حسین مرحوم اپنے مکان "حشمت منزل" واقع اکزبیشن روڈ پٹنہ میں رہتے تھے۔ اس زمانے میں ان کے بڑے لڑکے مسٹر ریاست حسین مرحوم بیرسٹر اپنے اس بنگلے میں رہتے تھے جس میں آج بی این کالج کا تین منزلہ ہوسٹل ہے۔ خان بہادر کا معمول تھا کہ ہر روز شام کے وقت اپنی گاڑی پر سوار ہو کر اپنے بیٹے سے ملنے جایا کرتے تھے، اور ایک دو گھنٹہ وہاں قیام کرتے تھے۔ اپنے بڑے بیٹے سے ملاقات کے بغیر انہیں اطمینان نہیں ہوتا تھا۔ کبھی کبھی راقم کو بھی بڑی شفقت سے اپنے ساتھ گاڑی میں بیٹھا کر وہاں لے جاتے۔ ان کے اس معمول میں کبھی فرق نہ آتا تھا۔ مسٹر ریاست حسین مرحوم بڑے فیاض آدمی تھے اور دولت کی کبھی لالچ نہ کی۔ ان کے اندر ایثار و قربانی کا جذبہ بھی بدرجہ اتم موجود تھا۔ یہی وجہ تھی کہ اپنے سوتیلے بھائی بہنوں کا خیال کر کے اپنے والد کی جائداد میں سے ایک پیسے کا بھی حصہ نہ لیا۔

چھوٹے دادا مرحوم راقم سے اپنے والد بزرگوار اور نام ور رشتہ داروں کے حالات اور واقعات بیان کرتے اور کہا کرتے تھے کہ لڑکوں کو چاہیے کہ اپنے بزرگوں کے حالات اور کارناموں سے واقفیت رکھیں کہ یہ ان کے لیے بڑا مفید اور سود مند ہوتا ہے۔ اپنے خاندان کے بزرگوں کے حالات جاننے سے دل میں ان کا احترام پیدا ہوتا ہے اور ان کے کارناموں کی واقفیت سے لاشعوری طور پر ان کارناموں کو کرنے اور ان کے کردار کو اپنانے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ آج کل کے بہت سے نوجوان اپنے دادا کے نام سے بھی واقفیت نہیں رکھتے۔ میرے چھوٹے دادا حشمت حسین صاحب مرحوم کو شہر مظفرپور سے والہانہ محبت تھی۔ وہ کہا کرتے تھے کہ یہ میرے باپ کا شہر ہے۔ جہاں میرے باپ نے عزت وشہرت حاصل کی اور اپنی ساری زندگی بسر کی، اس لیے مجھے یہ شہر بے حد محبوب ہے، یہی وجہ تھی کہ انہوں نے پکی سرائے میں ایک اچھا پختہ مکان تعمیر کرایا۔ پنشن پانے سے تقریباً پانچ سال قبل اکزبیشن روڈ میں دو مکان تعمیر کرایا۔ مکان کی تعمیر میں جب پیسے کی کمی ہوئی تو نہایت افسوس کے ساتھ مظفرپور کا اپنا مکان ایک وکیل کے ہاتھ فروخت کر دیا اور

Marfat.com

[illegible]

آخرہ کی درویشانہ زندگی

[illegible]

فضل حسین

[illegible]

[illegible]

[illegible]

Marfat.com

گھوڑے نے ایک آدھ بار ریس کی بازی جیتا بھی مگر زیادہ تر ناکام ہی رہا اور آخر کار مر بھی گیا۔ اس کی وجہ سے انہیں تقریباً پچاس ہزار روپے کا نقصان اٹھانا پڑا۔ مختصر یہ کہ اس شوق اور فضول خرچی نے انہیں کہیں کا نہ رکھا، ان کے خسر حاجی اصطفیٰ خاں بھی ان سے ناراض ہو گئے۔

فضلو چچا کی اولاد میں دو لڑکے اور ایک لڑکی تھی۔ بڑا لڑکا پاکستان جا کر کراچی میں انتقال کر گیا۔ لڑکی بھی چند سال قبل قضا کر گئی۔ صرف چھوٹا لڑکا لکھنؤ میں اب بھی بقید حیات ہے۔

●●●

Marfat.com

ساتواں باب

نیورہ اور مشاہیر نیورہ

نیورہ گاؤں کے حالات:

نیورہ گاؤں نہ صرف بہار بلکہ بہار سے باہر کے صوبوں میں بھی کافی مشہور ہے۔ یہ گاؤں پٹنہ سے ۱۵ کیلو میٹر پچھم کی جانب واقع ہے۔ تقریباً ۱۵ تعلیم یافتہ مسلمانوں کے گھروں پر مشتمل یہ بستی تھی۔ جس کا قریب قریب ہر فرد سرکار انگلشیہ کی ملازمت کا شرف رکھتا تھا۔ انگریزوں کے عروج کے ساتھ اس بستی کا عروج ہوا اور ان کے زوال کے ساتھ ہی اس بستی کا زوال ہو گیا۔ کانگریس سرکار نے سماج وادی نظام حکومت کی بنیاد ڈالی۔ زمینداری کا خاتمہ کر دیا جس سے زمینداروں کا متوسط طبقہ بری طرح متاثر ہوا۔ نیورہ والے بھی اس اثر سے محفوظ نہ رہ سکے اور ان کا دیہات میں رہنا دشوار ہو گیا۔ تقریباً سب لوگوں کو دیہات کا آبائی مکان مجبوراً فروخت کر دینا پڑا۔ یہ سب لوگ آ پنے آبائی مسکن نیورہ کو چھوڑ کر پٹنہ چلے آئے اور اچھے اچھے مکانوں کی تعمیر کی جس میں آرام سے رہ رہے ہیں۔ باوجود اس کے ہر فرد کے دل میں نیورہ کے اجڑ جانے کا اب تک صدمہ باقی ہے۔ راقم کی دعا ہے: ۔

مکیں کی خیر ہو یا رب مکاں رہے نہ رہے

یہ وہ مردم خیز بستی ہے جس نے ایسے سپوتوں کو جنم دیا جو نہ صرف علم و خرد میں یکتائے زمانہ تھے بلکہ حکومت انگلشیہ میں صاحب اختیار ہونے کی حیثیت سے بھی اپنی مثال نہ رکھتے تھے۔ علم کے ہر میدان میں اس بستی کے باشندوں نے قدم رکھا۔ بیرسٹری ہو یا وکالت، پروفیسری ہو یا ڈاکٹری، سیاست دانی ہو یا افسری، غرض ہر شعبے میں اپنا ایک مقام پیدا کیا۔ اپنی سخت محنت، انتہائی ایمانداری اور وفاشعاری، ذہانت و ذکاوت، اخلاق و محبت اور

Marfat.com

خدمت کے بے لوث جذبے کے سبب محض حکومتِ وقت میں ہی محترم نہ تھے بلکہ عوام میں بھی محبوب ہوئے اور اپنی کارگزاریوں کے سبب ہندوستان کے اعلیٰ سے اعلیٰ اعزازات وخطابات حاصل کیے۔ زندگی کے جس شعبے میں بھی نگاہ اٹھتی تھی یہاں کہ لوگ چھائے ہوئے نظر آتے۔ یہ سب کچھ ان کی دعاؤں کا اثر تھا جو اس بستی کے بانی جدید اور مورث اعلیٰ تھے اور جن کا نام سید حسن خنگ سوار تھا۔ آپ اس صوبہ میں بشکل مجاہد تشریف فرما ہوئے اور بعد فتح یابی کے موضع نیورہ میں متوطن پذیر ہوئے۔ اسی گاؤں میں ان کا مزار واقع ہے اور یہ بزرگ موصوف سید حسین خنگ سوار کے چھوٹے بھائی تھے جن کا ذکر کتاب "مفتاح التواریخ" میں مسٹر بیل کرتے ہیں۔ ان بزرگ کا مزار اجمیر میں تارا گڑھ کی پہاڑی پر واقع ہے۔

مشاہیر نیورہ کا پہلا دور:

یہاں تمام مشاہیر نیورہ اور اس بستی کی تواریخ بیان کرنا مقصود نہیں کیونکہ اس کام کے لیے کئی دفتر درکار ہیں۔ طوالت سے بچنے کی خاطر راقم یہاں صرف چند مشاہیر کے تذکرے پر اکتفا کرتا ہے ان مشاہیر کا ذکر تین ادوار میں تقسیم کر کے انتہائی اختصار سے بیان کیا جاتا ہے:

پہلا دور: اس دور کے تمام لوگ اس دار فانی سے رخصت ہو چکے ہیں۔ اس دور کے مشاہیر میں شاہ محمد دائم اور میر سلامت علی کا نام نامی سر فہرست آتا ہے۔ یہ دونوں متقی اور دین دار آدمی تھے۔

خان بہادر راحت علی: ۱۸۳۵ء میں دولت انگلشیہ میں اعلیٰ منصب پر فائز تھے۔ حکومتِ وقت ان کی قدر کرتی تھی۔ سید فرید الدین صاحب حاکم عدالت تھے۔ شمس العلماء خان بہادر وحید الدین، سید نجم الدین، سید کرامت علی وسید فرزند علی جلیل القدر بزرگ گزرے ہیں۔ سید محمد اسمٰعیل اور سید عبدالحیٔ کو فراموش نہیں کیا جاسکتا ہے۔ سید فرزند علی کے تین صاحبزادے سید فخر الدین (مصنف کشف التلبیس)، خان بہادر سید نصیر الدین، سی آئی ای (وزیر مالیات بھوپال اسٹیٹ) اور مسٹر جسٹس سید شرف الدین، ممدوح عوام وخواص تھے۔ خان بہادر سید ظہیر الدین صاحب بہت سے اعزازی مناصب پر پٹنہ اور دہلی میں

Marfat.com

رہے۔ شمس العلماء نواب امداد امام اثر صاحب نے علمی تبحر اور شاعری کے ذریعہ نیورہ کا نام بلند کیا اور ان کی تصانیف اردو ادب میں گراں قدر اضافہ ہیں۔

نیورہ کے قدیم مشاہیر کی فہرست اس وقت تک مکمل نہیں ہو سکتی جب تک کہ جناب سید عبدالوہاب صاحب کا تذکرہ نہ کیا جائے۔ صاحبِ موصوف ایک بڑے نامی گرامی بزرگ تھے اور کمالاتِ صوری و معنوی سے مملو۔ شجاعت، سخاوت اور خداترسی میں اپنا نظیر کمتر رکھتے تھے اور بڑے ممدوح خلائق تھے۔ صاحب موصوف خان بہادر سید ظہیر الدین صاحب مرحوم درویش صفت انسان اور میری دادی مرحومہ کے والد بزرگوار تھے۔

سید ظہیر الدین، خانقاہ پھلواری شریف اور تحریک ترک موالات:

خان بہادر ظہیر الدین صاحب خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف کے عقیدت مندوں میں سے تھے اور وہاں کے عالموں و بزرگوں کی بڑی قدر کرتے تھے۔ حضرت سید شاہ بدر الدین صاحب مرحوم، سجادہ نشین خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف کو شمس العلماء کا خطاب دلانے میں خان بہادر سید ظہیر الدین مرحوم نے بہت کوشش کی تھی، خان بہادر موصوف کی سفارشوں کی بدولت مسٹر اولڈھم کمشنر پٹنہ ڈویژن نے حکومت ہند کو اس امر کی طرف توجہ دلائی اور سجادہ نشین موصوف کو اس اعلیٰ خطاب سے نوازا گیا۔ چونکہ صاحب سجادہ خلوت نشین تھے اس لیے خان بہادر ظہیر الدین نے اس بات پر مسٹر اولڈھم صاحب کو راضی کیا کہ خود چل کر سند اور خلعت پیش کریں۔ چنانچہ اس تقریب کے موقع پر ظہیر الدین صاحب مسٹر اولڈھم کے ہمراہ اپنے چند احباب کو لے کر پھلواری شریف گئے اور تقریب میں شرکت کی۔ جب ترک موالات کی تحریک شروع ہوئی تو سجادہ نشین نے بطور احتجاج حکومت ہند کو شمس العلماء کا خطاب اور خلعت واپس کر دیا۔ اس سے ظہیر الدین صاحب اور مسٹر اولڈھم دونوں کو بہت صدمہ ہوا۔

خان بہادر سید ظہیر الدین صاحب مرحوم تحریک ترک موالات سے متفق نہ تھے۔ انہوں نے انگریزی میں ایک رسالہ بنام ''کوآپریشن'' (تعاون) لکھا جو پٹنہ ڈسٹرکٹ بورڈ کے پریس سے ۲۴؍ اکتوبر ۱۹۲۱ء میں شائع ہوا۔ اس رسالہ میں انہوں نے اپنے نظریہ کی توجیہہ

Marfat.com

وتشریح نہایت ہی ناقدانہ انداز میں کی ہے۔ انہوں نے مختلف علوم سے مثالیں دیتے ہوئے یہ بتایا ہے کہ کائنات کی بقاودارومدار صرف تعاون اور موالات میں ہے۔ عدم تعاون اور ترک موالات میں نہیں، بلکہ عدم تعاون اور ترک موالات ایک لحاظ سے غیر فطری چیز ہے۔ راقم کے پاس اس رسالہ کا ایک نسخہ آج تک محفوظ ہے۔ جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے خان بہادر سید ظہیر الدین صاحب مرحوم تحریک ترک موالات کے سخت مخالف تھے مگر ان کے داماد مسٹر سید زکریا ہاشمی جو چھپرہ میں بیرسٹری کرتے تھے، تحریک میں شامل ہو گئے اور بیرسٹری چھوڑ کر پٹنہ چلے آئے۔ روزانہ کانگریس کے دفتر واقع محلّہ گلاب باغ میں جاتے اور کانگریس کے کاموں میں بابو راجندر پرشاد کی مدد کرتے۔ خان بہادر کو اس کا بڑا رنج تھا مگر رشتہ نازک ہونے کی وجہ سے منع نہیں کر سکتے تھے۔ اکثر یہ کہتے تھے کہ ایک دن انہیں ترک موالات کی حقیقت معلوم ہو جائے گی اور پھر اپنے پیشہ میں لوٹ کر آجائیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ انہوں نے دھنباد میں پھر بیرسٹری شروع کر دی، جہاں کے حکام نے خوش ہو کر ۱۹۲۸ء میں انہیں خان بہادر کے خطاب سے سرفراز کیا۔ موصوف ایک شریف النفس انسان تھے۔ جب تک کانگریس میں رہے نہایت سرگرمی سے کام کرتے رہے۔ تحریک خلافت کی حمایت میں ایک کتابچہ لکھا اور اس کے فروخت کرنے سے جو پیسے ملے اسے خلافت فنڈ میں دے دیا۔ ۱۹۴۷ء میں بیرسٹری کے پیشے سے الگ ہو گئے اور دھنباد سے نیورہ چلے آئے اور یہیں مستقل طور سے رہنے لگے۔ آخر وقت میں اپنے بیٹے کے ساتھ چھپرہ چلے گئے اور وہیں قضا کیا۔

مشاہیر نیورہ کا دوسرا دور:

اس دور کے افراد ہندوستان میں اپنی انفرادی حیثیت رکھتے تھے، خصوصاً بہار میں ان کے کارنامے نہایت عظیم رہے۔ اگرچہ سب سپرد خاک ہو چکے ہیں مگر ان کے کارناموں نے انہیں اب تک زندہ رکھا ہے۔

سر سید علی امام (لا ممبر حکومت ہند، جج ہائی کورٹ، ممبر بہار گورنرس ایکزیکیوٹو کانسل، صدر اعظم حیدر آباد گورنمنٹ)، مسٹر سید حسن امام (ملاحظہ ہو ضمیمہ نمبر ۱، مسٹر

Marfat.com

سید حسن امام مرحوم کے ذکر میں) (ہندوستان کے نہایت قابل اور مشہور بیرسٹر، جج ہائی کورٹ اور پریسیڈنٹ اسپیشل سشن انڈین نیشنل کانگریس)، مسٹر سید عبد العزیز (وزیر حکومت بہار و حیدر آباد دکن)، سید زین الدین (پرنسپل لا کالج پٹنہ)۔ سید نذیر الدین (ڈپٹی کلکٹر حکومت بہار)، خان بہادر سید بشیر الدین (ضلع جج حکومت بہار و ممبر جوائنٹ پبلک سروس کمیشن)، سید عزیز الدین (سپرنٹنڈنٹ پوسٹ آفیسز، صوبہ متوسط)، سید رضی الدین (بیرسٹر و سب جج بہار)، سید علی حمید (ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے)، خان صاحب احمد حسین (ضلع مجسٹریٹ و کلکٹر پٹنہ)، سید حفیظ امام (بیرسٹر)، ریاست حسین (بیرسٹر)، ڈاکٹر اظہار الدین (سرجن و ماہر امراض چشم)، منیر الدین (سپرنٹنڈنٹ اکسائز، بہار)

مشاہیر نیورہ کا تیسرا دور:

یہ سب حضرات راہی ملک عدم ہو چکے ہیں مگر اپنی چھاپ بہار کے معاشرے پر چھوڑ گئے ہیں۔ مسٹر سید حیدر امام (بیرسٹر)، مسٹر سید صفدر امام (بیرسٹر)، مسٹر سید جعفر امام (جج اور چیف جسٹس پٹنہ ہائی کورٹ، جج سپریم کورٹ دہلی)، مسٹر سید رضا امام (بیرسٹر)، مسٹر سید نقی امام (بیرسٹر و جج پٹنہ ہائی کورٹ)، مسٹر سید اکبر امام (بیرسٹر)، سید نور الدین (وکیل)، محمد وصی (وکیل)، سید رفیع الدین بلخی (وکیل)، انور حسین (چیرمین کمرشیل ٹیکسز ٹریبونل)، حفاظت حسین (اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز بہار)، کرنل علی حفیظ امام (انڈین آرمی)

مشاہیر نیورہ کا دور حاضر:

مسٹر سید مہدی امام (بیرسٹر اور مصنف کتب بزبان انگریزی)، سید سلیم الدین (انشورنس ایکسپرٹ)، سید وصی الدین (جج پٹنہ و کشمیر ہائی کورٹ)، ڈاکٹر اقبال حسین (پرنسپل پٹنہ کالج و ممبر بہار پبلک سروس کمیشن)، مسٹر سید محمد کریم (ضلع جج بہار)، ڈاکٹر سید اشرف کریم (انگلستان)، سید عبد الرحمن (ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ، صوبہ بہار)، مسٹر شہاب الدین رحمت اللہ (سابق آئی۔ سی۔ ایس)، سید منظور عالم (ضلع جج حکومت بہار)، مسٹر نہال امان اللہ (انجینیر ان چیف حکومت بہار)، مسٹر افضل امان اللہ (آئی۔ اے۔ ایس، بہار)، ڈاکٹر سید احسان احمد (سینئر سرجن حکومت بہار)، ڈاکٹر سید احسن احمد (سیول سرجن

Marfat.com

وسپرنٹنڈنٹ نالندہ میڈیکل کالج اسپتال، پٹنہ)، یسد حسن احمد (سینئر سرجن لندن)، مقبول حسین (اسسٹنٹ ڈائرکٹر اعدادو شمار حکومت بہار)، اکبر حسین (منیجر انڈین آئل کارپوریشن)، ڈاکٹر اشرف حسین (پروفیسر میڈیکل کالج ریاض)، ڈاکٹر اصغر حسین (سرجن لندن)، ڈاکٹر خالد حسین (اسسٹنٹ سرجن سعودی عرب)، انور ہاشمی (افیسر ٹاٹا کمپنی جمشید پور)، سید منور ہاشمی (انجینئر امریکا)، ڈاکٹر نزہت رحمٰن (یہ نیورہ خاندان میں پہلی لیڈی ڈاکٹر ہیں)، سید قیصر کریم (سپریم کورٹ دہلی)

باشندگان نیورہ کی خدمات:

نیورہ اگرچہ ایک چھوٹا سا گاؤں ہے مگر اس نے پہلا مسلمان لا ممبر حکومت ہند، ایک نہایت نامی انڈین نیشنل کانگریس کا صدر، چھ ہائی کورٹ کے جج، دو وزراء اور بے شمار نامی افسران کو ملک کی خدمت کے لیے دے کر عزت و شرف حاصل کیا۔

کون ہے جو نیورہ کے خاندان سے واقف نہیں۔ میں اس سلسلے میں خود کچھ لکھنا پسند نہیں کرتا بلکہ مسٹر جسٹس میکفرسن جج پٹنہ ہائی کورٹ کی انگریزی سند مورخہ ۱۸ر نومبر ۱۹۳۴ء کے اردو ترجمہ پر اکتفاء کرتا ہوں جو حسب ذیل ہے:

> "اقبال حسین کا تعلق اس صوبہ کے ایک نہایت ہی مشہور خاندان سے ہے جو نہ صرف غدر کے زمانے میں وفادار رہا بلکہ جس نے حکومت کے لیئے اعلیٰ حکام، ہائی کورٹ کے ججوں اور بہت سے اچھے افسروں کو مہیا کیا۔"

راقم جو اپنی عمر کے ۸۲ویں سال میں داخل ہے اور جس کے دل میں دنیا کی کسی چیز کی تمنا اب باقی نہیں۔ اللہ بزرگ و برتر سے یہ دعا کرتا ہے کہ نیورہ خاندان کا ہر فرد جو دنیا کے جس حصے میں ہے اس کی خاندانی امتیازی شان قائم رکھے۔ ہر روز اور ہر سال ترقیاں کرتا ہے اور اپنے اسلاف کے نام کو روشن رکھے۔

دے دُعا کو میرے وہ مرتبہ حسن قبول
کہ اجابت کہے ہر حرف پہ سو بار آمین

Marfat.com

ضمیمہ

(مسٹر سید حسن امام مرحوم کے ذکر میں)

مسٹر گاندھی نے جب ترک موالات کی تحریک ہندوستان میں بڑے پیانے پر شروع کی تو پہلے چند نامی حضرات کا انتخاب کیا جس میں مسٹر سید حسن امام بھی تھے۔ مسٹر گاندھی نے خواہش ظاہر کی کہ وہ بیرسٹری چھوڑ دیں اور تحریک مذکور میں شامل ہو جائیں۔ مسٹر سید حسن امام نے تحریک سے اتفاق کا اظہار کیا مگر بیرسٹری چھوڑنے پر راضی نہ ہوئے اور مالی امداد میں کثیر رقم دیتے رہے۔ تحریک میں شامل نہ ہونے پر کچھ مولویوں کو مخالفت کرنے کا موقع ہاتھ آگیا اس لیے ان پر ایک ہجو یہ نظم لکھ کر ''زمیندار'' مورخہ ۲۰ر فروری ۱۹۲۲ء میں شائع کیا۔ پٹنہ کے لوگوں نے جب یہ نظم پڑھی تو مزید تضحیک کے خیال سے اس شہر کے کسی نامعلوم شخص نے اس نظم کو اشتہار کی شکل میں حسب ذیل بدنما عنوان کے ساتھ شائع کیا۔ (بڑے سے مراد سر سید علی امام اور چھوٹے سے مراد مسٹر سید حسن امام ہیں)

''بڑے تو بڑے چھوٹے سبحان اللہ''
مسٹر سید حسن امام توبہ کرو اور بیرسٹری چھوڑو''

نظم حسب ذیل ہے:

وہ صبح صبح نہیں ہے وہ شام شام نہیں — بلائے تازہ کا جو لا رہی پیام نہیں
کسی کو دار پہ کھینچا کسی کو ذبح کیا — یہ انتظام حکومت ہے انتقام نہیں
وہ کون ہے جو نہیں آج کل اسیر فرنگ — سی آر داس نہیں یا ابوالکلام نہیں
بہ حیرت اس پہ کہا ایک دوست نے مجھ سے — کہ اس گروہ میں شامل حسن امام نہیں
کسی سے جبکہ وہ رندی میں کم نہیں ہیں تو کیوں — شکست توبہ میں سرگرم اہتمام نہیں
اگر حرام موالات مجھ غریب پہ ہے — تو ایسے چوٹی کے لیڈر پہ کیوں حرام نہیں
کہا یہ دوست سے میں نے وہ مرغ دانا ہیں — حریص دانہ ہیں لیکن حریص دام نہیں

نہیں یہ قائد قوم اپنی قید کا قائل
شمار دانۂ تسبیح میں امام نہیں

Marfat.com

جب یہ نظم اس بدنما سرخی کے ساتھ شائع ہوئی اور مسٹر سید حسن امام کی چھوٹی صاحبزادی آسما امام کو ملی تو اس نظم کو پڑھ کر بہت رنجیدہ ہوئیں اور اسے چاک کر دیا۔ موصوفہ نے جوان دنوں تحریک کی سرگرم رکن تھیں، اس نظم کے پڑھنے کے بعد یہ عہد کیا کہ وہ اب اس تحریک سے ہمیشہ کے لیے قطع تعلق کر لیں گی، اور تاحیات کانگریس سے الگ رہیں۔ لیکن مسٹر حسن امام پر اس نظم کا کچھ اثر نہ ہوا اور وہ حسب معمول کانگریس کی مدد کرتے رہے۔

●●●

Marfat.com

آٹھواں باب

دادیہال

مولوی عبدالوہاب کی دوسری بیوی کا حج اور موت:

مولوی سید عبدالوہاب صاحب مرحوم کی دو بیویاں تھیں ایک بیوی سے ایک لڑکا اور ایک لڑکی اور دوسری بیوی سے صرف تین لڑکیاں ہوئیں جن میں سب سے چھوٹی میری دادی مرحومہ تھیں۔ میری دادی کی والدہ محترمہ ایک نہایت دین دار، پرہیزگار، خدا ترس، اخلاق مند اور منکسر مزاج خاتون تھیں۔ آج سے تقریباً سو سال قبل ۱۸۹۳ء میں اپنے شوہر کے انتقال کے بعد مولوی فضل رب صاحب مرحوم کے ہمراہ، جو میرے دادا کے بہنوئی تھے، حج کو گئیں۔ (''قبلہ نما'' از فضل رب صاحب، ص ۲، ۳، مطبوع صادق پور پریس پٹنہ ،۱۸۹۶ء) حج سے واپسی کے بعد میری دادی مرحومہ نے اپنے گھر میں ان کے لیے ایک کمرہ اور ایک غسل خانہ مخصوص کر دیا۔ یہاں وہ عبادت و ریاضت میں ہمہ تن مشغول ہو گئیں اور دنیا سے بالکل بے تعلق ہو گئیں۔ ہر روز ورد کر کے اپنے شوہر کی مغفرت کے لیے اللہ سے دعائیں کرتی تھیں اور اسی طرح پچاس سال کا زمانہ یاد خدا میں خوبی اور استقلال کے ساتھ گزار دیا۔ گرچہ خان بہادر سید ظہیر الدین سوتیلے بیٹے تھے لیکن مرحومہ اپنی تمام اولادوں میں سب سے زیادہ خان بہادر سے محبت کرتی تھیں۔ خان بہادر بھی ان سے بے انتہا محبت کرتے، اور ان کے احترام و تعظیم میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھتے۔ نیورہ میں جب خان بہادر کا قیام ہوتا تو تقریباً روزانہ ان کی خدمت میں حاضر ہوتے اور ان سے دعائیں لے کر واپس جاتے۔ ۱۹۲۶ء میں جب کہ ان کی عمر قریب سو سال تھی قضا کیا۔

یہ اتفاق کی بات ہے کہ جس روز ان کا انتقال ہوا، خان بہادر سید ظہیر الدین کے

Marfat.com

پوتے سید نورالدین مرحوم کی برات نیورہ سے پٹنہ آنے والی تھی۔ خان بہادر نے اپنی سوتیلی ماں کی شدید علالت کا خیال کر کے برات میں اپنی شرکت کو ملتوی کر دیا اور انتہائی دل سوزی کے ساتھ ان کی تیمارداری میں لگے رہے۔ اضطراب کی وجہ سے کبھی ان کے کمرے میں جاتے اور کبھی باہر آتے لیکن جانے والے کو کون روک سکتا ہے۔ ان کے انتقال کے بعد جب وہ قبر میں دفن کر دی گئیں تو فاتحہ پڑھنے کے بعد خان بہادر بچوں کی طرح پھوٹ پھوٹ کر روئے اور جب تک زندہ رہے اکثر ان کو یاد کیا کرتے تھے۔ ان کے انتقال کے وقت راقم بیس سال کا تھا۔ ان کی موجودگی خاندان کے لیے باعثِ برکت تھی۔ ان کی دینداری و پرہیزگاری سے راقم بھی بڑا متاثر رہتا تھا۔

دادی مرحومہ کی بڑی بہن اور ان کی اولاد:

پچھلے صفحات میں بیان کیا جا چکا ہے کہ راقم کی دادی مرحومہ تین بہنیں تھیں، بڑی بہن کے بطن سے ایک لڑکی اور چار لڑکے ہوئے۔ لڑکی کی شادی خان بہادر حشمت حسین صاحب سے ہوئی تھی۔ تقریباً ۲۰۔۲۲ سال کی عمر میں قضا کر گئیں۔ ایک لڑکا اور ایک لڑکی یادگار چھوڑیں۔ بڑی دادی مرحومہ کے چار لڑکوں میں سب سے بڑے لڑکے کا نام ڈاکٹر اظہار الدین تھا۔ یہ اپنے وقت میں اچھے ڈاکٹر تھے۔ گوپال گنج اور سیوان ضلع سارن میں پریکٹس کرتے تھے۔ گورے رنگ کے قد آور انسان تھے۔ ادھیڑ عمر میں داڑھی بڑھائی۔ وضع قطع سے ڈاکٹر کے بجائے ایک مولوی معلوم ہوتے تھے۔ شادی کے چند برسوں بعد بیوی سے بے تعلق ہو گئے اور ساری عمر تجرد میں گزار دی۔ ان کی کوئی اولاد نہ ہوئی اور اب ان کا کوئی نام لیوا باقی نہ رہا۔ دوسرے لڑکے کا نام نذیر الدین تھا جو پٹنہ کی فوجداری کچہری کے نامور مختار تھے۔ ان کی دوسری شادی راقم کی خالہ زاد بہن سے ہوئی تھی۔ تقریباً ۵۵ سال کی عمر میں قضا کیا۔ نذیر الدین صاحب مرحوم کے تین لڑکے تھے ان میں سب سے بڑے لڑکے سرکاری ملازم تھے اور تقریباً ۶۰ سال کی عمر میں قضا کیا۔ ان کے دو لڑکوں کے متعلق نہیں معلوم باحیات ہیں یا نہیں اور اگر باحیات ہیں تو کہاں ہیں۔ تیسرے لڑکے کا نام عزیز الدین تھا۔ یہ سب انسپکٹر پولس سے ترقی کر کے انسپکٹر ہوئے تھے اور چھپرہ ضلع سارن میں مامور

Marfat.com

تھے۔ تقریباً ۴۵ سال کی عمر میں اچانک انتقال کیا۔ ان کی کوئی اولاد نہ ہوئی۔ چوتھے اور سب سے چھوٹے لڑکے کا نام قمر الدین تھا۔ ریلوے پولس (سون پور) میں سب انسپکٹر تھے۔ سیر وشکار کے بے حد شوقین تھے۔ چڑیوں سے لے کر شیر تک شکار کرتے تھے۔ موصوف نہایت دلچسپ آدمی تھے۔ ناظرین کی دلچسپی کے لیے شکار سے متعلق ان کا ایک واقعہ درج کیا جاتا ہے۔

قمر الدین، انگریز ڈی۔ٹی ایس سے لڑائی اور دیگر واقعات:

ایک روز کا واقعہ ہے کہ چڑیوں کے شکار کے لیے سون پور کے دیہات میں گئے ہوئے تھے۔ اسی جانب ان سے آگے کچھ دوری پر ایک انگریز ریلوے ڈسٹرکٹ ٹرافک سپرنٹنڈنٹ (D.T.S) بھی شکار میں مصروف تھا۔ اس کا خانساماں کھانا پانی لیے ہوئے قمر الدین صاحب کے قریب سے گذرا جس کی وجہ سے جن چڑیوں پر انھوں نے نشانہ باندھ رکھا تھا، اڑ گئیں۔ اس پر وہ بہت غصہ ہوئے اور خانساماں کو نہ صرف برا بھلا کہا بلکہ دو چار تھپڑ بھی رسید کیا۔ وہ وہاں سے سیدھا اپنے انگریز افیسر کے پاس گیا اور شکایت کی۔ خانساماں کی باتیں سن کر وہ انگریز بڑا غصہ ہوا اور طیش کے عالم میں قمر الدین صاحب کے پاس آیا۔ تحکمانہ انداز میں پوچھا کہ تم نے میرے نوکر کو کیوں مارا؟ قمر الدین صاحب بھلا اس کے آمرانہ لہجے کو کب برداشت کر سکتے تھے، کہا کہ ابھی تو تیرے نوکر کو مارا ہے اب تجھے بھی ماروں گا۔ اور اسے بھی دو چار تھپڑ لگا دیا۔ شکار سے واپس آئے تو ریلوے تھانہ میں جا کر اپنا استعفانامہ میز پر رکھ دیا اور اس کے بعد خان بہادر حشمت حسین صاحب کے پاس گئے جو ان دنوں چھپرہ میں ایڈیشنل کلکٹر تھے۔ ان سے تمام واقعات بیان کیے۔ خان بہادر نے رائے دی کہ فوراً واپس جاؤ اور استعفانامہ واپس لے لو، تمہارا استعفا دینا سراسر بیوقوفی ہے کیونکہ میرا یہ تجربہ ہے کہ کوئی انگریز ہندوستانی سے مار کھانے کے بعد نہ تو پولس میں سانحہ درج کراتا ہے اور نہ دوسری کوئی کاروائی کرتا ہے۔ اگر کوئی اس سے دریافت بھی کرتا ہے تو وہ یہ کہہ کر ٹال دیتا ہے کہ یہ سب دوستانہ باتیں تھیں۔ مگر قمر الدین صاحب مرحوم نے استعفا واپس نہ لیا اور نوکری چھوڑ کر نیورہ واپس چلے آئے اور بے روزگاری میں زندگی گزار دی۔

Marfat.com

۱۹۴۶ء میں جب کہ وہ نیورہ میں قیام پذیر تھے فرقہ وارانہ فساد ہوا۔ باوجود پیرانہ سالی کے بلوائیوں سے مقابلہ کے لیے دو بندوقیں ہر وقت اپنے ساتھ رکھتے تھے اور بستی کی نگہبانی کی غرض سے رات بھر جاگتے تھے جس کا بلوائیوں پر بڑا اثر ہوا۔ امن و امان کو برقرار رکھنے کے بہانے پولس نے ان کی دونوں بندوقیں ضبط کر لیں۔ مگر والد مرحوم کے کہنے سے کلکٹر پٹنہ نے ان کی دونوں بندوقوں کو دوسرے ہی روز واپس کر دیا۔ قمر الدین صاب نے قریب ستّر سال کی عمر میں انتقال کیا۔

قمر الدین صاحب مرحوم نے اپنے بعد ایک لڑکا اور ایک لڑکی یادگار چھوڑی۔ لڑکے کا نام منظور الدین تھا۔ ان کی شادی موضع گرجی پٹنہ میں ہوئی تھی، مگر عین جوانی ہی میں قضا کر گیے۔ لڑکی کی شادی ریلوے کے ایک اسٹیشن ماسٹر سے ہوئی تھی جو تقسیم ہند کے بعد پاکستان چلی گئیں۔

دادی مرحومہ کی منجھلی بہن اور ان کی اولاد:

دادی مرحومہ کی منجھلی بہن کی اولاد میں دو لڑکے اور دو لڑکیاں تھیں۔ دو لڑکوں میں بڑے کا نام منیر الدین اور چھوٹے کا کبیر الدین تھا۔ منیر الدین صاحب مرحوم سب انسپکٹر ایکسائز سے ترقی کر کے سپرنٹنڈنٹ آف ایکسائز ہوئے۔ بہت خوب آدمی تھے مگر پنشن پانے سے پہلے تقریباً پچاس سال کی عمر میں قضا کر گیے۔ منیر الدین صاحب مرحوم کے دو لڑکے ہوئے، بڑے لڑکے کا نام نظام الدین تھا جو ریلوے میں ملازم تھے اور پنشن پا کر قضا کیا۔ چھوٹے لڑکے کا نام ولی احمد ہے۔ عدالت پٹنہ میں پیشکار کے عہدے پر فائز تھے اور اب پنشن پا کر اہل و عیال کے ساتھ خواجہ پورہ، پٹنہ میں قیام پذیر ہیں۔ ان کی سب اولاد ماشاء اللہ صالح ہیں اور عروج پر ہیں۔ ولی احمد صاحب کی اہلیہ مولوی بدر الحسن ظہوری مرحوم، زمیندار لودی کٹرہ پٹنہ سیٹی کی پوتی ہیں۔ چھوٹے لڑکے کا نام کبیر الدین تھا۔ یہ نہ صرف ایک نہایت ہونہار طالب علم تھے بلکہ ہندوستان کے نامور فٹ بالر تھے۔ بی۔ این کالج میں بی۔ اے کے طالب علم تھے۔ فٹ بال کھیلنے میں ایک مرتبہ فوجی ٹیم سے مقابلہ ہوا جس میں ان کے سینے پر سخت چوٹ آئی اور منہ سے خون پھینک دیا۔ ڈاکٹروں نے علاج کے بعد تبدیل آب و ہوا کے

Marfat.com

لیے والٹیر بھیجا۔ وہاں سے اچھے ہو کر واپس آئے مگر سال بھر کے اندر اپنا دماغی توازن کھو بیٹھے اور اسی حال میں پوری زندگی ختم ہوئی۔

ڈاکٹر محمد بخش اور ان کا خاندان:

دادی مرحومہ کی منجھلی بہن کی دو لڑکیوں میں بڑی کی شادی ڈاکٹر محمد بخش سے ہوئی جو اپنے وقت میں اچھے ڈاکٹر تھے اور ایک میڈیکل ہال بنام "ڈائمنڈ میڈیکل ہال" پٹنہ میں چلاتے تھے۔ ڈاکٹر محمد بخش کے دو لڑکے اور تین لڑکیاں تھیں۔ بڑی لڑکی کی سب اولاد بجز ایک لڑکی کے کراچی، پاکستان وانگلستان میں آباد ہیں اور اچھے اچھے عہدوں پر ہیں۔ تقسیم ہند کے بعد یہ لوگ پاکستان چلے گئے تھے منجھلی لڑکی کے تین لڑکے ہوئے جن میں دو لڑکے قضا کر گئے اور صرف ایک ڈاکٹر منظر احسن زندہ ہیں۔ قریب تیس سال سے انگلستان میں آباد ہیں اور ڈاکٹری کر رہے ہیں۔ ان کی کل اولاد لڑکے اور لڑکیاں انگلستان وامریکہ میں اچھے عہدوں پر فائز ہیں۔ ڈاکٹر منظر احسن صاحب خود بھی نہایت ملنسار اور خوش مزاج آدمی ہیں، راقم سے بڑی محبت کرتے ہیں۔ دوسری جنگ عظیم میں برطانیہ کی فوج میں رہ کر محاذ جنگ پر ڈاکٹری کی خدمات انجام دی تھی اور بعد میں چند سال تک جدہ اور سعودی عرب میں حکومت ہند کی طرف سے وائس کونسل رہے۔ غرض جہاں بھی رہے ہر دل عزیز رہے۔ سب سے چھوٹی لڑکی کی شادی ہونے کے کئی سال بعد تک زندہ رہیں مگر جوانی میں ہی فوت کر گئیں۔ ان کی کوئی اولاد نہ ہوئی۔ ڈاکٹر محمد بخش کے لڑکوں میں ایک محمد تقی مرحوم تھے جو کچھ دنوں تک سرکاری تحصیل دار کے منصب پر فائز تھے۔ اور دس سال ہوئے کہ ستر سال کی عمر میں قضا کیا۔ محمد تقی مرحوم کا چھوٹا لڑکا ایک برہمن لڑکی سے شادی کر کے لاپتہ ہو گیا اور اب تک اس کا کوئی سراغ نہ مل سکا۔ ڈاکٹر محمد بخش کے دوسرے لڑکے محمد وصی پٹنہ ہائی کورٹ میں ایڈوکیٹ تھے مگر عین جوانی میں قضا کر گئے۔ ایک لڑکی چھوڑی جس کی شادی ڈاکٹر منظر احسن سے ہوئی۔

دادی مرحومہ اور ان کے اکلوتے لڑکے احمد حسین:

میری دادی مرحومہ اپنے بہنوں میں سب سے چھوٹی تھیں۔ ان کے اکلوتے لڑکے میرے والد مرحوم احمد حسین صاحب مرحوم تھے۔ جن کی پیدائش ۱۸۸۶ء میں نیورہ ضلع

Marfat.com

پٹنہ میں ہوئی۔ شروع ہی سے والد صاحب مرحوم ذکی وذہین طالب علم تھے۔ عربی وفارسی کی ابتدائی تعلیم اپنے والد ماجد مولوی امجد حسین صاحب مرحوم سے حاصل کی۔ امجد حسین صاحب ایک مذہبی متشرع اور ذی علم شخص تھے۔ علم وادب سے بہت شوق وشغف رکھتے تھے۔ گھر کا ماحول مذہبی تھا، انسانیت، اخوت اور مروت کی عملی تعلیم ہوتی تھی۔ اس ماحول سے والد مکرم کی زندگی پر پسندیدہ نقوش ابھرے۔ ابتدائی تعلیم وتربیت کے بعد والد ماجد کا داخلہ پٹنہ کالجیٹ اسکول میں کرادیا گیا جہاں سے انہوں نے فرسٹ ڈویژن میں انٹرنس کے امتحان میں کامیابی حاصل کی۔ جوانی میں والد محترم کا رنگ صاف، قد میانہ، بدن بھرا اور چہرہ گول تھا۔ ان کی چوڑی پیشانی خاندانی ورثے کی نشانی تھی۔

والد مرحوم اور علی گڑھ کی تعلیم:

انٹرنس کے امتحان میں کامیابی کے بعد اعلیٰ تعلیم کے لیے والد مرحوم کو محمڈن اینگلو اورینٹل کالج علی گڑھ بھیج دیا گیا۔ اس زمانے میں علی گڑھ کالج بہت عروج پر تھا اور مسلمانوں کے مذہب، معاشرت، تہذیب وشائستگی اور روایات کا گہوارہ تھا۔ والد مرحوم کا داخلہ کالج میں سال اوّل میں ہوا اور رہنے کے لیے پکی بارک، میں جگہ ملی۔ والد مرحوم فرماتے تھے کہ ان کے ہم جماعت اور کمرے کے ساتھی عبدالاحد صاحب تھے جو نقاشی ومصوری میں ماہر فن تھے۔ پورے کمرے کو مناظر قدرت کی خوب صورت تصویروں سے مزین کردیا تھا۔ یہ تصاویر ایسی دل کش تھیں کہ طلباء کے علاوہ کالج کے پرنسپل بھی انہیں دیکھنے آتے تھے، موصوف نہایت ہی بذلہ سنج آدمی تھے، اور ہمارے والد سے ان کی بڑی دوستی تھی۔ وہ پہلے ڈپٹی کلکٹر ہوئے اور کلکٹر ہوکر پنشن پائی۔ عبدالاحد صاحب کے علاوہ والد صاحب کے مخلص ہم جماعت دوستوں میں سید محمد منصور صاحب اور سید علی حمید صاحب تھے۔ سید محمد منصور صاحب سپرنٹنڈنٹ پوسٹ آفس مقرر ہوئے اور پوسٹ ماسٹر جنرل ہوکر پنشن پائی اور سید علی حمید صاحب ایسٹرن بنگال ریلوے میں A.T.S. مقرر ہوئے۔ اور ایسٹ انڈین ریلوے میں ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ہوکر پنشن پائی۔ الحسن صاحب مچھلی شہری والد صاحب سے ایک سال آگے تھے او پوسٹ ماسٹر جنرل ہوکر ۱۹۳۷ء میں پٹنہ بھی آئے تھے۔ ایک دوسرے

Marfat.com

صاحب عبد القادر والد محترم سے ایک جماعت پیچھے تھے، پٹنہ کالج اور اسلامیہ کالج کلکتہ میں فارسی کے پروفیسر رہے اور پنشن پانے کے بعد قادیانی فرقہ کے پرجوش مبلغ ہو گئے۔ اور تقسیم ہند کے بعد پاکستان چلے گئے اور جہاں مرتے دم تک تحریک قادیانی کے سرگرم کارکن رہے۔

والد صاحب کا کہنا تھا کہ اس وقت تک علی گڑھ کالج میں سال اوّل کے طلباء کو "وحشی" کہا جاتا تھا۔ یہ طلباء ملک کے مختلف حصوں سے آتے تھے اور بول چال اور طور طریقوں میں بھی مختلف ہوا کرتے تھے۔ آپسی ارتباط، دوستی اور بے تکلفی بڑھانے کی غرض سے ایک دوسرے سے مختلف قسم کے مذاق کیا کرتے تھے۔ مثلاً کسی کو روم میں بند کر دیا، کسی کو ایک چپت لگا دیا یا کسی کو کوئی خطاب دے دیا وغیرہ۔ حکومت بنگال کا یہ قاعدہ تھا کہ جو خط کسی مسلمان کے نام بھیجا جاتا تو نام کے پہلے 'مولوی' لگا دیا جاتا تھا اور ہندو کے نام کے پہلے 'بابو' پٹنہ کالجیئیٹ اسکول کے آفس کے کچھ کاغذات میں والد صاحب کے نام کے پہلے 'مولوی' کے بجائے 'منشی' لکھا ہوا تھا۔ اتفاقاً یہ خط عبد الاحد صاحب کے ہاتھ لگ گیا۔ والد صاحب کے نام کے ساتھ منشی لکھا ہوا دیکھنا تھا کہ خطاب دینے کا انہیں اچھا خاصہ موقع مل گیا۔ انہوں نے اس خطاب کو پورے ہم جماعت طلباء میں مشہور کر دیا۔ علی گڑھ کالج میں ہم جماعت ایک دوسرے کو خطاب اور مختلف طرح کے ناموں سے پکارا کرتے تھے۔ یہ نام محبت و خلوص کا مظہر ہوا کرتا تھا۔ نام یا خطاب جیسا بھی ہو، لوگ اسے عزیز رکھتے تھے اور طالب علمی کے بعد بھی ایک دوسرے کو انہی خطابوں اور ناموں سے مخاطب کیا کرتے تھے، چنانچہ ۱۹۷۱ء میں راقم کے والد محترم کی کتاب "چھ مقالے" طباعت کے بعد جب مولانا عبد الماجد صاحب دریابادی کی خدمت میں تبصرہ کے لیے بھیجی گئی تو "صدق جدید" کے رسید کتب میں مولانا نے والد مرحوم کو اس طرح سے یاد فرمایا:

> "منشی، احمد حسین ایک مرحوم صدق نواز علیگ اور پہلے ڈپٹی کلکٹر پھر کلکٹر اور ضلع مجسٹریٹ کے قلم سے اسلام اور قرآن مجید کی دعوت و ترجمانی۔"

تعجب ہے کہ والد محترم کی وفات کے ۲۳ سال بعد تک مولانا کو ان کا خطاب یاد رہا۔

Marfat.com

ایف۔اے پاس کرنے کے بعد بی۔اے میں آئے تو انہوں نے انگریزی ادب کے
علاوہ عربی، فارسی اور اقتصادیات کے مضامین کا انتخاب کیا۔ عربی، فارسی اور انگریزی ادب
کے علاوہ انہیں علم اقتصادیات سے خصوصی لگاؤ اور دلچسپی تھی۔ پروفیسر ٹول (Prof.
Towle) جو علی گڑھ کے ایک نہایت نامی پروفیسر تھے، ان کی اس دلچسپی اور توجہ سے بہت
خوش رہتے اور کلاس میں ان کا بہت خیال رکھتے تھے۔ اپنی ایک سند میں انہوں نے والد
مرحوم کی بہت تعریف کی ہے۔ موصوف تحریر کرتے ہیں کہ: "یہ ایک اچھے خاندان کے فرد
ہیں۔ بلاشبہ ان کی تعلیم وتربیت نہایت اچھے ماحول اور اچھے ڈھنگ سے ہوئی ہے۔ چال چلن
بھی نہایت اعلیٰ درجہ کا ہے۔ کلاس میں خاموش رہتے ہیں اور پڑھنے لکھنے کے کاموں میں
توجہ اور استقلال کو ہاتھ سے جانے نہیں دیتے۔"

پرنسپل آرچ بولڈ نے بھی والدِ محترم کی تعریف کی ہے۔ اپنی سند میں ان کی تعریف
کرتے ہوئے لکھا ہے کہ: "ان کے طور طریقے بہت اچھے ہیں، محنتی طالب علم ہیں ان کا
تعلق ایک باعزت خاندان سے ہے۔" مندرجہ بالا اسناد کو والد محترم نے تاحیات حفاظت
سے رکھا ہے۔ یہ دونوں سندیں راقم کے پاس اب تک موجود ہیں۔

والد محترم ایک محنتی اور ذہین طالب علم تھے، ان کی ذہانت اور محنت کی وجہ سے ان کا
شمار گنے چنے طالب علموں میں ہوتا تھا۔ تمام اساتذہ کو یہ امید تھی کہ یہ طالب علم فرسٹ
ڈویژن سے پاس ہوگا۔ پرنسپل آرچ بولڈ کا بھی یہی خیال تھا بلکہ انہیں امید کامل تھی کہ یہ
اول درجہ میں کامیاب ہوں گے۔ اسی خیال سے بی۔اے کا نتیجہ شائع ہونے سے پہلے چند
طلباء کے بارے میں الٰہ آباد یونیورسٹی سے نتیجہ معلوم کیا تو پتہ چلا کہ احمد حسین صاحب چا
نمبر کی کمی کے سبب اوّل درجہ میں کامیاب نہ ہو سکے۔ پرنسپل موصوف کو بہت افسوس ہو
اور خود والد صاحب کو بھی بہت دنوں تک اس کا ملال رہا۔

والد مرحوم کی ملازمت بحیثیت اسسٹنٹ ہیڈ ماسٹر:

پرنسپل آرچ بولڈ والد محترم کے ساتھ بہت شفقت سے پیش آتے اور ان کو زندگ
میں کامیاب اور خوش حال دیکھنا چاہتا تھے۔ جب والد محترم نے بی۔اے پاس کیا تو صاحب

Marfat.com

موصوف نے ایسٹ انڈین ریلوے کے انگریز جنرل منیجر سے جو اس زمانہ میں ایجنٹ کہلاتا تھا، ملاقات کرائی جس نے دو سو روپے ماہانہ مشاہرہ پر کھگول، داناپور کے ریلوے اسکول میں انہیں اسسٹنٹ ہیڈ ماسٹر کے عہدہ پر مامور کردیا۔ والد مرحوم اس اسکول کے اوپر کے درجوں میں انگریزی اور تاریخ کا درس دیتے تھے۔ یہ پیشہ انہیں پسند تھا۔ ارادہ تھا کہ اقتصادیات میں ایم۔اے کر کے علی گڑھ میں معلمی کریں۔ یہاں اس کام کے لیے مناسب سہولتیں اور کافی وقت بھی مل جاتا تھا۔ ان کے عزیز شاگردوں میں ایک صاحب مسٹر لاہیری تھے جو بعد میں ایک اچھے اور نامور ڈاکٹر ہوئے۔ چند سال ہوئے قضا کر گئے۔ اگرچہ والد مرحوم کو معلمی سے دلچسپی تھی مگر ان کی والدہ محترمہ کو یہ نوکری پسند نہ آئی۔ وہ چاہتی تھیں کہ ان کا بیٹا کلکٹر بنے۔ اللہ نے ماں کی اس خواہش کو پورا کیا اور والد صاحب نے کلکٹر ہو کر پنشن پائی۔ ماں کے اصرار پر ڈپٹی کلکٹری کے عہدہ کے لیے درخواست دینے پر راضی ہوئے۔ اس زمانے میں بنگال گورنمنٹ کا قانون تھا کہ ڈپٹی کلکٹری کے انتخاب کے لیے درخواست دہندہ اسی ضلع کا باشندہ ہو جہاں سے وہ درخواست دے رہا ہے۔ جب والد مرحوم پٹنہ سے درخواست دینے لگے تو پیرٹ صاحب (M.Parrot I.C.S) سے مشورہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ''آپ پٹنہ سے درخواست نہ دیں ورنہ واپس کردی جائے گی۔ آپ اپنی درخواست کلکٹر مظفرپور کے یہاں داخل کریں کیونکہ مظفرپور آپ کا آبائی وطن ہے۔''

والد مرحوم کی ڈپٹی کلکٹری کے لیے نامزدگی اور تقرری:

موصوف کے مشورہ پر والد مرحوم نے اپنی درخواست مظفرپور کے کلکٹر کو دی۔ ان دنوں ترہت کمشنری میں چار اضلاع مظفرپور، چمپارن، سارن اور دربھنگا تھے۔ ہر ضلع کا کلکٹر امیدواروں سے انٹرویو لے کر تین کا نام منتخب کر کے کمشنر ترہت کے ہاں بھیجتا تھا۔ کمشنر ڈویژن ان تمام امیدواروں سے انٹرویو لے کر تین نام چن کر حکومت بنگال کو بھیجتا تھا۔ لفٹننٹ گورنر ان منتخب امیدواروں کی درخواست کی جانچ کر کے صرف ایک امیدوار کی تقرری کا حکم صادر کردیا کرتا تھا۔ اسی طرح جس کمشنری میں جتنے لوگوں کی ضرورت ہوتی ان کی تقرری عمل میں آتی۔ ۱۹۱۰ء میں جب مسٹر سید علی امام مرحوم نے (جو اس وقت 'سر'

Marfat.com

کے خطاب سے سرفرازنہ ہوئے تھے اور بیرسٹری کرتے تھے) والد مرحوم کے نتیجہ انتخاب کی بابت کمشنر ترہت، مسٹر گریر سے بذریعہ خط دریافت کیا، گریر صاحب نے اپنے مراسلہ مورخہ ۲۳ جولائی ۱۹۱۰ء کے ذریعہ اطلاع دی کہ مسٹر احمد حسین کا نام منتخب کرکے بنگال کی گورنمنٹ کو بھیج دیا گیا ہے اور ان کے متعلق یہ بھی لکھ دیا گیا ہے کہ وہ ترہت ڈویزن کے بہترین امیدوار ہیں۔ بعد ازاں ان کی تقرری کا حکم بھی صادر ہو گیا۔ والد مرحوم کے ڈپٹی کلکٹر ہونے کی خبر جب دشمنوں کو ہوئی تو ان کے خلاف لفٹیننٹ گورنر کے یہاں ایک درخواست دی اور اس میں لکھا کہ احمد حسین مظفرپور کے باشندے نہیں بلکہ پٹنہ کے رہنے والے ہیں اس لیے ان کی تقرری خلاف قاعدہ ہے اور اسے رد کر دیا جائے۔ والد مرحوم اس اعتراض کو غلط ثابت کرنے کی غرض سے لفٹیننٹ گورنر بنگال سے ملنے گئے جو ان دنوں دارجلنگ میں تھے۔ لفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کے وقت انہوں نے علی گڑھ کالج کے پرنسپل اور ضلع مجسٹریٹ مظفرپور کی سرٹیفیکیٹ کو پیش کیا جس سے یہ ثابت ہو گیا کہ والد مرحوم مظفرپور کے باشندے ہیں۔ حکومت بنگال کے چیف سکریٹری سے بھی مل کر تمام باتوں کی وضاحت کی اور اس طرح ایک سو روپیے ماہانہ مشاہرہ پر تقرری کا حکم بحال رہا۔ اور والد صاحب ۱۹۱۱ء سے ڈپٹی کلکٹری کے عہدے پر خدمت انجام دینے لگے۔ دستور کے مطابق ان کی تعیناتی ایک سال کے لیے مظفرپور اپنے آبائی ضلع میں ہوئی بعد ازاں اسی عہدے پر ان کا تبادلہ بالترتیب چھپرہ، ڈمکا، آرہ، سہسرام اور مظفرپور ہوا جہاں انہوں نے نہایت حسن و خوبی سے اپنی خدمات انجام دیں۔

آرہ رائٹ کیس:

۱۹۱۷ء میں والد محترم جب کہ سہسرام میں ڈپٹی کلکٹر تھے اسی سال شاہ آباد کے ایک گاؤں پیرو میں جو سہسرام اور آرہ کے بیچ میں واقع ہے، گاؤکشی کے بہانے سے ہندوؤں نے ایک خونریز فساد کیا، اس فساد میں مسلمانوں کا جانی و مالی دونوں حیثیت سے زبردست نقصان ہوا، ہندوؤں نے بلاامتیاز عورت، مرد، بوڑھے جوان اور معصوم بچوں کو تہہ تیغ کیا اور مال و اسباب لوٹا۔ مسلمانوں کو اب وہاں سے فرار ہونے کے علاوہ کوئی چارہ نہ تھا۔ مسلمان آرہ

Marfat.com

سہرام اور دیگر مقامات پر پناہ گزیں ہوئے۔ صدر مقام آرہ سے پیرو صرف تیس میل کی دوری پر ہے مگر پولس کی مدد وقت پر نہ پہنچ سکی اور بلوائیوں نے خوب آزادانہ خون ریزی برپا کی۔ دیگر مجسٹریٹوں کے ساتھ والد صاحب کو بھی وہاں بھیجا گیا جہاں انہوں نے پانچ دن قیام کیا اور امن وامان بحال کرنے میں مدد پہنچائی۔ بلوائیوں کی گرفتاری ہوئی اور ان پر ایک فوجداری مقدمہ بنام "آرہ رائٹ کیس" قائم ہوا۔ مسلمانوں نے بلوائیوں سے خائف ہو کر ان کے خلاف گواہی دینے سے گریز کیا جس کی وجہ سے محض چند مجرموں کو سزا ہوئی اور باقی بری کر دیے گئے۔ والد صاحب مرحوم کا کہنا تھا کہ اتنا بڑا منظم طور پر کشت وخون اس سے پہلے کبھی نہ دیکھا تھا۔ خود راقم نے بھی جو اس وقت تقریباً ۱۳ سال کا تھا اور سہرام میں اسکول کا طالب علم تھا، بہت سے مسلمانوں کی زبوں حالی دیکھی تھی جو ہندوؤں کے ظلم وستم کا شکار ہوئے تھے۔ بعدازاں اسی عہدہ پر والد محترم کا تبادلہ سہرام سے مظفرپور ہوا، جہاں انہوں نے نہایت حسن وخوبی سے اپنی خدمات انجام دیں۔

ہندوستان کی مردم شماری ۱۹۲۱ء میں:

۱۹۲۱ء کی مردم شماری میں حکومت بہار نے انہیں Superintendent Census, Patna Division مقرر کیا۔ Indian Census report (1921) میں ان کے کاموں کی بڑی تعریف کی گئی ہے۔ ۱۹۲۵ء میں بہار سرکار نے ان کی خدمات سے خوش ہو کر انہیں حاجی پور کے سب ڈویژنل مجسٹریٹ کی خدمات سپرد کیں۔

قیام حاجی پور:

اس زمانے میں حاجی پور سب ڈویژن نہایت ہی اہم سب ڈویژن خیال کیا جاتا تھا۔ یہاں کا سب ڈویژنل آفیسر صرف آئی۔ سی۔ ایس ہی ہوتا تھا۔ والد صاحب مرحوم کو ان کی قابلیت اور اہلیت کی بنا پر اگرچہ وہ آئی سی ایس نہ تھے، یہ عہدہ حوالہ کیا گیا۔ اور انہوں نے مسٹر شمشاد علی خاں آئی سی ایس سے حاجی پور سب ڈویژن کا چارج لیا۔ تین سال تک اس عہدے کی خدمت انجام دی۔ اپنی خدمات کو اس حسن وخوبی اور تندہی سے انجام دیا کہ دستور کے خلاف انہیں مزید ایک سال تک یہیں اسی خدمت پر رکھا گیا۔ ۱۹۲۶ء میں حکومت

Marfat.com

برطانیہ نے حاجی پور کے قیام کے دوران والد مرحوم کو "خان صاحب" کے خطاب سے سرفراز کیا۔ حاجی پور میں خدمات کی کثرت سے والد مرحوم تھک گئے تھے۔ آرام کی غرض سے چار ماہ کی رخصت لی اور اپنے عہدہ کا چارج Mr V.A. Davies I.C.S. کے حوالہ کر دیا۔ حاجی پور میں قیام کے دوران Co-operative Movement، جو خان بہادر محی الدین کے پنشن پانے کے بعد کمزور پڑ گیا تھا، والد مرحوم نے سرکاری حکم سے اس کو بہت فروغ دیا۔ حکومت بہار نے اپنی سالانہ رپورٹ میں جا بہ جا ان کی خدمات کی تعریف کی ہے۔ ۱۹۲۹ء میں چھٹیوں کے اختتام کے بعد والد مرحوم کی تقرری اورنگ آباد، ضلع گیا میں بحیثیت سب ڈویژنل مجسٹریٹ ہوئی۔

قیام اورنگ آباد تحریک قانون شکنی:

انہی دنوں کانگریس نے حکومت برطانیہ کے خلاف قانون شکنی کی تحریک چلائی جس میں نمک سازی کی تحریک بھی شامل تھی، قانون شکنی کی اس تحریک کو کانگریس نے پورے ہندوستان میں پھیلایا۔ اورنگ آباد اس تحریک سے بری طرح متاثر ہوا۔ یہاں اس تحریک کے روح رواں شری انوگرہ نراین سنگھ تھے جو بعد میں حکومت بہار کے وزیر خزانہ ہوئے۔ والد محترم کا خیال تھا کہ قانون شکنی کی تحریک کو روکنا، جو پورے ہندوستان میں پھیل چکی تھی، انگریزوں کے بس سے باہر کی بات ہے مگر بحیثیت مجسٹریٹ میرا یہ قانونی اور اخلاقی فریضہ ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اپنے علاقے میں امن وامان کو برقرار رکھیں، اور جو شخص قانون شکنی کا مرتکب ہو اسے مناسب سزا دی جائے۔ اس تحریک کے زمانے میں والد مرحوم نے بڑی حکمت عملی سے کام لیا۔ ایک طرف تو انہوں نے انگریزوں کو خوش رکھا اور دوسری طرف اپنے ہم وطنوں کو بھی انگریزوں کے ظلم وستم سے بچایا۔ مسٹر ڈبلو جونسٹن نے جو ضلع مجسٹریٹ اور کلکٹر تھے اور جنہیں لوگ "Wicked Johnston" کہتے تھے۔ اس تحریک کو دبانے کے لیے حکم دیا کہ جو شخص قانون شکنی کر کے کچہری کے احاطہ میں داخل ہو اسے قید کر کے سخت سزا دی جائے۔ والد محترم نے کچہری کے احاطہ میں کمی کرنے کی اجازت لے لی جو بہت وسیع تھا۔ اس کی حد بندی کرنے کے بعد چاروں طرف موٹے موٹے

Marfat.com

بانسوں سے گھیر دیا گیا اور کلکٹر موصوف کے حکم سے ہر طرف یہ نوٹس لگادی گئی کہ جو قانون شکن اس نئے احاطہ کے اندر داخل ہوگا اسے مجرم قرار دیا جائے گا اور سخت سزا بھی دی جائے گی۔ بابو انوگرہ نراین سنگھ والد کے دوستوں میں سے تھے اور والد محترم اس حقیقت سے واقف تھے کہ انوگرہ بابو کی گرفتاری سے عام لوگوں میں غم و غصہ کی لہر تیز تر ہو جائے گی۔ اس لیے انہیں کہلا بھیجا کہ بھائی آپ کچہری کے اس حلقے میں جو اب قائم کیا گیا ہے۔ ہرگز داخل نہ ہوں ورنہ ہم لوگوں کے تعلقات میں خلل پڑ جانے کا امکان ہے کیونکہ اس وقت جب آپ نئے احاطہ میں داخل ہوں گے تو ہمارا ادارہ آپ کی گرفتاری پر مجبور ہوگا۔ انوگرہ بابو نے والد محترم کے مشورہ پر عمل کیا اور نئے حلقے کے اندر داخل نہ ہوئے جب کلکٹر موصوف ان کی گرفتاری پر مصر ہوا تو والد محترم نے نہایت بے باکانہ انداز میں کہلا بھیجا کہ وہ قانون کی زد میں نہیں آتے، ہم مجبور ہیں۔ غرض ۔

باغباں بھی خوش رہے راضی رہے صیاد بھی

کی حکمت عملی پر گامزن رہے، اس زمانہ میں راقم اورنگ آباد میں موجود تھا اور اس نے ان ہنگاموں کو خوب دیکھا ہے۔

تحریک قانون شکنی کے خلاف کمیٹی کا انعقاد:

۱۹۳۰ء میں والد محترم کے مشورہ پر سول نافرمانی اور قانون شکنی کی تحریک کے خلاف ایک کمیٹی قائم کی گئی جس کا مقصد تھا کہ ایک ایسی تحریک چلائی جائے جو امن و قانون کی بحالی اور تحفظ میں معاون ہو چنانچہ ۳۰ جون ۱۹۳۰ء کو ایک کمیٹی Peace and Order Committee کے نام سے وجود میں آئی جس کے روح رواں سردار محمد اسلام تھے اور جنہیں بعد میں "خان صاحب" کے خطاب سے سرفراز کیا گیا۔ اس کمیٹی نے ۳ جون ۱۹۳۰ء سے اپنی مہم شروع کی۔ چھ ہفتوں تک اورنگ آباد کے ہر علاقہ میں اپنے مقصد کو عوام کے سامنے پیش کیا اور دونوں تحریکوں کے فوائد و نقصانات سے لوگوں کو آگاہ کیا۔ اگرچہ اس متوازی تحریک سے قانون شکنی کی تحریک رک نہ سکی مگر اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ جس شدت سے اس تحریک نے سر اٹھایا تھا بہت حد تک سرد پڑ گئی۔ سردار محمد اسلام

Marfat.com

نے اپنی کتاب "Six weeks - Propaganda in Aurangabad" کے دیباچہ میں ص نمبر:۶ پر والد محترم کی تعریف ان جملوں میں کی ہے:

ترجمہ: "بہت سے نازک موقعوں پر ان کے ٹھنڈے دماغ سے لیے گئے فیصلوں نے بہت سے ناموافق صورتوں سے بچالیا اور ان کی دلچسپی اور مدد نے ہم لوگوں کے جماعتی کاموں کی راہ بہت حد تک ہموار کردی۔"

قیام بھبھوا، پٹنہ، ہزاری باغ، رانچی اور ضلع مجسٹریٹ پٹنہ:

۱۹۳۱ء کے اواخر میں والد محترم کا تبادلہ بحیثیت سب ڈویزنل آفیسر بھبھوا ضلع شاہ آباد ہوا اور ضیاء اللہ خاں صاحب آئی سی ایس سے چارج لیا۔ یہ سب ڈیویزن بھی اہم سب ڈویزن تھا۔ انگریز یہاں کے لوگوں کو شر پسند خیال کرتے تھے۔ یہ علاقہ صوبہ متحدہ اور بہار کی سرحد پر واقع ہے ان دنوں یہ مقام جھگڑا، فساد اور غنڈہ گردی کا اڈہ بنا ہوا تھا۔ یہاں کے میلوں میں خصوصاً موھنیا کے میلے میں جو بد تمیزی اور غنڈہ گردی ہوتی تھی اس کو روکنے کے لیے والد محترم نے ایسا انتظام کیا کہ یہ سب حرکتیں بند ہو گئیں۔ یہاں کی آب وہوا بہت خشک ہے اور گرمی بھی خوب پڑتی ہے۔ والد محترم کو سب ڈویزن کے دورے میں، جس کا کرنا ناگزیر تھا، اتفاقاً لو لگ گئی اور سخت بیمار پڑ گئے۔ چھ ماہ کی چھٹی لی اور گھر چلے آئے۔ صحت یابی کے بعد گورنمنٹ بہار کے چیف سکریٹری سے مل کر کہا کہ میری تعیناتی اب مفصل سب ڈویزن میں نہ کی جائے۔ کام کی کثرت سے تھک گیا ہوں۔ مجھے کسی صدر سب ڈویزن میں بھیجا جائے یا سنیر ڈپٹی کلکٹر بنادیا جائے۔ چنانچہ ان کو ۱۹۳۳ء میں پٹنہ صدر کا سب ڈویزن افسر بنادیا گیا، بعد ازاں انہیں ۱۹۳۵ء میں اسپیشل مجسٹریٹ بناکر ہزاری باغ بھیجا گیا۔ ان دنوں ضلع ہزاری باغ میں اسپیشل مجسٹریٹ Section 30 کے مطابق سشن کے مقدمات کا فیصلہ کرتا تھا۔ یہاں دو برس قیام کے دوران والد محترم نے اسپیشل مجسٹریٹ کی خدمات کو نہایت حسن وخوبی سے انجام دیا جس کا اعتراف پٹنہ ہائی کورٹ نے بھی کیا ہے۔ یہاں دو برس کے قیام کے بعد ۱۹۳۷ء میں حج وزیارت کے لیے چلے گئے۔ حج سے واپسی کے

Marfat.com

بعد سنیئر ڈپٹی کلکٹر رانچی مقرر ہوئے۔ جہاں انہوں نے دو سال تک اس عہدے کی خدمات انجام دیں۔ اس کے بعد سینئر ڈپٹی کلکٹر ہو کر پٹنہ آئے اور ۱۹۴۱ء میں پٹنہ ضلع کے کلکٹر ہوئے۔ خان بہادر سید احمد علی خاں جو قطعہ تاریخ لکھنے میں خاص مہارت رکھتے تھے، ایک محبت آمیز خط میں مبارک باد کے بعد یہ قطعہ تاریخ درج کیا ہے۔

مسعود باد تازہ ترقی عزیز من (!)
از نصرت محمدؐ وافضال دادری
احمد حسین! از لب احمد شنو دعا
"باشد ترا زبسکہ مبارک کلکٹری"

۱۹۴۱ء

بہار شریف میں ہندو مسلم فسادات:

اسی زمانے میں بہار شریف میں ہندو مسلم فسادات ہوئے جس کو والد محترم نے اپنی حکمت عملی وخوش اسلوبی سے ختم کر دیا والد صاحب مسلمانوں کو اس فساد میں مظلوم سمجھتے تھے۔ فساد کے بعد گورنمنٹ میں سفارش کی کہ مسلمانوں کو اپنی حفاظت کے لیے بندوق کا لائسنس دیا جائے جس کو سرکار نے منظور بھی کر لیا اور کافی تعداد میں مسلمانوں کو لائسنس مل گئے۔ والد محترم نے جب ۱۹۴۱ء میں اپنی عدم صحت کی بنا پر تین سال قبل از وقت پنشن لے لی اور ضلع کا چارج مسٹر آرچر آئی سی ایس کے حوالے کیا تو مسٹر آرچر نے نہ جانے کس وجہ سے اور کن لوگوں کے مشورے پر بہت سے مسلمانوں کے لائسنسوں کو رد کر دیا جس کی وجہ سے مسلمانوں کے ہاتھوں سے اپنی محافظت کا سامان نکل گیا اور نہتھے ہو کر رہ گئے۔

والد مرحوم کی خوبیاں اور سرکاری خدمات:

والد مرحوم نے دوران ملازمت نہایت تندہی، ایمانداری اور سلیقہ مندی کے ساتھ اپنی خدمات انجام دیں۔ یہی وجہ تھی کہ انگریز اعلیٰ افسران خصوصاً گورنروں کی نگاہ میں بڑے عزیز تھے اور قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔ بہار کے تین گورنر سر ہنری وھیلر، سر جیمس سفٹن اور سر جون دھی ٹی توان کی شخصیت اور خدمات کی تعریفیں برملا کرتے

Marfat.com

تھے۔ والد محترم سر جمیس سفلن اور سر جون وھی ٹی کی ماتحتی میں کام کر چکے تھے اور یہ لوگ ان کی خوبیوں سے خوب واقف تھے۔ راقم بھی والد محترم کے ساتھ ان لوگوں کے یہاں جایا کرتا اور کئی مرتبہ گورنمنٹ ہاؤس میں گورنروں کے ساتھ کھانا کھانے کا شرف حاصل ہوا۔

والد محترم کو کتب بینی کا شوق:

طالب علمی کے زمانے سے لے کر بڑھاپے تک موصوف کو پڑھنے لکھنے کا ذوق وشوق رہا۔ دفتری مصروفیتوں کے باوجود کتب بینی اور مضمون نویسی کے لیے وقت ضرور نکال لیا کرتے تھے۔ عہدہ کے اعتبار سے ان کی ذمہ داریاں بھی کافی بڑھی ہوئی تھیں۔ حیرت ہے کہ ان ذمہ داریوں کی تکمیل کے ساتھ کس طرح وہ اپنے علمی ذوق وشوق کو پورا کیا کرتے تھے۔ ان کی مصروفیات کے پیش نظر یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ موصوف ایک سخت محنت کش انسان تھے۔ ان کے مضامین اردو اور انگریزی دونوں زبانوں کے رسالوں میں شائع ہوا کرتے تھے چنانچہ ان کا ایک مضمون انگریزی زبان میں بعنوان "اسلام اور جدید مسائل" کلکتہ کے جریدہ "نوادیدھن" میں ۳۰ جون ۱۹۴۳ء کی اشاعت میں شائع ہوا تھا جو بہت پسند کیا گیا۔

والد مرحوم کی خدا ترسی:

والد محترم ایک رحم دل اور خدا ترس انسان تھے۔ ایک معزز آفیسر ہونے کے باوجود منکسر المزاجی، غرباء پروری، اقربا نوازی، خلق ومروت، شفقت ومحبت، حسن سلوک، اپنی خوش گفتاری اور بذلہ سنجی کے سبب اپنے ہم عصروں میں ممتاز رہے۔ والد محترم ایک دین دار اور مذہبی انسان تھے، صوم وصلوٰۃ کی سخت پابندی کرتے تھے۔ آج سے تقریباً ۶۰ سال پہلے ایک مرتبہ بہار گورنمنٹ ہاؤس کی گارڈن پارٹی کے موقع پر مغرب کی نماز کا وقت آگیا تو والد مرحوم اٹھے اور کھلے میدان میں جاکر اذان پکار دی۔ مسلمان جو شریک جلسہ تھے والد صاحب کی اس دیندارانہ جرأت پر نماز کے لیے نکل آئے۔ ان آنے والوں میں آنریبل سر سید فخر الدین پہلے شخص تھے۔ اس زمانے میں سر فخر الدین مرحوم بہار کے پہلے وزیر تعلیم تھے۔ ان کا شمار بہار کی ممتاز شخصیتوں میں تھا، انہی کی امامت میں نماز ادا ہوئی اس لیے کہ موصوف مرحوم کی ہستی، ان کی مذہبیت، علمی صلاحیت، انسانیت، مروت ومحبت کی وجہ سے قابل رشک شخصیت تھی۔

Marfat.com

والد مرحوم کی بیعت، حج و زیارتِ مدینہ:

والد ماجد مرحوم نے بہ نفس نفیس حضرت حاجی وارث علی شاہؒ دیوا شریف ضلع بارہ بنکی کے دست مبارک پر بیعت کی سعادت حاصل کی اور ۱۹۳۷ء میں فریضہ حج ادا کیا اور زیارت مدینہ منورہ سے مشرف ہوئے۔ ۱۹۴۰ء میں ایگزبیشن روڈ پر ایک پختہ عمارت بنام "دارالسلام" تعمیر کرائی۔

والد صاحب کی موت:

اس مکان میں سات آٹھ سال قیام کرنے کے بعد ۸ جنوری ۱۹۴۸ء کو قضا کیا اور اب پھلواری شریف کے خانقاہی قبرستان میں آرام فرما ہیں۔ اپنی حیات ہی میں پھلواری شریف میں اپنے دفن ہونے کی اجازت حضرت سید شاہ امان اللہ سے لے رکھی تھی۔

والد صاحب کی اولاد:

والد محترم کی اولاد میں راقم کے علاوہ دو بھائی اور ایک بہن ہوئیں۔ منجھلا بھائی جس کا نام افضل حسین تھا ۱۹۲۶ء میں طالب علمی کے زمانے میں بعمر ۱۷ سال تپ دق کے مرض میں انتقال کیا۔ چھوٹے بھائی انور حسین سرکاری ملازمت میں تھے۔ ترقی کر کے چیرمین کمرشیل ٹیکسز ٹیربیونل ہوئے اور اس خدمت کے بعد ۵۸ برس کی عمر میں اپنے عہدہ سے پنشن پائی اور وکالت کا پیشہ اختیار کیا۔ ۱۹۸۴ء میں الیکٹریکل انجنیر کے آفس سے جو ریزو بینک کے پیچھے واقع ہے، ایگزبیشن روڈ پر واپس آرہے تھے کہ عین شاہ راہ پر ایک گائے نے سینگ ماری۔ موصوف گر پڑے اور کولھے کی ہڈی ٹوٹ گئی فوراً پٹنہ میڈیکل کالج اسپتال لے جائے گئے، لیکن موت کا کیا علاج، پانچ دن کے بعد اسپتال ہی میں ۲۲ جولائی ۱۹۸۴ء کو قضا کر گئے۔ راقم نے حکومت کو اس حادثے کی اطلاع دی اور استدعا کی کہ جو گائیں سڑکوں پر آوارہ پھرتی ہیں انہیں روکا جائے لیکن انتظامیہ نے کوئی توجہ نہ دی اور آج بھی گائیں اور جانوروں کا آوارہ پھرنا حسب معمول جاری ہے۔ مرحوم کے پس ماندگان میں دو لڑکے اور دو لڑکیاں ہیں۔ دونوں لڑکے اصغر حسین اور خالد حسین ڈاکٹر ہیں۔ آج کل اصغر حسین اسکاٹ لینڈ میں شہر ایڈنبرہ کے اپنے مکان میں مقیم ہیں اور ڈاکٹری کے عہدہ پر مامور ہیں۔ دوسرے لڑکے پٹنہ کے جنرل

Marfat.com

اسپتال میں ڈاکٹری کی خدمت انجام دیتے ہیں۔ بھائی مرحوم کی بڑی لڑکی میرے منجھلے لڑکے اکبر حسین سے بیاہی گئی ہے۔ چھوٹی لڑکی ڈاکٹر آفتاب احمد سے بیاہی گئی ہے۔ جنھوں نے اسکاٹ لینڈ میں بودوباش اختیار کرلی ہے اور وہیں ڈاکٹری کی خدمت پر فائز ہیں۔ راقم کی بہن فاطمہ مسٹر سید امین احمد آئی سی ایس سے بیاہی گئیں۔ ۱۹۶۱ء میں موصوف قضا کرگئے۔ بہن موصوفہ کے بطن سے تین لڑکے اور تین لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ تینوں لڑکے سید احسان احمد، سید احسن احمد اور سید حسن احمد ڈاکٹر ہیں۔ سب سے چھوٹے لڑکے سید حسن احمد شہر کنٹ، انگلستان میں بحیثیت شہری مستقل طور پر آباد ہوگئے ہیں۔ سید احسن احمد اور سید احسان احمد پٹنہ میں سرکاری ڈاکٹر ہیں۔ بہن موصوفہ کی بڑی لڑکی کی شادی ڈاکٹر کمال برکت اللہ مرحوم سے ہوئی تھی، جن کے چار لڑکے ہوئے۔ سب سے بڑے اعظم برکت اللہ نے بنگلہ دیش سے بہت امتیاز کے ساتھ انجینئرنگ کا امتحان پاس کیا اور آج کل امریکہ میں انجینئرنگ کی اعلیٰ تعلیم حاصل کررہے ہیں دوسرے لڑکے آصف برکت اللہ نے ڈاکٹری پڑھی اور بیرون ہندوستان ملازمت کے لیے جارہے ہیں۔ دو اور لڑکے انجینئرنگ کا امتحان دے رہے ہیں۔ منجھلی لڑکی کی شادی گروپ کیپٹن ڈاکٹر سید محمد اسامہ سے ہوئی جو ہندوستانی ایرفورس میں ڈاکٹر ہیں اور ۱۹۸۶ء میں انہیں حکومت کی طرف سے A.V.S Medal کا فوجی اعزاز ملا ہے ان کا ایک لڑکا معروف اور لڑکی ذکیہ دونوں ڈاکٹر ہیں۔ تیسری لڑکی کی شادی مسٹر یحییٰ وارث سے ہوئی جو پاکستان میں انجینئر کے عہدے پر مامور ہیں۔ ان کی اکلوتی لڑکی جن کا نام کوثر ہے لیڈی ڈاکٹر کا کام کرتی ہیں۔ راقم کو اولاد میں تین لڑکے پیدا ہوئے۔ بڑے لڑکے کا نام مقبول حسین ہے جو گورنمنٹ آف بہار مین اسسٹنٹ ڈائرکٹر اعداد و شمار (Statistics) ہیں۔ منجھلے لڑکے اکبر حسین انڈین آئل کارپوریشن میں منیجر (انجینئرنگ) ہیں اور تیسرے لڑکے ڈاکٹر اشرف حسین جو پہلے پٹنہ میڈیکل کالج اور نالندہ میڈیکل کالج میں پروفیسر تھے اور اب سعودی عرب میں ریاض میڈیکل کالج میں پروفیسر ہیں۔ مقبول حسین کی لڑکی شہناز حسین نے تواریخ میں بی۔اے (آنرس) پٹنہ یونیورسٹی سے پاس کیا ہے اور ان کے لڑکے طارق حسین نے ایم۔ایس۔سی کا امتحان طبقات الارض میں فرسٹ کلاس سے پاس کیا ہے۔

●●●

Marfat.com

نواں باب

ننھیال

مولوی محمد یحییٰ اور مسجد و مدرسہ سیف خان:

راقم کی ننھیال "محلہ مدرسہ" شہر پٹنہ ہے۔ نانا مرحوم کا اسم گرامی مولوی محمد یحییٰ تھا۔ آپ کے والد خان بہادر نعمت علی خاں نبی نگر ضلع مونگیر کے رہنے والے تھے اور صدر اعلیٰ کے جلیل القدر عہدہ پر فائز تھے۔ نعمت علی خاں صاحب کی اہلیہ کا نسبی سلسلہ نواب ہیبت جنگ اور دور جاکر نواب سیف خاں سے ملتا ہے جن کی شادی ملکہ ممتاز محل کی بہن سے ہوئی تھی وہ مغلوں کے دور میں بہار کے گورنر رہ چکے تھے۔ سیف خاں نے شہر پٹنہ میں دریائے گنگا کے کنارے ایک بڑی مسجد بنوائی تھی جو آج بھی مسجد سیف خاں کے نام سے مشہور ہے۔ سیف خاں نے یہ شاندار مسجد، جو پتھروں سے بنی ہوئی ہے، شاہجہاں کے عہد حکومت میں ۱۶۲۸ء میں تعمیر کرائی۔ اب تک یہ مسجد علاوہ پنج گانہ نماز کے شہر کی عید گاہ بھی ہے۔ جناب مولوی یحییٰ مرحوم نے نمازیوں کی سہولت کے خیال سے مسجد سے متصل سامنے ایک وسیع سائبان، جو مسجد کی پوری لمبائی کے برابر ہے، بنوایا اور اس کے آگے ایک بہت بڑے صحن کا اضافہ کیا، موصوف کے انتقال کے بعد امتدادِ زمانہ اور معقول دیکھ بھال نہ ہونے کی وجہ سے مسجد کی عمارت روز بروز زبوں حالی کا شکار ہوتی جارہی ہے۔ اس کے ایک گنبد میں شگاف بھی پڑ گیا ہے۔ تقسیم ہند اور آزادی کے بعد کے فسادات کی وجہ سے اس علاقہ میں مسلمانوں کی آبادی بہت گھٹ گئی ہے جس کے سبب نمازیوں کی تعداد بھی بہت کم ہوگئی ہے۔ اسی کے ساتھ پٹنہ کے مسلمان اس مسجد کی تحفظ اور مرمت سے غافل ہیں۔ ڈر ہے کہ کہیں بے توجہی کا شکار ہو کر کچھ عرصہ کے بعد یہ مسجد اپنی اصلی حالت میں نہ رہے۔

Marfat.com

سیف خاں نے اسی زمانہ میں مسجد کے قرب میں ایک مدرسہ بھی تعمیر کرایا۔ اس مدرسہ کی عمارت اپنے زمانے میں بڑی شاندار رہی ہوگی۔ اگرچہ اس کا کچھ حصہ ٹوٹ گیا ہے مگر اس کی طرز تعمیر اس کی گزشتہ شان و عظمت کی طرف آج بھی نشاندہی کرتی ہے۔

از نقش و نگار در و دیوارِ شکستہ
آثار پدیدست صنادید عجم را

اس مدرسہ میں ۱۳۰ طلباء اور تین مدرسین کے قیام کا انتظام تھا۔ مورخین کا خیال ہے کہ اس کی تعمیر بخارا کے مدرسوں کے طرز پر کی گئی ہے۔ اسی مدرسہ کی رعایت سے اس محلہ کا نام ''مدرسہ محلہ'' پڑ گیا۔

ہندوستان کی آزادی کی تاریخ میں اس مسجد کو ایک خاص مقام حاصل ہے۔ یہ مسجد آزادی کے سلسلے کے اکثر عملی اقدامات کا مرکز رہی ہے۔ اس زمانے میں یہاں اہل فکر و نظر، عظیم رہنما اور سیاستداں جمع ہوتے تھے، جلسوں کا انعقاد ہوتا اور مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا شوکت علی، مولانا محمد علی، بابو راجندر پرشاد اور گاندھی جی جیسے سیاسی رہنما یہاں کے جلسوں میں شریک ہوتے تھے اور اپنی تقریروں سے تحریک کو تقویت بخشتے۔ تحریک ترک موالات کے زمانے میں موسم سرما میں ایک جلسہ ہوا جس میں فیصلہ کیا گیا کہ ولایتی کپڑوں کا پہننا ترک کیا جائے۔ تقریروں سے متاثر ہوکر تقریباً پانچ سو افراد نے اپنے ولایتی کپڑوں کو اتار کر مسجد کے سامنے کے بڑے حوض میں ڈال کر جلا دیا۔ راقم نے ان منظروں کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔ تحریک آزادی کا عملی مرکز ہونے کی وجہ سے حکومت اس مسجد پر کڑی نگرانی رکھتی تھی۔ پولس افسران کے پاس دستخط شدہ وارنٹ ہر وقت رہتے تھے جس پر محض نام کا اندراج کر کے لوگوں کی گرفتاری عمل میں لاتے تھے۔ جو لوگ مسجد کے اندر ہوتے پولس افسران مسجد میں داخل ہوکر ان کو ہرگز گرفتار نہ کرتے۔ ایک مرتبہ کا واقعہ ہے کہ میرے ماموں زاد بھائی ڈاکٹر غلام امام نے جو علی گڑھ کے تعلیم یافتہ تھے، حکومت کے خلاف ایک جوشیلی تقریر کی۔ پولس باہر سے تقریر سنتی رہی، تقریر کے خاتمہ کے بعد دو دنوں تک باہر منتظر کھڑی رہی مگر داخل مسجد ہوکر انہیں گرفتار نہ کیا۔ آخرکار تیسرے دن ضلع مجسٹریٹ نے ان کے نام کا وارنٹ رد کر دیا۔ اس زمانہ میں پولس کو ہدایت تھی کہ عبادت گاہوں کے

Marfat.com

اندر داخل ہو کر لوگوں کو گرفتار نہ کریں۔

تعلیم، وکالت، فن موسیقی اور شاد عظیم آبادی:

مولوی محمد یحییٰ مرحوم کی تعلیم کلکتہ میں ہوئی وہاں انہوں نے انگریزی زبان پڑھی اور اس میں مہارت پیدا کی اور وکالت کی سند بھی حاصل کی۔ سر سید رضا علی مرحوم اپنی کتاب "اعمال نامہ" ص نمبر: ۹۴۔ ۹۳ پر تحریر فرماتے ہیں کہ "مولوی محمد یحییٰ صاحب پٹنہ کی دیوانی عدالت کے نامور وکیل تھے۔" ان کی وکالت خوب چلتی تھی۔ بڑے بڑے مقدموں میں وکیل رہتے تھے۔ خوب کماتے کھاتے اور فیاضی سے حاجت مندوں کی مدد کرتے۔ اپنی رہائش کے لیے مدرسہ کے احاطہ کے پیچھے جدید طرز کی پختہ عمارت تعمیر کرائی جواب تک قائم ہے۔ اس کے علاوہ مدرسہ کے تین کمرے جو اساتذہ کے لیے بنائے گئے تھے اس سے متصل ایک رہائشی مکان بنایا جو ان کے خاندان کے لیے زنانہ حویلی کا کام دیتا تھا۔ یہ مکان اب بالکل منہدم ہو گیا ہے اور اس کا نشان تک باقی نہیں ہے مگر مدرسہ کے وہ تین کمرے اپنی جگہ پر قائم ہیں۔

مولوی محمد یحییٰ مرحوم بانکی پور میں وکالت کرتے تھے۔ موصوف نے عدالت کی آمد و رفت میں سہولت کے خیال سے سبزی باغ میں ایک مکان خریدا جس میں کچھ تبدیلی کر کے ایک اچھا مکان بنالیا اور اس میں سکونت اختیار کیا۔ ہفتہ کے چھ دن اس مکان میں گزارتے، سنیچر کی شام کو محلہ مدرسہ والے مکان میں مع اہل و عیال چلے جاتے تھے، سوموار کی صبح کو سب لوٹتے اور وہ کچہری چلے جاتے تھے۔ تعطیلات کے ایام میں بھی مدرسہ پر قیام کرتے تھے۔ یہاں ان کے قیام کے دوران کوٹھی پر بڑی چہل پہل رہتی جیسے کسی تقریب کے موقع پر ہوا کرتی ہے۔ اس چہل پہل کی ایک وجہ تو یہ تھی کہ وہ موسیقی میں ماہر فن تھے۔ اس فن سے دلچسپی رکھنے والے پٹنہ کے علاوہ دور دور سے درس لینے آیا کرتے تھے۔ دوسری وجہ یہ تھی کہ موکل بھی مشورہ کے لیے آجایا کرتے تھے۔ تیسری وجہ یہ تھی کہ یہاں بزم سخن بھی ہوا کرتی تھی جس میں شاد عظیم آبادی جن سے ان کے بڑے دوستانہ تعلقات تھے ضرور شریک ہوتے۔ یہ مشاعرہ عام طور پر اصلاحی ہوا کرتا تھا کیونکہ یحییٰ اور شاد انگریزی

Marfat.com

تعلیم کے اثر سے شادیوں میں فضول رسومات اور بے جا اصراف کو روکنا چاہتے تھے۔ اسی جگہ مدرسہ اور گنگا کے پر فضا ماحول میں بیٹھ کر اردو شعر و شاعری پر تبادلۂ خیال کیا کرتے تھے۔ شاؔد مرحوم نے ان کی غزل کے مصرعہ پر خمسہ لکھا ہے۔

خوں رلاتا ہے کبھی دیدۂ پرنم اپنا — دل جلاتا ہے کبھی نالۂ پیہم اپنا
بیکسی حال کریں کس سے بیاں ہم اپنا — کوئی ایسا بھی نہیں ہے جو کرے غم اپنا
اس لیے کرتے ہیں ہم آپ ہی ماتم اپنا

انگریزوں سے تعلقات:

مولوی یحییٰ مرحوم کے انگریزوں سے بہت اچھے تعلقات تھے۔ ان کے ان خوش گوار تعلقات نے ہی انہیں اعزازی مجسٹریٹ کے عہدہ پر مامور کیا۔ اگرچہ اس وقت یہ قانون تھا کہ وکیل کو اعزازی مجسٹریٹ نہ بنایا جائے مگر کمشنر پٹنہ ڈویژن نے انہیں یہ شرف بخشا اور توجیہ یہ کی کہ موصوف فوجداری کچہری کے وکیل نہیں ہیں بلکہ دیوانی عدالت کے ہیں اس لیے انہیں اعزازی مجسٹریٹ مقرر کرنے میں کوئی قباحت نہیں ہے۔ غرض اس اعزازی عہدہ پر انہوں نے ۳۰ برس تک خدمت انجام دی۔ ان کے زمانے میں ایک انگریز کلکٹر مسٹر منگلس پٹنہ آیا۔ کچھ دنوں کے بعد موصوف سے کہا کہ مجھے پٹنہ کے مشہور اور تاریخی مقامات دکھا دیجئے۔ تاریخی مقامات کے سر فہرست مقبرہ ہیبت جنگ کا نام تھا۔ وقت معینہ پر مولوی یحییٰ مرحوم مسٹر منگلس کے یہاں گئے کہ اس کو تمام تاریخی مقامات دکھائیں۔ وہ تمام مقامات دیکھنے پر تو راضی ہوا مگر نواب ہیبت جنگ کے مقبرہ پر جانے سے انکار کر دیا کیونکہ نواب ہیبت جنگ نواب سراج الدولہ کے باپ تھے اور سراج الدولہ انگریزوں کے دشمن تھے۔ اگرچہ نواب ہیبت جنگ سے کوئی دشمنی نہ تھی مگر صرف دشمن کے باپ ہونے کی وجہ سے اس نے ان کا مقبرہ دیکھنے سے انکار کر دیا۔ اس سے اندازہ لگانا بیجا نہ ہوگا کہ انگریز نہایت کینہ پرور اور تنگ نظر ہوا کرتے ہیں۔ وکالت کا پیشہ کچھ خوش نام پیشہ نہیں رہا ہے، جناب محمد یحییٰ مرحوم اگرچہ وکالت کرتے تھے مگر اس پیشہ کی خامیاں ان میں بالکل نہ تھیں۔ وہ طبعاً رئیس، فیاض اور صوفی مشرب انسان تھے۔ صوم و صلوٰۃ کے پابند تھے۔ محلہ مدرسہ کے قیام

Marfat.com

کے دنوں میں نماز پنج گانہ پابندی کے ساتھ اسی مسجد سیف خاں میں ادا کیا کرتے تھے۔ رمضان المبارک کے مہینے میں نماز جمعہ قصداً یہیں پڑھا کرتے کیونکہ اس ماہ کے ہر جمعہ کو کسی جید عالم کو نوید دے کر بلاتے اور وعظ بیان کراتے تھے۔ رمضان المبارک میں روزہ داروں کے لیے افطار کا انتظام کرتے اور ختم تراویح کے دن ہر مقتدی کو اپنے ہاتھ سے قریب آدھ سیر شیرینی تبرکاً دیا کرتے تھے۔ والد مرحوم اس جشن ختم تراویح کا حال راقم سے اکثر بیان کرتے اور موصوف کی صفات حمیدہ کی تعریف کیا کرتے۔

مولوی محمد یحییٰ اور حضرت وارث علی شاہؒ:

مولوی محمد یحییٰ مرحوم بزرگان دین کو بہت عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ حضرت حاجی سید وارث علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ دیوہ شریف کے بہت معتقد تھے، انہی کے ہاتھ پر بیعت بھی کیا تھا۔ مرشد موصوف ان کو بہت عزیز رکھتے تھے۔ یہ ان کا تعلق خاطر اور محبت ہی کا نتیجہ تھا کہ اپنے پیرومرشد کی سوانح حیات پہلی مرتبہ منشی خدابخش صاحب وارثی متخلص بہ شائق دریابادی سے لکھوائی۔ یہ کتاب فارسی زبان میں ہے اور اس کا نام ''تحفۃ الاصفیا'' ہے۔ ۱۳۰۸ھ میں اس کتاب کو انڈین کرونیکل پریس بانکی پور سے چھپوا کر اپنے پیرومرشد حضرت سید وارث علی شاہ قبلہ عالم کی خدمت میں پیش کیا اور اسے تحفتاً تقسیم کرایا۔ مولوی محمد یحییٰ مرحوم جب بھی موقع پاتے بلاتکلف پیر کی خدمت میں حاضری دیا کرتے جس کا ذکر حیاتِ وارث میں مرزا محمد ابراہیم بیگ صاحب شیدا نے (ص:۳۸) کیا ہے۔ ملاحظہ ہو:

''مولوی محمد یحییٰ صاحب وارثی وکیل ورئیس عظیم آباد، جن کو حضور قبلہ عالم (حضرت سید شاہ وارث علیؒ) نے پابند وضع فرمایا تھا، اپنا ایک واقعہ بیان کرتے تھے کہ میں حسب معمول ایک اتوار کو مدرسہ والے مکان میں تھا کہ ناگاہ جناب انوار الدین شاہ صاحب مجذوب وسالک جن کو صوبہ بہار کامل اور صاحب حقائق جانتا تھا، تشریف لائے۔ میں نے چائے اور حقہ پیش کیا۔ اتفاق سے دونوں چیزیں قبول فرمائیں اور بکمال شفقت ارشاد ہوا کہ مولوی صاحب آپ کہاں گئے تھے؟ میں نے عرض کیا کہ ملا کی دوڑ مسجد، آستانہ بوسی کے

Marfat.com

لیے دیوہ شریف گیا تھا۔ فرمایا خوشا قسمت۔ وہ شیر خدا کا پوتا ایک نظر عنایت سے قطرہ کو دریا بنا دیتا ہے۔ مولوی صاحب میرے کاسہ گدائی میں اسی کا دیا ہوا ٹکڑا ہے۔"

موصوف کی خوش عقیدتی کا یہ عالم تھا کہ اپنے ایک بیٹے کا نام بھی غلام وارث رکھا تھا۔

انتقال:

مولوی محمد یحییٰ صاحب کا انتقال ۱۹۰۹ء میں ہوا۔ کچہری سے واپس آکر جب موکل سے بات کر رہے تھے کہ حرکتِ قلب بند ہو گئی اور قضا کر گئے۔ اپنے آبائی قبرستان مقبرہ نواب ہیبت جنگ، محلہ بیگم پور پٹنہ سیٹی میں دفن کیے گئے۔

سید وحید الدین اور ان کی اولاد، امداد امام اثر، فضل امام اور نانی مرحومہ:

سید وحید الدین صاحب مرحوم، مصنف "تحقیق حد مشرب سنیان" صدر اعلیٰ کے جلیل القدر منصب پر مامور تھے اور انہیں حکومت ہند نے شمس العلماء اور خان بہادر کا خطاب عطا کیا تھا۔ محمد سعید حسرت عظیم آبادی نے ان کی شان میں ایک قطعہ تاریخ کہا ہے جو "قسطاس البلاغہ" (ص: ۲۴۴، مطبوعہ احسن المطابع ۱۳۰۰ھ) میں درج ہے۔ وہ قطعہ تاریخ حسب ذیل ہے:

ای سید یگانۂ دوراں فرید عصر
کوہِ وقار بحر سخا معدنِ کرم
نامت ز آسماں شدہ نازل وحید دیں
وصف کمال تو نتوانم کنم رقم
از حضرت گورنر جنرل ترا خطاب
خان بہادر آمدہ ای صاحب ہمم
تاریخ ایں خجستہ خطاب مبارکت
بادا بتو خطابِ مبارک رقم زدم

۱۲۹۱ھ

میری نانی مرحومہ رشید النساء صاحبہ موصوف کی بیٹی اور شمس العلماء نواب امداد امام

Marfat.com

اثر مرحوم اور خان بہادر فضل امام صاحب کی بہن تھیں۔ جناب امداد امام آثر اپنی اعلیٰ تصانیف کی بدولت نہ صرف ہندوستان میں بلکہ ہندوستان سے باہر بھی اب تک مشہور ہیں۔ اردو ادب کا کون سا طالب علم ہے جو ان کے نام سے واقف نہیں۔ موصوف نے "کاشف الحقائق" جلد اوّل و جلد دوم کی تصنیف کر کے اردو ادب کے ذخیرہ میں لعیک بے بہا اضافہ کیا ہے۔ یہ کتاب ان کی تنقیدی صلاحیت اور وسیع و گہرے مطالعہ کا بین ثبوت ہے۔ سر سید رضا علی اپنی کتاب "اعمال نامہ" (ص:۹۹ پر) نواب موصوف کے متعلق یوں رقم طراز ہیں:

ان کی ذات میں بلا کی جامعیت موجود تھی۔ صاحب تصنیف تھے۔ شاعر تھے، فن زراعت میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ باغ اور درخت لگانے کا شوق تھا۔ طبیب بھی تھے۔ شکاری بھی اور نشانہ بہت اچھا لگاتے تھے۔ اپنا یہ شعر فخریہ پڑھا کرتے تھے۔

امروز من نظامی و خاقانی ام بدہر
نیورہ زمن بہ گنجہ و شرواں برابرست

نواب امداد امام آثر مرحوم کے ایک لڑکے جناب عابد امام زیدی عرصہ سے خدا بخش لائبریری میں ریسرچ کے کاموں پر مامور ہیں۔ موصوف نہایت باصلاحیت اور بہت خوب آدمی ہیں اور راقم ان کی بڑی قدر کرتا ہے۔ نانی مرحومہ کے دوسرے بھائی خان بہادر فضل امام کو بھی خدا نے عزت و شہرت سے نوازا تھا۔ موصوف عرصہ تک بنگال قانون ساز کونسل کے ممبر اور پٹنہ میونسپلٹی کے وائس چیئرمین رہے۔ سر سید رضا علی ان کے متعلق اپنی کتاب "اعمال نامہ" ص:۹۲ پر لکھتے ہیں:

"موصوف بڑی خوبیوں کے آدمی تھے، خوش مزاج، مہمان نواز، مغربی اور مشرقی دونوں تہذیبوں کے طریقوں سے واقف تھے، شہری زندگی سے دلچسپی، اخبار بینی کا شوق، انگریزی خوب بولتے تھے۔"

نانی مرحومہ کی سماجی، اصلاحی خدمات اور اصلاح النساء:

نانی مرحومہ کے والد شمس العلماء، خان بہادر وحید الدین ایک باوقار عالم و فاضل

Marfat.com

تھے اور مشرقی تہذیب و تمدن کے دلدادہ مگر روشن دماغ اور وسیع النظر انسان تھے۔ان کے گھرانہ میں علم وادب کا چرچا رہا کرتا تھا۔اسی ماحول میں میری نانی مرحومہ نے آنکھ کھولی اور اسی ماحول میں تعلیم و تربیت پائی جس کے اثر سے آپ ایک باشعور حساس اور ذہین خاتون ہوئیں۔اردو زبان وادب سے بھی آپ کو گہری دلچسپی اور واقفیت تھی۔موصوفہ کے زمانے میں مسلمانوں کا معاشرہ بہت بگڑا ہوا تھا۔عورتوں کی جہالت، توہم پرستی، شادی بیاہ کی غلط رسوم کی سختی سے پابندی نے معاشرتی نظام کو درہم برہم اور اقتصادی حالت کو بد سے بدتر کر دیا تھا۔عورتوں کو لکھانا پڑھانا عیب کی بات سمجھی جاتی تھی۔نانی مرحومہ نے ان خرابیوں کو بہت شدت کے ساتھ محسوس کیا اور اس نتیجہ پر پہنچیں کہ ان تمام برائیوں کی واحد وجہ عورتوں کی جہالت اور ناخواندگی ہے۔چنانچہ اس کے انسداد کے خیال سے سب سے پہلے عورتوں کی تعلیم کے لیے ایک مدرسہ قائم کیا جس کی نگرانی خود کیا کرتی تھیں۔مزید برآں ایک کتاب بنام "اصلاح النساء" دو جلدوں میں تصنیف کی تاکہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو سکیں۔کتاب کے دیباچہ میں وجہ تالیف ملاحظہ ہو:

> "اگر یہ سب باتیں نصیحت کے طور پر لکھی جائیں تو بڑا فائدہ ہوگا۔ان کے کہنے سے مجھ کو بھی خیال ہوا کہ ایک کتاب ایسی لکھیں جس میں ان رسموں کا بیان ہو جن کے باعث صدہا گھر تباہ ہو گئے، اور جو باعث فضول خرچ اور فساد کے ہیں، مگر مجھے یہ خیال بھی ہوا کہ ان باتوں کو نصیحت کے طور پر لکھنا میری حیثیت پر زیبا نہیں ہے بلکہ ان باتوں کو قصہ کے پیرایہ میں لکھنا ہر طرح سے مناسب ہوگا، یہ سوچ کر میں نے ان ہی کاموں اور جھگڑوں کو جو روزانہ ہر شریف خاندان میں ہوتے ہیں، فرضی نام رکھ کر لکھنا شروع کیا۔"

"اصلاح النساء" کا پہلا ایڈیشن ۱۸۹۴ء میں پٹنہ سے اور جدید ایڈیشن فیروز سنس لاہور سے ۱۹۶۸ء میں شائع ہوا۔یہ کتاب سماجی اصلاح کے علاوہ مسلمان معاشرہ کی جیتی جاگتی تصویر ہے۔یہ تصنیف مولانا نذیر احمد کی "توبۃ النصوح" اور "مراۃ العروس" کی طرح معاشرتی اصلاح کے لیے بہت شہرت رکھتی ہے اور عظیم افادیت کی حامل ہے۔نانی موصوفہ

Marfat.com

نیک طبیعت اور دیندار تھیں نانا مرحوم کے انتقال کے تقریباً دس سال کے بعد حج بیت اللہ کو گئیں اور حج کے بعد زیارت مدینہ منورہ سے مشرف ہوئیں۔

نانی مرحومہ اور خدا بخش لائبریری:

خان بہادر خدا بخش خاں، بانی خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری اور میرے نانا مرحوم میں دوستانہ تعلقات کے علاوہ سالہ بہنوئی کا بھی منہ بولا رشتہ تھا۔ موصوف خان بہادر میری نانی مرحومہ کو بہن کہتے تھے اور ایک بہن کی حیثیت سے ان کا بہت ادب واحترام کرتے تھے۔ نانی مرحومہ بھی ان سے بھائی کی طرح حسن سلوک سے پیش آتیں۔ نانی مرحومہ یہ بھی فرماتی تھیں کہ خدا بخش لائبریری میں جتنی نادر کتابیں ہیں اکثر و بیشتر چوری کر کے منگائی جاتی تھیں۔ خود خدا بخش خاں کا قول ہے کہ "کتابوں کے جمع کرنے کا ہنر تعزیراتِ ہند کے قانون سے بالاتر ہو جاتا ہے اور اس کو للکارتا ہے۔" اس قول کی روشنی میں انہوں نے اپنے کتابوں کی جمع آوری کے ذوق کی تکمیل کی۔ غرض جب بھی انہیں کسی نادر اور عمدہ کتاب کا سراغ ملتا تو پہلے اسے عاریتاً یا قیمتاً لینے کی کوشش کرتے، ناکامی کی صورت میں وہ کسی شخص سے اس کتاب کو چوری کرا کر منگا لیتے۔ جب ایسی کتابیں دستیاب ہوتیں تو اپنے گھر پشتہ والے مکان (جہاں اب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیولوجی ہے) سے ان کتابوں کو ٹوکری میں رکھ کر اوپر سے کچھ کھانے پینے کی چیز رکھوا کر نانی مرحومہ کے گھر سبزی باغ نوکروں سے بھجوا دیتے اور تحفظ کے خیال سے خود پالکی پر آتے۔ نانی موصوفہ اپنے نوکر کو کہتیں کہ دیکھو جو تحفہ کی ٹوکری خدا بخش کے یہاں سے آئی ہے پلنگ پر رکھ دو۔ نوکر رکھ دیتا۔ فرصت اور تنہائی کے وقت نانی ان کتابوں کو چھپا کر رکھ دیا کرتی تھیں۔ خان بہادر خدا بخش کبھی کبھی تو ان کتابوں کو چار یا چھ ماہ کے بعد جب کہ گرفت کے امکانات ختم ہو جاتے، منگوا لیتے یا خود آکر لے جاتے۔ نانی مرحومہ فرماتی تھیں کہ کبھی کبھی تو ایسی چوری کی ہوئی کتابوں کو تین تین سال کے بعد لے جایا کرتے تھے۔

عبد الغفور کا خمسہ چقندری:

چونکہ خان بہادر خدا بخش خاں C.I.E کا یہاں ذکر آگیا ہے، مناسب معلوم ہوتا

Marfat.com

ہے کہ پروفیسر عبدالغفور شہباز کا ایک خمسہ بعنوان "خمسۂ چقندری" ناظرین کے لیے درج کروں۔ یہ ایک انوکھی نظم ہے اور خان بہادر موصوف کے حیدر آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس مقرر ہونے پر لکھی گئی تھی۔ (ملاحظہ ہو ضمیمہ دوم، ص: ۹۲)

وفات نانی مرحومہ:

راقم کی شادی دسمبر ۱۹۳۰ء میں مسٹر ریاست حسین، بی اے (آکسفورڈ) بیرسٹر کی بیٹی فخر النساء سے ہوئی۔ نانی مرحومہ نے باوجود اپنی کمزوری اور ضعیفی کے نیورہ جاکر شادی میں شرکت کی اور یہ دیکھ کر بہت خوش تھیں کہ تقریب میں غلط رسومات اور بے جاباتوں کو بالکل موقع نہیں دیا گیا۔ اور یہ سب خرافات سے یکسر گریز کیا گیا ہے۔ نیورہ سے اپنے گھر واپس آئیں۔ طبیعت ناساز ہوئی اور کچھ دنوں علیل ہو کر مارچ ۱۹۳۱ء میں ۸۲ سال کی عمر میں انتقال کر گئیں۔ اپنے خاندانی قبرستان مقبرہ نواب ہیبت جنگ میں دفن کی گئیں۔

اولاد:

نانی مرحومہ کے بطن سے پانچ بیٹے اور پانچ بیٹیاں پیدا ہوئیں۔ سب سے چھوٹے بیٹے غلام مصطفیٰ اپنی کم سنی ہی میں تیراکی سیکھنے میں دریا میں ڈوب کر مر گئے۔ سب سے بڑے لڑکے مسٹر محمد سلیمان بیرسٹر ہوئے۔ بھوپال اور حیدر آباد میں ججی کے عہدہ پر رہے اس کے بعد مہاراجہ سندھیا کے اصرار پر گوالیار چلے گئے۔ وہاں تقریباً بیس سال تک میونسپلٹی لشکر گوالیار کے تنخواہ دار چیئرمین رہے۔ ان کے بڑے صاحبزادے ڈاکٹر غلام امام مرحوم ہندوستانی سیاست میں تاحیات سرگرمی سے حصہ لیتے رہے۔ پچاس سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ سلیمان صاحب کے دو اور لڑکے صفدر امام مرحوم اور اظہر امام مرحوم تھے۔ صفدر امام مرحوم ریلوے میں گورنمنٹ کی طرف سے لیبر انسپکٹر تھے۔ اظہر امام مرحوم شاعر تھے اور لیبر ڈیپارٹمنٹ ہی سے ان کا تعلق تھا۔ دوسری جنگ عظیم میں فوج میں بھی کام کیا تھا، نانی مرحومہ کے دوسرے لڑکے غلام مولیٰ ایک پر جوش مسلمان تھے۔ ترکوں کے بڑے ہمدرد اور جنگ بلقان کے دوران ترکوں کی تائید میں جلسہ کراتے جلوس نکالتے نیز مسجدوں میں ان کی فتح کے لیے دعائیں کراتے تھے ان کی شادی کلکتہ کے ایک امیر گھرانے میں ہوئی

Marfat.com

تھی اور زمیندارانہ زندگی بسر کرتے تھے چونکہ کلکتہ میں قیام تھا اس لیے مولانا ابوالکلام آزاد سے بہت اچھے تعلقات تھے۔ سر سید رضا علی مرحوم ''اعمال نامہ'' ص:۱۰۰ پر ان کے متعلق یہ تحریر فرماتے ہیں:

''غلام مولیٰ ۱۹۰۲ء میں پڑھنے کے لیے علی گڑھ آئے تھے
اور میرے بڑے دوست تھے۔ افسوس ہے کہ عین عالم شباب میں وہ
اس دنیا سے چل بسے۔''

ان کی اولاد میں صرف ایک لڑکی زندہ ہے۔ مولوی غلام مرتضیٰ صاحب نانی مرحومہ کے تیسرے لڑکے تھے۔ انٹرنس پاس کرنے کے بعد ان کے پاؤں میں فالج آیا اور چلنے پھرنے سے مجبور ہو گئے۔ تعلیم ترک کردی اور باپ سے ناراض ہو کر اپنے ایک دوست خلیل احمد عرف بندھو مختار ساکن محلہ سبزی باغ کے گھر چلے گئے۔ وہیں تجرد کی حالت میں تمام عمر گزار دی۔ آج سے ۳۰ سال پہلے جب سخت بیمار پڑے تو اپنے آبائی گھر محلہ مدرسہ جا کر انتقال کیا۔ مقبرہ ہیبت جنگ میں مدفون ہیں۔

مولوی غلام وارث صاحب نانی مرحومہ کے چھوٹے لڑکے تھے۔ اسکول کی تعلیم پٹنہ کالجیٹ اسکول میں ہوئی اس کے بعد اپنے بہنوئی سر عبدالرحیم کے یہاں گئے جو اس زمانے میں مدراس ہائی کورٹ کے جج تھے اور وہیں ۱۹۱۱ء میں پریسیڈنسی کالج مدراس سے بی اے کیا۔ اس موقع پر ان کی بہن نثار کبریٰ نے ایک نظم بعنوان ''مبارک باد بی۔ اے کی ڈگری'' لکھی جس کا مطلع یہ ہے: (خیالات کبریٰ ص:۱۱۵)

مبارک باد بی اے کی ڈگری، اور پھر جدوجہد لاکی
وکالت قوم کی کرنے لگو قانون داں ہو کر

بعد ازاں پٹنہ واپس آکر پٹنہ لا کالج سے B L کا امتحان پاس کیا اور وکالت کرنے لگے جو ان کا آبائی پیشہ تھا۔ دیوانی عدالت کے اچھے وکیل تھے اور انگریزی اچھی بولتے اور لکھتے تھے۔ ان کا قیام سبزی باغ کے اسی مکان میں رہا جس میں ان کے والد رہا کرتے تھے اور وکالت کیا کرتے تھے محمد شفیع داؤدی جو مظفر پور کے نہایت اچھے وکیل تھے تحریک آزادی میں وکالت چھوڑ کر کانگریس میں شامل ہو گئے۔ انڈین لیجسلیٹو اسمبلی سنٹرل دہلی کے ممبر

Marfat.com

رہے اور ہندوستان کے نمایندہ ہوکر لندن کے راؤنڈ ٹیبل کانفرنس میں شریک ہوئے۔ آخر میں پنڈت موتی لال نہرو سے سخت مخالفت کے باعث کانگریس سے الگ ہو گئے اور پھر وکالت شروع کردی۔ انہی کی صاحبزادی رابعہ خاتون سے مولوی غلام وارث صاحب کی شادی ہوئی۔ ان کے بطن سے دو لڑکے جمال وارث اور یحییٰ وارث پیدا ہوئے۔ جمال وارث تھائی ایرویز میں منیجر ہیں اور یحییٰ وارث اسلام آباد میں حکومت پاکستان کے محکمہ انجینئرنگ میں ایک بڑے عہدہ پر مامور ہیں۔ ان دو بھائیوں کے علاوہ دو لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ بڑی لڑکی طیبہ راقم کے چھوٹے بھائی انور حسین مرحوم سے بیاہی ہوئی تھیں اور ابھی باحیات ہیں۔ دوسری بیٹی سلطانہ مسٹر ولی احمد سے بیاہی ہوئی ہیں جو پاکستانی بحریہ میں ایک آفیسر ہیں اور کراچی میں آباد ہیں۔ سلطانہ ایم اے پاس ہیں اور کراچی میں آغا خاں میڈیکل فاؤنڈیشن کے ادارے میں لائبریرین ہیں۔ غلام وارث صاحب کا انتقال بمرض فالج ۱۹۵۴ء میں پٹنہ میں ہوا اور اپنے خاندانی قبرستان مقبرہ ہیبت جنگ میں مدفون ہیں۔ بہت خوب آدمی تھے، نہایت خوش مزاج تھے اور راقم سے بہت محبت کرتے تھے۔

نانی مرحومہ کی پانچ لڑکیاں نسیم النساء، نثار فاطمہ، نثار کبریٰ، کلثوم اور سب سے چھوٹی بیٹی راقم کی والدہ مرحومہ ہاجرہ تھیں۔

بی بی نسیم النساء:

بی بی نسیم النساء کی شادی سید محمد ہاشم ساکن باڑھ ضلع پٹنہ سے ہوئی۔ آپ متوسط طبقہ کے زمیندار اور کمشنری آفس میں محافظ دفتر تھے۔ سید ہاشم صاحب مرحوم اور پروفیسر عبدالغفور شہباز میں سمدھی کا رشتہ تھا اسی وجہ سے ان دونوں حضرات میں خوب ہنسی مذاق ہوا کرتا تھا۔ سید ہاشم صاحب بہت بڑی بڑی مونچھیں رکھتے تھے۔ اس پر پروفیسر شہباز نے ایک نہایت پر مذاق نظم لکھی جس کا عنوان "مونچھیں" ہے۔ ضمیمہ سوم ص:۹۶ پر پوری نظم ناظرین کے لیے پیش کی جارہی ہے۔ نسیم النساء مرحومہ کی تعلیم عربی، فارسی اور اردو میں بہت اچھی ہوئی تھی اور انہوں نے انگریزی پڑھنا لکھنا اپنے شوہر سے سیکھا تھا۔ انہوں نے اپنے گھر میں اردو اور قرآن پڑھانے کے لیے ایک مدرسہ قائم کیا تھا جس میں مسلمان

Marfat.com

لڑکیوں کو وہ خود پڑھایا کرتی تھیں۔ ان کی دو لڑکیاں اصغری بیگم اور عایشہ بیگم بہت پڑھی لکھی تھیں، دونوں نے بتیا ہاؤس گرلس اسکول پٹنہ سیٹی میں جو ۱۹۰۹ء میں قائم ہوا تھا، عرصہ دراز تک معلمی کی خدمت انجام دی تھیں۔ اصغری بیگم کو مضمون نگاری میں اچھی مہارت تھی۔ ان کی انشاء کا مجموعہ پٹنہ کے کسی پریس سے چھاپا گیا تھا۔ راقم نے آج سے پچاس سال پہلے اس کا مطالعہ بھی کیا تھا۔ مگر اب یہ مجموعہ نایاب ہے۔ موصوفہ کے صاحبزادے سید مہدی علی راقم کے رشتہ دار ہونے کے علاوہ نہایت عزیز دوست تھے۔ پہلے یہ ڈپٹی کلکٹر کے عہدہ پر مقرر ہوئے اور ترقی کر کے ڈائرکٹر آف انڈسٹریز ہوئے اس خدمت کے بعد حکومت ہند نے انہیں سعودی عرب کے سفارت خانہ میں فرسٹ سکریٹری بنا کر بھیجا۔ دو تین سال اس عہدہ پر کام کرنے کے بعد پٹنہ واپس آئے۔ وطن آکر بیمار پڑ گئے۔ دو سال بیماری کی حالت میں رہ کر آج سے آٹھ سال قبل انتقال کیا۔

نسیم النساء مرحومہ کی سب سے چھوٹی لڑکی جن کی شادی سید محمد حفیظ صاحب ساکن تلہاڑہ ضلع پٹنہ سے ہوئی تھی، شوہر کی زندگی ہی میں قضا کر گئیں۔ افسوس کہ ۱۹۴۶ء کے فساد میں ان کے شوہر محمد حفیظ اور ان کی دو بیٹیوں نے تلہاڑہ کے بلوائیوں کے ظلم کا شکار ہو کر جام شہادت نوش کیا۔ حفیظ صاحب کی شہادت کا تذکرہ ڈاکٹر کلیم عاجز نے اپنے دیوان کے دیباچہ میں کیا ہے۔ موصوفہ کے ایک اور داماد مسٹر سید سلطان احمد مرحوم تھے۔ راقم کے عزیز دوستوں میں تھے۔ انہوں نے انگلستان کی لیڈس یونیورسٹی سے معلمی کی اعلیٰ ڈگری (M.Ed) حاصل کی تھی اور عرصہ تک رانچی انٹرمیڈیٹ کالج کے پرنسپل رہے۔ ان کی سب اولاد پاکستان میں آباد ہیں اور اچھے عہدوں پر ہیں۔

سید محمد:

نسیم النساء صاحبہ کے ایک لڑکے جناب سید محمد پٹنہ کے ایک اچھے وکیل تھے۔ انہیں آثار قدیمہ سے بڑی دلچسپی تھی۔ انہوں نے پٹنہ شہر اور مضافات کی مسجدوں کو جا کر دیکھا، ان کی پیمایش کی، ان کے کتبوں کو پڑھا اور تفصیلات کی تحقیق کر کے قلم بند کیا۔ ان کا یہ مضمون ''جرنل آف بہار اینڈ اڑیسہ ریسرچ سوسائٹی'' میں چھپا۔ بعد ازاں اسی ادارہ نے اس کو

Marfat.com

کتابی شکل میں ترتیب دے کر اس کی طباعت کی اور بازار میں فروخت کیا۔ ان کا یہ ایک بے بہا کارنامہ ہے اور ہمیشہ ان کی یاد دلاتا رہے گا۔ تقریباً تیس سال قبل پچپاس سال کی عمر میں انتقال کیا۔ ان کے دوسرے لڑکے سید احمد نے، جن کی صحت برابر خراب رہا کرتی تھی، عین جوانی میں قضا کیا۔

نثار فاطمہ:

میری نانی مرحومہ کی دوسری لڑکی کا نام نثار فاطمہ تھا۔ یہ ایک اچھی پڑھی لکھی خاتون تھیں۔ اردو فارسی اور عربی کی تعلیم خود اپنی والدہ محترمہ سے حاصل کی اور انگریزی بھی جانتی تھیں۔ اگرچہ ان کے زمانے میں انگریزی پڑھنا لکھنا اچھا خیال نہ کیا جاتا تھا پھر بھی اپنے والد بزرگوار جناب یحیٰی صاحب سے انگریزی لکھنا پڑھنا سیکھا، لیکن مغربیت سے انہیں لگاؤ نہ تھا۔ موصوفہ بہت نیک مزاج، پردہ کی حامی اور اسلامی معاشرہ کی دلدادہ تھیں۔ فیاضی ان کی فطرت میں داخل تھی، اپنے عزیز واقارب کے علاوہ دوسرے لوگوں کا بھی بہت خیال رکھتیں اور بوقت ضرورت ہر طرح سے مدد کرتیں۔ حسب مراتب سب کی قدر کرتیں۔ موصوفہ کی شادی مسٹر عبدالرحیم بیرسٹر کلکتہ ہائی کورٹ سے ہوئی تھی، جو مدراس ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اور گورنر بنگال کے ایگزیکیوٹو کونسل کے ممبر ہوئے اور آخر میں بہت دنوں تک انڈین لجس لیٹو اسمبلی سنٹرل کے پریسڈنٹ رہے۔ سرکار برطانیہ نے ان کو K.C.S.I کے خطاب سے سرفراز کیا تھا۔ اپنے دور کے مسلمانوں میں نہایت قابل قانون داں گزرے ہیں۔ ان کی کتاب مسمّی: "The four Schools of Islamic Jurisprudence" کے مقابلے کی کوئی کتاب اب تک نہیں لکھی گئی۔ سر سید رضا علی مرحوم نے اپنی کتاب "اعمال نامہ" کے ص:۹۶ پر ان کا ذکر کیا ہے۔ تقسیم ہند کے بعد کراچی چلے گئے اور وہیں انتقال کیا۔ خالہ مرحومہ، لیڈی رحیم، نے اپنے شوہر سے دس سال پہلے قضا کیا اور دہلی میں نظام الدین اولیاءؒ کے قبرستان میں مدفون ہیں۔ لیڈی رحیم کو تین لڑکے اور دو لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ بڑی لڑکی مسٹر حسن شہید سہروردی، بیرسٹر کلکتہ ہائی کورٹ اور ہندوستان کے نہایت نامی مسلم لیڈر سے بیاہی گئی تھیں۔ چھوٹی لڑکی کی شادی کیپٹن انعام

Marfat.com

مجید سے ہوئی تھی جو برطانوی فوج میں کام کرتے تھے۔ اب دونوں داماد اور لڑکیاں زندہ نہیں ہیں۔ بڑے لڑکے مسٹر ضیاء الدین عبدالرحیم کلکتہ ہائی کورٹ میں بیرسٹری کرتے تھے اور عین جوانی میں قضا کر گئے۔ دوسرے لڑکے مسٹر جلال الدین عبدالرحیم آئی سی ایس تھے۔ تقسیم ہند کے بعد پاکستان چلے گئے۔ پنشن پانے کے بعد بھی پاکستان کی سیاست میں سرگرمی سے حصہ لیتے رہے۔ سب سے چھوٹے لڑکے قیصر رحیم پاکستان میں انجنیر ہیں اور آرام کی زندگی گزار رہے ہیں۔

نثار کبریٰ اور ان کی ادبی و سماجی خدمات:

نانی مرحومہ کی تیسری لڑکی نثار کبریٰ اپنی سب بہنوں میں زیادہ تعلیم یافتہ تھیں۔ ان کی شادی سید رضا کریم صاحب سے ہوئی جن کے والد سید عمر کریم صاحب مرحوم ساکن محلہ پتھر کی مسجد شہر پٹنہ کے ایک اچھے عالم گزرے ہیں۔ موصوف کے والد مولوی سید علی کریم مرحوم نے کنور سنگھ کے ساتھ مل کر ۱۸۵۷ء میں انگریزوں کے خلاف بغاوت کی۔ کنور سنگھ بیچارے تو لاپتہ ہوگئے اور سید عمر کریم مرحوم کے قصور کو انگریزوں نے معاف کردیا۔ موصوفہ محترمہ کے تین لڑکے اور دو لڑکیاں تھیں۔ بڑے لڑکے مسٹر سید محمد کریم نے ضلع جج ہو کر پنشن پائی ۱۹۸۸ء میں وفات پائی۔ دوسرے لڑکے سید انور کریم ۷۵ سال کے ہو کر ۱۹۸۵ء میں انتقال کر گئے۔ سب سے چھوٹے لڑکے مسٹر سید شوکت کریم کناڈا جاکر آباد ہوگئے ہیں۔ اور وہاں نہایت فارغ البالی سے زندگی بسر کر رہے ہیں۔ موصوفہ مرحومہ کی بڑی لڑکی کی شادی سر سید علی امام سے ہوئی۔ آپ بہت دنوں تک بہار لیجسلیٹو کانسل کی نامزد ممبر رہیں اور ہمیشہ اعزازی کاموں میں حصہ لیتی رہیں جس کی وجہ سے بہت شہرت حاصل کی۔ تقریباً ۵ سال پہلے قضا کیا اور پھلواری شریف کے قبرستان میں دفن ہوئیں۔ موصوفہ کی چھوٹی صاحبزادی خان بہادر ڈاکٹر ولی احمد سیول سرجن سے بیاہی تھیں اور چند سال قبل انتقال کیا۔ بیگم ولی احمد کی بڑی لڑکی عزیزہ بیگم مسٹر جسٹس سید نقی امام سے بیاہی گئی تھیں۔ کچھ عرصہ تک دہلی میں راجیہ سبھا کی ممبر رہیں اور اب تک سیاست میں حصہ لیتی رہتی ہیں۔ بیگم عزیزہ کی چھوٹی بہن بیگم ثریا کی شادی مسٹر محمد ابصار حسن قرنی آئی سی

Marfat.com

ایس سے ہوئی تھی۔ دونوں میاں بیوی نہایت نیک اور منکسر مزاج ہیں ان دنوں کراچی میں مع اپنے خاندان کے نہایت فارغ البالی سے زندگی بسر کر رہے ہیں۔ ان دنوں جدید طرز کی عورتیں مُردے کے قریب جانے اور جنازے کو غسل دینے سے بہت گھبراتی ہیں۔ لیکن راقم نے ثریا بیگم کو اس قسم کی باتوں سے بہت دور پایا۔ باوجود اس کے کہ وہ ایک آئی سی ایس کی بیوی ہیں اور جدید طرز سے زندگی گزارنے کی عادی ہیں۔ ۱۹۷۳ء میں جب راقم کی اہلیہ کا انتقال ہوا تو بغیر کسی تامل کے انہوں نے دیگر مستورات کے ساتھ اہلیہ مرحومہ کو غسل دیا۔ اس دور میں یہ ایک بڑی بات ہے اور راقم ان کے اس احسان کو فراموش نہ کر سکے گا۔

نثار کبریٰ مرحومہ نے اپنے میکے اور سسرال دونوں جگہ علمی ماحول پایا تھا۔ اس ماحول میں ان کی ذہنی پرورش ہوئی تھی۔ شعروشاعری کا بچپن سے ذوق تھا۔ معاشرہ نے شعروشاعری سے روکا لیکن جب کچھ زمانہ بدلا تو انہوں نے بھی شاعری شروع کر دی۔ ان کی شاعری کی اصل محرک "مسدس حالیؔ" اور "بانگ درا" ہے۔ انہوں نے اپنے شعری مجموعہ "خیالات کبریٰ" کے دیباچہ میں ص۹ پر اس کا ذکر اس طرح کیا ہے:

> "مسدس حالی میری راہبر ہوئی اور وسط عمر میں بانگ درا پہنچی۔ پھر تو میں ان دو کتابوں کی شیدا ہو گئی، اور اپنے وظیفہ کے جزدان میں ان کتابوں کو رکھنے لگی، ۱۹۳۴ء میں جب حج کے لیے گئی تو ان کتابوں کو ساتھ لے گئی، اور میدانِ عرفات اور مدینہ منورہ میں اس کی دعاؤں کو پڑھ کر خدا سے دعائیں مانگنے لگی۔"

موصوفہ کے دل میں محبت رسول بے انتہا تھی۔ جب مدینہ منورہ میں روضۂ اقدس کا دیدار ہوا تو اس سے متاثر ہو کر ایک نظم لکھی جس کے کچھ اشعار درج کیے جاتے ہیں:

حضوری میں حاضر ہوئے اس طرح　　تڑپ دل میں اور لب پہ آہ و فغاں
بہ گردِ مزارِ رسولِ خدا　　تصدق لگے ہونے خورد و کلاں
درِ پاک پر جب رسائی ہوئی　　درود مقدس تھا وردِ زباں

مرحومہ کو حالیؔ سے بڑی عقیدت تھی، چنانچہ حالیؔ کے صد سالہ جشن یادگار کے موقع پر انہوں نے ایک نظم بنام "حالی" لکھی جس کے کچھ اشعار پیش خدمت ہیں:

Marfat.com

سلطنت کھو کے مٹ چکے تھے ہم مردِ عاقل نے جان ڈالی ہے
ورد سے جس کے ہیں بھرے اوراق وہ مسدس وہ نظم حالی ہے
خفتہ مسلم کو کردیا بیدار ڈوبتی ناؤ کو سنبھالی ہے

اسی طرح علامہ اقبال سے بھی اپنی عقیدت مندی کا اظہار کیا ہے۔ ان کی نظم "یوم اقبال" کے چند اشعار ملاحظہ ہوں:

قلم اس کا یا بانگ درا ہے مجدد وقت ہے یا غوث ابدال
زباں شیریں ہے لہجہ پر اثر ہے مقابل میں نہیں ہیں جس کے امثال
قلم میں کب تیرے قدرت ہے کبریٰ ادا ہو وصف پوری حضرت اقبالؔ

علاوہ ازیں یہ شعر بھی خوب ہے جو بانگ درا سے دلی تعلق کا اظہار کرتا ہے، ملاحظہ ہو:

قلم میں سینکڑوں جنبش ہیں لیکن
پہنچ سکتے نہیں بانگِ درا تک

موصوفہ کے مزاج میں بڑی اعتدال پسندی تھی۔ وہ مغربی تہذیب کی کچھ قائل اور مقلد نہ تھیں اگرچہ وہ اس کی مخالف نہ تھیں تاہم اندھی تقلید کو ناپسند کرتی تھیں۔ وہ چاہتی تھیں کہ مشرقی و مغربی تہذیب میں ایسا امتزاج ہو جو اسلام اور اسلامی تہذیب کی منافی نہ ہو۔ پنجاب کے اردو زنانہ رسالہ میں ایک نظم دیکھی جس میں مشرقی تہذیب پر اعتراض کیا گیا تھا۔ اس کا ایک شعر ملاحظہ ہو:

زنِ ہندی تری پست خیالی نہ گئی سرمہ مسّی نہ گیا، پان کی لالی نہ گئی

اس کے جواب میں موصوفہ مرحومہ نے ایک نظم "نئی اور پرانی باتیں دونوں رہیں" لکھی۔ اس کے کچھ منتخب اشعار جو مجھے پسند آئے تحریر کرتا ہوں: (ص:۱۱۸)

سادگی طرز رہائش میں ارادوں میں بلندی
بوریا فرش ہو ہمت مگر عالی بھی رہے
شوق سے ملٹن وچوسر کی ثنا خوانی ہو
یادِ غالبؔ بھی رہے شبلیؔ وحالیؔ بھی رہے

Marfat.com

ترک اطوار سلف کلیتہً خوب نہیں
ڈھنگ اگلا بھی رہے چال نرالی بھی رہے

نانی مرحومہ کی چوتھی لڑکی کلثوم بیگم کی شادی سید نجم الحسن ولد سید بدر الحسن ظہوری سے ہوئی تھی۔ میاں بیوی میں ہمیشہ ناچاقی رہی کیونکہ دونوں کے مزاج میں بڑا تفاوت تھا۔ موصوفہ مرحومہ نے اپنی آخری بیس سال کی زندگی بھی بھانجی بیگم ولی احمد ساکن چوہٹہ شہر پٹنہ کے یہاں گزاری اور وہیں قضا کیا۔

والدہ مرحومہ بی بی ہاجرہ:

میری والدہ بی بی ہاجرہ نانی مرحومہ کی سب سے چھوٹی بیٹی تھیں۔ والدین نے انہیں بڑے پیار و محبت سے پالا تھا۔ خوش اخلاقی اور فرماں برداری کی بنا پر والدین کے علاوہ دوسرے لوگ بھی ان کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ سب سے پہلے نانی مرحومہ نے انہیں کلام پاک پڑھایا اس کے بعد انہوں نے موصوفہ سے اردو کی تعلیم حاصل کی اور اس زبان میں خوب اچھی مہارت پیدا کی۔ اس کے علاوہ کچھ فارسی زبان بھی پڑھی۔ والدہ محترمہ کو اردو ادب کے مطالعہ کا بڑا شوق تھا۔ جب تک زندہ رہیں اخباروں، رسالوں اور کتابوں کا مطالعہ کرتی رہیں۔ ان کی دلچسپی زیادہ تر ایسی کتابوں سے تھی۔ جن میں بزرگوں، عالموں اور درویشوں کا ذکر ہوتا۔ خواجہ حسن نظامیؔ، مولانا شبلیؔ، حالیؔ اور اقبالؔ کی تصانیف کو خوب ذوق و شوق سے پڑھا کرتی تھیں۔ خواجہ حسن نظامی کی شاید ہی کوئی ایسی کتاب ہو جو ان کی نگاہ سے نہ گذری ہو۔ مولانا شبلی کی کتاب "سیرت النبیؐ" کی کل جلدیں باری باری راقم کے ذریعہ یونیورسٹی لائبریری سے منگاتیں اور نہایت ذوق و شوق سے ان کا مطالعہ کرتیں۔ مولانا حالیؔ اور اقبالؔ کے اشعار کا خوب مطالعہ کیا تھا اور ان اساتذہ کے سیکڑوں اشعار ان کو بر زبان یاد تھے۔ دینی کاموں میں بڑی دلچسپی لیتی تھیں اور ان کا دل و دماغ مذہب سے بہت متاثر تھا۔ محبتِ رسولؐ دل میں گھر کر گئی تھی رسول اکرمؐ کی صفات حمیدہ کا ذکر مسلم و غیر مسلم خواتین سے نہایت ہی اچھے انداز میں اور خوب تفصیل کے ساتھ کیا کرتیں۔

Marfat.com

بیعت وحج اور زیارت مدینہ:

۱۹۲۰ء میں حضرت سید شاہ بدر الدین قادری مجیبی، سجادہ نشین خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف کے دستِ مبارک پر بیعت کا شرف حاصل کیا۔ حضرت سید شاہ بدر الدین صاحب کی حیات میں برابر پھلواری شریف جاتیں اور اپنے پیر و مرشد سے ملاقات کا شرف حاصل کرتیں۔ ان کے وصال کے بعد بھی اکثر پھلواری شریف جایا کرتی تھیں۔ تاحیات پھلواری شریف کی عقیدت مند رہیں۔ اسی عقیدت مندی کی بنا پر یہ وصیت کی تھی کہ مرنے کے بعد انہیں وہیں خانقاہ کے قبرستان میں دفن کیا جائے۔ چنانچہ ان کی وصیت کے مطابق عمل کیا گیا۔ ۱۹۳۷ء میں والد مرحوم کے ساتھ حج کیا اور مدینہ منورہ جا کر روضہ اقدس پر حاضری کا شرف حاصل کیا۔

مذہبی و سیاسی خیالات:

گرچہ والدہ مرحومہ کا دماغ مذہبی تھا مگر جب تحریک خلافت شروع ہوئی تو اس سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہیں، اس زمانہ میں سرکاری ملازمین اور ان کے خاندان کے افراد کو یہ جرأت نہ ہوتی تھی کہ کسی قسم کی انگریز مخالف تحریک اور جلسوں میں شریک ہوں، تاہم والدہ مرحومہ نے ایسی ہمت کی اور تحریک خلافت سے متعلق ایک جلسہ میں شریک ہوئیں۔ یہ جلسہ مولانا محمد شفیع داؤدی نے خود اپنے مکان واقع موتی جھیل مظفر پور میں مسلمان عورتوں کے لیے منعقد کیا تھا۔ جس میں مسٹر گاندھی نے بہت تفصیل کے ساتھ تحریک ترک موالات کے مقاصد کو بیان کیا۔ جلسہ کے اختتام پر چندہ کی وصولی ہوئی جس میں مسلمان عورتوں نے دل کھول کر چندہ دیا۔ بعض عورتوں نے تو اپنے بدن سے زیور بھی اتار کر مسٹر گاندھی کے قدموں میں ڈال دیا۔ لیکن والدہ مرحومہ ان کی باتوں سے بالکل متاثر نہ ہوئیں ان کی تقریروں کو غور سے سنا مگر ان کے بیان میں مسلمانوں کی فلاح و بہبود کا کوئی پہلو والدہ محترمہ کو نظر نہ آیا۔ ۱۹۴۷ء تک والدہ محترمہ کا یہی خیال رہا کہ کانگریس نے مسلمانوں کے ساتھ وہ نہیں کیا جو اسے کرنا چاہئے تھا۔ باوجود اس کے والدہ محترمہ تقسیم ہند کی سخت مخالف تھیں۔ ان کا خیال تھا کہ اس سے مسلمانوں کو کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ ان کو اس بات کا ڈر تھا کہ جو مسلمان

Marfat.com

ہندوستان میں رہ جائیں گے ان پر ہندو طرز زندگی غالب آجائے گی رفتہ رفتہ وہ احساس کمتری میں مبتلا ہو جائیں گے اور اسی طرح سے ایک قوم دوسری قوم میں ضم ہو جاتی ہے۔

والدہ محترمہ کی موت:

والدہ محترمہ کی زندگی میں دو سانحوں نے ان کے دل و دماغ اور صحت پر بہت خراب اثر ڈالا۔ پہلا دردناک سانحہ راقم کے منجھلے بھائی کی موت تھی۔ وہ بہت ہی ہونہار طالب علم اور سعادت مند لڑکے تھے۔ مرحوم نے میٹریکولیشن کا امتحان پٹنہ یونیورسٹی سے اوّل درجہ میں پاس کیا تھا اور مظفر پور جی۔ بی کالج میں انٹر سال دوم کے طالب علم تھے کہ تپ دق کے مہلک مرض میں مبتلا ہوئے اور تین سال بیمار رہ کر ۱۹۲۷ء میں انتقال کیا اور نواب ہیبت جنگ کے مقبرہ میں مدفون ہوئے۔ دوسرا سانحہ والد محترم کی موت تھی جو ۱۹۴۸ء میں ہوئی۔ ان دونوں واقعوں سے ان کی صحت روز بروز گرتی چلی گئی اور آخر کار سرطان جگر کے موذی مرض میں مبتلا ہو کر ۱۹۵۸ء میں قضا کیا۔ (ملاحظہ ہو ضمیمہ نمبر چہارم، ص:۱۹۸ ایک منظوم تعزیتی خط)

ورق تمام ہوا اور مدح باقی ہے
سفینہ چاہیے اس بحر بیکراں کے لیے

ضمیمۂ اوّل

بیان حسرت پر ملال در مفارقت حکیموائے باکمال

از نواب شمس العلماء امداد امام صاحب اثر

قطعہ بند

رنڈی کوئی دلخواہ نہیں ملتی ہے جس دم — آتا ہے مجھے یاد تو ہر بار حکموا
تو کھینچ منگاتا تھا بتادیتے تھے جس کو — تھا رنڈیوں کے گھر کا تو مختار حکموا

Marfat.com

عیاشوں کی تکلیف بیاں ہو نہیں سکتی
تجھ سا نہ ملے گا کوئی غم خوار حکموا

پر ان سے زیادہ ہے طوائف کا برا حال
ان کا نہ رہا کوئی طرفدار حکموا

تھا بس کہ نسیمنؔ کو تری ذات پہ تکیہ
اب گھر میں پڑی رہتی ہے بیکار حکموا

بھڑووں کی بھی روزی کی کوئی شکل نہیں ہے
مصریؔ کا بھی اب سرد ہے بازار حکموا

بن تیرے صبیرنؔ کو ذرا صبر نہیں ہے
غم میں ہے شہیدنؔ بھی گرفتار حکموا

غمناک رہا کرتی ہے دن رات بلاقنؔ
جینے سے بزارنؔ بھی ہے بیزار حکموا

میناؔ کو پر افشانی کی طاقت نہیں باقی
سکن کی بھی کھلتی نہیں منقار حکموا

درماندہ جو مندر ہے تو بدحال ہے حلقا
از بسکہ مدارنؔ بھی ہے نادار حکموا

شوال بھی عیدنؔ کے لیے ہے مہ رمضان
کچھ گھر میں ہو تب تو کرے افطار حکموا

امراؤؔ غریبنؔ کی طرح کیوں نہ ہو مفلس
جب اہل دول ہوں نہ طلبگار حکموا

خورشیدؔ بھی مہتابؔ بھی زہرہؔ بھی شب و روز
ہیں رنج کش چرخ ستمگار حکموا

جو عاشق مردہ کو جلاتی تھی مسیحنؔ
اب زیست اسے غم سے ہے دشوار حکموا

دیکھا جو کلوتنؔ نے برا رنگ فلک کا
تکیہ کی دوکان کی سربازار حکموا

ملاح کے گھر بیٹھ رہی جا کے ملیحنؔ
مرچاتیؔ نے کنجڑے کو کیا یار حکموا

خیرنؔ کی اب اوقات ہے خیرات کے اوپر
پیشہ سے نہیں اس کو سروکار حکموا

دانائی سے سبحانؔ لیے ہاتھ میں تسبیح
گردش کا کیا کرتی ہے اظہار حکموا

شیریںؔ میں نہیں نام کو باقی ہے حلاوت
پھیکے ہیں وہ لب جو تھے شرربار حکموا

جاتی رہی جانے سے ترے سب کی کمائی
اب ان کا نہیں کوئی مددگار حکموا

تھیں نوچیاں خوش حال جو اقبال سے تیرے
ہر نائکہ کرتی تھی تجھے پیار حکموا

یا تیرے زمانے میں وہ تھی کونسی رنڈی
جو تیرے سبب سے نہ تھی زردار حکموا

مسند پہ اڑی رہتی تھی تکیہ کی فقیرنؔ
کیا فیض رساں تھی تری سرکاری حکموا

نتنؔ کو جو مل جاتے تھے دس بیس ٹکے روز
بھکن بھی کما لیتی تھی دو چار حکموا

اب چرخ جفاکار کا انداز ذرا دیکھ
ہے درپئے ایذا یہ ستمگار حکموا

پٹی بھی نہیں اب رہی رنڈی کے کمر پر
ساڑی جو پہنتی تھی طرحدار حکموا

Marfat.com

وہ رنڈی کہ دو چار رکھا کرتی تھی پشواز
اس کے بھی بدن پر نہیں اک تار حکموا

اب پیٹ بجاتے ہیں جو تھے نامی طبلیے
فاقوں کی پڑی ان پہ ہے اب مار حکموا

سارنگیے دکانوں پہ بجاتے ہیں چکارے
ملنا انہیں دمڑی بھی ہے دشوار حکموا

بھانڈو کی جماعت میں چلا کرتی ہے جوتی
بانٹے میں کیا کرتے ہیں تکرار حکموا

ہیں دبلے کلانوت کے مثل سارے کلاترت
سنتا نہیں ان کی کوئی زنہار حکموا

جو بین کے ماہر تھے دو تارہ لیے دن بھر
دو پیسے کے گھر گھر ہیں طلب گار حکموا

قوال صدا پڑھتے ہیں دروازوں کے اوپر
قوالی بھی گئی ساتھ ترے یار حکموا

پھرتے ہیں لیے جنس ہنر تیرے گنی سب
پر ان کا نہیں کوئی خریدار حکموا

القصہ یہ ارباب طرب بس ہیں پریشاں
ہے سب ہی کو افلاس کا آزار حکموا

لے جلد خبر اب تو برا حال ہے ان کا
دم توڑ رہے ہیں سب ترے بیمار حکموا

ضمیمۂ دوم

خمسۂ چقندری

از: عبدالغفور شہباز

انسانی سرسبزی پر نباتاتی دنیا میں فطرتی شادمانی

نہ ہو حیدر آباد کیوں شادماں
کہ سرسبزی عدل کا ہے زماں
ہے فالیز میں خوش دلی کا سماں
ملی خربزے کو چھری سے اماں
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

ہو تربوز کیوں تیر غم کا ہدف
ہو گئے کی کیوں جانِ شیریں تلف

Marfat.com

ملیں کھیرے کیوں فرط حسرت سے کف کہ "راجس" کا نادر ہوا بر طرف
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

ہوا بند جور وتعدی کا گیٹ جمی باغ میں ہے خوشی کی پریٹ
بھرے اس کے احشا سے کیوں اب پلیٹ کٹھل کا ہے محفوظ پھٹنے سے پیٹ
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

وہ سفاک غم کی گئی خود سری کہ ہے سر پہ اب معدلت گستری
رہے کیوں نہ مغز خوشی سے بھری چپت سے بچی بیل کی کھوپڑی
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

کمس کو نہیں تھامتیں مکڑیاں نہیں مار کو مارتیں لکڑیاں
کدو سے چھری سنتی ہے پھکڑیاں ہیں کھیتوں میں اکڑی ہوئی ککڑیاں
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

خوشی سے چقندر کا ہے چہرہ لال ہے گاجر بھی چہرے پہ چھڑکے گلال
نہیں دل میں بیگن کے اصلا ملال بنیں کیوں نہ مطلع پہ سیمیں ہلال
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

ہر اک گام میں راہ مقصود پر چھری بھی چلی خط بہبود پر
چلی تیغ جب ظلم مردود پر خوشی کا چڑھا رنگ امرود پر
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

شگفتہ ہیں ہر سو خوشی کے ریاض کھلی ہے مسرت کی گلگوں بیاض
بڑھل پر کرے کوئی کیوں اعتراض کہاں اس کی صورت پہ وہ انقباض
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

کدو کے جو چہرے پہ ہے آب وتاب بھری اس نے تو بنے میں شاید شراب
خوشی پاس ہے دور ہے اضطراب علی الرغم کذلک ہے وہ کامیاب
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

نہ اب کیریاں دل میں رنجور ہوں عبث غم کے ہاتھوں نہ مجبور ہوں

Marfat.com

مصائب کے زخموں سے کیوں چور ہوں　　بڑی بات ہے دل میں مسرور ہوں
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

چڑھائے ہے ہر پھانک اپنی کماں　　چھپائے ہے ہر بیج نوک سناں
اگرچہ ہے نظروں سے ترکش نہاں　　نہیں دشمن خربزہ کو اماں
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

وکالت کرے گی چقندر کی بیر　　دکھائے گی مولی نظائر کا ڈھیر
ترازو پہ رکھ کر عدالت کا سیر　　خود انصاف تولے گا پتے کو پھیر
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

ستم کا ہے حال اب بہت ہی برا　　ہوا ظلم کا میان میں اب چھرا
کسیرو کا گھر ہے بھرا اور پُرا　　نہیں سر پہ پھرتا وہ اب استرا
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

ہے اس بات پر سب کا اب اتفاق　　کہ اب پھوٹ میں بھی ہے رنگ وفاق
نہ شق ہے جگر اور نہ جینا ہے شاق　　کہ ہے ناوکِ ظلم بالائے طاق
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

چنوں نے جو تھی حق سے فریاد کی　　کہ کچھ حد نہیں ہم پہ بیداد کی
تو دی حق نے اب وادیوں داد کی　　ہے کیا بات عدل خداداد کی
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

مٹر اور چنے ہیں ہرے اور بھرے　　خوشی ہے جلو میں ورے اور پرے
بلا ان کی اب بکریوں سے ڈرے　　یہ بکری میں طاقت کہاں جو چرے
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

نظر آتے ہیں باغ میں فالسے　　خوشی کی حلاوت سے خوشحال سے
ہیں ماموں یہ ظالم کے افعال سے　　کہ اس عہد میں ان کے اقبال سے
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

زرہ پہنے ہیں لیچیاں شاخ پر　　نہیں ان کو تیر حوادث سے ڈر

Marfat.com

نہ ہو کس طرح ان کو حاصل ظفر — کہ انصاف ہے آگے آگے سپر
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

وہ شفتالوؤں کی گئیں تلخیاں — بھریں رنگ عشرت نے شیرینیاں
خوش آیند سیبوں کی سرسبزیاں — دکھاتی ہیں گالوں پر اب سرخیاں
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

خوشی سے ہیں پھولے ہوئے رنگترے — مسرت کے رس میں ہیں نیبو بھرے
ہیں نارنج بھی رنج و غم سے پرے — عجب کیا چھری بھی دَم ان کا بھرے
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

نہیں ان کو اصلا غمِ روزگار — ہیں مارے خوشی کے یہ بے اختیار
ہیں دانتوں پہ یاقوت کی سی بہار — پڑے شاخ پر ہنس رہے ہیں انار
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

گئیں سر سے بیگن کے وہ خواریاں — مسلّم ہیں گھیئے کی سرداریاں
کہاں شلجم آلو کی اب ''کاریاں'' — کہ ہیں بے خطر ساری ترکاریاں
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

کریلے کا بیجا نہیں کچھ سرور — کہ ہے عیش اس کا تلخی سے دور
سمجھ کر کسی دن کمیت غرور — چڑھے گا یہ اب نیم پر بھی ضرور
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

جب ایما سے دہقانِ تقدیر کے — چقندر نے چے دی، کریلے نے بے
دیا جیم گاجر نے خرفے نے فے — دیئے سین کسرو نے، بھٹے نے ٹے
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

رہے جب تلک یاں ترازو پر سیر — ہو جب تک کہ منڈی میں سبزی کا ڈھیر
مذاقوں میں جب تک کہ میخوش ہو بیر — نہ ہوں کان اس لے کے سننے سے سیر
ہوئے چیف جسٹس خدا بخش خاں

(تفریح القلوب، ص: ۵۴ تا ۵۹)

Marfat.com

ضمیمۂ سوم

مولانا شہباز کے الجھے ہوئے خیالات

مونچھیں

(ان مونچھوں کا زیادہ تر بانکی پور پٹنہ سے تعلق ہے)

بڑھیں اس طرح جب مچھندر کی مونچھیں　　منڈیں کس لیے پھر قلندر کی مونچھیں
پڑی تاؤ کھاتی ہیں ہر خر کی مونچھیں　　عجب کیا اگر ریچھ بندر کی مونچھیں
بنیں بڑھتے بڑھتے سکندر کی مونچھیں

کسی روم میں ایک ریکارڈ کیپر[1]　　ہے بیٹھا ہوا اپنی کرسی کے اوپر
نہیں ڈر سے رکھتا چرٹ منھ کے اندر　　کہ پھیلا ہے کرسی پہ مونچھوں کا دفتر
محافظ ہیں خود اپنے دفتر کی مونچھیں

نکیلی کھنچی ناک کے زیر سایہ　　بڑھاتی ہوئی رعب و سطوت کا پایہ
سناتی ہوئی خوف و وحشت کا آیہ　　کبھی بالصراحہ کبھی بالکنایہ
ڈراتی ہیں ڈپٹی کلکٹر[2] کی مونچھیں

کمر میں نہیں گرچہ تلوار رکھتیں　　مگر پھر بھی اعدا کو ہیں مار رکھتیں
ہیں احباب کو عاشق زار رکھتیں　　لبوں پر بھی اک زعفراں زار رکھتیں
خوش اخلاقیوں سے کلکٹر کی مونچھیں

سرشام کوٹھی سے اپنی نکل کر　　اٹھاتی ہوئی دم بدم لطف منظر
لگاتی ہوئی لان کے گرد چکر　　بڑھاف کے ساتھ عمدہ فٹن پر
ہوا کھارہی ہیں کمشنر[3] کی مونچھیں

جواہر کی لڑیاں کہیں جھڑ رہی ہیں　　حریفوں پر چھڑیاں کہیں پڑ رہی ہیں

Marfat.com

نظیرون پہ آنکھیں کہیں گڑ رہی ہیں　　کتابیں پٹک کر کہیں لڑ رہی ہیں
کھڑی ہے کونسلی سے پلیڈر کی مونچھیں

کہیں چھانتی ہیں مے پرتگالی　　پروتی کہیں پرل کے ہیں لآلی
بنی ہیں کہیں حسن کے منہ پہ جالی　　سیاہی میں ہیں لب پہ ہاتھوں کی لالی
سٹیشن پہ ایجنٹ کلز کی مونچھیں

کہیں ذکر ہے گر زباں دانیوں کا　　کہیں وقت ہے گر ثنا خوانیوں کا
غرض معرکہ گر ہے لسانیوں کا　　پہنچ کر وہیں جلد ایرانیوں کا
پھریرا اڑاتی ہیں سنجر کی مونچھیں

ہوا قلب پر خوف عقبیٰ جو غالب　　چلا گھر سے عینو کی مسجد کی جانب
تھے عینو وہاں درزیٔ شاہ یثرب　　بڑھے لے کے مقراض قصواالشوراب
جو دیکھیں میرے منہ پہ کافر کی مونچھیں

وہ مونچھوں پہ لپکے میں داڑھی سے لٹکا　　کترنے لگے وہ دیا میں نے جھٹکا
کلا منھ پہ کرنے لگی کام نٹ کا　　اٹھ پھر تو مونچھوں نے داڑھی کو پٹکا
چبھونے لگیں نوک خنجر کی مونچھیں

نکل آئے لڑ بھڑ کے ہم ٹھنڈے ٹھنڈے　　اڑاتے ہوئے فتح و نصرت کے جھنڈے
بندھے گونہ مونچھوں میں عینو کے ڈنڈے　　وضو ہوگئے لیک تقویٰ کے ٹھنڈے
نہ جائیں جو مسجد ہو عنبر کی مونچھیں

ہو جلسہ وہ پٹنے میں یا لکھنؤ میں　　وہ ہو عشق زردار یا عشق ٹیں ٹیں
کہیں ہاتھ ناچیں کہیں پاؤں تھرکیں　　لب لعل سے ہونٹ طوطی کے مل دیں
الاپیں جو شہباز، حیدر کی مونچھیں

(خیالات شہباز، ص: ۶۴ تا ۶۶)

نوٹ:

۱۔ ریکارڈ کیپر　:　مولوی سید محمد ہاشم
۲۔ خوش اخلاق کلکٹر　:　اس کی مونچھیں زعفرانی رنگ کی تھیں۔

Marfat.com

۳۔ کمشنر، پٹنہ ڈویژن : بڑی بڑی مونچھیں رکھتا تھا۔
۴۔ کھڑی کونسلی : Mr. Percy Manuk (Standing Counsel)
۵۔ ایجنٹ کلرز ہوٹل پٹنہ جنکشن کی مونچھیں سیاہ تھیں۔
۶۔ سنجر : ایک ایرانی تھا جو بہت دنوں تک پٹنہ میں رہا۔
۷۔ عینو کی مسجد : پٹنے کی ایک مسجد ہے۔
۸۔ حیدر : ایک طوائف کا نام جس کی مونچھیں تھیں۔

ضمیمۂ چہارم

میجر سید محمد آغا حسن عابدی ساکن امراوتی، جو عرصہ دراز تک فارسی کے پروفیسر رہے تھے اور اپنے عزیزوں اور دوستوں کو منظوم خطوط لکھا کرتے تھے، میری والدہ محترمہ کی وفات کی خبر سن کر ایک منظوم تعزیتی خط لکھا جو حسب ذیل ہے:

ای عزیز محترم! اقبال با حزن وملال ۔ آپ کا نامہ ملا پڑھ کر کلیجا پھٹ گیا
تین سطروں میں لکھی تھی داستان مرگ ماں ۔ صفحۂ قرطاسِ ابیض صدمے سے کالا ہوا
کیا علالت تھی جو آئی اور ان کو لے گئی ۔ سختیاں جھیلیں اطبا سے نہ کچھ بھی بن پڑا
سنتے آئے ہیں قضا کے سامنے حاذق طبیب ۔ کور ہو جاتے ہیں پھر ان کو نہیں کچھ سوجھتا
موت کی ساعت مقرر ہے کبھی ٹلتی نہیں ۔ ٹال سکتا ہے بھلا کوئی کہیں حکم قضا
والدہ کا سر سے اٹھ جانا قیامت خیز ہے ۔ ان کی الفت اور عنایت یاد آئیں گی سدا
اس محبت سے بلائے گا کوئی کیوں آپ کو ۔ کس کے سینے میں سما سکتی ہے ماں کی مامتا
جنوری کی آٹھ کو اللہ کی پیاری ہوئیں ۔ چھوڑ کر سب کو، کیا آباد گوشہ قبر کا
سیر عالم سے ہوئیں وہ سیر تو جنت گئیں ۔ بھا گئی جب دل کو ان کے واں کی روحانی غذا
بھائی صاحب! ہے یہی دلدوز دنیا کا چلن ۔ جو یہاں آیا سویرے شام کو واپس ہوا
مستقل رہتا نہیں کوئی یہاں بازیب وزیں ۔ ہے حقیقت میں یہ دنیا سینچی اک سرا
حکم سے اسکے یہاں آئے، رہے، واپس گئے ۔ اس کے فرماں میں نہیں گنجائش چون وچرا
کون کہتا ہے بشر مختار کل ہے بھائی جان ۔ عقل کا یہ پھیر ہے فہم کی سہو وخطا

Marfat.com

موت کے آگے یہاں مختار بھی مجبور ہیں
جم سکندر اور دارا بھی یہاں ہیں بے نوا

آنے والے کے لیے جانا بھی ہوتا ہے ضرور
فیصلہ حق کا یہی ہے اور روشن ماجرا

کون سے گھر سے نہیں نکلا جنازہ بولیے
کون سی جا پر نہیں ہیں قدر دانانِ قضا

بر محل ایک بات یاد آئی تو لکھتا ہوں اسے
معذرت مقبول ہو پھر غور سے سنیے ذرا

پڑھ کے خط آنسو نکل آئے پرانے زخم دل
ایک دم تازہ ہوئے چرکوں پہ اک چرکا لگا

یک بیک مُردے نظر کے سامنے آنے لگے
باپ ماں بھائی بہن اولاد خویش و اقربا

عہد طفلی میں ہمارے باپ رخصت ہو گئے
ماں نے چھوڑا اس گھڑی جب میں کسی قابل نہ تھا

آنکھ کھلتے ہی پڑی کلے پہ سیلی خزاں
باپ ماں کے ناز کو آغا ترستا ہی رہا

آپ نے تو ان کی خدمت سے اٹھایا خوب فیض
آپ پر لطف و کرم مادر کا تا اندم رہا

مر گئے مادر پدر بھائی مرے بہنیں مریں
پانچ اولادیں چھنیں اب تین کو رکھے خدا

بچپنے میں اور جوانی میں سہے صدمے بہت
پھر بڑھاپے میں جواں موتوں سے بھی پالا پڑا

دل کے ٹکڑے اپنے ہاتھوں خاک میں پنہاں کیے
گود کے پالوں کو لادا دوش پر دفنا دیا

بچ گیا میں ہی اکیلا سب کو رونے کے لیے
موت نے صد حیف گھر بھر کا صفایا کر دیا

داغوں کی کثرت سے شکل دل مجدر ہو گئی
عمر تو بڑھتی رہی پر غم پہ غم کھاتا رہا

اب خوشی سے خوش نہیں رنج و الم کا غم نہیں
صدمے سہتے سہتے اب پتھر کلیجا ہو گیا

ہم نے جو چاہا نہ ممکن ہو سکا مجبور تھے
اپنی مرضی کچھ نہیں راضی ہیں جو اس کی رضا

ہے خدا خود قادر مطلق علیم و کارساز
ہے ہمارے حال سے ہم سے وہ بہتر آشنا

ذات اسکی ہے سراپا عدل سب عیبوں سے پاک
طینت آدم میں ہیں پوشیدہ نسیان و خطا

رحمت لطف و کرم اسکے ہیں بے حد و حساب
وہ وہی کرتا ہے جس میں ہوتا ہے اپنا بھلا

موت سے ڈرتے ہیں ہم اسکو مصیبت جان کر
ہے حقیقت میں مگر وہ رہبر ملک بقا

ہے بقا اللہ کو باقی فنا کے نذر ہیں
ہوں رسول و انبیاء یا اوصیاء یا اولیا

مرضی مولیٰ ہے اولیٰ ہے خدا رب رحیم
صبر کی تلقین ہے بیکار وہ خود آئے گا

اس جہاں میں دیکھ کر اوروں کو آجاتا ہے صبر
دل میں کہتا ہے بشر تنہا نہیں میں مبتلا

اس لیے انسان کو خود صبر کرنا چاہیے
آدمیت کا ازل سے ہے یہی تو مقتضا

Marfat.com

ہوتی ہے جنت یقیناً ماں کے پیروں کے تلے / انکے ہونے سے مکاں اقبال کا فردوس تھا
مندمل ہو جائے گا یہ زخم کچھ دن میں مگر / بھر نہیں سکتا خلا جو ان کے جانے سے ہوا
ساعت ادبار کے کٹنے میں کچھ دیری نہیں / جب کہ خود اقبال ہے دنیا کے اندر لابقا
اب دعا یہ ہے خدا ان کو کرے جنت نصیب / بہر سردار دو عالم اور فخر انبیاء
حق کی رحمت ان کے گرداگرد ہر اک دم رہے / نعمتیں ان کو ملیں جنت میں ہر صبح و مسا
دے خدا پس ماندوں کو صبر جمیل اجر جزیل / ایسا جب ابر کرم ان کے سروں سے چھٹ گیا
سورۂ الحمد پڑھ کر ان کے حق میں بخشیے / روح ان کی شاد ہوگی اور خوش ہوگا خدا
عالم بالا میں وہ پہنچیں نظر سے دور ہیں / کر نہیں سکتے کوئی خدمت ہم اب اسکے سوا
اس کو لکھتے لکھتے چکر کھا گیا میرا دماغ / ظلمت الفاظ کی ہیبت سے دل گھبرا گیا
بعد تھوڑی دیر کے تاریخ کا آیا خیال / مادہ کوئی نہ عبرت خیز مجکو مل گیا
سر جھکائے سوچتا تھا لفظ ملتے ہی نہ تھے / آئی میرے کان میں جنت سے آوازِ بکا
دست بستہ دم بخود سا سامنے آیا نظر / نور کی پوشاک پہنے حور وغلمان کا پرا
میں نے پوچھا کون سی افتاد تم پر پڑ گئی / کیوں اداسی چھائی ہے مجھ کو بتاؤ تو ذرا

رو کے رضواں نے کہا اقبال بے مادر ہوئے
انتقال پر ملال پاک طینت ہوگیا

۱۳۷۷ھ

غم زدۂ پُر ملال

عابدی منزل . شریک غمِ اقبال چہار شنبہ

۲۴-۶-۷۷ھ

امراوتی کیمپ دل خستہ ۱۵-۱-۵۸ء

(برار) اغـــــا

✪✪✪

Marfat.com

دوسرا حصہ

میری زندگی اور معاصرین

نیورہ خاندان کے ہائی کورٹ کے چھ ۶ جج

Marfat.com

پہلا باب

میری زندگی

پیدائش، بچپن، مکتب اور اسکول

(۱۹۰۵ء سے ۱۹۲۲ء)

میری پیدائش اور علالت:

۲۲/ نومبر ۱۹۰۵ء مطابق ۱۳ رمضان المبارک ۱۳۲۳ھ بروز منگل قریب چار بجے صبح مدرسہ سیف خاں میں راقم پیدا ہوا۔ نانا مرحوم نے مدرسہ مذکور کے تین کمروں کو اپنی زنانہ حویلی سے ملحق کر لیا تھا ان تین کے بیچ والے کمرے میں راقم کی ولادت ہوئی۔ شاہجہانی دور سے بہت دنوں بعد تک یہ جگہ نیک صفت بندوں، صوفیوں اور اہل علم اساتذہ کے قیام سے منور رہی تھی، راقم کو فخر ہے کہ اس کی پیدائش ایسی بابرکت جگہ اور ایسے مبارک مہینے میں ہوئی۔ خاندان کے افراد سے سنا ہے کہ راقم کا عقیقہ پیدائش کے ساتویں دن انجام پایا اور اسی دن سے اقبال حسین کے نام سے پکارا جانے لگا۔ دادی مرحومہ نے اس تقریب پر چاندی کا پیالہ، کجلوٹی اور جھنجھنا اور نانی مرحومہ نے چاندی کا گلاس، چمچہ اور طشتری دی۔ منجھلی خالہ لیڈی رحیم نے کلکتہ سے اون کے بنے ہوئے خوب صورت کپڑے اور دو چھوٹے کمبل، ایک اوڑھنے اور بچھانے کے لیے بھیجا۔ دادی مرحومہ کی خوشی کی کوئی انتہا نہ تھی کیونکہ میں ان کے اکلوتے بیٹے کا پہلا لڑکا تھا۔ نانی مرحومہ بھی اس خوشی میں برابر کی شریک تھیں۔ جب

Marfat.com

میں ڈیڑھ مہینے کا ہوا تو سردی لگ جانے سے دونوں پھیپھڑوں میں نمونیا ہو گیا۔ نانیہال اور دادیہال دونوں خاندانوں کی خوشیاں رنج و تردد میں بدل گئیں۔ نانا مرحوم دولت مند آدمی تھے، علاج و معالجہ میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ ڈاکٹر رام کالی اور ڈاکٹر اصدر علی خاں جو پٹنہ کے مشہور ڈاکٹروں میں تھے ان سے علاج شروع کرایا۔ اسی دوران پٹنہ کے انگریز سول سرجن کو بلا کر دکھایا جس نے بلا تامل کہا کہ بچہ موت و حیات کی کشمکش میں ہے اور اس کے بچنے کی کوئی امید نہیں۔ سب لوگ بہت مغموم تھے کہ شام کو نانا مرحوم کے دوست حکیم عبد الحمید صاحب جو پٹنہ کے مشہور طبیب تھے معمول کے مطابق ملاقات کے لیے آئے انہیں مغموم دیکھ کر وجہ دریافت کی۔ جواب میں نانا مرحوم نے فرمایا کہ آج میری سب سے چھوٹی بیٹی کا پہلا بچہ نہایت مہلک مرض میں مبتلا ہے۔ انگریز سول سرجن نے کہا ہے کہ اس کے بچنے کی کوئی امید نہیں ہے، اسے مردہ سمجھو۔ ماں مایوس ہو کر الگ جا بیٹھی ہے۔ حکیم صاحب نے کہا کہ زندگی اور موت کسی کے قابو میں نہیں مگر علاج تو میرے بس میں ہے۔ یہ کہا اور اپنی پالکی میں سوار ہو کر اپنے گھر واقع محلہ خواجہ کلاں گئے۔ آدھ گھنٹہ کے اندر ہی اپنے عطار کے ساتھ کچھ دوائیں لے کر واپس آئے اور علاج شروع کر دیا۔ حکیم صاحب اور عطار نے رات بھر میری دیکھ بھال کی، دوا کے ساتھ ساتھ دعائیں بھی کیں۔ رات بھر کے علاج کے بعد انہوں نے صبح کو چہرے کی بدلتی رنگت اور بہتری کو دیکھ کر فرمایا کہ اللہ نے چاہا تو بچہ اچھا ہو جائے گا۔ تیسرے دن بڑے اعتماد کے ساتھ کہا کہ بچہ اب رو بہ صحت ہے، تشویش کی کوئی بات نہیں، انشاء اللہ آٹھ دس دن میں بالکل تندرست ہو جائے گا اور ایسا ہی ہوا۔ نانی مرحومہ سے جو کچھ ہو سکا کیا۔ انہوں نے نوکر کو "کوڑا شاہ" کے پاس جو شہر میں مجذوب مانے جاتے تھے بھیجا کہ بچے کی صحت کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیں۔ نوکر کا بیان ہے کہ جوں ہی اس نے واقعہ بیان کیا، کوڑا شاہ نے ہاتھ اٹھا کر بآواز بلند فرمایا کہ انشاء اللہ وکیل کا ناتی بالکل اچھا ہو جائے گا اور اتنے دنوں تک زندہ رہے گا کہ اپنی زندگی سے گھبرا جائے گا۔ یہ پیشین گوئی حرف بہ حرف پوری ہوئی۔ آج راقم کی عمر تراسی ۸۳ برس کی ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ اب بھی تندرست ہے اور اپنے تمام کاموں کو خود انجام دیتا ہے۔ مگر اپنی طویل العمری سے بہت گھبرا گیا ہے۔

Marfat.com

حکیم صاحب نے ایک ماہ بعد نانا مرحوم سے کہا کہ انگریز سیول سرجن کو فیس دے کر بلایئے حکیم صاحب کی موجودگی میں سیول سرجن کو بلایا گیا اور میرے پھیپھڑوں کا طبی معائنہ کرنے کے لیے کہا گیا۔ معاینہ کے بعد اس نے بتایا کہ بچہ بالکل ٹھیک ہے۔ اس پر حکیم صاحب نے پوچھا کہ کیا اس بچے کو کبھی نمونیا ہوا تھا یا اس کا کچھ اثر ہے۔ سول سرجن نے کہا کہ نہ اس بچے کو نمونیا ہوا تھا اور نہ پھیپھڑوں پر اس کا کچھ اثر معلوم ہوتا ہے۔ حکیم صاحب نے ہنس کر فرمایا کہ یہ وہی بچہ ہے جس کے بارے میں آپ نے ڈیڑھ ماہ قبل کہا تھا کہ اس کو مردہ سمجھو۔ کیا آپ کا پیشہ اور عقیدہ ایسی باتیں کہنے کی اجازت دیتا ہے؟ سول سرجن نے اپنی غلطی محسوس کی اور شرمندگی کے ساتھ معذرت کی۔

میری پرورش، بچپن کے احوال اور منجھلے بھائی کی پیدائش:

۱۹۰۷ء میں میرا منجھلا بھائی پیدا ہوا جس کا نام افضل حسین رکھا گیا۔ ۱۹۱۱ء تک ہم دونوں بھائیوں کا بچپن ایک ساتھ نہایت ہنسی خوشی سے نانیہال اور دادیہال میں گذرا۔ راقم کی نگہداشت بی بی مجیبن کے سپرد ہوئی۔ مرحومہ ایک اچھے خاندان سے تعلق رکھتی تھیں۔ ان کے بڑے بھائی مولوی سراج الدین صاحب مرحوم داناپور میں پیشکار تھے۔ بی بی مجیبن کے لڑکے نصیر الدین مجھ سے سات سال بڑے تھے۔ جو ایم۔اے اور بی۔ایل کے امتحانات پاس کر کے وکیل ہوئے۔ موصوفہ کو میں دادی کہا کرتا تھا کیونکہ وہ میری دادی مرحومہ کے ساتھ ہی اٹھتی بیٹھتی تھیں۔ میرے چھوٹے بھائی کی دیکھ بھال کے لیے بی بی کنیزن مقرر تھیں۔ یہ بھی ایک شریف خاندان کی فرد تھیں۔ ۱۹۶۷ء میں حج و زیارت سے بھی مشرف ہوئی تھیں۔ ان کی بڑی بہن کے پوتے آج کل دہلی میں ٹاؤن پلینر (Town Planner) ہیں۔ بی بی مجیبن مرحومہ راقم کے کھانے پینے اور جسم کو صاف رکھنے کا بہت خیال رکھتی تھیں۔ والد صاحب کی تاکید کے مطابق ہم دونوں بھائیوں کو الگ الگ پلنگ پر سلایا جاتا تھا اور دونوں خواتین ہماری پلنگ کے بغل میں اپنی اپنی چارپائیوں پر سویا کرتی تھیں۔ راقم کو بچپن سے مٹھائیاں کھانے کا شوق ہے۔ مجیبن دادی مجھے ناشتے میں کچھ میٹھی چیز اور دن کے کھانے کے بعد کوئی نہ کوئی مٹھائی ضرور دیا کرتی تھیں۔ نیورہ گاؤں کا حلوائی کشور خشک گلاب

Marfat.com

جامن بہت اچھا بناتا تھا جس کو راقم بہت شوق سے کھاتا تھا۔ گرمیوں میں کرتے پائجامے کا استعمال ہوتا مگر جاڑوں میں والد مرحوم کلکتہ سے White - ways کے یہاں سے ہم لوگوں کے لیے اونی کپڑے ہر سال منگایا کرتے تھے۔ راقم کو نارفوک کوٹ (Norfolk Coat) اور اس کے ساتھ پہننے کا پتلون بہت پسند تھا۔ اس لیے میرے شوق کے مطابق ایسا سوٹ ضرور منگایا جاتا۔ مجھے انگریزی لباس بچپن ہی سے پسند ہے اور آج کل بھی یہی لباس پہنتا ہوں۔ شادی بیاہ اور مذہبی تقریبات میں شروانی اور پائجامہ استعمال کرتا ہوں۔

نیورہ کا مکان اور میرے کھیل:

میرا نیورہ کا مکان بہت بڑا تھا۔ زنانہ اور مردانہ حصہ الگ الگ تھا۔ مردانہ حصہ کے ساتھ ساتھ ایک پائیں باغ تھا جس میں آم، لیچی، امرود اور شفتالو وغیرہ کے درخت تھے۔ ہمارے کھیلنے کے لیے باغ میں کافی جگہ تھی۔ اس کے علاوہ اسی حصہ میں اک وسیع آنگن تھا جہاں ہم لوگ طرح طرح کے کھیل کھیلا کرتے تھے۔ آج کل ہر جگہ شہر ہو یا دیہات فٹ بال، کرکٹ اور والی بال کا عام رواج ہے لیکن راقم کے بچپن میں دیہات کیا شہر میں بھی لوگ ان کھیلوں کے نام سے واقف نہ تھے۔ کبڈی، آنکھ، مچولی، گلی ڈنڈا، گولی اور پتنگ بازی یہ ہی کھیل تھے جسے عام طور سے شہر اور دیہات میں بچے اور جوان کھیلا کرتے تھے۔ راقم بھی بچپن میں انہیں کھیلوں سے دل بہلایا کرتا تھا۔ ہمارے کھیل کے ساتھیوں میں نوکروں کے بچے اور ہمارے دو رشتہ دار نظام الدین اور منظور الدین تھے۔ ایک مرتبہ کا واقعہ ہے کہ سر علی امام صاحب یکایک راقم کی پردادی صاحبہ سے ملاقات کے لیے آپہنچے۔ ہم لوگ گولی کھیلنے میں مصروف تھے۔ وہ دیکھ کر مسکرائے۔ جب میری نظر پڑی تو ہم سب لوگ فوراً کھیل بند کر کے مؤدبانہ کھڑے ہو گئے۔ موصوف نے کہا کھیل کیوں بند کر دیا۔ یہ کھیل تو ہم بھی اپنے بچپن میں کھیلتے تھے، شرم کی کوئی بات نہیں۔ راقم کو پتنگ اڑانے کا ڈھنگ نہ تھا مگر شوق ضرور تھا۔ میں نوکر کو پتنگ اور ڈور دے دیتا، وہ پتنگ کو فضا میں خوب بلند کر دیتا اور جب وہ آب و تاب سے اڑنے لگتی تو میرے حوالے کر دیتا۔ میں لطف لے کر اڑاتا۔ جب دو چار بار ڈوریاں کھینچ تان کرتا تو پتنگ اپنے قابو سے باہر ہو جاتی اور زمین پر آنے لگتی نوکر پھر سنبھال کر فضا میں

Marfat.com

بلند کرتا اور مجھے دے دیتا۔ اس طرح یہ تماشہ کچھ دیر تک جاری رہتا۔ گنگا کے کنارے سیف خاں کی مسجد کے سامنے ایک بڑا میدان ہے جہاں میرے بچپن میں پتنگ بازی کا مقابلہ ہوا کرتا تھا۔ اس مقابلہ میں ماہرین فن اپنی پتنگ بازی کے فن کا مظاہرہ کرتے۔ راقم ان مظاہروں کو بڑی دلچسپی سے دیکھا کرتا تھا۔ کیونکہ اس مقابلے میں اکثر روساشہر خود بھی پتنگ اڑاتے اور فن کاروں کو انعام واکرام بھی دیتے تھے۔

میرا پٹنہ آنا اور وہاں کا قیام:

انسانی فطرت ہے کہ وہ یکسانیت سے گھبرا جاتا ہے۔ خصوصاً بچے تو ہمیشہ خواہش مند رہتے ہیں کہ سیر و تماشہ کے لیے مختلف مقامات پر جائیں اور نئی نئی چیزوں کو دیکھیں۔ ہماری یہ خواہش والدہ مرحومہ کے پٹنہ آنے جانے سے پوری ہو جایا کرتی تھی۔ والدہ مرحومہ کا یہ معمول تھا کہ ایک دوماہ پر اپنے والدین سے ملنے کے لیے پٹنہ ضرور آتیں اور اپنے پہنچنے کی تاریخ سے اپنے رشتہ داروں کو پہلے سے مطلع کر دیا کرتی تھیں۔ وہ لوگ بھی خوشی سے ان کے آنے کے منتظر رہا کرتے تھے۔ ہم لوگ نیورہ سے پٹنہ بذریعہ پالکی گاڑی جایا کرتے تھے۔ سیتارام ساکن باقر گنج شہر پٹنہ کے پاس ایک فٹن اور ایک عمدہ پالکی گاڑی بھی تھی جن کے گھوڑے بڑے تیز رفتار تھے۔ اچھے اچھے لوگ اپنی آمد ورفت کے لیے اس کی گاڑیوں کا ہی استعمال کیا کرتے تھے۔ جب ہم لوگوں کو پٹنہ آنا ہوتا تو اس کو خبر کر دی جاتی اور وہ وقت مقررہ پر اپنی گاڑی لے کر نیورہ آجاتا تھا۔ ان دنوں نیورہ سے پٹنہ کی سڑک پھلواری شریف گاؤں کے اندر سے گزرتی تھی۔ جب سواری پھلواری شریف پہنچتی تو والدہ محترمہ گاڑی کو رکوا کر کھانے کی کچھ چیزیں، خاص طور سے یہاں کی میٹھی اور نمکین باقر خوانی اور روٹیاں ضرور خریدا کرتیں اور اپنے رشتہ داروں میں تحفتاً تقسیم کیا کرتی تھیں۔ پھلواری شریف سے پٹنہ تک میں آدھی روٹی کھا جایا کرتا تھا۔ والدہ محترمہ کا یہ معمول تھا کہ پہلے اپنے والدین کے یہاں قیام کرتیں پھر وہاں سے اپنے دوسرے رشتہ داروں کے یہاں جاتیں اور ان کے یہاں بھی قیام کرتیں۔ نانی مرحومہ سے زیادہ نانا مرحوم ان کی آمد کے منتظر رہا کرتے تھے کیونکہ وہ والدہ محترمہ سے بہت محبت کرتے تھے۔ ننیہال میں دس پندرہ روز قیام کے بعد

Marfat.com

ہم لوگ "اشرف منزل" واقع محلہ مرادپور جاتے اور وہاں کم از کم ایک ہفتہ ضرور قیام کرتے تھے۔ یہاں ہماری والدہ کے سگے ماموں زاں بھائی اشرف امام صاحب رہا کرتے تھے۔ موصوف ہم لوگوں سے بہت محبت کرتے تھے اور نہایت شفقت سے پیش آتے۔ سواری سے اترتے ہی ہم دونوں بھائیوں کو ایک ایک بوتل Parry کی ولایتی مٹھائیاں دیتے، ہمارے پہنچنے سے پہلے ہی ہماری ضیافت کا انتظام کر لیا کرتے تھے۔ جب ہم لوگ نیورہ واپس جانے کی تیاری کرتے تو موصوف اجازت نہ دیتے بلکہ دو چار روز اور ٹھہرا لیتے اور ہمیں بھی ان کی بات ماننی پڑتی تھی۔ ان کے لڑکے بھائی حیدر امام صاحب مرحوم جو بعد میں بیرسٹر ہوئے تھے، راقم سے عمر میں آٹھ نو سال بڑے تھے، تاحیات مجھ سے بہت محبت کرتے تھے اور برابر خنداں پیشانی سے ملتے تھے۔

دوسرے رشتہ دار جن کے یہاں ہم لوگوں کا قیام ضرور ہوتا وہ ڈاکٹر محمد بخش صاحب تھے ان کی اہلیہ والد مرحوم کی خالہ زاد بہن تھیں اور نہایت خوش اخلاق اور نیک سیرت تھیں۔ انہوں نے بعد میں والد صاحب کے ساتھ حج وزیارت مدینہ کیا۔ وہ ہماری آمد سے جس قدر خوش ہوتیں وہ راقم کے بیان سے باہر ہے۔ خود اپنے ہاتھوں سے اچھے اچھے کھانے پکا کر کھلاتیں اور روانگی کے وقت مٹھائیاں ساتھ دے دیتی تھیں۔

تیسری جگہ جہاں ہم لوگ ٹھہرتے تھے وہ مسٹر ریاست حسین بیرسٹر کی کوٹھی تھی۔ موصوف والد محترم کے سگے چچازاد بھائی تھے اور محلہ نیاٹولہ پٹنہ میں رہتے تھے۔ ان کی طرز رہائش انگریزی تھی۔ انگریزی کھانوں میں سوپ، کٹ لٹ، مچھلی اور روسٹ کے ساتھ بریانی بھی ہوا کرتی تھی۔ ان کا باورچی طرح طرح کی پوڈنگ خوب تیار کرتا تھا۔ ان کی اہلیہ اور دیگر مستورات کے لیے ہندوستانی کھانا پکایا جاتا اور حویلی میں بھیج دیا جاتا تھا۔ ان کی آمدنی کا کثیر حصہ کھانے کی مد میں خرچ ہوتا کیونکہ ان کا دستر خوان بڑا وسیع ہوتا تھا۔ مہمان نوازی میں بہت فضول خرچی کرتے تھے۔

راقم کو اپنی ننھیال مدرسہ پر اور اشرف منزل میں اپنے ہم عمر بچے ساتھ کھیلنے کے لیے مل جاتے تھے اس لیے یہ دونوں جگہیں بہت پسند تھیں اور ان دونوں جگہوں پر جانے کا میں ہمیشہ خواہش مند رہتا۔

Marfat.com

پٹنہ کا شہر:

نیورہ سے پٹنہ آنے میں راہ میں کوئی دلچسپ چیز نظر نہ آتی تھی۔ بانکی پور جو ضلع پٹنہ کا صدر مقام ہے یہاں بھی کوئی جاذب نظر چیز نہ تھی۔ نہ اچھے مکانات تھے نہ اچھی دکانیں نہ اچھی سڑکیں اور نہ چہل پہل ہی تھی۔ برخلاف اس کے پٹنہ سیٹی میں زیادہ رونق تھی اور مکانات بھی اچھے اچھے نظر آتے تھے جو نوابوں اور تاجروں کے تھے۔ بانکی پور میں صرف ایک عمارت راقم کو اچھی لگتی تھی جو بابو رادھا کرسٹو بھٹاچاریہ وکیل کا خوب صورت رہائشی مکان اکزبیشن روڈ پر تھا اور یہ اب بھی باقی ہے۔ اس کے سامنے صحن میں فوارے کے ارد گرد سفید پتھر کے بنے دو شیر، دو گھوڑ سوار اور دو پریوں کے مجسمے نصب تھے۔ انہیں دیکھ کر راقم کو بڑی خوشی ہوتی تھی۔ اس کے علاوہ ایک اور جگہ میرے لیے جاذب نظر تھی جو گھوڑوں کے ریس کا میدان تھا۔ اس زمانہ میں ''لان'' کہلاتا تھا اور اب وہ گاندھی میدان کے نام سے مشہور ہے۔ اسی میدان میں اسکول اور کالج کے لڑکے فٹ بال کھیلا کرتے تھے۔ میدان کے پچھم جانب ایک بے ڈھنگی عمارت ہے جس کو گول گھر کہتے ہیں اسے بھی راقم پٹنہ آتے جاتے دیکھتا تھا۔

میرا ختنہ:

راقم اور اس کے بھائی افضل حسین کا ختنہ ایک ساتھ اکتوبر کے آخری ہفتے میں ۱۹۱۱ء میں ہوا۔ برسات کے موسم میں نیورہ کی آب و ہوا خراب ہو جاتی تھی اور اکثر وبائیں پھیلا کرتی تھیں۔ گرمیوں اور جاڑوں میں مہمانوں کی پریشانی کے خیال سے مذکورہ مہینہ ختنہ کی تقریب کے لیے مناسب خیال کیا گیا یہ تقریب بڑی دھوم دھام سے منائی گئی اور ختنہ ہونے سے آٹھ دن پہلے ہی سے رشتہ داروں کی آمد شروع ہو گئی اور واپسی کا سلسلہ تین دن بعد تک رہا۔ کھانے پینے کا نہایت معقول انتظام تھا۔ اس زمانے میں یہ تقریب شادی کے مقابلہ میں کچھ کم دھوم دھام سے نہیں منائی جاتی تھی۔ شادیانے بجتے اور مختلف ماہرین فن اس تقریب میں اپنے فن کا مظاہرہ کرتے تھے۔ ہمارے ختنہ میں پھلواری شریف سے دھمال بلائے گئے، انہوں نے اپنے کرتب دکھائے کہ لوگ دنگ رہ گئے۔ اوّل ان سبھوں نے خوب

Marfat.com

موٹی موٹی لکڑیاں جلائیں جب انگارے تیار ہو گئے تو اپنے پیر کا گانا گاتے ہوئے ننگے پاؤں ان انگاروں پر چہل قدمی کی اور انہیں ہموار کیا بعد ازاں ان انگاروں پر کباب تیار کیا۔ حاضرین کو خوب گرم گرم کباب کھلایا خود کھایا اور انعام واکرام حاصل کیا۔ ختنہ سے پہلے ہم دونوں بھائیوں کو نہلا دھلا کر سبز رنگ کا کرتا اور سرخ رنگ کا تہبند پہنایا گیا۔ رمضانی میاں جو ایک ماہر جراح تھے، ختنہ کرنے کے لیے پٹنہ سے بلائے گئے۔ بعد نماز ظہر انہوں نے میرا ختنہ اس طرح کیا، پہلے مجھے سونے کی اڑتی ہوئی چڑیا آسمان پر دیکھنے کو کہا اور میں جونہی آسمان کی طرف متوجہ ہوا انہوں نے میرا ختنہ نہایت پھرتی سے کر دیا۔ اسی طرح میرے منجھلے بھائی کا ختنہ بھی کیا۔ بعد نماز مغرب میلاد شریف ہوئی۔ بعد ازاں پر تکلف دعوت پر تقریب کا خاتمہ ہوا۔

شاہ جارج پنجم کی تاج پوشی:

نومبر ۱۹۱۱ء کے آخری ہفتہ میں ہم دونوں بھائیوں کے ختنہ کے اثرات ختم ہو چکے اور چلنے پھرنے کے لائق ہو گئے تھے انہیں دنوں شاہ جارج پنجم کی تاج پوشی کی خبر سے پٹنہ میں بھی جشن کی تیاریاں شروع ہو گئی تھیں۔ ہم دونوں بھائی اپنی والدہ محترمہ کے ساتھ پٹنہ چلے آئے۔ ۱۱ دسمبر ۱۹۱۱ء کو دہلی کی جشن تاج پوشی کے سلسلے میں یہاں بھی خوشیاں منائی گئیں۔ فوجی بینڈ کے ساتھ پریڈ ہوئی۔ اسکول کے بچوں میں مٹھائیاں تقسیم ہوئیں اور غریبوں میں کمبل بانٹا گیا۔ راقم کی زندگی میں یہ پہلی چہل پہل تھی جس کو دیکھنے کا موقع ملا۔ والد صاحب نے مجھے اس موقع پر شہنشاہ جارج پنجم اور ملکہ میری کی تصویریں لا کر دیں اسی کے ساتھ کانسے کا مڈل بھی عطا کیا جس پر شاہی جوڑے کی تصویریں منقش تھیں۔ یہ یادگار مڈل نہایت خوب صورت تھا۔ راقم نے تقریباً پندرہ سال تک اس کو اپنے ساتھ رکھا اور اس کے غائب ہو جانے کا اب تک افسوس ہے۔ اسی دربار کے موقع پر صوبہ بہار واڑیسہ وجود میں آیا۔

نیورہ کے تہوار:

بچوں کی یہ عام فطرت ہے کہ کھیل تماشے اور ایسی تقریبات جس میں انہیں نئی نئی چیزوں کے دیکھنے کا اتفاق ہو ان میں شرکت کے منتظر رہا کرتے ہیں۔ اس بنا پر راقم کو

Marfat.com

تہواروں سے دلچسپی تھی اوران کا منتظر بھی رہا کرتا تھا۔ نیورہ کی آبادی زیادہ تر شریف مسلمانوں پر مشتمل تھی،اس لیے یہاں مسلمانوں کے ہر تہوار میں خوب رونق اور چہل پہل رہا کرتی تھی۔ تمام تہوار اپنی روایتی شان سے منائے جاتے تھے۔

شب برأت:

ابتدا شب برأت سے ہوتی۔ صبح کے بعد نیورہ کا ہر گھرانہ حلوے کی تیاری میں لگ جاتا تھا۔ مختلف قسم کے حلوے تیار کیے جاتے تھے۔ ظہر کی نماز کے بعد نیاز کر کے حلوہ روٹی فقیروں میں تقسیم کرتے اور دوستوں اور رشتہ داروں کے یہاں بھیجتے۔ اس تہوار میں ہم لوگوں کی دلچسپی حلوہ کھانے اور غروب آفتاب کے بعد پھلجھڑی، پٹاخے، مہتابی اور دیگر آتش بازیاں چھوڑنے میں تھیں جو خطرناک نہ ہوں۔ بزرگوں میں چند حضرات ایسے تھے جو اس بابرکت رات کو قرآن پاک کی تلاوت کرنے، نفل نمازیں پڑھنے، خدا سے مغفرت، کشادگیٔ رزق اور صحت کی دعاؤں میں گذارتے۔ عورتوں کی زیادہ تعداد شب برأت کو عین اسلامی طریقوں سے مناتی تھی۔

رمضان:

مسلمانوں میں رمضان المبارک کا مہینہ بہت مقدس خیال کیا جاتا ہے۔ نیورہ کے لوگ اس کی آمد کے شوق سے منتظر رہا کرتے تھے، اس لیے نہیں کہ روزہ رکھیں بلکہ ان کی دلچسپی صرف رمضان شریف کے اچھے کھانوں تک محدود تھی۔ اس گاؤں کی تقریباً ۷۵ فیصد عورتیں روزہ رکھتی تھیں مگر مردوں میں ۲۰ فیصد سے زیادہ روزہ دار نہ ہوا کرتے تھے۔ ہر گھر میں افطار کا اچھا انتظام رہتا تھا۔ روزہ دار اور غیر روزہ دار سب پابندی سے افطار کرتے تھے۔ یہی حال سحری کا تھا۔ والد صاحب فرماتے تھے کہ دادا مرحوم کے یہاں افطار و سحری کھانے کا اچھا اہتمام رہتا تھا۔ افطار کے وقت والد صاحب، نوکر اور دیگر حضرات دادا محترم کے ساتھ بیٹھ کر افطار کرتے تھے۔ دادا مرحوم کے دو وفادار نوکر عبدل میاں اور جی سنگھ کہتے تھے کہ ہم لوگوں نے اپنی زندگی میں ایسا کہیں نہ دیکھا جیسا اہتمام اپنے میاں کے یہاں پایا۔ میاں عصر کے بعد سے افطار اور رات کے کھانوں کے بارے میں خود پوچھتے کہ کیا کیا

Marfat.com

چیزیں تیار ہیں اور کیا کیا باقی ہیں۔ اگر کوئی من پسند چیز باقی رہ جاتی تو فرماتے ابھی وقت بہت ہے تیار کرلو اور ضرور تیار کراتے جس طرح دادا مرحوم اس مہینہ میں کھانے وغیرہ کے اہتمام کے قائل تھے ٹھیک اسی طرح روزہ رکھنے کے بھی قائل اور پابند تھے۔ موصوف کبھی روزہ قضانہ کرتے، اگر کوئی روزہ طبیعت کی ناسازی سے قضا ہو جاتا تو بعد میں اسے ضرور پورا کر لیتے۔ ان کا معمول تھا کہ کچھ کھا کر نماز میں مشغول ہو جاتے مگر دیگر حضرات افطار کے بعد ہی نماز پڑھتے۔ آپ نماز کے بعد اسی دستر خوان پر سب لوگوں کے ساتھ رات کا کھانا کھاتے۔ سحری میں دادا محترم بہت ہلکی غذا کھایا کرتے تھے۔ مگر دوسروں کے لیے پر تکلف کھانے کا انتظام رہتا تھا۔ وہ خاص طور سے اس مہینے میں باورچی خانے کا انتظام اپنے ہاتھ میں لے لیا کرتے تھے تاکہ کھانے کا معقول اور اچھا انتظام رہے اور عورتوں کو بھی کچھ سہولت ہو۔ دادا مرحوم والد مرحوم اور اپنے دوستوں سے فرماتے تھے کہ ہر تہوار تو ایک دو دن کا ہوتا ہے مگر رمضان شریف تیس دن کا تہوار ہے اور ہر روز نئی خوشیاں اور برکت لاتا ہے۔

عید:

عید انتہائی خوشی کا تہوار ہوتا تھا۔ ہر چھوٹا بڑا نہایت خوش و خرم رہتا۔ گاؤں کے تمام لوگ اپنی حیثیتوں کے مطابق اچھے کپڑوں میں ملبوس ہوتے۔ والد صاحب اس تہوار کے لیے ایک ماہ قبل ہی شروانی، پائجامہ، کرتا، ٹوپی، رومال، جوتا اور موزہ وغیرہ خرید کر اور سلوا کر بھیج دیا کرتے تھے۔ مختلف قسم کے عطر کا بھی اہتمام رہتا تھا۔ اپنی ملازمت کی وجہ سے والد صاحب تہواروں کے موقع پر گھر نہ آتے تھے۔ ہم دونوں بھائی صبح سویرے نہا کر کپڑے بدلتے اور عطر لگانے کے بعد اپنی زمینداری کے گماشتہ سید ضمیر الدین اور نوکروں کے ساتھ مسجد میں نماز پڑھنے جاتے جس کے امام حافظ محمد عباس ساکن سرائے میر ضلع اعظم گڑھ ہوتے تھے، نماز ادا کر کے سب سے گلے ملتے اور گھر آکر اپنے بڑے بزرگوں کو سلام کرتے اور عید کی مبارک باد دیتے۔ اس کے بعد اپنے ہم عمر دوستوں اور رشتہ داروں کے ساتھ طرح طرح کی سوئیاں کھاتے اور کھلاتے۔

Marfat.com

بقر عید:

عید الفطر کے بعد بقر عید بڑے اہتمام سے منائی جاتی تھی۔ اس تہوار پر عام طور سے نئے کپڑے نہیں سلواتے بلکہ عید ہی کے کپڑوں کا استعمال ہوتا تھا۔ ہم لوگ وہی عید کے کپڑے پہن کر نماز پڑھنے جاتے تھے۔ واپسی کے بعد قربانی ہوتی تھی ہمارے یہاں چھ نہایت فربہ بکروں کی قربانی ہوتی تھی۔ ہمارے گھر میں پردادا کے زمانے سے گائے کی قربانی نہ ہوتی تھی اور آج تک وہی روایت قائم ہے۔ قربانی کا گوشت اسلامی حکم کے مطابق رشتہ داروں اور غربا میں تقسیم کر دیا جاتا تھا۔ باقی گوشت مختلف طرح سے پکا کر کھایا کرتے تھے۔ قربانی کی تمام ذمہ داریاں سید ضمیر الدین صاحب کے سپرد ہوتی تھیں۔ وہی داناپور سے بکرے خرید کر لاتے اور بعد قربانی گوشت کو کاٹتے چھانٹتے اور شرعی طریقہ کے مطابق اس کی تقسیم کرتے۔ کلیجی انہیں بہت پسند تھی جسے اس موقع پر خوب سیر ہو کر کھاتے اور اللہ کا شکر بجالاتے۔

محرم:

نیورہ میں محرم اہتمام سے منایا جاتا تھا۔ شیعہ، سنی اور ہندو سبھی اس میں دلچسپی لیتے تھے۔ تعزیہ بھی بنایا جاتا تھا اور اسے امام چوک پر رکھتے۔ اس کے بنانے میں باقر میاں اپنی مہارت اور کاریگری کا ثبوت دیتے ہوئے اچھا اور خوب صورت تعزیہ بناتے۔ اس کام میں باقر میاں کے بیٹے پیر شیر ان کے مددگار ہوتے۔ ایسا حسین و خوب صورت تعزیہ بناتے کہ پٹنہ میں بھی کم نظر آتا تھا۔ محرم کے دنوں میں اگر نواب امداد امام صاحب اثرؔ کا نیورہ میں قیام ہوتا تو اس کی رونق دوبالا ہو جاتی۔ وہ خود نوحہ پڑھتے اور ماتم کراتے تھے جس میں باقر میاں پیش پیش رہا کرتے تھے۔ ۹ر محرم کو تعزیہ امام چوک پر رکھا جاتا تھا اور جو لوگ "پیک" بنتے تھے وہ ۹ر۱۰ محرم کو تعزیہ کے گرد چکر لگاتے اور بہ آواز بلند "یا حسن" یا "یا حسین" پکارتے تھے۔ نویں کی شام کو امام چوک کے سامنے نیورہ گاؤں کے بچوں کا ختنہ بھی ہوا کرتا تھا۔ دسویں محرم کو لوگ تلوار بازی اور دیگر جنگی کرتب دکھاتے۔ بعد ازاں شام کو تعزیہ دفن کر دیتے ہمارے یہاں پہلی محرم سے دسویں محرم کی شام تک دودھ کا شربت روزانہ نیاز

Marfat.com

کر کے تقسیم کیا جاتا تھا۔ آٹھویں محرم کو حضرت عباسؑ کی "حاضری" ہوتی تھی جس میں روٹی، کباب، حلوہ اور پودینہ کی سبز پتیاں ہوتیں اور بعد فاتحہ پاک صاف لوگوں کو کھلائی جاتیں۔ اسی دن میں اپنی دادی جان کو منت کے مطابق امام کا سقہ "بھشتی" بنایا جاتا تھا۔ سبز رنگ کا کرتا پائجامہ پہنتا، کمر میں سرخ رنگ کا کپڑا باندھا جاتا اور چمڑے کی ایک چھوٹی مشک لٹکا دیتے جو شربت سے بھری ہوتی اور ایک چاندی کا پیالہ ہاتھ میں ہوتا جس سے لوگوں کو شربت پلاتا۔ گلے میں چاندی کا ایک طوق ڈال دیا جاتا جو حضرت امام حسینؑ کی غلامی کی نشاندہی کرتا تھا۔ راقم کو بھشتی بننا اچھا نہ معلوم ہوتا تھا مگر اپنی دادی محترمہ کے احترام کا خیال کر کے کچھ نہ کہتا اور دس سال کی عمر تک اس رسم کو جبراً قہراً نبھاتا رہا۔ دسویں محرم کو بہت لذیذ کھچڑہ تیار کیا جاتا۔ نیاز کے بعد لوگوں میں تقسیم کیا جاتا اور خود گھر والے بھی کھاتے۔

بہن کی پیدائش اور میری بسم اللہ:

۱۹۱۲ء کی ابتداء میں میری بہن کی پیدائش ہوئی۔ ہمیں بہت خوشی ہوئی کہ اب ہم لوگ دو بھائی اور ایک بہن ہو گئے۔ ان کی پیدائش کے چند مہینوں بعد ہم دونوں بھائیوں کی بسم اللہ ہوئی۔ اس تقریب میں کوئی دھوم دھام نہ ہوئی، صرف کچھ رشتہ دار مدعو کیے گئے اور شام کو میلاد شریف کے بعد کھانا کھلایا گیا۔ بسم اللہ کے وقت میری عمر ۷ سال تھی اور بھائی کی عمر ۵ سال۔ ہم لوگوں کی بسم اللہ مولوی محمد حسین صاحب نے پڑھائی جن کے بڑے چچا نے میرے والد صاحب کو بسم اللہ پڑھائی تھی۔ موصوف بہاپورہ گاؤں کے قریب کے رہنے والے تھے۔ رنگ کے صاف تنومند، پٹے دار اور داڑھی قریب قریب سفید ہو چکی تھی۔ شاعری کا ذوق بھی رکھتے تھے۔ حمد و نعت انہیں خوب یاد تھیں۔ موصوف ہمیں نہایت خوش الحانی سے ایسی نعت اور حمد جو بچوں کے لیے عام فہم ہوں اور وہ نعتیں جو لاہور سے چھوٹے چھوٹے بچوں کے لیے کتابچوں میں چھپتی تھیں سناتے تھے۔ حمد و نعت کو سنتے سنتے اکثر میرا بھائی میرے زانو پر سو جایا کرتا تھا۔ مولوی صاحب کو والدین کی تاکید تھی کہ اللہ، رسول اور بزرگان دین کے احوال نہایت دلچسپ انداز سے بچوں کو سنائیں تاکہ وہ اس کو سمجھ کر اسلام کی طرف راغب ہوں اور انہیں اپنے مذہب سے واقفیت ہو۔ مولوی صاحب نے ہم لوگوں

Marfat.com

کو تقریباً ڈیڑھ سال تک پڑھایا۔ اس مدت میں انہوں نے قاعدہ بغدادی اور انجمن حمایت اسلام کا اردو کا قاعدہ ختم کرایا۔ اس کے بعد 'عم پارہ' کی کچھ سورتیں یاد کرائیں اور لاہور کی اردو کی پہلی کتاب کا کچھ حصہ پڑھایا تھا کہ گھر اور کھیتی باڑی کی مصروفیت کا عذر کر کے اپنے گھر چلے گئے۔

ریل اور جہاز کا میرا پہلا سفر:

والد صاحب نے ۱۹۱۲ء کے آخر میں جب کہ وہ چھپرہ میں ڈپٹی کلکٹر تھے مولوی صاحب کو کہلا بھیجا کہ دونوں لڑکوں کو دو ہفتوں کے لیے چھپرہ اپنے ساتھ لائیں تاکہ بچوں کی طبیعت بہل جائے اور شہر بھی دیکھ لیں۔ اس خبر کو سن کر ہم لوگوں کو بہت خوشی ہوئی کہ ریل اور جہاز سے سفر کرنے کا موقع مل جائے گا۔ نیورہ گاؤں میں ریلوے اسٹیشن ہے۔ راقم ریل گاڑیوں کو آتے جاتے دیکھا کرتا تھا لیکن اس پر سفر کرنے کی نوبت نہ آئی تھی۔ پٹنہ سے چھپرہ جانے میں راقم کو جہاز اور ریل دونوں سے سفر کرنے کا موقع ملا۔ ہم لوگ پٹنہ جنکشن سے بذریعہ ریل گاڑی دیگھا گھاٹ پہنچے وہاں سے دریائے گنگا کو بذریعہ جہاز پار کیا اور پہلیزہ گھاٹ گئے۔ چونکہ ہمارا ٹکٹ ریل کے دوسرے درجہ کا تھا اس لیے جہاز کے بالائی حصہ پر بیٹھے اور ساحل کی بستیوں کو دیکھ کر لطف اٹھایا۔ پہلیزہ سے ریل گاڑی کے دوسرے درجہ میں بیٹھ کر سون پور گئے اور وہاں گاڑی بدل کو چھپرہ جانے والی مسافر گاڑی سے چھپرہ پہنچے۔ والد صاحب اپنے نوکروں کے ساتھ پلیٹ فارم پر منتظر تھے۔ ہم لوگوں کو لے کر قیام گاہ گئے۔ ان دنوں اتری بہار میں لوگ اکثر ان پڑھ ہوتے تھے اس لیے .B.N.W.R نے درجہ کے اعتبار سے ڈبوں کا رنگ مختلف رکھا تھا تاکہ لوگ اپنے درجوں کی پہچان آسانی سے کر سکیں۔ پہلے اور دوسرے درجہ کا رنگ بسنتی زرد، ڈیوڑھے (انٹر) درجہ کے ڈبوں کا رنگ عنابی اور تیسرے درجہ کے ڈبوں کا زردی مائل بھورا ہوتا تھا۔

.B.N.W.R کی ریل گاڑیاں چھوٹی لائنوں پر چلتی تھیں۔ اس کے ڈبے بھی چھوٹے ہوا کرتے تھے اور بڑی لائن کی گاڑیوں کے مقابلہ میں اس کا کرایہ بھی کم ہوا کرتا تھا۔ ہم لوگ خوب گھومے پھرے اور شوق سے ایک نئے شہر کو دیکھا۔

Marfat.com

چھپرہ کا قیام:

سب سے پہلے ہم سب منجھلے دادا حاجی امیر حسین مرحوم کے بنگلے پر گئے۔ دادی محترمہ نے ہم دونوں بھائیوں کو بڑے پیار محبت سے دو دن رکھا، اس کے بعد ہم لوگوں نے اپنے چھوٹے دادا خان بہادر حشمت حسین کے یہاں دو دن قیام کیا جو ان دنوں چھپرہ کے ایڈیشنل ضلع مجسٹریٹ و کلکٹر تھے ان کے علاوہ مسٹر رضا بیرسٹر جو ہمارے رشتہ کے چچا سید محمد صدیق کے سالے تھے ان سے بھی ملاقات ہوئی۔ موصوف انگریزی طرز سے زندگی گزارتے تھے، کیونکہ ان کی بیگم انگلینڈ کی میم تھیں جن سے انہوں نے لندن میں شادی کی تھی۔ ان کی ایک لڑکی کی شادی راجہ ناناپارہ سے ہوئی تھی۔ میرے چچا مسٹر ریاست حسین بیرسٹر کے سالے سید صالح حسین شوق، رئیس و زمیندار جن کی تعلیم علی گڑھ میں ہوئی تھی اور اپنے آبائی مکان محلہ دہیاواں میں قیام پذیر تھے۔ ہم لوگ ان کے یہاں بھی گئے اور وہاں سے واپسی پر خان بہادر عبدالصمد صاحب سرکاری وکیل سے ملاقات کے لیے ان کی کوٹھی پر گئے۔ ان کے داماد سید محمد وجیہ صاحب نے میرے والد صاحب کے ساتھ علی گڑھ میں تعلیم پائی تھی اور اپنے سسر کے ساتھ رہا کرتے تھے۔ مسٹر سید فضل علی جو اس وقت چھپرہ میں بیرسٹری کرتے تھے (بعد میں سر کا خطاب پایا، چیف جسٹس اور گورنر ہوئے اور بہت سے اعلیٰ عہدوں پر فائز رہے) ان کے یہاں ہر دوسرے تیسرے روز ملاقات کے لیے ہم لوگ جایا کرتے تھے۔ وہ محبت سے ملتے اور فراخ دلی سے ہماری ضیافت کرتے تھے اور خود بھی ہمارے یہاں والد صاحب سے ملنے آیا کرتے تھے۔ چھپرہ میں پندرہ سولہ دن قیام کے بعد مولوی محمد حسین صاحب کے ساتھ نیورہ واپس آ گئے۔ راقم کو ۱۹۱۲ء سے آج تک چھپرہ جانے کا بارہا اتفاق ہوا اور تقریباً دو سال تک رہنے کا بھی موقع ملا۔ ترہٹ کمشنری میں ایک نامور شہر ہے۔ اس زمانے میں چھپرہ ایک چھوٹا سا بہت صاف ستھرا اور اچھا شہر تھا مگر اب ایسا نہیں رہا اور اب آبادی کی کثرت کے ساتھ ساتھ یہاں گندگی بھی بہت بڑھ گئی ہے۔

نئے ماسٹر کی تقرری، بھائی کا طاعون میں مبتلا ہونا:

مولوی محمد حسین صاحب کے چلے جانے کے بعد ہمارے پڑھانے کے لیے ایک

Marfat.com

اتالیق کی تلاش تھی۔ انہیں دنوں ماسٹر عنایت کریم خاں صاحب ساکن رفیع گنج ضلع گیانوکری کی تلاش میں نیورہ آئے۔ کیونکہ اولڈھم صاحب جو شعبہ افیون کے ایجنٹ تھے ان سے اور ماسٹر صاحب جو اسی شعبہ میں منشی گیری کرتے تھے اختلاف پیدا ہو گیا تھااور سرکاری نوکری چھوڑدی تھی۔ اختلاف کی وجہ یہ تھی کہ ان کے پاس ایک بہت اچھا گھوڑا تھا جس کو ان کے کسی دوست نے بچھیڑا کی شکل میں دیا تھا۔اولڈھم صاحب نے اس کے بارے میں کہا کہ یہ گھوڑا آپ نے رشوت کے پیسوں سے خریدا ہو گا۔ عنایت کریم خاں صاحب نے نہایت رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے فوراً استعفانامہ لکھ کر ان کو دے دیا۔اولڈھم صاحب نے کچھ لوگوں کو بلا کر حقیقت حال کی تحقیق کی۔ان کا استعفانامہ پھاڑ دیااور انہیں نوکری سے دست بردار ہونے سے منع کیا لیکن ماسٹر صاحب کی خودداری نے گوارانہ کیااور نوکری چھوڑدی، گھوڑا بھی فروخت کردیااور ہماری اتالیقی کی خدمت انجام دینے لگے۔اسی زمانے میں میرے منجھلے بھائی افضل حسین کو طاعون ہو گیا۔ یہ بیماری ان دنوں وبا کی شکل میں ہوا کرتی تھی اور تقریباً لاعلاج تھی۔ ہم لوگ اس کی حیات سے ناامید ہوگئے۔ مگرڈاکٹر امیر حسن صاحب نے جن کا مطب داناپور میں تھا باوجود ناامیدی کے بخار اور گلٹی کا علاج کیا۔اللہ کا کرم دیکھئے کہ جان بھی بچ گئی اور کچھ ہی دنوں میں صحت بھی پلٹ آئی۔ فرطِ محبت میں میں اسے "پلکی چوہا" کہہ کر پکارتا تھا۔ راقم نے دورانِ علالت بھائی کی صحت کے لیے منت مانی کہ اس کی صحت یابی کے بعد میرے پاس جتنے پیسے ہیں سب کو فقروں اور ناداروں میں تقسیم کردوں گااور میں نے ایسا کیا۔افضل حسین نہایت ذہین اور محنتی لڑکا تھا،اگر زندہ رہ جاتا تو یقیناً اپنی زندگی میں بہت کامیابی حاصل کرتا مگر افسوس کہ زندہ نہ رہا۔اس کی جواں مرگی کا راقم کو اب تک صدمہ ہے۔

ڈمکا کا قیام اور پہلی جنگ عظیم:

۱۹۱۴ء کی ابتداء میں والد صاحب کا تبادلہ چھپرہ سے ڈمکا ہوا جو سنتھال پرگنہ کا صدر مقام ہے۔ پٹنہ سے دیوگھر اسٹیشن جانے میں کوئی پریشانی نہ تھی کیونکہ یہ مسافت ریل گاڑی کے ذریعہ طے ہوتی تھی لیکن دیوگھر سے ڈمکا کا سفر بہت تکلیف دہ تھا،ڈمکا پہنچنے کے لے دو

Marfat.com

ہی قسم کی سواریاں بیل گاڑی اور پالکی گاڑی، دستیاب تھیں ہم لوگ پالکی گاڑی پر ڈمکا جایا کرتے تھے۔ پالکی گاڑیاں ٹھیکیداروں کی ملکیت ہوتی تھیں جن کو وہ کرایہ پر چلاتے تھے۔ دیو گھر سے ڈمکا کی دوری تقریباً ۸۰ کیلو میٹر تھی مگر راستہ بارہ گھنٹوں میں طے ہوتا اور کرایہ صرف دس پندرہ روپے ہوتا تھا۔ دیو گھر سے ڈمکا تک دو جگہ گھوڑے بدلے جاتے تھے۔ گھوڑے اپنی راہ سے خوب واقف ہوتے تھے۔ رات ہو یا دن انہیں ہانکنے یا راہ پر لگانے کی کوئی خاص ضرورت نہ ہوتی تھی۔ وہ خود اپنی منزل کی طرف بڑھتے جاتے تھے۔ ہمارا یہ سفر گرمیوں میں رات کو اور جاڑوں میں دن کو ہوا کرتا تھا تاکہ موسم کی تکلیف سے پناہ رہے۔ ۱۹۱۶ء میں اس راہ پر ٹیکسی چلانے کے لیے ڈمکا کے ایک مارواڑی نے ایک کمپنی کھولی تو یہ دوری ٹیکسی سے جلد طے ہونے لگی اور لوگوں کو بہت سی تکلیفوں سے نجات مل گئی۔ ڈمکا جانے کا پہلا اتفاق ۱۹۱۴ء کے وسط میں ہوا اس خیال سے کہ ہم لوگ والد صاحب کے ساتھ رہیں۔ رہائش کے لیے ڈپٹی کلکٹر رابرٹ سن کا بنگلہ انہوں نے کرایہ پر لے لیا۔ ماسٹر صاحب اور ہم سب لوگ والد صاحب کے ہمراہ ڈمکا گئے اور اس بنگلے میں رہنے لگے۔ روزانہ کا معمول تھا کہ پڑھنے لکھنے کے بعد ماسٹر صاحب کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے گھر سے باہر جایا کرتے تھے۔ اس زمانہ میں یہ شہر خوب صورت اور بہت صاف ستھرا تھا۔ شہر میں بنگالیوں کی تعداد اچھی خاصی تھی۔ سر برآوردہ لوگوں میں ان لوگوں کا شمار ہوتا تھا۔ سنتھالیوں کی آبادی شہر میں نہ تھی وہ شہر سے باہر اپنی خاص آبادی میں رہتے تھے۔ ان کے مکانات کی دیواریں مٹی کی اور چھپر پھوس کے ہوتے تھے۔ مکان بہت صاف ستھرا ہوتا تھا۔ یہ لوگ شہر میں صرف خرید و فروخت کے لیے آتے یہ لوگ ہفتے میں بازار کے دن شہر آتے، غلہ، بانس کی ٹوکریاں، خانہ ساز چیزیں اور اپنے ہاتھ کے بنائے ہوئے موٹے کپڑے بیچتے تھے۔ عورت مرد دونوں تقریباً برہنہ رہتے۔ عورتیں گھٹنوں تک اپنے بدن کو پوشیدہ رکھتیں اور مرد صرف لنگوٹ (بشٹی) کمر میں باندھ لیتے تھے۔ اس زمانہ میں یہ لوگ بہت ایمان دار اور راست گو ہوتے تھے۔ جرائم کے بہت کم مرتکب ہوتے اور اگر ان میں کوئی کسی جرم کا مرتکب ہوتا تو باز پرس کے بعد اقرار کر لیتا تھا۔ یہ لوگ ان پڑھ تھے۔ عیسائی مشن کے لوگوں نے انہیں پڑھانے کی کوشش کی مگر یہ لوگ بہت کم راغب ہوتے تھے۔ فطرت کے مطابق اپنی زندگی بسر کرتے

Marfat.com

تھے۔ ان کے میلوں میں سب سے مشہور میلہ "ہجلہ کا میلہ" ہے۔ راقم کو ماسٹر عنایت کریم خاں صاحب نے یہ میلہ دکھایا۔ اس وقت یہ میلہ ڈمکا سے دکھن کچھ فاصلہ پر ہجلہ میں لگا کرتا تھا۔ اس میلہ میں سنتھالی لوگ غلے، اپنے ہاتھوں سے بنائے ہوئے لوہے کے سامان مثلاً چھری توا اور کچھ باورچی خانے کے سامان لکڑی کے بنے ہوئے کھلونے اور موٹے کپڑے وغیرہ بیچتے تھے یہ میلہ کئی دنوں چلتا تھا جس میں یہ لوگ اپنی زبان میں گانا گاتے، ناچتے اور طرح طرح سے خوشیاں مناتے تھے۔ عورتیں اپنے جوڑوں کو پھولوں سے آراستہ کرتی تھیں۔

۱۹۱۴ء میں جب ہم ڈمکا میں رہتے تھے، پہلی جنگ عظیم کی ابتداء ہو چکی تھی۔ یہاں جنگ کی خبروں کی اطلاع کے لیے سوائے اخبار کے کوئی دوسرا ذریعہ نہ تھا۔ ہمارے والد صاحب کلکتہ سے "اسٹیٹس مین" انگلینڈ سے "لندن ٹائمس" اور بمبئی سے "السٹر ٹیڈ ویکلی" بذریعہ ڈاک منگاتے تھے۔ اس کے علاوہ حکومت ہند ایک نہایت عمدہ اخبار جس کا نام "حقیقت" تھا شائع کرتی تھی جس میں اتحادیوں کی کامیابی کی خبریں بذریعہ تصاویر نہایت آب و تاب کے ساتھ شائع ہوتی تھیں۔ حکومت ہند اس اخبار کو سرکاری ملازمین اور خواص میں تقسیم کرتی تھی تاکہ برطانیہ کے ہمدردوں کی ہمت بڑھی رہے۔ ان دنوں ہمارے والد صاحب چوکیداری کے کلکٹر تھے۔ مہینے میں کم از کم دس روز دورے پر رہا کرتے تھے۔ ان کے پڑوسی دوستوں میں پادری ہلدار صاحب اور پولس انسپکٹر مولوی محمد مسلم صاحب تھے۔ والد صاحب گھر پر ہوں یا نہ ہوں یہ دونوں حضرات روزانہ ضرور آتے۔ چائے کے دوران ہلدار صاحب مسلم صاحب کو نہایت وضاحت سے خبروں کا خلاصہ بتاتے اور پندرہ دن کی پرانی خبروں پر تبصرہ کرتے۔ والد صاحب نے پچھمی محاذ جنگ کا ایک بڑا سا نقشہ لندن سے منگایا تھا جس کے ساتھ دو بڑی پنوں میں ایک برطانیہ اور ایک جرمنی کا جھنڈا لگا ہوا تھا۔ ہلدار صاحب کو روزانہ کی خبریں جو انہیں اسٹیٹس مین میں ملتیں ان کے مطابق ان جھنڈیوں کو ہر روز آگے پیچھے گھٹا کر یا بڑھا کر نصب کرتے اور مسلم صاحب کو سمجھاتے کہ اتحادیوں کی فتح ہو رہی ہے اور جرمنی شکست کھا رہا ہے۔ ماسٹر عنایت کریم خاں صاحب ان سب باتوں کو سن کر خوب ہنستے اور جرمنی کی فتح کے لیے دعائیں کرتے اور فرماتے کہ خبروں میں جب اکثر "گلوریس

Marfat.com

ریٹریٹ" (Glorious Retreat) کا ذکر رہتا ہے تو اتحادیوں کی فتح کی کیا امید کی جاسکتی ہے۔ یہ کہہ کر وہاں سے کھسک جاتے۔ محمد مسلم صاحب اپنی نوکری کا خیال کر کے بدحواس ہو جاتے کہ جرمن کی فتح کے بعد ہم سرکاری ملازموں کا کیا حشر ہوگا، ہلدار صاحب بڑی سنجیدگی سے انہیں ڈھارس دلاتے کہ متردد نہ ہوں فتح ہماری ہوگی۔ ڈمکا کے لوگوں کو جنگ کی خبروں سے کوئی دلچسپی نہ تھی۔ انہیں دنوں یہاں سپاہیوں کی بھرتی شروع ہوگئی اور لوگ بھرتی ہونے لگے۔

ڈمکا ضلع اسکول میں داخلہ اور تعلیم:

جنوری ۱۹۱۶ء میں ڈمکا کے ضلع اسکول میں راقم کا داخلہ چھٹی جماعت میں اور منجھلے بھائی کا داخلہ پانچویں جماعت میں ہوا۔ داخلہ سے پہلے ہی ماسٹر عنایت کریم خاں صاحب نے ہم لوگوں کو لے جاکر اسکول دکھایا اور ہیڈ ماسٹر صاحب سے ملاقات بھی کرائی۔ موصوف ذات کے کایستھ تھے۔ وضع قطع سے بالکل مسلمان نظر آتے تھے۔ داخلہ کے بعد ہیڈ ماسٹر صاحب نے ہمارے کلاس ٹیچر سے ہماری ملاقات کرائی اور جماعت میں بٹھا کر کتابوں کی فہرست ہمارے حوالہ کی۔ انگریزی ریڈر کے علاوہ ہماری سب کتابیں اردو زبان میں تھیں۔ طالب علموں کو اختیار تھا کہ امتحانوں میں جوابات اردو، ہندی، بنگلہ جس زبان میں چاہیں لکھیں۔ ساتویں جماعت تک تعلیم اردو ہندی میں ہوتی تھی اور آٹھویں جماعت سے میٹریکولیشن تک انگریزی زبان میں پڑھائی ہوتی تھی۔ ساتویں درجہ تک کی کتابیں ہندی اور اردو زبان میں میک ملن کی شائع کردہ ہوتی تھیں اور مضامین و طباعت کے لحاظ سے بھی مناسب تھیں۔ ہمارے کلاس کی انگریزی ریڈر لونگ مینس گرین کی چھپی ہوئی عمدہ تصویروں سے مزین تھی۔ جسے ہم لوگ شوق سے دیکھتے اور پڑھتے تھے۔ اس کا پہلا سبق انگلینڈ سے متعلق تھا۔ راقم کو اس سبق کا پہلا جملہ "Imagine that you are in England" آج تک یاد ہے۔ سبق میں انگلستان کے لوگوں کے متعلق، ان کے باغات، تفریح گاہ اور مناظر قدرت کا ذکر تھا۔ اس کے دوسرے سبق میں ہندوستان کے شہروں، اس کے خوب صورت مقامات اور یہاں کی خوب صورت چیزوں کا بیان تھا۔ نثر کے علاوہ اس

Marfat.com

میں چھوٹی چھوٹی دلچسپ نظمیں بھی تھیں جنہیں زبانی یاد کرنے کی بہت تاکید کی جاتی تھی۔ ہمارے انگریزی کے استادان نظموں کو ہم لوگوں سے زبانی سنا کرتے تھے۔ انگریزی کے علاوہ اردو تاریخ ہند، جغرافیۂ ہند، اصول صحت، سائنس اور حساب کی تعلیم ہوتی تھی۔ اس زمانے میں اساتذہ نہایت محنت سے اپنے فرائض منصبی کو انجام دیتے۔ اپنے شاگردوں کو اپنی اولاد سمجھتے اور شفقت سے پیش آتے تھے۔ میرے درجہ کی اردو ریڈر بنام "حبیب اردو" مؤلفہ حبیب اللہ صاحب ڈپٹی کلکٹر نہایت عمدہ کتاب تھی۔ اس کی ایک نظم جس کا موضوع ایک یتیم بچے کا اپنی جنت رسیدہ ماں کی شکایت اور اس سے اپنے احوال کا بیان تھا۔ اس کی ابتدا "پیاری اماں لیجئے میرا اسلام" سے تھی اور اس قدر اثر آگیں تھی کہ راقم اسے اب تک نہ بھول سکا اور آج بھی اس کی غمناکی کا نقش دل پر ہے۔ ڈرائنگ اور خوش نویسی بھی نصاب کا اہم جزو تھا۔ اساتذہ اس کے عملی کاموں کی طرف خصوصی توجہ دلاتے اور اپنی نگہداشت میں اس کی مشق کراتے۔

آرہ ضلع اسکول میں تعلیم:

۱۹۱۶ء میں والد صاحب کا تبادلہ ڈمرکا سے آرہ ہوا تو ہم لوگوں نے آرہ ضلع اسکول میں داخلہ لے کر پڑھنا شروع کیا۔ آرہ ضلع اسکول میں میرے ہم جماعت ریاست حسین تھے جو بعد میں ڈاکٹر ہوئے اور زندگی بھر راقم سے محبت اور خلوص سے ملتے رہے۔ ان کے بھائی مسٹر حفاظت حسین جو بعد میں انڈین سول سروس کے امتحان میں لندن جاکر کامیاب ہوئے، اس زمانہ میں اپنی تعلیم اسی اسکول میں ختم کر رہے تھے۔ پانچ مہینہ یہاں پڑھ پائے تھے کہ پھر والد صاحب کا تبادلہ نومبر میں سہسرام ہو گیا۔ غرض ایک سال کا زمانہ دو اسکولوں میں گذرا۔ آخر کار سہسرام ہائی اسکول میں تیسری مرتبہ داخلہ لے کر چھٹی جماعت کا امتحان دیا اور اچھے نمبروں سے پاس ہو کر ساتویں جماعت میں داخل ہوئے۔ یہاں مسلسل تین سال رہنے کا اتفاق ہوا اور دل جمعی سے سہسرام میں پڑھنے کا موقع ملا۔

سہسرام ہائی اسکول میں تعلیم:

اس زمانے میں سہسرام ہائی اسکول ایک اچھا اسکول تھا۔ یہاں درس و تدریس کا کام

Marfat.com

دوسرے اسکولوں کے مقابلے میں منظم اور معیاری تھا۔ راقم کا تجربہ ہے کہ ڈمکا ضلع اسکول اور آرہ ضلع اسکول کی بہ نسبت یہاں کے اکثر اساتذہ بہت قابل تھے اور درس و تدریس کے کاموں میں صلاحیت اور باقاعدگی کا مظاہرہ کرتے۔ طلبا کی بہتری و بھلائی کا ہمیشہ خیال رکھتے۔ راقم کا داخلہ جب اسکول میں ہوا تو عبدالکریم صاحب ہیڈ ماسٹر تھے۔ ان کے بعد شاہ محمد حامد صاحب ہیڈ ماسٹر ہوئے۔ اسکول کے نظم و نسق اور درس و تدریس کی پابندی اور باقاعدگی میں ان دونوں شخصیتوں کا اہم رول تھا۔ ان کی نگہداشت کی وجہ سے اساتذہ اپنی خدمات بہت جاں فشانی اور دلچسپی سے انجام دیتے تھے۔ ہمارے اسکول کے استادوں میں ابو نصر خاں صاحب اور شاہ امجد حسین صاحب انگریزی کے اچھے استاد تھے۔ اکرام الحق، عبد القیوم انصاری، وحید اور اظہر ہمارے ہم جماعت اور عزیز دوستوں میں تھے۔ عبدالقیوم انصاری تعلیم ختم کر کے سیاست میں داخل ہوئے۔ کئی بار بہار گورنمنٹ کے مختلف شعبوں کے وزیر رہے اور تاحیات دوستی کا حق ادا کرتے رہے۔ وحید اور اظہر انتقال کر گئے ہیں۔ اکرام بقید حیات ہیں اور ایڈوکیٹ کی حیثیت سے فارغ البالی کی زندگی گزار رہے ہیں۔ انہیں بڑی عزت حاصل ہے۔ حج کیا ہے اور زیارت مدینہ منورہ سے بھی مشرف ہوئے ہیں۔ بہت پر خلوص اور نیک طبیعت انسان ہیں۔ خدا ان کی عمر دراز کرے۔ اکرام الحق کے خلوص و دوستی کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ جب میں بی۔ اے آنرس کے امتحان میں فرسٹ کلاس آیا تو انہوں نے سب سے پہلے مجھے اس کی اطلاع اور مبارک باد ۱۲/ اپریل ۱۹۲۶ء کو بذریعہ تار بھیجا۔ یہ تار آج بھی میرے پاس اپنی اصل شکل میں محفوظ ہے۔

مظفرپور ضلع اسکول میں تعلیم:

دسمبر ۱۹۱۹ء میں والد صاحب کا تبادلہ سہرام سے مظفرپور بحیثیت مجسٹریٹ ہوا۔ ان دنوں حکومت بہار ہر ڈویژن میں ایک معیاری ضلع اسکول چلاتی تھی۔ ایسے اسکولوں کی تعداد صوبہ بہار واڑیسہ میں صرف پانچ تھی۔ یہ اسکول پٹنہ، بھاگل پور، مظفرپور، رانچی اور کٹک میں قائم تھے۔ ان اسکولوں کے ہیڈ ماسٹر انگریز یا بہت تجربہ کار اور ہوشیار ہندوستانی ہوا کرتے تھے۔ جس زمانے میں راقم نے اس اسکول میں داخلہ لیا، اس کے ہیڈ ماسٹر بابو تلسی

Marfat.com

پرشاد تھے جو بحیثیت استاد اور منتظم پورے بہار میں بڑی شہرت رکھتے تھے۔ دو ماہ بعد ان کی پنشن ہو گئی تو بابو بسنتو کمار مترا ان کی جگہ ہیڈ ماسٹر ہوئے۔ وہ بلند قامت اور بلند آواز تھے۔ پورے اسکول پر ان کا رعب اور اثر غالب تھا۔ یہ ہمیں انگریزی نظمیں پڑھاتے تھے اور خوب پڑھاتے تھے۔ پنشن کے بعد پٹنہ میں قیام کیا اور تقریباً اسی ۸۰ سال کی عمر میں یہیں ان کا انتقال بھی ہوا۔ پٹنہ بینک روڈ پر ان کے دو رہائشی مکانات ہیں۔ میں جب کبھی ملاقات کے لیے ان کے یہاں جاتا بہت خوش ہوتے اور شفقت سے پیش آتے۔ اگر راہ میں مل جاتے تو روک کر خیریت پوچھتے اور خوب باتیں کرتے۔ سید خورشید احسن صاحب ایم اے، تاریخ انگلستان، مولوی عبد القدوس صاحب فارسی اور خورشید حسن صاحب جو جمیل مظہری کے والد بزرگوار تھے، اردو پڑھاتے تھے۔ یہ تینوں اساتذہ اپنے مضمون پر پورا عبور رکھتے تھے۔ جب مسٹر سید سلطان احمد صاحب ہائی کورٹ کے جج مقرر ہوئے تو خورشید حسن صاحب نے ایک عمدہ مثنوی لکھ کر مبارک باد پیش کی۔ یہ مثنوی فنی اعتبار سے خوب تھی اور طبع ہو کر دوست احباب میں تقسیم ہوئی تھی راقم کے پاس بھی یہ مثنوی تھی مگر اس وقت دستیاب نہیں، گم ہو جانے کا افسوس ہے۔ یہاں کئی ہم جماعتوں میں عزیز ترین دوست عبد الصمد، کاظم علی (جمیل مظہری) اور ابو صالح تھے۔ تعلیم کے بعد ایڈوکیٹ ہوئے، پھر سرکاری وکیل مقرر ہوئے۔ اللہ کے فضل سے باحیات ہیں۔ ان کی تمام اولاد عروج پر ہیں۔ بڑے لڑکے پاکستان میں ڈائرکٹر جنرل آف پولس کے جلیل القدر عہدہ پر فائز ہیں۔ ابو صالح مولوی عبد القدوس صاحب کے لڑکے تھے۔ بی۔ اے پاس کر کے سکریٹریٹ میں ملازم ہوئے۔ پچاس ہی سال کی عمر میں قضا کر گئے۔ کاظم علی جو بعد میں جمیل مظہری کے نام سے مشہور ہوئے اردو ادب میں اپنا ایک مقام رکھتے تھے۔ راقم کے ساتھ پٹنہ کالج میں اردو کے پروفیسر تھے۔ افسوس کہ ان کی کوئی اولاد نہ ہوئی۔

میٹرک کے امتحان میں میری کامیابی:

مئی ۱۹۲۱ء میں والد صاحب چھ مہینے کے لیے اسپیشل ڈیوٹی پر مظفر پور سے پٹنہ آئے

Marfat.com

اور اپنے ساتھ ہم لوگوں کو بھی لائے۔ راجہ بھوپ بہادر کے مکان واقع گلزار باغ میں قیام کیا۔ راقم یہیں اکتوبر ۱۹۲۱ء میں ملیریا بخار کا شکار ہوا، ڈاکٹر علی احمد صاحب کے علاج سے کچھ افاقہ تو ہوا مگر بالکل صحت یاب نہ ہوا۔ اس لیے علاج و طبی معائنہ کے لیے کلکتہ گیا۔ بیماری کی وجہ سے میٹرک کے امتحان میں شرکت ناممکن نظر آرہی تھی۔ حسن اتفاق سے جب اپنے خالو سر عبدالرحیم کے یہاں مقیم تھا ڈاکٹر حسان سہروردی جو اس وقت ریلوے کے بڑے ڈاکٹر (چیف میڈیکل افسر) تھے اور بعد میں سر کا خطاب پایا اور کلکتہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ہوئے، سے ملاقات ہو گئی، میں نے ان سے پریشانی کا ذکر کیا۔ انہوں نے میری بڑی حوصلہ افزائی کی اور اپنے اثر و رسوخ سے ایک ہفتہ کے اندر ہی کلکتہ یونیورسٹی سے میٹرک میں شرکت کا اجازت نامہ ایک اسکول کے حوالہ سے حاصل کر کے مجھے دیا۔ میں نے فیس داخل کی اور امتحان میں شریک ہوا۔ خدا کے فضل سے امتحان اوّل درجہ میں امتیازی نمبروں کے ساتھ پاس کیا۔ اس طرح راقم کے اسکول کی تعلیم کامیابی سے اختتام کو پہنچی۔

✪✪✪

Marfat.com

دوسرا باب

کالج کا زمانہ

(۱) جی۔ بی۔ بی۔ کالج مظفر پور
(۱۹۲۲ء تا ۱۹۲۴ء)

جی۔ بی۔ بی۔ کالج مظفر پور میں داخلہ:

راقم نے جولائی ۱۹۲۲ء کے پہلے ہفتہ میں گرمیوں کی تعطیل کے بعد گریر بھومیار برہمن کالج جو آج لنگٹ سنگھ کالج' کے نام سے مشہور ہے داخلہ کے لیے گیا۔ پرنسپل مسٹر ٹی۔ سی۔ آر گل سے ان کے آفس میں ملاقات کر کے انٹرمیڈیٹ کے سال اوّل میں داخلہ کے لیے اجازت نامہ حاصل کیا۔ دوسرے دن فیس داخل کر کے داخلہ کی کاروائی مکمل کرلی۔ اس زمانہ میں اردو اور انگریزی لازمی تھیں۔ ان کے علاوہ میں نے فارسی، تاریخ اور منطق کا انتخاب کیا۔ چار پانچ دن کے بعد باقاعدہ پڑھائی شروع ہوگئی اور میں کلاس میں حاضر ہونے لگا۔ انٹر سال اوّل کے کلاس روم کا ایک مخصوص کمرہ تھا جہاں ہمارے تین مضامین انگریزی، منطق اور تاریخ کا درس ہوتا تھا۔ اردو اور فارسی کا شعبہ کالج کی پرانی عمارت میں تھا جہاں ان کی پڑھائی ہوتی تھی۔

انگریزی کے اساتذہ:

راقم کو خوب یاد ہے کہ انگریزی کے پروفیسر بریشور چٹرجی نے سب سے پہلے رسکن کا جو انگریزی کا مشہور نثر نگار تھا، تعارف کرایا۔ دوسرے دن سے اس کی کتاب "SESAME & LILIES" پڑھانا شروع کیا۔ موصوف انگریزی کے باصلاحیت استاد

Marfat.com

تھے اور اس انداز سے پڑھاتے کہ سبق خوب ذہن نشین ہو جاتا۔ ان کی صحت کچھ اچھی نہ تھی اس لیے اپنے طالب علموں کو صحت کی طرف توجہ دینے کی سخت تاکید کیا کرتے تھے۔ درس و تدریس کے علاوہ ہومیوپیتھک علاج بھی کرتے تھے۔ سال دوم میں انہوں نے ہمیں Dickens کا ناول "Cloister & The Hearth" پڑھایا۔ پروفیسر بندیشوری پرشاد انگریزی نظم Lady of the Lake پڑھاتے تھے۔ چونکہ وہ اسکاٹ لینڈ اور وہاں کے ماحول سے واقف نہ تھے اس لیے باوجود کوشش اس نظم کو بحسن وخوبی نہیں پڑھاتے تھے۔ سال دوم میں انہوں نے Tennyson کی نظم Enoch Arden کسی طرح پڑھایا۔

منطق کے اساتذہ:

پروفیسر گگن گھوش اور پروفیسر جیون کرشن سرکار منطق پڑھاتے تھے۔ جیون بابو اس خوبی سے پڑھاتے تھے کہ پھر مطالعہ کی ضرورت بہت کم محسوس ہوتی تھی۔ گگن بابو جو کچھ پڑھاتے تھے میری سمجھ میں نہیں آتا تھا اس لیے جیون بابو سے دو ماہ Deductive Logic ٹیوشن فیس دے کر پڑھا۔

تاریخ کے اساتذہ:

تاریخ کے تین پروفیسر تھے جن کے نام مسٹر رام پرشاد کھوسلا ناشاد، بابو شیب ناتھ بوس اور بابو اتولہ نند سین تھے۔ پروفیسر رام پرشاد کھوسلا نے ہمیں سال دوم میں انگلستان کی تاریخ پڑھائی۔ موصوف تاریخ کے مشہور و معروف اور ماہر استاد تھے۔ کلاس میں داخل ہونے کے بعد پڑھانے میں مصروف ہو جاتے۔ درس کے علاوہ کبھی کوئی دوسری گفتگو یا تضیع اوقات نہ کرتے۔ اپنی ملازمت کے فرائض تندہی اور حسن وخوبی سے انجام دیتے۔ موصوف تاریخ اس قدر دلچسپ انداز میں پڑھاتے کہ ہم لوگ ان کے لکچر کے دن کا انتظار اشتیاق سے کرتے تھے۔ بابو شیب ناتھ بوس کو ہندو عہد کی تاریخ پر بہت عبور تھا، ایسا لگتا تھا کہ ہندو دور کی تواریخ ان کی نوک زبان پر ہے۔ موصوف کچھ اونچا سنتے تھے مگر درس و تدریس میں اس سے کچھ خلل نہ پڑتا تھا۔ بابو اتولہ نند سین کو اگرچہ تواریخ سے پوری واقفیت تھی مگر پڑھانے کی صلاحیت کم تھی، لڑکوں کو خوش کرنا خوب جانتے تھے۔ ان کا زیادہ وقت کالج کے انتظامی

Marfat.com

امور میں صرف ہوتا تھا۔

اردو اور فارسی اساتذہ:

اردو اور فارسی کے ہمارے تین پروفیسر رائے صاحب اودھ بہاری سنگھ، مولانا عبدالماجد اور حافظ شمس الدین احمد تھے۔ حافظ صاحب شاعر تھے اور ثاقب گوالیاری کے شاگرد تھے۔ آپ فارسی کم اور اردو زیادہ پڑھاتے تھے۔ دونوں زبانوں کے اچھے عالم تھے۔ اقبال کی نظمیں راقم کو پہلے پہل انہی سے پڑھنے کا اتفاق ہوا۔ "شکوہ" "جواب شکوہ" "خضر راہ" وغیرہ نظمیں بہت جذبے سے پڑھاتے تھے۔ موصوف نے خضر راہ کا شعر۔

کہہ رہا ہے مجھ سے اے جویائے اسرارِ ازل
چشم دل وا ہو تو ہے تقدیرِ عالم بے حجاب

کی تشریح اس خوبی سے بیان کی کہ مجھے آج تک یاد ہے۔ اردو نظموں کے علاوہ کچھ فارسی نظمیں جو داخل نصاب تھیں ان سے پڑھی گئیں جب ہم لوگ سال اوّل سے سال دوم میں گئے تو ان کا تبادلہ بحیثیت لکچرر قانون کٹک کالج میں ہو گیا۔ بہت دنوں بعد پٹنہ کالج کے اردو وفارسی کے پروفیسر کی حیثیت سے آئے اور صدر شعبہ اردو پٹنہ یونیورسٹی ہو کر پنشن پائی۔ بہت خوب آدمی تھے۔ سیر وشکار کے بہت شوقین تھے۔ مولانا سید عبدالماجد صاحب بوستان سعدی اور پند نامہ عطار بہت اچھے انداز سے پڑھاتے تھے۔ یہ دونوں کتابیں اخلاقیات کی بلند ترین کتابوں میں ہیں اور ان کا درس دیتے دیتے اس قدر اثر پذیر ہو گئے تھے کہ مولانا کی زندگی قناعت اور خوش اخلاقی کا نمونہ بن گئی تھی ملازمت کی پوری مدت مظفر پور میں گذری۔

رائے صاحب اودھ بہاری سنگھ:

رائے صاحب پروفیسر اودھ بہاری سنگھ ہم لوگوں کو فارسی نثر میں انوار سہیلی اور اخلاق محسنی پڑھاتے تھے۔ موصوف اسلامیات کے بڑے ماہر تھے۔ پڑھانے کا انداز نہایت دل پذیر تھا، ان کتابوں کو پڑھاتے وقت قرآن وحدیث، مثنوی مولانا روم اور حافظ کے اشعار کا حوالہ دے کر اپنے لکچر کو دلچسپ بنا دیتے تھے جس سے ان کی علمی بصیرت کا اظہار

Marfat.com

بھی ہوتا تھا۔ ان کی زندگی اسلامی قدروں کا نمونہ تھی۔ ان کی زبان سے ہندو مسلم تفریق کا کبھی اظہار نہ ہوا۔ ایک دو گہرے دوستوں کے علاوہ کوئی نہ جان سکتا تھا کہ ان کا مذہب کیا ہے۔ وہ تمام مذاہب کا احترام کرتے اور اسلام سے بہت متاثر تھے۔ بیک وقت چہرہ پر داڑھی اور سر پر ٹکی تھی۔ بت پرستی کبھی نہ کی اور نہ کبھی کوئی ہندو تہوار منایا۔ ایک بار جب میں اپنے بھائی کی موت کی خبر دینے گیا تو دیکھا کہ نماز مغرب میں مصروف ہیں۔ بعد نماز راقم سے کچھ باتیں ہوئیں اور پھر میں نے بھائی کی موت کی خبر سنائی تو یہ شعر پڑھا۔

عنقائی مغربیست درین دہر خرمی
خاص از برای محنت ورنج است آدمی

شاید ان میں اتنی اخلاقی جرأت نہ تھی کہ اپنے مسلمان ہونے کا اعلان اپنی زبان سے کر سکیں۔ ان کی موت کے بعد ہندو مسلمان دونوں نے اپنے اپنے طور پر آخری رسومات ادا کرنا چاہی تو پروفیسر رام پرشاد کھوسلا ناشاد جو مرحوم کے ہمراز تھے انہوں نے یقین دلایا کہ اودھ بہاری بابو ہندو تھے اس لیے انہیں نذر آتش کیا گیا۔

جی۔ بی۔ بی کالج کی عمارت:

ہمارا مظفر پور کالج اس زمانے میں ایک مشہور کالج تھا۔ اس کے پرنسپل مسٹر آرگل کہا کرتے تھے کہ کالج کی عمارت کی ساخت پر مشرقی و مغربی دونوں طرز تعمیر کو دخل ہے۔ طلبا کی سہولت کے خیال سے ہوسٹل بھی کالج کی عمارت میں بنایا گیا ہے۔ شعبۂ سائنس، شعبۂ آرٹس سے بالکل الگ تھا۔ کالج کے اسّی ۸۰ فی صد اساتذہ بنگالی تھے۔

بزم سخن اور پروفیسر کھوسلا:

کالج میں ایک اردو ادبی سوسائٹی تھی جس کا نام بزم سخن تھا، پروفیسر رام پرشاد کھوسلا ناشادؔ اس بزم کے صدر تھے اور حافظ شمس الدین احمد اس کے روح رواں تھے۔ ماہ دو ماہ پر اس بزم کی نشست ہوا کرتی تھی۔ طیب صدیقی جو بی اے آنرس سال چہارم میں تاریخ کے طالب علم تھے بزم کی ہر نشست میں اپنی ایک مزاحیہ نظم ضرور پیش کرتے۔ بزم کی شان پروفیسر رام پرشاد کھوسلا اور حافظ شمس الدین احمد سے تھی ان کی نظمیں سننے کے لیے

Marfat.com

لوگ بے صبری سے منتظر رہا کرتے اور سنتے وقت خوب داد دیتے تھے۔ پروفیسر رام پرشاد کھوسلا ناشاد کی ایک غزل جو مجھے یاد نہیں ہے، بہت پسند کی گئی، مقطع کا ایک شعر ملاحظہ ہو۔

پڑھے گا ناشاد سارا عالم ہماری روداد زندگی کو

یہ دردِ الفت کا ہے فسانہ یہ حسرت و غم کی داستاں ہے

برخلاف اپنے دوست بابو اودھ بہاری سنگھ کے، پروفیسر کھوسلا ناشاد ہندو مذہب، اس کی تعلیمات اور معاشرت کے زبردست قائل تھے جس کا اظہار ان کی بیشتر نظموں سے ہوتا ہے۔ مسٹر کرشن کمار کھوسلا جو پروفیسر رام پرشاد کھوسلا کے صاحبزادے تھے اور ٹاٹا کمپنی جمشید پور میں عرصے تک ملازم رہے ان کی ایما پر پروفیسر عبدالمنان بیدلؔ، پروفیسر حافظ شمس الدین اور راقم نے دیوانِ ناشاد کی ترتیب و تصحیح کے بعد اسے طبع کرایا اور اس کی تمام جلدیں کرشن کمار صاحب کی یہاں بھیج دی گئیں۔ دیوان بازار میں نہیں ہے۔

ہمارے پرنسپل مسٹر ارگل:

ہمارے پرنسپل Mr. T.C. Orgill نہایت شریف، سلیم الطبع اور کم سخن انسان تھے حکومت ہند ان کی بڑی عزت کرتی تھی۔ باوجودیکہ جونیر تھے انہیں صوبہ سرحد کا ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشنس بنا کر پشاور بھیج دیا گیا جہاں اپنے کاموں کو حسن اسلوبی سے انجام دینے کی بدولت بڑی ناموری حاصل کی۔ پشاور جاتے وقت میں نے صوبہ سرحد کی تین تصویریں NEWMANS کے یہاں سے منگا کر جب ان کی خدمت میں پیش کیں تو وہ بہت خوش ہوئے۔ موصوف ہر انگریز کی طرح اپنی زبان تہذیب اور تمدن کے بڑے دلدادہ تھے۔ چونکہ راقم انگریزی لباس معمولاً پہنتا تھا اور انگریزی بولتا بھی تھا اس لیے مجھ پر بہت مہربان رہا کرتے تھے۔ ان کے تبادلہ کے بعد مسٹر مور (Mr. W.T. Moore) ہمارے کالج کے پرنسپل مقرر ہوئے۔ آئرلینڈ کے رہنے والے نیک اور خوش مزاج انسان تھے۔ مور صاحب کے دور میں ہم لوگوں کی میٹریکولیشن سیر یمنی ۵/اپریل ۱۹۲۴ء کو منعقد ہوئی جس میں مسٹر سید سلطان احمد نے جو اس وقت پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر تھے ہم لوگوں سے خطاب کیا طلباء کو محنت سے پڑھنے لکھنے کی تاکید کی۔ آج سے پچاس سال پہلے یہ رسم لازمی تھی مگر اب

Marfat.com

یہ رسم بالکل ختم ہو گئی ہے۔ رفتہ رفتہ ہر اچھی چیز ختم ہوتی جا رہی ہے اب تو University Convocation بھی نہیں ہوتا ہے۔

میرے احباب:

ابو صالح، عبد الصمد، زین العابدین اور پریتی رنجن سین جماعت میں راقم کے مشفق دوست تھے۔ زین العابدین منصف ہوئے اور پریتی رنجن سین سکریٹریٹ میں انڈر سکریٹری رہے جو اس زمانے میں زیادہ تر آئی سی۔ ایس ہی ہوا کرتے تھے۔ یہ دونوں حضرات انتقال کر گئے ہیں۔ عبد الصمد بقید حیات ہیں پچاس سال کے عرصہ تک سے اب تک وکالت کا پیشہ کرتے ہیں۔ سرکاری وکیل بھی رہ چکے ہیں۔ بڑی عزت سے زندگی گزارتے ہیں۔ دوسرے دوست ابو صالح بہار کے سکریٹریٹ میں ملازم تھے۔ موت سے پہلے راقم اور جمیل مظہری کو ملاقات کے لیے بلایا مگر قبل اس کے کہ ہم لوگ ان کے یہاں جائیں وہ انتقال کر گئے۔

سید حسن عسکری:

سید حسن عسکری کالج میں مجھ سے دو تین سال سنیر تھے۔ ہمیشہ محنتی طالب علم رہے اور ابتدا ہی سے مطالعہ تاریخ میں بڑی دلچسپی تھی۔ پڑھنے لکھنے کے علاوہ انہیں کسی اور کام سے سروکار نہ تھا۔ عمر کے ساتھ تاریخ نویسی میں ایک مقام پیدا کیا۔ تاریخ نویسی کی خدمات کے صلے میں پٹنہ یونیورسٹی اور مگدھ یونیورسٹی دونوں نے موصوف کو ''ڈی لٹ'' کی اعزازی ڈگری سے نوازا جس کے وہ مستحق تھے۔ حسن عسکری صاحب منکسر مزاج انسان ہیں۔ نام و نمود کی کبھی پروا نہ کی اور زندگی عزت و خاکساری سے گذار رہے ہیں۔ مرنجان مرنج کے اصول پر قائم رہے ہیں۔ راقم کو کٹک کالج سے پٹنہ کالج آنے کے بعد ان کے ساتھ ۲۵ سال تعلیمی خدمات انجام دینے کا موقع ملا مگر کبھی کسی بات پر اختلاف کی نوبت نہ آئی۔ دوران تعلیم ہی سے مزاج مذہبی ہے اور ہمیشہ سے صوم و صلوٰۃ کے پابند ہیں۔ انگریزوں کے زمانے میں ''خانصاحب'' ہوئے اور ۱۹۸۵ء میں ''پدم شری'' کے خطاب سے سرفراز کیے گئے۔ اس کے علاوہ آپ کو فارسی زبان کی خدمت کے لیے پریسیڈنٹ ایوارڈ بھی عطا کیا گیا اور غالب ایوارڈ بھی دیا گیا۔

Marfat.com

سر سی۔ پی ان سنگھ، سری نرائن مہتااور مسٹر اوماشنکر پرشاد:

سر سی۔پی۔این سنگھ نے انگریزوں کے دور میں اور آزادی کے بعد بھی بے انتہا عزت حاصل کی۔ پنجاب اور یوپی کے گورنر ہوئے اور کئی ملکوں میں ہندوستان کے سفیر بھی رہے۔ صاحب موصوف راقم سے کالج میں تین سال آگے تھے۔ مسٹر شری نرائن مہتاان کے ساتھی تھے۔انہوں نے بھی بڑی شہرت حاصل کی۔ سر سید سلطان احمد جو پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر رہ چکے تھے، ان کے مقابلہ میں پٹنہ یونیورسٹی سنڈیکیٹ کے الکشن میں کامیاب ہوئے۔ مسٹر شری نرائن مہتا میرے پڑوس میں جیل روڈ پر اپنے رشتہ دار رائے بہادر کرشن دیونرائن مہتا کے ساتھ رہتے تھے۔ رہائشی قربت کی وجہ سے میری ان سے کافی ملاقات تھی۔ ان کی شادی بڑی دھوم دھام سے ہوئی تھی۔ برات میں راقم بھی شریک تھا۔ مسٹر اوماشنکر پرشاد بابو مہیشر پرشاد رئیس، زمیندار اور اردو شاعر کے صاحبزادے تھے اور والدین نے انہیں بڑے نازونعم سے پالا تھا۔ راقم کے منجھلے بھائی افضل حسین اسکول اور کالج میں ان کے ہم جماعت تھے۔ اپنے بڑے بھائی کی طرح میری عزت کرتے تھے اور زندگی بھر اسی انداز سے ملتے رہے۔ موصوف بڑے ملنسار اور دوست نواز آدمی تھے، جوانی میں خوبرو تھے مگر آخری عمر میں کافی موٹے ہوگئے۔ سماجی، تعلیمی اور سیاسی کاموں میں پیش پیش رہا کرتے تھے۔ موسیقی کے ماہر تھے۔ اس فن سے تاحیات دلچسپی قائم رہی۔ چند سال ہوئے کہ انتقال کر گئے۔ مظفر پور کے نہایت ہردلعزیز شہری تھے۔ راقم کو آج بھی مظفر پور کالج سے دلی لگاؤ ہے۔ جب بھی مظفر پور یونیورسٹی کے کاموں سے جانے کا اتفاق ہوتا ہے یونیورسٹی کے مہمان خانہ کی بالائی منزل پر قیام کرتا ہوں جہاں سے ہمارا کالج اپنی پرانی شان و شوکت کے ساتھ نظر آتا ہے۔ اگلی صحبتیں اور پرانے احباب سب نظر کے سامنے آجاتے ہیں، اور آنکھ سے آنسو نکل آتا ہے، پروفیسر کشور جب تک بہار یونیورسٹی کے وائس چانسلر رہے راقم یونیورسٹی کے کاموں سے مظفر پور جایا کرتا تھا۔ راقم کو حکومت بہار نے جون ۱۹۵۸ء میں اس کالج کی پرنسپلی کی پیش کش کی تھی مگر میں اس خدمت کو اپنی بیوی کی سخت علالت کی بنا پر قبول نہ کر سکا جس کا مجھے برابر افسوس رہا۔

Marfat.com

(۲) بی۔این۔کالج، پٹنہ
(۱۹۲۴ء)

پٹنہ کالج میں داخلہ نہ ہوا:

۱۹۲۴ء میں آئی۔اے پاس کرنے کے بعد گرمیوں کی شدت سے بچنے کے لیے میں مسوری چلا گیا اور دو ماہ سے زیادہ وہاں قیام کیا۔ اس زمانے میں پٹنہ کالج کے بی۔اے سال اوّل میں ۱۰۰ طلبا کا داخلہ ہوا کرتا تھا۔ میں مطمئن تھا کہ لوٹنے کے بعد میرا داخلہ اس کالج میں ہو جائے گا، لیکن خلافِ توقع تمام جگہیں پر ہو چکی تھیں۔ واپس آکر داخلہ کے لیے عارضی پرنسپل مسٹر ہورن سے ملاقات کی۔ انہوں نے کہا فی الحال اپنا داخلہ بی این کالج میں کرالو، جگہ خالی ہوتے ہی تمہارا داخلہ کر لوں گا۔ میں نے بی۔این کالج میں داخلہ کرالیا۔ ڈاکٹر عظیم الدین احمد نے جو والد کے عزیز دوست اور پٹنہ کالج میں فارسی کے سینئر پروفیسر تھے، ان کے اصرار پر پٹنہ کالج کے بی۔اے آنرس فارسی کے کلاس میں بھی داخلہ کرالیا اور اسی توسط سے پٹنہ کالج کے محمڈن ہوسٹل میں رہنے کی اجازت مل گئی۔ اس زمانے میں اس ہوسٹل کے سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر علی حسن صاحب تھے۔

بی۔این کالج میں تعلیم:

بی این کالج کے پرنسپل ڈاکٹر ڈی این سین تھے۔ موصوف ہندوستان میں فلسفہ کے نامی استاذ تھے اور والد صاحب سے واقف تھے۔ میرے داخلہ سے انہیں بڑی خوشی ہوئی اور فرمایا کہ پٹنہ کالج میں کون سی خصوصیت تھی جو تم وہاں داخلہ کے متمنی تھے۔ ہمارے کالج میں کیا کمی ہے۔ دل لگا کر پڑھو اور کامیابی حاصل کرو۔ یہی میری دعا ہے۔ میرا کالج بھی ایک نہایت نامور کالج ہے۔

پرنسپل ڈی۔این۔سین:

موصوف پر خلوص، ایمان دار اور غریب دوست انسان تھے۔ بلاامتیاز مذہب غریب

Marfat.com

طلبا کی سرپرستی کرتے اور ضرورت کے وقت ان کی مالی مدد کرتے تھے۔ بیوی کا انتقال ہو چکا تھا اور لاولد تھے اس لیے اپنی آمدنی کا بیشتر حصہ نادار اور غریب طلباء پر خرچ کیا کرتے تھے۔ گرچہ انگریزی لباس پہنتے تھے لیکن صورت سے بالکل "رشی" معلوم ہوتے تھے۔ انگریز پروفیسروں سے خوش نہ رہتے تھے اور فرماتے تھے کہ یہ لوگ اپنے کو استاد سے زیادہ حکمراں تصور کرتے ہیں۔ کالج اور یونیورسٹی میں ان کی بہت عزت تھی۔ باغبانی کے بہت شائق تھے۔ بی۔این کالج میں جو باغ آج ہے انہی کی یادگار ہے۔ پٹنہ یونیورسٹی نے انہیں پی ایچ ڈی کی اعزازی ڈگری عطا کی تھی۔ اور حکومت ہند نے ان کی قابلیت کو مد نظر رکھتے ہوئے آئی۔ای۔ایس Indian Educational Service میں ملازمت دی تھی۔

پروفیسر سیّد معین الحق:

سید معین الحق صاحب ہم لوگوں کے انگریزی کے پروفیسر تھے انگریزی ادب کا گہرا مطالعہ کیا تھا۔ موصوف Tennyson کی نظمیں بہت اچھی طرح پڑھاتے تھے۔ اچھے پروفیسر ہونے کے ساتھ وہ ہاکی کے اچھے کھلاڑی بھی تھے۔ ان دونوں خوبیوں کی بدولت کالج کے لڑکوں میں بہت ہر دل عزیز تھے۔ بلا تکلف ہم لوگوں کے ساتھ کھیلوں میں شریک ہوا کرتے تھے ان کے زمانے میں اولمپک کھیل جو دنیا کے مختلف ملکوں میں منعقد ہوا کرتے ان میں ہندوستان کی طرف سے اعلیٰ نمائندہ بن کر شرکت کیا کرتے تھے، اسی بنا پر انگریزوں نے انہیں "او۔بی۔ای" (O.B.E) کے خطاب سے نوازا تھا۔ آزادی کے بعد حکومت ہند نے اسی سلسلے سے "پدم شری" کے خطاب سے سرفراز کیا۔ موصوف کی طرح بہت کم لوگوں میں یہ بات دیکھی گئی ہے کہ وہ بیک وقت پڑھنے پڑھانے اور کھیل کود میں یکساں اہلیت وشہرت کے حامل ہوتے ہیں۔ تقریباً پندرہ بیس سال تک B.N. College کے پرنسپل رہے اور بہت حسن وخوبی سے کالج کو چلایا۔ پٹنہ یونیورسٹی کے سینیٹ، سنڈیکیٹ اور مختلف کمیٹیوں کے ممبر رہے۔ نہایت دلیری اور دیانت داری سے اپنے کاموں کو انجام دیا۔ راقم سے بہت محبت کرتے جس کی دو وجہیں تھیں۔ ان کے بڑے بھائی سید مبین الحق صاحب وکیل والد مرحوم کے اسکول کے دوستوں میں تھے۔ اور قربت کی دوسری وجہ یہ تھی کہ ان کے

Marfat.com

داماد سید نجیب اشرف ندوی جو اندھیری کالج بمبئی میں فارسی کے پروفیسر تھے، راقم کے بہت عزیز دوست تھے۔ پروفیسر معین الحق صاحب تاحیات ہفتہ میں ایک بار میرے یہاں ضرور تشریف لاتے تھے۔ اپنے اساتذہ میں مجھے اتنا خوش اخلاق انسان نہ ملا۔

مولوی ابوسعید صاحب:

پروفیسر مولوی ابوسعید صاحب فارسی کے پروفیسر تھے اور قدیم اور جدید فارسی سے واقف تھے۔ ہم لوگوں کو فارسی خوب محنت سے پڑھاتے تھے، اور طلباء ان کی بڑی عزت کرتے تھے۔ بی، این کالج میں عرصہ دراز تک نہایت دیانت داری اور خوبی سے اپنی خدمات کو انجام دیتے رہے۔ ان کے صاحبزادے پروفیسر ابوالخیر اسی کالج میں فارسی کے سینئر پروفیسر ہیں۔

بی این کالج میں صرف ایک ماہ پڑھنے کا موقع ملا کہ مسٹر ہورن نے اپنے وعدہ کے مطابق پٹنہ کالج میں داخلہ کی اجازت دے دی، مگر ڈاکٹر ڈی این سین نے اپنے کالج سے T.C. دینے میں تامل کیا، آخر کار ڈاکٹر بنرجی شاستری کی سفارش سے جو پٹنہ کالج میں سنسکرت کے پروفیسر تھے T.C. مل گئی۔ اور راقم نے اپنا داخلہ پٹنہ کالج میں لے لیا۔ داخلہ کے فوراً بعد پٹنہ کالج کے مستقل پرنسپل مسٹر جیکسن اپنی رخصت سے واپس آگئے۔ ان کا دستور تھا کہ دوران سشن کسی کا داخلہ نہ لیتے تھے۔ ان کی موجودگی میں میرا داخلہ پٹنہ کالج میں ناممکن تھا۔

(۳) پٹنہ کالج، پٹنہ

۱۹۲۴ء سے ۱۹۲۸ء

پٹنہ کالج میں داخلہ اور تعلیم:

راقم نے جب مظفر پور کالج اور بی۔ این کالج پٹنہ میں داخلہ لیا تھا تو کوئی غیر معمولی چیز اور اجنبیت کا احساس نہ ہوا لیکن برخلاف اس کے پٹنہ کالج میں داخلہ پر قدیم ڈچ عمارت، اس کے سامنے کا بڑا سبزہ زار میدان، اس کے پشت پر خوب صورت ولسن گارڈن، دریائے

Marfat.com

گنگا کا کنارہ، تقریباً آٹھ انگریز پروفیسروں کی موجودگی اور اسی قدر ہندوستانی بین الاقوامی شہرت کے مالک اساتذہ کا ہونا اور پرنسپل جیکسن کا طلباء کے ساتھ سخت برتاؤ نے میرے دل پر پٹنہ کالج کا رعب جما دیا۔

میرے انگریزی کے اساتذہ:

ہمارے انگریزی کے پروفیسر مسٹر آرمر، مسٹر آکٹرلونی اور مسٹر نیرنجن نیوگی تھے۔ پروفیسر نیوگی بہت اچھی انگریزی جانتے اور برہمو سماج کے سرگرم کارکن تھے۔ ہم لوگوں کو Palgrave's Golden Treasury سے منتخب نظمیں پڑھاتے تھے۔ انہوں نے "Ode to Nightingale" اس خوبی سے پڑھایا کہ صاحب موصوف کی عظمت اب تک دل پر نقش ہے۔ آرمر صاحب ہم لوگوں کو شیکسپیئر کا ڈراما "جولیس سیزر" نہایت ہی ڈرامائی اور دلچسپ انداز میں پڑھاتے تھے۔ موصوف ہندوستانی طلباء کو انگریزی پڑھانے کا طریقہ جانتے تھے اور اس کے لیے ہندوستان میں بہت شہرت رکھتے تھے۔ چونکہ ہمارے ہوسٹل کے وارڈن بھی تھے اس لیے کلاس میں راقم کا خیال رکھتے تھے۔ پروفیسر آکٹرلونی پست قد، منکسر مزاج اور فرض شناس تھے۔ علی گڑھ کالج میں انگریزی کے استاد رہ چکے تھے۔ پٹنہ آنے کے بعد بھی علی گڑھ کو نہ بھلا سکے۔ آپ Nineteenth Century English Prose پڑھاتے تھے۔ انہیں انگریزی نثر پر عبور حاصل تھا۔ تمام عمر تجرد میں بسر کی۔ اپنی ماں سے بہت محبت کرتے تھے۔ ان کی وفات کے بعد ایک ڈیز ویگن اپنے وطن سے لاکر ڈرائنگ روم میں رکھا تھا۔ راقم نے اسے ڈرائنگ روم میں دیکھ کر پوچھا کہ اسے یہاں رکھنے کی وجہ کیا ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ اس سے میرا جذباتی تعلق ہے۔ میری ماں ہر سال کرسمس کے دن مجھے اس کے بغل میں کھڑا کر کے میرے قد کا اس پر نشان لگا کر سن بھی لکھ دیا کرتی تھیں۔ یہ ڈیز ویگن میری مرحومہ ماں کی یادگار ہے جو مجھے بہت عزیز ہے۔ ان کی موت بہت دردناک حالت میں ہوئی، ایک رات بجلی کے لیمپ میں خرابی کی وجہ سے دستہ میں بجلی آگئی تھی۔ اٹھاتے ہی کرنٹ لگ گیا اور فوت کر گئیں۔ پٹنہ کے عیسائی قبرستان میں مدفون ہیں۔ بہت عرصہ بعد راقم کو اسی بنگلے میں تیرہ سال رہنے کا اتفاق رہا اور استاد

Marfat.com

موصوف اکثر یاد آتے تھے۔ جب E.M. Foster کا ناول "A Passage to India" شائع ہوا تو اس کی ایک کاپی انگلستان سے خرید کر لائے اور راقم کو پڑھنے کے لیے اس شرط پر دیا کہ اس کو چار دن میں پڑھ کر واپس کر دوں گا، میں نے ایسا ہی کیا۔

تاریخ کے اساتذہ:

ہم لوگوں کو تواریخ سر جادو ناتھ سرکار، پروفیسر بھاٹھے اور پروفیسر سماوار پڑھاتے تھے۔ یہ تینوں اساتذہ اپنے دور کے گنے چنے استادوں میں تھے، پروفیسر بھاٹھے کی موت جوانی میں ہوئی۔ گرمیوں کی تعطیل میں پٹنہ سے بذریعہ ریل فرسٹ کلاس میں اپنے وطن بمبئی جارہے تھے کہ دل کا دورہ پڑنے سے اچانک موت ہوگئی، بمبئی اسٹیشن پر لوگوں نے انہیں ڈبہ میں مردہ پایا۔

پروفیسر تارک ناتھ تعلقہ دار:

پروفیسر بھاٹھے کی موت کے بعد مسٹر تارک ناتھ تعلقہ دار کی عارضی تقرری ہوئی۔ بنگال کے ایک بڑے شریف خاندان کے فرد تھے۔ پبلک اسکول اور کیمرج یونیورسٹی میں ان کی تعلیم ہوئی تھی۔ انگریزی طرز زندگی سے بہت متاثر تھے۔ اپنے تہواروں سے انہیں کوئی دلچسپی نہ تھی۔ ہولی کے موقع پر ہندو لڑکے انگریز و ہندوستانی پروفیسروں کو عبیر لگاتے تھے مگر کوئی معترض نہ ہوتا۔ طلباء نے پروفیسر تعلقہ دار کو بھی عبیر لگایا تو بہت ناراض ہوئے اور کہا کہ یہ وحشی قوموں کی رسم ہے۔ لڑکے بہت برہم ہوئے۔ نوبت یہاں تک آئی کہ یہ معاملہ بہار لیجس لیٹو کانسل میں بھی زیر بحث آیا۔ تعلقہ دار صاحب نے نہ معافی مانگی اور نہ اظہار افسوس ہی کیا بلکہ استعفا داخل کر دیا۔ وزیر تعلیم سر سید فخر الدین نے بہت سمجھایا کہ استعفا واپس لے لیں مگر اپنے فیصلہ سے نہ ہٹے اور پٹنہ سے چلے گئے، غالباً یہ واقعہ ۱۹۲۷ء کا ہے۔ صاحبِ موصوف بہت ملنسار انسان تھے۔ راقم کے ساتھ ان کا برتاؤ پرخلوص تھا اور میرے بڑے بہی خواہ تھے۔ اپنی ایک سند مورخہ ۲۳ جولائی ۱۹۲۶ء میں راقم کی باقاعدگی، خوش مزاجی اور ذہانت کی تعریف کی ہے۔ یہ سند میرے پاس اب تک محفوظ ہے۔

Marfat.com

پروفیسر جادو ناتھ سرکار اور پروفیسر آسٹن اسمتھ:

سر جادو ناتھ سرکار اور پروفیسر آسٹن اسمتھ شعبۂ تاریخ میں ایک ساتھ کام کرتے تھے۔ مگر ان دونوں میں برابر چشمک رہا کرتی تھی۔ پروفیسر اسمتھ کو یورپ کی تواریخ پر بڑا عبور تھا اور اپنے مقابلے میں کسی کو اہمیت نہ دیتے تھے۔ ڈاکٹر ڈی۔این۔ سین پرنسپل بی این کالج اور پروفیسر جادو ناتھ سرکار کی Indian Educational Service (آئی۔ای۔ایس) میں اعزازی طور سے تقرری کی گئی تھی۔ سر جادو ناتھ سرکار کے لیے یہ تقرری اگرچہ کوئی بڑی چیز نہ تھی مگر اس پر انہیں بڑا فخر تھا اور برابر اپنے نام کے ساتھ I.E.S. ضرور لکھا کرتے تھے۔ برعکس اس کے ڈاکٹر ڈی۔این۔ سین نے اس کو کبھی کوئی اہمیت نہ دی اور نہ اپنے نام کے ساتھ اس اعزاز کو لکھا کرتے تھے۔

فارسی کے اساتذہ:

شعبۂ فارسی کے صدر ڈاکٹر عظیم الدین احمد کے علاوہ دو اور اساتذہ پروفیسر عبد القادر اور ڈاکٹر ابو نصر محمد علی حسن صاحبؒ ہم لوگوں کو بی۔اے پاس اور آنرس کلاس میں فارسی پڑھاتے تھے۔ ڈاکٹر عظیم الدین احمد پنجاب یونیورسٹی کے اورینٹل کالج میں فارسی کے سینئر پروفیسر تھے۔ موصوف وہاں پانچ برس خدمت انجام دینے کے بعد پٹنہ کالج چلے آئے تھے۔ آپ ہندوستان میں فارسی کے مشہور اساتذہ میں تھے۔ علامہ ڈاکٹر محمد اقبالؔ آپ کے عزیز دوست تھے۔ پروفیسر عظیم الدین احمد کے چلے آنے پر علامہ اقبال کو لاہور کی ادبی دنیا میں بہت کمی محسوس ہوئی جس کا ذکر انہوں نے عبداللہ عمادی کے نام ایک خط میں نہایت افسوس کے ساتھ کیا ہے۔ علامہ کی متعلقہ عبارت اس طرح ہے: ”آپ کے چلے جانے سے لاہور کی علمی صحبت کا خاتمہ ہو گیا۔“ ڈاکٹر عظیم الدین احمد بھی شاید چلے جائیں بس پھر بقول مولانا اکبر یہاں دھرا کیا ہے سوا اکبرا کے اور امرود کے۔“ موصوف نے علامہ اقبال کے کہنے پر ایک نظم ”تصویر درد“ کی طرز پر ”تاثیر درد“ لکھی جو بہت پسند کی گئی۔ بی۔اے آنرس کلاس میں استاذ محترم کا پہلا لکچر خاقانی پر تھا اور وہ قصیدہ جس کے مطلع کا پہلا مصرع:۔

دلِ من پیر تعلیم است و من طفل زباں دانش

Marfat.com

ہے، پڑھایا۔ پانچ چھ اشعار میں گھنٹہ گذر گیا اور یہ نہ معلوم ہوا کہ در حقیقت کلاس کے پچپن منٹ ختم ہو گئے۔ خاقانی کے ساتھ ہم لوگوں کو محمود شبستری کی "گلشن راز" بھی پڑھاتے تھے۔ علاوہ ازیں اردو کمپوزیشن کا بھی کلاس لیا کرتے تھے۔ استاذ محترم کے اردو لکچرس میں اس قدر جاذبیت اور دل کشی ہوتی تھی کہ طلبا کو ان کے لکچر کا انتظار رہتا تھا۔

پروفیسر عبد القادر نے علی گڑھ کالج سے ایم۔اے فارسی کی سند حاصل کی تھی۔ انگریزی، فارسی اور عربی خوب جانتے تھے۔ انگریزی ایسی بامحاورہ اور سلیس لکھتے اور بولتے تھے کہ انگریز بھی ان کی صلاحیت کے معترف تھے۔ یہ ہم لوگوں کو دیوانِ حافظ اور مثنوی مولانا روم پڑھاتے تھے۔ ۱۹۲۶ء میں اسلامیہ کالج کلکتہ چلے گئے۔ وہاں سے پنشن کے بعد قادیان گئے اور تقسیم ہند کے بعد ہجرت کر کے پاکستان چلے گئے جہاں تاحیات قادیانی تحریک کے سرگرم مبلغ رہے۔ ڈاکٹر علی حسن کو باوجود علمیت کے قوت گویائی کم تھی۔ ڈاکٹر عظیم الدین احمد فرماتے تھے کہ ان کے خشک مزاج کو فارسی غزل اور مثنوی سے کوئی تعلق نہیں اس لیے موصوف نے انہیں ہم لوگوں کو "اخلاق جلالی" پڑھانے پر مامور کیا۔ جسے وہ بہت اچھے انداز سے پڑھایا کرتے تھے۔

فارسی بی۔اے آنرس کلاس:

بی۔اے آنرس کلاس میں میرے علاوہ دو اور طالب علم سید مبین الدین احمد اور عبدالاحد تھے۔ ۱۹۲۶ء کے بی۔اے آنرس کے امتحان میں راقم فرسٹ کلاس فرسٹ آیا اور عبدالاحد ایک نمبر سے فرسٹ کلاس سکنڈ آئے۔ سید مبین الدین احمد کو آنرس نہ مل سکا۔ عبدالاحد صاحب بھاگل پور کے T.N.B. College میں فارسی کے لکچرر اور پروفیسر رہے اور ملازمت کے آخر میں کچھ دنوں کے لیے پرنسپل بھی ہوئے۔ چند سال پہلے حرکت قلب بند ہو جانے سے ان کی موت واقع ہوئی۔ جب راقم ۱۹۲۶ء میں بی اے کے امتحان میں شریک ہوا تو اس سال پٹنہ کالج کے امیدواروں کی کل تعداد تقریباً ۹۰ تھی۔ ان میں سے ۲۷ طلباء نے "پاس" کے ساتھ کامیابی حاصل کی اور ۲۰ طلبا کو "آنرس" ملا۔ صرف دو مسلم طلبا کو "آنرس" اور "آٹھ پاس" کے ساتھ کامیاب ہوئے۔

Marfat.com

پٹنہ کالج کے نامور اساتذہ:

راقم کے زمانے میں پٹنہ کالج ہندوستان کے قدیم ترین اور مشہور کالجوں میں تھا۔ اس پر جتنا بھی ناز کیا جائے کم ہے۔ اس کے اساتذہ ہندوستان اور انگلستان کی یونیورسٹیوں کی اعلیٰ ڈگریاں رکھتے تھے۔ تعلیمی تجربہ بھی کافی ہوا کرتا تھا۔ ان اساتذہ کے علاوہ جن کا ذکر اوپر ہو چکا ہے چند اور مشاہیر کا ذکر کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ ڈاکٹر کے ایس۔ کاڈول کیمسٹری کے نامور پروفیسر تھے۔ پروفیسر عبد الصمد خاں آئی، ای، ایس کے ممبر تھے جو بعد میں سی۔ آئی۔ ای کے خطاب سے سر بلند ہوئے۔ اور ڈی۔ پی۔ آئی بہار ہو کر پنشن پائی۔ کیمسٹری کے نامور پروفیسر رہے۔ پنشن پانے کے بعد آپ خدا بخش لائبریری کے سکریٹری بھی ہوئے۔ ۱۹۸۵ء میں تقریباً سو سال کی عمر میں انتقال فرمایا۔ پروفیسر سی۔ جے۔ ہملٹن کیمرج یونیورسٹی میں اقتصادیات کے لکچرر تھے۔ سر آسوتوش مکرجی نے انہیں منٹو پروفیسر آف اکنومکس مقرر کر کے کلکتہ یونیورسٹی بلایا مگر ان کو کلکتہ یونیورسٹی کا ماحول پسند نہ آیا اور پٹنہ کالج چلے آئے۔ سات آٹھ سال یہاں خدمت انجام دینے کے بعد امریکہ کسی یونیورسٹی میں پروفیسر ہو کر چلے گئے۔ پروفیسر ای۔ اے ہورن بھی اقتصادیات کے اچھے پروفیسر تھے۔ پہلی جنگ عظیم میں لارڈ نور تھ کلف کے جنگی پروپگنڈہ کے کاموں میں کچھ دنوں تک ان کے رفیق کار رہے پھر پٹنہ کالج چلے آئے۔ پٹنہ کالج کے دوران خدمت ان کی تقرری بہ حیثیت پرو وائس چانسلر علی گڑھ یونیورسٹی ہوئی اور وہیں چیچک کے مرض میں انتقال کیا۔ میرے ایم۔ اے پاس کرنے کے بعد انہوں نے خط لکھا تھا کہ تمہیں علی گڑھ میں کالج میں لکچرر کی جگہ مل جائے گی چلے آؤ۔ مگر راقم کے دماغ میں ڈپٹی کلکٹری کا خبط سوار تھا اور علی گڑھ نہ گیا۔ اسی چکر میں جب راقم کو بی۔ ان۔ ڈبلو ریلوے میں ٹرافک انسپکٹر کی جگہ ملی تو اسے بھی قبول نہ کیا۔

پٹنہ کالج کے تین قدیم ترین پرنسپل:

مسٹر جے۔ کے۔ راجرس ۱۸۶۳ء میں پٹنہ کالج کے سب سے پہلے پرنسپل ہوئے۔ ان کے بعد دوسرے پرنسپل مسٹر مائکر نڈل اور تیسرے یوبینک ہوئے۔ مسٹر یوبینک اپنے

Marfat.com

زمانے میں ہند کے بے مثال ریاضی داں تھے اور پوری دنیا کے منتخب ریاضی دانوں کے شمار میں آتے تھے۔ان کے کاموں میں دو نامور بنگالی اساتذہ ان کا ہاتھ بٹاتے تھے۔ایک چکرورتی اور دوسرے کا نام پی گھوش تھا۔یہ دونوں پروفیسر یوبینک کے ساتھ سایے کی طرح رہا کرتے تھے۔اسی سبب سے کسی طالب علم نے یہ شعر موزوں کیا تھا، ملاحظہ ہو: ۔

یو بینک کے پاپوش میں روپوش ہوئی دھوپ
تب رشک چکرورتی وپی گھوش ہوئی دھوپ

مجھے فخر ہے کہ مسٹر راجرس پرنسپل پٹنہ کالج کے سو سال بعد راقم کو ۱۹۶۰ء میں اس کالج کا پرنسپل ہونے کی سعادت نصیب ہوئی۔

میری ایم۔اے فارسی کی تعلیم:

راقم کے زمانے میں ایم۔اے کی تعلیم بھی پٹنہ کالج میں ہوا کرتی تھی اور وہی اساتذہ جو بی۔اے میں پڑھاتے ایم۔اے میں بھی درس دیا کرتے تھے۔جب میں ایم۔اے کی پڑھائی ختم کر رہا تھا تو پروفیسر عبدالمنان صاحب بیدلؔ فارسی کے اسسٹنٹ پروفیسر ہو کر پٹنہ کالج آئے اور ہم لوگوں کو دو تین ماہ تک فارسی کا درس دیا۔

راقم ۱۹۲۸ء میں فارسی ایم۔اے کے امتحان میں شریک ہوا اور فرسٹ کلاس فرسٹ ہو کر کامیابی حاصل کی۔انعام میں ایک تمغۂ طلائی عطا ہوا اور دو سو روپے قیمت کی کتابیں بھی دی گئیں۔میں نے طلائی تمغہ کو بطور یادگار اب تک محفوظ رکھا ہے۔

پٹنہ کالج مسلم ہوسٹل میں قیام

۱۹۲۴ء سے ۱۹۲۸ء

ہوسٹل کی رہائش:

میں کالج کے جس ہوسٹل میں رہتا تھا اس کا پہلا نام محمڈن ہوسٹل تھا جو بعد میں مسلم ممبروں کے اصرار پر مسلم ہوسٹل کے نام سے مشہور ہوا۔اس زمانے میں یہ ایک چھوٹا دو منزلہ ہوسٹل تھا۔اس کی بالائی منزل کی چھت رانی گنج ٹائل سے چھائی ہوئی تھی۔اس ہوسٹل

Marfat.com

میں ۲۴ منفرد کمرے ایسے تھے جس میں ایک ایک طالب علم کے رہنے کا انتظام تھا اور چھ کمرے ایسے تھے جن کے ہر کمرے میں چار طالب علم رہ سکتے تھے۔ اس زمانے میں مسلمان لڑکے عام طور سے ہوسٹل میں رہنا بہت کم پسند کرتے تھے اور وہ اپنے والدین یا اپنے رشتہ داروں کے ساتھ رہا کرتے تھے۔ میں جب ۱۹۲۴ء میں ہوسٹل میں داخل ہوا تو چار طلبا کی نشست والے کمرہ میں جگہ ملی۔ اس وقت ہوسٹل میں رہنے والے طلباء کی تعداد صرف ۲۷ تھی۔ گرچہ وہاں ۴۸ لڑکوں کے رہنے کا انتظام تھا۔ تین خالی کمروں کے ایک کمرہ میں ہوسٹل کا ڈاکٹر لڑکوں کی طبی سہولت کے لیے چند گھنٹے آکر بیٹھتا تھا۔ دوسرے خالی کمرہ میں پروفیسر پنڈت رام اوتار شرما ایم اے سنسکرت کا کلاس لیا کرتے تھے اور تیسرے کمرے میں ڈاکٹر عظیم الدین احمد ایم۔ اے فارسی کے طلباء کو درس دیا کرتے تھے۔

ہوسٹل کے سپرنٹنڈنٹ، قواعد وضوابط، ہوسٹل کی توسیع:

ہوسٹل کے سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ابو نصر محمد علی حسن صاحب تھے۔ نہایت مذہبی مزاج کے تھے۔ ہر سال میلاد شریف کیا کرتے اور رمضان میں کسی نہ کسی دن تمام ہوسٹل کے طلباء کو افطار پر ضرور مدعو کرتے تھے۔ ہوسٹل کے قواعد وضوابط بڑے سخت تھے۔ موصوف طلباء سے ان کی پابندی سختی سے کراتے تھے۔ مطالعہ کا وقت صبح وشام دو دو گھنٹہ مقرر تھا۔ ان اوقات میں پڑھنے لکھنے کے علاوہ کسی دوسرے کام کی اجازت نہ تھی۔ طلبا ایک دوسرے سے نہ مل سکتے تھے، نہ کہیں جا سکتے تھے۔ موصوف روزانہ اس بات کی جانچ کیا کرتے تھے کہ کوئی لاپرواہی تو نہیں کرتا یا دوسرے کے پڑھنے میں مخل تو نہیں ہوتا ہے۔ ہوسٹل کے ہر بلاک میں ایک سینئر طالب علم اپنے بلاک کا پریفکٹ ہوتا تھا۔ ضرورت پڑنے پر وہ قاعدہ کے مطابق کسی کو آدھ گھنٹہ سے زیادہ ہوسٹل کے باہر جانے کی اجازت نہ دیتا تھا۔ سپرنٹنڈنٹ روزانہ صبح وشام ہوسٹل کا گشت لگاتے، کہ صفائی اور ہوسٹل کی ڈسپلن میں کوئی بدنظمی تو نہیں آئی ہے۔ ایسے طالب علم جو بدذوق اور قواعد وضوابط کی پابندی کے عادی نہ تھے سپرنٹنڈنٹ سے کچھ خوش نہ رہا کرتے تھے اور ہر جگہ ان کی شکایت کرتے رہتے تھے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ پابندیاں طلباء کے حق میں بہر حال مفید تھیں جس کے نتیجے میں بدذوق طلباء بھی

Marfat.com

کچھ نہ کچھ ضرور پڑھ لیا کرتے اور کامیاب بھی ہوتے تھے۔ ڈاکٹر کاڈول اس ہوسٹل کے مستقل وارڈن تھے۔ موصوف ہوسٹل میں بہت کم آتے بلکہ سپرنٹنڈنٹ آفس میں آتے اور ہوسٹل کے بارے میں تمام حالات اور معلومات حاصل کرلیا کرتے تھے۔ جب پروفیسر آر مر وارڈن ہوئے تو ان کا معمول تھا کہ روزانہ بلاقید موسم پانچ چھ بجے صبح کو آتے اور تمام لڑکوں کو پٹنہ کالج کے میدان میں لے جاتے خود دوڑتے اور لڑکوں کو اپنے ساتھ دوڑاتے تھے۔ اس طرح ہم لوگوں کی ایک اچھی ورزش ہو جاتی تھی۔ پڑھنے کے وقت روزانہ ہوسٹل آتے اور ہر کمرے میں جاکر لڑکوں سے باتیں کرتے۔ راقم کے دوران قیام کچھ دنوں کے لیے مسٹر آسٹن اسمتھ وارڈن ہوئے۔ یہ ایک سن رسیدہ پروفیسر تھے اور انکا انداز تکلم اکثر تحکمانہ ہوتا تھا۔ ایک دن جب میں صبح سویرے اپنے معمول کے مطابق انگریزی لباس پہن کر لاکالج پڑھنے کے لیے جارہا تھا کہ زینے پر ان سے ملاقات ہوگئی۔ مجھ سے دریافت کیا کہ پڑھنے کے وقت کیوں باہر جارہے ہو۔ میں نے جواباً عرض کیا کہ لاکالج جارہا ہوں۔ برہم ہوکر بولے "You walk in a pompous manner as if you are a Tax Collector." (تم اس شان سے چل رہے ہو گویا تم ایک ٹیکس کلکٹر ہو) میرے جواب سے مطمئن نہ ہوئے اور لاکالج کے پرنسپل سے میری اس روز کی حاضری کے بارے میں دریافت کرنے کے بعد ہی سکوت اختیار کیا۔ ۱۹۲۵ء کے آخر میں ہوسٹل کی توسیع ہوئی اور ساٹھ لڑکوں کے رہنے کا انتظام کیا گیا مسلم لڑکوں کی تعداد ناکافی تھی اس لیے ہندو طلبا کو بھی رہنے کی جگہ دے دی گئی۔ اس کے بعد ہوسٹل کی نوعیت بدل گئی اور ہندو مسلمان طلباء اس میں رہنے لگے۔ ۱۹۲۸ میں اس ہوسٹل کا نام جیکسن ہوسٹل رکھ دیا گیا اور جب سے اس میں صرف ہندو طلباء رہنے لگے۔ اسی سال ایک نیا ہوسٹل جواب "اقبال ہوسٹل" کے نام سے مشہور ہے تعمیر ہوا جس میں آج کل ہندو اور مسلمان طلباء رہتے ہیں مسلم ہوسٹل کی خصوصیت ختم کردی گئی۔ راقم بہت آرام سے پرانے مسلم ہوسٹل میں چار برس ۱۹۲۴ء سے ۱۹۲۸ء تک رہا اور یہ زمانہ میری زندگی کا بہترین زمانہ تھا۔

Marfat.com

میرے خاص احباب:

اس دور کے خاص دوستوں میں امیر علی خاں وارثی (ایڈوکیٹ)، سید رضا حیدر (ہیڈ ماسٹر)، خلیل احمد (جج ہائی کورٹ)، فضل الرحمٰن (ڈی۔پی۔آئی)، سید محمد احمد (اے۔ڈی۔پی۔آئی)، سید مہدی علی (ڈائرکٹر انڈسٹریز)، سید امین احمد (آئی۔سی۔ایس)، نور الہدیٰ (آئی۔اے۔ایس)، محمد ابو مظفر (انڈین اکاؤنٹس سروس)، سید اختر احمد اورینوی (پروفیسر)، سید مقبول احمد (ایڈوکیٹ اور وزیر حکومت بہار)، سید انور حسین (ڈاکٹر)، سید منور حسین (پروفیسر علی گڑھ) تھے۔

ان چند افراد میں امیر علی خاں وارثی، رضا حیدر، خلیل احمد اور راقم سے بہت قربت تھی۔ ہم لوگ روزانہ صبح کا ناشتہ ایک ساتھ کرتے تھے۔ جس میں کبھی کبھی فضل الرحمٰن اور سید مہدی علی بھی شریک ہو جایا کرتے تھے۔

ہوسٹل کے مس، کھانے کے اخراجات اور سالانہ جلسہ:

ہمارے ہوسٹل میں دو ۲ مس تھے۔ ایک کا نام رائل اور دوسرے مس کا نام امپریل تھا۔ دونوں مس کے افراد کوشاں رہتے کہ ہمارے مس کا کھانا بہتر ہو۔ اس وجہ سے دونوں میسوں کا انتظام عموماً اچھا ہوتا تھا اور طلبا کو اچھے کھانے مل جاتے تھے۔ ہر سنیچر کی رات کو اہتمام کے ساتھ دعوت ہوتی جس میں اچھے اچھے کھانے ملتے تھے۔ دونوں میں ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کا خیال رہتا تھا۔ اور ہم لوگ بے تکلف سیر ہو کر اچھے کھانے کھاتے۔ باوجود تکلفات کے ماہانہ خرچ صرف پندرہ روپے لیے جاتے تھے۔ ہوسٹل کا سالانہ جلسہ عموماً جاڑے کے موسم میں ہوا کرتا تھا اور کبھی کبھی پیسوں کی کمی سے ملتوی بھی ہو جاتا۔ ۱۹۲۶ء میں ڈاکٹر ضیاء الدین وائس چانسلر علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کسی سرکاری کام سے پٹنہ آئے تھے تو ہوسٹل کے سالانہ جلسہ میں انہیں مہمان خصوصی کی حیثیت سے مدعو کیا گیا۔ اس جلسہ میں کالج کے پروفیسران کے علاوہ مسٹر فوکس، ڈی پی آئی اور چند معزز انگریز افسران بھی شریک ہوئے۔ مشکی باجے کی دھن بجائی گئی جس کو تمام لوگوں نے پسند کیا۔ خصوصاً ہمارے وارڈن پروفیسر آرمر اس سے بہت محظوظ ہوئے کیونکہ یہ اسکاٹ لینڈ کے

Marfat.com

رہنے والے تھے اور اس باجے کی دھن سے بہت خوب واقف تھے۔ اس موقع پر ہوسٹل کے طلباء نے دل کھول کر چندہ دیا اور اپنی محنت اور کوشش سے اس جلسہ اور عصرانہ کو کامیاب بنایا۔

طلباء کی تفریح طبع کا سامان اور سرکاری ملازمتیں

۱۹۲۴ء سے ۱۹۲۸ء

بہار ینگ مِنس انسٹی ٹیوٹ، سنیما اور تھیٹر:

طلباء کی تفریح کے لیے خدا بخش لائبریری سے متصل بہار ینگ مِنس انسٹی ٹیوٹ میں تفریح کے سامان مہیا تھے۔ یہاں بلیارڈ اور دوسرے اِن ڈور گیمس کا انتظام تھا۔ افسوس ہے کہ اس کی وہ رونق جو پہلے تھی اب نہ رہی۔ اس کا سالانہ چندہ صرف دو روپیہ تھا۔ اس کے علاوہ الفنسٹن سنیما اور جہانگیر کا تھیٹر تھا۔ الفنسٹن سنیما کا مالک کلکتہ سے اکتوبر کے مہینے میں آتا اور مئی کے مہینہ میں واپس چلا جاتا تھا۔ وہ لان (گاندھی میدان) کے اتر پوربی کونے پر ایک عالی شان خیمہ لگا کر باقاعدہ اسٹیج اور ہال تیار کر لیتا تھا۔ اس سنیما میں انگریزی فلمیں دکھائی جاتی تھیں۔ تصویریں چلتی پھرتی تو تھیں مگر بولتی نہ تھیں۔ فلم کا قصہ اور مکالمہ بوقت ضرورت اسٹیج کے پردہ پر لکھا ہوا نظر آجاتا تھا۔ اس زمانے میں چارلی چپلین کی فلمیں بہت پسند کی جاتی تھیں۔ راقم ہر سنیچر کو تفریح طبع کے لیے خصوصاً چارلی چپلین کی فلمیں ضرور دیکھتا تھا۔

جہانگیر کا تھیٹر:

خزانچی روڈ میں جہانگیر کا تھیٹر تھا جس میں ہر طبقہ کے لوگ ڈرامہ دیکھنے جاتے تھے۔ یہاں بڑی بد نظمی رہتی تھی، نہ روشنی کا معقول انتظام نہ کوئی باقاعدگی تھی۔ شور و غل اتنا ہوتا کہ اداکاروں کی آواز ماند پڑ جاتی۔ ایک دن اپنے ایک دوست و رشتہ دار سید مہدی علی کے اصرار پر ان کے ساتھ جہانگیر کے تھیٹر میں ڈرامہ "یہودی کی لڑکی" دیکھنے گیا۔ تھیٹر کا ہنگامہ اور بد نظمی دیکھ کر میں نے مہدی علی سے کہا کہ مجھے کہاں لے آئے۔ انہوں نے جواب دیا کہ

Marfat.com

ابھی اسٹیج پر اداکارہ کو آنے دیجئے تمام کلفتیں دور ہو جائیں گی اور پیسہ وصول ہو جائے گا۔ میں تو صرف اسی اداکارہ کو دیکھنے آتا ہوں۔ راقم اس کے بعد پھر وہاں کبھی نہ گیا۔ تھیٹر والے اپنے تھیٹر کی رونق اور آمدنی بڑھانے کے لیے ایک دو خوب صورت اداکارہ لڑکیوں کو رکھتے تھے کہ تماشہ بینوں کی تعداد میں اضافہ ہو۔ قریب پچاس سال سے تھیٹر کا رواج پٹنہ سے اٹھ گیا ہے۔

کارنیول:

۱۹۲۶ء میں ایک سرکس ''کنگ کارنیول'' آیا جس کا مالک غالباً کوئی امریکن تھا۔ اس میں کرتب دکھانے والے بھی زیادہ تر امریکن اور کچھ حبشی تھے۔ اس سرکس نے تقریباً تین مہینے لان کے اتری پوربی کونے پر اپنا خیمہ لگا کر قیام کیا اور علاوہ انسانوں کے جانوروں کے بھی کرتب دکھا کر خوب پیسہ کمایا۔ راقم نے اس زمانے میں اتنا اعلیٰ درجہ کا سرکس کلکتہ میں بھی نہیں دیکھا تھا۔

مسلم طلباء کو سرکاری ملازمتیں:

برٹش دور حکومت میں بہار کے مسلمانوں کے لیے سرکاری ملازمت میں ۱۵ سے ۲۰ فیصد نشستیں مخصوص تھیں۔ اس لیے اچھے مسلم تعلیم یافتہ طلباء کو کچھ سرکاری ملازمتیں مل جاتی تھیں۔ راقم کے زمانے میں مسٹر سید امین احمد آئی۔ سی۔ ایس کے مقابلہ کے امتحان میں کامیاب ہوئے اور میرے ہم جماعت محمد ابو مظفر انڈین آڈٹ سروس کے امتحان میں کامیاب ہوئے۔ مسٹر سید امین احمد نے تقریباً بیس سال کی ملازمت کے بعد سول سروس سے مستعفی ہو کر پٹنہ ہائی کورٹ میں وکالت شروع کی اور اسی کے ساتھ بہار لیجس لیٹو اسمبلی اور بعد ازاں بہار لیجس لیٹو کونسل میں آٹھ سال تک ممبر رہے اور اپنی خدمات کے لیے بڑی شہرت حاصل کی۔ محمد ابو مظفر بہار میں اکاونٹنٹ جنرل رہے۔ تقسیم ہند کے بعد پاکستان چلے گئے۔ وہاں عزت پائی اور پاکستان کے شعبۂ مالیات میں مشیر رہے۔

ہم لوگوں کے زمانے میں بہار میں سرکاری ملازمتیں بہت کم ہوا کرتی تھیں مگر تعلیم یافتہ مسلم نوجوانوں کو ڈپٹی کلکٹری، منصفی، ڈاکٹری، انجینیری وغیرہ کی جگہیں مل جایا کرتی

Marfat.com

تھیں۔ بڑی نوکری ہو یا چھوٹی ہر ملازمت میں مسلمان نظر آتے تھے۔ آج کل اس کے بالکل برعکس ہے۔ اس دور میں سرکاری، نیم سرکاری اور غیر سرکاری ملازمتوں کی کوئی انتہا نہیں ہے مگر مسلمانوں کو اتنی بھی ملازمتیں نہیں دی جاتی ہیں جن کے وہ اپنی آبادی کے لحاظ سے حق دار ہیں۔ اور حکومت اس اہم مسئلہ کی طرف کوئی توجہ نہیں دے رہی ہے۔ یہ افسوس کی بات ہے۔ پڑھے لکھے مسلم نوجوان ملازمت کی تلاش میں مارے پھرتے ہیں۔

✪✪✪

Marfat.com

تیسرا باب

قانون کی تعلیم اور پیشۂ وکالت

۱۹۲۶ء سے ۱۹۳۱ء

لا کالج کا ماحول اور اساتذہ:

بی اے پاس کرنے کے بعد راقم نے اپنا داخلہ Law College میں .B.L سال اول میں لیا۔ اس زمانے میں یہ سہولت تھی کہ ایم۔ اے کے ساتھ بی۔ ایل کی تعلیم بھی حاصل کر سکتے تھے۔ صرف دو سال کا کورس تھا۔ اس زمانے میں لا کالج کے کلاس مسٹر جسٹس شرف الدین کے رہائشی مکان میں ہوتے تھے، جہاں آج کل اس مکان کے ایک حصہ میں اردو لائبریری ہے۔ کچھ عرصہ بعد لا کالج کی عمارت رانی گھاٹ میں تعمیر ہوئی تو یہ کالج وہاں منتقل ہو گیا۔

لا کالج کے اساتذہ:

ہمارے زمانے میں مسٹر سید سعید عالم اس کالج کے پرنسپل تھے اور وائس پرنسپل مسٹر سید محمد شریف تھے۔ ان دونوں اساتذہ نے کیمبرج یونیورسٹی کی اعلیٰ ڈگریاں آرٹس اور لا (قانون) میں حاصل کی تھیں اور بیرسٹر بھی تھے، ان کے علاوہ ہمارے نامی پروفیسروں میں بابو شیویشر دیال اور مسٹر بھوبینشور پرشاد سنہا تھے جو بعد میں چیف جسٹس آف انڈیا ہوئے۔ اور آج بقید حیات نہیں ہیں۔ ان کے علاوہ مسٹر بی۔ پی جموار جو بعد میں وائس چانسلر ہوئے اور مسٹر سید یوسف حسین تھے۔ ان دونوں حضرات کو اکسفورڈ کی اعلیٰ ڈگریاں حاصل تھیں اور طلباء میں گھل مل کر رہتے تھے۔

Marfat.com

لا کالج کا ماحول:

راقم جب لا کالج کے کمپاؤنڈ میں داخل ہوا تو یہاں کی دنیا عجب سی نظر آئی۔ پٹنہ کالج میں اگر نظم وضبط تھا تو یہاں بد نظمی تھی۔ ہر وقت ایک ہنگامہ رہتا تھا۔ پڑھنے پڑھانے کا کوئی ماحول نہ تھا۔ کوئی طالب علم اگر پڑھنا لکھنا چاہتا تو اوّل کالج کا ماحول دوسرے سڑک پر آدمیوں اور سواریوں کی آمد ورفت کا شور وغل مخل ہوتا۔ بجز پرنسپل اور وائس پرنسپل کے باقی دوسرے اساتذہ کو ڈھائی تین سو روپیہ ماہنامہ معاہدہ کے مطابق مشاہرہ ملتا تھا۔ اساتذہ صبح وشام دو دو گھنٹے آکر پڑھاتے اور دن بھر عدالتوں میں وکالت کرتے تھے۔ پرنسپل، نائب پرنسپل، مسٹر شیو ایشر دیال، مسٹر بھوبنیشور پرشاد سنہا اور پروفیسر جموار کے علاوہ کوئی دوسرا استاد، پڑھانے میں دلچسپی نہ لیتا تھا۔ زیادہ تر طلباء صرف حاضری دینے کے خیال سے آیا کرتے تھے اور کچھ طلباء اپنی حاضری دینے کے بعد اپنے غیر حاضر دوستوں کی حاضری بھی بنوا دیتے تھے۔ بد مذاقی کا یہ عالم تھا کہ ہر استاد سے بد تمیزی کرتے۔ ایک سن رسیدہ وکیل بابو راگھو پرشاد جو شام کو پڑھانے آتے تھے، لڑکوں نے ان کا نام راگھو پرشاد سے بدل کر گھوڑا پرشاد کر دیا۔ کلاس میں آنے سے قبل ان کی میز پر گھاس اور چنا لا کر رکھ دیا کرتے تھے، جس کو موصوف پھینک کر پڑھانے میں لگ جاتے تھے۔

کالج کا ایک دلچسپ واقعہ:

لا کالج کا ایک واقعہ یاد آیا، میرے ایک دوست سید شاہ ظفر حسین جنہوں نے بعد میں اے۔ ڈی۔ ایم ہو کر پنشن پائی، ایک پر مذاق آدمی تھے۔ ایک دن شام کو جب وہ کلاس کے باہر کھڑے تھے تو ایک دیہاتی آیا اور ان سے پوچھا: ''کیا یہی وہ جگہ ہے جہاں وکیل بنائے جاتے ہیں۔'' جواباً کہا ہاں اور بتایا کہ وہ پروفیسر صاحب جو آرہے ہیں جب وہ کمرہ میں چلے جائیں اور پڑھانے لگیں تو تم اندر جا کر ان کے پیچھے کھڑے ہو جانا پھر معلوم ہو جائے گا کہ وکیل کس طرح بنائے جاتے ہیں۔ جب پرنسپل سعید عالم لکچر میں مصروف ہو گئے تو یہ دیہاتی ان کے پیچھے کھڑا ہو گیا، پرنسپل سعید عالم کی نگاہ یکایک جب دیہاتی پر پڑی تو پوچھا یہاں کیسے آئے۔ اس نے کہا کہ ایک صاحب نے ہمیں بتایا ہے کہ پروفیسر صاحب کے پیچھے

Marfat.com

چپ چاپ کھڑے ہو جاؤ پھر تم دیکھ لوگے وکیل کیسے بنایا جاتا ہے۔ یہ سن کر موصوف برہم ہوگئے اور چپراسی کو حکم دیا کہ اس آدمی کو کلاس سے باہر نکال دو۔

لا کالج کے احباب

میرے لا کالج کے ساتھیوں میں مسٹر سرجو پرشاد سنگھ جو بقید حیات ہیں، پٹنہ ہائی کورٹ کے جج تھے اب تک راقم کے بہت اچھے دوستوں میں ہیں۔ مسٹر رام رتن سنگھ ہائی کورٹ کے جج ہوئے جو باحیات ہیں وہ بھی راقم کے ساتھی ہیں، ان کے علاوہ میرے نہایت عزیز دوست مسٹر امیر علی خاں وارثی تھے جو پٹنہ ہائی کورٹ کے اچھے ایڈوکیٹ تھے۔ موصوف حج وزیارت سے مشرف تھے۔ آج سے بیس سال قبل قضا کر گئے۔ ایسا مخلص دوست بڑی مشکل سے ملتا ہے۔ سید رفیع الدین بلخی بھی راقم کے ساتھ پڑھتے تھے، موصوف تندرست، خوش مذاق اور خوبرو انسان تھے، شکار کے شوقین تھے۔ جب بھی شکار میں جاتے تو شکار میں سے کچھ حصہ راقم کو ضرور بھیجا کرتے اور کبھی کبھی تو خود پکا کر راقم اور دوسرے دوستوں کو کھلاتے تھے، ان کے انتقال کو تقریباً بیس سال ہوگئے، ان کی تمام اولاد اب پاکستان میں ہیں مگر موصوف نے اپنی عمر ہندوستان میں گذاری۔ بہت دلیر اور دیانت دار آدمی تھے۔

پیشہ وکالت:

راقم نے ۱۹۲۶ء میں بی۔ ایل۔ میں داخلہ لیا۔ سال اوّل پاس کرنے کے بعد ایم۔ اے کرنے کی وجہ سے ایک سال کا وقفہ دے کر ۱۹۲۹ء میں سال دوم کا امتحان پاس کیا اور بی۔ ایل ہو گیا۔ اکتوبر ۱۹۲۹ء میں چھپرہ کی ضلع عدالت میں وکالت شروع کیا۔ اس شہر میں وکالت شروع کرنے کی وجہ یہ تھی کہ اس زمانے میں میرے چچا مسٹر ریاست حسین وہاں بیرسٹر تھے اور میں ان کا جونیر بن کر کام کرنے لگا۔ وہ ایک قابل اور تجربہ کار بیرسٹر تھے اور راقم کو ان کے ساتھ کام کرنے سے فائدہ ہوا۔ میں صرف دیوانی اور فوجداری کی عدالتوں میں ہی نہیں بلکہ اور عدالتوں میں بھی کام کرتا تھا۔ زیادہ تر منصفی کے مقدمات میں کام کرتا جس میں فیس کم ملتی اور محنت بہت زیادہ کرنی پڑتی تھی۔ ایک ہندو دلال سے ملاقات ہو گئی اور وہ مجھے انکم

Marfat.com

ٹیکس کے مقدموں میں لے جانے لگا، انکم ٹیکس کے مقدموں میں فیس زیادہ ملتی اور کام بہت دشوار نہ ہوتا تھا۔ دلال آدھی فیس خود لے لیتا اور آدھی فیس مجھے دے دیتا۔ جو کچھ وہ دیتا میں خوشی سے قبول کر لیتا تھا کیونکہ یہ رقم میری دیوانی یا فوجداری کی فیس سے زیادہ ہوتی تھی، روز کچھ نہ کچھ کما لیتا مگر یہ آمدنی ہر ماہ سو روپیہ سے زیادہ نہ ہوتی تھی۔ والد صاحب مجھے ایک سو روپیہ ماہنامہ بھیجا کرتے اور میں آرام سے رہتا تھا۔ وکالت کا زمانہ راقم کے لیے زندگی کا ایک نیا اور مشکل دور تھا۔ ہر قدم پر دشواری معلوم ہوتی۔ روزانہ مختلف مزاج کے لوگوں سے واسطہ پڑتا، جونیر وکیل کی حیثیت سے کچہری میں ایک اجلاس سے دوسرے اجلاس میں جا کر پیروی کرنی پڑتی یہ کام مجھے اچھا معلوم نہ ہوتا پیشہ وکالت میں محنت شاقہ کے ساتھ بے انتہا صبر کی ضرورت ہے۔ محنت کے لیے تو میں تیار تھا مگر میرا مزاج ہمیشہ صبر سے بہت دور رہا ہے۔ ہر روز دعا کرتا کہ ڈپٹی کلکٹری مل جائے اور اس پیشہ سے جلد نجات ہو۔ وکالت سے گلوخلاصی تو ہوگئی مگر ڈپٹی کلکٹری نہ ملی۔

چھپرہ کے وکلاء

چھپرہ میں ہندو وکلاء کی تعداد بہت کافی تھی۔ بابو گردھر گوپال اور بابو وشنو ناتھ پرشاد بہت کامیاب وکیل سمجھے جاتے تھے۔ بابو وشنو پرشاد کی نظر عنایت مجھ پر اکثر رہا کرتی اور کئی مقدمات میں راقم ان کا جونیر رہا اور وہ میرے کاموں سے بہت خوش ہوتے تھے۔ مولوی عبد الماجد صاحب اور مولوی یادگار علی ممتاز مسلمان وکلاء میں تھے۔ اور یہ دونوں حضرات دیوانی عدالت میں کام کیا کرتے۔ مولوی عبد الماجد صاحب سنجیدہ مزاج اور خاموش آدمی تھے۔ نظایر پر بڑا عبور تھا۔ مولوی یادگار علی صاحب خوش مزاج بزرگ تھے اور نوجوان وکلا سے گھل مل کر باتیں کرتے، مولوی یٰسین خاں فوجداری کے اچھے وکیل تھے۔ روپیہ کمانے کے ڈھنگ ان کو خوب آتے تھے۔ کام جی لگا کر کرتے اور حاکم کو خوش کرنا بھی جانتے تھے۔ مسٹر بیور ڈسٹرکٹ وسشن جج تھے۔ مقدمات میں قانونی نکات خوب نکالتے اور بڑے زود فہم اور ذکی الطبع تھے۔ ترقی کر کے پٹنہ ہائی کورٹ کے جج ہوئے۔ انڈین سول سروس میں تقرری کے بعد ان کی تربیت والد صاحب کی نگرانی میں ہوئی تھی اس لیے مجھ پر مہربان

Marfat.com

رہتے۔ مسٹر احتشام علی خان سب جج تھے۔ لندن میں تعلیم پائی اور بیرسٹری کی ڈگری رکھتے تھے۔ اوقات کے بہت پابند تھے۔ ٹھیک ساڑھے دس بجے کام شروع کرتے اور چار بجے ختم کر دیتے تھے۔ قانونی باتوں کو خوب سمجھتے اور اپنی ایمانداری کے لیے مشہور تھے۔ سہرام کے رہنے والے تھے اور ان سے ہم لوگوں کے خاندانی تعلقات تھے۔ ان کے بھائی اکرم علی خاں والد صاحب کے دوست تھے۔

جنوری ۱۹۳۱ء میں مسٹر ریاست حسین سخت بیمار ہوئے اور اپریل میں فوت کر گئے۔ ان کے مرنے کے بعد چھپرہ میں رہ کر وکالت کرنا میرے لیے دشوار ہو گیا اور میں پٹنہ چلا آیا۔ یہاں کے لوگوں کی رائے ہوئی کہ پٹنہ ہائی کورٹ میں وکالت کروں مگر میں اس پیشہ سے دل برداشتہ ہو چکا تھا اور حالات بھی ناسازگار تھے۔ مجبوراً وکالت سے ہمیشہ کے لیے جون ۱۹۳۱ء میں علیحدگی اختیار کر لی۔ بیور صاحب کو میرے وکالت چھوڑنے کا بہت افسوس ہوا۔ جب بیور صاحب پٹنہ ہائی کورٹ میں جج ہو کر آئے تو میں ان کی ملاقات کے لیے گیا۔ وہ زمانہ انگریزوں کے عروج کا تھا اور ہائی کورٹ کے انگریز جج کی ہر جگہ بڑی عزت تھی۔ بیور صاحب نے راقم کو بہار کے بڑے بڑے انگریز حاکموں سے ملایا اور تعریفیں کیں۔

جب راقم چھپرہ میں وکالت کرتا تھا تو ڈاکٹر سید محمود وہاں بیرسٹر تھے۔ صاحب موصوف اس زمانے میں آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے جنرل سکریٹری تھے اس لیے ان کا قیام چھپرہ میں بہت کم ہوا کرتا تھا۔ اس دور میں کانگریس کی طرف سے مسلم نیشنلسٹ کی تحریک چلائی جا رہی تھی اور اس تحریک کی کامیابی کے لیے صاحب موصوف مجھ سے اکثر مدد لیا کرتے تھے۔ الحاج سید صالح حسین صاحب رئیس و زمیندار چھپرہ، گرچہ کٹر کانگریسی تھے، مگر اس تحریک کے برابر مخالف رہے۔

✪✪✪

Marfat.com

چوتھا باب

پٹنہ یونیورسٹی میں تحقیقی کام

۱۹۳۲ء سے ۱۹۳۵ء

راقم کا انتخاب بحیثیت ڈپٹی کلکٹر اور تقرری میں ناکامیابی:

دسمبر ۱۹۲۹ء میں جب راقم چھپرہ میں وکالت کرتا تھا اس کا انتخاب بحیثیت ڈپٹی کلکٹر عمل میں آیا۔ اس سال صرف تین جگہیں تھیں ان جگہوں کے لیے راقم کا نام اول تھا، دوم منی بھوشن مکھرجی اور تیسرا نام رام سچیت مصرا کا تھا۔ تقرری سے قبل میڈیکل بورڈ ہوا جس میں تین ڈاکٹر تھے۔ انہوں نے میری طبی جانچ کے بعد حکومت کو مطلع کیا کہ پیشاب میں البومن ہے اس لیے تقرری نہ کی جائے۔ راقم کی عمر اکیاسی [۸۱] سال ہے، مگر ابھی تک پیشاب میں البومن کی کبھی شکایت نہ ہوئی۔ معلوم نہیں جانچ کس طرح سے ہوئی کہ صرف اسی دن پیشاب میں البومن نکلا۔ پیشاب کی جانچ کرنے والا ڈاکٹر مسمی ورما تھا جو چھپرہ کا باشندہ تھا۔ جب لوگوں میں یہ خبر پھیلی تو نتیجہ نکالا کہ تعصب کی بنا پر ایسا کیا گیا ہے۔ اس سال پورے صوبہ بہار میں کوئی مسلمان ڈپٹی کلکٹر مقرر نہیں کیا گیا۔ میں نے کچھ دنوں میں کرنل جے۔ سی۔ جان سے جو اس وقت پٹنہ میں سول سرجن تھے، ملاقات کی اور انہوں نے خود پیشاب کی جانچ کر کے ایک رپورٹ دی کہ پیشاب میں البومن کا کوئی نشان بھی نہیں ہے۔ یہ رپورٹ راقم کے پاس موجود ہے۔ ڈپٹی کلکٹر نہ ہونے کا مجھے افسوس تو ضرور ہوا مگر ہمت نہ ہاری اور وکالت کرتا رہا۔ ناسازگار حالات کی وجہ سے جن کا ذکر اوپر ہو چکا ہے ہے ۱۹۳۱ء میں راقم کو وکالت ترک کر دینی پڑی۔

Marfat.com

ریسرچ اور پی ایچ ڈی کی ڈگری:

ان دنوں مسٹر ہنری لیمبرٹ جو نہایت ہی شریف انگریز تھے، پٹنہ کالج کے پرنسپل تھے اور سر اسٹوارٹ میکفرسن پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر تھے۔ یہ دونوں حضرات راقم سے خوب واقف تھے۔ جب میں نے اپنی پریشانیوں کا حال ان لوگوں سے بیان کیا تو مشورہ دیا کہ پی۔ ایچ۔ ڈی کر ڈالو لیکن دشواری کی بات یہ تھی کہ پٹنہ یونیورسٹی کے قیام سے اب تک کسی مضمون میں کسی نے پی۔ ایچ۔ ڈی نہ کی تھی۔ تجربہ نہ تھا کہ کس طرح ریسرچ کیا جائے اور بعد تکمیل مقالہ امتحان کا کیا انتظام ہو۔ میکفرسن صاحب نے نہایت خوشی سے مجھے یونیورسٹی سے سو روپیہ ماہانہ کا وظیفہ مقرر کرا دیا۔ اسی کے ساتھ سر ایڈورڈ ڈینی سن راس کو جو اس زمانہ میں لندن اسکول آف اورینٹل اسٹڈیز کے ڈائرکٹر تھے خط لکھا کہ میرے لیے فارسی ادب سے متعلق کوئی موضوع تلاش کر کے تحریر فرمائیں۔ انہوں نے جواب میں تحریر فرمایا کہ پی ایچ ڈی کے لیے ضروری ہے کہ پہلے میں کسی فارسی مخطوطہ کو ایڈٹ کروں اور اسی کے ساتھ ''ہندوستان کے قدیم فارسی شعراء'' پر تحقیقی مقالہ لکھوں اور یہ کام ڈاکٹر عظیم الدین احمد کی نگرانی میں ہونا چاہئے۔ سر ڈینی سن راس ڈاکٹر عظیم الدین احمد سے خوب واقف تھے اور سمجھتے تھے کہ وہ بڑی صلاحیت کے حامل ہیں اور اس سلسلے میں میری رہنمائی کر سکتے ہیں۔

تحفۂ سامی:

میں نے حسب ہدایت ڈاکٹر عظیم الدین احمد سے ملاقات کی تو انہوں نے کہا کہ سام میرزا کی ''تحفۂ سامی'' کے صحیفۂ پنجم کو ایڈٹ کر ڈالو کیونکہ خدا بخش لائبریری میں اس کتاب کے دو نہایت قدیم اور اچھے نسخے موجود ہیں۔ میں نے ڈیڑھ سال کی سخت محنت کے بعد ''تحفۂ سامی'' کے صحیفۂ پنجم کو ایڈٹ کر کے پریس کاپی تیار کی جس کو پٹنہ یونیورسٹی نے اپنے خرچ پر ۱۹۳۴ء میں پہلی بار طبع کرایا اور دنیا کے تمام فارسی کے استادوں کی خدمت میں بھیجا۔ اللہ کا کرم تھا کہ فارسی کے عالموں نے میری اس خدمت کو سراہا۔ ایرانیوں نے بھی راقم کے پاس تعریف کے خطوط لکھے۔ جن میں میرزا محمد قزوینی، پور داؤد، محمد علی تربیت، اور رشید یاسمی تھے۔ ان کے علاوہ جرنل آف رائل ایشیاٹک سوسائٹی لندن میں پروفیسر اے آربری کے

Marfat.com

قلم سے ایک تبصرہ چھپا جس میں پروفیسر موصوف نے نہایت ہی پرزور الفاظ میں کام کی تعریف کی اور لکھا کہ راقم نے نہایت ہی صحیح طریقے سے ایڈٹ کر کے متن کو درست کیا ہے اور اس کام کو خوبی سے انجام دیا ہے۔ سید سلیمان ندوی رسالہ معارف (نومبر ۱۹۳۴ء صفحہ: ۳۸۵) میں اس کتاب سے متعلق چھ صفحات پر مشتمل ایک تبصرہ کرنے کے بعد یوں رقمطراز ہیں "مولوی اقبال حسین صاحب جنہوں نے اس حصہ کی تصحیح واشاعت کی خدمت انجام دی ہے ہمارے شکریہ کے مستحق ہیں کہ انہوں نے فارسی ادب کے دلدادوں کے لیے یہ ایک اچھا تحفہ پیش کیا ہے۔ کتاب ٹائپ میں چھپی ہے اور جہاں تک ہماری نگاہ نے کام کیا ہے اس میں اغلاط گویا نظر نہیں آئے ہیں اور یقیناً یہ بڑی دیدہ ریزی کا کام ہے۔" شہزادہ احمد علی خاں نے مجلہ "کابل" میں جو افغانستان کے انجمن ادبی کا ماہانہ رسالہ ہے تبصرہ کرتے ہوئے راقم کے کام کی بہت تعریف کی ہے۔ اس کتاب کا دوسرا ایڈیشن ۱۹۷۳ء میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی نے شاہ ایران پبلی کیشنز فنڈ کی مالی مدد سے شائع کرایا ہے۔

خدا بخش لائبریری میں ریسرچ کا کام:

۱۹۳۲ء سے ۱۹۳۳ء تک میں خدا بخش لائبریری جاکر روزانہ، ۱۰ بجے سے ۴ بجے تک تصحیح اور حواشی کے تیار کرنے میں مصروف رہتا۔ بہت شکر گزار ہوں کہ ارکان لائبریری نے مجھے ایک کمرہ لائبریری کی بالائی منزل پر جو ۱۹۳۴ء کے زلزلہ میں منہدم ہو گیا اور جس میں خان بہادر عبد المقتدر بیٹھتے تھے میرے حوالہ کر دیا تھا جہاں میں اطمینان سے کام کرتا تھا، نواب میاں جو بانی لائبریری کے زمانے سے کسٹودین تھے مجھے ضرورت کی کتابیں مہیا کر دیتے تھے جس سے میرے کام میں بہت آسانی ہو جاتی تھی۔ مولانا تمنا عمادی مجیبی پھلواروی بہار کے ایک عالم، ادیب اور شاعر گزرے ہیں۔ ان کی فارسی نظم ونثر کی کتابیں ہندوستان میں کافی شہرت رکھتی ہیں۔ راقم نے مولانا کی خدمت میں ایک کاپی "تحفہ سامی" کی روانہ کیا۔ اس کتاب کو پڑھنے کے بعد مجھے فارسی میں شکریہ کا خط لکھا اور اسی کے ساتھ ایک قطعہ اور ایک قصیدہ لکھ کر راقم کے پاس بھیجا۔ مولانا کا یہ مکتوب قطعہ و قصیدہ اس زمانے کی فارسی نویسی کا نمونہ ہے جو پیش خدمت ہے:

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللهم صلی علی سیدنا محمد بحمده وآله وبارك وسلّم

بصیرت افروز اهل نظر!

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

کِتاب مستطاب "تحفهٔ سامی" بانامه گرامی طرح درد دریخت، ونظر را نزَهتے ودل را فرحتے بخشید.

هزار شکر،که من خاطرت بدم ای دوست

وگرنه کیست، که آرد بیاد نام مرا

به کثرت مشاغل مانع از مشغولی تازه بود، تاهم بکارهائے سابقه توجهے نکردم تا این تحفه نادرده رابختم نرسانیدم سبحان الله، چه کتابیست که از مطالعه اش روح را را حتے تازه می رسدونگاه را بصیرتع بے اندازه.

امروز که ازمطالعه آن بتوفیقهٖ تعالیٰ فراغت دست داد قلمے برداشتم، که حسب ایماء متعلق آن سطرے چند بنگارم که از تاثرات دلم ووجدات قلبم نیز خبرے دهد.

سلاطین وامرائے دولت صفویهٔ ایران (که مدت عمرش زیاده از تعداد لفظ "صفویون" نیست) در مدت قلیل کارهائے نمایاں کرده اند، وعلم وادب را آب ورنگها بخشیده که از ارباب تاریخ پوشیده نیست.

ازاں جمله این نسخهٔ نایاب از سامیؔ غفران مآب است. که نسخهٔ بے مثال ست وتحفهٔ یادگار. افسوس که چندیں مدت در کنج خمول پوشیده ماند. هزاراں آفریں جناب شمارا که بدستیاری ارکان یونیورسٹی (صوبه بهار واڑیسه) این گوهر

Marfat.com

گراں مایه را پیش نگاه ارباب نظر آوردیده وایں عروس حجله نشین را از زیور طبع آراسته جلوه آرائے انجمن کردید۔ الحق ایں بهترین خدمت علم ادب است که از حضرت شما بانجام رسید لا سیما مقدمه سنیه وحواشی بهیه که از رشحات خامه شماست، ازبس مفید تراست۔

اما حواشی که درذیل صفحات است بزبان انگلیسی ست، اگر آں هم در زبان پارسی بودے مناسب ترو مفید تر آمدے۔

بهر گونه مساعی جناب شما مشکور ست وسزاوار تحسین وآفریں۔

کاش که توجه ارکان یونیورسٹی، جناب شما بسوئے اشاعت حصهائے دیگر ایں تحفه نادره مبذول شود، که اهل ذوق را سیروافی وحظ کافی میسر آید۔

قطعه، وقصیده مختصره، که تاثرات دل درذهن آمده پیش نظر است، رجاء که در معرض قبول آید۔

والسلام مع الاکرام

وصنیعکم الضعیف تمنا عمادی مجیبی پهلواروی غفرله

دار الادب، پهلواری شریف، ضلع پٹنه

۲۶/ جولائی ۱۹۳۴ء

قطعه

بارک الله! سید اقبال! تحفهٔ خویش بما فرستادی
باغبانی، چمن عطا کردی شمع هستی، ضیا فرستادی
روح را راحتے رسانیدی چشم را توتیا فرستادی
مغز سررا خوراک بخشیدی جان ودل را غذا فرستادی

Marfat.com

صد گل آرزو زگلبن خود — بگریبان ما فرستادی
هستی آئین جذب را ماهر — کاه را کھربا فرستادی
انچه بفرستنی ست نزد خرد — مرحبا، مرحبا فرستادی

لیکن ایں گوہر گراں مایہ — ہیچ دانی، کجا فرستادی
توچه دانستیم، که سوئے منے — ایں چنیں گنجها فرستادی
من نه دکتورم ونه پی ایچ ڈی — نزد من ایں چرا فرستادی
من نیم ام۔اے ونیم بی۔اے — ایں بمن از کجا فرستادی
ہر کرا راہ بیں نیامد چشم — مشعل رہنما فرستادی
به کسے، کو زمدعا ست تھی — دولت مدعا فرستادی
ایں چنیں گنج شائگان ادب — بمقام گدا فرستادی
ایں نواہائے راز اہل نیاز — بمن بے نوا فرستادی

مگر از حال بے نوائ من — نیستت علم، تا فرستادی
یا پسیں جرعۂ زکاسِ کِرَام
از پئے خاک وا فرستادی

تمنا عمادی مجیبی غفرلهٗ
دار الادب، پھلواری شریف، ضلع پٹنه
۲۶/جولائی ۱۹۳۴ء

✦ ✦

Marfat.com

قصیدہ

خامہ اقبال چوں رایت املا کشید　　پایۂ خود در سخن از ہمہ بالا کشید
"تحفہ سامی" کہ بود تحفہ نادر ترے　　از پے ترتیب اں رنج و تعبہا کشید
از پے تدوین ایں نسخہ ٔ پرویں مثال　　زحمت ہر روزہ برد، کلفت شبہا کشید
وہ چہ کتابے، کہ ہست جاذب انظار خلق　　سوئے خود از ہر کسے دامن دل را کشید
تذکرہ شاعراں دیدہ نشدیہ ازاں　　سامی روشن بیاں نقش چہ زیبا کشید
نسخۂ مجموعہ را طبلۂ عطار ساخت　　گل ز چمنہا ربود، عطر ز گلہا کشید
ذوق دل و حسن ذوق ہست بروں از قیاس　　از چہ فسوں ہر دو را در حد احصا کشید
طرفہ نہادست خواں دادہ صلائے براں　　از پئے اہل زبان سفرۂ یغما کشید
ہر سطرش در جہاں معجزۂ ہیچو میل　　کحل بصیرت بہر دیدۂ عمیا کشید
سید اقبال من سلمہٗ ربہٗ　　بر رخش از نقش چاپ معجز زیبا کشید
اہل یونیورسٹی مستحق مدحت آمد　　عالمے از طبع ایں منت آنہا کشید
کارے سخت بود، لیک چو عزمش قویست　　بر سر خود انچنیں صخرۂ صما کشید
تار رباب سخن، ہیچ صدائے نداشت　　تاخوش بروی از ناخن انشا کشید
جہل، کہ بنہادہ بود رخت خود اندر جہاں　　بر سر خود چادرے از پر عنقا کشید
بود کنوں ہر کرا رقص ز شعر و سخن　　دل بتولا نہاد، رخ ز تبرا کشید
دوری کہنہ و میکدۂ نو چو یافت　　ہر کسے از اہل ذوق آمدہ خمہا کشید
از اثر سرخوشی باہمہ بے دانشی　　نقش قوی در سخن کلک تمنا کشید

قافیہ شائگاں بہ نبود نزد آں
کوتہ دامان یاس پیش جہاں پا کشید

تمنا عمادی مجیبی غفرلہ

دار الادب، پھلواری شریف، ضلع پٹنہ

۲۶/جولائی ۱۹۳۴ء

◆ ◆

Marfat.com

فارسی کے قدیم شعراء ہند پر مقالہ اور پی ایچ ڈی میں کامیابی:

۱۹۳۳ء کے آخر میں "تحفہ سامی" کی تصحیح کے بعد اپنے تحقیقی مقالہ "قدیم شعرای فارسی ہند" کی طرف متوجہ ہوا۔ وقت کی قلت کی وجہ سے سخت محنت کرنا پڑی۔ روزانہ نیورہ سے خدا بخش لائبریری ۱۰ بجے دن کو پہنچ جاتا، اور چار بجے شام تک تحقیقی کاموں میں مصروف رہتا پھر نیورہ واپس ہوتا۔ یہ راقم کے لیے نہایت مشکل کام تھا۔ اتوار کے دن استاد محترم ڈاکٹر عظیم الدین احمد کے رہائشی مکان واقع خواجہ کلاں پٹنہ سیٹی جاتا اور ہفتہ بھر کے مقالہ کے کاموں کو دکھاتا ان سے کاموں کی منظوری لیتا اور حسب مشورہ ردوبدل کرتا تھا۔ دسمبر ۱۹۳۴ء کو یہ کام نہایت حسن و خوبی سے انجام پایا۔ استاد محترم ڈاکٹر عظیم الدین احمد صاحب نے کہا کہ مقالہ کی تین کاپیاں ٹائپ کرا کے تین سو روپیہ فیس کے ساتھ پٹنہ یونیورسٹی میں جمع کرادو اور میں نے ایسا ہی کیا۔ وائس چانسلر سر ٹومس اسٹوارٹ میکفرسن نے مقالہ کی ایک کاپی سر ڈینی سن راس کے پاس لندن بذریعہ ڈاک روانہ کیا اور استدعا کی کہ صاحب موصوف اپنے علاوہ دو اور ممتحنؔ کے نام تجویز کر کے یونیورسٹی کو مطلع کریں۔ سر ڈینی سن راس نے ڈاکٹر ہادی حسن اور ڈاکٹر عظیم الدین احمد کا نام تجویز کیا مزید بر آں لکھا کہ میں کچھ سوالات زبانی امتحان کے لیے بھیجوں گا جو امیدوار سے امتحان کے وقت پوچھا جائے۔ مارچ ۱۹۳۵ء میں تینوں ممتحن کی رپورٹ آئی کہ یہ مقالہ پی۔ ایچ ڈی کی ڈگری کے لیے بہت خوب ہے۔ اب زبانی امتحان لے لیا جائے۔ زبانی امتحان کے بعد کل رپورٹ یونیورسٹی سنڈیکیٹ کی میٹنگ میں پیش ہوئی تو فیصلہ ہوا کہ اقبال حسین کو پی۔ ایچ ڈی کے امتحان میں کامیاب ہونے کا اعلان کر دیا جائے۔ ۲ر اپریل ۱۹۳۵ء کو راقم کو پٹنہ یونیورسٹی کا پہلا پی۔ ایچ ڈی ہونے کا شرف حاصل ہوا۔ نتیجہ شائع ہونے کے فوراً بعد لیڈی میکفرسن اور سر ٹومس اسٹوارٹ میکفرسن وائس چانسلر پٹنہ یونیورسٹی نے ذاتی خط میں راقم کو مبارک باد لکھا کہ یہ بڑے فخر کی بات ہے کہ تم پٹنہ یونیورسٹی کے سب سے پہلے پی۔ ایچ ڈی ہوئے۔ دو سال بعد پٹنہ یونیورسی نے اپنے خرچ سے ۱۹۳۷ء میں اس مقالہ کو کتابی شکل میں شائع کرایا جس کو میں نے اپنے انگریزی کے استاد پروفیسر جے۔ آیس آرمر کے نام معنون کیا۔ اس

Marfat.com

کے بعد پٹنہ یونیورسٹی نے دوسرا ایڈیشن ۱۹۸۰ء میں چھپوایا۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ بہار اردو اکادمی نے ۱۹۸۵ء میں شائع کیا اور فارسی ترجمہ بھی ایران میں ہوا ہے۔ راقم کو یہ کہنے میں کوئی جھجک محسوس نہیں ہوتی کہ یہ اپنی نوعیت کی واحد کتاب ہے اور جو حضرات فارسی زبان وادب کا ذوق رکھتے ہیں اسے بڑی قدر ومنزلت کی نگاہ سے دیکھتے اور استفادہ کرتے ہیں۔ استاد محترم حافظ محمود شیروانی نے اپنی کتاب "مقالات شیرانی" کی چھٹی جلد میں تقریباً چالیس صفحات پر مشتمل تبصرہ لکھا ہے جس سے اس کتاب کی قدر ومنزلت پر مفصل روشنی پڑتی ہے۔ میرے لیے نہایت فخر وعزت کی بات ہے۔

اخباروں میں راقم کی کامیابی کا تذکرہ:

ہندوستان کے اخباروں میں راقم کے پی۔ ایچ ڈی ہونے کی خبر چھپی اور "السٹریٹڈ ویکلی" (Illustrated Weekly of India) نے راقم کی تصویر اپنی ایک اشاعت میں چھاپی۔ ماہانہ "ندیم" کے اڈیٹر نے اپریل ۱۹۳۵ء کی اشاعت میں حسب ذیل نوٹ شائع کیا:

> "اس وقت تک اگرچہ متعدد یونیورسٹیوں نے اپنے یہاں پی۔ ایچ ڈی کی ڈگری قائم کر دی ہے اور متعدد مضامین پر طلبا یہ ڈگری حاصل کر رہے ہیں۔ لیکن یہ فخر صرف بہار کو حاصل ہوا ہے کہ فارسی سے متعلق سب سے پہلا مضمون (Thesis) ہماری یونیورسٹی ہی کے ایک ہونہار طالب علم مسٹر اقبال حسین ایم۔ اے نے لکھا ہے۔ اور نہ صرف یہ کہ وہ منظور ہو گیا ہے بلکہ جہاں تک ہم کو علم ہے سر ڈینی سن راس جیسے مشہور نقاد نے بھی اس کی بڑی تعریف کی ہے۔ اس فخر کے حصول میں جہاں مسٹر اقبال کی کوششوں کو بہت کچھ دخل ہے، وہاں ہمارے ڈاکٹر عظیم الدین احمد صاحب قبلہ کی ہدایت ورہنمائی کا بھی بڑا حصہ ہے۔ اور ہم لائق استاد وسعادت مند شاگرد دونوں کو اس کامیابی پر مبارک باد پیش کرتے ہوئے دعا کرتے

Marfat.com

ہیں کہ اللہ تعالیٰ دونوں قسم کے افراد ہم میں پیدا کرے۔"

ممتاز لوگوں کی رائے:

پٹنہ یونیورسٹی نے اس کتاب کی ایک ایک کاپی مختلف لوگوں کو بھیجا کہ کتاب کو پڑھ کر اپنی قیمتی رائے سے سرفراز کریں۔ حیدر آباد دکن سے سر اکبر حیدری نے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے تحریر فرمایا کہ "ایسی کتابیں میرے لیے نہایت دلچسپ ہیں کیونکہ ان سے پتہ چلتا ہے کہ ایرانی تمدن کو ہندوستان نے کس قدر جلد اپنے میں جذب کر لیا تھا۔" دہلی سے سر تیج بہادر سپرداور مسٹر جی۔ آر۔ نورزاد نے راقم کی خدمات کو سراہا۔ لاہور سے پروفیسر محمد شفیع اور پروفیسر محمد صدر الدین، بمبئی سے پروفیسر بذل الرحمٰن، کلکتہ سے ڈاکٹر محمد اسحٰق اور پروفیسر محفوظ الحق نے بھی اس کتاب کی خوبیوں کی تعریف کی۔ راقم کو اس کی خوشی ہے کہ اس کی یہ کتاب ہر جگہ مقبول ہوئی اور اب تک قدر کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہے۔

Marfat.com

پانچواں باب

راونشا کالج کٹک اور وہاں کی ملازمت

۱۹۳۵ء سے ۱۹۳۶ء

ملازمت کی تلاش اور تقرری:

۱۹۳۵ء میں پی۔ ایچ ڈی پاس کرنے کے بعد نوکری کی تلاش ہوئی تو معلوم ہوا کہ صوبہ بہار واڑیسہ میں سرکاری اور غیر سرکاری صرف چھ کالج ہیں جن میں فارسی اساتذہ کی کل جگہیں تقریباً گیارہ ہیں۔ راقم غیر سرکاری کالج سے دلچسپی نہ رکھتا تھا۔ اس طرح صرف چھ جگہیں باقی رہ گئیں۔ بہار میں نوکری کے امکانات کم نظر آتے تھے اس لیے میں نے وائس چانسلر لکھنؤ یونیورسٹی سے ملاقات کی۔ انہوں نے افسوس ظاہر کیا۔ اور کہا کہ ابھی کوئی جگہ خالی نہیں، دسمبر میں خالی ہونے پر مطلع کروں گا۔ اسی زمانے میں خان بہادر عبد المقتدر نے جن کا تبادلہ خدا بخش لائبریری سے راونشا کالج (Ravenshaw College) کٹک بحیثیت پروفیسر ہوا تھا، اپنی ملازمت کی مدت پوری کر کے اپریل ۱۹۳۵ء میں پنشن پائی۔ اس جگہ کو پر کرنے کے لیے گورنمنٹ نے اشتہار دیا تو میں نے درخواست دی۔ اسی کے ساتھ گورنمنٹ نے مولوی اصغر علی ایم۔ اے کو جو مظفر پور کے کسی اسکول میں فارسی کے استاد تھے عارضی لکچرر مقرر کر دیا۔ صاحب موصوف ۱۰ر جولائی ۱۹۳۵ء سے راونشا کالج میں کام کرنے لگے اور مستقل لکچرر کی تقرری کی کاروائی شروع ہو گئی اس زمانے میں لکچرر کے انتخاب کے لیے، پٹنہ یونیورسٹی کی ایک کمیٹی تھی جس کا صدر پٹنہ یونیورسٹی کا وائس چانسلر ہوتا تھا، دو مستقل ممبر DPI اور پٹنہ یونیورسٹی سنڈیکیٹ کا ایک ممبر ہوتا تھا۔ علاوہ ان کے متعلقہ مضمون کے دو ماہرین بھی ممبر ہوا کرتے تھے۔ فارسی لکچرر کی اس تقرری کے

Marfat.com

لیے ڈاکٹر عظیم الدین احمد اور ڈاکٹری ہاد حسن ماہرین کی حیثیت سے مقرر کیے گئے۔ راقم کا نام اوّل اور مولوی اصغر علی کا نام دوم تجویز ہوا، مجوزہ ناموں کو وزیر تعلیم بہار واڑیسہ کو بھیج دیا گیا۔

حکومت بہار نے انتخاب کر کے راقم کو بہار واڑیسہ ایجوکیشنل سروس کے جونیر برانچ میں لکچرر مقرر کر دیا اور میں نے ۲۶/ اگست ۱۹۳۵ء سے راو نشا کالج کٹک میں فارسی کے لکچرر کی حیثیت سے خدمت انجام دینا شروع کر دیا۔ فارسی پڑھنے والے طلباء کی کل تعداد آئی۔ اے اور بی۔ اے میں صرف چھ تھی۔

کالج کے تین پرنسپل:

جب میں کٹک پہونچا تو ڈاکٹر بابا کرتار سنگھ کالج کے پرنسپل تھے۔ ہندوستان میں کیمسٹری کے بہت نامور پروفیسر تھے۔ ان کے والد بابا جیون سنگھ لفٹنٹ کرنل تھے اور یہ لوگ بابا گرونانک کی اولاد میں تھے۔ سکھوں میں بابا کرتار سنگھ کی بڑی عزت تھی۔ ان کے ساتھ دو ہی ماہ خدمات انجام دینے کا موقع ملا تھا کہ ان کا تبادلہ پٹنہ سائنس کالج میں ہو گیا۔ موصوف نہایت شریف انسان تھے۔ میرے قیام کے لیے ایک چھوٹا سا بنگلہ مخصوص کر دیا تھا جس کی اطلاع ایک خط کے ذریعہ مجھے پٹنہ میں دے دی تھی۔ گرچہ میں جونیر لکچرر تھا انھوں نے میرے کٹک پہنچنے کے تیسرے دن رات کے کھانے پر مجھے مدعو کیا اور ایک ہفتہ کے بعد مجھے گرودوارہ داتن صاحب دکھایا۔ مجھے ان کے تبادلہ پر بہت افسوس ہوا۔ ان کے بعد مسٹر بھتیجا جو راقم کے دوران تعلیم پٹنہ کالج کے نامور استاد تھے اور مجھ سے اچھی طرح واقف تھے پرنسپل ہو کر آئے۔ مجھے یہاں دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔ موصوف جب تک رہے شفقت سے پیش آتے رہے۔ چونکہ میں بنگلہ میں اکیلا رہتا تھا اکثر خیریت معلوم کرنے کے لیے اپنے چپراسی کو بھیجا کرتے تھے۔ ان کے بعد مسٹر ترپاٹھی جو اڑیسہ کے باشندہ تھے پرنسپل ہو کر آئے ان سے راقم کی کبھی کی ملاقات نہ تھی مگر مجھ پر بڑے مہربان رہا کرتے تھے۔

راد نشا کالج کی عمارت، اساتذہ اور ڈائمنڈ جبلی:

صوبہ بہار واڑیسہ میں تین سرکاری کالج تھے جن میں پٹنہ کالج ہر حیثیت سے بالاتر

Marfat.com

اور شہرت کا حامل تھا۔ اس کے بعد راونشا کالج پوربی ہندوستان میں اپنی ایک اہم حیثیت رکھتا تھا۔ یہ کالج محلہ چولیا گنج میں اپنے احاطہ کے اندر واقع ہے۔ کالج کی عمارت سے ملحق ہوسٹل بھی ہے۔ میں جب یہاں پہنچا تو تقریباً دس سال پہلے کالج کی عمارت تعمیر ہو چکی تھی۔ عمارت بڑی شاندار تھی جس کو کلکتہ کی مارٹن کمپنی نے ٹھیکہ پر بنایا تھا۔ کالج میں اس کی شان وشوکت کے مطابق اساتذہ نہ تھے۔ اساتذہ میں سوائے میرے کوئی مسلمان نہ تھا۔ بین الاقوامی شہرت رکھنے والے پروفیسروں میں صرف دو پروفیسر ایک ڈاکٹر باباکرتار سنگھ کیمسٹری کے اور دوسرے پروفیسر پریج بوٹنی کے تھے۔ ان کے علاوہ مشہور پروفیسروں میں صرف تین پروفیسر تھے۔ ڈاکٹر بلدیو پرشاد (کیمسٹری کے)، پروفیسر موہنی موہن سیناپتی (فلسفہ کے) اور رائے صاحب مہیتھی (تاریخ کے) پروفیسر تھے۔ کالج میں کھیل کود کا کچھ معمولی سا انتظام تھا۔

جوبلی:

بھتیجی صاحب کی آمد کے کچھ دنوں بعد ۱۶؍ جنوری ۱۹۳۶ء میں راونشا کالج کٹک کی ڈائمنڈ جوبلی بہت شان وشوکت سے منائی گئی۔ سرکورٹنی ٹیرل چیف جسٹس پٹنہ ہائی کورٹ نے جلسہ کی صدارت کی۔ اس موقع پر پرنسپل بھتیجی نے اپنا ایک پیغام دیا اور اس میں اس کی خوش خبری دی کہ بہت جلد اڑیسہ میں ایک یونیورسٹی قائم ہو جائے گی جس سے صوبہ کو فائدہ پہنچے گا ہر طرف علم وخرد کی روشنی پھیلے گی اور اس سے عوام کو نہایت خوش حالی حاصل ہوگی۔ اپنے خطبہ میں صاحب موصوف نے فرمایا کہ خان بہادر عبدالمقتدر کے بعد ان کی جگہ پر ایک نوجوان مگر فارسی کے لائق استاذ کی تقرری ہوئی ہے جو کہ پٹنہ یونیورسٹی کے پہلے پی ایچ ڈی ہیں۔

میرا تبادلہ:

پہلی اپریل ۱۹۳۶ء کو اڑیسہ کا ایک نیا صوبہ قائم ہوا۔ چونکہ راقم کی تقرری خاص راونشا کالج کے لیے ہوئی تھی اس لیے یہاں سے تبادلہ کا امکان بہت کم تھا مگر فوکس صاحب نے جو اس وقت ڈی پی آئی تھے راقم اور دوسرے تین پروفیسروں کا تبادلہ پٹنہ کرادیا۔ مسٹر

Marfat.com

کے پی سنہا، ڈاکٹر بل بھدر پرشاد اور مسٹر بھیرب ناتھ روہتگی کٹک ہی میں رہ گئے۔ کئی برس کے بعد مسٹر کے پی سنہا کا تبادلہ مظفر پور کالج میں ہو گیا۔ پروفیسر روہتگی عرصہ تک کٹک میں رہنے کے بعد آئی۔ ای۔ ایس مقرر ہوئے۔ ڈاکٹر بل بھدر پرشاد اڑیسہ میں رہ گئے، وہاں بڑی عزت پائی اور ڈی۔ پی۔ آئی ہو کر پنشن پائی۔ پنشن پانے کے بعد پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ہوئے۔ اور بعد ازاں الٰہ آباد یونیورسٹی کے وائس چانسلر ہوئے۔ موصوف اڑیسہ سے بہت مانوس ہو گئے تھے۔ ان کے لڑکے نے اڑیسہ میں ایک اعلیٰ خاندان کی لڑکی سے شادی کی اور آج کل محکمہ جنگلات کے بڑے افسر ہیں۔ ڈاکٹر بل بھدر پرشاد نہایت خوب آدمی تھے اور ہمیشہ اپنے ہر کام کو محنت اور ایمانداری سے انجام دیتے رہے۔ کئی سال ہوئے کہ پٹنہ چھوڑ کر بھوبنیشور چلے گئے اور اپنے لڑکے کے ساتھ وہیں قیام پذیر ہوئے۔ لندن یونیورسٹی نے صاحب موصوف کو ان کے شائع شدہ بلند پایہ مضامین پر ڈی ایس سی کی ڈگری عطا کی تھی۔ ڈاکٹر صاحب میرے دوست تھے اور برابر خط و کتابت ہوتی رہتی تھی۔ ہمارے ہم سن تھے اور جوانی میں نہایت تندرست تھے، مگر اب صحت اچھی نہیں رہتی تھی اور ۱۹۸۷ء میں قضا کر گئے۔

کٹک کا قیام:

دوران قیام کٹک میں بالکل تنہا رہتا تھا مگر کوئی تکلیف نہ تھی، کیونکہ پیارو میاں جو پٹنہ میں کرنل ڈنڈس کے یہاں باورچی کا کام کر چکا تھا میرا کھانا پکاتا تھا۔ اچھا کھانا اور مٹھائیاں میرے ذوق کے مطابق تیار کر کے کھلاتا تھا۔ پیارو میاں کے علاوہ ایک اور نوکر تھا جو دوسرے مختلف کام انجام دیا کرتا۔ عمر درازی اور بال کے سفید ہونے کی وجہ سے پیارو میاں کو میں "حضرت خضر" کے نام سے پکارا کرتا تھا اور وہ اس سے خوش ہوتا۔ پیارو میاں کرنل ڈنڈس کا بہت وفادار خانساماں تھا۔ انہوں نے ہندوستان سے جاتے وقت اس کی خدمت سے خوش ہو کر اس کے اخراجات کے لیے پچیس روپے ماہانہ کا وظیفہ مقرر کر دیا تھا۔ ہر تیسرے ماہ امپیریل بینک جا کر اپنا وظیفہ وصول کر لیا کرتا تھا۔ بنگلہ اگرچہ چھوٹا تھا مگر پر فضا مقام پر واقع تھا۔ اس کی پشت پر اڑیسہ کینل کی نہر بہتی تھی۔ اس کے متصل ایک بڑے میدان میں سادھو

Marfat.com

سنت پوری آتے جاتے خیمہ ڈال کر قیام کرتے تھے جن کے درشن کے لیے شہر کے ہندو آیا جایا کرتے تھے۔ اس سے یہاں بہت چہل پہل اور رونق رہا کرتی تھی۔ بابو جگن ناتھ مصرا جو کٹک کالج کے بڑا بابو تھے ان کو ان لوگوں سے بڑی عقیدت تھی۔ راقم کو اپنے ساتھ لے کر جاتے اور مذہبی باتوں کو بغور سنتے، کبھی کبھی یہ باتیں میرے لیے بہت دلچسپ ہوتی تھیں۔ انہیں مہاتماؤں میں ایک نے میرے بائیں بازو پر لال مسا دیکھ کر کہا کہ جس شخص کے بائیں بازو پر ایسا مسا ہوتا ہے وہ لوگوں پر مہربان رہتا ہے مگر لوگ اس کے کبھی ممنون نہیں ہوتے۔ یہ بات بالکل سچ ثابت ہوئی اور یہ میری زندگی کا تجربہ ہے۔

میرے احباب:

میرے یہاں دوستوں میں بھیرب ناتھ روبتکی جو پٹنہ کالج میں مجھ سے ایک سال پیچھے تھے میرے یہاں آتے اور کبھی میں ان کے یہاں جاتا۔ ان کے علاوہ پروفیسر گھنشیام داس جو پٹنہ کالج میں مجھ سے دو سال آگے تھے ہفتہ میں دو بار ضرور آتے۔ اس طرح وقت گذر جاتا اور تنہائی محسوس نہ ہوتی۔ محسن صاحب پنشن یافتہ ڈپٹی کلکٹر کٹک کے رہنے والے تھے اور ان کی شادی لکھنؤ ہوئی تھی، شعر و شاعری سے دلچسپی رکھتے تھے، میرے یہاں اکثر شام کو آتے اور دوران گفتگو اردو اشعار سناتے ان کے اکثر اشعار اچھے ہوتے تھے۔ پیارو میاں ان سے خوش نہ رہتے کیونکہ ہر ۱۵۔۲۰ منٹ پر چائے یا کافی بنانا پڑتی تھی۔ اور محسن صاحب پکار کر کہا کرتے کہ جلد چائے لاؤ ورنہ شعر کا لطف جاتا رہے گا۔

میرے ایک عزیز دوست اور ان کی اہلیہ:

ان دنوں میرے ایک دوست مسٹر سولیون اپنی اہلیہ سیلویا کے ساتھ کھڑک پور میں رہا کرتے تھے۔ دونوں مجھ سے بہت محبت کرتے تھے۔ جب کبھی میری طبیعت گھبراتی پرنسپل صاحب سے اجازت لے کر جمعہ کی شام کو کھڑک پور چلا جاتا کیونکہ سنیچر کو میرا کوئی کلاس نہ تھا اور سوموار کو سویرے واپس آجاتا۔ ان کے ساتھ بہت ہنسی خوشی سے وقت گذرتا تھا۔ سیلویا پیانو خوب اچھا بجاتیں اور اسی کے ساتھ انگریزی گانے بھی خوش الحانی سے گاتی تھیں۔ حافظ کی ایک غزل ”مطرب خوش نوا بگو تازہ بہ تازہ نو بہ نو“ یاد کر لی تھی۔ اور پر لطف انداز سے

Marfat.com

گاتیں اور خوب ہنستی تھیں۔ ہم تینوں کی بڑی تفریح رہتی۔ آزادی کے بعد ۱۹۴۸ء میں جو پہلی ہولی کلکتہ میں منائی گئی اس میں ہندو عوام گوروں کے ساتھ نہایت بدتمیزی سے پیش آئے اور خصوصاً گوروں کی عورتوں پر خوب رنگ ڈالا۔ ان بدعنوانیوں کا تذکرہ کلکتہ کے مشہور اخبار "اسٹیٹس مین" میں بھی کیا گیا۔ میرے دوست اور ان کی اہلیہ اکھنڈ بھارت کی جدید تہذیب سے تنگ آکر کناڈا چلے گئے اور وہاں کی شہریت اختیار کرلی۔ جب تک یہ لوگ زندہ رہے راقم کو نئے سال کا کارڈ برابر بھیجا کرتے تھے۔ چھ سال ہوئے کہ ان دونوں کا انتقال ہوگیا۔ یہاں پر یہ کہنا بیجانہ ہوگا کہ راقم نے اس سال کی ہولی کا بدنما منظر کلکتہ میں اپنی نظروں سے دیکھا ہے اور پولس خاموش تماشائی بنی دیکھتی رہتی تھی۔

کبھی کبھی دوستوں کے ساتھ تفریحاً پوری چلا جاتا تھا۔ کچھ دوست تو سمندر میں خوب نہاتے اور لطف اندوز ہوتے اور میں ساحل پر بیٹھ کر موجوں کا اتار چڑھاؤ دیکھتا، اپنی زندگی کے چند گزشتہ سالوں کے اتار چڑھاؤ نظروں کے سامنے آجاتے، خدا کا شکر ادا کرتا کہ میرے وہ برے دن ٹل گئے۔

کٹک کے لوگ اور قدم رسولؐ:

کٹک کے عوام الناس ان دنوں عام طور سے صلح پسند انسان تھے اور سادہ زندگی گزارتے مسلمانوں کی آبادی تین فیصد تھی۔ ہندو مسلم دونوں یکساں لباس، دھوتی کرتا پہنتے اور مشکل سے دونوں کا امتیاز ہوپاتا تھا۔ کچھ مخصوص تعلیم یافتہ مسلمان شیروانی، پائجامہ یا انگریزی لباس پہنا کرتے تھے۔ مسلمان عام طور پر سادہ لوح اور قدرے توہم کے شکار تھے۔ کٹک میں ایک چہار دیواری کے اندر ایک پتھر پر ایک مبہم گول سا نشان ہے، جو سنگی عمارت میں اونچی جگہ پر محفوظ رکھا ہوا ہے جس کا لوگ بڑا احترام کرتے ہیں۔ اپنی مصیبت اور پریشانی سے چھٹکارا پانے کے لیے وہاں جاکر دعائیں مانگتے ہیں۔ یہ چہار دیواری اور عمارت شجاع الدین محمد خاں حاکم اڑیسہ کی جدید تعمیر کردہ ہیں۔ ایک مرتبہ میرا خانسامہ پیارو میاں مجھے وہاں لے گیا اور قدم رسول کو دکھایا۔ عمارت کے اندر کی دیوار پر لکھے ہوئے اشعار پڑھنے کے لیے مجھے کہا۔ راقم کو اشعار یاد نہیں مگر مفہوم کچھ یاد ہے جو یہ ہے: "شجاع الدین محمد خاں

Marfat.com

حاکم اڑیسہ کو اس بات کی خواہش ہوئی کہ قدم رسول کے بارے میں تحقیق کرے مگر احترام رسول کو مد نظر رکھتے ہوئے اس نشان کا احترام کیا کیونکہ اس کا انتساب حضرت رسول اکرم ﷺ سے ہے۔"

ایک پرلطف واقعہ:

ہر نلے صاحب اڑیسہ کے گورنر تھے اور راونشا کالج کٹ کی مجلس عاملہ کے صدر بھی تھے۔ اسی توسط سے میری ان کی شناسائی ہوئی۔ ان کے خاندان کا تعلق فارسی زبان سے تھا۔ چونکہ میں بھی فارسی کا استاد تھا اس لیے میری بہت عزت کرتے تھے۔ موصوف کے دادا پادری ہر نلے ایران میں عیسائی مذہب کے مبلغ تھے۔ انہوں نے انجیل مقدس کا فارسی میں ترجمہ کیا ہے اور ان کے چچا ڈاکٹر ہر نلے کسی زمانہ میں کلکتہ مدرسہ میں پرنسپل رہ چکے تھے اور خود کمشنر صاحب بھی فارسی جانتے تھے۔ اس لیے تعلقات خوشگوار ہو گئے تھے۔ راقم کو کئی بار اپنے یہاں کھانے پر مدعو کیا۔ ان اوقات میں موصوف فارسی زبان وادب سے متعلق گفتگو کیا کرتے تھے۔ انہی دنوں ۱۹۳۶ء میں شاہ جارج پنجم کا انتقال ہو گیا۔ اظہار غم کے لیے بلاامتیاز مذہب وملت تمام ہندوستانیوں نے اپنے بازو پر دو انچ چوڑی سیاہ کالی پٹی باندھی اور گرجوں میں دعائے مغفرت ہوئی۔ اس کو دیکھ کر کٹک جامع مسجد کے امام کے دل میں خیال پیدا ہوا کہ جمعہ کے دن بعد نماز یہاں بھی شاہ جارج پنجم کے لیے دعائے مغفرت کی جائے، امام صاحب میرے اور ہر نلے صاحب کے تعلقات سے بخوبی واقف تھے۔ انہوں نے ہر نلے صاحب سے کہا کہ اقبال صاحب سے کہیے کہ آیندہ جمعہ کی نماز کے بعد جامع مسجد میں دعائے مغفرت کرائیں ہم سب ان کے ساتھ دعا کریں گے۔ ہر نلے صاحب نے فرمایا کہ اقبال صاحب سرکاری ملازم ہیں میں ان سے کچھ نہیں کہہ سکتا۔ باوجود اس کہنے کے صاحب موصوف نے پرنسپل بھتیجا کو اس سلسلے میں کچھ ہدایت دی جو مجھے معلوم نہ ہو سکی۔ بھتیجے صاحب نے کہا کہ اگر ناگوار نہ گذرے تو شاہ جارج پنجم کی مغفرت کے لیے جامع مسجد میں دعا کرادو۔ اس کے ساتھ ہی مجھ سے کہا کہ فوراً واپس چلے آنا کیونکہ انہیں اندیشہ تھا کہ مخالفت ہوگی اور نوبت مارپیٹ تک کی آسکتی ہے۔ میں بادل ناخواستہ مسجد گیا اور جمعہ کی نماز

Marfat.com

میں شرکت کی۔ اس روز جمعہ کی نماز کے بعد تھوڑے سے مقتدی جو غالباً امام مسجد کے بہی خواہ تھے ٹھہرے ہوئے تھے۔ میں نے شاہ جارج پنجم مرحوم کی خوبیاں بیان کر کے کہا کہ حاضرین دعا کے لیے ہاتھ اٹھائیں اور دعا کریں کہ خدا مرحوم کے عذاب میں کمی فرمائے۔ سب نے دعا کی مگر امام موصوف اس سے خوش نہ ہوئے کیونکہ ان کا ارادہ تھا کہ اسلامی طریقہ سے مرحوم کی فاتحہ خوانی ہو۔ بعد نماز امام موصوف ہر نلے صاحب سے ملے اور کل باتوں سے انہیں آگاہ کیا ہر نلے صاحب نے راقم کو بلا کر تمام باتیں دریافت کیں۔ جب مجھ سے کچھ مطمئن نہ ہوئے تو میں نے عرض کیا شاہ مرحوم کے لیے میری یہ دعا کہ "اے خداوندا مرحوم کے عذاب میں کمی فرما۔" عین انجیل مقدس کے مطابق ہے، پتہ نہیں شاہ جارج پنجم کے عذاب میں کمی ہوئی یا نہیں لیکن اتنا ضرور ہے کہ اس دعا نے میرے عذاب میں کمی کرادی۔ کیونکہ کمشنر صاحب نے کوئی ناراضگی کا اظہار نہ کیا۔ امام موصوف کو کیا سوجھی تھی کہ جو کام وہ خود کر سکتے تھے مجھ پر اس کام کا بوجھ کیوں ڈالا۔ میرے دوست اختر اورینوی مرحوم نے اس قصہ کو اپنی کتاب "سیمنٹ اور ڈائنامائٹ" میں ایک نہایت دلچسپ افسانہ بنا کر چھاپا ہے۔ جس کا عنوان ہے "آکے سجادہ نشین ہوا قیس ہوا میرے بعد۔"

اُڑیسہ کا نیا صوبہ:

پہلی اپریل ۱۹۳۶ء کو اڑیسہ کا نیا صوبہ قائم ہوا۔ اور جس کے گورنر سر جان ہبک ہوئے۔ صاحب موصوف گورنر بہار و اڑیسہ کے ایکزیکیٹو کونسل کے ممبر تھے اور ان کو ترقی دے کر گورنر اڑیسہ بنایا گیا۔ آئی۔ سی۔ ایس تھے اور کیمبرج میں تعلیم پائی تھی، نہایت صاف گو اور اعتدال پسند آدمی تھے اور رموز سلطنت سے خوب واقف تھے۔ اڑیسہ میں رہ کر اپنی خدمتوں کی بدولت بڑا نام پیدا کیا۔ صاحب موصوف راقم سے واقف تھے کیونکہ والد مرحوم نے ان کی ماتحتی میں کئی سال کام کیا تھا۔ ہبک صاحب نے حلف وفاداری بحیثیت گورنر راونشا کالج کٹک کے ہال میں اٹھائی تھی کیونکہ اس سے بڑا کوئی دوسرا ہال شہر میں نہ تھا۔ صاحب موصوف جب گورنر اڑیسہ ہو کر آئے تو ان کے قیام کا سامان پوری میں سمندر کے کنارے ایک بڑے مکان میں کیا گیا۔ میں نے ہبک صاحب سے پوری جا کر ملاقات کی۔ یہ سن کر ان

Marfat.com

کو بہت افسوس ہوا کہ راقم کا تبادلہ عنقریب اڑیسہ سے بہار کردیا جائے گا۔ ہبک صاحب کے کٹک کے آنے کے دن ایک دلچسپ واقعہ پیش آیا۔ ان کے آنے کے چند گھنٹہ پہلے ان کا پی۔اے بذریعہ ریل کٹک اسٹیشن پہنچا۔ ایک ڈپٹی کلکٹر، ضلع کا ناظر اور چند چپراسی سامان اتروانے کے لیے اسٹیشن پر موجود تھے۔ ناظر پان کھائے ہوئے تھا۔ جب پرسنل اسسٹنٹ سے باتیں کرنے لگا تو پان کی کچھ چھینٹیں پرسنل اسسٹنٹ کے کپڑے پر پڑ گئیں۔ برہم ہو کر پی۔اے نے ایک طمانچہ سن رسیدہ ناظر کو رسید کیا۔ وہ غریب فریاد کر کے رونے لگا اور بہت لوگ جمع ہو گئے۔ کچھ لوگ تو پی اے کو زدوکوب کرنے کے لیے تیار ہوئے مگر ڈپٹی کلکٹر نے بیچ بچاؤ کر کے معاملہ کو ختم کرادیا۔ یہ خبر دوسرے دن اخباروں میں سرخی دے کر شائع کی گئی۔

۱۹۳۶ء میں جب کالج گرمیوں کی تعطیل میں بند ہوا تو راقم چارج دے کر کٹک سے پٹنہ کالج چلا آیا۔ جس روز راقم کٹک سے پٹنہ آرہا تھا کچھ طلبا نے ایک الوداعی پارٹی دی، جس میں پرنسپل ترپاٹھی اور قانون کے لکچرر عبدالسبحان خاں جو بعد میں حکومت اڑیسہ کے وزیر بھی ہوئے اس تقریب میں شریک تھے۔ اس موقع پر جو تصویر لی گئی تھی اس کی ایک کاپی میرے پاس اب تک موجود ہے اور پرانے شاگردوں کی اس سے یاد تازہ ہوتی ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ میرا کٹک کا قیام نہایت آرام اور سکون سے گذرا۔

پوری کا مندر:

پوری کا مندر اور رتھ یاترا دیکھنے کے قابل ہے۔ راقم نے اس بلند اور خوبصورت مندر کو سنگھ دروازے پر کھڑے ہو کر دیکھا ہے اور اس کی بناوٹ سے متاثر ہوا ہے۔ رتھ یاترا بھی دیکھا ہے جس میں لاکھوں آدمی شریک ہوتے ہیں۔

✪✪✪

Marfat.com

چھٹا باب

ملازمت بحیثیت لکچرر

۱۹۳۶ء تا ۱۹۳۸ء

پٹنہ کالج میں واپسی، بدلا ہوا ماحول اور اساتذہ:

۱۹۲۸ء میں ایم۔اے کرنے کے بعد آٹھ سال تک اپنے کالج سے جدا رہا، آٹھ سال بعد ۱۳ر جولائی ۱۹۳۶ء میں جب راونشا کالج سے راقم بدل کر پٹنہ آیا تو ایسا محسوس ہوا کہ میں آٹھ سال کی جلاوطنی کے بعد اپنے گھر لوٹ آیا ہوں۔ان چند گزشتہ سالوں میں پٹنہ کالج کی دنیا بدل چکی تھی۔ آئی ای ایس کے انگریز پروفیسر اپنی ملازمت کی مدت پوری کر کے جا چکے تھے اور انڈین ایجوکیشنل سروس ختم کر کے بہار واڑیسہ ایجوکیشنل سروس درجہ اوّل قائم ہو گئی تھی جس میں بہار اور بہار سے باہر کے قابل ہندوستانی افراد کی تقرری ہونے لگی تھی۔ اس کالج کے پرانے آئی۔ای۔ایس پروفیسروں میں صرف مسٹر آرمر رہ گئے تھے جو میری آمد پر کالج کے پرنسپل تھے۔انہی کے زمانہ میں راقم کی کتاب "ہندوستان کے قدیم فارسی شعراء" چھپی اور میں نے اس کتاب کو ان کے نام سے معنون کیا۔پٹنہ یونیورسٹی نے ۱۹۳۷ء میں اسے پہلی بار شائع کیا۔ان کے علاوہ ۱۹۳۶ء سے ۱۹۴۴ء تک مسٹر بھتیجا، ڈاکٹر ہری چند اور گاہے گاہے ڈاکٹر ایس سی سرکار عارضی پرنسپل ہوئے۔ مسٹر ہل انگریزی کے پروفیسر تھے۔ آپ علی گڑھ سے ملازمت چھوڑ کر پٹنہ کالج آئے تھے۔ان دنوں انگریزی کے دو نوخیز استاد پروفیسر فضل الرحمٰن اور پروفیسر کلیم الدین احمد بڑی تیزی سے اپنے فن میں ابھر رہے تھے۔ شعبہ تاریخ میں ڈاکٹر ایس۔ سی سرکار تاریخ ہند اور پروفیسر وائی۔ جے تاراپورے والا یورپین تاریخ کے ماہر تھے۔یہ دونوں تاریخ خوب اچھی پڑھاتے۔انہیں کے ساتھ ڈاکٹر کے

Marfat.com

کے دت اور پروفیسر حسن عسکری شعبہ تاریخ میں اچھی شہرت حاصل کر رہے تھے۔ شعبۂ اقتصادیات میں ڈاکٹر گیان چند صاحب نے کافی شہرت حاصل کی تھی۔ موصوف "Indian Economic Conference" (انڈین اکنومک کانفرنس) کے صدر بھی ہوئے جو بڑا اعزاز ہے۔ کچھ عرصہ بعد حکومت نے انہیں مختلف بڑے بڑے عہدوں پر فائز کیا۔ پروفیسر گورکھ ناتھ سنگھ نے بھی اس شعبہ میں اپنا ایک مقام پیدا کر لیا تھا اور بعد میں ڈی۔ پی۔ آئی ہو کر پنشن پائی۔ شعبۂ فلسفہ میں ڈاکٹر ڈی۔ ام۔ دت اور شعبۂ نفسیات میں پروفیسر جمنا پرشاد اچھی شہرت کے حامل تھے۔ پروفیسر جمنا پرشاد پٹنہ یونیورسٹی کے رجسٹرار ہوئے اور بعد میں رانچی کالج کے پروفیسر و پرنسپل بھی ہوئے۔ پنشن پانے سے پہلے مرض سرطان میں انتقال کیا۔ بہت خوب آدمی تھے اور طلباء کے درمیان نہایت عزیز رہے اس زمانے میں حکومت بہار نے شعبہ جغرافیہ کی طرف جب خصوصی توجہ دی تو مسٹر قاضی ظہیر احسن اور مسٹر سید عبدالمجید کی تقرری بحیثیت لکچرر عمل میں آئی۔ ان دونوں حضرات نے اپنی محنت اور کوشش سے اس شعبہ کو بہت ترقی دی۔ مسٹر سید عبدالمجید نے بعد میں لندن سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی اور سرکاری خدمت سے پنشن پانے کے بعد کالج آف کامرس پٹنہ کے پرنسپل ہوئے۔ قاضی ظہیر احسن تقسیم ہند کے بعد رانچی سے کراچی چلے گئے۔ شعبۂ سنسکرت میں پنڈت رام اوتار شرما کی جگہ ڈاکٹر اننتا پرشاد بنرجی شاستری جو سنسکرت زبان اور آثار قدیمہ کے ماہر تھے شعبہ کے صدر ہوئے۔ حکومت برطانیہ نے انہیں ایم۔ بی۔ ای کے خطاب سے سرفراز کیا تھا۔ شعبہ ہندی میں ڈاکٹر ایشور دت تھے۔ شعبہ اردو، فارسی اور عربی کے صدر ڈاکٹر ابو نصر محمد علی حسن تھے۔ ان کے ماتحت پروفیسر عبدالمنان، پروفیسر عبدالمجید اور راقم شعبہ فارسی میں استاد تھے۔ شعبۂ اردو میں حافظ شمس الدین احمد اور سید نجم الہدیٰ تھے۔ کچھ دنوں بعد سید اختر احمد کی تقرری بحیثیت لکچرر ہوئی، جنہوں نے بعد میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی اور آخر میں صدر شعبہ اردو ہو کر پنشن پائی۔ کپتان محمد اسماعیل عربی کے اسسٹنٹ پروفیسر تھے۔

Marfat.com

پرنسپل بھٹیچا اور کالج کا یادگار جلسہ:-

راقم نے ۱۹۳۷ء سے ۱۹۵۲ء تک پٹنہ کالج میں کل پانچ مستقل پرنسپلوں کی ماتحتی میں کام کیا جن میں ایک انگریز اور چار ہندوستانی تھے۔ مگر مسٹر بھٹیچا میں جو دوربینی اور انتظامی صلاحیت نظر آئی میں نے کسی اور میں نہ پائی۔ ۱۹۳۶ء میں راونشا کالج کٹک کی ڈائمنڈ جوبلی منائی گئی، انہوں نے اس کا انتظام اتنے اچھے ڈھنگ سے کیا کہ کل پروگرام اپنی تمام رونق کے ساتھ بڑی ہی خوش اسلوبی سے انجام پایا جس کو راقم نے خود اپنی نظروں سے دیکھا ہے۔ ۱۹۳۶ء میں جب بھٹیچا صاحب پٹنہ کالج کے پرنسپل ہو کر آئے تو یہ کالج اپنی زندگی کے چھہترویں سال میں داخل ہو رہا تھا۔ پرنسپل بھٹیچا صاحب کے زیر انتظام ۱۲ر دسمبر ۱۹۳۷ء کو کالج کا "Commemoration Day" یعنی یادگاری دن نہایت ہی شان شوکت سے منایا گیا جس کی صدارت سر مورس ہیلٹ گورنر بہار نے کی۔ پرنسپل موصوف نے نہایت خوبی سے پروگراموں کو ترتیب دیا اور نہایت حکمت عملی سے اپنے ماتحت پروفیسروں سے کام لے کر اس تقریب کو کامیاب بنایا جو انہیں کی عقل و شعور اور انتظامی صلاحیت کا کارنامہ ہو سکتا تھا۔ جہاں تک میرا خیال ہے ان کے علاوہ اور کوئی نہ تھا کہ اس کام کو اتنے حسن انتظام سے پایہ تکمیل کو پہنچا سکتا۔ پرنسپل موصوف نے اپنے خطبہ میں فرمایا کہ ۱۸۶۲ء سے کالج کی تاریخ جدید بہار کی تاریخ ہے۔ پٹنہ کالج کی اہمیت بتاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بہت کم بہاری ایسے ہیں جنہوں نے اپنی زندگی میں عروج حاصل کیا ہو اور پٹنہ کالج کے طالب علم نہ رہے ہوں۔ انہوں نے چند نامور بہاریوں کے نام بتاتے ہوئے فرمایا کہ سر سید علی امام اور ڈاکٹر سچیدانند سنہا کے نام نامی سے کون واقف نہیں ہے۔ ان کے علاوہ سر گنیش دت سنگھ، سر محمد فخر الدین، مسٹر محمد یونس، مسٹر سید عبد العزیز، بابو انوگرہ نراین سنگھ اور بابو سری کرشن سنہا کا نام گناتے ہوئے فرمایا کہ ان لوگوں نے بہار میں اہم خدمات انجام دی ہیں اور بڑے بڑے عہدوں کے ساتھ منصب وزارت پر مامور رہے ہیں۔ مزید فرمایا کہ قانون کے میدان میں سر سید سلطان احمد، سر خواجہ محمد نور، مسٹر جسٹس ایس۔ پی۔ ورما اور مسٹر بلدیو سہائے اپنی مثال آپ ہیں اور جو شہرت ان حضرات نے حاصل کی ہے اب تک کم لوگوں کو نصیب

Marfat.com

ہوئی ہے۔

جلسہ عام و قدیم طلباء:

اس جلسہ میں پانچ ہزار سے کچھ زیادہ لوگوں نے شرکت کی جس میں بہار کی عظیم شخصیتوں کے علاوہ پٹنہ کالج کے "اولڈ بوائز" نے بھی شرکت کی جن میں سے چند نہایت قدیم طلباء کے نام یہ ہیں: مسٹر ام رام لال سنہا (۱۸۸۲ء)، مسٹر نند کشور لال (۱۸۸۵ء)، کرشن بلبھ سہائے (۱۸۸۶ء)، رام آشرے پرشاد (۱۸۸۷ء)، اجودھیا پرشاد (۱۸۸۹ء)، مسٹر ایس بی سین (۱۸۹۲ء)، سدھیشور گپتا (۱۸۹۲ء)، رام بہادر (۱۸۹۵ء)، مسٹر سید عبد الصمد (۱۸۹۵ء)، مسٹر مہیش چندر دت (۱۸۹۸ء)، محمد موسیٰ (۱۸۹۸ء)، سر سلطان احمد (۱۸۹۸ء)، الکھ کمار سنہا (۱۸۹۸ء)، سید محمد حفیظ (۱۹۰۰ء) پرنسپل بھٹیجا نے ان قدیم ترین طلباء کی ملاقات گورنر صاحب سے کرائی۔ مزید بر آں یہ بھی معلوم ہوا کہ قدیم ترین طلباء میں بابو جادو ناتھ بنرجی (۱۸۶۵ء) اور خان بہادر سید خیرات احمد والد بزرگوار سر سید سلطان احمد (۱۸۷۰ء) اس زمانہ میں بقید حیات تھے۔ جلسہ کے اختتام پر گورنر نے تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا اور دعا کی کہ پٹنہ کالج اپنی ترقی کی راہ پر گامزن رہے۔

طلباء کی دعوت اور آتش بازی:

جلسہ ختم ہونے کے بعد کالج کے موجودہ طلبا جن کی تعداد تقریباً پانچ سو تھی۔ سب کو شام کا عمدہ ناشتہ اس جگہ کرایا گیا جہاں آج کل "عظیم گارڈن" واقع ہے۔ ناشتہ کا انتظام کرنا اور ناشتہ کرانے کی تمام ذمہ داری پروفیسر جمنا پرشاد اور راقم کے سپرد کی گئی تھی۔ ہم نے بابو کیدار ناتھ کھنہ، کالج کے بڑے بابو، کے ذریعہ پٹنہ سیٹی سے نہایت اچھی مٹھائیاں بنوا کر منگائی تھیں جسے لڑکوں نے بہت پسند کیا۔ حساب لگانے پر معلوم ہوا کہ فی کس آٹھ آنہ خرچ پڑا ہے۔ مسٹر بھٹیجا ہم لوگوں کے انتظام سے بہت خوش ہوئے اور ناشتہ کے بعد لڑکوں، پروفیسر جمنا پرشاد اور راقم کا شکریہ ادا کیا۔ پرنسپل موصوف نے راقم اور طلبا کے اصرار پر ایک مٹھائی کھائی۔ اسی رات کو کالج میں چراغاں کیا گیا اور خوشی میں آتش بازیاں چھوڑی گئیں۔ آتش بازیاں بہت عمدہ قسم کی تھیں۔ اس موقع کی ایک تصویر راقم کے پاس ہے۔

Marfat.com

مشاعرہ اور کوی سمیلن:

۱۲ ردسمبر ۱۹۳۴ء ساڑھے سات بجے شام کو نیو جمنازیم میں مشاعرہ اور کوی سمیلن کا انعقاد ہوا۔ جس کی صدارت سر سید سلطان احمد نے کی مگر تھوڑی دیر بعد وہ چلے گئے اور ان کے جانے کے بعد پرنسپل بھتیجا نے صدارت کی۔ مشاعرہ تقریباً تین گھنٹے جاری رہا۔ شعراء، مہمانوں اور طلبا کا اژدحام اتنا تھا کہ ہال میں بیٹھنے کی جگہ نہ تھی اور کچھ لوگوں کو کھڑا رہنا پڑا۔ اس موقع پر نظمیں "پٹنہ کالج" اور "بہار" پر پڑھی گئیں۔ اختر قادری، مظفر نقوی اور طفیل احمد خاں کی نظمیں بہت پسند کی گئیں۔ راقم کو اختر قادری کی نظم بہت پسند آئی۔ چند اشعار پیش ہیں:

اگر ہے تاج کی رعنائیوں پر ناز جمنا کو ۔۔۔ اگر ہے پاسبان ہند کا طرہ ہمالا کو
تو بے شبہ پڑے گی ماننی یہ بات دنیا کو ۔۔۔ کہ عزت کم نہیں ہے پٹنہ کالج سے گنگا کو
جبھی تو ہم نے ان آنکھوں سے دیکھا ہے کہ گنگا جل ۔۔۔ رہا کرتا ہے پابوسی کو اس کی ہر گھڑی بے کل

ان دنوں اختر قادری فارسی ایم۔اے کے متعلم تھے اور میرے شاگردوں میں تھے۔ ایم۔اے اور ڈاکٹریٹ کیا اور لنگٹ سنگھ کالج میں عرصہ دراز تک شعبہ فارسی اور اردو کے صدر رہے۔ پنشن پانے کے بعد بہار اردو اکادمی کے نائب صدر ہوئے۔ موصوف نے اردو کے ایک اچھے شاعر ہونے کی حیثیت سے کافی شہرت حاصل کی تھی۔

بوٹ ریس:

ہم سب جانتے ہیں کہ پٹنہ کالج دریائے گنگا کے کنارے واقع ہے۔ پرنسپل آرمر نے اس کے محل وقوع سے فائدہ اٹھایا اور ۱۹۳۶ء میں دو پٹنی بوٹ **(Putney Boat)** انگلستان سے منگوائیں۔ ایسی کشتیاں غالباً ہندوستان کے کسی کالج میں نہ تھیں۔ ان کے ذریعہ کشتی رانی کا مقابلہ اکثر ہوا کرتا تھا جس سے بڑی چہل پہل ہو جایا کرتی تھی۔ اس جشن کے موقع پر پٹنہ ہائی کورٹ کے جج مسٹر جسٹس جیمس نے جو بہت باذوق آدمی تھے کشتی رانی کا مقابلہ کرایا۔ آکسفورڈ اور کیمبرج کے فارغ التحصیل ہندوستانی اور انگریز نے دو ٹیم ایک "آکسفورڈ ٹیم" اور دوسری "کیمبرج ٹیم" کے نام دے کر کشتی رانی کے مقابلہ میں حصہ لیا۔

Marfat.com

اس مقابلہ میں "کیمبرج ٹیم" کی جیت ہوئی۔ جو لوگ دریا کے کنارے موجود تھے انہوں نے ڈاکٹر بنرجی شاستری سے کہا کہ اگر آپ "آکسفورڈ ٹیم" میں نہ ہوتے تو ضرور اسی کو فتح ہوتی۔ اس پر خوب ہنسی ہوئی۔

دو قابل ذکر نمائش:

مسٹر سید محمد محسن نے جو اس وقت شعبۂ نفسیات میں ریسرچ اسکالر تھے اپنے شعبہ کے تجربہ گاہ Psychological Laboratroy میں اس علم سے متعلق تمام آلات کی نمائش کی۔ اس کی ترتیب اور تنظیم میں موصوف نے بڑی محنت اور شعور کا مظاہرہ کیا تھا۔ یہ نمائش ایک اچھی نمائش تھی اور جس نے بھی دیکھا بہت تعریف کی۔ راقم کو بھی یہ نمائش بہت پسند آئی۔ پرنسپل بھیتجا نے اس نمائش کی تعریف کی تھی۔ کچھ دنوں بعد محسن صاحب اس شعبہ میں لکچرر مقرر ہوئے۔ اڈنبرہ یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی اور پٹنہ یونیورسٹی کے شعبہ نفسیات کے صدر ہوئے۔ ابھی بھی اپنے کاموں کو حسن وخوبی سے انجام دینے کے لیے مشہور ہیں۔ اپنی تحقیقات وتصنیفات کی بنا پر بین الاقوامی شہرت رکھتے ہیں۔ اردو ادب میں بھی دلچسپی ہے ان کی دو کتابیں "انوکھی مسکراہٹ" اور "نفسیاتی زاویے" طبع ہو چکی ہیں۔ "شعری مجموعہ" اور "فرائڈی نفسیات" طبع ہونے والی ہیں۔ پروفیسر سید محمد محسن صاحب میرے عرفاتی بھائی بھی ہیں۔ ۱۹۷۳ء میں جب راقم دوبارہ حج کے لیے گیا تو ہم لوگوں نے ایک ساتھ حج کی سعادت حاصل کی اور مدینہ منورہ میں ہم دونوں ساتھ تھے۔ آتے جاتے میں جہاز پر بھی ساتھ رہا۔

تواریخی کتابوں کی نمائش:

اس جشن کے دوران تواریخی کتابوں کی بھی نمائش ہوئی جس میں مخطوطات، فرمان شاہی، قدیم دستاویزات کے علاوہ تلوار اور دیگر قدیم چیزیں تھیں۔ اس نمائش کی ترتیب کے روح رواں پروفیسر سید حسن عسکری صاحب تھے۔ راقم کو خوب یاد ہے کہ دو بنگالی حضرات نے ان کی محنت کا صلہ حاصل کرنے کی کوشش کی مگر پرنسپل بھیتجا صاحب ان سب باتوں سے اچھی طرح واقف تھے اور نمائش کے ختم ہونے کے بعد راقم سے کہا کہ اگر حسن عسکری

Marfat.com

نہ ہوتے تو یہ کام اس حسن و خوبی سے انجام نہ پاتا۔ اس نمائش میں مدرسہ سلیمانیہ کے کتب خانہ سے ۷۴ مخطوطات، نواب زادہ سید محمد مہدی کے توسل سے نوابان گنذری کے ذخیرہ سے ۳۲ مخطوطات، بابو رام بہادر پٹنہ سیٹی کے یہاں سے ۲۱ مخطوطات، رائے متھرا پرشاد پٹنہ سیٹی سے تیرہ قلمی کتابیں، سید نقی احمد نبیرہ شاد عظیم آبادی سے ۱۵ مخطوطات، سید قاسم حسین پٹنہ سیٹی سے قرآن مجید کے دو قلمی نسخے اور بابو جے منگل پرشاد سے چار کتابیں (قلمی)، نمائش کے لیے عنایت ہوئیں۔ کھجواذ خیرہ سے ۲۷ مخطوطات، الاصلاح لائبریری دسنہ سے کچھ مخطوطات اور مطبوعہ کتابیں جس کی کل تعداد دس تھی، منگوائی گئیں۔ سید محمود الحق پھلواری شریف نے سات مخطوطات و مطبوعات اور پروفیسر ظہیر احسن لکچرر جغرافیہ نے دس قلمی اور مطبوعہ کتابیں نمائش کے لیے مستعار دی تھیں۔ ان کتابوں میں لائبریری مدرسہ سلیمانیہ اور کھجواذ خیرے کی کتابیں بڑی قدیم و نادر تھیں۔ کھجواذ خیرہ میں دیوان ہمایوں بادشاہ کا نادر نسخہ موجود تھا۔ اس کو پروفیسر ڈاکٹر ہادی حسن مسلم یونیورسٹی علی گڑھ نے بعد میں ایڈٹ کر کے حیدر آباد (دکن) سے شائع کرایا۔ راقم نے اپنی پچیس سالہ پٹنہ کالج کی زندگی کے زمانہ میں ایسا کامیاب جلسہ اور ایسی شان دار نمائش نہ دیکھی۔ پرنسپل بھتیجا کا یہ کارنامہ قابل یادگار ہے جسے بھلایا نہیں جاسکتا۔

میری رہائش گاہ:

جولائی ۱۹۳۶ء میں جب راقم کٹک سے پٹنہ آیا تو پروفیسر قمر الدین کا مکان جو محلہ پیر بہوڑ کی ایک تنگ گلی میں واقع ہے کرایہ پر لے کر رہنے لگا۔ اس مکان کی اوپر والی منزل میں صرف دو کمرے ایسے تھے جن میں کسی طرح گذارہ کیا جاسکتا تھا۔ اس سے پہلے میں ایسے مکان میں کبھی نہ رہا تھا۔ چونکہ تنہا رہتا تھا اس لیے تکلیف کا احساس زیادہ نہ ہوا۔ اور ڈیڑھ سال کا زمانہ اسی مکان میں گذار تا رہا مگر اچھے مکان کی تلاش جاری رکھی۔ جب میں اس مکان میں رہنے آیا تو اپنے ساتھ اپنے کتے جیری کو بھی لیتا آیا۔ جیری روزانہ میدان میں دوڑ لگانے کا عادی تھا۔ تنگ مکان اور تنگ گلی اس کے معمول میں حائل ہو گئیں۔ اس لیے وہ دوسری منزل سے بغل کے مکان کی چھت پر کود جاتا اور محلہ کے سارے مکانوں کے چھپروں پر

Marfat.com

خوب دوڑ لگاتا۔ لوگوں نے مجھ سے شکایت کی کہ چھپروں پر کتے کا دوڑنا بہت منحوس خیال کیا جاتا ہے۔ محلے والوں کی شکایت سے تنگ آکر میں نے جیری کو نیورہ بھیج دیا جہاں وہ راقم کے گماشتہ سید نجابت حسین کے ساتھ کھلے میدان میں رہنے لگا۔ میں جب بھی نیورہ جاتا وہ نہایت محبت کا اظہار کرتا، دم ہلاتا، پاؤں چاٹتا اور سامنے آکر بیٹھ جاتا۔ سید نجابت حسین کو کتوں سے سخت نفرت تھی۔ جب کبھی جیری ان کا ہاتھ پاؤں چاٹنا چاہتا تو اسے ڈنڈا دکھا کر دور بھگا دیتے تھے۔ پروفیسر قمرالدین کے مکان میں ڈیڑھ سال کے قیام کے بعد میں اپنی بیوی اور لڑکے کو بھی لے آیا تو رہائش کی تکلیف ہونے لگی۔ حسن اتفاق سے ۱۹۳۸ء میں مسٹر عبد الجبار اکزیکیوٹیو انجنیر کا مکان واقع محلہ لال باغ کرایہ پر مل گیا اور میں یہاں رہنے لگا۔ مکان کشادہ تھا اور اس کے سامنے صحن بھی تھا۔ جیری کو نیورہ سے لے آیا کیونکہ یہ جگہ اس کے روزانہ کے معمول کے لیے کافی تھی۔ افسوس کہ ایک سال کے بعد میرا وفادار کتا اسی مکان میں مر گیا۔ راقم کو کتا پالنے کا شوق جوانی سے ہے۔ ۱۹۶۵ء میں جب میں اپنے اکیزبیشن روڈ کے مکان میں مستقلاً رہنے کے لیے آیا "رانی" بھی میرے ساتھ آئی جس کو میرے دوست سید مصطفیٰ حسین جو جانوروں کے محکمہ کے ڈائرکٹر تھے نے مجھے اس کو رانچی سے لا کر دیا تھا، افسوس کہ ایک دن میری گلی میں ٹرک سے دب کر مر گئی۔ اس کے بعد میں نے کتا پالنا ترک کر دیا۔ داتا پیر بہوڑ ایک صوفی بزرگ گذرے ہیں جن کا مقبرہ محلہ پیر بہوڑ میں ہے، اسی مناسبت سے یہ محلہ پیر بہوڑ کہلاتا ہے اس محلے میں مسلمانوں کی کافی آبادی ہے۔ اور اسلامی تہواروں کے موقع پر خوب چہل پہل رہتی ہے۔ خصوصاً ماہ رمضان میں۔ جب راقم اس محلہ میں رہتا تھا تو مسلمان لڑکے ٹولیاں بنا کر نکلتے، حمد و نعت کے علاوہ ایسی نظمیں جن میں ماہ رمضان کی فضیلت اور برکت کا تذکرہ ہوتا نہایت خوش الحانی سے پڑھ کر سحری کے لیے لوگوں کو بیدار کرتے۔ ان کے نغموں کو سن کر ایسا اثر ہوتا کہ غیر روزہ دار بھی روزہ دار بن جاتے۔ جب میں محلہ پیر بہوڑ میں رہتا تھا مسٹر محمد نعیم بیرسٹر اور ان کے چھوٹے بھائی مسٹر محمد ایوب وکیل کے یہاں ملنے جایا کرتا تھا۔ یہ حضرات اس محلے کے قدیم اور نامی باشندے تھے۔ مسٹر محمد نعیم مجھ سے عمر میں بڑے تھے مگر ایوب صاحب میرے ہم سن تھے۔ ایوب صاحب میرے رشتہ دار مسٹر سید رفیع الدین شفیع وکیل کے نہایت عزیز دوست تھے۔

Marfat.com

اس توسل سے میری دوستی ان سے بہت بڑھ گئی۔ تقسیم ہند کے بعد مسٹر سید رفیع الدین بلخی کے خاندان کے کل افراد ہجرت کر کے پاکستان چلے گئے، وہ اکیلے اپنے سبزی باغ کے مکان میں زندگی گزراتے اور پٹنہ کی عدالت میں وکالت کرتے رہے۔ موصوف کو بلڈ پریشر کا عارضہ تھا اور اچانک سخت بیمار ہوگئے۔ مرض طویل ہوتا گیا اور پٹنہ میں ان کو دیکھنے والا سوائے ایوب صاحب کے کوئی دوسرا نہ تھا، عرصہ تک بیمار رہے اور ایوب صاحب نے اپنے ضروری کاموں کو چھوڑ کر دن رات ان کا علاج اور تیمار داری کی۔ مسٹر سید جعفر امام وکیل بھی ان کی تیمار داری کے لیے آیا کرتے تھے۔ ایوب صاحب اپنے عزیز دوست کی اس طویل بیماری میں جس جانفشانی اور محبت کے ساتھ خدمت کرتے رہے کوئی دوسرا نہ کر سکتا تھا باوجود اتنے اچھے علاج اور تیمارداری کے بلخی صاحب جانبر نہ ہو سکے مگر ایوب صاحب نے دوستی کے حق کو بطرز احسن ادا کر دیا۔

ایوب اردو گرلس اسکول، پٹنہ:

ایوب صاحب خوش مزاج، ملنسار اور باخلاق انسان تھے۔ ان کے یہاں ہر وقت شعراء، ادیب اور سماجی کارکنوں کا اجتماع رہتا تھا۔ ان کے دوستوں میں جمیل مظہری اور پروفیسر سید اجتبیٰ حسین رضوی تھے۔ جمیل مظہری کچھ عرصہ تک ان کے ساتھ ہی رہتے تھے۔ موصوف تعلیم نسواں کے بہت حامی تھے اور مسلمان لڑکیوں کے لیے پٹنہ میں ایک اردو گرلس ہائی اسکول قائم کرنا بہت ضروری سمجھتے تھے۔ لڑکیوں کے اسکول کو قائم کرنے کے لیے موصوف نے اپنا رہائشی مکان وقف کر دیا اور اس کے فروغ کے لیے ہمیشہ سرگرم عمل رہے اور اس کام میں کامیابی حاصل کی۔ جہاں ان کی رہائش گاہ تھی اس جگہ پر ایوب اردو گرلس اسکول کی عالی شان عمارت کھڑی ہے۔ اس اسکول میں تقریباً دو ہزار لڑکیاں تعلیم پا رہی ہیں۔ آج یہ اسکول ایوب صاحب کی بہترین اور شاندار یادگار ہے۔

تعلیم بالغاں:

۳ر مارچ ۱۹۳۸ء کو وزیر تعلیم ڈاکٹر سید محمود نے اپنی قیام گاہ پر پٹنہ شہر کے دس حضرات کو بلایا ان میں صرف ہم تین مسلمان پروفیسر معین الحق، راقم اور سید نجم الہدیٰ

Marfat.com

تھے۔ وزیر موصوف نے ہم سب کو مخاطب کر کے فرمایا کہ سن رسیدہ لوگوں کی ناخواندگی دور کرنے کے لیے کوئی اسکیم چلانا چاہئے اور ایک نیم سرکاری تحریک "تعلیم بالغان" چلائی گئی جس کے روح رواں پروفیسر بی بی مکھرجی ہوئے اور اس سے متعلق ابتدائی کتابوں اور ایک رسالہ بنام "روشنی" کی ترتیب و طباعت کی ذمہ داری پروفیسر عبدالمنان کے سپرد ہوئی۔ اس تحریک کو کامیاب بنانے کے لیے مختلف جگہوں پر مراکز قائم کیے گئے۔ جب تک ڈاکٹر سید محمود وزیر تعلیم رہے یہ تحریک بہت کامیاب رہی۔ اچاریہ بدری ناتھ کے وزیر تعلیم ہونے کے بعد یہ تحریک رفتہ رفتہ ختم ہو گئی۔ راقم "مرکز تعلیم بالغان" مصلح پور ہفتہ میں دو بار جاتا اور وہاں کے لوگوں کو اردو ہندی پڑھاتا تھا۔ ہفتہ کے باقی دنوں میں دوسرے لوگ وہاں جایا کرتے تھے۔ یہ خدمت بالکل اعزازی تھی حتی کہ سواری کا کرایہ بھی اپنی جیب سے دینا پڑتا تھا۔ جیسا کہ مسلمانوں کا دستور ہے اس تحریک سے استفادہ کرنے والوں میں ان کی تعداد بہت کم ہوتی تھی۔

چیزوں کی ارزانی:

جب پٹنہ آیا تو راقم کی تنخواہ صرف ایک سو اسّی ۱۸۰ روپیہ ماہانہ تھی مگر چیزوں کی بہت ارزانی تھی۔ اگر آج میں بتاؤں کے بکرے کا گوشت ۵ آنہ سیر، انڈے دو آنے درجن، شکر تین آنہ سیر، گھی سوا روپیہ سیر اور چاول، گیہوں، دودھ، ایک روپیہ میں دس سیر، کشمش، اخروٹ ۸ آنہ سیر، کاغذی بادام سوا روپیہ سیر مرغ پانچ آنہ اور چوزہ ڈھائی آنے میں ملتا تھا تو آپ کو سن کر بہت حیرت ہوگی۔ باوجود اس کم تنخواہ کے میرے یہاں دو نوکر تھے۔ ایک باورچی انیس میاں جو خورد و نوش کے ساتھ بارہ روپیہ ماہانہ کا تنخواہ دار تھا اور نورالحسن خدمت گار کو مع طعام و قیام چھ روپیہ ماہانہ دیا کرتا تھا۔ تقسیم ہند کے بعد انیس ڈھاکہ چلا گیا اور نورالحسن دوسری جنگ عظیم کے دوران فوج میں بھرتی ہوا، اور غالباً برما میں مارا گیا۔ ۱۹۳۸ء میں مسلم لیگ ایک قومی سیاسی جماعت ہو چکی تھی اور قیام پاکستان کے لیے کوشاں تھی۔ اس زمانہ میں ڈاکٹر سچیدانند سنہا پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر تھے۔ موصوف تقسیم ہند کے سخت مخالف تھے۔ جب ایک روز میں ان سے ملنے گیا تو خلاف دستور انہوں نے راقم سے

Marfat.com

اپنا تاثر بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ اب مسلمانوں نے فیصلہ کرلیا ہے کہ پاکستان بنے لیکن انہیں یہ معلوم نہیں کہ اقلیت کی حیثیت سے انہیں ہندوستان میں زندگی گزارنا پڑے گی اور ان کے حالات افسوسناک ہو سکتے ہیں۔ مجھے ڈر ہے کہ کہیں مسلم اقلیت صرف "لکڑی کاٹنے والا" اور "پانی بھرنے والا" ہی بن کر نہ رہ جائے۔ راقم تقسیم ہند کا طرفدار نہ تھا اور سنہا صاحب میرے اس نظریہ سے اچھی طرح واقف بھی تھے انہیں میرے سامنے یہ بات نہ کہنا چاہئے تھی۔ میں اس بات سے رنجیدہ ہوا اور عرض کیا کہ تقسیم ہند سے مسلمانوں کو بے شمار مصیبتوں کا اور دشواریوں کا ضرور سامنا کرنا پڑے گا مگر وہ صورت ہرگز پیدا نہ ہوگی جس کا آپ نے ذکر کیا ہے کیونکہ مسلمان ہمیشہ سے ایک خوددار قوم رہی ہے۔ ہر آفت و مصیبت کا مردانہ وار مقابلہ کیا ہے۔ صاحب موصوف یہ سن کر خاموش ہو گئے اور دوسری باتوں کی طرف متوجہ ہو گئے۔

اسسٹنٹ پروفیسر ہونا:

جس زمانہ میں راقم کی تقرری ہوئی تھی لکچرر کی ابتدائی تنخواہ ۱۴۴ روپے ماہانہ تھی لیکن اگر کوئی لکچرر پی۔ ایچ۔ ڈی ہو اور گورنمنٹ چاہے تو تنخواہ دو سو روپے ماہانہ ہو سکتی تھی۔ اس لیے راقم نے سرکار سے دو سو روپے ماہانہ کا مطالبہ کیا جس کے نتیجہ میں ۱۵ر جولائی ۱۹۳۷ء کو میری تنخواہ ایک سو اناسی روپے ہو گئی۔ چونکہ اس تنخواہ میں مندرجہ بالا قانون کے مطابق اضافہ نہ ہوا تھا اس لیے پھر احتجاج کیا اور پہلی مئی ۱۹۳۸ء کو سرکار نے مجھے لکچرر سے اسسٹنٹ پروفیسر بنا کر دو سو روپے ماہانہ تنخواہ مقرر کر دی۔

خدابخش لائبریری میں چند یادگار چیزیں:

برطانیہ میں یہ قدیم دستور ہے کہ بادشاہوں کی تاج پوشی سے پہلے جاذب النظر اشیاء تیار کرتے ہیں اور تاج پوشی کے وقت ان کو بازار میں لاکر فروخت کرتے ہیں۔ لوگ ان کو بہت شوق سے خرید کر اپنے گھروں میں بہ طور یادگار عرصہ دراز تک محفوظ رکھتے ہیں۔ عشق کا مارا شاہ ایڈورڈ ہشتم ۳۲۷ دن کی بادشاہی کر کے ۱۱ر دسمبر ۱۹۳۶ء کو تخت و تاج سے دست بردار ہو گیا اور اس کی تاج پوشی کی رسم ادا نہ ہو سکی مگر یہ کل چیزیں بازار میں آئیں اور

Marfat.com

فوراً فروخت ہو گئیں۔ مسٹر شہاب الدین خدا بخش اس زمانے میں انگلستان میں تھے۔ انہوں نے چند ایسی چیزوں کو خریدا اور ہندوستان واپس آکر ان تاریخی چیزوں کو خدا بخش لائبریری میں تحفتاً دے دیا جو اب بھی وہاں محفوظ ہیں۔ ان میں برطانیہ کا ایک چھوٹا سا جھنڈا بھی تھا جس کے بیچ میں شاہ ایڈورڈ ہشتم کی تصویر چھپی ہوئی تھی۔ اب یہ سب چیزیں بالکل نایاب ہو چکی ہیں۔

بحیثیت شاہزادہ ویلس ۱۹۲۱ء میں شاہ موصوف نے ہندوستان کا دورہ کیا اور پٹنہ بھی آئے، موصوف کے استقبال کے لیے پٹنہ لان میں جسے اب گاندھی میدان کہتے ہیں ایک دربار منعقد کیا گیا اور ہارڈنگ پارک میں ایک شاندار دعوت دی گئی۔ راقم ان دونوں تقریبوں میں والد صاحب مرحوم کے ساتھ شریک تھا۔

طلباء فارسی کی تعداد آئی۔اے اور بی۔اے میں:

اس زمانے میں فارسی پڑھنے والے طلبا کی تعداد کافی ہوا کرتی تھی جس میں تھوڑے ہندو طلباء بھی ہوتے تھے۔ آئی۔اے سال اول اور دوم کے کلاس میں کم از کم چالیس طالب علم ہوا کرتے تھے اور تقریباً تیس طلبا بی۔اے کے سال سوم اور چہارم میں ہوتے تھے۔ اس زمانے میں سید مرتضیٰ فضل علی نے آئی۔اے سال اول میں فارسی لی اور بی۔اے تک ہم لوگوں سے فارسی پڑھی۔ موصوف ایڈوکیٹ ہائی کورٹ ہوئے اور بعد ازاں ہائی کورٹ کے جج مقرر کیے گئے اور ترقی کر کے کشمیر ہائی کورٹ کے چیف جسٹس ہوئے۔ دہلی میں عرصہ دراز تک سپریم کورٹ کے جج بھی رہے چند سال ہوئے کہ ان کا انتقال ہو گیا۔ موصوف نہایت ہی ملنسار اور نیک انسان تھے۔ ان کے والد مرحوم سر سید فضل علی ہندوستان میں اعلیٰ سے اعلیٰ عہدوں پر فائز رہے تھے۔

ڈاکٹر مطیع الامام:

اس دور کے میرے دوسرے عزیز شاگرد مطیع الامام ہیں۔ موصوف ۱۹۳۶ء میں پٹنہ کالج میں پڑھتے تھے، جس سال میں کٹک کالج سے بدل کر پٹنہ کالج آیا تھا، مطیع الامام اپنی طالب علمی کے زمانے میں ایک نہایت ہی محنتی اور مہذب شاگرد تھے۔ تمام استاذوں کی بڑی

Marfat.com

عزت کیا کرتے تھے۔ موصوف نے پہلے اردو میں ایم۔اے کیا اور دوسرے سال اوّل درجے میں فارسی میں ایم۔اے پاس کیا۔ ایم۔اے کرنے کے بعد بی این کالج میں کچھ دنوں کے لیے فارسی کے لکچرر مقرر ہوئے۔ ۱۹۴۶ء میں بہار کی غارت گری سے متاثر ہو کر بادِل ناخواستہ ہجرت کر کے پاکستان چلے گئے اور وہاں پی۔ایچ۔ڈی کیا۔ کراچی یونیورسٹی میں ریڈر ہوئے اور بعد ازاں ترقی کر کے یونیورسٹی پروفیسر اور صدر شعبہ فارسی ہوئے۔ ہندوستان کے صوفیوں کے متعلق مقالے لکھتے رہتے ہیں اور انہوں نے کئی مضامین بھی شائع کرائے ہیں جن کا تعلق بہار کے صوفیوں سے ہے۔

✪✪✪

Marfat.com

ساتواں باب

میری اسسٹنٹ پروفیسری

۱۹۳۸ء سے ۱۹۴۴ء

میری ترقی اور ڈاکٹر سرکار کی عارضی پرنسپلی:

جیسا کہ اوپر ذکر کیا جاچکا ہے کہ راقم پہلی مئی ۱۹۳۸ء کو لکچرر سے ترقی کر کے اسسٹنٹ پروفیسر ہوگیا، کام کی نوعیت وہی رہی، اساتذہ میں بھی کوئی تغیر و تبدل نہ ہوا۔ حکومت بہار نے پرنسل بھیجا کو ترقی دے کر سکریٹریٹ بھیج دیا اور ان کی جگہ ڈاکٹر ایس ایس سرکار کو پٹنہ کالج کا عارضی پرنسپل بنادیا۔ موصوف ہندوستان کے قدیم دور کی تاریخ میں بڑی مہارت رکھتے تھے۔ نہایت خوش گفتار تھے۔ اپنی دلچسپ باتوں سے لوگوں کو اپنا گرویدہ بنالیا کرتے۔ انگریزی بولنا اور لکھنا خوب آتا تھا۔ راقم پر ہمیشہ نظر کرم رکھتے تھے اور حوصلہ افزائی بھی کیا کرتے تھے۔ کالج کے معاملات میں مجھ سے اکثر مشورہ لیتے تھے۔ انہی کے زمانے میں ۴؍ جنوری ۱۹۳۹ء کو وزیر تعلیم بہار نے پرنسپل کے نام ایک سرکولر بھیج کر اس میں یہ تاکید کی تھی کہ اساتذہ اپنے کو ہر معاملے میں فرقہ پرستی اور تعصب سے دور رکھیں اس سرکولر کی ایک ایک کاپی جو ہر استاد کو دی گئی تھی اب بھی میرے پاس محفوظ ہے۔ پرنسپل موصوف سے میں نے پوچھا کہ آخر اس سرکولر کی کیا ضرورت تھی، تو انہوں نے ہنس کر جواب دیا کہ یہ کانگریسی حکومت کی ایک احتیاطی کارروائی ہے۔ میں نے تو حکومت کو لکھ کر دیا ہے کہ ہمارے کالج کا ہر استاد تعصب کی لعنت سے پاک ہے۔

Marfat.com

ڈاکٹر ہری چند کی پرنسپلی:

۱۹۳۹ء کے سیشن کے آخر میں ڈاکٹر سرکار کی پرنسپلی ختم ہو گئی اور پٹنہ کالج میں اپنی مستقل جگہ پر واپس چلے گئے، گرمیوں کی چھٹی کے کچھ ہی دنوں بعد ڈاکٹر ہری چند مستقل پرنسپل ہو کر آئے اور ۱۹۴۲ء کی ابتدا تک اس خدمت کو انجام دیا۔ موصوف نے پیرس سے سنسکرت میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی تھی۔ اعلیٰ تعلیمی سند کے باوجود پنڈت رام او تار شرما اور ڈاکٹر اننتا پرشاد بنرجی شاستری۔ کے مقابلے میں پڑھانے لکھانے کی صلاحیت کم تھی، اسی وجہ سے سنسکرت کے طلباء ان سے خوش نہ رہا کرتے تھے۔ کالج کے کاموں میں انہیں زیادہ دلچسپی نہ تھی، ان کے بیشتر اوقات اعلیٰ حکام کی خوشنودی حاصل کرنے میں صرف ہوا کرتے تھے، خود ستائی کے عادی ہو گئے تھے۔ انگریزی میں تقریر کرنے سے بہت گھبراتے تھے۔ بات بات میں "You Know" کہا کرتے تھے۔ پنجاب کے رہنے والے تھے، مسلمانوں کے ساتھ ان کا رویہ کچھ اچھا نہ تھا۔ ایک مرتبہ کا واقعہ ہے کہ امتحان کے موقع پر جمعہ کے دن تمام اساتذہ کے ساتھ میری اور چند مسلم اساتذہ کی ڈیوٹی امتحان کی نگرانی پر لگا دی، حالانکہ حکومت نے جمعہ کو ایک بجے سے دو بجے تک کی چھٹی مسلمانوں کو دے رکھی تھی۔ میں ایک بجے آنے پر راضی نہ تھا۔ میرے احتجاج پر پرنسپل موصوف نے مجھ سے کہا کہ آپ اگر ایک بجے سے نہیں آسکتے تو ڈیڑھ بجے تک آکر اپنا کام سنبھال لیں۔ میں نے کہا کہ یہ ممکن نہیں، میں دو بجے آسکتا ہوں کیونکہ مجھے نماز میں دیر ہو جاتی ہے۔ قائل کرنے کے لیے مجھ سے کہا کہ دیگر مسلمان پروفیسر تو اس وقت آجانے کو تیار ہیں۔ میں نے جواباً عرض کیا کہ دوسرے مسلمانوں کے بارے میں کچھ نہیں جانتا۔ میں دو بجے سے پہلے نہیں آسکتا۔ اور جب میں نے (Casual Leave) چھٹی کی درخواست لکھ کر دی تو انہوں نے کہا کہ آپ دو بجے ضرور چلے آیئے۔ ان کے یہاں سے جب میں اپنے شعبہ فارسی پہنچا تو پروفیسر عبدالمجید سے ملاقات ہو گئی۔ میں نے تمام باتیں بتائیں تو انہوں نے کہا کہ نہ میں درخواست دوں گا اور نہ ان سے اجازت لوں گا۔ بعد نماز دو بجے جاؤں گا۔ جمعہ کے دن نماز کے بعد ہم دونوں اپنے کام پر گئے مگر دوسرے مسلمان پروفیسر ڈیڑھ بجے پہنچ کر دو بجے سے

Marfat.com

امتحان کی نگرانی کے لیے حاضر تھے۔ مجموعی حیثیت سے میرے اور ڈاکٹر ہری چند کے تعلقات اچھے تھے۔ ان کے زمانے میں جب مسلم ہوسٹل میں سپرنٹنڈنٹ کی جگہ خالی ہوئی تو مجھ سے کہا کہ درخواست دے دیجئے میں کالج کے انتظامیہ میں آپ کی مدد کروں گا۔ اور آپ کی تقرری ہو جائے گی۔ مجھے سپرنٹنڈنٹ کا کام پسند نہ تھا اس لیے درخواست نہ دی۔ ڈاکٹر ہری چند ۱۹۴۲ء میں پٹنہ کالج سے چلے گئے۔

پرنسپل بھتیجا کی واپسی:

مسٹر بھتیجا اسی سال گرمیوں کی چھٹی کے بعد پٹنہ کالج پرنسپل ہو کر پھر واپس آئے۔ ان کے آتے ہی کالج میں رونق آ گئی۔ اور ہر کام نہایت حسن ترتیب اور خوش اسلوبی سے ہونے لگا، اور چار سال تک نہایت خوبی سے کالج کی خدمات انجام دیتے رہے۔ صاحب موصوف اساتذہ کا خیال رکھتے اور اساتذہ بھی ان کا بہت احترام کرتے تھے۔ موصوف میں ایک بہت بڑی خصوصیت یہ تھی کہ نوجوان اساتذہ کی خوب حوصلہ افزائی اور ان کی مدد کرتے تھے۔ موصوف نے فارسی بی۔ اے تک پڑھی تھی اور فارسی کا اچھا شوق رکھتے تھے۔ مجھے اکثر خسرو، اور حافظ کے اشعار سناتے تھے۔ فارسی زبان و ادب سے آخر عمر تک ان کی دلچسپی قائم رہی جس کا ذکر انہوں نے راقم کے نام ایک خط مورخہ یکم اپریل ۱۹۵۰ء میں کیا ہے کہ آج کل میں فارسی اور تاریخ ہند کا مطالعہ کر رہا ہوں۔ اسی خط میں آگے چل کر لکھتے ہیں کہ کاش تم اور عسکری میری ساتھ ہوتے تو میں اپنے کام کو پایہ تکمیل تک آسانی سے پہنچا سکتا۔ موصوف میں یہ بڑی خوبی تھی کہ قلم برداشتہ دس دس صفحے انگریزی میں لکھ ڈالتے مگر کہیں تغیر و تبدل کی نوبت نہ آتی۔

پرنسپل بھتیجا کا پنشن پانا:

پرنسپل بھتیجا صاحب ۱۹۴۶ء میں پنشن پا کر اپنے وطن سندھ چلے گئے۔ اس کے بعد ہندوستان اور پاکستان وجود میں آئے اور سندھ کی ہندو آبادی ترک وطن کر کے ہندوستان آنے لگی۔ نواب زادہ لیاقت علی خاں نے جو علی گڑھ میں مسٹر بھتیجا کے عزیز ترین شاگرد تھے، موصوف کو ہندوستان آنے سے روکا اور کراچی یونیورسٹی میں سنیٹ اور سنڈیکیٹ کا ممبر بنا دیا

Marfat.com

مگر ناسازگار حالات کا مقابلہ نہ کر سکے اور ترک وطن کر کے پونا چلے آئے اور وہیں قیام پذیر ہوئے اور وہ ہندوستان کے بدلتے ہوئے سیاسی حالات سے مطمئن نہ تھے۔ ان کا خیال تھا کہ جس طرح کانگریس حکومت ملک کا نظام چلا رہی ہے اس سے ہندوستان کی وحدت کو خطرہ ہے۔ ایک انگریزی کے رسالہ میں اپنا مضمون شائع کیا جس میں یہ خیال ظاہر کیا کہ ہندوستان کو دکھنی، اتری، پوربی اور پچھمی چار حلقوں میں تقسیم کر کے ہر حصہ کو خود مختار حکومت تسلیم کر لیا جائے اور وحدت برقرار رکھنے کے خیال سے مالیات، دفاع، اور خارجی تعلقات کا انتظام کلی طور سے مرکز یعنی دہلی کی حکومت کے ہاتھ میں رہے۔ حکومت ہند اس بات سے ناراض ہو گئی اور چاہا کہ صاحب موصوف کے خلاف تادیبی کارروائی کرے مگر کامیاب نہ ہو سکی۔

پٹنہ یونیورسٹی سینٹ میں نامزدگی:

میرے لیے فخر و امتیاز کی بات ہے کہ ۳؍ نومبر ۱۹۴۳ء کو مجھے پٹنہ یونیورسٹی کے سنیٹ کا ممبر نامزد کیا گیا۔ انگریزوں کے زمانے میں مجھ سے پہلے ایسا کوئی استاد نہ تھا جو صرف سات سال کی ملازمت میں پٹنہ یونیورسٹی کے سنیٹ کا ممبر نامزد کیا گیا ہو۔ اس کے لیے مشہور اور تجربہ کار اساتذہ اور عمائدین صوبہ بہار ہی کا انتخاب عمل میں آتا تھا۔ اس اعزاز کی نامزدگی کے لیے میرے مقابلہ میں مولانا سید سلیمان ندوی کا نام بھی پیش ہوا تھا۔ مگر سر فرانسس موڈی گورنر بہار جو پٹنہ یونیورسٹی کے چانسلر بھی تھے، انہوں نے مجھے نامزد کر کے اس عزت کا شرف بخشا۔ میری نامزدگی کے وقت مزید تین حضرات (۱) مسٹر چندیشر پرشاد نراین سنگھ، سی آئی ای، ایم ایل اے (بعد میں سر ہوئے) (۲) بابو نرسو نراین سنہا جو گورنر بہار کے ایکزیکٹو کونسل کے سابق ممبر تھے اور (۳) پروفیسر جمنا پرشاد کو بھی نامزد کیا گیا۔ میری اس نامزدگی سے لوگوں کو بہت حیرت ہوئی مگر استاد محترم ڈاکٹر عظیم الدین احمد کو بہت خوشی ہوئی اور راقم کو مبارکباد اس شعر سے دیا:

ترقیاں یہ کرے ہر روز اور ہر ہر سال
خدا کرے مرے اقبالؔ کو ملے اقبال

Marfat.com

بہار مدرسہ اکزامنیشن بورڈ میں نامزدگی:

۱۱ر نومبر ۱۹۴۱ء کو بہار گورنمنٹ نے مجھے تین برس کے لیے بہار مدرسہ اکزامی نیشن بورڈ کا ممبر نامزد کیا۔ میرے علاوہ بہار کے قابل مدرسین مولانا سید سلیمان ندوی دار المصنفین، اعظم گڑھ اور شرافت حسین ایم ایل اے ساکن آرہ کو بھی ممبر بنایا۔ اس بورڈ کی صدارت کا عہدہ استاذ محترم جناب ڈاکٹر عظیم الدین احمد کو تفویض ہوا جو اپنے زمانے کے نہایت ممتاز پروفیسر تھے۔ انہوں نے بورڈ کے کاموں میں تبدیلی پیدا کر کے منظم طریقے سے کام چلانے کے لیے قواعد وضوابط مرتب کیے جس پر خود عمل کیا اور سب کو اس کی پابندی کا عادی بنادیا۔

۱۹۴۱ء سے پہلے بہار مدرسہ اکزامی نیشن بورڈ پیروی کی بدولت مدرسہ کے باصلاحیت مدرسین کو نظر انداز کر کے ان کے مقابلے میں اسکول کے ماسٹر اور کالج و یونیورسٹی کے لکچرر کو ممتحن مقرر کرتا تھا اس سلسلہ میں مختلف مدرسین نے مجھ سے ملاقات کی اور ناراضگی کا اظہار کیا کہ باوجود صلاحیت کے انہیں ممتحن ہونے سے محروم کر دیا جاتا ہے۔ بات معقول تھی اس لیے بورڈ کی ایک میٹنگ میں راقم نے تجویز پیش کی کہ متعلقہ مدرسین کو ممتحن مقرر کیا جائے۔ اور اسکول کے ماسٹر اور کالج و یونیورسٹی کے لکچرر کو ممتحن ہونے سے روک دیا جائے۔ میری اس تحریک میں مولانا سید سلیمان ندوی اور شرافت حسین صاحب نے بڑی مدد کی۔ آخر کار متفقہ طور پر یہ رزولیشن پاس ہو گیا کہ مدرسہ کے قابل مدرسین ہی کو ممتحن مقرر کیا جائے اور اسکول کے ماسٹر یا کالج اور یونیورسٹی کے لکچرر کو ممتحن نہ بنایا جائے۔ اس تجویز کی منظوری کے بعد تقریباً بیس سال تک عمل ہوتا رہا مگر اب ایسا نہیں ہے۔

پٹنہ کالج کی خصوصیت:

۱۹۳۶ء سے ۱۹۴۳ء تک جب میں لکچرر اور اسسٹنٹ پروفیسر کی حیثیت سے کام کرتا تھا وہ زمانہ پٹنہ کالج کا ہر لحاظ سے ایک زریں دور تھا۔ طلباء لکھنے پڑھنے، کھیل کود اور اپنی تہذیب کے لیے مشہور تھے، قواعد کے بڑے پابند تھے اور کالج میں بدتمیزی یا بدنظمی کے

Marfat.com

واقعات دیکھنے یا سننے میں نہیں آتے تھے۔ نہایت خاموشی اور سکون کے ماحول میں پڑھنے پڑھانے کا کام انجام پاتا۔ آج کل کی طرح شور وغل اور بدتمیزی کے ماحول کا نام ونشان تک نہ تھا۔ زیادہ تر طلباء کو سیاست سے کوئی خاص لگاؤ نہ تھا اور بیکار باتوں سے الگ رہتے تھے طلباء پڑھنے میں اور اساتذہ پڑھانے میں مصروف رہتے۔ کل طلباء بلا امتیاز شعبہ ہر پروفیسر اور لکچرر کا احترام کرتے اور انہیں اپنا بزرگ تصور کرتے تھے۔ اساتذہ کا سلوک بھی طلبا کے ساتھ نہایت ہی اچھا ہوتا تھا، کسی کو کسی سے شکایت کا موقع نہ تھا۔

کالج کے تعلیمی اوقات میں جن طلباء کا کلاس نہ ہوتا تھا وہ کالج کے "کومن روم" یا لائبریری میں اپنا وقت گذارتے تھے۔ طلباء کو کالج کے اندر یا باہر سڑک پر گھومتے پھرتے نہیں دیکھا جاتا تھا وہ عام بازاری ماحول سے الگ رہتے تھے۔ ہوسٹل کی پابندیاں جو میری طالب علمی کے زمانے میں تھیں وہی قائم تھیں۔ طلباء کی ذہنی نشو ونما اور علمی ترقی کے لیے کئی انجمنیں تھیں جن میں وہ بہت شوق سے حصہ لیتے۔ چند نامور انجمنیں یہ تھیں:

(1) Debating Society (2) Chanakya Society

(3) Historical Society (4) Bazm-e-Adab

ان میں چانکیہ سوسائٹی سب سے امتیازی حیثیت رکھتی تھی۔ اس کا تعلق اقتصادیات سے تھا۔ اس کے سالانہ جلسوں میں بہار اور بہار سے باہر کے سرکاری افسران آکر شرکت کرتے تھے۔ حکومت بہار ہر سال اس کی سالانہ رپورٹ کو کالج سے منگا کر اس سے استفادہ کرتی تھی۔ اس سوسائٹی کو ۲۱ر دسمبر ۱۹۰۹ء میں مسٹر چارلس رسل نے قائم کیا تھا جو ان دنوں پٹنہ کالج کے پرنسپل تھے۔

چانکیہ سوسائٹی کے بعد "بزم ادب" پٹنہ کالج کو بڑی شہرت حاصل تھی۔ راقم کو اس بزم میں جگر مرادآبادی، حفیظ جالندھری، آنند نرائن ملاؔ، روش صدیقی، ساغر نظامی، مجاز لکھنوی، مبارک عظیم آبادی اور دیگر نامور اردو شعراء کے کلام کو سننے کا موقع ملا۔ اس کے ایک جلسہ کی صدارت ابتدائی دور میں نواب سر ذوالفقار علی خاں نے کی تھی۔ اس زمانہ میں ڈاکٹر عظیم الدین احمد صاحب اس بزم کے صدر تھے۔

بزم ادب ۱۹۲۷ء میں قائم ہوئی پروفیسر محمد مطیع الرحمٰن جشن سیمیں کے خطبہ

Marfat.com

استقبالیہ میں صفحہ ۵ اور ۶ پر لکھتے ہیں:۔

"ہماری بزم، اردو کی سب سے قدیم ادبی انجمن ہے۔اس کے بانی علامہ ڈاکٹر عظیم الدین احمد مرحوم تھے، ہمارے دوسرے صدر الحاج پروفیسر عبد المنان صاحب بیدل ہوئے۔ آپ نے علامہ مرحوم کی تمام روایات برقرار رکھیں۔ آپ بزم کے قیام کے زمانہ ہی سے اس کے روح رواں تھے۔ ہمارے تیسرے صدر پروفیسر حافظ شمس الدین احمد صاحب تھے۔ آپ کے زمانہ صدارت میں بزم کو بڑا عروج حاصل ہوا۔ ہمارے چوتھے صدر استاذی ڈاکٹر اقبال حسین تھے۔ آپ کی نگرانی میں بزم دن بدن ترقی کرتی چلی گئی۔ ہمارے موجودہ صدر پروفیسر اختر اورینوی ہیں، آپ نے اپنی گراں قدر خدمات سے بزم کو فروغ دیا اور اب آپ کی صدارت کے پہلے سال میں یہ شاندار جبلی منائی جارہی ہے۔"

بزم ادب کا جشن سیمیں ۱۳/ ۱۴/ ۱۵/ فروری ۱۹۵۳ء کو منایا گیا۔ ۱۳/ فروری کو جشن کا افتتاح عالی جناب مہیش پرشاد سنہا ریاستی وزیر صنعت واطلاعات نے کیا۔ جناب حیات اللہ انصاری ایم ایل سی، اتر پردیش ایڈیٹر قومی آواز لکھنؤ نے اس کی صدارت کی۔ ڈاکٹر ہادی حسن صاحب صدر شعبۂ فارسی علی گڑھ یونیورسٹی اور پروفیسر آل احمد سرور صدر شعبہ اردو لکھنؤ یونیورسٹی نے تقریریں کیں۔ مقالہ پڑھنے والوں میں ڈاکٹر وشوناتھ پرشاد صدر شعبہ ہندی پٹنہ یونیورسٹی، پروفیسر بدیشور پرشاد صدر شعبہ نباتیات، پٹنہ یونیورسٹی اور پروفیسر سید حسن عسکری صدر شعبۂ تاریخ پٹنہ کالج وغیرہ تھے۔ ۱۴/ فروری کو بین المدارس مباحثہ ہوا۔ اسی روز شام کو جناب جعفر پرویز نے نغمہ سنایا۔ کنھیا لال کپور کا ایک فیچر "غالب اور حالی ترقی پسند شعراء کی مجلس میں" پیش کیا گیا۔ ۱۵/ فروری کو ایک مشاعرہ کا انعقاد ہوا جو کہ کل ہند ریڈیو پٹنہ نے نشر کیا اور جناب جعفر علی خاں اثر لکھنوی نے صدارت کی۔ کم از کم پچیس شعراء نے اس مشاعرہ میں حصہ لیا۔

Marfat.com

یادگاری ڈرامہ:

اختر احمد اور رضوی صاحب نے ایک مختصر ڈرامہ بنام "طلوع اسلام" تیار کیا اور بزم ادب کی طرف سے اس کو مہمانوں اور طلبا کے سامنے خوبی سے نو جمنازیم کے اسٹیج پر پیش کیا جو بہت پسند ہوا۔ پرنسپل بھتیجا صاحب نے اس ڈرامہ کو بہت شوق سے دیکھا اور بہت تعریف کی۔ ڈرامہ کے آغاز سے پہلے ایک نغمہ پیش کیا گیا جو علامہ اقبال کے اشعار پر مشتمل تھا۔ نغمہ نہایت خوش الحانی اور خوب صورتی کے ساتھ پردے کے پیچھے سے سنایا گیا۔ اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ غیب سے آواز آرہی ہے۔ ڈرامہ میں مسلمانوں کی زبوں حالی اور ان پر ملاؤں نے جو اثرات کو دکھایا گیا تھا وہ سب مبالغہ آمیز باتیں جو ملاؤں کے متعلق پیش کی گئی تھی راقم کو پسند نہ آئیں۔ مجموعی حیثیت سے یہ ڈرامہ بہت کامیاب رہا اور راقم نے طلبا اور اور اختر صاحب وغیرہ کو اس کی کامیابی پر مبارک باد دی۔ یہ واقعہ تقریباً چالیس سال پہلے کا ہے۔ آج تک ۲۰۰۰ء میں راقم کو بہار کے مسلم طلبا کے اندر کوئی بیداری اور ہمت نظر نہیں آتی ہے۔

ہسٹوریکل سوسائٹی:

اس سوسائٹی کو ۱۹۰۰ء میں قائم کیا گیا تھا۔ ابتدائی دور میں اس کو پنڈت رام اوتار شرما اور مسٹر سی۔ ایچ۔ جیکسن نے بہت جاں فشانی کے ساتھ فروغ دیا اور پرنسپل بھتیجا صاحب کے دور میں کچھ ایسے مقالے پڑھے گئے جو بہت دلچسپ تھے۔ مسٹر ورمانے جو سال ششم کے طالب علم تھے اس زمانے میں شیر شاہ پر ایک نہایت اچھا مقالہ پڑھا جو راقم کو پسند آیا۔ پروفیسر سید حسن عسکری، ڈاکٹر کے کے دت اور ڈاکٹر جگدیش چندر سرکار نے اپنی خدمات سے اس سوسائٹی کو کامیاب بنایا۔

ڈی بیٹنگ سوسائٹی، پٹنہ کالج:

۱۹۰۹ء میں ڈی بیٹنگ سوسائٹی قائم ہوئی اور اسی وقت سے نہایت سرگرمی کے ساتھ کام کرنے میں مشہور رہی ہے۔ انجمن کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کا نائب صدر کالج کا طالب علم ہوتا ہے۔ کسی دوسری انجمن میں ایسا انتظام نہیں ہے۔ پرنسپل بھتیجا کے وقت میں اس

Marfat.com

انجمن کی کافی ترقی ہوئی۔ وہ خود آکر اس کے جلسوں میں شریک ہوتے اور طلباء کی ہمت افزائی کرتے تھے۔ پرنسپل بھٹیاچا کا یہ خیال تھا کہ انجمن کے کچھ مباحثے عام فہم ہندوستانی زبان میں ہوں اور جہاں تک ممکن ہو سکے فارسی، سنسکرت کے الفاظ کا استعمال نہ کیا جائے مگر اس مقصد میں کامیابی نہ ہو سکی اور اس خیال کو ترک کرنا پڑا۔ پروفیسر فضل الرحمٰن، پروفیسر جمنا پرشاد، پروفیسر وائی جے۔ تاراپورے والا، اور ڈاکٹر ایس سی سرکار اکثر جلسوں کی صدارت کرتے اور مباحثوں میں جج کے فرائض بھی انجام دیتے تھے۔ نہایت دلچسپ موضوعات پر بحثیں ہوا کرتی تھیں اور انگریزی تقریروں کا معیار بلند رہتا تھا۔ اس زمانے میں مسلمان طلبا اچھی تعداد میں انجمن کے مباحثے اور تقریروں میں شرکت کرتے تھے۔ چند مسلم طلباء کے نام یہ ہیں۔ (۱) ابوالعلی رضی الرحمن (۲) حسن مرتضٰی (۳) سید شاہ اقبال حسین (۴) ایس۔ ایم۔ نقوی (۵) اے۔ منعم (۶) سید منظور عالم (۷) ایس جی وارث (۸) سید احمد وغیرہ۔ سید شاہ اقبال حسین اور حسن مرتضٰی تقسیم ہند کے بعد پاکستان چلے گئے۔ حسن مرتضٰی کراچی جاکر عین جوانی میں انتقال کرگئے۔ جانے سے پہلے غالباً بہار میں ڈپٹی کلکٹر تھے۔ ابوالعلی حکومت پاکستان میں اعلیٰ سے اعلیٰ عہدوں سے سرفراز ہوئے۔ اور سید شاہ اقبال حسین نے بھی پاکستان جاکر بہت ترقی کی اور اکثر ممالک میں پاکستان کے سفیر رہے۔ منعم حکومت بہار میں اے ڈی ایم ہوئے اور سید منظور عالم نے بہار میں ضلع جج ہوکر پنشن پائی اور اس کے بعد بھی چند عہدوں پر فائز رہے۔ سید منظور عالم سکریٹری ہونے کے علاوہ نائب۔ صدر بھی ہوئے۔ اور اپنے فرائض کو نہایت خوبی سے انجام دیا۔ افسوس کی بات ہے کہ آج کل مسلم طلباء اس انجمن کے کاموں میں کم حصہ لیتے ہیں۔

ابوالعلی رضی الرحمن، جناب شمس العلماء عبدالحئی صاحب مرحوم سابق پروفیسر فارسی پٹنہ کالج کے پوتے ہیں۔ سید شاہ اقبال حسین پٹنہ کے مشہور معالج ڈاکٹر ایس۔ ایس۔ محمود شاہ کے بھائی ہیں اور سید منظور عالم راقم کے استاذ محترم پرنسپل سید سعید عالم مرحوم لا کالج کے صاحبزادے ہیں۔ یہ تینوں حضرات راقم کے عزیز شاگردوں میں ہیں۔

Marfat.com

رسل لکچرس:

کپتین چارلس رسل جو پٹنہ کالج میں ۱۹۰۶ء سے ۱۹۱۴ء تک پروفیسر و پرنسپل رہے۔ دوران پہلی جنگ عظیم ۲۲ر نومبر ۱۹۱۷ء کو فلسطین کے جنگی محاذ پر مارے گئے۔ ان کی یاد میں ان کے دوستوں نے ایک فنڈ قائم کیا، جس کی آمدنی سے معروف شخصیتوں کو مدعو کرکے کسی موضوع پر لکچر دلایا جاتا ہے اور یہ رسل لکچرس کے نام سے مشہور ہے۔ کئی سالوں سے یہ لکچر بند تھا۔ پرنسپل بھتیجا نے ۳ر اپریل ۱۹۴۳ء کو مسٹر شن شیہہ ہوا، جو ہندوستان میں چینی ری پبلک حکومت کے پہلے کمشنر تھے، انہیں مدعو کرکے چین کے اندرونی اتحاد پر لکچر دلوادیا۔ چینی کمشنر نے اپنی اس تقریر میں بتایا کہ چین میں مختلف بولیاں بولی جاتی ہیں، مگر پورے ملک کی تحریری زبان نے ایک ایسی تہذیب اور معاشرت کو جنم دیا جس سے زندگی کے بیشتر شعبوں میں یکسانیت پیدا ہوگئی اور اس طرح پورے ملک میں اسی زبان کی بدولت اتحاد قائم ہوگیا ہے۔ یہ لکچر چھپ کر شائع ہوا اور بڑا مقبول ہوا مسٹر شن شیہہ ہوا کو جب ان کے لکچر کا معاوضہ دیا جانے لگا تو اسے لینے سے انکار کیا۔ معاوضہ کی رقم اور بہت سی کتابیں جو وہ اپنے ساتھ لائے تھے پٹنہ کالج لائبریری کو عطا کردیں۔ پرنسپل بھتیجا نے اپنے زمانے کا دوسرا لکچر ۱۹۴۵ء میں لفٹننٹ جنرل سر آیون میکے جو آسٹریلیا کے ہائی کمشنر تھے ان کو مدعو کرکے دلوایا۔ صاحب موصوف نے لکچر میں آسٹریلیا کی ان دشواریوں کا تذکرہ کیا جو خشک سالی، سیلاب، اور قحط کے سبب سے اسے دوچار ہونا پڑا تھا۔ آسٹریلیا ان مشکلات پر قابو پاکر خود کفیل ملک بن گیا اور اپنی ضروریات کی چیزوں کو اپنے یہاں تیار کرنے لگا ہے۔ یہاں کے لوگ اب نہایت خوش حالی کی زندگی بسر کررہے ہیں۔ آسٹریلیا کی خواہش ہے کہ ہر ملک اپنے طور پر آزادی حاصل کرکے، خوش رہے اور اپنا ممتاز مقام قوموں کے درمیان پیدا کرے۔

اساتذہ کی رہائش کا انتظام:

اس زمانے میں کالج کے پروفیسر اور لکچررکے لیے سرکاری رہائشی مکانات بہت کم تھے جس سے ان حضرات کو بڑی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ پٹنہ کالج اور سائنس کالج ملا کر

Marfat.com

کالج کے احاطے میں صرف سات بنگلے تھے۔ جس کے دو بنگلوں میں پٹنہ کالج اور سائنس کالج کے پرنسپل رہا کرتے تھے۔ اور باقی پانچ بنگلوں میں آئی۔ای۔ایس کے پروفیسر رہتے تھے۔ رانی گھاٹ میں چار پروفیسر کوارٹرس، دو اسسٹنٹ پروفیسر کوارٹرس اور دو لکچرر کوارٹرس تھے۔ ان میں پٹنہ کالج کے دو پروفیسر اور ایک ایک اسسٹنٹ پروفیسر اور لکچرر کے لیے مخصوص تھے۔ میرے ابتدا کے دو سال رہایشی پریشانیوں میں گزرے اور کچھ دنوں بعد مجھے محلہ لال باغ میں ایک آرام دہ کرایہ کا بنگلہ مل جانے سے میں نے اس میں آٹھ سال تک اپنے بال بچوں کے ساتھ نہایت آرام سے گذارا۔ اس کے بعد راقم کی تقرری جب کلاس وَن کے پروفیسر کے عہدہ پر ہوئی تو رانی گھاٹ میں ایک انگریزی طرز کا دو منزلہ بنگلہ رہنے کو ملا۔ اس بنگلہ میں تقریباً تین سال رہا۔ ۱۹۵۳ء میں پٹنہ یونیورسٹی ایک رہایشی یونیورسٹی میں تبدیل ہوگئی تو پروفیسروں کے لیے بہت سے رہایشی مکانات کی تعمیر ہوئی پھر بھی اساتذہ کی پریشانی باقی رہی اور اب تک وہی حالت قائم ہے۔

کالج کی عمارت اور طلباء کی شائستگی:

کالج کی عمارت نہایت ہی خوبصورت ڈچ طرز پر بنائی گئی ہے۔ حکومت بہار نے اس کی صفائی ستھرائی کا بڑا اچھا انتظام کر رکھا تھا۔ دیوار اور دروازے ہمیشہ صاف اور چمکتے نظر آتے تھے۔ دیواروں پر آج کل کی طرح نعرہ بازی اور دیگر پروپگنڈہ کے کلمات لکھنے کی کسی کو جرأت نہ ہوتی۔ کالج کے متفرق میدان صاف اور سرسبز رہتے پھول اور پودوں سے ہرے بھرے نظر آتے اور پورا احاطہ بڑا خوبصورت نظر آتا۔ گھاس کی کٹائی بڑے اہتمام سے بذریعہ مشین ہوتی تھی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ سبز مخمل کا قالین بچھا ہے۔ جاڑوں میں رنگ برنگ کے پھول کھلے رہتے تھے۔ طلباء اتنے مہذب تھے کہ پھولوں کو ہرگز نہ توڑتے لیکن اب افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ وہ سب باتیں خواب و خیال ہو کر رہ گئی ہیں۔

مسلم لیگ کا اجلاس:

دسمبر ۱۹۳۸ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کا ۲۶واں اجلاس زیر صدارت مسٹر محمد علی جناح پٹنہ میں منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں ہندوستان کے ہر صوبہ کے نامور مسلم رہنما شریک

Marfat.com

ہوئے۔ خصوصاً مسٹر اے۔ کے فضل الحق، مس فاطمہ جناح، سر سکندر حیات خاں، سر خواجہ ناظم الدین، نواب چھتاری، راجہ محمود آباد، نواب زادہ لیاقت علی خاں، سردار محمد اورنگ زیب خاں، قاضی محمد عیسیٰ اور بے شمار مسلم رہ نماؤں نے نمایاں طور سے جلسہ کی کاروائی میں حصہ لیا۔ اس جلسہ کے لیے لان میں (جواب گاندھی میدان کہلاتا ہے) ایک نہایت ہی وسیع اور شاندار پنڈال بنایا گیا جس میں تقریباً ڈیڑھ لاکھ آدمیوں کے بیٹھنے کی گنجائش تھی۔ پنڈال کی تیاری کا کام نہایت حسن وخوبی سے انجام پایا۔ مسٹر سید عبدالعزیز بیرسٹر، مسٹر سید جعفر امام بہار کے نامور مسلم لیگی لیڈر ڈاکٹر عبدالغفور مالک گرین میڈیکل ہال اور پٹنہ کے بے شمار مسلمانوں کی انتھک کوششوں سے تمام کام انجام پائے۔ راقم نے اس سے پہلے نہ اس کے بعد پٹنہ میں اتنا شاندار جلسہ اور نہ اتنے رہ نماؤں کا اجتماع دیکھا ہے۔ آج سے بیس بائیس سال قبل پٹنہ میں آل انڈیا کانگریس کا جلسہ ہوا تھا مگر جو شان، حسن انتظام، آدمیوں کی کثرت، مسلم لیگ کے جلسہ میں تھی وہ کانگریس کے جلسہ میں بالکل مفقود تھی۔ راقم نے ان دونوں جلسوں میں شرکت کی تھی۔ اس زمانے میں جب مسلم لیگ کا جلسہ پٹنہ میں ہوا تھا مسٹر سری کرشن سنہا بہار کے وزیر اعلیٰ تھے۔ انہیں ایسی کامیابی جو مسلم لیگ کے جلسہ کو نصیب ہوئی وہ ان کے وہم وگمان میں بھی نہ تھی اور اس کی کامیابی پر حیرت زدہ ہو کر رہ گئے۔ اس جلسہ کے بعد بہار میں تحریک مسلم لیگ دن بدن زور پکڑتی گئی اور آخر کار پاکستان وجود میں آیا۔

دوسری جنگ عظیم:

دوسری جنگ عظیم ۳ر ستمبر ۱۹۳۹ء کو شروع ہوئی اور دوسری ستمبر ۱۹۴۵ء کو ختم ہوئی۔ ہٹلر اور مسولینی کی ملک گیری کی ہوس نے ساری دنیا کو جنگ کی آگ میں جھونک دیا اور آخر کار اس دنیا میں ذلیل وخوار ہو کر ملک عدم کی راہ لی۔ آج بھی لوگ ان دونوں پر لعنت بھیجتے ہیں۔ اس جنگ میں صرف برٹش کومن ویلتھ کے کم از کم بیس لاکھ بہتر ہزار سپاہی مارے گئے۔ جرمنی اور روس کے کتنے سپاہی مارے گئے اس کا اندازہ ابتک نہیں لگایا جاسکا ہے۔ یورپ کے بڑے بڑے شہر جنگ کی زد میں آکر تباہ وبرباد ہو گئے۔ اس جنگ نے دنیا کے امن

Marfat.com

وامان کو ہمیشہ کے لیے ختم کر دیا اور بین الاقوامی کشیدگی ہر جگہ بڑھ گئی۔ دوران جنگ چرچل کہا کرتا تھا کہ یہ جنگ دنیا کے تمام ملکوں کو آزادی دیے جانے کے لیے لڑی جارہی ہے، لیکن اسی چرچل نے ہندوستان کی آزادی کی مخالفت کی۔ غلام ہندوستان جنگ کی کامیابی کے لیے انگریزوں کی تن من دھن سے مدد کرتا رہا اور اس کے سوا اس کے پاس کوئی اور چارہ ہی کیا تھا۔ جنگ ہندوستان سے بہت دور یورپ اور افریقہ میں لڑی جارہی تھی اس لیے ہندوستان کے عوام الناس جنگ کی ہولناکیوں سے بالکل بے خبر تھے۔ دریں اثنا جاپانیوں نے برما پر حملہ کیا۔ کوہیما اور امپھال تک بڑھ آئے جو ہندوستان کی سرحد پر ہے اور کلکتہ پر دو تین بم بھی گرائے۔ پوربی ہندوستان میں ہر جگہ تہلکہ مچ گیا اور لوگوں نے کلکتہ سے بھاگ کر دوسرے شہروں میں پناہ لی خیریت تھی کہ جنگ جلد ختم ہوگئی ورنہ ہندوستانیوں کو سخت ترین مصیبتوں کا سامنا کرنا پڑتا۔ امریکنوں نے ایٹم بم یورپ پر تو نہ گرایا مگر ایشیا میں دو ایٹم بم جاپان میں ہیروشیما اور ناگاساکی پر گرایا جس میں بے شمار جاپانی لقمہ اجل ہوئے اور اس خوشی میں امریکہ میں شادیانے بجائے گئے، دوسری جنگ عظیم اس ہولناکی پر ختم ہوگئی۔ قدرت کا حساب بڑا پکا ہے۔ دیکھیے تیسری جنگ عظیم میں امریکہ پر کیا گزرتی ہے۔

چیزوں کی قیمت:

دوران جنگ عظیم چیزوں کی قیمتیں بڑھ گئی تھیں مگر آج کل کے مقابلے میں ہر چیز کی قیمت سے دس گنا کم تھی۔ آخر دور میں ہندوستان کے کل کارخانے جنگی سامانوں کو بنانے میں مصروف تھے اس لیے سوتی اور اونی کپڑوں کی قیمتیں مقرر کر دی گئیں اور جابجا کپڑوں کی فروخت کے لیے دکانیں قائم کر دی تھیں۔ جس کی وجہ سے عوام الناس کو بڑی سہولت تھی۔

۱۹۴۲ء کا ہنگامہ:

"ہندوستان چھوڑو" کی تحریک کے سلسلہ میں انگریزوں نے نامور کانگریسی لیڈروں کو گرفتار کر کے احمد نگر قلعہ میں قید کر دیا جس کے نتیجے میں پٹنہ شہر میں بھی بڑا ہنگامہ برپا ہوا۔ ۱۱راگست ۱۹۴۲ء کو طلباء کی ایک بڑی جماعت نے یہ فیصلہ کیا کہ کانگریسی جھنڈا پٹنہ

Marfat.com

سکریٹریٹ پر نصب کر دیا جائے۔ اس خیال سے ہزاروں لوگ دو بجے دن کو سکریٹریٹ کے دروازے پر جمع ہوئے اور کانگریسی جھنڈے کو سکریٹریٹ کے پوربی دروازے پر لگا بھی دیا۔ یہ لوگ بے انتہا شور و غل مچا رہے تھے اور ہنگامہ کرنے پر تلے ہوئے تھے۔ ضلع مجسٹریٹ نے ہنگاموں سے عاجز آکر لوگوں کو منتشر ہو جانے کا حکم دیا۔ مگر اس حکم کا مجمع پر کوئی اثر نہ ہوا۔ آخر کار مجبور ہو کر مجسٹریٹ نے گولی چلانے کا حکم دیا جس کے نتیجے میں سات طلباء مارے گئے۔ اسی روز پٹنہ کالج کے طلباء نے ہڑتال کی، کانگریسی جھنڈے کو کالج کی عمارت پر لگا دیا اور صدر دروازے کا گھیراؤ کر کے کسی کو اندر نہ جانے دیتے تھے۔ سخت بد تمیزی پر اتر آئے تھے۔ ۱۲/ اگست کو پرنسپل بھیجا کو یہ فکر لاحق ہوئی کہ کانگریسی جھنڈے کو کالج کی عمارت سے کس طرح اتارا جائے۔ راقم نے مشورہ دیا کہ ۱۲/ اگست کو جھنڈا اتارنے کی کوشش نہ کی جائے۔ کیونکہ طلباء کثیر تعداد میں موجود تھے اور ان کی موجودگی میں جھنڈا اتارنا مناسب نہ تھا۔ ۱۳/ اگست کو کچھ برٹش فوج پٹنہ آگئی اور اس کی ہیبت سے لوگ پٹنہ چھوڑ کر بھاگنے لگے اور دیہاتوں مین جا کر مختلف قسم کی بدامنی اور ہنگامہ آرائی کرنے لگے۔ ۱۳/ اگست کو بڑے بابو نے تین نہایت مضبوط چپراسیوں کی مدد سے کانگریسی جھنڈے کو اتروا کر راقم کے حوالہ کیا۔ میں نے اس جھنڈے کو موڑ کر ایک چھوٹے تھیلے میں ڈالا اور اس کو پرنسپل کے بنگلہ پر بھیج دیا جسے دیکھ کر انہیں اطمینان ہوا اور اپنے بنگلہ سے کالج کے میدان میں آئے۔ ڈاکٹر سید عبدالمجید، پروفیسر سید حسن عسکری اور راقم میدان میں بیٹھے حالات حاضرہ پر باتیں کر رہے تھے۔ پرنسپل موصوف ہم لوگوں کے پاس آئے اور فرمایا کہ آپ تینوں حضرات آج کی رات کالج میں رہ جائیں تو مجھے بڑی تقویت ملے گی۔ ڈاکٹر سید عبدالمجید اور راقم نے خانگی وجوہات کی بنا پر معذرت چاہی مگر پروفیسر حسن عسکری رات کو قیام کرنے کے لیے آمادہ ہو گئے اور رات بھر نہایت جانفشانی سے کالج کی پہرہ داری کرائی۔ پرنسپل موصوف نے ان کی اس خدمت سے خوش ہو کر حکومت بہار کے اعلیٰ حکام کو ان کی کارکردگی کی خبر کی اور حکومت ہند نے پروفیسر سید حسن عسکری کو اس کے صلہ میں "خان صاحب" کے خطاب سے سرفراز کیا۔

۱۷/ اگست کو گورے سپاہیوں کا ایک بریگیڈ پٹنہ پہنچا اور پٹنہ کالج کی عمارت اور اس

Marfat.com

کے چند ہوسٹلوں کی عمارتوں میں سپاہیوں نے قیام کیا۔ راقم کو خوب یاد ہے کہ ان گورے سپاہیوں کی فوج میں ولٹ شائر رجمنٹ کا ایک دستہ بھی شامل تھی۔ جب یہ رجمنٹ کا دستہ پٹنہ کالج میں قیام کے لیے آیا تو اس دستہ کے ایک میانہ قد کپتان سے کالج کے احاطے میں راقم سے ملاقات ہوئی۔ یہ کپتان نہایت اچھا اور خوش مزاج انسان تھا اور اس نے مجھے اطمینان دلایا کہ یہ سب ہنگامے چند دنوں میں ختم کر دیئے جائیں گے۔ اس خبر سے مجھے بڑی خوشی ہوئی کیونکہ اس طرح کی بدامنی سے ہر شخص کو پریشانی تھی۔ مسلمان من حیث القوم مذکورہ بالا تحریک اور اس کے ہنگاموں سے بالکل الگ تھے۔ گورے سپاہی ان لوگوں سے جو پانجامہ پہنے رہتے تھے مسلمان سمجھ کر کسی طرح کی باز پرس نہ کرتے تھے۔ یہ دیکھ کر بے شمار ہندوؤں نے اپنی دھوتیاں اتار کر اور پائجاموں میں ملبوس ہو کر بہت سی مشکلات سے نجات پائی۔ فوج نے پٹنہ شہر کو کئی علاقوں میں تقسیم کر کے ناکہ بندی کر دی اور ایک محلہ سے دوسرے محلہ میں جانے کے لیے پروانۂ راہداری (Military Passport) درکار تھا جس پر سختی سے عمل ہوتا تھا۔ یہ پروانہ بحکم کمشنر پٹنہ ڈویژن ضلع مجسٹریٹ کے آفس اور تھانے سے حاصل کیا جا سکتا تھا۔ رات کو کرفیو لگا دیا جاتا اور کوئی شخص اپنے گھر سے باہر نہ نکل سکتا تھا۔ ضلع مجسٹریٹ خاص خاص لوگوں کو کرفیو پاسپورٹ دیا کرتا تھا۔ اکثر موقعوں پر شناختی کارڈ کی بھی ضرورت پڑتی تھی۔ راقم کے پاس اب تک ان تینوں قسم کے اجازت نامے بہ طور یادگار محفوظ ہیں۔ پٹنہ کالج ایک ماہ سے زیادہ کے لیے بند کر دیا گیا اور راقم اپنے گھر میں بیٹھ کر ریڈیو سے قوالی، گانے اور خبریں سنا کرتا تھا۔

گاندھی جی کا ۱۹۴۳ء کا برت:

فروری ۱۹۴۳ء میں گاندھی جی نے ۲۱ دن کا برت رکھنے کا فیصلہ کیا۔ جب یہ برت شروع ہوا تو گاندھی جی کے سن کو مد نظر رکھتے ہوئے لوگوں کو بڑی تشویش ہوئی اور یہ فیصلہ کیا گیا کہ بروز سنیچر تاریخ ۲۰؍ فروری ۱۹۴۳ء کو ۶ بجے شام کو مندروں، مسجدوں، گرجاؤں اور دیگر عبادت گاہوں میں گاندھی جی کی صحت اور درازئ عمر کے لیے دعا کی جائے اور یہ ہدایت کی گئی کہ ہر شخص روزانہ اپنے اپنے گھر میں اسی طرح کی دعائیں کرے۔ اس کے

Marfat.com

متعلق ایک نوٹس چھاپ کر شائع کی گئی جس پر پٹنہ کے چودہ[۱۴] معزز شخصیتوں نے دستخط کیے تھے۔ ڈاکٹر سچیدا نند سنہا نے اس نوٹس کی دوسو[۲۰۰] کاپیاں راقم کے پاس میرے عزیز دوست مسٹر رفیع الدین بلخی کے معرفت بھیجا کہ طلباء میں تقسیم کردی جائیں۔ اس نوٹس کی ایک کاپی راقم نے اپنے پاس رکھ لی جواب تک میرے پاس محفوظ ہے۔ نوٹس کی باقی تمام کاپیاں طلباء میں تقسیم کردی گئیں۔ راقم گاندھی جی کا احترام تو ضرور کرتا تھا مگر ان کی سیاست سے ہمیشہ الگ رہا۔ راقم نے نوٹس پاکر ڈاکٹر سچیدا نند سنہا کو جو میرے سیاسی خیالات سے بخوبی واقف تھے دو سطر کا ایک خط لکھا جس میں حافظ کا حسب ذیل شعر تھا:

عمر تاں بادا دراز اے ساقیان بزم جم
گرچہ جام مانہ شد پر مے بدوراں شما

میرے کہنے کا مطلب واضح تھا اور ڈاکٹر سچیدا نند سنہا جو فارسی جانتے تھے میرے اشارے کو خوب سمجھ گئے۔ میری یہ دعا تھی کہ گاندھی جی زندہ رہیں۔

بارھویں اورینٹل کانفرنس میں شرکت:

کل ہند اورینٹل کانفرنس کا بارہواں اجلاس دسمبر ۱۹۴۳ء میں بنارس ہندو یونیورسٹی میں منعقد ہوا۔ راقم کو پٹنہ یونیورسٹی نے بحیثیت نمایندہ اس کانفرنس میں شرکت کے لیے بھیجا اور میں نے اس جلسہ میں شرکت کر کے اپنا مضمون ''چندر بھان برہمن'' پڑھا جو شاہ جہانی دور میں فارسی کا ایک اچھا شاعر تھا۔ حاضرین نے میرے اس مضمون کو بہت پسند کیا اور بعد میں بحکم اعلیٰ حضرت نظام حیدر آباد، یہ مضمون ''اسلامک کلچر'' (جلد نمبر ۱۹، شمارہ ۲) میں شائع ہوا۔ بنارس ہندو یونیورسٹی نے نمایندوں کے قیام وطعام کا کچھ اچھا انتظام نہ کیا تھا اس لیے راقم ''سیسل ہوٹل'' میں جا کر قیام پذیر ہوا جہاں ایک ہفتہ تک بہت آرام سے رہا۔ میرے کل اخراجات کو پٹنہ یونیورسٹی نے برداشت کیا۔ عام طور سے پٹنہ یونیورسٹی اپنے نمایندوں کے ساتھ اتنی فیاضی نہیں برتتی ہے۔ اس کانفرنس میں شرکت کے لیے تمام ہندوستان سے نامور اساتذہ آئے تھے اور اسی موقع پر مسٹر غلام یزدانی اور پروفیسر نظام الدین سے مجھے پہلی بار ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ پروفیسر نظام الدین عثمانیہ یونیورسٹی میں فارسی

Marfat.com

کے پروفیسر تھے اور اکثر اپنی شائع شدہ کتابوں کو مجھے بہ طور تحفہ بھیجا کرتے تھے۔ موصوف نہایت ہی ملنسار اور خوش مزاج انسان تھے اور راقم سے تاحیات بہت خلوص سے ملتے رہے۔ ان کے انتقال پر مجھے بڑا افسوس ہوا۔ دوران قیام سارناتھ گیا۔ ایک بڑے کمرے میں گوتم بدھ کا مجسمہ رکھا ہوا ہے اور اس کمرے کی دیواروں پر چاروں طرف ایک جاپانی مصور نے تصویریں منقش کی ہیں اور گوتم بدھ کی پیدائش سے لے کر وفات تک کی مختلف دور کی تصویریں ہیں۔ اس کے بعد میں نے سارناتھ کا عجائب خانہ بھی دیکھا، جہاں پرانے ہندو دور کی مختلف چیزیں محفوظ ہیں۔ ایک روز شام کو اپنے ایک ہندو دوست کے ساتھ وشوناتھ کا مندر دیکھنے گیا اور آرتی اتارنے کی رسم کو دیکھ کر بہت متاثر ہوا۔ بے شمار ہندو پجاری نہایت ہی عجز وانکساری کے ساتھ اس پوجا میں شریک تھے۔ بے ساختہ راقم کو اقبال کا یہ شعر یاد آگیا:

دیکھ لی تونے شکست رشتہ تسبیح شیخ
بتکدے میں برہمن کی پختہ زناری بھی دیکھ

فارسی پڑھنے والے طلبا کی تعداد میں کمی اور دو نامور شاگرد:

۱۹۴۴ء تک فارسی پڑھنے والے طلبا کی تعداد ویسے ہی رہی جیسے پہلے تھی، مگر اس کے بعد ہر سال آئی۔ اے اور بی۔ اے میں فارسی پڑھنے والے طلبا کی تعداد روز بروز کم ہوتی گئی۔ ہندوؤں نے فارسی پڑھنا بالکل ترک کر دیا۔ اس دور کے فارسی پڑھنے والے طلباء میں مسٹر سید سرور علی نے اپنی زندگی میں بہت شہرت حاصل کی، پٹنہ ہائی کورٹ کے جج ہوئے اور چیف جسٹس ہو کر پنشن پائی۔ ایک دوسرے شاگرد مسٹر محمد یونس ہیں جنھوں نے فارسی ایم۔ اے پاس کر کے سرکاری ملازمت اختیار کی اور ترقی کر کے آئی۔ اے۔ ایس ہوئے۔ آج کل بہار اردو اکادمی کے سکریٹری ہیں۔ بہت ہی منکسر مزاج انسان ہیں اور اپنے اساتذہ کا بڑا احترام کرتے ہیں۔ موصوف نے حج اور زیارت مدینہ کا شرف حاصل کیا ہے۔

ہندی ساہتیہ سمیلن لائبریری اور اردو لائبریری:

عرصہ سے بہار میں ہندی ساہتیہ سمیلن ہندی زبان وادب کے لیے تمام بہار میں سرگرمی سے کام کر رہی تھی۔ ۱۹۳۸ء میں بہار میں جب کانگریسی حکومت قائم ہوئی تو وزیر

Marfat.com

اعلیٰ بہار نے یہ فیصلہ کیا کہ سمیلن کے کاموں کو ترقی دینے کے لیے ہر طرح سے امداد کی جائے، چنانچہ قدم کنواں میں ہندی ساہتیہ سمیلن کے لیے ایک بڑی عمارت تعمیر کی گئی اور اس میں ہندی کتابوں کی ایک اچھی لائبریری قائم ہوئی۔ اس کو دیکھ کر ڈاکٹر سید محمود کو جو اس زمانے میں وزیر تعلیم تھے، خیال گذرا کہ ایک اردو لائبریری بھی قائم کی جائے۔ اس خیال کو مد نظر رکھتے ہوئے ڈاکٹر صاحب موصوف نے چار کمرے کی دو منزلہ عمارت جو پرانے لا کالج سے ملحق تھی اردو لائبریری قائم کرنے کے لیے گورنمنٹ سے حاصل کی۔ یہاں ایک چھوٹی سی اردو لائبریری قائم کی گئی۔ اس لائبریری کی صدر لیڈی انیس امام ہوئیں اور مسٹر سید حیدر امام بیرسٹر اس کے سکریٹری مقرر کیے گئے اور تاحیات تقریباً چالیس سال تک ان دونوں نے صدر اور سکریٹری کے فرائض کو انجام دیا۔ پانچ سو روپے سالانہ حکومت سے اردو کتابوں کی خریداری کے لیے ملتے تھے، جو نہایت ناکافی تھے مگر حکومت بہار نے اس رقم میں کوئی اضافہ نہ کیا۔ اس لائبریری کے لیے ایک انتظامی کمیٹی بھی قائم کی گئی تھی جس کے آٹھ دس ممبر تھے۔ مسٹر قاضی عبدالودود، جمیل مظہری اور راقم تقریباً ۳۰ سال سے زیادہ اس کمیٹی کے ممبر رہے۔ سید سلطان احمد نہایت قلیل تنخواہ پر لائبریرین تھے مگر اپنے کاموں کو نہایت محنت اور خوبی سے انجام دیتے رہے۔ مسٹر قاضی عبدالودود گورنمنٹ کی اس بے اعتنائی سے عاجز آکر ممبری سے الگ ہو گئے اور راقم نے بھی لائبریری کے کاموں میں دلچسپی لینا چھوڑ دیا۔ مسٹر سید حیدر امام کی موت کے بعد مسٹر ہارون رشید سکریٹری مقرر ہوئے جن کی صلاحیت اور حسن انتظام سے سب لوگ واقف ہیں، انھوں نے حکومت کی توجہ لائبریری کے کاموں کی طرف مبذول کرائی اور اپنی محنت سے لائبریری کے امداد میں گراں قدر اضافہ کرایا۔ اپنی انتظامی صلاحیت کو کام میں لاکر اردو لائبریری میں ایک نئی جان ڈال دی۔ جب لائبریری کی تشکیل نو ہوئی تو حکومت بہار نے گیارہ ممبران کی انتظامی کمیٹی بنائی، جس میں راقم، ڈاکٹر عبدالمغنی، شری محمد شکور، شری مرغوب احمد، شری شمائل نبی کے علاوہ اور بھی حضرات ممبر ہوئے۔ راقم اس کمیٹی کی ممبری سے الگ ہو گیا اور تقریباً ۳۵ سال کا تعلق اردو لائبریری سے ختم ہو گیا۔ تقریباً پچاس سال کے بعد جب حکومت بہار کی توجہ اردو کی طرف ہوئی تو اردو لائبریری کے احاطے میں "اردو بھون" کی بنیاد رکھی گئی ہے۔ حکومت

Marfat.com

بہار کا فرض ہے کہ اس کام کو جلد اختتام تک پہنچائے۔ اس عمارت میں اردو لائبریری کے علاوہ بہار اردو اکیڈمی کا دفتر بھی قائم کیا جائے گا۔

میرے عزیز شاگرد الحاج محمد یونس پنشن یافتہ آئی۔اے۔ایس سکریٹری بہار اردو اکیڈمی نے اپنی پانچ سال کی مسلسل کاوشوں سے "اردو بھون" کی اسکیم کو تکمیل تک پہنچایااور یہ ان کا بڑا کارنامہ ہے۔ ڈاکٹر جگن ناتھ مشرا وزیر اعلیٰ حکومت بہار نے عربی، فارسی اور خصوصاًاردو کی جتنی خدمت کی ہے وہ کبھی فراموش نہیں کی جاسکتی ہے۔

✪✪✪

Marfat.com

آٹھواں باب

پروفیسری کے حالات

۱۹۴۴ء سے ۱۹۵۱ء تک

بہار ایجوکیشنل سروس کلاس 1 :

انڈین ایجوکیشنل سروس کے ختم ہو جانے کے بعد اس کے بدلے حکومت بہار نے بہار ایجوکیشنل سروس کلاس 1 قائم کیا جس میں ملازمین پروفیسروں کی تعداد تقریباً بیس بائیس ہوا کرتی تھی۔ تقرری کی شرط یہ تھی کہ امیدوار یورپ کا ڈگری یافتہ ہو۔ یہ شرط پہلی مرتبہ جب راقم اور ڈاکٹر کے۔ دت کی تقرری ۱۹۴۴ء میں ہوئی تو ختم کردی گئی مگر اس کے بعد بھی ترجیح یورپی سند یافتہ کو ملتی رہی۔ تنخواہ تین سو روپیہ سے ایک ہزار روپے ماہانہ تھی جو آج کل کے لکچرر کی تنخواہ سے بھی کم ہے۔ مگر یہ ملازمت ان دنوں بڑی قدر و منزلت سے دیکھی جاتی تھی کیونکہ انہیں کلاس وَن کے پروفیسروں میں سے پرنسپل اور ڈائرکٹر وغیرہ مقرر کیے جاتے تھے اور تقرری کے بعد تو کم از کم صدر شعبہ ضرور ہو جایا کرتے تھے۔ راقم کی تقرری سے پہلے اس سروس میں تین مسلم پروفیسروں کی تقرری ہوئی تھی جن کے نام یہ ہیں: (۱) مسٹر فضل الرحمٰن (۲) مسٹر کلیم الدین احمد (۳) مسٹر قمر الدجی۔ کئی سال تک کوئی پانچواں مسلم پروفیسر اس سروس میں مقرر نہ ہوا۔

اشتہار اور تقرری:

۱ر اکتوبر ۱۹۴۴ء کو ڈاکٹر ابو نصر محمد علی حسن فارسی و عربی کے پروفیسر پنشن پانے والے تھے، اس لیے جوائنٹ پبلک سروس کمیشن بہار سی۔پی۔ اینڈ اڑیسہ نے بہار ایجوکیشنل

Marfat.com

سروس کلاس 1 میں فارسی کے پروفیسری کی جگہ پر کرنے کے لیے ۲۲/جون ۱۹۴۴ء کو اشتہار کیا۔ راقم نے یہ اشتہار دیکھ کر درخواست روانہ کردی۔ ۳۱/اگست ۱۹۴۴ء کو تمام امیدواروں کے ساتھ میرا انٹرویو رانچی سکریٹریٹ بلڈنگ میں ہوا۔ اس زمانے میں مسٹر راؤٹن اس کمیشن کے صدر تھے اور خان بہادر سید بشیر الدین، مسٹر مہنتھی، خان بہادر عبداللطیف کمیشن کے تین ممبر تھے اور ڈاکٹر علی حسن اکسپرٹ تھے۔ کمیشن کے صدر مسٹر راؤٹن صوبہ متوسط کے سیولین تھے، خان بہادر عبداللطیف بھی صوبہ متوسط کے پنشن یافتہ افسر تھے۔ ان دونوں حضرات سے میری کبھی کی ملاقات نہ تھی۔ خان بہادر سید بشیر الدین رشتے میں چچا ہوتے تھے۔ مسٹر مہنتھی جو اڑیسہ کے رہنے والے تھے میرے کٹک کے دوران قیام میں ان سے ملاقات رہتی تھی۔ موصوف مجھ سے کافی متاثر تھے۔ سب سے پہلے پروفیسر عندلیب شادانی پروفیسر فارسی ڈھاکہ یونیورسٹی کی طلبی ہوئی۔ اور آدھ گھنٹہ تک انٹرویو ہوتا رہا۔ دوسرے امیدواروں کے انٹرویو میں بھی تقریباً اتنا ہی وقت لگا ہوگا۔ سب سے آخر میں جب راقم کا انٹرویو شروع ہوا تو خان بہادر سید بشیر الدین نے اپنی جگہ سے اٹھ کر جاتے ہوئے فرمایا: یہ امیدوار میرا بھتیجا ہے اس لیے میں اس کے متعلق کوئی رائے دینا اچھا نہیں سمجھتا۔ موصوف کا یہ ہمیشہ کا دستور تھا کہ جب بھی کوئی امیدوار ان کا رشتہ دار ہوتا تو یہی جملہ کہہ کر کمرے سے باہر چلے جاتے تھے اور اس کے متعلق کوئی رائے نہ دیتے۔

انٹرویو کے کمرے میں کرسی پر بیٹھتے ہی سب سے پہلے مسٹر راؤٹن نے میری تعلیمی صلاحیت، تجربہ، تنخواہ اور مدت ملازمت کے بارے میں پوچھا۔ اس کے بعد وہ خان بہادر عبداللطیف کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بولے کہ آپ ان سے کچھ فارسی زبان وادب کے متعلق سوال کریں۔ موصوف نے خاقانی کے متعلق اس ڈھنگ سے سوال کیا جس سے میں سمجھ گیا کہ انہیں خاقانی کے متعلق بہت کم واقفیت ہے۔ میں نے خاقانی کے احوال زندگی کو بیان کرکے اس کے حبسیات کا ذکر کیا اور چند اشعار جو اس کے حالات قید وبند پر مشتمل تھے سنایا۔ اس میں تقریباً دس منٹ ہوئے ہوں گے۔ ان اوقات میں خان بہادر صرف سر ہلاتے رہے۔ راؤٹن صاحب جو دو سال ایران میں رہ چکے تھے، تھوڑی بہت فارسی سمجھ لیتے تھے، بات کاٹ کر مہنتھی صاحب کی طرف متوجہ ہو کر بولے، آپ بھی کچھ سوالات

Marfat.com

کریں، موصوف نے کہا کہ میں ان سے خوب واقف ہوں، انہوں نے ہمارے کٹک کالج میں فارسی کے استاذ کی حیثیت سے نہایت حسن وخوبی کے ساتھ خدمات انجام دی ہیں۔ قریب آٹھ سال گذر گئے مگر آج بھی کٹک کے علمی حلقوں میں یاد کیے جاتے ہیں۔ راؤٹن صاحب نے آخر میں پروفیسر علی حسن صاحب سے مخاطب ہو کر کہا کہ آپ کچھ سوال کریں۔ ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ یہ چار سال تک میرے شاگرد رہ چکے ہیں اور آٹھ سال سے میری ماتحتی میں کام کر رہے ہیں۔ میں ان سے کچھ پوچھنا نہیں چاہتا۔ راؤٹن صاحب پھر میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ کلاس وَن کے پروفیسر کو اپنے شعبہ کے ساتھ اکثر دوسرا کام بھی کرنا پڑتا ہے اس لیے اس کی نظر وسیع ہونی چاہیے، اور اپنی خاص زبان کے علاوہ اس کو دوسری زبانوں سے واقفیت ہو۔ مجھے بتائیں کہ فارسی زبان کے ساتھ آپ نے کون کون سی زبانیں پڑھیں ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ انگریزی اور اردو زبانوں کو نہایت شوق سے پڑھا ہے اور آپ مجھ سے ان زبانوں کے متعلق سوالات کر سکتے ہیں۔ راؤٹن صاحب نے راقم سے دریافت کیا کہ انگریزی زبان کا کون سا نثار آپ کو پسند ہے؟ جب میں نے جے۔ کے۔ چسٹرٹن کا نام لیا تو وہ خوش ہو گئے اور کہنے لگے کہ میں بھی چسٹرٹن کی نثر کو پسند کرتا ہوں۔ انہوں نے مجھ سے چسٹرٹن کے متعلق چند سوالات کیے، جن کا جواب میں نے تشفی بخش طور پر دیا اور انہیں پسند بھی آیا۔ چسٹرٹن کی خوش مزاجی اور اس کی دو کتابوں "The (1) White Knight" اور (2) "The Nepoleon of Notting Hill" کے متعلق خوب باتیں ہوئیں۔ انٹرویو کا نتیجہ راقم کے حسب خواہ رہا اور صرف میرا نام پبلک سروس کمیشن نے حکومت بہار کو تقرری کے لیے اپنی سفارش کے ساتھ روانہ کر دیا۔ جب یہ خبر پٹنہ یونیورسٹی پہنچی تو چند لوگوں کو جو میرے مخالف تھے، تعجب ہوا کہ ڈاکٹر عندلیب شادانی کا نام کیوں چھانٹ دیا گیا۔ حکومت بہار نے تین ہفتوں کے اندر ہی ۲۰ ستمبر ۱۹۴۴ء کو راقم کی تقرری کا اعلان کر دیا۔ پرنسپل بھتیجا کے پاس جب تقرری کی سرکاری اطلاع آئی تو مجھے طلب کر کے خوب مبارک باد دیا اور نوٹیفکیشن کی ایک نقل مجھے اپنے ہاتھوں سے عطا فرمائی جسے میں نے بہ طور یادگار اپنے پاس محفوظ رکھا ہے۔

۱ اکتوبر ۱۹۴۴ء کو راقم نے جب اپنے نئے عہدہ کی ذمہ داری سنبھالی تو سوال پیدا ہوا

Marfat.com

کہ فارسی شعبہ کا صدر کون رہے گا۔ مسٹر بھتیجا نے حسب دستور مجھے صدر شعبہ بنانا چاہا مگر میں نے عرض کیا کہ پروفیسر عبدالمنان بیدل میرے استاد ہیں میری طبیعت گوارہ نہیں کرتی کہ میں ان کی موجودگی میں شعبہ کا صدر بنوں اور اس بات کو لکھ کر میں نے پرنسپل بھتیجا کو دے دیا۔ موصوف خوش ہوئے اور فرمایا کہ منان صاحب صدر رہیں گے مگر کالج کے باہر پٹنہ یونیورسٹی، مدرسہ شمس الہدیٰ اور خدا بخش لائبریری کے کل کاموں کی ذمہ داری جو صدر کی ہوتی ہے آپ کو سنبھالنا پڑے گی۔ میں نے یہ شرط منظور کرلی اور جب تک پروفیسر عبدالمنان بیدل پنشن پر نہ گئے، میں نہایت وفاداری اور خوشی کے ساتھ ان کی ماتحتی میں خدمات انجام دیتا رہا۔

میری پریشانیاں:

۱۹۴۶ء میں پرنسپل بھتیجا صاحب گرمیوں کی چھٹی میں پنشن پر چلے گئے اور ان کی جگہ پر مسٹر گورکھ ناتھ سنہا پرنسپل مقرر ہوئے۔ صاحب موصوف نے اقتصادیات میں کیمبرج یونیورسٹی سے بی۔اے کی ڈگری فرسٹ کلاس ٹرائی پوس کے ساتھ حاصل کی تھی۔ انگریزی اچھی لکھتے تھے مگر بولنے میں اتنی مہارت نہ تھی۔ کالج کے نظم و نسق میں ان کو کوئی خاص دلچسپی نہ تھی۔ قریب ڈیڑھ سال تک پرنسپل رہے مگر ان کے پرنسپلی کے دور میں کوئی نمایاں کام انجام نہ پایا۔ کانگریسی لیڈروں سے ان کے بہت اچھے تعلقات تھے اور چند نامور لیڈروں سے ان کی رشتہ داری بھی تھی۔ اس وجہ سے انہیں اپنے کاموں میں سیاسی مدد حاصل رہتی تھی۔ ڈاکٹر گیان چند اور ان کے درمیان برابر تفرقہ رہتا تھا جب یہ پرنسپل تھے تو اس زمانہ میں بہار کے ہندو مسلم فسادات ہوئے اور موصوف گھبرائے گھبرائے رہتے تھے۔ اکثر راقم سے ان فسادات کے متعلق اپنی رائے کا اظہار کرتے اور مسلم لیگ کو ان فسادات کے لیے مورد الزام قرار دیتے۔ میرے اور ان کے مزاج میں بہت فرق تھا اس لیے میں ان سے الگ رہتا تھا۔ ستمبر ۱۹۴۶ء میں جب ڈاکٹر گیان چند چھٹی پر گئے تو ان کا بنگلہ پروفیسر کلیم الدین احمد کو دے دیا گیا میں نے پرنسپل گورکھ ناتھ سے مل کر استدعا کی کہ مسٹر کلیم الدین احمد کا خالی بنگلہ مجھے دے دیا جائے کیونکہ قاعدہ کے مطابق یہ بنگلہ مجھے ملنا چاہیے۔ کئی روز غور

Marfat.com

وفکر کے بعد اس بنگلہ کو میرے لیے نامزد کر دیا۔ اس بنگلہ کو وہ شاید کسی دوسرے پروفیسر کو دینا چاہتے تھے میں سب سے سنیر تھا اور تنخواہ بھی زیادہ تھی، اگر وہ اس بنگلہ کو کسی دوسرے پروفیسر کو دے دیتے تو قاعدہ کی خلاف ورزی ہوتی اور وہ یہ خوب جانتے تھے کہ اس باقاعدگی پر میں چپ نہ رہوں گا۔ اس رانی گھاٹ والے بنگلہ میں راقم تین سال سے زیادہ آرام سے رہا۔

میرا تردد:

مسٹر گورکھ ناتھ سنہا کی اس طرح کی چھوٹی چھوٹی باتوں سے جو اکثر ہوا کرتی تھیں میں کبیدہ خاطر ہو گیا اور پٹنہ کالج سے علیحدگی حاصل کرنے کی فکر ہوئی۔ اس زمانے میں حکومت ہند کی ماتحتی میں سپرنٹنڈنٹ آف ایجوکیشن بلوچستان کی جگہ خالی ہوئی۔ میں نے اس کے لیے درخواست دینا چاہا تو حکومت بہار نے اجازت دینے سے انکار کیا۔ کیونکہ اس میں اپنا نقصان سمجھا اس کے بعد پھر جب میں نے اسلامیہ کالج پشاور کے لیے ایک درخواست دی تو حکومت بہار نے اجازت دینے سے انکار کیا اور وزیر تعلیم نے نہایت سخت الفاظ میں لکھا کہ اگر میں وہاں نوکری کے لیے جانا چاہتا ہوں تو بہار سے ہمیشہ کے لیے چلا جاؤں جو میرے لیے ممکن نہ تھا۔ اس لیے پٹنہ کالج ہی میں زندگی گزارتا رہا۔ وزیر تعلیم کا یہ ناروا آرڈر میرے پاس اب تک محفوظ ہے۔

مسٹر کشوری پرشاد کی آمد:

ستمبر ۱۹۴۰ء میں مسٹر گورکھ ناتھ سنہا کی ترقی ہوئی اور حکومت نے انہیں ڈی۔ پی۔ آئی بنا کر سکریٹریٹ بھیج دیا۔ ان کے عوض میں مسٹر کشوری پرشاد سنہا کالج کے پرنسپل ہو کر آئے۔ مسٹر کشوری پرشاد سنہا پٹنہ کالج سے پہلے راونشا کالج کٹک اور لنگٹ سنگھ کالج میں اپنی خدمات انجام دے چکے تھے مگر اس سے پہلے ان کا پٹنہ کالج سے کوئی تعلق نہ تھا اور کالج کے بیشتر اساتذہ سے ناواقف تھے۔ طالب علمی کے زمانے سے ہی راقم اور کشوری پرشاد ایک دوسرے کو اچھی طرح جانتے تھے۔ اس کے علاوہ راونشا کالج کٹک میں استاد کی حیثیت سے بھی ہم لوگوں سے قریبی تعلقات تھے۔ ڈاکٹر سچیدانند سنہا اور کشوری پرشاد سنہا کے

Marfat.com

درمیان بہت اچھے روابط تھے اور صاحب موصوف کے یہاں ان کی آمد و رفت تھی۔ میرا بھی ان کے یہاں اکثر آنا جانا ہوتا تھا اس لیے مجھ میں اور کشوری پرشاد سنہا میں کافی قربت ہو گئی تھی۔ پٹنہ کالج کے بہت سے کاموں میں کشوری پرشاد سنہا مجھ سے مشورہ کیا کرتے تھے اور مجھ سے بہت خوش رہا کرتے تھے۔

صدر کامن روم:

ان دنوں پٹنہ کالج کامن روم کی حالت بڑی خراب تھی اور اس کی درستگی کی ذمہ داری مسٹر کشوری پرشاد سنہا نے میرے سپرد کی۔ مسٹر وشنوانوگرہ نرائن جو بعد میں پٹنہ کالج کے پرنسپل ہوئے اس زمانے میں کالج کے سنیر طالب علم تھے۔ انہوں نے کامن روم کی درستگی میں راقم کی بہت مدد کی۔ میں قریب تین سال تک اس کا صدر رہا۔ اپنی مصروفیت بڑھ جانے کی وجہ سے میں نے پرنسپل کو مشورہ دیا کہ ڈاکٹر وشوناتھ پرشاد کو جو اس زمانے میں ہندی کے پروفیسر تھے کامن روم کا صدر بنا دیا جائے۔ پرنسپل موصوف نے میرے اس مشورہ سے اتفاق کرتے ہوئے انہیں صدر بنا دیا۔ جس دن ڈاکٹر وشوناتھ پرشاد نے کامن روم کا کام سنبھالا اسی دن لڑکوں نے مجھے ایک الوداعی پارٹی دی جس میں پرنسپل موصوف نے میری کارکردگی کی تعریف کی۔ اس موقع پر طلباء اور کمیٹی کے ممبران کی تصویر لی گئی یہ تصویر میرے کمرے میں آج بھی آویزاں ہے۔ اس تصویر کے بہت سے اساتذہ مر چکے ہیں۔ تصویر دیکھ کر پرانی یادیں تازہ ہو جاتی ہیں۔

پرنسپل کشوری پرشاد سنہا کی کارکردگی اور ان کی موت:

پرنسپل کشوری پرشاد سنہا فطرتاً کم آمیز تھے۔ شاید ہی کسی کے یہاں ان کا آنا جانا ہوتا تھا مگر پرانے روابط کی بنا پر میرے یہاں دوبار ملنے آئے تھے۔ میں بھی کبھی کبھی ان کے یہاں جایا کرتا تھا۔ مہمان نوازی سے دور رہتے تھے، بڑی فیاضی کرتے تو راقم کو ایک پیالی چائے پلا دیتے۔ ان کے زمانے میں طلبا نے ہڑتال کی کہ بغیر ٹسٹ امتحان دیئے یونیورسٹی کے امتحان میں شرکت کی اجازت دی جائے۔ اس ہڑتال میں طلباء کامیاب رہے اور ٹسٹ امتحان ختم کر دیا گیا۔ اس موقع پر طلباء نے پرنسپل سے بدتمیزی کی۔ موصوف کو طلبا کی نازیبا حرکت

Marfat.com

کا پہلے سے احساس تھا اس لیے راقم اور دوسرے چند پروفیسروں کو اپنے آفس میں بلا کر رکھا تھا کہ بوقت ضرورت طلبا سے بات کرنے میں کوئی دشواری نہ ہو موصوف ۱۹۵۲ء تک پرنسپل رہے موصوف آخری پرنسپل تھے جن کی ماتحتی میں راقم نے کام کیا۔ ان کے بعد پٹنہ یونیورسٹی رہایشی یونیورسٹی ہو گئی اور میں صدر شعبہ فارسی ہو گیا اس طور سے کالج سے میرا تعلق ختم ہو گیا۔ اکتوبر ۱۹۵۲ء کے آخر میں پرنسپل کشوری پرشاد سنہا کو ڈی۔پی۔ آئی بنا کر سکریٹریٹ بھیج دیا گیا جہاں کئی سال تک حسن وخوبی سے اپنے کام انجام دے کر پنشن پائی۔ اس کے بعد حکومت ہند کے محکمہ تعلیم میں انہیں ایک اچھی جگہ دہلی میں مل گئی مگر زندگی نے ساتھ نہ دیا اور کام سنبھالنے کے تھوڑے دنوں بعد ہی دہلی میں قضا کر گئے۔ اس دن میں دہلی میں موجود تھا جب راقم اور ڈاکٹر دکھن رام اسپتال پہنچے تو معلوم ہوا کہ ان کی لاش پٹنہ روانہ کی جا چکی ہے، ان کے مرنے کا مجھے افسوس ہوا۔ مسٹر کشوری پرشاد سنہا کی انتظامی صلاحیت اچھی تھی معلوم نہیں کیوں مسٹر کلیم الدین احمد ان سے برابر شاکی رہتے تھے۔

مدرسہ شمس الہدیٰ:

راقم بحیثیت سینیر پروفیسر فارسی پٹنہ کالج، مدرسہ شمس الہدیٰ کے گورننگ بوڈی کا ممبر رہا کرتا تھا، اور تقریباً دس سال تک اس خدمت کو انجام دیتا رہا۔ کمشنر پٹنہ ڈویژن گورننگ بوڈی کا پریسڈنٹ ہوا کرتا تھا۔ اس کمیٹی کے کل ممبروں کی تعداد دس سے زیادہ نہ ہوا کرتی تھی اور اس تعداد میں کوئی اضافہ نہیں کیا جا سکتا تھا کیونکہ گورنمنٹ نے یہی تعداد قانوناً مقرر کر رکھی تھی۔ ہمارے اس دس سال کے دور میں مسٹر سید محمد شریف بیرسٹر، مسٹر سید عین الوارث بیرسٹر وقتاً فوقتاً مسٹر سید نور الہدیٰ مرحوم بانی مدرسہ شمس الہدیٰ کے خاندان کی نمایندگی کیا کرتے تھے۔ حکیم سید محمد صالح اور پروفیسر عبدالمنان بھی ممبر رہا کرتے تھے۔ یہ سب حضرات مدرسہ کی فلاح و بہبود کے لیے کوئی کسر اٹھا نہ رکھتے تھے۔ اس دور میں مدرسہ نہایت عروج پر تھا اور مولانا سید ریاست علی ندوی جو مدرسہ کے پرنسپل مقرر کیے گئے تھے بہت اچھی انتظامی صلاحیت کے حامل تھے۔ مدرسہ کی عمارت اور احاطہ کو صاف ستھرا رکھتے اور اساتذہ بھی درس و تدریس میں سرگرم عمل رہتے تھے۔ اس زمانے میں

Marfat.com

طلبا کو پڑھنے کا بہت شوق تھا۔ ایک ہندو کائستھ طالب علم مسمی سچیتانند نے مدرسہ میں تعلیم حاصل کر کے عربی ادب میں فاضل کی ڈگری لی۔ اس زمانہ میں پٹنہ ڈویژن کا کمشنر انگریز ہوا کرتا تھا جس کو مدرسہ کے فلاح و بہبود کا بڑا خیال رہتا تھا۔ گورننگ بوڈی کی میٹنگ مدرسہ کی عمارت میں ہوا کرتی اور میٹنگ کے دن آدھ گھنٹہ قبل کمشنر مدرسہ پہنچ کر تمام عمارتوں کا معائنہ کرتا اور اگر مدرسہ کو کسی چیز کی کوئی ضرورت پڑتی تو اسے فوراً پورا کرتا۔ آزادی کے بعد ہندوستانی کمشنر مقرر ہونے لگے اور ان لوگوں کو کاموں میں کچھ زیادہ دلچسپی نہ تھی بجز مسٹر بخشی، جو ایک بنگالی ہندو تھے، ان کو مدرسہ کے کاموں میں ایک حد تک دلچسپی تھی۔ آج کل گورننگ بوڈی کی میٹنگ غالباً کمشنر کے آفس میں ہوتی ہے اور شاید ہی کسی کالے کمشنر نے مدرسہ کے احاطہ میں قدم رکھا ہو۔ آج سے سات آٹھ سال قبل مدرسہ کی بالائی منزل مرمت کرنے کے لیے منہدم کر دی گئی تھی اور نہایت افسوس کی بات ہے کہ اب تک اس کی مرمت نہیں ہوئی ہے۔ مدرسہ کی عمارت اب تک نہایت ہی خستہ حالی میں پڑی ہے اور حکومت بہار مرمت کے کاموں سے بالکل غافل ہے۔

خدابخش لائبریری:

بحیثیت سینئر پروفیسر فارسی پٹنہ کالج راقم خدابخش لائبریری کے مینیجنگ بورڈ کا ممبر تھا۔ میرے زمانے میں اس لائبریری کا نظم و نسق چلانے کے لیے ایک مینیجنگ بورڈ قائم تھا جس کا صدر کمشنر پٹنہ ڈویژن ہوا کرتا تھا اور اس کمیٹی کے تقریباً پندرہ ممبران ہوتے تھے۔ ان دنوں مسٹر ایس۔ وی۔ سوہنی، آئی۔ سی۔ ایس صدر، مسٹر احسن شیر سکریٹری اور مسٹر قاسم حسن خاں لائبریرین تھے۔ مینیجنگ بورڈ کی میٹنگ اکثر ہوا کرتی تھی اور چند ممبران خصوصاً لیڈی امام، پرنسپل سید معین الحق، مسٹر سید ابو حسین وکیل، ڈاکٹر کے۔ کے۔ دتا اور رائے برج راج کرشن لائبریری کے کاموں میں اپنا قیمتی وقت صرف کیا کرتے تھے۔ مسٹر ایس۔ وی۔ سوہنی لائبریری کی ترقی کے لیے ہمیشہ کوشاں رہتے تھے۔ مسٹر سوہنی نے واقعہ اور دستہ گلشن کو حاصل کر کے لائبریری کو فروغ بخشا اور کچھ مخطوطات پٹنہ سٹی سے لائبریری کے لیے تحفتاً حاصل کیا۔ خدابخش لائبریری کے مخطوطات کی کیٹلاگ کی

Marfat.com

دو جلدیں بھی تیار کرائیں۔ چونکہ بہار گورنمنٹ لائبریری کو بہت کم امداد دیا کرتی تھی اس لیے ہم سب لوگوں کا خیال ہوا کہ اگر خدا بخش لائبریری کو ترقی کرنا ہے تو اسے مرکزی حکومت کی ماتحتی میں دے دیا جائے۔ ڈاکٹر ذاکر حسین جو زمانے میں گورنر بہار تھے ان کو بھی یہ رائے پسند آئی اور اس معاملہ میں لائبریری کی بہت مدد کی۔ اس زمانے میں ڈاکٹر وی۔ کے آر۔ وی راؤ وزیر تعلیم حکومت ہند تھے اور مسٹر سوہنی بمبئی میں ان کے شاگرد رہ چکے تھے۔ صاحب موصوف نے ڈاکٹر راؤ کی توجہ اس کام کی طرف مبذول کرائی۔ آخر کار پارلیامنٹ نے ایک قانون پاس کیا جس کی رو سے لائبریری مرکزی حکومت کی نگرانی میں دے دی گئی، اس اقدام سے لائبریری کو بے حد فائدہ پہنچا۔ ڈاکٹر ذاکر حسین کے اس احسان کو لائبریری کبھی فراموش نہیں کر سکتی ہے۔

جب میں بحیثیت پروفیسر لائبریری انتظامیہ کمیٹی کا ممبر تھا تو اس زمانے کے وزیر تعلیم کو یہ سوجھی کہ انگریزی کتابیں جو خدا بخش لائبریری میں موجود تھیں ان سب کو سنہا لائبریری میں منتقل کر دیا جائے۔ ڈی۔ پی۔ آئی بہار نے خط لکھ کر راقم سے اس کے متعلق رائے دریافت کی۔ میں نے اس کی سخت مخالفت کی اور ڈی۔ پی۔ آئی کو مطلع کیا کہ از روئے قانون ایک کتاب بھی خدا بخش لائبریری سے دوسری جگہ منتقل نہیں کی جا سکتی ہے، کیونکہ یہ اس معاہدہ نامہ کے خلاف ہوگا جو خان بہادر خدا بخش خاں نے گورنمنٹ آف بنگال سے کیا تھا۔ اس کے علاوہ بہت سی انگریزی کتابیں ایسی ہیں جو عربی، فارسی اور علوم اسلامیہ کے متعلق ہیں اور ان کا مشرقی لائبریری میں رہنا بہت ضروری ہے۔ میں نے اس خط کو سید نظیر حیدر صاحب مرحوم کو دکھایا اور انہوں نے اس تحریک کے خلاف ایک اداریہ اپنے اخبار "صدائے عام" میں تحریر فرمایا، اس کے بعد راقم کی طلبی سکریٹری محکمۂ تعلیم کے یہاں ہوئی اور میں نے انہیں تمام باتوں سے آگاہ کیا اور اس طرح انگریزی کتابوں کا نادر سرمایہ سنہا لائبریری کو منتقل نہ ہو سکا۔

خدا بخش لائبریری میں پنڈت نہرو کی آمد:

اسی زمانہ میں پنڈت جواہر لال نہرو بحیثیت وزیر اعظم پٹنہ تشریف لائے اور انہوں

Marfat.com

نے خدا بخش لائبریری کو دیکھنے کی خواہش ظاہر کی۔ حکومت بہار نے مسٹر سوہنی آئی۔ سی۔ ایس، مسٹر اگروال آئی۔ سی۔ ایس، رائے برج راج کرشن اور راقم کو حکم دیا کہ ہم لوگ وزیر اعظم کا استقبال لائبریری میں کریں۔ وقت مقررہ پر وزیر اعظم تشریف لائے اور ہم لوگ ان کا استقبال کر کے انہیں لائبریری کے بیچ والے کمرے میں لے گئے جہاں قاسم حسن خاں صاحب نے نادر کتابوں کو باہر نکال رکھا تھا۔ وزیر اعظم نے ان سب کتابوں کو نہایت شوق سے دیکھا اور قاسم حسن خاں صاحب نے چند قدیم انگریزی کتابوں کو بھی پیش کیا۔ وزیر اعظم نے ان سب کتابوں کو نہایت غور سے دیکھا اور قاسم حسن خاں صاحب نے بھی نہایت تشریح کے ساتھ کتابوں کو دکھایا۔ وزیر اعظم نے خوش ہو کر کہا کہ آپ کتابوں کو بڑی دلچسپی سے دکھاتے ہیں۔ یہ ہنر آپ نے کس سے سیکھا ہے؟ اس پر بڑی ہنسی ہوئی اور خاں صاب جھک جھک کر سلام کرتے رہے۔ گرچہ وزیر اعظم کے ٹھہرنے کا پروگرام آدھ گھنٹہ کا تھا مگر وہ لائبریری میں سوا گھنٹے ٹھہر گئے۔ خدا بخش لائبریری کے متعلق اپنے تاثرات کو لائبریری کے دونوں وزیٹرس بک میں درج کیا۔ اس موقع پر بہت سی تصویریں لی گئی تھیں۔ ایک تصویر میں قاسم حسن خاں وزیر اعظم کو کتابیں دکھاتے ہوئے نظر آرہے ہیں۔ عرصہ تک یہ تصویر لائبریری کے شوکیس میں نمایاں طور سے رکھی ہوئی تھی۔ روانگی سے قبل وزیر اعظم نے بانی لائبریری کے قبر پر حاضری دی اور پھول چڑھایا۔

وزیر اعظم نے دونوں وزیٹرس بک پر اس لیے دستخط کیا کہ ایک پر تو بڑے بڑے حکام کے دستخط تھے اور دوسری پر گاندھی جی کا دستخط تھا۔

ہندو مسلم فسادات:

مشرقی بنگال میں نواکھالی کے مقام پر ہندو مسلم فرقہ وارانہ فسادات ہوئے۔ بہار میں ہندوؤں نے اس فساد کے متعلق نہایت ہی بے بنیاد باتیں اور غلط افواہیں پھیلائیں جس کے سبب بہار میں نہایت خون ریز فسادات ہوئے خصوصاً سارن، گیا، مونگیر اور بھاگل پور کے اکثر علاقے بہت متاثر ہوئے۔ ۲۵؍ اکتوبر ۱۹۴۶ء کو تمام بہار میں ”یوم نواکھالی“ منایا گیا اور اسی روز ہندوؤں کا ایک جلسہ ”یوم نواکھالی“ منانے کے لیے پٹنہ میں بھی منعقد ہوا جس

Marfat.com

میں ہندوؤں کو تلقین کی گئی کہ مسلمانوں سے نواکھالی کا بدلہ جلد لیا جائے۔ ہنگامہ سب سے پہلے چھپرہ میں ہوا جہاں مسلمانوں پر حملہ کر کے انہیں کافی جانی ومالی نقصان پہنچایا گیا۔ پٹنہ میں ۲۷ اکتوبر کو کمھرار گاؤں پر حملہ کیا گیا اور اس گاؤں کے مسلمان باشندوں نے اپنے گھروں کو چھوڑ کر پٹنہ شہر میں اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کے یہاں پناہ لی۔ ان لوگوں کے غائبانہ میں ان کے مال ومتاع لوٹ لیے گئے اور ایک کتب خانہ میں آگ لگادی گئی جس میں اکثر نادر کتابیں تھیں۔ کمھرار کے علاوہ پٹنہ ضلع میں مسوڑھی، تلہاڑا، ہلسہ اور نگر نوسہ کے گاؤں بہت زیادہ متاثر ہوئے۔ بے شمار مرد، عورت، بوڑھے، بچے بڑے بے دردی سے قتل کیے گئے اور مسلمان عورتوں کو اغوا کیا گیا۔ بہت سی شریف عورتوں نے اپنی عزت بچانے کے لیے کنویں میں کود کر اپنی جانیں دے دیں۔ دوران ہنگامہ مسلم لیگ کے رہنما سردار عبدالرب نشتر، خواجہ ناظم الدین وغیرہ حالات کا جائزہ لینے کے لیے پٹنہ آئے اور ہوٹلوں میں بیٹھ کر مسلمانوں کو یہی رائے دیتے رہے کہ بہار چھوڑ کر ہندوستان کے ان مغربی اور مشرقی علاقوں میں چلے جاؤ جہاں پاکستان قائم ہونے والا ہے۔ مرتا کیانہ کرتا یہ بے چارے ستم زدہ لوگوں نے مغرب میں سندھ اور کراچی کا رخ کیا اور پوربی بنگال کے مختلف اضلاع میں جاکر پناہ لی۔ گاندھی جی، خان عبدالغفار خاں اور پنڈت جواہر لال نہرو نے پٹنہ آکر اپنی کوششوں سے ہنگاموں کو ختم کرایا۔ اس زمانے میں یہ مشہور تھا کہ کانگریس کے نامور رہنماؤں کے اشاروں پر یہ فرقہ وارانہ فساد برپا کیا گیا تھا۔ اس قتل اور غارت گری کا حال مختلف کتابوں میں مختلف انداز سے لکھا گیا ہے مگر یہ بات مسلّم ہے کہ اس ہنگامہ کے بعد بہار کے مسلمانوں کے لیے اتنے معاشی اور سماجی مسئلے پیدا ہو گئے ہیں جن کا حل ابھی تک نہ ہو سکا ہے۔

فسادات کے زمانے میں راقم رانی گھاٹ کے احاطے میں رہتا تھا۔ اس احاطے میں چار سنیئر پروفیسر دو اسسٹنٹ پروفیسر اور دو لکچرر رہتے تھے۔ راقم کے علاوہ اس احاطے میں کوئی دوسرا مسلمان نہ رہتا تھا۔ میرے بنگلہ کے متصل ڈاکٹر کے کے دت رہتے تھے اور باقی سات بنگلوں میں اتر پردیش، مدراس، بنگال کے رہنے والے اساتذہ قیام پذیر تھے۔ اس احاطے کے ارد گرد ہندوؤں کی گھنی آبادی تھی۔ ایک ماہ قبل جب میں اس بنگلہ میں رہنے کے لیے

Marfat.com

جارہا تھا تو میرے دوستوں نے مجھے منع کیا کہ اس علاقے میں مسلمان کا رہنا خطرہ سے خالی نہیں ہے۔ میں نے سوچا کہ اس احاطہ کے رہنے والے مہذب اور تعلیم یافتہ لوگ ہیں اس لیے میں وہاں بے خوف و خطر رہ سکتا ہوں اور راقم اپنے بال بچوں کے ساتھ جاکر اس بنگلہ میں رہنے لگا۔ یوم نواکھالی کی شام کو جب میں اکز بیشن روڈ سے رانی گھاٹ جارہا تھا تو سڑکوں پر جابجا ہندوؤں کا ہجوم نعرہ لگا رہا تھا کہ "نواکھالی کا بدلہ لے کر رہیں گے" راقم جب گھر واپس آیا تو کل حالات کو بیوی سے بیان کیا، انہوں نے کہا کہ ہم لوگوں کا یہاں رہنا مناسب نہیں ہے، جہاں تک جلد ہو سکے والد صاحب کے یہاں سے موٹر کار منگوا کر ہم سب لوگ اکز بیشن روڈ چلے جائیں۔ رات ہو چکی تھی اس لیے میں نے روانگی کو دوسرے روز پر ملتوی رکھا۔ قریب آدھی رات کو ڈاکٹر کے۔ کے دت اور دوسرے ہندو پروفیسروں کے بنگلوں سے "بجرنگ بلی کی جے" کا نعرہ بلند ہوا مگر تھوڑی ہی دیر میں نعرہ لگنا بند ہو گیا۔ ارد گرد سے یہ آواز آدھ گھنٹہ تک آتی رہی۔ خائف ہو کر میرے نوکر نے بجلی کی روشنی بجھادی۔ میں جس بنگلہ میں رہتا تھا، وہ انگریزی طرز کا تھا اور سونے کے کمرے بالائی منزل پر تھے جہاں ہم لوگ اس وقت آرام کر رہے تھے۔ راقم اپنی دور مار رائفل میں گولی بھر کر بالائی منزل کے برآمدے میں چلا گیا جہاں تیز روشنی جل رہی تھی۔ چند لوگ جو میرے گھر کے سامنے کھڑے ہوئے تھے میرے ہاتھوں میں رائفل کو دیکھ کر بھاگ گئے، یہ دیکھ کر میری ہمت بڑھی اور میں اپنے کمرے میں جاکر سو گیا۔ دوسرے روز ۲۶/اکتوبر کو جب میں والد صاحب سے ملنے اکز بیشن روڈ گیا تھا تو انہوں نے تاکید کی کہ بال بچوں کے ساتھ بہت جلد اکز بیشن روڈ چلے آؤ اور شام کو تم لوگوں کو لانے کے لیے موٹر کار بھیج دی جائے گی۔ تقریباً ۸ بجے شام کو جب ہم لوگوں کو لے جانے کے لیے موٹر کار آئی تو بڑا ہنگامہ برپا تھا۔ ہر طرف سے بجرنگ بلی کی جے کی آواز آرہی تھی اور محلہ گوبک پور سے جہاں مسلمانوں کی آبادی تھی ہندوؤں کے مقابلہ میں نعرہ تکبیر بلند کیا جارہا تھا اور اس محلہ سے گولی چلنے کی بھی آواز آئی مگر نعرہ بازی جاری رہی اور ہنگامہ کسی طور سے کم نہ ہوا۔ ہم لوگ کل سامان کو کمروں میں بند کر کے بیرونی دروازے پر تالہ لگا کر اکز بیشن روڈ چلے گئے اور اپنی رائفل کو بھی ساتھ لے لیا۔ اکز بیشن روڈ پہنچنے پر وہی ہنگامہ یہاں بھی نظر آیا اور ہر طرف بجرنگ بلی اور اللہ اکبر کی آواز بلند ہو رہی تھی۔ والد

Marfat.com

صاحب بیمار تھے اور ان ہنگاموں سے بہت پریشان ہوگئے تھے۔ ان کے ایک دوست امین الدین خاں ریٹائرڈ انجنیئر جو باقر گنج میں رہتے تھے اپنی دونالی بندوق پچاس کارتوس کے ساتھ لے کر اکزبیشن روڈ پر آئے اور والد صاحب کے کمرے میں سونے لگے تاکہ ان کی پریشانی کچھ کم ہو۔ ۲۷/۲۸ اور ۲۹ اکتوبر کو پورے پٹنہ شہر میں تمام مسلمان حیران و پریشان تھے اور جہاں مسلمان قلیل تعداد میں تھے انہوں نے اپنے گھروں کو چھوڑ کر ایسی جگہوں پر پناہ لی جہاں مسلمانوں کی آبادی زیادہ تھی۔ پٹنہ ضلع کے زیادہ تر حکام اور پولس افسران ہندو تھے اور وہ مسلمانوں کے تحفظ کے لیے کوئی معقول انتظام نہ کرتے تھے، بلاوجہ پٹنہ شہر کے معزز مسلمانوں کے گھروں کی خانہ تلاشی کی گئی اور اکثر لوگوں کے اسلحے بھی ضبط کر لیے گئے۔ تلہاڑہ گاؤں میں ہندوؤں نے مسلمانوں پر ایسے دل سوز مظالم کیے جس کے بیان سے روح کانپ اٹھتی ہے۔ بلوائیوں نے ہر قسم کے ظلم و ستم مسلمانوں پر کیے۔ گھر جلایا، چیزیں لوٹیں، عورتوں کا اغوا کیا، بچے بوڑھے، جوان سب کو تہ تیغ کیا اور مسجدوں کی بے حرمتی کی۔ اس ہنگامہ میں راقم کے ایک رشتہ دار سید عبدالحفیظ بھی تلہاڑہ میں شہید ہوئے اور ان کی دو لڑکیاں قتل کی گئیں۔ پولس نے مظلوم مسلمانوں کی کوئی مدد نہ کی بلکہ بلوائیوں کا ساتھ دیتی رہی۔ مسوڑھی گاؤں پٹنہ سے صرف بارہ میل کے فاصلے پر ہے، جہاں ایک پولس تھانہ بھی ہے مگر وہاں کی پولس نے مسلمانوں کی نہ کوئی حفاظت کی اور نہ کسی طرح کی مدد پہنچائی۔ ۳۰/ اکتوبر کی رات کو بلوائیوں نے مسلمانوں کے گھروں کا محاصرہ کیا مگر ایسی نازک حالت میں بھی پولس خاموش تماشائی بنی رہی۔ حالات سے مجبور ہو کر ۳۱/ اکتوبر کو مسلمان اپنے گھروں کو چھوڑ کر ترگنا ریلوے اسٹیشن پر پہنچے جو گاؤں سے صرف دو سو گز کی دوری پر تھا اور پٹنہ جانے کے لیے جمع ہوئے۔ قبل اس کے کہ ٹرین ترگنا اسٹیشن پر پہنچے، مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد کو ریلوے پلیٹ فارم پر اور اسٹیشن ماسٹر کے کمرے میں قتل کر ڈالا گیا اور یہ دونوں جگہیں خون سے آلودہ ہو گئیں۔ ایسی حالت میں بھی پولس نے مسلمانوں کے لیے کچھ نہ کیا۔ جو مسلمان ہندوؤں کے قتل و غارت گری سے بچ گئے تھے ان قابل رحم لوگوں نے پٹنہ آکر انجمن اسلامیہ ہال اور دوسرے مقامات پر پناہ لی۔

خان بہادر نواب سید شاہ واجد حسین رئیس و زمیندار خسرو پور پٹنہ دار السلام کے

Marfat.com

متصل ہم لوگوں کے بنگلہ میں بہ حیثیت کرایہ دار رہتے تھے۔ دوران فسادات نواب موصوف کے چند رشتہ دار جن میں کچھ عورتیں بھی تھیں نواب صاحب کے ساتھ بنگلہ میں مقیم تھیں۔ ۳۰/اکتوبر کی شام کو یہ افواہ پھیلی کہ پٹنہ شہر میں ہنگامہ ہونے والا ہے اس خبر سے خائف ہو کر نواب صاحب کے یہاں کی عورتیں قیمتی زیورات کے ساتھ ہم لوگوں کے مکان دارالسلام میں چلی آئیں اور یہاں رات بسر کی۔ محافظت کے لیے ہم لوگوں کے پاس ایک دونالی بندوق، ایک رائفل اور ایک ریوالور تھا۔ راقم اور امین الدین خاں صاحب رات بھر جاگتے رہے۔ اللہ کے فضل و کرم سے ہندوؤں کا کوئی حملہ نہ ہوا۔ کیونکہ کچھ انگریزی فوج شہر میں آگئی تھی۔ نواب موصوف کے ساتھ مسٹر سید حسین امام ٹھہرے ہوئے تھے جو اس زمانے کے مشہور مسلم لیگی لیڈر تھے۔ ہم لوگوں کے ان سے کوئی مراسم نہ تھے اور نہ ہم لوگ ان سے فسادات کے متعلق کوئی بات کرتے تھے۔ موصوف نے بھی دوسرے نامی مسلم لیگی لیڈروں کی طرح تقسیم ہند کے بعد پاکستان کی راہ لی۔ ۳۱/اکتوبر کی رات جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے مسلمانان مسوڑھی کے لیے قیامت کی رات تھی۔ مگر ڈاکٹر سید محمود وزیر تعلیم بہار اور مسٹر سید حسین امام اسی مصیبت کی رات کو ایک دعوت میں شریک ہوئے جسے مسٹر بخشی کمشنر نے اپنی رہائش گاہ پر دی تھی۔ مسٹر بخشی ڈاکٹر سید محمود کو اپنی موٹر کار میں بٹھا کر مسٹر سید حسین امام کو ساتھ لے جانے کے لیے خان بہادر نواب سید شاہ واجد حسین کی رہائش گاہ پر آئے۔ مسٹر سید حسین امام اس دعوت میں شریک ہونے کے لیے اچھے لباس میں ملبوس ہو کر بخشی صاحب کی آمد کا انتظار کر رہے تھے۔ والد صاحب اور چند حضرات نواب موصوف کے بنگلہ پر موجود تھے۔ جیسے ہی موٹر کار رکی والد صاحب ڈاکٹر سید محمود کو جوان کے علی گڑھ کے ساتھی تھے، موٹر کار سے اتار کر لائے اور اپنے پاس بٹھا کر کہا کہ آپ مظلوم مسلمانان مسوڑھی کی جان تو بچا نہ سکے مگر اب ان کی بے گور و کفن لاشوں کو مدفون کرا دیں اور زخمیوں کے علاج کا جلد بندوبست کریں۔ کمشنر کے گھر جا کر دعوت کھانے کا یہ کون سا موقع ہے؟ محمود صاحب تھوڑی دیر چپ رہنے کے بعد بولے کہ میں ابھی ریلوے اسٹیشن جا کر کل چیزوں کا جائزہ لوں گا اور جو کچھ مجھ سے ممکن ہو سکے گا کروں گا۔ اس کے بعد سید حسین امام اور ڈاکٹر محمود موٹر کار میں بیٹھ کر ہندو کمشنر کے یہاں دعوت کھانے چلے گئے۔

Marfat.com

والد صاحب ستم رسیدہ مسلمانوں کی حالت کو دیکھ کر بے حد مضطرب تھے اور اپنے جذبات سے متاثر ہو کر انہوں نے ہی یہ سب باتیں ڈاکٹر محمود کو کہی تھیں۔

ان فسادات کے زمانے میں بہار کے ستم زدہ مسلمانوں کی مدد کے لیے ہندوستان کے ہر صوبہ سے رضاکار آئے اور اپنی جانوں پر کھیل کر مظلوم پناہ گزینوں کی ہر طرح مدد کی۔ مسٹر ایم۔ کے۔ میر، جو لاہور کے رہنے والے تھے اس سلسلہ میں ان کی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا ہے۔ مسٹر سید جعفر امام نے، اللہ ان کو غریق رحمت کرے، نہایت جانفشانی سے مظلومین کی خدمت کی۔ مسٹر سید امین احمد پنشن یافتہ آئی۔ سی۔ ایس نے بہار اسمبلی میں ان فسادات پر ایسی پر اثر تقریر کی کہ اس زمانے کے وزیر اعلیٰ مسٹر سری کرشن سنگھ رو پڑے۔

۱۹۴۶ء کے فسادات جس میں کم از کم پندرہ ہزار مسلمان مارے گئے صوبہ بہار کے ماتھے پر کلنک کا ٹیکہ ہے اور یہ ہمیشہ رہے گا۔ ہم لوگ ان واقعات کو بھلا سکتے ہیں مگر تاریخ انہیں ہمیشہ یاد دلاتی رہے گی۔

میں جن کو حال ان کا آج رو رو کر سناتا ہوں
کسی صورت نہیں سنتے وہ غافل بدگماں میری

(عظیم)

پنڈت جواہر لال نہرو کو اعزازی ڈگری:

۷ار جنوری ۱۹۴۷ء کو پٹنہ یونیورسٹی نے ایک خصوصی کونوکیشن منعقد کیا جس میں پنڈت جواہر لال نہرو کو ڈی۔ ایس۔ سی کی اعزازی ڈگری دی گئی۔ اس خصوصی کونوکیشن کے لیے پٹنہ یونیورسٹی لائبریری کے سامنے والے میدان میں ایک شاندار پنڈال بنایا گیا۔ جب پنڈت جواہر لال نہرو کو اعزازی ڈگری عطا ہو چکی تو مسٹر سی راج گوپال اچاریہ نے جو اس موقع پر مہمان خصوصی ہو کر آئے تھے اپنا ایک طویل خطبہ پڑھا۔ راقم اس جلسہ میں بحیثیت ممبر سینٹ شریک تھا اور ہمارے استاذ محترم پروفیسر عبدالمنان بیدل بحیثیت ممبر سنڈیکیٹ وہاں موجود تھے۔ لوگوں کا اس قدر ازدحام تھا کہ جتنی کرسیاں ممبران سینٹ و سنڈیکیٹ کے لیے مخصوص تھیں ان پر وقت سے بہت پہلے ہی دوسرے لوگ آکر بیٹھ گئے اور ممبران کو فرش پر

Marfat.com

بیٹھنا پڑا۔ پنڈال کے اندر اور باہر تل رکھنے کی جگہ نہ تھی۔ ڈاکٹر باس دیو نراین جو اس زمانے میں میڈیکل کالج کے پروفیسر تھے، ان کا یونیورسٹی گون اس بھیڑ میں پھٹ کر تار تار ہو گیا۔ جب راج گوپال اچاری اپنی انگریزی تقریر پڑھنے کے لیے اٹھے تو ایسے لوگ جو انگریزی سے ناواقف تھے پنڈال چھوڑ کر چلے گئے اور شور وغل میں کچھ کمی آئی۔ جلسہ تین بجے سہ پہر کو شروع ہوا اور تقریباً ایک گھنٹہ میں ختم ہوا۔ راقم کو پنڈال سے باہر نکلنے میں قریب آدھ گھنٹہ لگ گیا۔

دوسرے دن سہ پہر کو مہاراج دھیراج دربھنگہ نے اپنی رہائش گاہ دربھنگہ ہاؤس میں پنڈت جواہر لال نہرو کے اعزاز میں ایک نہایت شاندار پارٹی دی جس میں عمائدین شہر کافی تعداد میں موجود تھے۔ مہاراج دھیراج کے چھوٹے بھائی مہاراج کمار نے نہایت ہی مہذب طریقے سے تمام مہمانوں کا استقبال کیا۔ مہاراج کمار سے راقم کی ملاقات تھی۔ موصوف نے میرا اور پروفیسر عبدالمنان بیدل کا تعارف پنڈت جواہر لال نہرو سے کرایا۔ دعوت نہایت ہی اہتمام سے کی گئی تھی۔ اور کھانے کی کل چیزیں کیک، مٹھائیاں وغیرہ کلکتہ سے منگوائی گئی تھیں۔ صفائی کا اس قدر انتظام تھا کہ ہر چیز کاغذ میں لپٹی ہوئی پلیٹ میں رکھ کر مہمانوں کو دی گئی۔

پروفیسر عبدالباری اور ان کا قتل:

پروفیسر عبدالباری بہار کے ایک نامی کانگریسی رہنما تھے۔ ترک موالات کے وقت سے کانگریس میں داخل ہوئے اور مرتے دم تک قوم وملت کی خدمت کرتے رہے۔ وہ ایک دلیر، جاں نثار اور ایماندار قومی کارکن تھے اور ہمیشہ اپنی بہادری اور راست بازی کے لیے مشہور رہے۔ دولت اور رتبے کی کبھی پرواہ نہ کی اور فقیرانہ زندگی بسر کی۔ جمشید پور میں یہ یونین کے رہنما تھے اور محنت کشوں کی فلاح وبہبود کے لیے برابر کوشاں رہے۔ یہ لوگ ان کی بڑی عزت کرتے اور ان کے حکموں کی تعمیل کیا کرتے تھے۔ حکومت بہار کے بعض وزراء موصوف کے ان اوصاف حمیدہ کو پسند نہ کرتے اور ان کی مخالفت کیا کرتے تھے۔ ۲۸ جنوری ۱۹۴۷ء کو جب پروفیسر عبدالباری اپنی موٹر کار سے پٹنہ آرہے تھے تو پولیس یونین پر

Marfat.com

ایک سپاہی نے موصوف کی گاڑی کو روک کر تلاشی لینا چاہا۔ انہوں نے اپنا تعارف کرا کر سپاہی کی اس کارروائی پر احتجاج کیا مگر وہ نہ مانا اور نوبت یہاں تک پہنچی کہ سپاہی نے گولی مار کر صاحب موصوف کو ہلاک کر دیا۔

۲۹ر مارچ کو مسٹر گاندھی پروفیسر عبدالباری کے مکان پر تعزیت کے لیے گئے اور ان کے گھر والوں سے مل کر موصوف نے اپنے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔ اسی شام کو مسٹر گاندھی نے اپنی پراتھنا سبھا میں پروفیسر عبدالباری کی خوبیوں کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ پروفیسر عبدالباری کی تند مزاجی ان کی موت کا سبب ہوئی۔ راقم اس جلسہ میں شریک تھا اور مسٹر گاندھی کا یہ کہنا مجھے کچھ پسند نہ آیا۔

راقم پروفیسر عبدالباری کا بڑا احترام کرتا اور اکثر ان سے ملاقات کے لیے جایا کرتا تھا۔ جب لوگ ان کی میت کو پیر موہانی قبرستان میں سپرد خاک کرنے کو لے جا رہے تھے تو ایک کانگریسی جھنڈا ان کے کفن پر رکھ دیا گیا۔ راقم کو یہ بات پسند نہ آئی کیونکہ یہ ایک غیر اسلامی فعل تھا۔ برن پور کے محنت کشوں نے چندے کی ایک کثیر رقم جمع کی اور ان کا مقبرہ پیر موہانی قبرستان کے ایک گوشہ میں تعمیر کرانا شروع کیا جو اب تک نامکمل ہے۔ راقم اور شری رام اوتار شاستری ممبر آف پارلیامنٹ نے کئی بار حکومت بہار کی توجہ اس قبرستان کی زبوں حالی کی طرف مبذول کرائی مگر وزیر اعلیٰ کے وعدوں کے باوجود نہ تو قبرستان کی درستگی ہو سکی اور نہ ہی پروفیسر عبد الباری کے مقبرہ کو مکمل کیا گیا۔ پیر موہانی قبرستان کی خصوصیت یہ ہے کہ آج تک اس قبرستان میں ہندو اور مسلمان دونوں فرقے کے مردے دفن کیے جاتے ہیں اور بہت سے ہندو فقراء کی پختہ قبریں یہاں موجود ہیں۔

بھارت کی آزادی ـــــ ۱۹۴۷ء:

۱۵ر اگست ۱۹۴۷ء کو ۱۲ بج کر ۵ منٹ پر فرنگیوں نے بھارت کو آزادی بخشی۔ برہمنوں نے ناقوس بجا کر اور بھجن گا کر اس آزادی کا خیر مقدم کیا۔ خوشی کی کوئی انتہا نہ تھی کیونکہ یہ آزادی ملک کو ایک ہزار برس کی غلامی کے بعد نصیب ہوئی تھی۔ اس مبارک موقع پر مسٹر گاندھی نہ خوشیوں میں شریک ہوئے اور نہ اپنا کوئی پیغام دیا بلکہ دن بھر فاقہ کیا اور چرخہ

Marfat.com

کاتا۔ ڈاکٹر بابو راجندر پرشاد اور آچاریہ کرپلانی نے اپنے اپنے پیغامات دیے۔ مسٹر جواہر لال نہرو نے اپنے پیغام میں فرمایا کہ مشرق کے افق پر آزادی کا ایک نیا ستارہ طلوع ہوا ہے اور یہ دعا کی کہ یہ آزادی کا ستارہ اب کبھی غروب نہ ہو۔ راقم نے بھی مسٹر نہرو کی اس دعا پر آمین کہا۔ ہندو مہا سبھا کے ممبران آزادی کی خوشیوں میں شریک نہ ہوئے۔ راقم کے پاس ایک ہندو نے آکر کہا کہ "ہندو ہندی ہندوستان" کا خواب آج حقیقت میں تبدیل ہو گیا اور ایک دوسرے ہندو نے کہا کہ آٹھ سو برس تک ہم لوگوں نے مسلمانوں سے جوتا کھایا ہے اور اب مسلمانوں کو ہم لوگوں سے جوتا کھانے کا وقت آگیا ہے۔ راقم ان فضول باتوں کا کیا جواب دیتا مگر ہندو قوم کے تعصب کا ایک اندازہ مل گیا۔

راقم آزادی کی خوشیوں میں شریک تھا مگر میرے دماغ کو تین چیزیں سخت پریشان کر رہی تھیں: (۱) تقسیم ہند (۲) کانگریسی جھنڈے کو قومی پرچم بنانا (۳) بندے ماترم کو قومی ترانہ کی شکل دینا مگر میں کر ہی کیا کر سکتا تھا۔ راقم نے بازار سے مٹھائیاں منگوا کر غریب بچوں میں تقسیم کرائی اور اپنے غم زدہ دل کو خوش کیا۔

اس زمانے میں بہار کے مسلمانوں کی حالت قابل رحم تھی کیونکہ چند ماہ پہلے ایسی قتل و غارت گری ہوئی تھی جس کی کوئی مثال ابھی تک نہیں ملتی ہے۔ نامور مسلم لیگی رہنماؤں نے مارے خوف کے اپنی جناح کیپ جلائی اور داڑھی مونچھیں منڈا کر پاکستان کی راہ لی۔ جو تھوڑے بہت مسلم لیگی رہنما بچ گئے تھے انہوں نے گاندھی ٹوپی پہنی اور کھادی کا لباس زیب تن کر کے بہار کے وزیر اعلیٰ اور دیگر وزراء کے یہاں حاضر ہو کر معافی مانگی اور کانگریس کی جماعت میں شریک ہو گئے۔ بہار کے مسلم عوام الناس جو بے یار و مددگار ہو گئے تھے مغربی اور مشرقی پاکستان چلے گئے اور ان لوگوں نے مشرقی پاکستان جا کر جو صعوبتیں اٹھائیں اس کی بھی کوئی مثال نہیں ہے۔ ان کی ایک بڑی تعداد بنگلہ دیش میں قتل کی گئی اور جو بچ گئے ہیں وہ اب تک وہاں اپنا سر پیٹ رہے ہیں۔

بہ ہر زمیں کہ رسیدیم آسماں پیدا

۱۴ راگست کی آدھی رات کو شری جے رام داس دولت رام نے بحیثیت گورنر بہار حلف وفاداری اٹھایا اور ۱۵ راگست کو ۱۲ بجے دن میں پٹنہ یونیورسٹی کے میدان میں صاحب

Marfat.com

موصوف نے بحیثیت گورنر و چانسلر قومی جھنڈا لہرایا۔ جب یہ رسم ادا ہو چکی تو دو نہایت خوش گلو لڑکیاں جو ویمنس کالج کی طالبات تھیں۔ بہت ذوق و شوق سے بندے ماترم کا ترانہ گایا۔ اس کے بعد یو ٹی۔ سی کے کیڈٹس قومی پرچم کو سلامی دیتے ہوئے گورنر موصوف کے بالکل سامنے سے گذرے۔ مسٹر گورکھ ناتھ سنہا جو اس زمانے میں پٹنہ کالج کے پرنسپل تھے انہوں نے راقم اور ڈاکٹر ایشور دت کو اس کام پر متعین کیا کہ اساتذہ اور طلباء کو ۱۱ بج کر ۵ منٹ پر یونیورسٹی کے میدان میں قطار باندھ کر قومی جھنڈے کے سامنے کھڑا کرائیں اور اس کا خیال رکھیں کہ کسی طرح کی کوئی بد نظمی نہ ہو، پٹنہ کالج کے چار سنیر طلبا ہم لوگوں کی مدد کے لیے دیئے گئے جن کے نام یہ ہیں: (۱) امبیکا سنگھ (جو بعد میں حکومت بہار کے وزیر خزانہ ہوئے) (۲) وشنوا نوگرہ نراین (جو بعد پٹنہ کالج کے پرنسپل ہوئے) (۳) ڈی۔ این شرما (جو بعد میں پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ہوئے) (۴) حیدر الحسن (پاکستانی فوج میں بریگیڈیر ہو کر پنشن پائی) یہ حکم نامہ مورخہ ۱۲ر اگست ۱۹۴۷ء راقم کے پاس اپنی اصلی شکل میں اب تک محفوظ ہے۔

۱۵ر اگست کو راقم سائنس کالج کے کمپاؤنڈ میں رہا کرتے تھا جس کے ارد گرد کالج کے ہندو لڑکوں کے ہوسٹلس تھے۔ اُن لڑکوں نے جشن آزادی نہایت ہی جوش و خروش کے ساتھ منائی اور ہر جگہ قومی جھنڈا لہراتا ہوا نظر آرہا تھا۔ راقم نے بھی ایک قومی جھنڈا اپنی رہائش گاہ پر لہرایا۔ شری جے رام داس دولت رام گورنر بہار نے ۱۵ر اگست کو سکریٹریٹ کے سامنے "شہیدوں کی یادگار" کا سنگ بنیاد رکھا اور راقم نے بھی اس رسم میں شرکت کی۔ شری مہامایا پرشاد سنہا جو بہار کانگریس کمیٹی کے صدر تھے اس روز اس قدر خوش تھے کہ بلا تفریق دوست و دشمن سب سے گلے مل رہے تھے۔ بجز مسٹر سید امین احمد پنشن یافتہ آئی۔ سی ایس کے صوبائی مسلم لیگ کے زیادہ تر ممبران اپنی پرانی وضع کو بالکل بدل کر آزادی کے ہر جلسہ میں پیش پیش رہے۔ مسٹر سید امین احمد کانگریس سے ہمیشہ الگ رہے اور آخر دم تک اسمبلی اور کانسل میں مسلمانوں کے حقوق کے لیے لڑتے رہے۔ تقسیم ہند نے بہار کے مسلمانوں کو پست ہمت بنا کر ان میں اتنی زیادہ احساس کمتری پیدا کر دی، جو اب تک باقی ہے۔ اللہ ان کو ہمت عطا فرمائے۔

Marfat.com

زندگی عزم طلب، عزم کو جرأت کی تلاش
خوف تجھ سے نہ کہیں موت کا پیماں لے لے
(عظیم)

شعبۂ فارسی کے حالات:

مذکورہ بالا سیاسی واقعات نے شعبۂ فارسی پر برا اثر ڈالا اور فارسی طلباء کی تعداد میں بہت کمی آگئی۔ اس دور کے فارسی پڑھنے والے دو طلباء نے اپنی زندگی میں کافی شہرت حاصل کی۔ (۱) مسٹر شمس الحسن ہائی کورٹ کے جج ہوئے اور اب تک پٹنہ ہائی کورٹ کے نامور ججوں میں ہیں۔ (۲) ڈاکٹر جگدیش چند سندر آئی۔اے۔ایس ہوئے اور بہار کے ایڈیشنل چیف سکریٹری کے منصب پر فائزہ کر آج بھی حکومت بہار کے نامور افسروں میں شمار کیے جاتے ہیں۔

پٹنہ یونیورسٹی کی سلور جبلی:

پٹنہ یونیورسٹی کی سلور جبلی نہایت ہی شان و شوکت سے ۱۹۴۴ء کے اواخر میں منائی گئی۔ اس تقریب میں ہندوستان کی چند ممتاز شخصیتوں کو اعزازی ڈگری ڈاکٹریٹ سے نوازا گیا جس میں ڈاکٹر سر ضیاء الدین کو ڈی۔ایس۔سی کی اعزازی ڈگری ملی۔ بہار کے دو وزراء کو بھی اعزازی ڈگری دی گئی۔

مسٹر گاندھی کی موت:

جنوری ۱۹۴۸ء میں والد صاحب بہت سخت بیمار تھے اور ایک ماہ بعد انتقال کر گئے۔ ان کا وفادار خدمت گار، جمن میاں، روزانہ شام کو ان کی دوائیں اور پھلوں کو لانے کے لیے بازار جایا کرتا تھا۔ ۳۰ جنوری ۱۹۴۸ء کو جب وہ بازار میں چیزیں خرید رہا تھا کہ یکایک خبر پہنچی کہ گاندھی جی مارے گئے اور ان کا قاتل ایک مسلمان ہے۔ یہ سن کر جمن میاں ہم لوگوں کی رہائش گاہ دار السلام واقع اکزیبیشن روڈ نہایت ہی اضطرابی کیفیت میں پہنچا اور بغیر کچھ کہے سنے اس نے دروازوں کو بند کرنا شروع کر دیا۔ راقم نے جھنجھلا کر اس سے پوچھا کہ یہ

Marfat.com

سب کیا کر رہے ہو؟ جواباً اس نے وہ سب باتیں عرض کیں جو بازار میں سنی تھیں۔ اس اندیشہ تھا کہ ہندو مسلم فسادات نہ ہو جائیں۔ یہ بھی خبر دی کہ شہر میں کرفیو لگا دیا گیا ہے اب ہم لوگ گھر سے باہر نہ نکلیں کیونکہ جان کا خطرہ ہے۔ تھوڑی دیر بعد راقم نے اپنے ریڈ سے مسٹر گاندھی کی موت کی خبر تفصیل سے سنی اور یہ بھی معلوم ہوا کہ انہیں ایک ہن ناتھورام گوڈسے نے قتل کیا ہے۔

ہندوؤں کے وہم و گمان میں بھی یہ بات نہ آسکتی تھی کہ کوئی ہندو مسٹر گاندھی قتل کر سکتا ہے، کیونکہ وہ تو ان لوگوں کے دیوتا تھے۔ والد صاحب گاندھی جی کے قتل کے ساتویں دن ۶/ فروری ۱۹۴۸ء کو انتقال کر گئے۔ والد صاحب مرحوم گاندھی جی کا بڑا احتر کرتے تھے، اس لیے میں نے ان سے مرتے دم تک اس خبر کو پوشیدہ رکھا۔

گاندھی جی کے مرنے کے چند دنوں بعد پٹنہ کالج کے پرنسپل اور اساتذہ نے پٹنہ کا میں دریائے گنگا کے کنارے گاندھی جی کی یاد میں ایک پرارتھنا سبھا کی۔ کالج کے متعدد ہندو اسا شریک نہ ہوئے۔ جس کا مجھے بہت افسوس ہوا۔ پرارتھنا ختم ہو جانے کے بعد ایک ہریجن طالب علم کے ہاتھ سے چاول کی پھڑہی حاضرین میں تقسیم کی گئی۔ سب لوگوں نے پھڑھی ہریجن کے ہاتھ سے لے کر کھائی میں نے بھی ایسا کیا۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ کچھ ہن اساتذہ نے پھڑھی کو لے کر اپنی جیب میں رکھ لیا اور دو برہمن اساتذہ نے ہریجن کے ہاتھ سے پھڑھی لینا قبول نہ کیا کیونکہ یہ دونوں حضرات چھوت کے بڑے قائل تھے۔

گاندھی جی میں بہت سی خوبیاں تھیں۔ موصوف "ست داہنسا" کے پجاری تھے سادگی کے نمونہ۔ قوم انہیں اب تک "مہاتما" کے لقب سے یاد کرتی ہے۔ جدید دور میں کو ان سے بڑا ہندو لیڈر پیدا نہ ہو سکا۔ قوم ان کی بڑی عزت کیا کرتی اور ان کے اشاروں پر چل تھی۔ موصوف نے ہندوؤں کے درمیان اتنا اقتدار حاصل کر لیا تھا کہ ۱۹۳۰ء میں انگریزو کے خلاف سول نافرمانی کی تحریک چلائی۔

مگر ان کا قتل ایک ہندو کے ہاتھ سے ہوا، اور عین اس وقت جب وہ عبادت کے جا رہے تھے۔ گاندھی جی کی موت کبھی بھلائی نہیں جا سکتی ہے۔

✪✪✪

Marfat.com

نواں باب

جب میں پٹنہ کالج کے ہوسٹل کا وارڈن تھا

۱۹۵۰ء سے ۱۹۶۰ء

پٹنہ کالج ہوسٹل کا وارڈن:

راقم ۱۵ راگست ۱۹۵۰ء کو پٹنہ کالج کے ہوسٹلوں کا وارڈن مقرر کیا گیا اور اس عہدے پر ۱۵ راپریل ۱۹۶۰ء تک فائز رہا۔ اس زمانے میں ہر ہوسٹل کا ایک سپرنٹنڈنٹ ہوتا جو اپنے ہوسٹل کے کل کاموں کا ذمہ دار ہوتا تھا۔ ہر دو تین ہوسٹلوں کے لیے ایک وارڈن مقرر کیا جاتا اور کالج کے پرنسپل کی ماتحتی میں اسے کام کرنا پڑتا تھا۔ جب میں وارڈن مقرر ہوا تو مجھے دو ہوسٹل جیکسن ہوسٹل اور مسلم ہوسٹل (جو بعد میں اقبال ہوسٹل کے نام سے موسوم ہوا) کی ذمہ داری سپرد کی گئی۔

ہوسٹل کا انتظام:

اس زمانہ میں پٹنہ کالج کے طلباء کی رہائش کے لیے پانچ ہوسٹل تھے جن کے نام یہ ہیں۔ (۱) جیکسن ہوسٹل (۲) منٹو ہوسٹل (۳) مسلم ہوسٹل (۴) رانی گھاٹ ہوسٹل (۵) نیو ہوسٹل۔ ہر ہوسٹل میں تقریباً ۹۰۔۱۰۰ طلباء کے رہنے کا انتظام تھا۔ زیادہ تر کمرے منفرد تھے جس میں ایک طالب علم رہا کرتا تھا اور کچھ کمرے مشترک تھے جن میں چار طلباء رہتے تھے۔ طلباء کی رہائشی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے ہر طالب علم کو ایک چوکی، ایک میز، ایک کرسی، ایک کتاب رکھنے کا شلف، اور ایک الماری جو دیوار میں لگی ہوتی ملا کرتی تھی۔ ہر ہوسٹل کے کمرے اچھے ہوتے تھے۔ ہر ہوسٹل میں چند وارڈ ہوا کرتے تھے اور ہر وارڈ

Marfat.com

کا ایک پریفکٹ مقرر کیا جاتا تھا جو اپنے وارڈ کی نگرانی کرتا۔ اس کام کے صلہ میں اس کے کمرے کے فرنیچر عام کمروں کے فرنیچر سے بہتر ہوتے تھے۔ کالج چھوڑتے وقت وہ ایک خاص سرٹیفکیٹ کا مستحق ہوتا تھا۔ ہوسٹل کے میسوں میں طلبا اپنے کھانے کا انتظام خود کرتے تھے جو عموماً اچھا ہی ہوتا تھا۔ جسمانی صحت برقرار رکھنے کے لیے ہر طالب علم کو کھیل کود اور ورزش میں حصہ لینا لازمی تھا۔ پڑھنے کے اوقات میں کسی کو اجازت نہ تھی کہ ہوسٹل کے اندر جا کر طلباء سے ملاقات کر سکے طلباء گیارہ بجے رات تک پڑھ سکتے تھے اور اس کے بعد کمروں کی روشنیاں بجھا دی جاتی تھیں۔

جیکسن ہوسٹل:

جیکسن ہوسٹل میں صرف ہندو طلباء رہتے تھے۔ یہ لوگ بڑی محنت سے پڑھتے اور اوقات کو فضول باتوں میں ضائع نہ ہونے دیتے تھے۔ اس جانفشانی کی بدولت یونیورسٹی کے امتحانوں میں شاندار کامیابیاں حاصل کرتے۔ آئی۔ اے۔ ایس اور دیگر کل ہند مقابلوں میں بھی کامیاب ہوتے، میرے زمانے میں مسٹر مچھ کنڈ دوبے نے آئی۔ ایف۔ ایس میں شاندار کامیابی حاصل کی، کئی ملکوں میں ہندوستان کے سفیر رہ چکے ہیں، اور آج کل یونائیٹڈ نیشنس میں ہندوستان کی نمایندگی کررہے ہیں۔ نہایت نیک مزاج اور ملنسار انسان ہیں۔ راقم سے بہت انس رکھتے ہیں اور ان کی تصویر میرے کمرے میں اب تک آویزاں ہے۔

چند باتیں:

راقم یہاں ان چند باتوں کا تذکرہ کردینا ضروری سمجھتا ہے جن سے پتہ چل سکے کہ ۲۵۔۳۰ سال قبل جیکسن ہوسٹل کی زندگی کیسی تھی۔ جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے۔ کھانے کا انتظام اچھا تھا۔ متمول لڑکے اپنے ناشتہ کے لیے بازار سے ڈبل روٹی، مکھن، انڈے اور مٹھائیاں منگا کر کھاتے تھے۔ ایسے لڑکے جن کے دیہاتوں میں باغات تھے، آم کے موسم میں گھروں سے آم منگواتے، خود کھاتے اور اپنے دوستوں کو بھی کھلاتے، جو لڑکے اپنے گھروں میں چوکیوں پر سونے کے عادی نہ تھے، ہوسٹل میں انہیں چوکیوں پر سونے میں تکلیف ہوتی اور موٹے گدے بچھا کر سوتے ایسے لڑکوں کی تعداد بہت کم تھی۔ ایک مرتبہ کسی

Marfat.com

امیر گھرانے کے لڑکے کا جب ہوسٹل میں داخلہ ہوا تو اس نے مجھ سے مل کر اس بات کی اجازت طلب کی کہ اپنے گھر سے ایک چھوٹی مسہری ڈنلپ کے گدے کے ساتھ اپنے کمرے میں لاکر بچھائے جس پر وہ آرام سے سو سکے۔ میں نے اسے مسہری لانے کی اجازت نہ دی مگر ڈنلپ کے گدے کو لانے سے منع نہ کیا۔ اس واقعہ کے تیسرے دن مسٹر شرما نے جو اس زمانے میں "سرچ لائٹ" اخبار کے ایڈیٹر تھے۔ اپنے ایک اداریہ میں راقم پر اعتراض کرتے ہوئے تحریر کیا کہ وارڈن ہوسٹل کے پیسوں سے ڈنلپ کے گدے منگا کر امیر لڑکوں کو اپنی چوکیوں پر بچھانے کے لیے دیتے ہیں۔ میں نے ان سے ٹیلی فون پر باتیں کیں اور میں نے ان کو بتایا کہ یہ خبر بالکل غلط ہے۔ اگر لڑکے اپنی چوکیوں پر روئی کے گدے بچھا سکتے ہیں تو ڈنلپ کے گدے بھی بچھا سکتے ہیں اس پر مسٹر شرما نے مجھ سے معافی مانگی اور دوسرے دن اس خبر کی تردید اپنے اخبار میں شائع کی۔ ایک معزز خاتون کی کمسن لڑکے نے الہ آباد سے ہائی اسکول کا امتحان اوّل درجے میں نہایت اچھے نمبروں سے پاس کیا اور اس کا داخلہ جیکس ہوسٹل میں بالکل دشواری کے ہو گیا تھا۔ یہ لڑکا دن میں زیادہ پڑھتا اور رات کو آٹھ بجے اپنے کمرے میں سو جاتا۔ ۹ بجے رات کو جب کھانے کی گھنٹی بجتی تو وارڈ سرونٹ اسے کھانے کے لیے بیدار کرتا اور دس بارہ روز تک ایسا ہی ہوتا رہا۔ ایک روز جب میں ہوسٹل گیا تو اس وارڈ کے پریفیکٹ نے شکایت کی کہ یہ لڑکا روز آٹھ بجے سو جاتا ہے آپ اسے سمجھا دیں کہ ایسا نہ کرے۔ میں نے پریفکٹ سے کہا کہ وارڈ سرونٹ کو منع کر دو کہ نو بجے رات کو کھانے کے وقت اسے نہ اٹھائے اور جب ایک دو رات بھوکا رہے گا تو اسے خود ہی ۹ بجے رات تک جاگنے کی عادت پڑ جائے گی۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور لڑکا نو بجے رات تک جاگنے کا عادی ہو گیا۔ یہ لڑکا بڑا ہی مہذب، نیک مزاج اور محنتی تھا۔ پٹنہ میں اس کی طبیعت نہ لگی اور کچھ ہی دنوں بعد الہ آباد واپس چلا گیا۔

دردناک واقعات:

اس زمانے میں کئی دردناک واقعات بھی ہوئے۔ ایک لڑکا دریائے گنگا میں تیراکی سیکھتا تھا۔ غلطی سے دریا میں کچھ آگے بڑھ گیا اور موجوں کی زد میں آکر ڈوب گیا ان لوگوں

Marfat.com

نے جو دریا کے کنارے غسل کر رہے تھے۔ اسے بچانے کی کوشش نہ کی۔ راقم کو جب اس واقعہ کی خبر ملی تو دریا میں بہت دور تک جال ڈلوایا مگر اس کی لاش نہ مل سکی۔

ایک لڑکا یکایک دماغی توازن کھو کر پاگل ہو گیا۔ کچھ لڑکے راقم کے پاس آئے اور خبر دی کہ وہ شاید خودکشی نہ کر لے۔ مجھے اس پر تشویش ہوئی اور ہوسٹل جا کر اس لڑکے کو دیکھا جو اپنے کمرے میں بالکل خاموش بیٹھا ہوا تھا۔ جب میں نے اس سے اس کا حال دریافت کیا تو اس نے کوئی جواب نہ دیا میں فوراً رام داس کو جو ہوسٹل کا بڑا تجربہ کار وارڈ سرونٹ تھا ساتھ لے کر سپرنٹنڈنٹ کی رہائش گاہ پر گیا جہاں یہ فیصلہ ہوا کہ اس لڑکے کو رام داس کے ہمراہ گھر روانہ کر دیا جائے اور اس میں کوئی تاخیر نہ کی جائے۔ چونکہ سفر ریل کا تھا مجھے ڈر تھا کہ کہیں لڑکا ریل سے کود نہ جائے اس لیے میں نے ایک لڑکے کو راضی کر کے رام داس کے ساتھ جانے کو کہہ دیا۔ لڑکا کسی طور سے گھر پہنچا دیا گیا اور رام داس اس وقت تک پٹنہ واپس نہ آیا جب تک اس کے باپ سے لڑکے کے پہنچنے کی رسید نہ لے لی۔

ہوسٹل کے لڑکے راقم کا بڑا احترام کرتے اور میں بھی ان لوگوں سے بڑی محبت کرتا تھا۔ بعض لڑکے تو اپنے نجی معاملات میں بھی مجھ سے مشورہ لیتے اور اس پر عمل کرتے۔ میرا پچاس سال کا تجربہ ہے کہ مسلمان لڑکوں سے کہیں زیادہ ہندو لڑکے اپنے بزرگوں کی قدر کرتے ہیں۔ میں اپنی طالب علم کے زمانے میں اسی عمارت میں رہتا تھا جس میں اب جیکسن ہوسٹل ہے اس لیے یہ عمارت مجھے اگلے وقتوں کی یاد دلاتی تھی۔ جب میں ہوسٹل جاتا تو اکثر ان کمروں کے سامنے چند لمحوں کے لیے ٹھہر جاتا جن میں راقم اور اس کے عزیز دوست رہا کرتے تھے۔ پروفیسر انورودھ جھا جو ہوسٹل کے سپرنٹنڈنٹ تھے انہوں نے میرے جذبات سے متاثر ہو کر یہ فیصلہ کیا کہ میرے زمانے کے ان چند مسلم حضرات کو مدعو کیا جائے جو ان دنوں پٹنہ میں مقیم تھے۔ جلسہ کی صدارت مسٹر کرپا ناتھ سنگھ نے کی جو پہلے مسلم ہوسٹل میں رہ چکے تھے اور ضلع مجسٹریٹ تھے۔ اس جلسہ میں مسٹر جسٹس خلیل احمد، مسٹر سید مہدی علی ڈائر کٹر انڈسٹریز، مسٹر عبدالحلیم اے۔ ڈی۔ ایم، مسٹر ایس۔ ایم۔ مظفر ہیڈ ماسٹر اور مسٹر امیر علی خاں وارثی ایڈووکیٹ تشریف لائے۔ اور اپنی پرانی جگہ کو دیکھ کر خوشی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر جو تصویر لی گئی تھی راقم کے کمرے میں ابھی تک آویزاں ہے۔

Marfat.com

سالانہ جلسہ:

جیکسن ہوسٹل کا سالانہ جلسہ جاڑوں میں نہایت ہی اہتمام سے منعقد کیا جاتا تھا۔ ان جلسوں کی تین تصویریں راقم کے پاس موجود ہیں جن میں (۱) کمار گنگانند سنگھ (وزیر تعلیم) (۲) مسٹر بیر چند پٹیل (وزیر صحت) (۳) مسٹر راج کشور پرشاد (جج ہائی کورٹ پٹنہ) بحیثیت صدر نظر آرہے ہیں۔

سپرنٹنڈنٹ:

جب میں وارڈن تھا تو پروفیسر انوروددھ جھا، پروفیسر بچن جھا، اور پروفیسر نتیانند مشرا جیکسن ہوسٹل کے سپرنٹنڈنٹ ہوئے۔ یہ تینوں حضرات کالج کے ممتاز اساتذہ میں تھے اور اچھی انتظامی صلاحیت کے مالک تھے۔ پروفیسر نتیانند مشرا نے آکسفورڈ یونیورسٹی سے فلسفہ میں بی لٹ کی ڈگری حاصل کی تھی۔ موصوف کو راقم عرصہ دراز سے جانتا تھا۔ اب بھی مجھ سے جب ملاقات ہوتی ہے موصوف نہایت خلوص سے ملتے ہیں۔

مسلم ہوسٹل یا اقبال ہوسٹل:

۱۹۵۰ء میں جب راقم وارڈن مقرر کیا گیا تو اقبال ہوسٹل کا نام مسلم ہوسٹل تھا۔ کانگریسی حکومت کی خواہش ہوئی کہ لادینی سلطنت کے دور میں کسی کالج یا ہوسٹل کے نام کے ساتھ لفظ ہندو یا مسلم نہ رہے۔ چنانچہ پٹنہ کالج کے منٹو ہندو ہوسٹل کا نام تبدیل کر کے منٹو ہوسٹل کر دیا گیا۔ اسی پالیسی کے تحت سر محمد اقبال کے نام پر مسلم ہوسٹل کا نام بدل کر اقبال ہوسٹل رکھا گیا ہے۔ سر محمد اقبال کی وہ تصویر جو ہوسٹل میں آویزاں ہے بڑے اہتمام سے بنوائی گئی تھی۔ ہوسٹل کے سالانہ جلسہ کے موقع پر مہمان خصوصی ٹی پی سنگھ آئی سی ایس کی تحریک پر مسٹر جسٹس ستیش چندر مشرا (جج ہائی کورٹ) نے اس تصویر کی نقاب کشائی کی۔ راقم اس جلسہ میں موجود تھا۔

Marfat.com

اقبال ہوسٹل کی عمارت اور خصوصیت:

اقبال ہوسٹل کی دو منزلہ عمارت پٹنہ کالج کے تمام ہوسٹلوں میں جدید، خوب صورت، اور آرام دہ ہے۔ اس ہوسٹل کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کے احاطے میں دو کمرے ایسے بنائے گئے ہیں جن میں لڑکے عبادت کر سکیں۔ ایک کمرہ مسلمان لڑکوں کی عبادت کے لیے اور دوسرا کمرہ عیسائی لڑکوں کی عبادت کے لیے مخصوص ہے۔ عرصہ دراز تک جب عیسائی لڑکوں نے اس ہوسٹل میں داخلہ نہ لیا تو ہوسٹل کے سپرنٹنڈنٹ اس کمرہ کو جس میں کروس بنا ہوا تھا مختلف کاموں میں استعمال کرنے لگے۔ جب راقم وارڈن ہو کر گیا تو سپرنٹنڈنٹ کو تاکید کر دی کہ اگر ہوسٹل میں ایک بھی عیسائی لڑکے کا داخلہ ہو تو یہ کمرہ عیسائی عبادت گاہ میں تبدیل کر دیا جائے۔ میرے زمانہ میں دس برس تک ایک بھی عیسائی لڑکے نے ہوسٹل میں داخلہ نہ لیا اور یہ کمرہ کبھی بند رہتا اور کبھی گدام کے کام میں آتا۔

مسلم طلباء کی پریشانی:

۱۹۴۶ء اور ۱۹۴۷ء میں بہار کے مسلمانوں کا کشت و خون ہوا اور کوئی مسلمان ایسا نہ تھا جس کے خاندان کے چند افراد مارے نہ گئے ہوں۔ اقبال ہوسٹل کے لڑکے بھی اپنے رشتہ داروں کے قتل کیے جانے کے غم میں مبتلا تھے۔ ان واقعات کو ہوئے گرچہ ڈھائی تین سال ہو چکے تھے۔ مگر لڑکوں کے دل و دماغ پر ایک خوف طاری تھا۔ ہر دو تین ماہ پر کچھ لڑکے اپنی پڑھائی ترک کر کے پاکستان چلے جاتے۔ اس مشکل دور میں لڑکوں کے لیے محنت اور لگن کے ساتھ پڑھنا کوئی آسان کام نہ تھا۔ باوجود ان مشکلات کے لڑکے یونیورسٹی کے امتحانات میں شریک ہوتے اور کامیابی بھی حاصل کرتے تھے۔ یہ بات ان لوگوں کے لیے قابل تحسین تھی۔

سالانہ جلسہ:

اقبال ہوسٹل میں دیگر ہوسٹلوں کی طرح سالانہ جلسے ہوا کرتے تھے۔ راقم کا خیال ہے کہ اقبال ہوسٹل کے جلسے جیکسن ہوسٹل کے جلسوں سے بہتر ہوتے تھے۔ ایک سال الحاج مسٹر جسٹس سید نقی امام (جج پٹنہ ہائی کورٹ) جلسہ کے صدر ہوئے۔ انہوں نے دوران

Marfat.com

تقریر مسلمانوں کی مالی زبوں حالی کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ اس مشکل دور میں طلباء اصراف بیجانہ کریں، اپنے قیمتی وقت کو کام میں لائیں، اور شاندار کامیابی حاصل کریں۔ زندگی میں سادگی اور خیالات میں بلندی کو ہمیشہ مدنظر رکھیں۔ ایک مرتبہ سالانہ جلسہ کے موقع پر ایک مسلمان طالب علم نے میرا کی ایک بھجن ایسے جذبہ سے گاکر سنائی کہ مسٹر جگدیش چندر ماتھر آئی۔ سی۔ ایس جو اس زمانہ میں محکمہ تعلیم کے سکریٹری تھے، نہایت متاثر ہوئے اور راقم سے لڑکے کے گانے کی بہت تعریف کی۔

سپرنٹنڈنٹ:

جب راقم وارڈن ہوا تو اس وقت ڈاکٹر سید عبدالمجید سپرنٹنڈنٹ تھے۔ ان کے بعد ڈاکٹر سید محمد محسن ۱۹۵۳ء سے ۱۹۵۶ء تک سپرنٹنڈنٹ رہے۔ بعد ازاں ڈاکٹر سید محمد صدرالدین سپرنٹنڈنٹ ہوئے۔ ان تمام حضرات کا شمار اچھے اساتذہ میں ہوتا تھا۔ ڈاکٹر سید محمد محسن نے اپنے زمانے میں ہوسٹل کے کاموں کو نہایت ہی خوش اسلوبی سے انجام دیا۔

طبّی سہولت:

طلباء کے علاج و معالجہ کے لیے ایک ڈاکٹر مقرر تھا جو روزانہ ہر ہوسٹل میں جاتا اور اگر کوئی طالب علم بیمار ہوتا تو اس کا طبّی معائنہ کر کے دوا تجویز کرتا۔ اگر بیماری شدید ہوتی تو طالب علم کو اسپتال میں داخل کرنے کا مشورہ دیتا تھا۔ اس زمانے میں پٹنہ میڈیکل کالج کے اسپتال میں ایک وارڈ تھا جہاں علاج کے لیے طالب علموں کا داخلہ ہوتا اور ڈاکٹر مدھوسودھن داس جو ایک نامور، تجربہ کار ڈاکٹر تھے۔ اس وارڈ میں طلباء کی دیکھ بھال کرتے اور نہایت ذمہ داری سے ان کا علاج کرتے تھے۔ موصوف سے راقم کی اچھی ملاقات تھی اس لیے جیکسن ہوسٹل اور اقبال ہوسٹل کے طلباء کا علاج بہت دلچسپی سے کیا کرتے تھے۔ بیمار لڑکوں کی عیادت کے لیے راقم اکثر اسپتال جاتا اور ان کی مزاج پرسی کرتا۔

✪✪✪

Marfat.com

دسواں باب

بحیثیت صدر شعبۂ فارسی اور یونیورسٹی پروفیسر پٹنہ یونیورسٹی

۱۹۵۲ء سے ۱۹۶۰ء

رہائشی یونیورسٹی اور اس کے چار وائس چانسلر:

دوسری جنوری ۱۹۵۲ء کو پٹنہ میں ایک رہائشی یونیورسٹی وجود میں آئی جس کے پہلے وائس چانسلر ڈاکٹر کے۔این بھال مقرر ہوئے۔ موصوف لکھنؤیونیورسٹی کے نامور پروفیسر تھے۔ آپ پٹنہ کے حالات اور یہاں کے لوگوں کے مزاج سے بالکل ناواقف تھے اور ان میں انتظامی صلاحیت بھی کم تھی۔ موصوف جب تک وائس چانسلر رہے کسی معاملہ کو طے نہ کر سکے اور گھبرائے گھبرائے رہتے تھے۔ آخر کار کچھ دنوں بعد لکھنؤ گئے اور وہیں خودکشی کرلی۔ ڈاکٹر بھال کے مرنے کے بعد پہلی اپریل ۱۹۵۳ء کو پروفیسر دی۔کے۔این مینن وائس چانسلر مقرر کیے گئے۔ عرصہ دراز تک موصوف لکھنؤیونیورسٹی میں شعبہ پولٹیکل سائنس میں لکچرر و ریڈر تھے۔ رہائشی یونیورسٹی کے قائم ہونے کے بعد پٹنہ یونیورسٹی میں پولٹیکل سائنس کے پروفیسر مقرر ہو کر آئے اور موصوف میرے بنگلے کے متصل ایک دوسرے بنگلے میں قیام پذیر ہوئے۔ راقم کی ملاقات موصوف سے عرصہ دراز سے تھی، جب میرے چھوٹے بھائی انور حسین لکھنؤیونیورسٹی میں انگریزی ایم۔اے کے طالب علم تھے تو ان کا قیام دو سال تک محمود آباد ہوسٹل میں رہا اور مسٹر مینن اس ہوسٹل کے وارڈن تھے۔

Marfat.com

جب موصوف پٹنہ آئے تو مجھ سے آکر ملے اور پرانی باتوں کو یاد دلایا۔ موصوف مہذب، خوش مزاج، مگر آرام طلب انسان تھے۔ یونیورسٹی کے ہر کام کو تاخیر سے انجام دیتے تھے۔ انہیں سیاسی سرپرستی حاصل تھی اس لیے موصوف کے کاموں پر کوئی شخص اعتراض نہ کر سکتا تھا۔ جب رہائشی یونیورسٹی قائم ہوئی تو چند اساتذہ اچھی تنخواہوں پر بحیثیت یونیورسٹی پروفیسر اور ریڈر مقرر کیے گئے مگر کلاس وَن کے پروفیسروں کو جو سرکاری ملازم تھے اور اچھی صلاحیت کے حامل تھے ان کو عرصہ دراز تک یونیورسٹی پروفیسر نہ بنایا گیا۔ مختلف قسم کے عذر پیش کیے جاتے اور اختلاف کی وجہ سے یہ معاملہ طے نہ ہو پاتا تھا۔ موصوف ۹ ماہ تک پٹنہ یونیورسٹی میں بحیثیت وائس چانسلر کام کرتے رہے۔ اور ۳۱ر دسمبر ۱۹۵۳ء کو دکھنی بھارت کی کسی یونیورسٹی میں وائس چانسلر ہو کر چلے گئے۔ راقم نے انہیں جو یونیورسٹی کے مختلف کاموں میں مدد پہنچائی تھی اس کا شکریہ بذریعہ خط ادا کیا اور یہ خط راقم کے پاس محفوظ ہے۔ پروفیسر مینن کے بعد ڈاکٹر بی دیو نرائن جو پٹنہ میڈیکل کالج کے پرنسپل رہ چکے تھے وائس چانسلر مقرر کیے گئے۔ موصوف نے اپنی پوری زندگی پٹنہ میں گذاری تھی۔ یہاں کے نشیب و فراز اور لوگوں کے مزاج سے خوب واقف تھے۔ انہوں نے اساتذہ کو کسی نہ کسی طرح خوش رکھا اور اپنا کام چلایا۔ ان کے دور میں بھی یونیورسٹی پروفیسروں کی تقرری کا مسئلہ تین سال تک التوا میں پڑا رہا اور کچھ نہ ہوا۔ جب ڈاکٹر بی دیو نرائن اپنی وائس چانسلری کی مدت پوری کر کے چلے گئے تو ان کی جگہ پر ڈاکٹر بل بھدر پرشاد اپریل ۱۹۵۷ء میں پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ہو کر آئے۔ صاحب موصوف کیمسٹری کے مشہور پروفیسر ہونے کے علاوہ اڑیسہ میں ڈی۔ پی۔ آئی کی خدمات عرصہ دراز تک انجام دے چکے تھے اور اپنے انتظامی صلاحیت کے لیے مشہور تھے۔ ان کی تقرری بحیثیت وائس چانسلر یونیورسٹی کے حلقوں میں بہت مقبول ہوئی۔ انہوں نے ان سب کاموں کو جو پانچ سال تک ملتوی تھے بہت جلد حسن و خوبی انجام دے دیا۔ آخر کار چار یونیورسٹی پروفیسروں کی تقرری عمل میں آئی۔ آرٹس میں راقم اور ڈاکٹر کے۔ کے دت یونیورسٹی پروفیسر بنائے گئے اور سائنس میں ڈاکٹر نگیندر ناتھ اور ڈاکٹر پی۔ سی۔ سنہا کو یونیورسٹی پروفیسر مقرر کیا گیا۔ ہم لوگوں کے ساتھ ڈاکٹر ٹی۔ پی۔ چودھری جو سنسکرت کے پروفیسر تھے امیدوار ہوئے مگر یونیورسٹی پروفیسر نہ ہو سکے اور

Marfat.com

بہت جلد فوت کر گئے۔ اس موقع پر مجھے ایک پرانی بات آ گئی۔ جس کا تعلق صاحب موصوف سے ہے۔ ۱۹۳۰ء میں حکومت بہار نے ایک وظیفہ کا اعلان کیا تاکہ یورپ جا کر عربی، فارسی اور سنسکرت میں پی ایچ۔ ڈی کی ڈگری حاصل کی جائے۔ اس وظیفے کے لیے ڈاکٹر چودھری کے ساتھ میں نے بھی درخواست دی مگر ڈاکٹر چودھری ہی کو وظیفہ عطا ہوا۔ انہوں نے لندن یونیورسٹی سے سنسکرت میں پی ایچ۔ ڈی کی ڈگری حاصل کی اور بہار ایجوکیشنل سروس کلاس ٹو میں اسسٹنٹ پروفیسر مقرر ہوئے۔ راقم بھی بڑی محنت کے بعد پٹنہ یونیورسٹی سے پی ایچ۔ ڈی کر کے لکچرر اور اسسٹنٹ پروفیسر ہوا۔ اور آٹھ سال بعد کلاس وَن کا پروفیسر ہو گیا۔ ڈاکٹر چودھری میرے آٹھ دس سال بعد کلاس وَن کے پروفیسر ہوئے۔ انھیں اس کا برابر سخت افسوس رہا کرتا تھا اور اکثر مجھ سے کہا کرتے تھے کہ میں نے لندن سے پی ایچ۔ ڈی کر کے کیا پایا۔ تم نے گھر بیٹھے سب کچھ حاصل کر لیا۔

شعبۂ فارسی پٹنہ یونیورسٹی:

نئے پٹنہ یونیورسٹی ایکٹ سے عربی، فارسی اور اردو کو فائدہ پہنچا۔ ان تینوں زبانوں کے لیے الگ الگ شعبہ قائم کر کے ہر شعبہ کی صدارت اس شعبہ کے سینئر استاذ کے سپرد کی گئی اور ہر شعبہ کے لیے یونیورسٹی پروفیسر کی جگہ قائم کی گئی۔ شعبۂ عربی میں حافظ محمد قدوس صاحب اور شعبہ اردو میں ڈاکٹر سید اختر احمد اورینوی صدر بنائے گئے اور راقم کو شعبہ فارسی کا صدر بنایا گیا۔ میرے علاوہ ایک استاذ افسر الدولہ فیاض الدین حیدر جو اسسٹنٹ پروفیسر تھے میرے ساتھ کام کرنے کے لیے مقرر کیے گئے۔ زیادہ تر کام راقم اور افسر الدولہ فیاض الدین حیدر کو کرنا پڑتا تھا۔ مگر ہفتہ میں ایک دو کلاس پروفیسر سید حسن اور ڈاکٹر محمد صدیق بھی لیا کرتے تھے۔ اس زمانہ میں فارسی پڑھنے والے لڑکوں کی تعداد بہت کم ہو گئی تھی۔ ایم۔ اے سال پنجم اور ششم ملا کر طلبا کی کل تعداد پندرہ سے زیادہ نہ ہوتی تھی۔ ہمارے شعبہ میں طلباء کی سہولت کے لیے ایک سیمینار لائبریری بھی تھی جس کے لیے ہر سال اچھی اچھی کتابیں خریدی جاتی تھیں۔ ہر سال یونیورسٹی ڈھائی سو روپے کتابوں کی خریداری کے لیے دیا کرتی تھی، مگر یہ رقم بالکل ناکافی تھی۔ غریب طلبا کے لیے (Poorboy's Library) پوئر

Marfat.com

بوائز لائبریری قائم کی گئی جس میں ہر درسی کتاب کی پانچ پانچ کاپیاں موجود رہتی تھیں۔ راقم نے ان کتابوں کو ہندوستان کے مشہور کتب فروشوں کے یہاں سے بلاقیمت منگوائی تھی۔ ہر غریب طالب علم کو درسی کتابیں دو سال کے لیے دے دی جاتیں اور طلباء دو سال بعد ان کتابوں کو واپس کر دیا کرتے تھے۔ افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ دو تین طالب علموں نے کچھ درسی کتابوں کو غائب کر دیا اور اس کی قیمت بھی ادا نہ کی۔ رائے صاحب لالہ کے۔ بی اگروالہ جو الٰہ آباد کے نامی کتب فروش تھے اور راقم کے دوستوں میں تھے نہایت فراخ دلی سے درسی کتابوں کی متعدد کاپیاں اس لائبریری کے لیے بلاقیمت بھیجا کرتے تھے۔ یہ لائبریری غریب طلباء کے لیے نہایت مفید ثابت ہوئی۔ ہر سال ایم۔ اے کے امتحان میں دو تین طلباء اوّل درجے میں پاس کیا کرتے تھے۔ گرچہ شعبے میں ریسرچ کی ہر سہولت موجود تھی مگر بہت کم طلباء اس سے فائدہ اٹھاتے تھے۔

میری ذمہ داریاں:

راقم کو یونیورسٹی نے جب صدر شعبہ بنایا تو نہ اس کے منصب میں اضافہ ہوا اور نہ تنخواہ میں۔ بحیثیت صدر شعبہ پٹنہ یونیورسٹی سنیٹ اور اکیڈیمک کونسل کا ممبر بنایا گیا اور ایک سال کے لیے سنڈیکیٹ کا بھی ممبر ہوا۔ راقم کے شعبہ کا دفتر دربھنگہ ہاؤس میں تھا۔ یہاں دفتری کاموں کو انجام دینے کے لیے ایک چپراسی متعین تھا اور ایک اسٹونوگرافر بھی جو عربی، فارسی اور اردو شعبوں کے کاموں کے لیے مشترک تھا۔ راقم کو اسی زمانے میں پٹنہ یونیورسٹی جرنل کے ایڈیٹوریل بورڈ کا ممبر بنایا گیا اور وائس چانسلر عربی، فارسی اور اردو کے ہر معاملہ میں مجھ سے مشورہ لیا کرتے تھے۔ اس زمانے میں راقم کو الٰہ آباد، کلکتہ، دہلی، علی گڑھ اور لکھنؤ کی یونیورسٹیاں مختلف کاموں کو انجام دینے کے لیے بلایا کرتی تھیں۔ میں زیادہ تر کلکتہ، دہلی اور لکھنؤ جایا کرتا تھا۔ کلکتہ یونیورسٹی (کلکتہ) میں ڈاکٹر محمد زبیر صدیقی اور ڈاکٹر محمد اسحٰق عربی اور فارسی میں بین الاقوامی شہرت رکھتے تھے۔ یہ دونوں ہمارے عزیز ترین دوست تھے۔ ڈاکٹر محمد اسحٰق مجھ سے اپنے سگے بھائی کی طرح ملتے اور جب موصوف کے ورثا نے پٹنہ یونیورسٹی کو غریب طلباء کی امداد کے لیے ۲۵ ہزار روپے کا عطیہ دیا تو پٹنہ یونیورسٹی نے ایک

Marfat.com

کمیٹی بنائی جس میں ایک فیملی ممبر کا ہونا ضروری تھا اور موصوف کے ورثاء نے مجھے فیملی ممبر بنا کر نامزد کیا۔ اب تک میں کمیٹی کا اس حیثیت سے ممبر ہوں۔ موصوف کے بھتیجے مسٹر ہاشم عبدالحلیم جو آج کل بنگال اسمبلی کے اسپیکر ہیں راقم کا بڑا احترام کرتے ہیں۔ ڈاکٹر محمد زبیر صدیقی راقم سے سن میں بڑے تھے اور میں ان کا بڑا احترام کرتا تھا موصوف بھی مجھ سے مثل بھائی کے ملتے اور میں جب کبھی یونیورسٹی کے کام سے کلکتہ جاتا تو مجھے کھانے پر مدعو کیا کرتے اور خوش اخلاقی سے پیش آیا کرتے تھے۔ ان کے صاحبزادے ڈاکٹر محمد خالد صدیقی کلکتہ کے ممتاز ترین ڈاکٹروں میں ہیں۔ جب کبھی راقم کلکتہ جاتا ہے تو میری منجھلی خالہ، لیڈی رحیم، سر عبدالرحیم اور ان لوگوں کا رسل اسٹریٹ کا عالی شان مکان یاد آتا ہے۔ مسٹر جسٹس زاہد سہروردی اور ان کے صاحب زادے مسٹر حسن شہید سہروردی بیرسٹر بھی یاد آتے ہیں۔ مسٹر حسن شہید سہروردی نے ہندوستان کی مسلم لیگی سیاست میں بڑا نام پیدا کیا تھا۔ میرے منجھلے ماموں غلام مولیٰ مرحوم کا تھیٹر روڈ والا شاندار سسرالی مکان نظر آتا ہے اور پرانی باتیں یاد آتی ہیں۔ ایسے پرخلوص لوگ آج کی دنیا میں بہت کم ملتے ہیں۔ راقم جب الٰہ آباد جاتا تو زیادہ تر ڈاکٹر فردوس فاطمہ نصیر کے یہاں ٹھہرتا جو اس زمانے میں الٰہ آباد یونیورسٹی کے شعبہ اردو میں ریڈر تھیں اور ان کے شوہر ڈاکٹر نصیر خاں شعبہ جغرافیہ میں ریڈر تھے۔ مرحومہ پروفیسر محمد علی ناؔمی کی صاحبزادی تھیں۔ وہ جب بھی یونیورسٹی کے کاموں سے پٹنہ آتیں تو راقم کے یہاں قیام کرتیں۔ ان کو پٹنہ یونیورسٹی سے ڈی۔ لٹ کی ڈگری عطا کی گئی تھی۔ اس ڈگری کے لیے تین ممتحنوں میں راقم بھی ایک ممتحن تھا۔ اس زمانے میں پروفیسر محمد احمد صاحب الٰہ آباد یونیورسٹی کے شعبہ فارسی میں ایک نامی پروفیسر تھے۔ حافظ غلام مرتضیٰ عربی، فارسی میں لکچرر تھے۔ موصوف نے عربی اور فارسی میں عراق وایران سے ڈپلومہ حاصل کیا تھا۔ میرے دوست ڈاکٹر بی بھدر پرشاد جب الٰہ آباد یونیورسٹی کے وائس چانسلر تھے تو میں نے حافظ صاحب کو بغیر پی ایچ۔ ڈی کیے ہوئے ڈی۔ لٹ کے امتحان میں شریک ہونے کی اجازت دلوادی تھی۔ میں الٰہ آباد کم جایا کرتا تھا مگر جب بھی جاتا حافظ غلام مرتضیٰ میرے ساتھ رہا کرتے تھے۔ موصوف نہایت خوب انسان تھے۔ راقم یونیورسٹی کے کاموں کے لیے اکثر علی گڑھ جایا کرتا تھا۔ کبھی پی ایچ ڈی کا ممتحن ہو کر اور کبھی

Marfat.com

پروفیسر اور لکچرر کی تقرری کے لیے اکسپرٹ بنا کر بلایا جاتا۔ ڈاکٹر تاراچند کی وفات کے بعد مجھے شاہ ایران پبلی کیشنز فنڈ کمپنی کا ممبر نامزد کیا گیا اور اس سلسلہ میں علی گڑھ جانا ہوتا تھا۔ بہت سی نایاب کتابیں اس فنڈ کی مالی امداد سے شائع کی گئیں جس میں راقم کی ''تحفہ سامی'' بھی ہے۔ اس زمانے میں ڈاکٹر نذیر احمد فارسی کے پروفیسر اور صدر شعبہ تھے۔ صاحب موصوف اپنی علمی اور تحقیقی کاموں کی بدولت بین الاقوامی شہرت رکھتے تھے اور انہیں بہت سے علمی اعزازات بھی ملے ہیں۔ آپ نے پندرہ بیس کتابیں تالیف کیں جو شائع ہو چکی ہیں۔ موصوف دو مرتبہ حج اور زیارت مدینہ سے مشرف ہوئے ہیں۔ چالیس سال قبل صاحب موصوف سے راقم کی ملاقات پٹنہ میں ہوئی تھی اور اب تک موصوف میرے عزیز دوستوں میں ہیں۔ پنشن پا کر چند سال قبل علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی خدمات سے سبکدوش ہو گئے ہیں مگر تحقیقی کاموں میں اب تک سرگرم ہیں۔ راقم ڈاکٹر صاحب موصوف کا بڑا احترام کرتا ہے۔ راقم جب بھی علی گڑھ جاتا تو خان بہادر نواب عبیدالرحمٰن خاں شروانی جو اس زمانے میں مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے ٹریزرر تھے۔ ان کی رہائش گاہ ''حبیب منزل'' جا کر ضرور ملاقات کرتا۔ صاحب موصوف نہایت ہی بلند خیال، مذہبی اور بڑے عالم ہیں۔ راقم کو ان سے بڑی عقیدت ہے اور ان کی علمی باتوں سے بہت متاثر ہوتا ہے۔ راقم لکھنؤ بیس سال کی عمر سے جایا کرتا ہے۔ یہاں میرے بہت سے رشتہ دار اور دوست آباد ہیں۔ جب بھی کوئی موقع آتا ہے خواہ یونیورسٹی کا کام ہو یا اپنا میں لکھنؤ ضرور جاتا ہوں۔ اگلے وقتوں میں جب راقم لکھنؤ جایا کرتا تھا تو پروفیسر سید مسعود حسن رضوی جو لکھنؤ یونیورسٹی کے شعبہ فارسی اور اردو کے صدر تھے، ان سے ملاقات کا شرف حاصل کرتا۔ موصوف ہندوستان کے ایک مشہور پروفیسر اور اردو کے نامور ادیب تھے۔ صاحب موصوف سے راقم کی پہلی ملاقات ۱۹۲۷ء میں مسوری میں ہوئی تھی اور تاحیات پروفیسر صاحب راقم کے ساتھ شفقت سے پیش آتے اور تحقیقی کاموں میں میری رہنمائی کیا کرتے تھے۔ صاحب موصوف کے صاحبزادے پروفیسر نیر مسعود ان دنوں شعبہ فارسی لکھنؤ یونیورسٹی کے ایک اچھے استاذ ہیں۔ پروفیسر شمشیر بہادر صمدی راقم کو یونیورسٹی کے چند متفرق کاموں کے لیے لکھنؤ بلایا کرتے اور میں ان کے اصرار پر لکھنؤ جایا کرتا تھا۔ اس زمانہ میں انگریزی زبان کے مشہور استاذ ڈاکٹر راؤ لکھنؤ

Marfat.com

یونیورسٹی کے وائس چانسلر تھے اور میرے دوستوں میں تھے۔ راقم لکھنؤ یونیورسٹی فیکلٹی آف آرٹس کا ممبر بھی رہ چکا ہے اور اس کے جلسوں میں برابر شریک ہوا کرتا تھا۔ میرے آخری دور میں مسز سچیتا کرپلانی اترپردیش کی وزیر اعلیٰ تھیں اور میں ان کی بڑی عزت کرتا تھا کیوں کہ موصوف مشہور کانگریسی لیڈر پروفیسر کرپلانی کی اہلیہ تھیں اور پروفیسر کرپلانی مجھے عرصہ دراز سے جانتے تھے۔ راقم گوتم پلی کے سرکاری مہمان خانہ میں قیام کرتا اور موصوفہ کی سرکاری رہائش گاہ مہمان خانہ کے سامنے سڑک کے اس پار تھی۔ دوران قیام میں اکثر موصوفہ کی رہائش گاہ پر جاتا اور مختلف موضوعات پر ان سے باتیں ہوتی تھیں۔ راقم اس وقت تک پٹنہ میں اپنا رہائشی مکان تعمیر نہ کرا سکا تھا اور پنشن پانے کے بعد لکھنؤ میں بس جانا چاہتا تھا۔ میں نے اس بات کا تذکرہ موصوفہ سے کیا اور انہوں نے تین کٹھا سرکاری زمین میرے مکان تعمیر کرنے کے لیے دینے کا وعدہ کیا مگر چند وجوہ کی بنا پر پٹنہ میں مکان بنا کر یہاں کی سکونت اختیار کرلی۔ آج کل پروفیسر ڈاکٹر ولی الحق انصاری لکھنؤ یونیورسٹی میں شعبہ فارسی کے صدر ہیں۔ آپ فرنگی محل کے مشہور حضرات میں ہیں۔ فارسی کی مسلم قابلیت اور علمی شغف کے لیۓ حکومت ہند سے آپ کو ایک سند عطا ہوئی ہے اور اسی کے ساتھ پانچ ہزار روپے سالانہ تاحیات بطور وظیفہ دیا جاتا ہے۔ راقم ان کی بڑی عزت کرتا ہے۔ راقم دہلی جانا سرکاری اور یونیورسٹی کے کاموں سے اکثر و بیشتر ہوا کرتا تھا۔ اس زمانے میں پروفیسر مرزا محمود بیگ جن کا خاندانی تعلق شاہان مغلیہ سے تھا، دہلی کالج کے پرنسپل تھے، موصوف نہایت مہذب، باوقار، خوش گفتار اور ملنسار انسان تھے۔ جو بھی ان سے ملتا ان کی شائستگی تہذیب اور خوش گفتاری سے نہایت متاثر ہوتا تھا۔ کچھ عرصہ تک حکومت کشمیر میں اعلیٰ عہدوں پر فائز رہے۔ ۱۹۴۷ء کی غارت گری کے بعد عربک کالج کی تشکیل دہلی کالج کے نام سے ہوئی۔ اس کالج کو زندہ کرنے والوں میں مرزا محمود بیگ صاحب کا نام سرفہرست لیا جاتا ہے اور ان کی مختلف خدمتوں کو دہلی کالج کبھی بھی فراموش نہیں کر سکتا۔ مرزا محمود بیگ صاحب راقم سے بہت خلوص سے ملتے تھے۔ میں بھی ان کا بڑا احترام کرتا تھا۔ اس زمانے میں پروفیسر سید منظور حسین موسوی کا دہلی میں قیام تھا۔ ان کے بھتیجے مسٹر اسد رضا ایڈوکیٹ الٰہ آباد ہائی کورٹ کی شادی نواب شمس العلماء سید امداد امام اثر مرحوم کی صاحبزادی سے ہوئی

Marfat.com

تھی اس لیے موصوف مجھ سے مثل ایک رشتہ دار کے ملا کرتے تھے۔ اور راقم بھی ان کی بڑی عزت کرتا تھا، دہلی کالج کی تشکیل نو میں انہوں نے بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تھا۔ موسوی صاحب کی مستقل مزاجی اور دوراندیشی نے اس کالج کو بڑا فروغ بخشا۔ موصوف اس کالج میں عہدۂ صدارت شعبۂ فارسی پر فائز تھے اور عرصۂ دراز تک کالج کے برسر رہے۔ ایک عرصہ تک وائس پرنسپل رہے۔ موصوف نے تقریباً سات سال تک کالج کے پرنسپل رہ کر پنشن پائی اور کالج کی خدمات سے عہدہ بر آ ہوئے۔ ۱۹۷۸ء میں جب وہ الہ آباد جارہے تھے تو دوران سفر ان کی روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی اور الہ آباد میں دفن ہوئے۔ وہ ایک عالم باعمل، مرد حق گو اور راست کردار تھے۔ ہر آدمی سے نہایت خلوص اور خاکساری سے ملتے تھے۔ راقم جب بھی دہلی جاتا تو وہ مجھے اپنے یہاں کھانے پر ضرور مدعو کرتے اور اپنے چند دوستوں کو بھی بلالیا کرتے تھے۔ وقت نہایت ہی ہنسی خوشی سے گذر جاتا تھا۔ موصوف کے انتقال سے راقم کو بڑا صدمہ ہوا۔ ایسے لوگ اب کہاں ملتے ہیں۔ موسوی صاحب کے علاوہ ڈاکٹر سید امیر حسن عابدی جو اس زمانے میں دہلی یونیورسٹی میں فارسی کے لکچرر تھے، راقم سے تقریباً ہر روز ملا کرتے اور اکثر جگہوں پر خصوصاً سفارت خانہ ایران ہمارے ساتھ جایا کرتے تھے۔ ابھی بھی مجھ سے بہت محبت سے ملتے ہیں اور میں ان کو مثل چھوٹے بھائی کے سمجھتا ہوں۔ ان کی اہلیہ بھی بہت ملنسار خاتون ہیں جن کی راقم بڑی عزت کرتا ہے۔ جب بھی میں دہلی جاتا ہوں مجھے اپنے یہاں کھانے پر مدعو کرتے ہیں اور میرے دیگر احباب بھی جو میرے ساتھ دہلی جایا کرتے ہیں اس کھانے میں شریک ہوتے ہیں۔ موصوف اور ان کی اہلیہ نہایت ہی پر تکلف کھانوں سے ہم لوگوں کی تواضع کرتے ہیں۔ ان لوگوں کی اولاد نہایت ہی سعادت مند اور مہذب ہیں۔ اللہ ان لوگوں کو ترقی عطا فرمائے۔ راقم نے عابدی صاحب کو ہر دور میں دیکھا ہے اور ان کی کارکردگی سے برابر متاثر رہا ہے۔ موصوف کو جب پروفیسری کا عہدہ دیا جانے والا تھا تو راقم نے بہ حیثیت اکسپرٹ کے ان کی تقرری کے لیے پرزور سفارش کی اور مجھے خوشی ہوئی کہ تمام ممبران کمیٹی میرے ہم خیال تھے اور موصوف نہایت آسانی سے پروفیسر مقرر کردیئے گئے۔ بحیثیت پروفیسر کے انہوں نے اپنے فرائض کو بحسن وخوبی انجام دیا۔ باکمال عزت وتوقیر اب اس عہدے سے پنشن پاگئے ہیں۔ موصوف

Marfat.com

فارسی کے نہایت نامور پروفیسر ہیں۔ بارہ ۱۲ کتابیں تالیف کی ہیں اور پانچ علمی اعزازات سے سرفراز ہوئے ہیں۔ ایران، عراق، ترکی، لبنان، شام، افغانستان اور پاکستان کا سفر کیا ہے۔ ہندوستان کی تمام یونیورسٹیوں میں ان کی قدر ہے اور مختلف موضوعات پر لکچر دینے کے لیے بلائے جاتے ہیں۔ موصوف کی جگہ پر ڈاکٹر نورالحسن انصاری کی تقرری ہوئی ہے جو فارسی کے ایک باصلاحیت اور قابل استاذ ہیں۔ ڈاکٹر گنگولی جو بعد میں دہلی یونیورسٹی کے وائس چانسلر ہوئے میرے ملاقاتیوں میں تھے۔ موصوف نے بہ حیثیت وائس چانسلر اپنے کاموں کو اس خوبی سے نبھایا کہ اساتذہ اور طلباء سب کے سب ان کے ثناخواں تھے اور ان کی بڑی قدر کرتے۔ موصوف جتنے دنوں تک وائس چانسلر کے عہدے پر فائز رہے یونیورسٹی میں کسی قسم کا ہنگامہ نہ ہوا۔ موصوف نہایت ہی بلند خیال انسان تھے اور میں ان کی بڑی عزت کرتا ہوں۔ جب کبھی میں ان سے ملنے جاتا تو وہ نہایت ہی خندہ پیشانی سے ملا کرتے اور دیر تک باتیں ہوا کرتی تھیں۔

سفارت خانۂ ایران:

راقم کا تعلق سفارت خانۂ ایران سے آقائی نورزاد کے زمانہ سے ہے۔ ۱۹۵۸ء میں جب میں دہلی گیا تو آقائی تقی مقتدری سے ملنے کی خواہش ہوئی۔ ڈاکٹر امیر حسن عابدی کے ساتھ سفارت خانہ ایران جاکر ان سے ملاقات کی۔ مولوی عبدالجلیل وکیل پٹنہ بھی میرے ہمراہ سفارت خانہ گئے۔ ہم دونوں سے موصوف نے بہت دیر تک باتیں کیں اور اپنی کئی کتابیں ہم لوگوں کو بطور تحفہ عنایت کیں۔ کچھ دنوں بعد ان کا تبادلہ حیدر آباد (آندھرا پردیش) ہو گیا جہاں انہوں نے حیدر آباد پر تاریخی نوعیت کی ایک کتاب لکھی جس کی ایک کاپی راقم کو بھیجی تھی۔ موصوف حیدر آباد سے ایران کے سفیر بنا کر افغانستان بھیجے گئے جہاں انہوں نے افغانیوں کی طرز زندگی پر ایک کتابچہ لکھا جس کی ایک کاپی ازراہ کرم راقم کو بھی بھیجی تھی۔ موصوف سے برابر خط و کتابت ہوا کرتی تھی۔ راقم کا تعلق اب تک سفارت خانہ ایران سے قائم ہے۔ مئی ۱۹۸۶ء میں راقم کو اسلامی جمہوریہ ایران کی ثقافتی انقلابی کونسل کی یونیورسٹی پبلی کیشن سنٹر نے ایک سیمینار میں شرکت کی دعوت دی تھی۔ یہ سیمینار جنوبی ایشیا

Marfat.com

میں فارسی زبان کی ترقی اور فروغ میں حائل دشواریوں کے موضوع پر جون کے پہلے ہفتہ میں تہران میں منعقد ہونے والا تھا۔ خرابی صحت کی وجہ سے اس سیمینار میں راقم شرکت نہ کر سکا جس کا بڑا افسوس ہے۔

چند اور لوگوں سے ملاقاتیں:

ان دنوں ڈاکٹر راجندر پرشاد صدر جمہوریہ ہند تھے۔ موصوف سے ہم لوگوں کے خاندانی تعلقات تھے اور میرے والد مرحوم سے ان کی خط و کتابت ہوا کرتی تھی۔ صاحب موصوف مجھ سے بہت خلوص سے ملتے تھے۔ راقم کا قیام بہار بھون میں ہوا کرتا تھا جو راشٹر پتی بھون سے بہت قریب ہے اس لیے راقم راشٹر پتی بھون اکثر جاتا اور صدر موصوف سے ملاقات کا شرف حاصل کرتا تھا۔ پٹنہ کے ماہر چشم ڈاکٹر دکھن رام ان دنوں راشٹر پتی بھون میں ٹھہرے ہوئے تھے اور اس وجہ سے راشٹر پتی بھون جانے میں کوئی دشواری پیش نہ آتی تھی۔ مولوی عبدالجلیل صاحب وکیل پٹنہ بھی میرے ہمراہ راشٹر پتی بھون جاتے اور کچھ دیر تک صدر موصوف سے بہار اور پٹنہ کے متعلق ہم لوگوں سے باتیں ہوا کرتی تھیں۔ ایک روز شام کو موصوف نے ہم لوگوں کو ناشتہ پر مدعو کیا جس میں ڈاکٹر دکھن رام شریک تھے۔ صدر موصوف کو شان و شوکت سے دور کا بھی لگاؤ نہ تھا اور جس سے بھی ملتے نہایت ہی خلوص اور انکساری سے ملتے تھے۔ صدر موصوف کے بڑے صاحب زادے شری مرتنجے پرشاد راقم کے ہم سن اور عزیز دوستوں میں تھے۔

بابو جگ جیون رام:

راقم کبھی کبھی بابو جگجیون رام کے یہاں جایا کرتا تھا۔ موصوف سے میری ملاقات عرصہ دراز سے تھی۔ جب ان کو پٹنہ میں مکان بنانے کی خواہش ہوئی تو ہم لوگوں کے قدم کنواں کی زمینداری میں ایک قطع زمین خریدی چونکہ یہ زمین کاشت کاری کے لیے تھی اس لیے اس اراضی پر کوئی مکان وغیرہ زمیندار کی اجازت کے بغیر تعمیر نہ کیا جا سکتا تھا۔ موصوف مجھ سے آکر ملے اور میں نے انہیں والد محترم سے مکان تعمیر کرانے کی اجازت دلوا دی۔ زمین اور مکان ان کی اہلیہ کے نام پر تھا مگر صاحب موصوف اپنے کو بلا ضرورت ہم لوگوں کا رعیت تصور کیا

Marfat.com

کرتے اور والد مرحوم کی بری عزت کیا کرتے تھے۔ زمین کی سالانہ مال گذاری اپنی اہلیہ کی طرف سے خود ادا کیا کرتے تھے۔ جس کی وصولی کے لیے ہم لوگوں کے گماشتہ منشی چھیدی لال ان کے پاس جایا کرتے تھے۔ صاحب موصوف منشی جی سے بہت اخلاق سے پیش آتے اور اکثر پانچ سال کی مال گذاری پیشگی ادا کر دیا کرتے تھے۔ ۱۹۳۷ء میں موصوف جب پارلیمنٹری سکریٹری مقرر ہو کر ڈاکٹر سید محمود وزیر تعلیم بہار کے ساتھ کام کرنے لگے تو راقم کی ملاقات وہاں ان سے برابر ہوا کرتی تھی۔ ان دونوں مذکورہ بالا وجوہات کی بنا پر موصوف راقم سے نہایت خلوص سے ملا کرتے تھے اور میں بھی ان کی بڑی عزت کیا کرتا تھا۔ جب کبھی میں نے انہیں کسی کام کے لیے زحمت دی تو موصوف اس کام کو نہایت خندہ پیشانی سے انجام دے دیتے تھے۔ ایک سال علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں ایک علمی کانفرنس ہونے والی تھی جس کے جلسہ میں شرکت کے لیے ہندوستان کے مختلف حصوں سے ممبروں کی آمد کی توقع تھی۔ اس کانفرنس کا نام ریلوے بورڈ کی فہرست میں نہ تھا اور ریلوے شریک ہونے والے ممبروں کو شرح ٹکٹ میں کوئی رعایت دینے کو تیار نہ تھی علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے کچھ اساتذہ نے مجھ سے شکایت کی۔ صاحب موصوف اس زمانے میں محکمۂ ریلوے کے وزیر تھے اور میں نے ان کی توجہ اس دشواری کی طرف مبذول کرائی اور ان کے حکم کے مطابق ریلوے بورڈ نے اس کانفرنس کو وہ تمام رعایتیں دیں جو عام طور سے مستند کانفرنس کے ممبروں کو دی جاتی تھیں۔

صاحب موصوف سبھی کے ساتھ خواہ وہ بڑا ہو یا چھوٹا نہایت عزت، اخلاق اور فراخ دلی سے پیش آتے۔ لوگوں کی شکایتوں کو غور سے سنتے اور حتی الوسع ان کو دور کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ پس ماندہ طبقوں کی ترقی کے لیے انہوں نے بے انتہا کوششیں کیں اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ پس ماندہ طبقوں کے لیے سرکاری ملازمتوں میں الگ جگہیں مخصوص کرائیں اور اس کے علاوہ ان لوگوں کو حکومت سے طرح طرح کی دیگر سہولتیں و رعایتیں دلوائیں۔ یہ انہیں کا فیض ہے کہ آج بڑی بڑی سرکاری ملازمتوں میں پس ماندہ طبقے کے افراد نظر آتے ہیں۔ پچاس سال تک ہندوستان کی سیاست پر چھائے رہے اور اس دوران حکومت ہند کے بڑے بڑے محکموں کی وزارت پر فائز رہے۔ مزاج میں طنز، ظرافت اور نرمی تھی اور نہایت ہی خوش اندازی سے باتیں کیا کرتے تھے۔ ہندی خوب اچھی بولتے اور لکھتے تھے۔ راقم جب بھی ان

Marfat.com

سے ملنے جاتا تو دیر تک باتیں ہوا کرتی تھیں جو عموماً بہت پر لطف اور دلچسپ ہوتی تھیں۔

ہندوستانی ثقافتی کانسل:

مولانا ابو الکلام آزاد ۱۹۵۳ء میں Indian Council for Cultural Relations کے صدر تھے۔ انہوں نے ۸ جون ۱۹۵۳ء کو وائس چانسلر پٹنہ یونیورسٹی کے نام ایک خط روانہ کیا جس کے ذریعہ ایک ایسے پروفیسر کا نام طلب کیا جو عربی، فارسی یا ترکی زبان میں مہارت رکھتا ہو تاکہ اس کو تین سال کے لیے مذکورہ بالا کونسل کا ممبر بنایا جاسکے۔ ۲۳ جولائی ۱۹۵۳ء کو وائس چانسلر نے میرا نام تجویز کر کے بھیج دیا۔ مسٹر ایس۔ایچ برنی نے جو اس زمانے میں I.C.C.R کے سکریٹری تھے، ۲۹/ مئی ۱۹۵۴ء کو اپنے ایک خط سے مجھے مطلع کیا کہ ۲۵/ مئی ۱۹۵۴ء سے تین سال کے لیے راقم کو ممبر بنادیا گیا ہے۔ اس کے بعد مزید تین سال کے لیے یکم مارچ ۱۹۵۷ء سے مجھے دوبارہ ممبر بنایا گیا۔ راقم پابندی سے دہلی جا کر اس کے جلسوں میں شرکت کرتا کیونکہ مولانا آزاد سے ملاقات کا شرف بھی حاصل ہو جاتا تھا۔ ۱۴/ فروری ۱۹۵۸ء کو I.C.C.R کی جنرل اسمبلی کا اجلاس ہونے والا تھا۔ راقم دو روز قبل ۱۲/ فروری ۱۹۵۸ء کو دہلی پہنچ کر مولانا آزاد کی رہائش گاہ پر گیا جو نمبر ۴ کنگ ایڈورڈ روڈ پر تھی اور مولانا موصوف سے ملاقات کی۔ میرے منجھلے ماموں مسٹر غلام مولیٰ مرحوم کی شادی کلکتہ کے ایک دولت مند گھرانے میں ہوئی تھی اور ماموں مرحوم کے تعلقات مولانا آزاد سے کلکتہ میں نہایت دوستانہ تھے۔ اس وجہ سے مولانا موصوف کی نظر عنایت مجھ پر رہا کرتی تھی۔ جب میں مولانا موصوف کی رہائش گاہ پر پہنچا تو بہت سے لوگ ملنے کے لیے جمع تھے اور مولانا اپنے کاموں میں مصروف تھے۔ تقریباً ایک گھنٹہ بعد مجھے ملاقات کا موقع ملا اور مولانا موصوف سے میری دس منٹ تک باتیں ہوئیں۔ کچھ ہی دنوں پہلے مولانا موصوف نے پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر کے ذریعہ مجھ سے دریافت کیا تھا کہ اگر سعودی عرب جدہ کے ہندوستانی سفارت خانہ میں بحیثیت فرسٹ سکریٹری میرا تقرر کر دیا جائے تو مجھے پسند ہوگا یا نہیں۔ میں نے اس ملاقات میں ان سے معذرت کی کہ اہلیہ سخت بیمار رہتی ہیں اور میرا گھر چھوڑنا ناممکن ہے۔

Marfat.com

جنرل اسمبلی کا جلسہ:

آئی سی سی آر کے جنرل اسمبلی کا اجلاس ۱۴ر فروری ۱۹۵۸ء کو وگیان بھون دہلی میں ہوا اس جلسہ میں راقم پٹنہ یونیورسٹی کا نمائندہ تھا اور ڈاکٹر دکھن رام جو اس زمانے میں بہار یونیورسٹی کے وائس چانسلر تھے اپنی یونیورسٹی کے نمایندہ کی حیثیت سے شرکت کے لیے آئے تھے۔ ہم دونوں ایک ساتھ جلسہ میں شرکت کے لیے گئے۔ ہم لوگوں کے قریب کرنل بشیر حسین زیدی اور پنڈت سندر لال تشریف فرما تھے۔ جلسہ شروع ہونے سے پانچ سات منٹ پہلے مولانا ابوالکلام آزاد تشریف لائے اور دو چار آدمیوں سے باتیں کرتے ہوئے شہ نشیں کی طرف بڑھے اور جب اس پر چڑھنے لگے تو ایک طرف سے غلام السیدین صاحب اور دوسری طرف سے پروفیسر ہمایوں کبیر نے مولانا موصوف کو سہارا دیا۔ راقم اور ڈاکٹر دکھن رام کو مولانا موصوف کی اس حالت کو دیکھ کر خیال گذرا کہ مولانا کی طبیعت کچھ زیادہ ناساز ہے۔ مولانا کا انگریزی صدارتی خطبہ جو چار پانچ صفحات پر مشتمل تھا پہلے ہی حاضرین میں تقسیم کر دیا گیا تھا۔ مولانا موصوف نے اسی حالت میں کھڑے ہو کر اس خطبہ کا اردو ترجمہ لفظ بہ لفظ زبانی سنایا۔ اس پیرانہ سالی میں ان کے حافظہ پر ہم لوگوں کو بڑی حیرت ہوئی۔

مولانا کی وفات:

راقم ۱۷ر فروری کو دہلی سے پٹنہ واپس آیا اور ۱۹ر فروری کو ریڈیو سے خبر ملی کہ مولانا آزاد پر فالج کا دورہ پڑ گیا ہے۔ ۲۲ر فروری ۱۹۵۸ء سنیچر کو ریڈیو نے خبر دی کہ ان کا انتقال ہو گیا۔ ۲۳ر فروری ۱۹۵۸ء کو حکومت ہند نے سیاہ حاشیہ کے ساتھ ایک خصوصی گزٹ شائع کیا جس میں مولانا کی خوبیوں اور خدمات کا تذکرہ کیا گیا تھا۔ اسی دن جامع مسجد کے سامنے والے میدان میں سپرد خاک کیے گئے۔ راقم جب بھی دہلی جاتا ہے، مولانا کی قبر پر حاضر ہو کر فاتحہ ضرور پڑھتا ہے۔

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

✪✪✪

Marfat.com

گیارہواں باب

ڈین کا عہدہ اور میرا انتخاب

۱۹۵۸ء سے ۱۹۶۰ء

ڈین کا عہدہ:

۲ر جنوری ۱۹۵۲ء کو ایک ایکٹ کے ذریعہ پٹنہ میں رہائشی یونیورسٹی قائم کی گئی۔ یونیورسٹی کے قیام کے ساتھ اسی ایکٹ کے مطابق چند اعلیٰ عہدے وجود میں آئے جن میں ڈین آف فیکلٹی کا عہدہ بھی تھا۔ ڈین کا عہدہ بڑی اہمیت کا حامل تھا کیونکہ ایکٹ کے مطابق ڈین کا فرض منصبی تھا کہ وہ آئین، قانون اور قاعدوں پر مناسب طور پر عمل کرائے اور یہ بڑا ذمہ داری کا کام تھا۔ ایکٹ کی انگریزی عبارت یوں ہے:

"Shall be responsible for the due observance of the statutes the Ordinances and the Regulations relating to the Faculty."

ڈین کے عہدہ کی میعاد تین سال تھی اور تقرری بذریعہ ووٹ ہوتی جس میں متعلقہ فیکلٹی کے ممبران حصہ لیتے تھے۔

رہائشی یونیورسٹی ایکٹ نے معاملات کو سلجھانے کی بجائے زیادہ تر الجھا دیا۔ اس سے پروفیسروں میں اختلاف بڑھے اور کئی گروپوں میں بٹ گئے۔ جو آپسی یگانگت کا ماحول تھا اس میں تلخی آگئی اور ایک دوسرے سے اختلاف کا جذبہ پیدا ہو گیا۔ پٹنہ یونیورسٹی میں پہلے "ڈین" کی تقرری سینیورٹی کی بنا پر ہوتی تھی لیکن اس ایکٹ کے نفاذ کے بعد جب ڈین کی

Marfat.com

تقرری بذریعہ ووٹ ہونے لگی تو اس طریقہ کار نے اساتذہ میں جو کچھ محبت وخلوص کا جذبہ باقی رہ گیا تھا وہ بھی ختم کر دیا۔ ہر ایک استاد نے گروپ بندی کا بری طرح سے شکار ہو کر حقیقت کو پس پشت ڈال دیا۔

ڈین کے لیے مسٹر کلیم الدین احمد اور مسٹر کشوری پرشاد سنہا کا مقابلہ:

۱۹۵۲ء میں مسٹر کے۔پی۔ سنہا جو فیکلٹی آف آرٹس کے سب سے سینئر پروفیسر تھے، پرانے دستور کو مد نظر رکھتے ہوئے ڈین کے لیے امیدوار ہوئے۔ان کے مقابلے میں مسٹر کلیم الدین احمد نے بھی اس عہدہ کی امیدواری پر اپنا نام پیش کیا اور اپنی حکمت عملی سے ان لوگوں کو جو مسٹر سنہا کے مخالف تھے اپنا ہم نوا بنالیا اور بڑی کوشش کے بعد موصوف مسٹر کے۔پی۔ سنہا کے مقابلے میں صرف ایک ووٹ سے کامیاب ہوگئے۔ کامیابی کے بعد انتخاب کی تلخ باتوں کو بھلا دینا چاہئے تھا لیکن مسٹر کلیم الدین احمد کے ہم نوا، مسٹر کے پی سنہا اور اپنے مخالف لوگوں کو عرصہ دراز تک برا بھلا کہتے رہے اور اکثر گالیاں بھی دیتے تھے۔ان دنوں مسٹر کلیم الدین احمد کی صحت برابر خراب رہتی تھی اس لیے ڈین کے کاموں کو بحسن وخوبی انجام نہ دے سکے۔

ڈاکٹر کے۔کے دت کا انتخاب:

۱۹۵۵ء میں جب پھر ڈین کے انتخاب کا زمانہ آیا تو ڈاکٹر کے۔کے۔دت راقم کے پاس آئے اور تعاون کی درخواست کی۔ میں بھی امیدوار ہونا چاہتا تھا مگر مسٹر کلیم الدین احمد نے کہا کہ ڈاکٹر کے۔کے۔دت سینئر ہیں ان کو موقع ملنا چاہئے، حالانکہ مسٹر کلیم الدین احمد اپنے الکشن کے وقت اس اصول کو فراموش کر چکے تھے۔ان کے کہنے پر میں نے موصوف کی مدد کی اور وہ بلا مقابلہ ڈین منتخب ہوگئے اور تین سال تک اس عہدہ پر برقرار رہے۔ڈاکٹر کے۔کے۔دت ہر کام کو جس کا تعلق فیکلٹی سے ہوتا مسٹر کلیم الدین احمد اور ان کے ہم نوا پروفیسروں کے مشورے سے کیا کرتے تھے۔

Marfat.com

راقم کا انتخاب:

۱۹۵۸ء میں جب ڈاکٹر کے۔ کے۔ دت کے بعد ڈین کی جگہ خالی ہوئی تو راقم نے ڈاکٹر کے کے دت اور مسٹر کلیم الدین احمد سے ملاقات کی اور اپنی نامزدگی کے لیے ان سے مدد چاہی مگر ان دونوں صاحبان میں سے کسی نے مجھے اطمینان بخش جواب نہ دیا بلکہ میرے مقابلے میں پروفیسر امرت دھاری سنگھ کو الکشن کے لیے آمادہ کیا۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ایک اردو کے پروفیسر میری مخالفت اور امرت دھاری سنگھ کی حمایت میں سرگرم عمل ہوگئے۔ راقم بھی ہمت کر کے فیکلٹی آف آرٹس کے ہر ممبر سے ملا اور زیادہ تر لوگوں کو اپنا ہمدرد پایا۔ الیکشن سے دو روز پہلے پروفیسر امرت دھاری سنگھ نے میرے یہاں آکر ملاقات کی اور مجھے اطمینان دلایا کہ وہ امیدوار نہ ہوں گے۔ انتخاب کے روز ڈاکٹر بل بھدر پرشاد وائس چانسلر نے جلسہ کی صدارت کی اور پانچ ممبران فیکلٹی نے ڈین کے عہدہ کے لیے میرا نام پیش کیا اور میں بلا مقابلہ ڈین منتخب ہوگیا۔ پروفیسر امرت دھاری سنگھ جلسہ میں شریک نہ تھے۔ وائس چانسلر اور بہت سے پروفیسروں نے مبارکباد دی۔ پروفیسر حافظ محمد قدوس جو عربی کے پروفیسر تھے اور اس مہم میں راقم کے ساتھ ہر جگہ گئے تھے، ان کی خوشی کی کوئی انتہا نہ تھی کیونکہ ان کو یقین تھا کہ امرت دھاری سنگھ اپنی امیدواری سے دستبردار نہ ہوں گے۔ مسٹر کلیم الدین احمد نے جن سے میرے خاندانی روابط تھے مبارکباد نہ دیا۔

کامیابی کی خبریں:

جب راقم ڈین منتخب ہوا تو پٹنہ کے انگریزی اخباروں نے ۱۳ راگست ۱۹۵۸ء کو نمایاں طور سے میری کامیابی کی خبر کو چھاپا۔ ''ایران ٹوڈے'' جو اس زمانہ میں ایرانی سفارت خانہ دہلی سے شائع ہوتا تھا۔ اس میں بھی یہ خبر شائع ہوئی تھی۔ آل انڈیا ریڈیو دہلی نے میری کامیابی کی خبر اپنی فارسی خبروں میں نشر کیا۔ مقامی اردو کے روزانہ اخباروں نے اداریے لکھے جو حسب ذیل ہیں:

Marfat.com

اداریہ ۱

"تین سال کی مدت کی تکمیل کے بعد مسٹر کے۔کے دت
پٹنہ یونیورسٹی کے ڈین آف فیکلٹی آف آرٹس کے عہدہ سے علیحدہ
ہوگئے اور ڈاکٹر اقبال حسین صدر شعبہ فارسی اس عہدہ کے لیے
باتفاق رائے چنے گئے۔ یونیورسٹی کی خودمختاری کے بعد ڈین آف
فیکلٹی آف آرٹس کا عہدہ بڑا اہم سمجھا جاتا ہے۔ بالخصوص اس وجہ
سے بھی کہ ہر فیکلٹی آف آرٹس کا ایک ڈین بھی ہوتا ہے اور ہر کالج
کا علیحدہ ایک پرنسپل بھی۔ ڈین اور پرنسپل کے فرائض میں کبھی کبھی
تصادم کا اندیشہ بھی ہو سکتا ہے۔ اور کبھی یہ سوال بھی اٹھ سکتا ہے کہ
کس کا احاطۂ عمل کہاں پر ختم ہو جاتا ہے؟ اس لیے محض علم و ادب ہی
میں مہارت کی ضرورت نہیں۔ دوراندیشی و مصلحت بینی کا ہونا بھی
کچھ کم ضروری نہیں۔ صرف اچھا معلم ہی نہیں ہونا چاہئے، اچھا منتظم
بھی ہونا چاہئے۔ پٹنہ یونیورسٹی میں ایک دقت اور ہے۔ یہاں
خودمختاری ابھی چند برسوں سے ملی ہے۔ اسے اچھی روایتوں کو قائم
کرنا ہے۔ ایسے عہدے کے لیے ڈاکٹر اقبال حسین کا بلامقابلہ چنا جانا
بہت بڑی بات ہے۔ اور ان کی مقبولیت اور ہمہ گیری کا ناقابل تردید
ثبوت۔ شاید اس کی بہت بڑی وجہ یہ ہے کہ صاحب موصوف نے
اپنے کو یونیورسٹی کی "سیاست" سے علیحدہ رکھا اور گروپ بازی اور
حلقہ بندی میں کبھی نہ پڑے۔ خوش مزاج اور خوش گفتار ہیں۔
طنز و ظرافت کا بھی شوق ہے۔ سب سے ملتے جلتے اور ہنستے بولتے ہیں
جو انعام و اکرام ملا، اسے شکریہ کے ساتھ قبول کر لیا۔ اس کی تمنا کبھی
نہ کی کہ سب کچھ مجھے ہی ملے، خواہ جس طور سے بھی ہو، اپنی
سرگرمیوں کو برابر ہی یونیورسٹی کے دائرہ تک ہی محدود رکھا اور اسی

Marfat.com

وقار کا برابر ثبوت دیا جو کبھی پہلے پروفیسروں کا طرہ امتیاز سمجھا جاتا تھا اور اب تیزی سے مفقود ہوتا جارہا ہے۔ اسی دور میں فارسی کے ایک معلم کو فیکلٹی آف آرٹس کے ڈین کے ذمہ داریاں سونپنا قابل قدر فیصلہ ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ جناب ڈاکٹر اقبال حسین صاحب اس نئے عہدہ کے فرائض اس حسن و خوبی سے انجام دیں گے جس طور سے وہ اپنے محکمہ کے فرائض اب تک انجام دیتے آئے ہیں۔"

اداریہ ۲

"ڈاکٹر اقبال حسین اپنی باغ و بہار طبیعت کی وجہ سے خلائق میں مشہور ہیں۔ آپ سادہ دل اور منکسر المزاج ہیں۔ بات عام ہو یا خاص لوگوں کے درمیان میں کہنے کے قائل ہیں۔ معاملات کی نزاکت تک بہت جلد پہنچ جاتے ہیں۔ اور مشکل مسئلوں کو سنجیدگی کے ساتھ سلجھانے میں کمال رکھتے ہیں، آپ کی دلچسپیاں محدود ہیں۔ اس لیے آپ کے دشمن بھی گویا نہیں ہیں۔ اس وقت کلاس وَن کے سنیر پروفیسر کی حیثیت سے آپ کے مدمقابل چند گنے ہوئے لوگ لائے جاسکتے ہیں۔ خوشی کی بات ہے کہ ڈین فیکلٹی آف آرٹس کی حیثیت سے باتفاق رائے ابھی آپ منتخب ہوئے ہیں۔ اتفاق رائے سے منتخب ہونا ہی آپ کی مقبولیت کی دلیل ہے۔ مختلف مشاورتی کمیٹیوں میں رہنے کی وجہ سے اور ایک سنیر پروفیسر کی حیثیت سے گراں قدر تجربوں کے مالک ہیں۔ امید کرنی چاہئے کہ آپ کے قیمتی تجربوں سے پٹنہ یونیورسٹی کو مفید اور کارآمد مشورے ملیں گے۔ اور بہت ساری گتھیوں کو سلجھانے میں آپ نمایاں کامیابی حاصل کریں گے۔ آمین۔"

Marfat.com

میرا طریقۂ کار

راقم نے ڈین کا عہدہ سنبھالنے کے ایک ماہ بعد فیکلٹی آف آرٹس کی میٹنگ بلائی اور تین کمیٹیوں کی تشکیل دی۔ انہی کمیٹیوں کی مدد اور مشورے سے فیکلٹی کے کل کام انجام پاتے۔ ہر دو ماہ پر فیکلٹی آف آرٹس کی میٹنگ طلب کرتا اور ان کاموں کی توثیق کراتا جو گذشتہ دو ماہ میں انجام پا چکے تھے۔ کوئی اہم کام بغیر فیکلٹی کے مشورے سے نہ کرتا تھا۔ روزانہ کے کاموں کو قاعدوں کے مطابق انجام دیتا اور کسی کو شکایت کا موقع نہ ملتا۔ ڈاکٹر بلبھدر پرشاد جو ان دنوں پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر تھے، انہوں نے محسوس کیا کہ جو ریگولیشن امتحان سے متعلق مقرر ہیں ان میں اب تبدیلی نہایت ضروری ہے۔ اس خیال سے انہوں نے ایک کمیٹی تشکیل دی تاکہ سائنس اور آرٹس کے امتحانات سے متعلق نئے ریگولیشن مرتب کیے جائیں۔ راقم، ڈاکٹر نگیندر ناتھ اور ڈاکٹر کامیشور پرشاد امبستھا اس کمیٹی کے ممبر مقرر کیے گئے۔ اس کمیٹی کی میٹنگ یونیورسٹی آفس میں ہوا کرتی تھی۔ ہم تینوں نے بڑی محنت اور جانفشانی کے بعد دو ماہ کے اندر ہی آرٹس اور سائنس کے امتحانات سے متعلق نئے ریگولیشنس، ترتیب دے کر رجسٹرار کے حوالہ کر دیا، جس کے نفاذ کی منظوری بھی کچھ دنوں کے بعد مل گئی یہی ریگولیشنس یونیورسٹی میں عرصہ تک رائج رہے۔

آنرس کا داخلہ:

اس زمانے میں ڈین بی۔اے آنرس کا داخلہ طلبا کے نمبروں کی بنیاد پر کیا کرتا تھا۔ آنرس کی تعلیم کی پوری ذمہ داری ڈین پر ہوا کرتی تھی اور اس کے تینوں پرچوں کی تعلیم بھی صرف پٹنہ کالج میں ہوتی تھی، اس لیے یہاں دوسرے کالج کے اساتذہ بھی لکچر دینے آیا کرتے تھے اور طلباء کو تو بہر حال اپنے کالج سے یہاں آکر ہی پڑھنا پڑتا تھا۔ میرے ڈین کے عہدہ سنبھالنے سے پہلے مقررہ جگہوں سے زیادہ طلباء کا داخلہ کر لیا جاتا تھا جس سے بعض درجوں میں بیٹھنے کی جگہ ناکافی ہوتی۔ مجبوراً طلباء کھڑے کھڑے لکچر سنا کرتے تھے۔ اس لیے میں اپنے زمانے میں داخلے کے لیے جتنی جگہیں مقرر تھیں ان سے زیادہ داخلہ نہ لیتا، کسی کو سفارش کا موقع نہ دیتا اور نمبروں کی بنیاد پر داخلہ کرتا جس سے کسی کو شکایت نہ ہوتی۔ راقم

Marfat.com

نے اپنے وقت میں کوشش کی کہ سوشیالوجی میں بھی بی۔اے آنرس کا کورس شروع ہو جائے مگر اساتذہ کی قلت کی وجہ سے وائس چانسلر نے کہا کہ لکچرر کی کمی ہے فی الحال یہ پروگرام ملتوی رکھا جائے۔

اکزامینیشن بورڈ:

رہائشی یونیورسٹی کے قیام کے بعد ۱۹۵۲ء میں ایک ایکزامینیشن بورڈ قائم کیا گیا جس کا صدر وائس چانسلر ہوتا تھا اور ہر فیکلٹی کا ڈین اس کا ممبر ہوا کرتا تھا۔ اس بورڈ کے قیام کا مقصد یہ تھا کہ امتحانات سے متعلق تمام نظم و نسق کو برقرار رکھا جائے اور طلبا کی نامناسب حرکتوں کی تادیبی کارروائی بھی کی جائے۔ جب تک ڈاکٹر بلبھدر پرشاد وائس چانسلر رہے بورڈ کا کام نہایت حسن وخوبی سے انجام پاتا رہا اور ممکن نہ تھا کہ سفارش کی بنا پر کوئی امیدوار اپنی غلط کاری کی سزا سے بچ سکے۔

عارضی لکچرر کی تقرری:

اس زمانے میں پٹنہ یونیورسٹی کے عارضی لکچرر کی تقرری کے لیے انٹرویو ہوا کرتا تھا۔ انٹرویو کمیٹی کا صدر وائس چانسلر ہوتا، اس کے علاوہ ڈین اور صدر شعبہ اس کے ممبر ہوا کرتے تھے۔ انہیں تینوں کے مشورے سے تقرری عمل میں آتی تھی۔ راقم نے اپنے زمانے میں جہاں تک ہو سکا نہایت ایمانداری کے ساتھ ان تقرریوں میں وائس چانسلر کی مدد کی اور اور حق وانصاف کو اپنے ہاتھ سے جانے نہ دیا۔ ایک مرتبہ راقم اور وائس چانسلر مسٹر وشسٹ نرائن رائے سے مسٹر مبین الدین رآز کی تقرری کے سلسلے میں اختلاف پیدا ہو گیا۔ مسٹر وشسٹ نرائن رائے پٹنہ ہائی کورٹ کے پنشن یافتہ جج تھے اور نہایت ہی مذہبی اور نیک مزاج انسان تھے۔ راقم کے مشورہ اور گذارش پر میرے ہم خیال ہو گئے اور تقرری ہو گئی۔ اس وقت کا ایک اور واقعہ یاد آ گیا۔ ڈاکٹر کے۔این پرشاد جو بعد میں پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ہوئے تعلیم کے سلسلہ میں کیمبرج یونیورسٹی بھیجے گئے تھے۔ انہوں نے اپنا کام پایہ تکمیل تک پہنچانے کے خیال سے مزید تین ماہ کی رخصت کی درخواست دی تو مسٹر وشسٹ نرائن رائے اخراجات کا حساب کتاب لگانے لگے اور رخصت منظور کرنے میں پس وپیش کیا مگر راقم کے

Marfat.com

مشورہ پر رخصت منظوری کرلی۔ اور جو مزید رقم خرچ کے لیے درکار تھی اس کی بھی منظوری دے دی۔

میٹنگ میں شرکت:

ڈین ہو جانے کے بعد راقم کو بہت سی میٹنگ میں شرکت کرنا پڑی تھی جس سے کلاس لینے میں پریشانی ہوتی کیونکہ اس وقت شعبہ فارسی میں راقم کے علاوہ صرف ایک لکچرر مسٹر فیاض الدین حیدر تھے۔ اس لیے میں نے وائس چانسلر سے گذارش کی کہ میٹنگ صبح ۹ بجے سے اور شام کو ۳ بجے کے بعد رکھی جائے کیونکہ اساتذہ کی قلت کے سبب لکچر لینے میں خلل پڑتا ہے۔ چونکہ میرا عذر معقول تھا۔ صاحب موصوف نے میری میٹنگ کے اوقات میں تبدیلی کردی۔

راقم نے اپنی سہولت کے خیال سے ڈین کے آفس کو شعبہ فارسی کے ایک کمرہ میں منتقل کرالیا اور غالباً یہ آفس آج تک اسی کمرہ میں قائم ہے۔ سری سرجو پرشاد جو ڈین آفس میں میرے اسسٹنٹ تھے وہ بقید حیات ہیں۔

شعبہ کے صدر:

جب راقم ڈین تھا حسب ذیل اساتذہ یونیورسٹی میں اپنے اپنے شعبہ کے صدر تھے:

ہندی: شری جگن ناتھ رائے شرما (عارضی)، سنسکرت: ڈاکٹر ٹی۔ چودھری، اینشینٹ انڈین ہسٹری اینڈ کلچر: ڈاکٹر بی۔ پی۔ سنہا، انگلش: ڈاکٹر آر۔ کے۔ سنہا، سائیکلوجی: مسٹر ایم۔ زڈ۔ عابدین، فلوسفی: مسٹر ہری موہن جھا، ہسٹری: ڈاکٹر رام شرن شرما، جغرافیہ: ڈاکٹر پی۔ دیال، اردو: ڈاکٹر سید اختر احمد، عربی: مسٹر حافظ محمد قدوس، فارسی: ڈاکٹر اقبال حسین، اکانومکس: مسٹر دیاکر جھا، پولیٹیکل سائنس: ڈاکٹر پی۔ ایس۔ مہار، لیبر اینڈ سوشل ویلفیر مسٹر امرت دھاری سنگھ، سوشیالوجی: ڈاکٹر نربدیشور پرشاد، میتھلی: ڈاکٹر سدھاکر جھا، بنگالی ڈاکٹر ایس این گھوشال۔

✪✪✪

Marfat.com

بارھواں باب

میری تقرری بحیثیت پرنسپل پٹنہ کالج

۱۹۶۰ء سے ۱۹۶۱ء

میری تقرری:

ڈاکٹر کے۔ کے۔ دت ۱۵/ اپریل ۱۹۶۰ء کو اپنی پرنسپل کی ملازمت سے پنشن پانے والے تھے، اس لیے پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر نے راقم کو بلا کر کہا کہ ۱۶/ اپریل ۱۹۶۰ء سے میں پٹنہ کالج کے پرنسپل کا عہدہ سنبھال لوں۔ میں نے عرض کیا کہ میں مستقل یونیورسٹی پروفیسر ہوں، پرنسپل کے برابر تنخواہ پاتا ہوں اور اس عہدہ کی تبدیلی میں میرا کوئی فائدہ نہیں بلکہ دردسری میں اضافہ ہو جائے گا۔ اگر آپ راقم کو ایک سال کے لیے مع پرنسپل الاؤنس مستقل پرنسپل بنادیں تو میں خدمت انجام دینے کے لیے تیار ہوں۔ یہ کہہ کر میں ان سے رخصت ہو گیا۔ دو چار دن بعد مجھے پھر وائس چانسلر نے بلایا اور کہا کہ آپ کی شرط منظور ہے، اور مجھ سے پوچھا کہ پٹنہ کالج کے کاموں کے سلسلے میں کیا کیا مسائل درپیش ہوں گے اور کیا کیا خرابیاں کالج میں پیدا ہو گئی ہیں اور اب کن کن اصلاحوں کی ضرورت ہے۔ میں نے ایک مختصر سا خاکہ ان کے سامنے پیش کیا۔ مجھ سے اتفاق کرتے ہوئے وائس چانسلر نے فرمایا کہ میں ہر طرح سے آپ کی مدد کے لیے تیار ہوں۔ جس دن ۱۹۶۰ء کی گرمیوں کی چھٹی ہونے والی تھی میں نے وائس چانسلر کے حکم کے مطابق ڈاکٹر کے۔ کے۔ دت سے پرنسپل کا چارج لے لیا اور بقول اپنے استاذ پرنسپل آرمر میں پٹنہ کالج کا صرف پرنسپل ہی نہیں بلکہ کالج کا ''امیر'' اور ''خان'' بھی ہو گیا۔

Marfat.com

عمارتوں کی مرمت:

پرنسپل کا چارج لیتے ہی میرے لیے سب سے اہم اور بڑا مسئلہ کالج کی عمارت کی مرمت کا در پیش آیا جو عرصہ دراز سے بے توجہی کا شکار تھیں۔ پٹنہ کالج کی پرانی ڈچ عمارت، دو ہوسٹل اور پرنسپل کے بنگلہ کی عمارت کے بارے میں میں نے محسوس کیا کہ برسات سے پہلے ہی ان کی مرمت ہو جانی چاہئے۔ اس کام کے لیے راقم نے سکریٹریٹ جا کر چیف انجینئر حکومت بہار سے ملاقات کی اور انہیں اپنے ساتھ لا کر کالج کی تمام عمارتوں کی کس مپرسی اور خستہ حالی کو دکھایا اور ان سے کہا کہ اس تعطیل کے اندر ہی ان عمارتوں کی مرمت ہونا لازمی ہے کیونکہ اس کے بعد طلباء کی موجودگی سے کام میں بڑی دشواری ہوگی۔ اور نیز برسات کے آنے سے نقصان کا بھی امکان ہے۔ انجینئر صاحب ایک نیک اور شریف انسان تھے انہوں نے فوراً ان عمارتوں کی مرمت بیک وقت شروع کرا دی اور دو ماہ کے اندر ہی اپنی خصوصی توجہ اور موجودگی میں عمارتوں کو ہر طرح سے درست کرا دیا۔ اور دو ہوسٹل جن کی چھتیں رانی گنج ٹائل سے بنی تھیں، ان کی ایسی مرمت کرائی کہ عرصہ دراز تک برسات ان پر اثر انداز نہ ہو سکی۔ تمام کام ہو جانے کی بعد وائس چانسلر نے معائنہ کی خواہش ظاہر کی تو میں نے انہیں تمام مرمت شدہ عمارتوں کو دکھایا اور موصوف کالج کا بدلا ہوا نقشہ دیکھ کر خوش ہوئے اور انجینئر موصوف کو شکریہ کا ایک خط لکھا۔

فرنیچر کی مرمت:

کالج میں فرنیچر کی قلت تھی اور جو تھے ان کی حالت اچھی نہ تھی۔ میں نے فیصلہ کیا کہ ان کی مرمت جلد ہو جانی چاہئے۔ راقم نے ڈاکٹر کامیشور پرشاد امبستھا سے جو میرے ہر کام میں بڑے مددگار رہا کرتے تھے استدعا کی کہ کالج کے بڑے بابو جٹا شنکر جھا اور کالج کے مستری گنگا بشن کو لے کر تمام فرنیچر کا معائنہ کر کے ایک جدید رجسٹر تیار کریں تاکہ ان کی تعداد اور حالت معلوم ہو سکے اور یہ بھی معلوم کیا جا سکے کہ کتنے اور فرنیچر کی ضرورت ہے۔ نئے فرنیچر کی خریداری کے لیے یونیورسٹی نے بہت کم رقم فراہم کی تھی اس لیے میں نے زیادہ توجہ ٹوٹے فرنیچر کی مرمت پر دی۔ مرمت کرا کے تمام فرنیچر پر پالش کرایا اور یہ بالکل نئے

Marfat.com

معلوم ہونے لگے۔ رجسٹر مرتب ہونے کے بعد معلوم ہوا کچھ فرنیچر گم ہیں جو غالباً سابق پرنسپل حضرات کالج سے جاتے وقت اپنے ساتھ لے گئے اس سلسلے میں یہ بھی پتہ چلا کہ پرنسپل کے کمرہ کی ایک خوبصورت الماری جسے میں نے بارہا دیکھا تھا گم تھی۔ معلوم ہوا کہ ایک سابق پرنسپل اپنے ساتھ لے گئے ہیں۔ میں نے ان کو ایک خط لکھا کہ کالج کے پرنسپل کے کمرہ کی ایک الماری آپ کے یہاں غلطی سے چلی گئی ہے اسے واپس کردیں۔ موصوف نے اقرار کرتے ہوئے لکھا کہ آپ اس قسم کی ایک الماری بنوالیں اور میں اس کی قیمت ادا کردوں گا۔ میں نے الماری بنوائی اور انہوں نے اس کی قیمت ادا کی۔

فرنیچر کی مرمت کے بعد کالج کی کشتیاں جو طلباء کی تفریح کا ذریعہ تھی خراب ہوگئی تھیں میں نے ان کو بھی مرمت کرا کے قابل استعمال بنایا۔ میرے زمانے میں گرانٹ کی رقم ۲۵ فیصد کم کردینے کی وجہ سے بجلی کے پنکھوں اور روشنی میں کچھ اضافہ نہ ہوسکا مگر پنکھوں کی صفائی اچھی طرح سے کرادی گئی۔

کالج کے میدان کی نگرانی:

کالج کے سامنے والا کھیل کا میدان، ولسن گارڈن اور عظیم گارڈن خراب ہوگئے تھے۔ پانی کی قلت اور دھوپ کی شدت کی وجہ سے گھاس مردہ ہوکر جل گئی تھی اور یہ میدان گائے اور بکریوں کی چراگاہ بن گئے تھے۔ راقم نے انہیں سیراب کرنے کے لیے کلکتہ کی ڈنلپ کمپنی سے ایک بہت لمبا پانی کا پائپ منگوایا جس کی مدد سے تمام میدان ہرے بھرے ہوگئے اور پھول کی کیاریاں درست کرا کر موسم کے پھول لگوائے۔ موسم برسات اور موسم سرما میں پھول خوب کھلے جس سے کالج کی خوب صورتی اور زینت میں اضافہ ہوا، خصوصاً گلاب کی کیاریاں نہایت ہی دل کش نظر آتی تھیں۔

اپنا طریقۂ کار:

راقم وقت کی پابندی سے کالج جاتا تھا۔ صبح کو تمام ضروریات سے فارغ ہوکر ۹ بجے کالج پہنچ جاتا اور ایک بجے کھانے کے لیے اپنے بنگلہ پر جو سائنس کالج کے احاطہ میں تھا، چلا جاتا، پھر تین بجے شام کو کالج جاتا اور ۵ بجے شام تک کل کاموں کو ختم کرکے گھر واپس آجاتا

Marfat.com

میرے اس طریقۂ کار سے متاثر ہو کر اور وقت کی پابندی کو دیکھ کر تمام لکچرر، پروفیسر اور ملازمین اپنے وقت پر آجاتے تھے۔ بی۔اے آنرس کے کلاس ۹ بج کر ۴۰ منٹ سے شروع ہوتے تھے اس لیے بیشتر ملازمین اور اساتذہ قبل از وقت پابندی سے چلے آتے تھے۔ میں نے اپنے زمانہ میں "Four Hours Rule" کا پرانا قاعدہ جس پر عمل نہ ہو رہا تھا اس کی پابندی تمام اساتذہ سے کرائی۔ غفلت برتنے والوں کو مہذب انداز سے اس کی پابندی پر آمادہ کیا۔ اس طرح اساتذہ وقت سے کلاس لیتے اور چھوڑنے میں بھی وقت کی پابندی کرتے۔ طلباء جو ٹیوٹوریل کلاس میں مسلسل دو بار غیر حاضر رہتے ان سے وجہ طلب کی جاتی۔ معقول وجہ نہ ہونے پر صدر شعبۂ تادیبی کارروائی کرتا۔ طلباء کی سہولت اور ان کی دشواریوں کو حل کرنے کے خیال سے وقت کی پابندی کے بغیر راقم نے عام اجازت دے رکھی تھی کہ وہ مجھ سے مل کر اپنے مسائل کو حل کرلیں۔ اسی طرح آفس کے عملوں کو بھی ہدایت کردی گئی تھی کہ اساتذہ اور طلباء کی دشوارایاں فوراً دور کی جائیں۔ ایک دو اساتذہ بغیر اطلاع دیئے کالج سے غائب ہو جاتے تھے اور اپنی درخواست پر دستخط کر کے چپراسی کے حوالہ کر دیتے کہ اگر ان کے متعلق دریافت کیا جائے تو یہ درخواست کالج کے دفتر میں داخل کردی جائے۔ اس طرح کی غیر حاضری سے لکچرس میں خلل پڑتا تھا اور طلباء کلاس میں شور و غل مچاتے۔ اس لیے میں نے ہدایت کی کہ Casual Leave کے قاعدہ کی پابندی کی جائے اور تاکید کی کہ اگر C.L. کسی بیماری یا اچانک ضرورت کی بنا لی جائے تو درخواست گیارہ بجے دن تک آفس میں آجانی چاہئے۔ اگر کسی دوسری ضرورت سے .C.L لینا ہو تو کم از کم دو روز پہلے دفتر کو آگاہ کردیں تاکہ ان کے کلاس کے لیے متبادل انتظام کیا جاسکے۔ راقم کے پرنسپل ہونے سے پہلے کچھ اساتذہ پوری توجہ اور مستعدی سے کلاس نہ لیتے تھے۔ میں نے ان کی توجہ اس طرف مبذول کرائی۔ پڑھانے میں پابندی اور مستعدی لانے کے لیے راقم ہفتہ میں ایک دو روز کالج کا چکر لگاتا اور دیکھتا کہ اساتذہ اور طلباء پڑھانے اور پڑھنے میں لاپرواہی اور بے توجہی تو نہیں برت رہے ہیں۔ میرا تجربہ ہے کہ اس عمل سے طلباء اور اساتذہ میں پڑھنے پڑھانے کا ماحول بہتر ہو گیا اور مجھے ان سے کوئی شکایت باقی نہ رہی۔ پڑھائی میں باقاعدگی آجانے کے بعد طلبا کالج کے ٹرمینل امتحانات میں کثرت سے شریک ہونے لگے اور امتحانات

Marfat.com

کے نتائج بہت جلد شائع کر دیئے جاتے تھے۔ ٹرمینل امتحان میں مجھ کو ایک بات یاد آگئی جو دلچسپی سے خالی نہیں ہے۔ انگریزی کے ایک جونیر لکچرر ٹرمینل امتحان کی ۱۰۰ کاپیاں اپنی بغل میں دبائے میرے آفس میں آئے اور احتجاجاً کہا کہ مجھے صدر شعبہ انگریزی نے حکم دیا ہے کہ اس سو کاپیوں کو دیکھ کر اور ان کے نمبروں کو سلپ پر چڑھا کر کل ان کے حوالہ کر دی جائیں۔ ۱۲ گھنٹے کے اندر میرے لیے یہ کام انجام دینا ناممکن ہے۔ میں نے فوراً ان کے لیے ایک پیالی چائے منگوائی اور ہنس کر کہا کہ آپ ایک محنتی لکچرر ہیں، چند گھنٹوں میں اس کام کو انجام دے سکتے ہیں اور آپ کو وقت پر نمبر داخل کرنے میں کوئی دشواری نہ ہوگی۔ یہ کاپیاں تو سال اول کے لڑکوں کی ہیں ان کے دیکھنے میں آپ جیسے قابل آدمی کو کوئی دشواری نہ ہونی چاہیے۔ آپ مہربانی فرما کر میرے چیمبر میں چلے جائیں اور ایک گھنٹہ وہاں آرام سے بیٹھ کر کاپیوں کی جانچ کریں۔ مجھے یقین ہے کہ آپ پچیس تیس کاپیوں کی جانچ ایک گھنٹہ میں ضرور کرلیں گے۔ موصوف ایک گھنٹہ بعد ۲۵ کاپیوں کی جانچ کر کے میرے پاس آئے اور اپنی کارکردگی پر نہایت خوش نظر آرہے تھے۔ جب میں نے ان کی ہمت افزائی کی تو وہ پھر میرے چیمبر میں چلے گئے اور ایک گھنٹہ بعد مزید ۲۵ کاپیوں کی جانچ کر کے اور ان کے مارکس کا اندراج کر کے میرے پاس آئے اور اس طور سے دو گھنٹے کے اندر میری ہمت افزائی کے سبب اپنا آدھا کام بحسن وخوبی انجام دے دیا۔ اس کے بعد وہ اپنے شعبہ میں چلے گئے اور دوسرے دن جانچ کی ہوئی سو۱۰۰ کاپیوں کو مع مارکس سلپ صدر شعبہ کے حوالے کر دیا۔

طلباء کے کھیل کود کا انتظام:

تمام انتظام کے ساتھ ہی کالج میں کھیل کود کا بھی معقول انتظام کیا گیا۔ اس زمانے میں پروفیسر داس چٹرجی Athletic Club کے صدر تھے اور وہ اپنی ذمہ داریوں کو نہایت خوبی سے انجام دیتے۔ گرچہ انہیں میرے مشورہ کی کوئی ضرورت نہ پڑتی تھی مگر موصوف بغیر میری رائے کے کوئی کام نہ کرتے تھے ان کی ایک بڑی خصوصیت یہ تھی کہ کلب کی رقم کو فضول کاموں میں صرف نہ ہونے دیتے تھے۔ طلباء فٹ بال میں سب کھیلوں سے زیادہ دلچسپی لیتے تھے، کالج کھلاڑیوں کی مہارت کی وجہ سے پٹنہ یونیورسٹی نے اپنی

Marfat.com

فٹ بال ٹیم میں پٹنہ کالج کے نو کھلاڑیوں کو شامل کر رکھا تھااور اس ٹیم کا کپتان بھی پٹنہ کالج کا طالب علم تھا۔ اس سال پٹنہ کالج کی ٹیم کو کسی میچ میں شکست نہ ہوئی اور انعامات حاصل کر کے بہار میں بڑی شہرت حاصل کی۔ اس زمانے میں پٹنہ کالج کی کرکٹ ٹیم ایک نہایت شاندار ٹیم تھی۔ باوجود ہر کوشش کے کوئی ٹیم اسے ہرا نہ سکی اس ٹیم کے شاندار کارناموں کو دیکھ کر پٹنہ یونیورسٹی ٹیم میں چھ کھلاڑیوں کو پٹنہ کالج ٹیم سے لیا گیااور یونیورسٹی ٹیم کے کپتان ہونے کا شرف پٹنہ کالج کے طالب علم ہی کو حاصل ہوا۔ یونیورسٹی کی ہاکی ٹیم میں چھ کھلاڑی پٹنہ کالج کے تھے اور اسی طرح پچاس فیصد کھلاڑی ٹینس ٹیم میں بھی پٹنہ کالج ہی کے تھے۔ راقم پٹنہ کالج کے کھلاڑیوں کی ہر موقع پر تعریف کیا کرتا اور ان کی ہمت افزائی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھتا تھا۔ ۱۹۶۱ء کے Principal's Annaul Report 1961 میں کھلاڑیوں کی شاندار کامیابی کا تذکرہ راقم نے نہایت ہی تشریح کے ساتھ کیا ہے جس کی ایک کاپی میرے پاس ابھی تک محفوظ ہے۔ میں لڑکوں کی حوصلہ افزائی کے خیال سے اکثر فٹ بال کے مقابلوں میں جایا کرتا اور اپنے ساتھ ایک دو بار استاد محترم پرنسپل سید معین الحق صاحب کو جو کھیل کے دنیا میں مشہور تھے مدعو کر کے لایا کرتا تھا۔ وہ لڑکوں کی خوب حوصلہ افزائی کرتے اور لڑکے ان سے بہت خوش رہا کرتے تھے۔

اِن۔ سی۔ سی:

۱۹۶۰ء میں جب اِن۔ سی۔ سی کا کیمپ بہٹا میں ہوا تو اس میں پٹنہ کالج کی ٹیم اوّل آئی اسی طرح سے جب ۹ اکتوبر ۱۹۶۰ء میں بمبئی میں مقابلہ ہوا تو اِن۔ سی۔ سی کی بحری ونگ میں رام بینئے سنگھ پورے ہندوستان میں دوسرے نمبر پر آئے۔ یہ دونوں کامیابیاں پٹنہ کالج کے لیے بڑی شہرت کی حامل ہوئیں۔

طلباء کی انجمنیں:

اسی زمانہ میں کالج کی کل انجمنیں اپنے اپنے کاموں میں نہایت سرگرم عمل رہیں۔ خصوصاً میوزک اینڈ ڈرامہ سوسائٹی اور بزم ادب۔ ان دونوں انجمنوں نے تین تین انعامات حاصل کیے اور اپنی شاندار روایتوں کو قائم رکھا۔

Marfat.com

سائنس کالج کی ہڑتال:

جب راقم پٹنہ کالج کی درستگی کے کاموں میں سخت مصروف تھا کہ اچانک ایک ایسا مسئلہ پیش آیا جس سے راقم کو دور کا بھی سروکار نہ تھا مگر اس کو سلجھانا ہی پڑا۔ ڈاکٹر نگیندر ناتھ ڈین آف فیکلٹی آف سائنس نے ایم۔ ایس سی کے کچھ طلباء کا نام رجسٹر سے اس لیے خارج کردیا کہ انہوں نے کالج کی ماہانہ فیس ادا نہ کی تھی اور ان کی جگہ دوسرے لڑکوں کے داخلے کی کارروائی بھی شروع کردی گئی تھی اس سے طلباء میں غم و غصہ کی لہر دوڑ گئی اور انہوں نے سائنس کالج میں ہڑتال کردیا اور اور ڈاکٹر نگیندر ناتھ کے خلاف نعرے لگائے۔ نیز وائس چانسلر کے یہاں جاکر طلباء نے شکایتیں پیش کیں۔ وائس چانسلر مسٹر وشسٹ نرائن رائے نے ان سے کہا کہ میں کل پٹنہ کالج کے ولسن گارڈن میں ۳ بجے شام کو تمام طلباء کو خطاب کروں گا اور وہاں کل معاملات کے حل بھی نکالے جائیں گے۔ اس کے بعد موصوف نے مجھے ٹیلی فون پر کہا کہ کل ۳ بجے دن کو ولسن گارڈن میں ایک جلسہ کا انتظام کیا جائے تاکہ میں طلباء کو وہاں خطاب کرسکوں۔ میں نے ان سے کہا کہ معاملہ سائنس کالج کا ہے بہتر ہوتا کہ جلسہ کا انتظام وہیں کیا جائے۔ مگر انہوں نے اصرار کیا کہ جلسہ پٹنہ کالج ہی میں ہوگا۔ اس لیے میں نے جلسہ کا باقاعدہ انتظام اپنے کالج میں کردیا۔ اور اس جلسہ میں اساتذہ کو شرکت کی دعوت بھی دی۔ طلباء کے علاوہ تقریباً دو ہزار دوسرے افراد بھی جمع ہوگئے جن کا یونیورسٹی سے کوئی تعلق نہ تھا۔ ڈاکٹر نگیندر ناتھ خائف ہوکر اس جلسہ میں شریک نہ ہوئے۔ وائس چانسلر نے جوں ہی طلباء سے خطاب کرنا چاہا تو ایک طالب علم نے ان کے ہاتھ سے مائک چھین لیا اور اپنی پریشانیوں کو بیان کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر نگیندر ناتھ نے جو کچھ کیا ہے وہ سب آپ کی ذمہ داری ہے۔ چوبیس گھنٹے کے اندر تمام معاملات کو حل کردیا جائے ورنہ حالات اس سے بھی سنگین تر ہوسکتے ہیں، یا تو آپ رہیں گے، یا ہم سب رہیں گے۔ اس پر راقم نے طلباء کو فضول گوئی سے منع کیا اور کہا کہ تم لوگ اپنا معاملہ حل کرانا چاہتے ہو یا ہنگامہ کرنا۔ اگر اپنی دشواریاں دور کرانا چاہتے ہو تو اپنے معاملہ کو میرے سپرد کردو اور میں تمہیں یقین دلاتا ہوں کہ فیصلہ مناسب اور تمہارے حسب خواہش ہوگا۔ تم لوگ کل اپنے دس بارہ

Marfat.com

نمایندوں کو میرے پاس بھیج دو، میں انہیں وائس چانسلر کے آفس لے جاکر کل باتوں کو طے کرادوں گا۔ پریشان ہونے اور ہنگامہ کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ میرے اس کہنے پر لڑکوں کا غصہ کم ہوا اور اس کے بعد میں نے جلسہ کے اختتام کا اعلان کردیا۔ موقع کی نزاکت دیکھ کر وائس چانسلر موصوف کو ان کے موٹر کار میں بٹھا کر ان کے بنگلہ پر چھوڑ آیا۔ اسی رات ڈاکٹر نگیندر ناتھ اور وائس چانسلر کی برادری کے چند پروفیسران ان کی رہائش گاہ پر جاکر انہیں مشورہ دیا کہ ڈاکٹر اقبال حسین کی باتوں میں نہ آیئے۔ وہ اس موقع سے فائدہ اٹھا کر اپنی ناموری حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ دوسرے دن طلباء میرے پاس آئے اور اپنے مطالبات کی ایک فہرست دی، میں نے ان کے مشورے سے اس میں کچھ تغیر و تبدل کر کے ان کے ساتھ وائس چانسلر کے آفس پہنچا تو دیکھا کہ ڈاکٹر نگیندر ناتھ اور وائس چانسلر کے کچھ حاشیہ نشینان بیٹھے ہوئے ہیں۔ اور ان کو مشورہ دے رہے ہیں کہ لڑکوں سے ملاقات نہ کی جائے۔ میں نے مطالبات کی فہرست کو وائس چانسلر کے حوالہ کیا اور پڑھنے کو کہا۔ موصوف یہ کہتے ہوئے اٹھے کہ اقبال حسین صاحب مجھے آپ پر پورا بھروسہ ہے۔ آپ نے جو کچھ کیا ہوگا، وہ سب ٹھیک ہی ہوگا اور فہرست کا بغیر مطالعہ کیے اس پر اپنا دستخط ثبت کردیا اور کاغذ کو راقم کے حوالہ کردیا اور کہا کہ آپ بھی اپنا دستخط کردیں۔ لڑکے مطالبات کی منظوری سے بہت خوش ہوئے پھر میں نے طلباء سے مخاطب ہو کر کہا کہ تم لوگوں نے کل ایک بڑے بزرگ کے ساتھ بدتمیزی کی ہے، اب ان سے معافی مانگو۔ تمام طلباء نے ہاتھ جوڑ کر وائس چانسلر سے معافی مانگی۔ اس پر وائس چانسلر موصوف کی آنکھوں سے آنسو نکل پڑے اور کہا کہ میں نے تم سب کو معاف کردیا۔ تم سب خوش رہو اور علم حاصل کرو۔

وائس چانسلر مسٹر وشسٹ نراین رائے پٹنہ ہائی کورٹ کے پنشن یافتہ جج تھے نہایت ہی مذہبی منکسر المزاج اور نیک انسان، راقم نے انہیں کبھی غصہ ہوتے نہیں دیکھا۔ اپنی زندگی کا بہت کچھ حصہ پانڈی چری آشرم میں گذارا تھا اور شری اروند گھوش کے خاص مریدوں میں سے تھے۔ مسٹر وشسٹ نرائن کو اپنے گرو شری اروند گھوش سے بڑی عقیدت تھی، ان کے نقش پا کا فوٹو فریم کروا کر اپنی میز پر رکھتے اور اس کو ہر روز دیکھ کر دعا کرتے کہ مالک حقیقی اپنے گرو کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

Marfat.com

۱۲/ اپریل ۱۹۶۱ء کو جب راقم بہار پبلک سروس کمیشن کا ممبر مقرر کیا گیا تو صاحب موصوف میری رہائش گاہ پر مبارک باد دینے کے لیے تشریف لائے اور انہوں نے کہا کہ میں پٹنہ کالج میں ۳۰/ اپریل ۱۹۶۱ء تک کام کرتا رہوں، کیوں کہ یونیورسٹی کے امتحانات جاری تھے اور طلباء کی یونین کا انتخاب بھی باقی تھا۔ راقم نے ان سے کہنے کے مطابق عمل کیا اور پہلی مئی ۱۹۶۱ء سے بہار پبلک سروس کمیشن میں کام کرنے لگا۔ صاحب موصوف کو میرے دونوں لڑکوں اکبر اور اشرف سے بڑا انس تھا۔ اکبر اس زمانے میں انجنیئرنگ کالج کے طالب علم تھے اور اشرف میڈیکل کالج میں تعلیم حاصل کر رہے تھے۔ ان لوگوں پر صاحب موصوف کی بڑی شفقت رہا کرتی تھی۔

ڈانگے صاحب کی تقریر

ایک روز اتوار کے دن سویرے جب راقم بنگلہ پر چند دوستوں کے ساتھ بیٹھ کر باتیں کر رہا تھا کہ میری ملاقات کے لیے ڈاکٹر مہار پانچ چھ کمیونسٹ طلباء کے ساتھ آئے۔ میں نے ان لوگوں کا خیر مقدم کیا اور چائے میں شریک کر لیا۔ جب میں نے ان لوگوں کے آنے کا مقصد دریافت کیا تو مہار صاحب نے فرمایا کہ ایک ہفتہ کے اندر ڈانگے صاحب پٹنہ آنے والے ہیں اور طلباء کی خواہش ہے کہ پولیٹیکل سائنس کی انجمن کے تحت پٹنہ کالج کے نیو جمنازیم میں ان سے ایک تقریر کرائی جائے۔ ہم لوگ آپ سے اس کی اجازت طلب کرنے آئے ہیں۔ جواباً میں نے کہا کہ مسٹر ڈانگے سے میں واقف ہوں، مجھے نہایت خوشی ہوگی کہ وہ میرے کالج میں آکر تقریر کریں۔ میں ان کی علمیت، شائستگی، تہذیب اور مستعدی کا قائل ہوں مگر میری دو شرطیں ہیں، پہلی یہ کہ جلسہ کی صدارت میں خود کروں اور دوسری یہ کہ ڈانگے صاحب کسی بحث طلب موضوع پر تقریر نہ کریں۔ تقریر کے لیے ایک گھنٹہ کا وقت لے سکتے ہیں۔ کل انتظام میں خود کرادوں گا اور طلباء کو کسی طرح کی زحمت نہ دوں گا۔ تین دنوں بعد مہار صاحب اور طلباء مجھ سے پھر ملے اور تمام شرائط کو قبول کر کے اپنی خوشی کا اظہار کیا۔ ان لوگوں نے کہا کہ ڈانگے صاحب کی تقریر آدھ گھنٹہ کی ہوگی اور اگر آپ چاہیں تو وقت کو بڑھا بھی سکتے ہیں۔ جب میں نے ڈانگے صاحب سے ٹیلی فون پر

Marfat.com

باتیں کیں تو انہوں نے فرمایا کہ آپ اطمینان رکھیں، کوئی ایسی بات نہ ہوگی جس سے آپ کو رنجیدہ ہونا پڑے۔ طلباء نے ڈانگے صاحب کی تقریر کی تاریخ، جگہ اور وقت کا اعلان کردیا مگر تقریر کا کوئی عنوان نہ دیا گیا تھا۔ جب اشتہار تقسیم ہوا تو اس کی ایک کاپی ضلع پٹنہ کے سپرنٹنڈنٹ آف پولس کو ملی جس کو پڑھ کر انہیں خیال گذرا کہ دوران تقریر غیر کمیونسٹ طلباء کچھ ہنگامہ آرائی نہ کریں، اس لیے انہوں نے ٹیلی فون پر مجھ سے دریافت کیا کہ اگر ان کی مدد مجھے درکار ہے تو خوشی سے اس کے لیے تیار ہیں۔ میں نے ان سے کہا کہ آپ اطمینان رکھیں اور مجھ پر بھروسہ کریں مسٹر ڈانگے کی تقریر سے امن عامہ میں کوئی خلل نہ پیدا ہوگا۔ اسی روز میں نے چار پانچ کانگریسی خیال کے طلباء کو اپنے آفس میں بلایا اور ان سے باتیں کیں۔ یہ سب لڑکے میری ہر مدد کے لیے تیار ہو گئے۔ تقریر ۹ بجے دن کو ہونے والی تھی، میں نے پٹنہ کالج کے بڑے بابو اور چپراسیوں کو حکم کردیا تھا کہ اس روز ۷ بجے صبح کو جمنازیم کے اندر اور دونوں طرف باہر فرش بچھا دیا جائے۔ چاروں طرف لاؤڈ اسپیکر لگایا جائے اور اس کی نگرانی کے لیے ایک آدمی کو مامور کیا جائے کہ کوئی شخص مائکروفون کے تار کو کاٹ نہ سکے۔ جب راقم سات بجے صبح نیو جمنازیم کے باہر کھڑا تھا کہ کچھ طلباء خوش خوش آئے جس میں کانگریس اور کمیونسٹ دونوں جماعت کے لڑکے تھے، ان طلبا کو میں نے کہا کہ ہوشیار رہیں اور کسی طرح کی کوئی گڑبڑی نہ ہونے دیں۔ ڈانگے صاحب تقریباً پونے ۹ بجے تشریف لائے اور ان کے ساتھ پانچ چھ نامی کمیونسٹ رہنما بھی تھے، میں نے ان سبھوں کو ڈانگے صاحب کے پیچھے ڈائس پر بٹھایا۔ پورا جمنازیم اور ارد گرد کا میدان سامعین سے بھرا ہوا تھا۔ طلباء نے تالیاں بجا کر ڈانگے صاحب کا استقبال کیا۔ ٹھیک نو بجے جلسہ شروع ہوا۔ مہار صاحب نے حاضرین سے ڈانگے صاحب کا تعارف کرایا اس کے بعد ڈانگے صاحب نے راقم سے دریافت کیا کہ کیا میں "Indian Constitution" (دستور ہند) پر تقریر کرسکتا ہوں اور کتنی دیر تک اپنی تقریر جاری رکھوں، میں نے کہا کہ آپ Indian constitution کی خوبیوں اور خامیوں پر تقریر کریں۔ انہوں نے میری درخواست کو قبول کیا اور کہا کہ میں اپنی تقریر آدھ گھنٹہ میں ختم کردوں گا۔ ڈانگے صاحب نے دستور ہند پر ایسی واضح اور بصیرت افروز تقریر کی کہ طلباء دم بخود ہو کر سنتے رہے اور دوران تقریر متاثر ہو کر تالیاں بجاتے

Marfat.com

تھے۔ جب آدھ گھنٹہ کا وقت ختم ہو گیا تو میں نے ڈانگے صاحب سے استدعا کی کہ تقریر کو مزید پندرہ منٹ تک جاری رکھیں۔ ڈانگے صاحب جب اپنی تقریر ختم کر چکے تو راقم نے بحیثیت صدر کے ان کا شکریہ ادا کیا اور لڑکوں نے ان کی بصیرت افروز تقریر کو بہت پسند کیا اور مشکور ہوئے۔ ڈانگے صاحب اپنی خوش گفتاری کے لیے مشہور ہیں اور جو بھی ان کی تقریر سنتا ہے ان کا گرویدہ ہو جاتا ہے۔ جلسہ کے دوسرے روز میں نے سینئر ایس پی کو فون کر کے کہا کہ آپ اتنے بے چین کیوں تھے؟ میں طلبا کے مزاج کو آپ سے بہتر جانتا ہوں آپ نے جو پولس کے جوانوں کو امن وامان برقرار رکھنے کے لیے بھیجا تھا انہوں نے اپنی ہوشیاری کو کام میں لا کر اپنی ٹرک کو پٹنہ کالج کے احاطے سے باہر رکھا اور پولس کی مدد لیے بغیر ہر کام بحسن وخوبی انجام پا گیا۔ ڈانگے صاحب ایک امن پسند انسان ہیں اور مجھے ان کی تقریر سے امن وامان میں کوئی خلل پڑنے کا اندیشہ نہ تھا۔ بہر حال میں آپ کی سعی لاحاصل کا شکر گذار ہوں۔

ڈانگے صاحب کی عمر اب ۸۰ سال سے تجاوز کر چکی ہے۔ انہیں کچھ دن پہلے عوامی خدمات کے صلہ میں ''لوک مانیہ تلک اعزاز'' عطا کیا گیا ہے۔

ناانصافی:

ڈانگے صاحب غالباً پہلے اور آخری کمیونسٹ دانشور تھے جنہوں نے پٹنہ کالج میں آکر لکچر دیا۔ عرصہ دراز سے پٹنہ کالج کا یہ دستور رہا ہے کہ کانگریسی لیڈر ''ہر خرے کہ باشد'' کو کالج میں مہمان خصوصی بنا کر بلایا جاتا ہے، جاہلانہ تقریر کرتا ہے اور تالیوں کی گونج میں گھر کی راہ لیتا ہے مگر بڑے سے بڑا کمیونسٹ دانشور کالج میں تقریر کرنے کا حقدار نہیں ہے۔

۱۹۶۱ء کا فاؤنڈیشن ڈے:

۲۴؍ جنوری کو پٹنہ کالج کا فاؤنڈیشن ڈے منایا گیا اس روز کالج کو قائم ہوئے ۹۸ سال ہو چکے تھے۔ طلباء اور اساتذہ کی خواہش تھی کہ فاؤنڈیشن ڈے نہایت شان وشوکت سے منایا جائے مگر پٹنہ یونیورسٹی نے اس کام کے لیے جو رقم منظور کی وہ نہایت ناکافی تھی اس لیے راقم نے جشن کے لیے دو روز کا پروگرام مرتب کیا۔ ۲۴؍ جنوری کو اسپورٹس کے

Marfat.com

شروع ہونے سے پہلے سب کھلاڑیوں نے جو کھیل میں شریک ہونے والے تھے مارچ پاسٹ کر کے راقم کو سلامی دی اور میں نے انہیں چند الفاظ میں مخاطب کرتے ہوئے کھیلوں کی کامیابی کی دعا کی۔ پروفیسر دیبی داس چٹرجی جو اتھیلیٹک کلب کے صدر تھے اپنے رفقاء کار کی مدد سے مقابلوں کو نہایت کامیاب بنایا۔ سہ پہر کو وائس چانسلر نے تشریف لا کر کھلاڑیوں کی ہمت افزائی کی اور اسپورٹس کے اختتام پر حاضرین اور کھلاڑیوں کی ناشتہ سے تواضع کی گئی۔

دوسرے روز ۲۵ر جنوری کو ولسن گارڈن میں جنرل اسمبلی (جلسہ عام) منعقد کیا گیا، چونکہ سردی کافی تھی اس لیے ڈائس پر ایک نہایت خوب صورت شامیانہ لگایا گیا جس کو پھولوں اور مختلف رنگ کی روشنیوں سے مزین کیا گیا تھا۔ جلسہ کے صدر مسٹر جسٹس خلیل احمد تھے، ان سے پہلے پٹنہ کالج کے کسی اولڈ بوائے نے جنرل اسمبلی کی صدارت نہ کی تھی اور جلسہ کے مہمان خصوصی بہار کے وزیر تعلیم کمار گنگانند سنگھ تھے۔ کمار صاحب ایک نہایت بلند خیال، مہذب اور ملنسار انسان تھے۔ جلسہ کے شروع ہونے سے پہلے پرنسپل کے کمرے میں صدر اور مہمان خصوصی کے علاوہ تقریباً پچاس معزز حضرات نے دعوت میں شرکت کی اور انہیں پر تکلف ناشتہ کرایا گیا جس کا انتظام پروفیسر زین العابدین نے نہایت خوش اسلوبی سے کیا تھا۔ اس کے بعد کل حضرات ولسن گارڈن میں جمع ہوئے اور راقم نے جلسہ کی کارروائی شروع کرنے کے لیے صدر سے اجازت لی۔ راقم نے پرنسپل کی سالانہ رپورٹ پڑھ کر سنائی جو چھاپ کر تمام حاضرین جلسہ میں پہلے ہی تقسیم کر دی گئی تھی۔ شاید یہ پہلا موقع تھا کہ پرنسپل کی سالانہ رپورٹ چھاپ کر تقسیم کر دی گئی ہو، اس رپورٹ میں میں نے کالج کی عمارتوں کے متعلق گورنمنٹ کی توجہ دلائی اور گورنمنٹ سے استدعا کی کہ لائبریری، ریڈنگ روم اور اسمبلی ہال کی عمارتیں تعمیر کی جائیں اور اسی کے ساتھ سائیکولوجی بلوک کو دو منزلہ کر دیا جائے، نئے ہوسٹلوں کی تعمیر بھی ضرور کی جائے۔ میں نے اس رپورٹ میں شکایت کی تھی کہ پٹنہ کالج کی عمارت جو ایک تاریخی عمارت ہے اس کو اچھی حالت میں رکھنا گورنمنٹ اور یونیورسٹی کا فرض ہے۔ مجھے اب یہ دیکھ کر خوشی ہوتی ہے کہ گورنمنٹ نے سائیکولوجی بلاک کو دو منزلہ کر دیا، لائبریری کی نئی عمارت بھی بنائی گئی، مگر اسمبلی ہال جس کی کالج کو سخت ضرورت ہے اب تک تعمیر نہ ہو سکا ہے اور کالج کی تاریخی عمارت ہنوز بری

Marfat.com

حالت میں ہے اور کوئی اس کا پرسان حال نہیں۔ رپورٹ کو ختم کرتے ہوئے راقم نے طلباء کو انگریزی میں مخاطب کیا جس کا اردو ترجمہ حسب ذیل ہے:

اس سالانہ اجتماع میں آپ کو خطاب اور خیر مقدم کرنے کا مجھے پہلی بار افتخار حاصل ہو رہا ہے اور یہ میرا آخری موقع بھی ہوگا۔ میں نے اپنی بساط کے مطابق ۲۵ برسوں سے زیادہ پٹنہ کالج کی خدمت کی ہے۔ پٹنہ کالج میرے لیے اس کے ماضی، حال اور مستقبل کے پرنسپل اساتذہ اور طلباء کی گویا رفاقت کی مثال ہے۔ افراد سیمیں پردوں پر سایے کی طرح آئیں گے اور گذر جائیں گے لیکن پٹنہ کالج کی باہمی زندگی متعین دماغ اور مقاصد کے تحت ہمیشہ برقرار رہے گی۔ اگلے برس میں ہمارا کالج اپنی زندگی کی سو سال تمام کرے گا اور مجھے یہ کہنے میں فخر محسوس ہو رہا ہے کہ اس سو سالہ مدت میں پٹنہ کالج کی تاریخ گویا ریاست بہار کی تاریخ رہی ہے۔ ہم نے ہمیشہ شاندار خدمات انجام دی ہیں اور پٹنہ کالج علم و تحقیق کا مقدس مقام رہا ہے جہاں ہر فرقہ، مذہب اور گروہ کے لوگ علم کی دیوی کی پرستش کر سکتے ہیں۔ زندگی کے ہر شعبہ میں ہمارے طلباء کار فرما ہیں اور ان کی کارگزاریوں سے ہماری تاریخ تشکیل پا رہی ہے۔ ہمارے کالج کا ماضی شاندار روایات سے روشن ہے، اس کا مستقبل کیسا ہوگا، یہ کہنا ذرا مشکل ہے لیکن میں یہ صاف طور سے دیکھ رہا ہوں کہ خیالات کے صحرا میں پٹنہ کالج کی حیثیت ہمیشہ علم و عرفان کے نخلستان جیسی رہے گی اور گنگا کے سیمیں دھاروں کی قربت میں یہ فکر و حسن کی جلوہ گاہ بن کر شاداب و سبز رہے گا اب میں اپنے عزیز طلباء کو ایسے حسین اور مبارک موقع پر اپنی نیک خواہشات اور اچھی دعائیں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ آپ ہمیشہ یاد رکھیں کہ آپ عظیم الشان درس گاہ کے طلباء ہیں اس لیے یہ آپ کا فرض ہو جاتا ہے کہ آپ اس کے وقار اور

Marfat.com

اس کی نیک نامی کو برقرار رکھیں، یہ نہ بھولیں کہ زندگی میں کامیابی کا انحصار علمی کمالات حاصل کرنے سے زیادہ کردار کی پختگی، نیک خصلت اور استوار عادات پر ہوتا ہے۔ آپ کا جسم کھلاڑی کا ہو مگر روح رِشی کی ہو۔ آپ ہمیشہ خوش مزاج رہیں اور اس آرزو و سرگرمی کو مرجھانے نہ دیں جسے اللہ تعالیٰ نے تمام کم سن مردوں اور عورتوں کے دلوں کو بخشی ہے۔ آخر میں میں اپنے خطاب کو فارسی کے ایک عظیم شاعر یعنی حافظ کے ایک مشہور شعر پر ختم کرنا چاہتا ہوں جو یہ ہے:

ہاں، مشو امید کہ واقف نئی از سر غیب
باشد اندر پردہ بازیہاے پنہاں غم مخوز

ترجمہ: کبھی ناامید نہ ہو کیونکہ تم خدا کے فضل سے آگاہ نہیں ہو یہ ہمیشہ یاد رکھو کہ پس پردہ ہزاروں راز نہاں ہیں۔ اس لیے تم کبھی غم گین نہ ہو۔ خدا تمہیں ہمیشہ سلامت رکھے:

راقم کے سالانہ رپورٹ پڑھنے کے بعد جلسہ کے صدر مسٹر جسٹس خلیل احمد نے طلباء اور طالبات کو تقسیم انعامات و اسناد کیا جس میں آدھ گھنٹہ سے زیادہ کا وقت صرف ہوا۔ اس کے بعد صدر موصوف نے پٹنہ کالج کی خدمتوں کا تذکرہ کرتے ہوئے انگریز اور ہندوستانی پروفیسروں کو اپنا خراج عقیدت پیش کیا جنہوں نے پٹنہ کالج کی کامیابی اور فروغ کے لیے اپنی کوئی کوشش اٹھانہ رکھی تھی۔ یہ انہیں کی خدمات کا صلہ ہے کہ پٹنہ کالج آج ہندوستان کے مشہور ترین کالجوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ یہاں کے فارغ التحصیل طلباء زندگی کے ہر شعبہ میں خصوصاً ملازمت، سیاست اور علمی پیشوں میں نظر آئیں گے اور انہوں نے اپنی خدمات کی بدولت سربلندی حاصل کی ہے۔ صدر موصوف نے سب سے پہلے سر سید علی امام کا تذکرہ کیا جن کی کاوشوں کی بدولت ۱۹۱۲ء میں صوبہ بہار عالم وجود میں آیا۔ اسی کے ساتھ سر گنیش دت سنگھ کی تعریف کرتے ہوئے ان کی خدمات کو سراہا جنہوں نے اپنی آمدنی کا بیشتر حصہ قوم کی تعلیم کے لیے وقف کر دیا اور چار لاکھ روپے کا عطیہ پٹنہ یونیورسٹی کو اعلیٰ

Marfat.com

تعلیم پر خرچ کرنے کے لیے دیا ہے۔ دوران تقریر صاحب موصوف نے ڈاکٹر سچید انند سنہا کی بھی تعریف کی جنہوں نے ایک نہایت اچھا کتب خانہ اور انسٹی ٹیوٹ پٹنہ میں قائم کیا ہے۔ پٹنہ کالج کو اپنے ان سپوتوں پر ناز ہے اور ان کے کارنامے ناقابل فراموش ہیں۔ آخر میں موصوف نے فرمایا کہ پٹنہ کالج کی تاریخ در حقیقت بہار کی تاریخ ہے جس پر ہم لوگ جتنا بھی فخر کریں کم ہے۔ اور اپنے خطبہ کو دعا پر ختم کیا۔

جب صدر اپنا خطبہ ختم کر چکے تو حاضرین جلسہ میں تین حضرات نے ان کا شکریہ ادا کیا۔ اکبر حسین صاحب جو اس زمانہ میں پٹنہ یونیورسٹی کے خزانچی کے عہدے پر مامور تھے، فرمایا کہ پٹنہ کالج کے اولڈ بوائے ہونے کی حیثیت سے میرا یہ فرض ہے کہ مجھ سے جو کچھ بھی ممکن ہو سکے پٹنہ کالج کے لیے کروں۔ پرنسپل نے جوابی رپورٹ میں پٹنہ کالج کی ضروریات کی فہرست پیش کی ہے، میں ان کی طرف چانسلر اور وائس چانسلر کی توجہ مبذول کراؤں گا اور امید ہے کہ اس کا نتیجہ اچھا نکلے گا۔ اس کے بعد رائے برج راج کرشن جو پٹنہ یونیورسٹی کے سینٹ اور سنڈیکیٹ کے باا ثر ممبر تھے انہوں نے اپنی تقریر میں یاد دہانی کرائی کہ اس سال کے بجٹ میں پٹنہ یونیورسٹی کافی رقم پٹنہ کالج کی ترقیات کے لیے رکھے گی۔ سب سے آخر میں مسٹر سید حیدر امام بیرسٹر نے شکریہ ادا کیا اور اپنے زمانے کے طلبا اور چند مشہور واقعات کو یاد دلاتے ہوئے ان اساتذہ کا تذکرہ کیا جنہوں نے پٹنہ کالج کے نام کو روشن کیا ہے۔ موصوف کی تقریر کے بعد جلسہ کی کارروائی ختم ہو گئی۔

راقم نے پبلک ریلیشن ڈیپارٹمنٹ سے فوٹو گرافر بلا کر فونڈیشن ڈے کی کل کارروائیوں کی تصویریں لیں جن میں سے چند تصویریں میرے پاس اب تک بہ طور یادگار موجود ہیں۔ اس کے علاوہ کل کارروائیوں پر مبنی ایک رنگین فلم تیار کی گئی تھی جس کی نمائش کالج میں کی گئی اور لڑکوں نے اس فلم کو نہایت شوق سے دیکھا اور پسند کیا۔ معلوم نہیں یہ یادگار رنگین فلم پٹنہ کالج میں اب تک محفوظ ہے یا ضائع کر دی گئی۔

رسل لکچر:

جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ چارلس رسل جو پٹنہ کالج کے پرنسپل تھے ان کی یاد

Marfat.com

میں ایک لکچر دیا جاتا ہے جو رسل لکچرر کے نام سے مشہور ہے۔ تقریباً سات سال سے یہ لکچر نہیں دیا گیا تھا، اس لیے میں نے وائس چانسلر مسٹر وشسٹ نرائن رائے سے اس لکچر کے دیئے جانے کے متعلق باتیں کیں۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ صاحب موصوف اور راقم اس سلسلہ میں ڈاکٹر ذاکر حسین سے، جو اس زمانے میں چانسلر تھے مل کر تمام باتوں کو طے کرلیں۔ ایک ہفتہ بعد صاحب موصوف اور میں نے ڈاکٹر ذاکر حسین سے پٹنہ کے راج بھون میں جاکر ملاقات کی اور ان سے استدعا کی کہ کسی ایسے ممتاز شخص کا نام تجویز کریں جو اپنی علمی صلاحیت کے لیے بین الاقوامی شہرت رکھتا ہو۔ ڈاکٹر ذاکر حسین نے برجستہ پروفیسر ہمایوں کبیر کا نام تجویز کیا جو اس زمانے میں حکومت ہند کے وزیر تھے اور اپنی قابلیت کے لیے بہت مشہور تھے۔ راقم کو یہ نام بہت پسند آیا کیونکہ پروفیسر ہمایوں کبیر میرے عزیز دوستوں میں تھے اور میں ان کی بڑی قدر کرتا تھا۔ ڈاکٹر ذاکر حسین نے پروفیسر موصوف کو خط لکھ کر اس کام کے لیے راضی کیا اور ان کے لکچر کی تاریخ ۱۶/ اپریل ۱۹۶۱ء مقرر کرائی۔ تقریر کا موضوع "مرزا ابو طالب خان" تھا۔ لکچر کا معاوضہ پانچ سو روپیہ تھا اور اس معاوضہ کے علاوہ آمد و رفت کا خرچ بھی دیا جاتا تھا۔ یہ رقم رسل میموریل فنڈ سے ادا کی جاتی تھی۔ مسٹر وشسٹ نرائن رائے نے وعدہ کیا کہ لکچر کے دن حاضرین کو جو دعوت دی جانے والی تھی اس کا کل خرچ یونیورسٹی کے فنڈ سے ادا ہوگا اور یہ بھی کہا کہ لکچر کی طباعت میں جو خرچ ہوگا یونیورسٹی برداشت کرے گی۔ پروفیسر ہمایوں کبیر کا لکچر ۱۶/ اپریل ۱۹۶۱ء کو ساڑھے چار بجے پٹنہ کالج کے ولسن گارڈن میں ہوا جس کی صدارت ڈاکٹر ذاکر حسین نے کی۔ راقم نے پروفیسر ہمایوں کبیر کا خیر مقدم کرتے ہوئے صاحب موصوف کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے اس گرمی کے موسم میں تشریف لاکر ہم لوگوں کو اپنی عالمانہ تقریر سننے کا موقع دیا۔ پروفیسر ہمایوں کبیر نے اپنے لکچر کے افتتاح میں فرمایا کہ مرزا ابو طالب خاں ایک نہایت ذہین اور عاقل انسان تھے جنہوں نے مختلف موضوعات پر کتابیں لکھی ہیں۔ شاعر بھی تھے اور ان کا دیوان انگریزی زبان میں ترجمہ ہو کر ۱۸۰۷ء میں لندن میں شائع ہوا ہے۔ انہوں نے اپنا سفر نامہ بھی لکھا ہے مگر بحیثیت ایک مورخ کے وہ کافی شہرت کے حامل ہیں۔ وہ ۱۷۵۲ء میں لکھنؤ میں پیدا ہوئے اور اپنے دوست کیپٹن ڈیویڈ رچرڈسن کے ساتھ ۱۷۹۹ء میں برطانیہ گئے جہاں وہ

Marfat.com

۱۸۰۲ء تک قیام پذیر رہے۔ بعد میں وہ فرانس، اٹلی، ترکی اور عراق کا سفر کر کے ۱۸۰۳ء میں ہندوستان واپس آئے۔ ۹۲۔۱۷۹۱ء میں انہوں نے اپنی کتاب خلاصۃ الافکار تصنیف کی جس میں پانچ سو قدیم اور جدید شعراء کا تذکرہ ہے۔ ۱۸۰۴ء میں مرزا ابو طالب خاں نے علم ہیئت پر ایک کتاب تصنیف کی جو قابل تعریف ہے۔ انگریزوں کے متعلق ان کا خیال تھا کہ ان میں مذہبیت کی کمی ہے، ان کے مزاج میں بیجا غرور ہے، اور دوسری قوموں کی رسم و رواج کو نہایت حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں، مگر ان کی حب الوطنی، قومی کاموں میں سرگرم رہنا اور سائنس کو ترقی دینا ان کی بڑی خوبیاں ہیں۔ مرزا ابو طالب خاں آئرلینڈ کے باشندوں کی غربت کا تذکرہ کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ انہیں ایسے لوگوں سے ملاقات ہوئی جن کے پاس اتنی رقم بھی نہ تھی کہ جوتے خرید سکیں اور یہ لوگ سردی کے ایام میں بھی ننگے پاؤں سنگلاخ راستوں پر چلتے تھے۔ مرزا ابو طالب خاں کا خیال تھا کہ حکمرانوں کی عیش پرستی اور فضول خرچی حکومتوں کے زوال کا سبب ہوتی ہے اور وہ رومیوں کی سلطنت یورپ میں اور مغلوں کی سلطنت ہندوستان میں مثال کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ ہمایوں کبیر صاحب نے لکچر کے اخیر میں کہا کہ مرزا ابو طالب خاں نے ان سب اصولوں کو نہایت تشریح کے ساتھ بیان کر دیا ہے جنہیں کارل مارکس نے پچاس برس کے بعد دنیا کے سامنے پیش کیا۔ ابو طالب خان کی وفات ۱۸۰٦ء میں ہوئی۔ ہمایوں کبیر صاحب کا ابو طالب خاں پر عالمانہ انگریزی لکچر کتابی شکل میں پٹنہ یونیورسٹی نے ۱۹٦۱ء میں شائع کیا ہے۔

لکچر کے اختتام پر ڈاکٹر ذاکر حسین نے پروفیسر ہمایوں کبیر کی خوبیوں کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ ہندوستان میں کون ایسا آدمی ہے جو ان سے واقف نہیں ہے۔ وہ فلسفی ہیں، شاعر ہیں، مورخ ہیں، اور ایک نہایت نامور دانشور۔ قوم کی خدمت کے لیے سیاست میں آئے ہیں اور اپنی انتھک کوششوں سے دنیا کی قوموں میں ہندوستان کا درجہ بلند کر رہے ہیں۔

لکچر کے ختم ہونے کے بعد ڈاکٹر ذاکر حسین اور پروفیسر ہمایوں کبیر کے ساتھ اساتذہ اور معزز حاضرین جلسہ پٹنہ کالج کے نیو جمنازیم میں تشریف لے گئے جہاں پٹنہ یونیورسٹی کی طرف سے ایک نہایت پر تکلف دعوت دی گئی جس میں وائس چانسلر نے نہایت خوش اسلوبی سے میزبانی کے فرائض انجام دیئے۔ ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب نے رات کے

Marfat.com

کھانے پر دس حضرات کو مدعو کیا جس میں راقم بھی شریک تھا۔ ڈاکٹر ذاکر حسین ایک نہایت خوش گفتار انسان تھے۔ انہوں نے ابو طالب خاں کے متعلق کچھ ایسی باتیں کہیں جن سے ہم لوگ واقف نہ تھے۔

دوسرے دن پروفیسر ہمایوں کبیر دہلی واپس چلے گئے۔ جب پانچ سو روپیہ معاوضہ کی رقم راقم نے پیش کی تو وہ اس کو لینے کے لیے تیار نہ تھے مگر میرے بہت اصرار پر معاوضہ کی رقم قبول کر لی۔ قبل اس کے کہ پٹنہ کالج کی داستان ختم کی جائے یہ بیجا نہ ہو گا کہ راقم ان اساتذہ کا شکریہ ادا کرے جن کے ساتھ راقم نے ۲۵ سال تک شعبہ، عربی، فارسی اور اردو میں خدمات انجام دی ہیں ان کے اسماء گرامی یہ ہیں:

شعبۂ عربی: (۱) ڈاکٹر علی حسن (۲) کپتان محمد اسماعیل (۳) ڈاکٹر سید احمد (۴) حافظ محمد قدوس

شعبۂ فارسی: پروفیسر عبد المنان بیدلؔ (۲) پروفیسر حافظ شمس الدین احمد (۳) پروفیسر عبد المجید (۴) پروفیسر سید حسن (۵) پروفیسر افسر الدولہ فیاض الدین حیدر (۶) ڈاکٹر محمد صدیق (۷) پروفیسر سید شاہ عطاء الرحمٰن۔

شعبۂ اردو: (۱) پروفیسر سید نجم الہدیٰ (۲) ڈاکٹر اختر احمد اورینوی (۳) ڈاکٹر سید صدر الدین احمد (۴) ڈاکٹر ممتاز احمد (۵) پروفیسر جمیل مظہری۔

پٹنہ کالج سے علیحدگی:

رسل لکچر ختم کرانے کے بعد راقم کو پٹنہ کالج چھوڑنے کے لیے صرف دو ہفتے باقی رہ گئے تھے جن میں تمام کاموں کو ختم کر دینا تھا۔ میں نے حتی الوسع باقی کاموں کو نہایت ہی ذمہ داری سے انجام دیا۔ ۳۰ ر اپریل ۱۹۶۱ء کو مسٹر وشٹ نرائن رائے وائس چانسلر پٹنہ یونیورسٹی نے ڈاکٹر پرمیشور دیال جو صدر شعبہ جغرافیہ تھے انہیں میرے پاس بھیجا کہ مجھ سے پرنسپل کے عہدے کا چارج لے لیں۔ میں نے چارج شیٹ پر صاحب موصوف کا دستخط کرایا اور اپنا دستخط بھی اس پر ثبت کر کے پٹنہ کالج کے بڑے بابو کو کاغذ حوالہ کر دیا۔ ان الماریوں کی کنجیاں جن میں ضروری کاغذات بند تھے، ڈاکٹر پرمیشور دیال کو دے دیا۔ اور ہر بابو اور رہر

Marfat.com

چپراسی سے مصافحہ کر کے پٹنہ کالج کو الوداع کہا۔ ۱۹۲۴ء میں راقم بحیثیت طالب علم پٹنہ کالج میں داخل ہوا تھا اور ۳۰/اپریل ۱۹۶۱ء تک یہاں مختلف خدمات انجام دیتا رہا۔ پٹنہ کالج سے میرا ایک روحانی تعلق تھا اس لیے اس کے چھوڑنے کا مجھے بڑا صدمہ ہوا۔ اپنے بنگلہ پر جا کر اللہ کا شکر ادا کیا کہ ۲۵ سال کی سرکاری ملازمت عزت و وقار کے ساتھ ختم ہوئی۔

راقم نے ہر مذہب اور ہر فرقے کے لوگوں کے ساتھ کالج اور یونیورسٹی میں ۲۵ سال تک خدمت انجام دی۔ مگر اس لمبی مدت میں اپنے رفقاء سے کسی موقع پر اختلاف کی نوبت نہ آئی اور یہ میرے لیے بڑے فخر کی بات ہے۔ شاگردوں کی بے پایاں محبت ہمیشہ میرے ساتھ رہی اور آج بھی جب اپنے پرانے شاگردوں سے کہیں ملاقات ہو جاتی ہے تو یہ لوگ راقم سے نہایت محبت، خلوص اور احترام سے پیش آتے ہیں۔

میری ایک خواہش جو پوری نہ ہو سکی:

ملازمت کی ابتداء میں راقم نے یہ فیصلہ کر لیا تھا کہ پنشن پانے کے بعد اپنے گاؤں نیورہ جا کر رہوں اور دیہاتی زندگی بسر کروں۔ والد صاحب نے میرے اس خیال سے متفق ہو کر نیورہ کا وسیع مکان قانونی طور سے میرے نام منتقل کر دیا۔ مگر میری یہ دیرینہ تمنا پوری نہ ہو سکی۔ بہار کی کانگریسی حکومت نے زمینداری کا خاتمہ کر دیا اور ہم لوگوں کے لیے جو متوسط طبقے کے زمیندار تھے روز روز کی بڑھتی ہوئی بدامنی کے سبب دیہاتوں میں رہنا غیر ممکن ہو گیا۔ حالات سے تنگ آ کر راقم نے پٹنہ میں اپنا ایک رہائشی مکان تعمیر کرایا جس میں زندگی گزر رہی ہیں۔

Marfat.com

تیرہواں باب

بہار پبلک سروس کمیشن کی ممبری

(۱۹۶۱ء سے ۱۹۶۵ء)

مسلم ممبر کی جگہ:

راقم جب ۱۹۶۰ء میں پٹنہ کالج کا پرنسپل مقرر ہوا تو اس زمانہ میں بہار پبلک سروس کمیشن میں ایک ممبر کی جگہ خالی تھی۔ مسٹر محمد یحییٰ جو کمیشن میں مسلم ممبر تھے تقریباً دو سال پہلے اپنی ملازمت کی مدت پوری کر کے جا چکے تھے اور ایک مسلم ممبر کی تلاش تھی۔ کئی پنشن یافتہ مسلم افسران اس جگہ پر اپنی تقرری چاہتے تھے اور وزیر اعلیٰ اور دوسرے وزراء کے یہاں جا کر اپنے کو اس عہدہ کا حقدار بتاتے تھے۔ میں نے نہ کہیں جا کر پیروی کی اور نہ کسی سے اپنی خدمت کا تذکرہ کیا۔ راقم پوری عمر معلمی کی زندگی بسر کرتا رہا تھا اور اس کی تمنا صرف یہ تھی کہ کچھ دنوں اور پٹنہ کالج میں بحیثیت پرنسپل رہ جائے۔ ڈاکٹر ملی بھدر پرشاد وائس چانسلر پٹنہ یونیورسٹی اور سردار سرن سنگھ سکریٹری محکمہ تعلیم کی بھی یہی خواہش تھی کہ میں ۳۰ اپریل ۱۹۶۱ء کے بعد بھی کچھ برسوں تک پٹنہ کالج کا پرنسپل رہوں۔ اس زمانے کے وزیر تعلیم میرے سخت مخالف تھے۔ اور ۳۰ اپریل ۱۹۶۱ء کے بعد مجھے پرنسپل کے عہدہ پر توسیع مدت دینے کے لیے تیار نہ تھے اور ایک حکم صادر کر کے مجھے پہلی مئی ۱۹۶۱ء سے پٹنہ کالج کی خدمت سے سبکدوش کر دیا۔ مجھے اس حکم سے کوئی مالی نقصان کا اندیشہ نہ تھا کیونکہ نئے قاعدے کے مطابق میں ۶۲ برس کی عمر تک یونیورسٹی پروفیسر رہ سکتا تھا۔

Marfat.com

ڈاکٹر سری کرشن سنگھ سے میری باتیں:

اس زمانہ میں ڈاکٹر سری کرشن سنگھ بہار کے وزیر اعلیٰ تھے۔ موصوف نے شری راجن دھاری سنگھ سے جو بہار پبلک سروس کمیشن کے چیئرمین رہ چکے تھے، مشورہ کیا کہ اس جگہ پر کس مسلمان کی تقرری کی جائے۔ مسٹر راجن دھاری سنگھ نے برجستہ راقم کا نام پیش کیا اور وزیر اعلیٰ کے یہاں دوسرے دن میری طلبی ہوئی۔ جب میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا تو موصوف نے مجھ سے دریافت کیا کہ کیا میں بہار پبلک سروس کمیشن کا ممبر ہونا قبول کروں گا؟ میں نے وزیر اعلیٰ سے جواب کے لیے دو روز کی مہلت طلب کی اور گھر واپس چلا آیا۔ دوسرے روز راج بھون جا کر میں نے ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب سے جو اس زمانہ میں بہار کے گورنر تھے کل باتیں عرض کر دیں۔ صاحب موصوف نے مشورہ دیا کہ میں اپنی منظوری بلا تاخیر وزیر اعلیٰ کو دے دوں۔ اسی شام میں نے اپنے دوست پروفیسر ہمایوں کبیر کو جو اس زمانے میں حکومت ہند کے وزیر تھے اس ملازمت کے متعلق ٹیلی فون پر باتیں کیں، جواباً انہوں نے کہا کہ میں دو چار روز میں پٹنہ آنے والا ہوں۔ مجھے راج بھون میں بلایا اور ذاکر صاحب نے پروفیسر ہمایوں کبیر سے باتیں کر کے یہ فیصلہ کیا کہ میں ڈاکٹر سری کرشن سنگھ کو اپنی رضامندی سے آگاہ کر دوں۔ ڈاکٹر سری کرشن سنگھ سے ہمارے والد مرحوم کے بڑے اچھے مراسم تھے اور صاحب موصوف مجھ پر بہت مہربان رہا کرتے تھے۔ جب میں نے صاحب موصوف کو اپنی رضامندی لکھ کر دے دی تو وہ بہت خوش ہوئے۔ فوراً بہار پبلک سروس کمیشن کی فائل منگا کر انہوں نے راقم کے نام کو غیر رسمی طریقے سے زرد کاغذ پر لال پنسل سے لکھ کر متعلقہ فائل میں رکھ دیا اور مجھے یقین دلایا کہ تقرری کا حکم بہت جلد صادر کر دیا جائے گا۔ ڈاکٹر سری کرشن سنگھ سے راقم کی یہ آخری ملاقات تھی۔ اس ملاقات کے کچھ دنوں بعد ڈاکٹر ی سری کرشن کانگریس کے جلسہ میں شرکت کے لے پٹنہ سے جا رہے تھے کہ کلکتہ میں اچانک سخت بیمار پڑ گئے۔ ایک ماہ تک وہیں علاج ہوتا رہا مگر کوئی افاقہ نہ ہوا اور پٹنہ واپس لائے گئے۔ یہاں آ کر چند دنوں بعد قضا کر گئے۔ ان کی موت سے مجھے سخت صدمہ ہوا اور ان کی آخری رسومات میں راقم ہر جگہ شریک ہوا۔ میرے مخالفوں کو یقین ہو گیا کہ

Marfat.com

ڈاکٹر سری کرشن سنگھ کی موت کے ساتھ میری تقرری کا معاملہ بھی ختم ہوگیا اور ان حضرات نے پھر اپنی دوڑ دھوپ شروع کردی۔ راقم نے بھی اپنے ذہن سے اس معاملہ کو نکال دیا۔

پنڈت بنود انند جھا کا وزیر اعلیٰ ہونا اور میرا انتخاب:

ڈاکٹر سری کرشن سنگھ کے بعد شری بنود انند جھا بہار کے مستقل وزیر اعلیٰ مقرر ہوئے۔ یہ نہایت ہی پاک صاف قسم کے انسان تھے اور راقم ان کا بڑا احترام کرتا تھا۔ صاحب موصوف سے میری ملاقات کچھ عرصہ سے تھی۔ ان دنوں پروفیسر نتیانند مشرا پٹنہ کالج کے احاطہ میں رہا کرتے تھے اور شری بنود انند جھا سے ان کے بڑے اچھے تعلقات تھے۔ وزیر اعلیٰ موصوف پروفیسر نتیانند مشرا کے یہاں اکثر آیا کرتے تھے۔ پروفیسر نتیانند مشرا اور دوسرے دوستوں کے مشورے سے میں نے پنڈت بنود انند جھا سے ان کی رہائش گاہ پر جاکر ملاقات کی۔ انہوں نے اپنے پی۔ اے کو بلا کر کہا کہ ایک ہزار فائل جو سری بابو کے یہاں سے آئی ہیں ان میں بہار پبلک سروس کمیشن والی فائل کو لاؤ۔ وہ فائل لے کر آئے اور کہا کہ یہ فائل مجھے بہت جلد مل گئی۔ پیلے رنگ کا غیر رسمی کاغذ جس پر سری بابو نے سرخ پنسل سے میرا نام لکھا تھا سب سے اوپر فائل میں رکھا ہوا تھا۔ اس کو دیکھ کر پنڈت جی خوش ہوئے اور انہوں نے فرمایا کہ شری بابو کی خواہش کو میں ضرور پورا کروں گا اور آپ اطمینان رکھیں۔ میں اسی ہفتہ میں اس کاغذ کو کیبینٹ کے جلسہ میں پیش کروں گا اور تمہاری تقرری بھی ضرور ہو جائے گی۔ وزیر صحت شری بیر چند پٹیل جو تمہارے دوست ہیں اس کی خبر تمہیں دے دیں گے۔ اس روز میں پنڈت جی کے یہاں بہت تھوڑی دیر تک ٹھہرا، کیونکہ موصوف کسی شادی کی تقریب میں شرکت کو جا رہے تھے۔ پنڈت جی نہایت باوضع انسان تھے اور جس شادی میں شریک ہوتے کچھ نہ کچھ تحفہ ضرور لے کر جاتے۔ جب میری تقرری کیبینٹ سے منظور ہو گئی تو مسٹر بیر چند پٹیل نے کچھ مٹھائیاں اپنے چپراسی کے معرفت میرے پاس بھیجیں جس سے میں سمجھ گیا کہ میری تقرری ہو گئی ہے۔ دوسرے روز مسٹر بیر چند پٹیل کی رہائش گاہ پر جاکر ان کا شکریہ ادا کیا اور کئی روز بعد پنڈت جی سے مل کر ان کی دعائیں لیں۔

Marfat.com

میری تقرری کا حکم نامہ:

۱۲ر اپریل ۱۹۶۱ء کو حکومت بہار نے اعلان کیا کہ دستور ہند کے آرٹیکل نمبر ۳۱۶ کے مطابق گورنر بہار نے راقم کو بہار پبلک سروس کمیشن کا ممبر مقرر کردیا۔ دوسرے روز میری تقرری کی خبر انگریزی اور اردو اخباروں میں شائع ہوئی۔ راقم کی تقرری پر اردو اخبار "صدائے عام" نے ایک اداریہ لکھا جو حسب ذیل ہے:

ڈاکٹر اقبال حسین کا نیا عہدہ

اس خبر سے کہ جناب ڈاکٹر اقبال حسین، پرنسپل پٹنہ کالج کو بہار پبلک سروس کمیشن کا ممبر مقرر کیا گیا ہے، تمام حلقوں میں بجا طور پر اظہار مسرت ہوگا۔ وہ ہر لحاظ سے اس جلیل القدر عہدہ کے مستحق تھے۔ حق بحقدار رسید۔ ہم ڈاکٹر صاحب موصوف کو اس کامیابی پر تہہ دل سے مبارک باد پیش کرتے ہیں، اور یہ امید کرتے ہیں کہ جس طرح مختلف عہدوں پر وہ اپنے فرائض حسن وخوبی سے انجام دے کر تمام طبقوں میں مقبول رہے ویسے ہی پبلک سروس کمیشن کے ممبر کی حیثیت سے بھی شہرت اور مقبولیت حاصل کریں گے۔ جناب اقبال حسین اپنی انتظامی صلاحیت کے لیے اتنے ہی مشہور ہیں جتنے اپنے تعلیمی و تدریسی تجربوں کے لیے۔ تعلیمی حلقوں نے ان کو برابر ہی اچھا معلم، اچھا ادیب، اچھا مفکر اور اچھا منتظم سمجھا۔ ان کی قابلیتوں اور صلاحیتوں کا مختلف صورتوں سے دور ونزدیک شہرہ ہوا۔ انعامی اور امتیازی وظیفے اور عہدے بھی پیش ہوئے۔ کسی کو انہوں نے قبول کیا اور کسی کو ذاتی مصلحت کی بنا پر رد کردیا۔ صاف گو، انصاف پسند، خوش اخلاق اور خوش گفتار ہیں۔ جہاں بیٹھتے ہیں لوگوں کو اپنی طرف کھینچ لیتے ہیں۔ منکسر مزاج ہیں۔ بڑے سے بڑا عہدہ ان کی رفتار وگفتار میں فرق نہیں لاسکا شکایتوں کو سننا اور خرابیوں اور خامیوں کو دور کرنا انہوں نے برابر اپنا شیوہ بنایا۔ بڑی خوبی یہ ہے کہ بے خوف ہیں۔ لگی لپٹی نہیں رکھتے۔ درباروں سے ہمیشہ دور رہے۔ کوشش وپیروی سے نہیں بڑھے۔ پٹنہ یونیورسٹی سے ڈین آف آرٹس باتفاق رائے چنے گئے۔ ان کی اس کامیابی نے فارسی، عربی اور اردو کے شعبوں کا نام اونچا کردیا۔ اس مزید کامیابی سے ان شعبوں کے نام میں اور بھی چار چاند لگ گیے۔"

Marfat.com

کمیشن کی ممبری کا عہدہ سنبھالا:

پہلی مئی ۱۹۶۱ء کو راقم نے پبلک سروس کمیشن کے دفتر میں جاکر ممبری کا عہدہ سنبھالا۔ مسٹر کے۔ایس۔وی رمن کمیشن کے چیئرمین تھے۔ان کے علاوہ مسٹر بی۔ایم۔کے سنہا اور مسٹر رام جیون سنگھ ممبران تھے۔ مسٹر بی۔ایم۔کے۔سنہا انگریزی کے پروفیسر، پرنسپل اور بہار یونیورسٹی کے رجسٹرار رہ چکے تھے۔راقم ان سے خوب واقف تھا۔ دوسرے ممبر مسٹر رام جیون سنگھ تھے جو ضلع اور سیشن جج کے عہدہ سے پنشن پاکر کمیشن میں آئے تھے۔راقم ان سے بالکل واقف نہ تھا۔ کمیشن کے سکریٹری مسٹر جون لال تھے جنہوں نے پٹنہ کالج سے ۱۹۲۶ء میں راقم کے ساتھ بی۔اے پاس کیا تھا اور اے ڈی ایم ہو کر پنشن پائی تھی۔جب میں کمیشن آفس پہنچا تو مسٹر جون لال نہایت خوش خوش میرے استقبال کے لیے آئے اور مسٹر کے ایس وی رمن کے کمرے میں مجھے لے گئے۔رمن صاحب سے میں خوب واقف تھا۔ نہایت دلچسپ آدمی تھے۔ بہار کے چیف سکریٹری کے عہدہ سے پنشن پاکر بہار پبلک سروس کمیشن کے چیئرمین مقرر کیے گئے تھے۔ صاحبِ موصوف بہت اچھی انگریزی لکھتے اور بولتے تھے۔ فائلوں پر مختصر نوٹ لکھتے اور اکثر ان کی تحریر ایسی بدخط ہوتی کہ راقم کے لیے پڑھنا دشوار ہو جاتا تھا۔ اکثر ہندو امیدوار جو دیہاتوں سے آتے انگریزی الفاظ کو نہایت ہی برے طور سے ادا کرتے تھے۔ "Is" کو "Ij"، "Was" کو "Waj" اور "Because" کو "Becauje" بولتے تھے۔انگریزی تلفظ کی بے شمار غلطیاں کیا کرتے تھے۔ایسے امیدواروں کو صاحب موصوف "مسٹر بیکاؤج" (Mr. Becauje) کے نام سے مخاطب کرتے تھے۔ راقم بہار میں اب تک اچھے اچھے افسروں کو "اِج" "واج" "بیکاؤج" کہتے ہوئے سنتا ہے۔ صاحب موصوف نہایت ہی ملنسار، خوش مزاج اور غیر متعصب انسان تھے۔ وقت کے بڑے پابند تھے اور آفس کبھی بھی دیر کر کے نہ آتے تھے۔ سگریٹ خوب پیتے تھے اور انہیں باغبانی کا بڑا شوق تھا۔ موصوف کے زمانے میں پبلک سروس کمیشن کا احاطہ ہر طرح کے موسمی پھولوں سے سالوں بھر گلزار رہتا تھا۔ ہم لوگ جاڑوں میں امیدواروں کا انٹرویو میدان میں لیا کرتے تھے جہاں اردگرد طرح طرح کے

Marfat.com

پھول کھلے رہتے تھے۔ موصوف وزیر اعلیٰ یا کسی دوسرے وزیر کے یہاں بغیر بلائے نہ جایا کرتے تھے۔ اگر کوئی وزیر یا بڑا آدمی ان سے کسی امیدوار کے متعلق پیروی کرتا تو اس کا کوئی اثر ان پر نہ ہوتا تھا۔ انگریزی راج کے پرانے واقعات کو نہایت دلچسپ انداز سے راقم کو سنایا کرتے تھے۔ کتابوں کے پڑھنے کا بڑا شوق تھا، خصوصاً تواریخ۔ موصوف دکھنی بھارت کے رہنے والے تھے اور ہندی سے ان کا کوئی خاص لگاؤ نہ تھا۔ راقم انہیں اردو کی نظمیں اور غزلیں سنایا کرتا اور ان کا ترجمہ انگریزی میں کر دیا کرتا تھا۔ موصوف کا علمی ذوق بہت بلند تھا اور انہیں بہت سے انگریزی اشعار یاد تھے، راقم کو موصوف کے ساتھ کمیشن میں کام کرنے کا ایک سال کا موقع ملا۔ اس کے بعد وہ یونیورسٹی سروس کمیشن کے چیرمین ہو کر چلے گئے۔ راقم ان کے یہاں کبھی کبھی جایا کرتا تھا اور وہ بھی از راہ کرم میرے یہاں آیا کرتے تھے۔ کئی سال ہوئے کہ حرکت قلب بند ہو جانے سے فوت کر گئے۔ موصوف انڈین سیول سروس کے ایک نامی افسر تھے اور انگریزی حکومت ان کی بڑی قدر کرتی تھی۔

پروفیسر بی۔ ام۔ کے۔ سنہا:

جب میں کمیشن کا ممبر ہو کر گیا تو ایک ممبر مسٹر بی۔ ام۔ کے سنہا تھے جنہوں نے لندن یونیورسٹی سے انگریزی میں ایم۔ اے کی ڈگری حاصل کی تھی۔ بی۔ این۔ کالج میں انگریزی کے پروفیسر رہے اور بعد میں دربھنگہ کالج کے پرنسپل اور بہار یونیورسٹی کے رجسٹرار ہوئے۔ کمیشن کی ملازمت پوری کرنے کے بعد کچھ عرصہ تک بہار یونیورسٹی کے وائس چانسلر بھی رہے۔ مسٹر بی۔ ایم۔ کے۔ سنہا اچھی اور بامحاورہ انگریزی کمیشن کی فائلوں پر لکھا کرتے تھے۔ راقم نے شاید ہی کبھی ان کے نوٹ سے اختلاف کیا ہو۔ ملازمت سے سبکدوش ہونے کے کچھ دنوں پہلے ہندی زبان میں فائلوں پر کئی نوٹس تحریر فرمایا۔ چونکہ راقم ہندی زبان سے بالکل واقف نہ تھا اس لیے میں نے موصوف سے استدعا کی کہ کمیشن کی فائلوں پر حسب دستور انگریزی میں نوٹ لکھا کریں جس سے مجھے کام میں آسانی ہو سکے۔ صاحب موصوف نے از راہ کرم ایسا ہی کیا۔ موصوف کی عمر اس وقت اسی ۸۰ سال سے تجاوز کر چکی ہے مگر لکھنے پڑھنے کا شوق جاری ہے۔ انگریزی اخبار اور رسالوں میں مضامین لکھا کرتے ہیں

Marfat.com

جنہیں لوگ شوق سے پڑھا کرتے ہیں۔ موصوف نہایت ہی مہذب، ملنسار اور باوقار انسان ہیں۔ دفتر انگریزی لباس پہن کر آیا کرتے تھے صاحب موصوف سے راقم کے بہت اچھے تعلقات تھے اور اکثر ان سے مختلف طرح کی باتیں ہوا کرتی تھیں۔ مسٹر سنہا نے ہندی ادب کا گہرا مطالعہ کیا تھا اور اس زبان کی جدید شاعری سے بھی خوب واقف تھے۔ مسٹر بی این روہتگی نے جو ان دنوں کمیشن کے چیئرمین تھے مجھ سے کہا کہ جس روز مسٹر سنہا کمیشن کے کاموں سے سبکدوش ہوں انہیں ایک عصرانہ دیا جائے اور اس میں چند معزز لوگوں کو بلایا جائے۔ موصوف کی یہ رائے مجھے پسند آئی اور میں نے دو چار روز پہلے پنڈت بنو دانند جھا (وزیر اعلیٰ، بہار)، مسٹر بیر چند پٹیل (وزیر صحت بہار) مسٹر سہدیو مہتو (نائب وزیر بہار)، ڈاکٹر ڈی این سنگھ (پرنسپل انجینئرنگ کالج)، مسٹر محمد یحییٰ (سابق ممبر بہار پبلک سروس کمیشن) کو ٹیلی فون سے عصرانہ میں شرکت کی دعوت دی اور ان لوگوں نے آنے کا وعدہ بھی کیا۔ مسٹر سہدیو مہتو مرتے دم تک راقم کو اپنا بزرگ سمجھتے تھے اور میری ہر بات کو پورا کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ موصوف کو میں نے تاکید کر دی تھی کہ ان سب حضرات کو یاد دہانی کرا کر عصرانہ میں ضرور لائیں۔ یہ سب حضرات عصرانہ میں شریک ہوئے اور تقریباً ایک ڈیڑھ گھنٹے تک طرح طرح کی باتیں ہوتی رہیں جس میں پرنسپل معین الحق نے بہت سی دلچسپ باتیں کہیں۔ مسٹر سنہا کی الوداعی تقریر کچھ کم دلچسپ نہ تھی۔ اس عصرانہ کی تصویر میرے پاس اب تک بطور یادگار محفوظ ہے۔ یہ تصویر پرانے دوستوں اور گذرے ہوئے زمانے کی یاد دلاتی ہے۔ ایسی صحبتیں اس بدمذاقی کے دور میں مفقود ہو چکی ہیں۔ میں مالک حقیقی سے دعا کرتا ہوں کہ مسٹر سنہا عرصہ دراز تک زندہ رہیں اور سماج کی خدمت کرتے رہیں۔

مسٹر رام جیون سنگھ:

دوسرے ممبر مسٹر رام جیون سنگھ منصف سے ترقی کر کے ضلع وسشن جج ہوئے اور پنشن پانے کی تھوڑے دنوں بعد کمیشن کے ممبر مقرر کیے گئے۔ صاحب موصوف "تھیوسوفیسٹ تحریک" (Theosophist Movement) کے بڑے سرگرم

Marfat.com

کارکن تھے اور ہر مذہب کا احترام کرتے۔ ایک مرتبہ راقم اور پروفیسر عبدالمنان بیدلؔ نے اس تحریک کے ایک جلسہ میں شرکت کی جہاں رام جیون بابو بھی موجود تھے۔ ہر مذہب کے لوگوں نے اس جلسہ میں تقریریں کیں اور اپنے اپنے مذہب کی خصوصیات کو بیان کیا جس سے ظاہر ہوا کہ ہر مذہب کا مقصد دنیا میں امن وامان قائم کرنا اور مختلف قوموں کے درمیان بھائی چارگی پیدا کرنا ہے۔ صاحب موصوف نہایت خوش اخلاق، منکسر مزاج، انصاف پسند اور کھرے انسان تھے۔ وہ سب خوبی جو ایک اچھے راجپوت میں ہونی چاہئے ان میں بدرجہ اتم موجود ہے۔ بہت خوش مزاج انسان ہیں اور راقم سے برابر ملتے جلتے رہتے ہیں۔ میں اکثر ان کی رہائش گاہ پر جایا کرتا تھا۔ نام ونمود سے برابر دور رہے۔ مزاج میں سادگی اتنی ہے کہ موصوف جب کمیشن کے ممبر تھے تو اس زمانے میں بھی انہیں بس سے سفر کرنے میں کوئی تامل نہ ہوتا تھا۔ موصوف کو قانون کی خوب واقفیت تھی جس کا اظہار ان کے نوٹس سے ہوا کرتا تھا۔ کبھی کبھی لمبے لمبے نوٹس لکھا کرتے تھے جن سے تمام باتوں کی واقفیت ہو جایا کرتی اور فیصلہ دینے میں بہت آسانی ہو جاتی تھی۔

رام جیون بابو قواعد وضوابط کے بڑے پابند تھے۔ انٹرویو کے روز آفس اسسٹنٹ ہر ممبر کو امیدواروں کی ایک فہرست دیا کرتا تھا۔ جن میں امیدواروں کا نام، عمر، علمی صلاحیت اور ان کے تجربات کا اندراج رہتا تھا۔ جب سول اسسٹنٹ سرجن کی بحالی کے لیے انٹرویو ہو رہا تھا ایک نوجوان لیڈی ڈاکٹر ہم لوگوں کے سامنے حاضر ہوئی۔ حسب دستور رام جیون بابو نے فہرست کو پڑھ کر لڑکی سے اس کی استعداد وغیرہ کے متعلق سوالات کیے اور دریافت کیا کہ کیوں اس کے نام کے آگے نہ ''مس'' لکھا ہوا ہے اور نہ ''مسز''۔ اس سوال پر لڑکی کی آنکھوں سے آنسو نکل آئے اور کہا کہ اس وقت نہ میں ''مس'' ہوں نہ ''مسز'' میں ایک بیوہ عورت ہوں اور میرا شوہر ایک ماہ پہلے اچانک قضا کر گیا۔ میرا باپ محکمۂ زراعت میں کم تنخواہ پر ملازم ہے اگر مجھے ملازمت مل گئی تو اپنے بھائی بہنوں کو اچھی تعلیم دلا سکوں گی۔ اس کے بعد وہ زار وقطار رونے لگی۔ میں نے اس سے کہا کہ تم اطمینان رکھو تمہاری ملازمت ہو جائے گی اور تمام مشکلات حل ہو جائیں گی۔ میں نے رمن صاحب سے کہا کہ اس لڑکی کا انٹرویو ختم کیجئے اور کمرے سے باہر جانے کی اجازت دیجئے۔ لڑکی جب کمرے سے باہر چلی گئی تو

Marfat.com

رام جیون بابو کو اس طرح کا سوال کرنے پر بڑا افسوس ہوا۔ لڑکی کو ہم لوگوں نے باتفاق رائے لیڈی ڈاکٹر مقرر کردیا۔ انٹرویو کے متعلق رام جیون بابو کا ایک دوسرا واقعہ مجھے یاد آگیا۔ ڈپٹی کلکٹری کے لیے انٹرویو ہورہا تھا اور ایک امیدوار ہم لوگوں کے سامنے حاضر ہوا، اور ممبروں نے اس سے جتنے بھی سوالات کیے سب کا غلط جواب دیا۔ اخیر میں رام جیون بابو نے اس امیدوار سے پوچھا کہ ملک ہالینڈ کہاں ہے؟ امیدوار نے برجستہ جواب دیا ہالینڈ، انگلینڈ اور اسکاٹ لینڈ کے درمیان واقع ہے۔ اس بیوقوفی کے جواب پر رام جیون بابو سخت برہم ہوئے اور اسے کمرے سے باہر جانے کو کہا۔ امیدوار کے چلے جانے کے بعد ہم سب لوگوں کو بڑا افسوس ہوا کہ بہار میں پڑھائی کا معیار اس قدر گر گیا ہے کہ گریجویٹ یہ بھی نہیں جانتا ہے کہ ملک ہالینڈ کہاں ہے۔ انٹرویو کے ختم ہوجانے کے بعد راقم نے اس امیدوار کی درخواست کو منگوا کر دیکھا تو پتہ چلا کہ موتی ہاری کے کسی کالج سے بی۔ اے پاس کیا ہے۔ یہ نہایت افسوس کی بات ہے کہ بہار کے کالجوں میں تعلیم کا معیار اس قدر گر گیا ہے کہ طلباء یہ بھی نہیں بتا سکتے کہ کون سا ملک کہاں ہے، ایسا کیوں نہ ہو۔ طلبا نہ پڑھنا چاہتے ہیں نہ اساتذہ پڑھانا چاہتے ہیں اور سال کے چھ مہینے میں طلبا اور اساتذہ ہڑتال میں اپنا وقت برباد کیا کرتے ہیں۔

میری ممبری:

جب راقم ممبر ہوا تو پٹنہ یونیورسٹی میں رجسٹرار کی جگہ خالی ہوئی۔ اس ملازمت کے لیے ڈاکٹر کامیشور پرشاد امبسٹھا انگریزی کے پروفیسر اور کیمسٹری کے پروفیسر بوئے لال ٹھاکر امیدوار ہوئے۔ انٹرویو کے موقع پر مسٹر وشسٹ نرائن رائے پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر اکسپرٹ ہوکر آئے۔ انٹرویو کے ختم ہونے پر یہ فیصلہ ہوا کہ ڈاکٹر کامیشور پرشاد امبسٹھا کا نام اول اور ڈاکٹر بوئے لال ٹھاکر کا نام دوم رکھا جائے گا مگر وشسٹ نرائن رائے نے ڈاکٹر بوئے ٹھاکر کو ڈاکٹر کامیشور پرشاد امبسٹھا پر ترجیح دی۔ دوسرے روز مسٹر رمن صاحب آفس آئے تو اپنے کمرہ کے کل دروازوں کو بند کرادیا اور اس کمرے میں ہم لوگوں کے علاوہ کوئی دوسرا آدمی نہ تھا۔ چیئرمین اور دو ممبران نے ڈاکٹر کامیشور پرشاد امبسٹھا کو ڈاکٹر بوئے لال ٹھاکر پر ترجیح دی۔ راقم ڈاکٹر امبسٹھا اور ڈاکٹر بوئے لال ٹھاکر سے خوب واقف تھا اور

Marfat.com

دونوں حضرات کو رجسٹرار کے عہدے کے لیے نااہل سمجھتا تھا۔ اس لیے میں نے اپنی رائے دینے سے اجتناب کیا۔ چونکہ چیئرمین اور دو ممبران کی رائے ڈاکٹر امبسٹھا کی موافقت میں تھی، موصوف کو پٹنہ یونیورسٹی کے رجسٹرار مقرر کیے جانے کی کمیشن نے سفارش کی۔ کمیشن کو صرف سفارش کرنے کا اختیار تھا اور تقرری کا اختیار پٹنہ یونیورسٹی کے سنڈیکیٹ کو حاصل تھا۔ گرچہ کمیشن کی سفارش پوشیدہ رکھی گئی تھی مگر معلوم نہیں کس ذریعہ سے غالباً بہت کوشش اور کافی دوڑ دھوپ کے بعد ڈاکٹر بوئے لال ٹھاکر کے ہمدروں کو یہ پتہ چل گیا کہ ڈاکٹر بوئے لال ٹھاکر کا نام دوم آیا ہے اور ڈاکٹر اقبال حسین نے اپنی کوئی رائے نہ دی ہے۔ ڈاکٹر بوئے لال ٹھاکر کے ہمدردوں کو امید تھی کہ راقم صاحب موصوف کی کمیشن میں مدد کرے گا اور کوئی دقیقہ ان کی تقرری میں اٹھا نہ رکھے گا کیونکہ ڈاکٹر بوئے لال ٹھاکر کی سفارش کئی معزز لوگوں نے مجھ سے کی تھی۔ اس سبب سے ڈاکٹر بوئے لال ٹھاکر کے ہمدرد حضرات مجھ سے بہت ناراض ہو گئے اور ٹیلی فون پر کہا کہ اب آپ کی خیر نہیں ہے ہم لوگ آپ کو قتل کر دیں گے۔ ٹیلی فون کے جواب میں میں نے کہا کہ میری حیات اور موت اللہ کے ہاتھ میں ہے اور آپ لوگ میرا کچھ بگاڑ نہیں سکتے ہیں یہ کہہ کر میں نے ٹیلی فون رکھ دیا اور اس بات کی خبر ٹیلی فون سے مسٹر رمن کو کر دی۔ مسٹر رمن اور مسٹر رام جیون سنگھ دونوں میری رہائش گاہ پر آئے اور انہیں سخت تعجب ہوا کہ یہ پوشیدہ بات کس طور سے لوگوں پر ظاہر ہو گئی۔ پٹنہ یونیورسٹی میں اس بات کا چرچہ کئی روز تک رہا اور لوگوں کو یہ شبہہ تھا کہ وائس چانسلر کے یہاں سے یہ خبر پھیلی ہے۔ رمن صاحب نے چیف سکریٹری کو اس خبر کی اطلاع دے دی اور انہوں نے فوراً میری محافظت کے لیے سادہ لباس میں ریوالور کے ساتھ ایک باڈی گارڈ کو میرے یہاں تعینات کیا وہ میری موٹر کار میں بیٹھ کر ہر جگہ میرے ساتھ جایا کرتا تھا۔ میں نے چیف سکریٹری کو کہا کہ یہ شرارت ڈاکٹر بوئے لال کے کسی دوست پروفیسر کی ہے۔ مجھے کسی محافظ کی ضرورت نہیں ہے آپ اسے واپس بلالیں مگر اس بات پر چیف سکریٹری راضی نہ ہوئے اور یہ محافظ ایک ماہ تک میرے ساتھ ہر جگہ جاتا رہا۔ اس خبر سے میرے گھر والوں کو سخت تردد ہوا۔ جب اس بات کی خبر میرے وفادار طلبا کو ملی تو وہ لوگ ڈاکٹر بوئے لال ٹھاکر سے جا کر ملے اور ان سے کہا کہ یہ سب باتیں اچھی نہیں ہیں۔

Marfat.com

آپ اپنے طرف داروں کو جن سے ہم لوگ خوب واقف ہیں خبر کردیں کہ اس طرح کی باتیں ٹیلی فون پر ڈاکٹر اقبال حسین سے آیندہ نہ کیا کریں ورنہ اس کا انجام آپ کے لیے اچھا نہ ہو گا۔ چند دنوں بعد میرے پاس پھر ایک ٹیلی فون آیا اور ٹیلی فون کرنے والے نے اپنا نام رمیش بتایا اور کہا کہ پہلا ٹیلی فون آپ کو کسی بدمعاش نے غلط فہمی میں کیا تھا۔ آپ اطمینان رکھیں اب ایسا نہ ہو گا۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں آپ کی رہائش گاہ پر آکر معافی مانگ سکتا ہوں۔ میں نے جواباً کہا کہ اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اسی دن ڈاکٹر بوبے لال ٹھاکر میرے گھر آئے اور ان لوگوں کو برا بھلا کہا جنہوں نے ایسی بدتمیزی کا ٹیلی فون کیا تھا۔ گورنمنٹ نے جب اس کی تفتیش کی تو پتہ چلا کر ڈاکٹر بوبے لال کے ایک دوست پروفیسر نے یہ ٹیلی فون کیا تھا۔ وہ اپنی آواز بگاڑ کر مجھ سے باتیں کر رہے تھے۔ جب حکومت بہار نے اس معاملہ میں مزید کارروائی کرنے کا فیصلہ کیا تو میں نے چیف سکریٹری سے مل کر کہا کہ اب آپ اس معاملہ کو رفت گذشت کردیں۔ بہت مشکل سے وہ ایسا کرنے پر راضی ہوئے۔ دس دن بعد ڈاکٹر بوبے لال ٹھاکر پھر میری رہائش گاہ پر آئے اور قریب آدھ گھنٹہ راقم سے ادھر ادھر کی باتیں کر کے چلے گئے۔ ایک ماہ بعد ڈاکٹر کامیشور پرشاد امبستھا کی تقرری رجسٹرار کے عہدہ پر ہو گئی۔ جب راقم کمیشن کا ممبر تھا تو ڈپٹی کلکٹری، منصفی اور اسی طرح کی دیگر ملازمتوں کے لیے امیدواروں کا تعلیمی معیار اچھا تھا۔ تیس فی صد امیدواران اچھی صلاحیت کے حامل ہوتے تھے، جن میں سے کچھ امیدواران نے صوبہ بہار سے باہر تعلیم حاصل کی تھی اور ۵۰ فیصد امیدواروں کی علمی صلاحیت کم تھی۔ اس زمانے میں بیس فیصد امیدوار جو تحریری امتحان میں شریک ہوتے تھے، نہایت ہی جاہل ہوا کرتے تھے اور راقم کو تعجب تھا کہ ان لوگوں نے کس طرح سے ڈگری حاصل کی تھی۔ ڈاکٹری اور انجنیری کے امیدوار ۷۵ فیصد اپنے فن کا اچھا علم رکھتے تھے۔ اس زمانے میں کالج کے لکچرار اور پروفیسروں کی تقرری بھی بہار پبلک سروس کمیشن کے ذریعہ ہوا کرتی تھی۔ ان امیدواروں میں ۷۵ فیصد اچھے طلباء ہوا کرتے تھے۔ تقرری کے سلسلہ میں بڑے بڑے لوگ راقم کے پاس آکر امیدواروں کی سفارش کیا کرتے تھے۔ اور میں ان لوگوں کی سفارش پر کبھی بھی دھیان نہ دیتا تھا۔ راقم اپنے اسلامی جذبہ کو کام میں لاکر بہترین امیدواروں کا انتخاب کیا کرتا تھا۔ میرے زمانے میں مقابلہ کے

Marfat.com

امتحانوں میں دو تین مسلمان لڑکوں نے شاندار کامیابی حاصل کی۔ مگر یہ کامیابی ان کی تناسب آبادی کے لحاظ سے بہت کم تھی۔ اسی زمانے میں دو بار مسلمان امیدوار ڈپٹی کلکٹری کے مقابلہ کے امتحان میں اوّل آئے ایک دوسرا مسلمان طالب علم ڈپٹی کلکٹری اور منصفی کے امتحان میں بیک وقت اوّل آیا۔ چونکہ یہ امیدوار یونین پبلک سروس کمیشن کے ریلوے کے امتحان میں بھی اچھے نمبروں سے کامیاب ہوا تھا اس لیے ریلوے کی ملازمت کو منصفی اور ڈپٹی کلکٹری پر ترجیح دی۔ موصوف آج کل محکمۂ ریلوے میں ایک بڑے عہدہ پر فائز ہیں۔ دوسرا مسلمان طالب علم جو منصفی کے امتحان میں اوّل آیا تھا ان دنوں ڈسٹرکٹ دسشن جج ہے۔ ایسی مثالیں بہار پبلک سروس کمیشن کے امتحانوں میں بہت کم ملتی ہیں حکومت بہار کا فرض ہے کہ مسلمانوں کو ان کی آبادی کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں ہر محکمہ میں جگہیں دے۔

مسٹر انختاشانیم اینگار:

جب تک ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب بہار کے گورنر تھے کسی کی ہمت نہ تھی کہ ان سے جاکر میری شکایت کرے۔ مجھ سے صاحب موصوف تقریباً ۳۰ سال کے عرصہ سے واقف تھے اور بیشتر موقعوں پر میری تعریفیں کیا کرتے تھے۔ ان کے جانے کے بعد مسٹر انختاشانیم اینگار بہار کے گورنر ہو کر آئے۔ صاحب موصوف بھی مجھے عرصہ دراز سے جانتے تھے کیونکہ میرے منجھلے خالو سر عبدالرحیم دہلی میں سنٹرل اسمبلی کے پریسیڈنٹ تھے اور اس زمانے میں مسٹر انختاشانیم اینگار کی ان سے دوستی تھی صاحب موصوف جب بہار کی گورنری کی مدت پوری کر کے پٹنہ سے جانے لگے تو راقم کو اپنی ایک تصویر دستخط کے ساتھ عطا فرمائی جو ان دنوں خدا بخش لائبریری کے کرزن ریڈنگ روم میں آویزاں ہے۔ صاحب موصوف اکثر راج بھون میں راقم کو ناشتہ پر بلایا کرتے تھے۔ گرچہ صاحب موصوف کو ذیابیطس کا مرض تھا مگر مٹھائیوں سے پرہیز نہ کرتے تھے، کہا کرتے تھے کہ میں مندر کے پجاری کا لڑکا ہوں اور بچپن سے مٹھائی کھانے کا عادی ہوں۔ یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ اب میں مٹھائی کھانا چھوڑ دوں۔ صاحب موصوف نے ایک روز راج بھون میں راقم اور مسٹر جگت نندن سہائے کو جو اس زمانے میں بہار پبلک سروس کمیشن کے ممبر تھے ناشتہ پر مدعو کیا۔ مسٹر جگت نندن

Marfat.com

سہائے کو ان دنوں پیشاب میں شکر آرہی تھی اس لیے مٹھائی کھانا نہ چاہتے تھے۔ گورنر موصوف نے ان کی پلیٹ میں چار عدد عمدہ قسم کی مٹھائیاں رکھ دیں اور فرمایا کہ ان مٹھائیوں کے کھانے سے آپ کو کوئی نقصان نہ ہوگا۔ صاحب موصوف نے گورنر کے اصرار پر ان مٹھائیوں کو کھالیا۔

گورنر سے میری شکایت:

ایک مرتبہ جب راقم مسٹر اننتاشانیم اینگار سے ملنے گیا تو انہوں نے فرمایا کہ کچھ ہندو ممبران اسمبلی نے مجھ سے آکر شکایتیں کی ہیں کہ ڈاکٹر اقبال حسین ایک متعصب مسلمان ہیں اور مسلمان امیدواروں کی بیجا مدد کیا کرتے ہیں۔ جواباً انہوں نے ان سے کہا کہ اگر آپ کو ڈاکٹر اقبال حسین سے شکایت ہے تو لکھ کر دیں تاکہ میں ضروری کاروائی کر سکوں۔ جب ان لوگوں نے مجھے کچھ لکھ کر نہ دیا تو میں سمجھ گیا کہ تم پر ان کا اعتراض بالکل بے بنیاد ہے۔ موصوف نے راقم کو جب ان ممبران اسمبلی کا نام بتایا تو میں نے عرض کیا کہ یہ حضرات مجھ سے اپنے ایک نااہل رشتہ دار کو ترقی دلوانا چاہتے تھے۔ راقم نے اس امیدوار کے خلاف ایک سخت نوٹ لکھا جسے اور ممبروں نے بھی قبول کیا اور اس امیدوار کی ترقی نہ ہو سکی۔ آپ اس امیدوار کے متعلق کل کاغذات کو دفتر سے منگوا کر دیکھ سکتے ہیں۔

پنڈت بنود انند جھا سے میرے تعلقات:

راقم ساڑھے چار برس تک بہار پبلک سروس کمیشن کا ممبر رہا۔ اس دور میں پنڈت بنود انند جھا اور مسٹر کرشن بلب سہائے بہار کے وزیر اعلیٰ رہے۔ جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے پنڈت جی ایک نہایت ہی مذہبی انسان تھے اور اگر کوئی ان کے یہاں جاکر کسی افسر کی شکایت کرتا تو وہ بہت ناراض ہوتے اور فرمایا کرتے تھے کہ اگر تمہیں کوئی شکایت ہے تو مجھے درخواست کی شکل میں لکھ کر دے دو تاکہ میں ضروری کاروائی کر سکوں۔ کسی کی مجال نہ تھی کہ کوئی شخص پنڈت جی سے کسی قسم کی گستاخی کر سکے۔ ہر آدمی ان سے مل کر خوش ہوتا تھا۔ راقم پر ان کا پورا بھروسہ تھا اور اکثر لوگوں سے کہا کرتے تھے کہ ڈاکٹر اقبال حسین اپنے کاموں کو نہایت ایمانداری سے انجام دیتے ہیں۔ ایک مرتبہ راقم جب دہلی کے بہار بھون میں ٹھہرا

Marfat.com

ہوا تھا تو پنڈت جی وہاں قیام کے لیے تشریف لائے اور حسب دستور کمرہ نمبر ۱ میں ٹھہرے۔ قریب نو بجے صبح کو جب میں ان سے ملنے گیا تو ان کو پوجا میں مصروف پایا۔ موصوف کا دستور تھا کہ جہاں کہیں بھی رہتے صبح کو کافی دیر تک پوجا کیا کرتے تھے اور سفر میں اپنے ساتھ پوجا کرنے کی چیزیں لے جایا کرتے تھے۔ راقم پنڈت جی کے مذہبی عقائد کا بڑا احترام کرتا تھا۔ ہر ماہ راقم ان سے ضرور ملتا تھا۔ اگر ملاقات ہونے میں دیر ہو جایا کرتی تو ٹیلی فون کر کے پنڈت جی اپنی رہائش گاہ پر مجھے بلایا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ پنڈت جی اپنے سرکاری دورہ پر کسی گاؤں میں گئے تھے۔ اس علاقہ کا داروغہ ایک اچھا سا کدو کسی بوڑھے غریب دیہاتی کے چھپر سے توڑ کر پنڈت جی کے لیے لے آیا۔ جب پنڈت جی کو یہ خبر ہوئی کہ یہ کدو کس طور سے لایا گیا ہے تو موصوف داروغہ پر بہت ناراض ہوئے اور اس غریب دیہاتی کو بلوایا جس کے یہاں سے کدو لایا گیا تھا۔ پنڈت جی نے کدو واپس کر دیا اور پانچ روپیہ اپنی جیب سے اس غریب آدمی کو دے کر روانہ کیا۔ اس قصہ کو راقم سے پنڈت جی نے خود بیان کیا تھا۔

مسٹر کرشن بلب سہائے:

دوسرے وزیر اعلیٰ مسٹر کرشن بلب سہائے تھے۔ مسٹر کرشن بلب سہائے نے میرے پھوپھی زاد بھائی مسٹر محمد وصی مرحوم ایڈوکیٹ پٹنہ ہائی کورٹ کے ساتھ ہزاری باغ کالج میں پڑھا تھا اور ان لوگوں کے درمیان بڑی دوستی تھی۔ راقم موصوف کو اپنا بڑا بھائی سمجھتا تھا اور وہ بھی مجھ سے نہایت ہی برادرانہ شفقت سے پیش آتے تھے۔ موصوف پٹنہ یونیورسٹی کے بی۔اے انگریزی آنرس میں اوّل آئے تھے اور یونیورسٹی نے انہیں اس کامیابی پر ایک طلائی تمغہ عطا کیا تھا۔ انگریزی بہت ہی اچھی لکھا کرتے تھے۔ اور اپنی انتظامی صلاحیت کے لیے مشہور تھے۔ راقم اکثر ان کے یہاں جایا کرتا تھا۔ دس بجے رات کو جب موصوف اپنے کل کاموں سے فارغ ہو جاتے تو مجھ سے باتیں ہوا کرتی تھیں اور بغیر کھانا کھلائے واپس نہ آنے دیتے تھے۔ ان کے دستر خوان پر روزانہ بیس تیس آدمی کھانا کھایا کرتے تھے اور موصوف جو سادہ کھانا خود کھاتے اوروں کو بھی کھلایا کرتے تھے۔ نہایت ہی دلیر اور فیاض انسان تھے۔ موصوف ہی نے بہار میں زمینداری کا خاتمہ کیا۔ میرا منجھلا لڑکا اکبر حسین جوان

Marfat.com

دنوں "انڈین وائل کارپوریشن" میں لوبری کیشن انجینئر تھا جب میرے ہمراہ صاحب موصوف سے ملنے گیا تو موصوف نے اس سے انڈین وائل کارپوریشن کے متعلق بہت باتیں دریافت کیں اور خوش ہو کر انہوں نے مسٹر کچھمیشور دیال آئی۔اے۔ایس کو جو کے سکریٹری تھے حکم دیا کہ ایک گشتی چھٹی بہار کی کل شکر ساز کمپنیوں کو روانہ کی جائے جس میں یہ تاکید ہو کہ یہ کمپنیاں اپنے کام کے لیے "انڈین وائل کارپوریشن" کا تیل خریدا کریں ان تمام کمپنیوں نے وزیر اعلیٰ کے حکم کی تعمیل کی اور آیندہ سال خریداری کے موقع پر انڈین وائل کارپوریشن کا تیل خریدا اور اس سے حکومت کو فائدہ پہنچا۔ کیونکہ "انڈین وائل کارپوریشن" سرکاری ملکیت ہے۔ صاحب موصوف جب اپنی موٹر کار سے ہزاری باغ جارہے تھے تو راستہ میں ایک ٹرک ان کی موٹر کار سے ٹکرا گیا اور موصوف جائے حادثہ ہی پر فوت کر گئے۔ان کے مرنے کا مجھے سخت صدمہ ہوا۔

مسٹر بی۔این۔روہتگی:

مسٹر رمن کے چلے جانے کے بعد پنشن یافتہ آئی۔اے۔ایس مسٹر بی این روہتگی بہار پبلک سروس کمیشن کے چیئرمین ہو کر آئے تھے جو میرے عزیز دوستوں میں تھے۔ پٹنہ سیٹی کے رہنے والے تھے اور ان کے والد ایک نامی وکیل تھے۔ شروع ہی سے بہت ذہین طالب علم تھے اور ایم۔اے اکنامکس میں بہت ہی اچھے نمبروں سے کامیابی حاصل کر کے گورنمنٹ آف بہار سے وظیفہ پا کر اعلیٰ تعلیم کے لیے لندن گئے وہاں بھی انہوں نے نہایت شاندار کامیابی حاصل کی۔ ہندوستان واپس آنے پر راونشا کالج کٹک میں اسسٹنٹ پروفیسر مقرر کیے گئے۔ راقم نے بھی راونشا کالج کٹک میں انہیں دنوں قریب ڈیڑھ سال تک کام کیا تھا اور ان سے میرے بڑے اچھے مراسم رہے۔ موصوف سے زندگی بھر میرے بہت ہی برادرانہ تعلقات رہے حکومت ہند نے جب بہت سے سرکاری ملازموں کو آئی۔اے۔ایس کا عہدہ عطا کیا تو روہتگی صاحب بھی آئی۔اے۔ایس بنائے گئے، کمشنر رہے، رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز ہوئے اور عرصہ تک حکومت بہار کے کئی محکموں کے سکریٹری رہ کر پنشن پائی۔ پنشن پانے کے بعد پانچ سال تک بہار پبلک سروس کمیشن کے چیئرمین کے فرائض

Marfat.com

انجام دیتے رہے۔ جب اس ملازمت سے سبکدوش ہوئے تو کچھ دنوں تک رانچی یونیورسٹی کے وائس چانسلر رہے۔ بحیثیت چیئرمین کمیشن کے کاموں کو تشفی بخش طور سے انجام دیتے رہے۔ موصوف اور راقم کے درمیان کمیشن کے کاموں میں کبھی کبھی اختلاف ہو جاتا تھا مگر وہ بہت بحث و تکرار کے بعد میری رائے کو قبول کرلیا کرتے تھے۔ مسٹر رام جیون سنگھ کے پنشن پانے کے بعد قریب ایک سال تک حکومت بہار نے کسی کو کمیشن کا ممبر مقرر نہ کیا اور کمیشن کے کل کاموں، کا بوجھ مسٹر روہتگی اور راقم پر رہا۔ راقم ۶۰ سال کی عمر پوری کر کے کمیشن کے کاموں سے سبکدوش ہو گیا۔ ۲۲ر نومبر ۱۹۶۵ء کو جب راقم کمیشن کے کاموں سے سبکدوش ہونے لگا تو مسٹر روہتگی نے بہت اصرار کیا کہ مجھے ایک الوداعی دعوت دی جائے مگر میں اس پر راضی نہ ہوا۔

مسٹر جگت نندن سہائے:

مسٹر بی۔ ایم۔ کے۔ سنہا اور مسٹر رام جیون سنگھ کی سبکدوشی کے عرصہ دراز بعد مسٹر جگ نندن سہائے اور مسٹر بھاگوت پرشاد ایم۔ ایل۔ سی کو بہار پبلک سروس کمیشن کا ممبر مقرر کیا گیا۔ مسٹر جگت نندن سہائے عرصہ دراز تک پٹنہ یونیورسٹی کے رجسٹرار تھے اور اپنی انتظامی صلاحیت کے لیے مشہور تھے۔ انگریزی میں پٹنہ یونیورسٹی سے ایم۔ اے کی ڈگری حاصل کی تھی اور نہایت ہی اچھی انگریزی لکھتے تھے۔ کمیشن کا کل کام انگریزی میں کیا کرتے تھے جس سے راقم کو بہت سہولت ہوتی تھی۔ مختلف موضوع پر کتابوں کے پڑھنے کا شوق آخر دم تک رہا۔ نہایت ہی خود دار انسان تھے اور بہت کم لوگوں سے ملتے تھے۔ کمیشن کے چیئرمین ہو کر پنشن پائی۔ صاحب موصوف نے میرے چھوٹے بھائی انور حسین مرحوم کے ساتھ پٹنہ کالج میں تعلیم حاصل کی تھی۔ مسٹر جگت نندن سہائے جب تک کمیشن میں رہے نہایت خوبی اور دیانت داری کے ساتھ اپنی خدمات کو انجام دیتے رہے۔ ان سے کبھی کسی کو شکایت کا موقع نہ ملا۔ روایات کے ہمیشہ نہایت پابند رہے اور خوش اخلاقی کے نمونہ تھے۔ موصوف کو ڈاکٹر سچیتا نند سنہا کے ساتھ کافی دنوں تک کام کرنے کا موقع ملا اس لیے اپنے تمام کاموں کو بہت ترتیب سے کیا کرتے تھے۔ موصوف کے اوصاف حمیدہ بے شمار تھے اور

Marfat.com

لوگ ان کا بڑا احترام کرتے تھے۔ پنشن پانے کے بعد ایک طرح کی گوشہ نشینی اختیار کر لی تھی اور راقم کبھی کبھی ان کی رہائش گاہ پر جا کر اگلی باتوں اور اگلے لوگوں کا تذکرہ کرتا تھا۔ اب ایسے لوگ کہاں ملتے ہیں۔ ۱۰ر نومبر ۱۹۸۶ء کو قلب کی حرکت بند ہو جانے سے انتقال کیا۔

مسٹر بھاگوت پرشاد:

مسٹر بھاگوت پرشاد کی تقرری بحیثیت ممبر مسٹر جگت نندن سہائے کے ساتھ ہوئی۔ جب یہ دونوں حضرات کمیشن میں آکر کام کرنے لگے تو راقم کا بوجھ کچھ کم ہو گیا۔ مسٹر بھاگوت پرشاد ایم۔ ایل۔ سی تھے اور شروع ہی سے کانگریسی سیاست میں رہے اور اس جماعت کے ایک نہایت سرگرم کارکن شمار کیے جاتے تھے۔ یہ پہلا موقع تھا کہ کوئی سیاسی کارکن بہار پبلک سروس کمیشن کا ممبر مقرر کیا گیا ہو۔ بھاگوت بابو گرچہ کانگریس کے ممبر رہے تھے مگر کمیشن میں آکر کبھی کانگریسی ذہنیت کا مظاہرہ نہ کیا اور دیانت داری سے کام کرتے رہے۔ نہایت ہی نیک مزاج انسان ہیں اور جب تک کمیشن میں رہے راقم سے ان کے بڑے اچھے مراسم تھے۔ دفتر کھادی کا کرتا دھوتی اور گاندھی ٹوپی پہن کر آتے تھے اور اپنے کل کاموں کو ہندی میں انجام دیا کرتے تھے۔ راقم چونکہ ہندی سے ناواقف تھا اس لیے بھاگوت بابو کے ہندی نوٹس کو اپنے پی۔ اے سے الگ کاغذ پر رومن رسم الخط میں لکھوا کر پڑھتا اور اپنی جو مناسب رائے ہوتی اسے انگریزی میں فائل پر لکھ دیا کرتا تھا۔ موصوف ابھی تک بقید حیات ہیں مگر عرصہ دراز سے ملاقات نہ ہو سکی ہے۔

میرا بہار پبلک سروس کمیشن کا زمانہ:

ساڑھے چار سال تک بہار پبلک سروس کمیشن کا ممبر رہا اور اس عرصہ میں دو چیئرمین اور چار ممبروں کے ساتھ وقتاً فوقتاً کام کرنے کا موقع ملا۔ اس زمانے کے واقعات کی یاد میرے لیے نہایت خوش گوار اور دلچسپ ہے۔ اس تمام عرصہ میں راقم اور دیگر ممبران کے درمیان کسی مسئلہ میں شاید ہی اختلاف رائے ہوا ہو۔ راقم مسلمان امیدواروں کے حقوق کا تحفظ کیا کرتا تھا۔ ایک دو مرتبہ مسلمان امیدواروں کے متعلق راقم کو اختلافی نوٹ لکھنا پڑا۔ ہم سب ممبران معاملات کے طے کرنے میں انصاف سے کام لیا کرتے تھے۔ کمیشن

Marfat.com

کی رائے گورنمنٹ پر قابل پابندی نہ تھی مگر کچھ ایسی رسم قائم ہو گئی تھی کہ عموماً آخری فیصلہ گورنمنٹ کمیشن کی رائے کے مطابق کیا کرتی تھی۔

اکسپرٹ ممبر:

کل ملازمتوں کے انٹرویو میں امیدواروں کے انتخاب میں کمیشن کو مدد دینے کے لیے ہر شعبہ کے ماہرین آیا کرتے تھے۔ سرکاری ملازمتوں کے لیے صرف ایک ماہر آیا کرتا اور یونیورسٹی کی ملازمتوں کے لیے دو ماہرین فن بلائے جاتے تھے۔ یہ سب ماہرین اپنے اپنے شعبوں میں ممتاز عہدہ داران یا بلند پایہ اساتذہ ہوا کرتے تھے۔ میرے زمانے میں ہر شعبہ کے اعلیٰ افسران اور نامور اساتذہ ہندوستان کے ہر حصہ سے آیا کرتے تھے۔ راقم کو ان لوگوں کی شرف ملاقات سے اپنی معلومات میں کچھ اضافہ ہوا کرتا تھا۔ ان ماہرین کی رائے ۹۰ فیصد ایمانداری پر مبنی ہوا کرتی تھی۔ مگر دس فیصد ماہرین ایسے بھی ہوا کرتے تھے جو سفارشوں سے متاثر ہو کر امیدواروں کے متعلق ایسی رائے دیا کرتے تھے جو انصاف سے دور اور کمیشن کے لیے نا قابل قبول ہوا کرتی تھی۔

✪✪✪

Marfat.com

چودھواں باب

خدابخش لائبریری سے میرے تعلقات

خدابخش لائبریری کا ڈائرکٹر ہونا:

جب راقم بہار پبلک سروس کمیشن کی ممبری سے الگ ہو گیا تو میں نے ایک دن راج بھون جاکر شری اننتا شاینم اینگار سے ملاقات کی جو اس زمانے میں بہار کے گورنر تھے۔ دوران گفتگو صاحب موصوف نے فرمایا کہ خدابخش لائبریری میں ڈائرکٹر کا عہدہ خالی ہے، اگر میں پسند کروں تو وہ مجھے اس جگہ پر مقرر کرسکتے ہیں۔ میں نے ایک ہفتہ کی مہلت مانگی اور اس درمیان میں اپنے دوست پروفیسر ہمایوں کبیر سے مشورہ طلب کیا۔ ہمایوں کبیر صاحب نے مجھے رائے دی کہ بہت جلد میں اپنی رضامندی اس عہدے کی تقرری کے لیے دے دوں اور یہ بھی استدعا کروں کہ میری تقرری کا معاملہ مجلس عاملہ کی آیندہ میٹنگ میں جو جلد ہی ہونے والی ہے پیش کردیا جائے۔ جب مجلس عاملہ کی میٹنگ ہوئی تو زیادہ تر ممبران نے میری تقرری کے لیے رائے دی اور چند ممبروں نے راقم کی سخت مخالفت کی۔ مگر باوجود مخالفت کے گورنر موصوف نے مجھے لائبریری کا ڈائرکٹر مقرر کردیا۔ تقرری کا حکم پاتے ہی راقم نے جلد ہی ماہ نومبر ۱۹۶۵ء کے آخر ہفتہ میں لائبریری کا چارج لے لیا۔ اس زمانے میں پروفیسر سید شاہ عطاء الرحمٰن کاکوی لائبریری کے سکریٹری تھے۔ ان کے علاوہ شری صفی احمد اور شری اطہر شیر اسسٹنٹ ڈائرکٹر تھے۔ راقم ۳۰؍ستمبر ۱۹۶۷ء تک لائبریری کا ڈائرکٹر رہا۔ خدا بخش لائبریری کی مجلس عاملہ کا ایک جلسہ ۱۰؍ستمبر ۱۹۶۷ء کو ہوا اور رزولوشن نمبر ۴ میں راقم کی خدمات کی تعریف کی گئی اور میرا استعفا منظور ہوا۔

Marfat.com

میری کارکردگی:

راقم جب پہلے دن لائبریری میں بحیثیت ڈائرکٹر کام کرنے کے لیے آیا تو اسسٹنٹ ڈائرکٹر صفی احمد صاحب کو ساتھ لے کر لائبریری کے کل کمروں کا معائنہ کیا خصوصاً اس کمرے کا جائزہ لیا جہاں عربی مخطوطات کا ذخیرہ تھا۔ اس کمرے میں ایرکنڈیشنز لگا ہوا تھا مگر خیریت تھی کہ ایرکنڈیشنز کام نہیں کر رہا تھا۔ ایرکنڈیشنز کے سبب مخطوطات کے اوراق نم ہو جاتے ہیں اور جب میں نے اس وقت کچھ مخطوطات کو دیکھا تو ان کے اوراق نم ہو چکے تھے۔ دوسرے دن ان مخطوطات کو ہلکی دھوپ دکھا کر ان کی جگہوں پر رکھوادیا اور تاکید کردی کہ دس دن کے اندر کل مخطوطات کی گرد آلودگی کو صاف کر کے انہیں اپنی جگہوں پر رکھ دیا جائے۔ اس زمانے میں اسسٹنٹ ڈائرکٹر سید اطہر شیر لمبی رخصت پر گئے ہوئے تھے۔ تمام ملازموں کو ہدایت کردی گئی کہ اپنے کاموں پر آنے میں تاخیر نہ کیا کریں اور میں حاضری کے رجسٹر کو اپنے کمرے میں اس لیے رکھا کرتا تھا کہ ملازمین اپنے آنے کے وقت کا اندراج ٹھیک طور سے کیا کریں۔ میں لائبریری وقت پر جایا کرتا اور کل ملازمین بھی وقت پر آنے کے عادی ہو گئے تھے۔ بڑے کمرے میں جہاں لوگ مخطوطات کا مطالعہ کیا کرتے تھے وہاں صرف دو چھوٹے ٹیبل پنکھے تھے۔ گرمیوں کے موسم میں ان چھوٹے پنکھوں سے مطالعہ کرنے والوں کو کوئی آرام نہ پہنچتا تھا اور کمرے کی چھت میں پنکھا لگانے کی کوئی گنجائش نہ تھی۔ میں نے آرام کے لیے دیوار میں بجلی کے دو بڑے پنکھے لگوائے جن سے ہوا کافی پھیلتی تھی اور پڑھنے والوں کو سہولت ہو گئی۔ لائبریری کے اکثر کمروں میں بجلی کی روشنی کا معقول انتظام نہ تھا، میں نے بجلی کے انجینیر کو بلا کر کہا کہ بلب کی جگہ ٹیوب لائٹ لگادی جائیں۔ خصوصاً کرزن ریڈنگ روم جہاں شام کو لوگ کتب بینی کے لیے آیا کرتے تھے اور وہاں روشنی کا اچھا انتظام نہ تھا جس سے پڑھنے والوں کو دشواری ہوتی تھی۔ کچھ ایسے لوگ جو اسپتال مریضوں کے ساتھ پٹنہ آتے رات کو کرزن ریڈنگ روم کے برآمدے میں سویا کرتے تھے۔ برآمدے کے اس حصہ میں جو گلی کی جانب ہے لوگوں نے کھانے پینے کی چیزوں کی دکانیں کھول رکھی تھیں جس سے بڑا شور و غل ہوا کرتا تھا۔ پولس والوں نے کئی بار ان دکانداروں کو

Marfat.com

بھگا بھی دیا تھا مگر یہ لوگ پھر واپس آجاتے۔ ان بدعنوانیوں کو روکنے کے لیے راقم نے کرزن ریڈنگ روم کے برآمدے میں چاروں طرف لوہے کی مضبوط جالیاں لگوادیں اور لوہے کا ایک کلیپ سٹیل دروازہ بھی نصب کرادیا اس طور سے کرزن ریڈنگ روم ہر طرح سے محفوظ ہو گیا اور شور وغل کا بھی خاتمہ ہوا۔ کرزن ریڈنگ روم کا فرش بہت دنوں سے بے مرمت ہو کر برا معلوم ہوتا تھا۔ راقم نے اس کے فرش، برآمدے اور زینوں کو موزائک کرایا۔ نیز اس کمرے کے تمام فرنیچر کو پالش کرادیا۔ اس انتظام سے کمرے کی خوبصورتی میں اضافہ ہو گیا۔ راقم نے لائبریری کی خاص عمارت میں تمام کھلے برآمدوں پر مضبوط لوہے کی جالیاں لگوادیں اور کل دروازوں کو تالہ لگوا کر بند کرادیا۔ صرف صدر دروازہ کو آنے جانے والوں کے لیے کھلا رکھا تھا تاکہ کتابوں کی پوری حفاظت ہو سکے۔ باوجود ان سب حفاظتی انتظاموں کے ایک ایسا شرمناک واقعہ پیش آیا جو راقم کے وہم و گمان میں بھی نہ آسکتا تھا۔ ایک فارسی کے پروفیسر جب ایک قدیم قلمی نسخہ کو اپنے بیگ میں رکھ کر باہر جانے لگے تو لائبریری کے نگراں ملازم نے ان سے نسخہ کو واپس مانگا انہوں نے اس نسخہ کو اپنے بیگ سے نکال کر واپس کرتے ہوئے کہا کہ میں نے غلطی سے اس نسخہ کو اپنے بیگ میں رکھ لیا تھا۔ ان کے چلے جانے کے بعد نگراں ملازم نے جب مجھے اس کی خبر دی تو یہ سوچ کر مجھے بڑا افسوس ہوا کہ ایک ذمہ دار پروفیسر ایسی مذموم حرکت کر سکتا ہے۔ چپراسیوں اور دیگر ملازموں کے کوارٹرس بھی کچھ دنوں سے بے مرمت پڑے ہوئے تھے۔ میرے کہنے پر پی۔ ڈبلو۔ ڈی نے انہیں درست کرایا۔ لائبریری کے سامنے جو ایک چھوٹا سا میدان ہے اسے سرسبز رکھا جاتا اور مغرب کی نماز عرصہ دراز سے اسی میدان میں ادا کی جاتی تھی جس میں محلہ کے لوگ بھی شریک ہوا کرتے تھے۔ موسمی پھول برسات اور جاڑے کے موسم میں لائبریری کو زینت بخشتے تھے۔

کتابوں کی خریداری:

اس زمانے میں کتابوں کی خریداری کے لیے کم رقم ملتی تھی۔ مسٹر قاضی عبدالودود، راقم اور مسٹر صفی احمد اسسٹنٹ ڈائرکٹر لائبریری کی اس کمیٹی کے ممبر تھے۔ ہم لوگوں کے

Marfat.com

انتخاب اور مشورے سے لائبریری کے لیے کتابیں خریدی جاتی تھیں۔ مسٹر قاضی عبد الودود اچھے قلمی نسخوں کی خریداری پر زور دیا کرتے تھے اور راقم بھی اس معاملہ میں ان کا ساتھ دیتا تھا۔ میرے زمانے میں کچھ مخطوطات اور اچھی انگریزی کتابوں کی خریداری ہوئی۔ میرے مشورے پر بیروت کی چھپی ہوئی تفسیر حدیث اور اسلامیات کی کتابیں لندن سے منگائی گئیں۔

کتابوں کی اسٹاک ٹیکنگ:

راقم کو لائبریری کے انتظامی کاموں کا تجربہ تقریباً بیس سال کا تھا۔ جب میں خدا بخش لائبریری کا ڈائرکٹر ہو کر آیا تو اس سے پہلے میں پٹنہ کالج لائبریری کا جونیئر پروفیسر انچارج پندرہ سال تک اور پروفیسر انچارج تین سال تک رہا تھا۔ اس کے علاوہ دو سال تک پٹنہ یونیورسٹی لائبریری کمیٹی کا ممبر بھی تھا۔ یہ دونوں کتب خانے قدیم اور مشہور ہیں۔ کتب خانوں میں سالانہ اسٹاک ٹیکنگ کرانا نہایت ضروری ہے اور میں اس لمبی مدت میں ہر سال نہایت پابندی سے کتابوں کی اسٹاک ٹیکنگ کرایا کرتا اور جو کتابیں غائب رہتی تھیں ان کے متعلق تفتیش کرتا تھا۔ اکثر گم شدہ کتابیں مل جایا کرتی تھیں۔ جب میں خدا بخش لائبریری کا ڈائرکٹر ہو کر آیا تو کتابوں کی اسٹاک ٹیکنگ کرائی جس سے پتہ چلا کہ حکیم مظاہر احمد صاحب کے یہاں سے جو قلمی نسخے خریدے گئے تھے ان میں سے چند چھوٹے رسالے غائب تھے۔ مگر تلاش کے بعد دستیاب ہو گئے۔ تقریباً سو مطبوعہ کتابیں جنہیں مختلف حضرات پڑھنے کے لیے لے گئے تھے غائب تھیں اور باوجود یاد دہانی کے واپس نہ کی گئیں تھیں۔ کتابوں کی واپسی کے لیے راقم نے بذریعہ خط لوگوں سے استدعا کی کہ کتابوں کو جلد واپس کر دیں۔ کچھ لوگوں نے کتابیں واپس کیں مگر زیادہ تر لوگوں نے خط کا جواب تک نہ دیا جن میں پٹنہ کالج کے ایک پروفیسر بھی تھے۔ لائبریری کے ایک سابق سکریٹری کے پاس واپسی کے لیے دس پندرہ کتابیں تھیں مگر انہوں نے ایک کتاب بھی واپس نہ کیا اور نہ قیمت ہی ادا کی راقم کا تجربہ ہے کہ ہر سال کتابوں کی اسٹاک ٹیکنگ لائبریری میں غیر جانب دار حضرات سے کرائی جائے تاکہ معلوم ہو سکے کہ کون کون سی کتابیں غائب ہیں اور ان کی بازیابی کے لیے کیا صورت

Marfat.com

ہو سکتی ہے۔

ایک نایاب قلمی نسخہ کا دہلی بھیجا جانا:

خان بہادر خدا بخش خان بانی خدا بخش لائبریری نے یہ قاعدہ بنایا تھا کہ کوئی قلمی نسخہ لائبریری سے باہر نہیں جاسکتا ہے۔ راقم جب ڈائرکٹر تھا تو دہلی سے حکومت ہند نے مغل بادشاہ اکبر اعظم پر ایک ڈکومنٹری فلم تیار کرنے کے سلسلہ میں ایک نہایت ہی نایاب قلمی نسخہ کو طلب کیا۔ راقم نے اس قیمتی نسخہ کو دہلی بھیجے جانے کی سخت مخالفت کی اور حکومت ہند کو مطلع کیا کہ قاعدے کے مطابق یہ نسخہ بنام "تاریخ خاندان تیموریہ" کتب خانے سے باہر نہیں جاسکتا ہے اگر یہ دہلی بھیجے جانے میں گم ہو گیا تو کسی قیمت پر یہ نسخہ پھر حاصل نہیں ہو سکتا ہے۔ علاوہ ازیں ڈکومنٹری فلم کے بنانے میں اگر نسخہ کو کچھ نقصان پہنچا تو اس کی تلافی کسی طور سے ممکن نہیں۔ میں نے بہار کے گورنر مسٹر اننتاشانیم انیگار کو اس خط کی ایک نقل روانہ کردی اور انہوں نے بھی میری رائے سے اتفاق کیا۔ دو ہفتہ بعد گورنر بہار نے کچھ لوگوں سے اثر پذیر ہو کر راقم کے پاس حکم نامہ بھیجا کہ یہ نادر قلمی نسخہ کو لے کر دس دن کے لیے مسٹر صفی احمد اور مسٹر اطہر شیر دہلی جائیں اور کام کے ختم ہو جانے کے بعد اس کو بحفاظت تمام پٹنہ واپس لائیں۔ نادر قلمی نسخوں کا دہلی بھیجا جانا بالکل غلط اور بانی کتب خانہ کے اصول کے خلاف تھا۔

چند متفرق کام:

راقم کے ڈائرکٹر ہونے سے پہلے قلمی نسخوں کے دو کیٹلاگ تیار ہو چکے تھے۔ میں نے اپنے ایک عزیز شاگرد مسٹر نور الہدیٰ سے جو بی۔این کالج میں انگریزی کے پروفیسر تھے بلا کسی معاوضہ کے انگریزی عبارت کی نظر ثانی کرائی اور یہ دونوں کیٹلاگ میرے زمانے میں چھپ کر شائع ہو گئے عربی عبارت کی نظر ثانی ڈاکٹر سید احمد نے کی۔

جنوری ۱۹۶۶ء میں انڈین ٹوبیکو کمپنی نے کافی رقم خرچ کر کے ایک نہایت خوبصورت اور شاندار ڈسک کیلنڈر شائع کیا۔ اس کیلنڈر میں چھ ۶ رنگین تصویریں خدا بخش لائبریری کے نادر قلمی نسخوں سے لی گئی تھیں۔ تصویریں چھپ کر اس قدر مقبول ہوئیں کہ

Marfat.com

لوگوں نے ان تصویروں کو فریم میں لگا کر اپنے کمروں میں آویزاں کیا۔ اس زمانے میں ڈاکٹر ذاکر حسین صدر جمہوریہ ہند تھے۔ انہیں ان میں سے ایک تصویر اتنی پسند آئی کہ اس کی نقل دہلی کے ایک استاذ مصور سے بڑے سائز میں تیار کرائی۔ جب یہ تصویر تیار ہوئی تو ڈاکٹر صاحب مرحوم نے مشہور مصور فیبریؔ کو دکھایا اور انہوں نے اس نقلی تصویر کو اصلی قرار دیا۔ ڈاکٹر صاحب مرحوم نے جب فیبریؔ کو کل حالات سے مطلع کیا تو وہ حیران ہو کر رہ گئے اور نقل کرنے والے مصور کی بہت تعریف کی۔ ڈاکٹر صاحب مرحوم نے اس تصویر کو نہایت نمایاں طور سے راشٹرپتی بھون کے اس کمرے میں آویزاں کیا جہاں وہ لوگوں سے ملا کرتے تھے۔ جب راقم کچھ دنوں بعد ڈاکٹر صاحب مرحوم سے راشٹرپتی بھون میں ملا تو انہوں نے ہنس کر اس واقعہ کا تذکرہ کیا اور یہ بھی کہا کہ دنیا میں بہت سی نقلی تصویریں اصلی بتا کر بڑی بڑی قیمتوں پر فروخت کی جاتی ہیں۔ یہ چھ تصویریں جن کو راقم نے فریم کرا کر لائبریری کو دیا تھا اب تک وہاں موجود ہیں اور یہ خدابخش لائبریری کی بیش بہا تصویریں ہیں۔

جمیلہ بیگم مرحومہ زوجہ خان بہادر خدابخش خاں کا اردو دیوان لائبریری میں موجود ہے۔ بیگم موصوفہ اپنے اشعار کی اصلاح پٹنہ کے مشہور شاعر حضرت شاد عظیم آبادی سے کراتی تھیں۔ راقم کو مرحومہ کی کچھ غزلیں پسند آئیں اور میں نے سوچا کہ بیگم مرحومہ کی منتخب غزلوں کو چھاپ کر شائع کر دیا جائے۔ میں نے پٹنہ یونیورسٹی کے اردو کے پروفیسر ڈاکٹر ممتاز احمد کو اس کام کی انجام دہی کے لیے تیار کیا مگر افسوس ہے کہ یہ کام نہ ہو سکا کیونکہ میں بہت جلد استعفادے کر لائبریری سے الگ ہو گیا۔

راقم کے اصرار پر بنارس کی امریکن اکاڈمی اپنے خرچ سے خدابخش لائبریری کے تصویر دار مخطوطات کا ایک کیٹلاگ تیار کرنے پر راضی ہوئی۔ اس کیٹلاگ میں مخطوطات کی بیش بہا تصویروں کو اپنے اصل رنگ و روپ کے ساتھ شائع کرنے کی تجویز بھی پیش کی۔ ۱۰ ار ستمبر ۱۹۶۷ء کو جب یہ مسئلہ مجلس انتظامیہ کے سامنے پیش ہوا تو کوئی معقول نتیجہ بر آمد نہ ہوا۔

راقم نے پٹنہ یونیورسٹی کے مختلف مضامین کے مشہور اساتذہ کو اس بات پر راضی کیا کہ بلامعاوضہ یہ حضرات دلچسپ موضوعات پر خدابخش لائبریری میں لکچر دیں جو بعد میں

Marfat.com

کتابی شکل میں شائع کیا جا سکے۔ آٹھ پروفیسروں نے نہایت ہی خوشی سے لکچر دینے پر اپنی رضامندی کا اظہار کیا، مگر اس تجویز پر بھی کوئی کاروائی نہ کی جا سکی کیونکہ میں لائبریری سے الگ ہو گیا تھا۔ موجودہ ڈائرکٹر خدابخش لائبریری ڈاکٹر عابد رضا بیدار ہندوستان اور بیرون ملک کی بڑی بڑی شخصیتوں کو مدعو کر کے خدابخش لائبریری میں لکچرس دلایا کرتے ہیں اور یہ ہر لحاظ سے نہایت ہی مفید ہوتے ہیں۔ اکثر لکچرس چھاپ کر شائع کر دیئے گئے ہیں جنہیں لوگ شوق سے پڑھتے ہیں۔

لائبریری کی دوسری منزل:

جگہ کی کمی کی وجہ سے لائبریری کی عمارت میں توسیع کرانا نہایت ہی ضروری تھا۔ حکومت بہار نے جب اپنا حکم توسیع عمارت کے لیے صادر کر دیا تو میں نے گورنر بہار سے اجازت لے کر چیف انجینیئر پی ڈبلو ڈی، بہار سے ملاقات کی۔ صاحب موصوف نے اس معاملہ میں اپنی بڑی دلچسپی دکھائی اور کہا کہ تین ماہ کے اندر بالائی منزل کی تعمیر کا کام کر دیا جائے گا۔ جب میں لائبریری کے کاموں سے سبکدوش ہو رہا تھا تو لائبریری کی توسیع کا کام بہت حد تک مکمل ہو چکا تھا۔ زینوں کی ساخت مجھے پسند نہ تھی مگر انجینیئروں نے کہا کہ جگہ کی کمی کے باعث زینے ان سے بہتر نہیں بنائے جا سکتے ہیں۔ انجینیئروں نے بالائی منزل کی عمارت کو نہایت ہی خوب صورتی سے تعمیر کیا ہے۔

کتابوں کی نمائش:

راقم کے آخر دور میں مخطوطات اور مطبوعات کی نمائش سامنے والے کمرے میں کی گئی۔ مسٹر اننتا شانیم اینگار گورنر بہار نے اس نمائش کا افتتاح کیا اور کافی لوگوں نے اس نمائش کو دیکھا اور پسند کیا۔ افتتاح کے بعد گورنر موصوف نے دیر تک کتابوں کو بڑے شوق سے دیکھا اور جاتے وقت راقم سے فرمایا کہ ان کتابوں کی جہاں تک ممکن ہو حفاظت کرو۔ ہم لوگ ایک نہایت ہی پر آشوب دور سے گزر رہے ہیں۔ شرپسند عناصر اپنے بغض وعناد کی بنا پر آگ کی ایک چنگاری سے اس خوبصورت اور نادر کتابوں کے ذخیرہ کو خاک کا ڈھیر بنا سکتے ہیں۔ میں نے جواباً عرض کیا کہ یہاں کا ہر ملازم لائبریری کو اپنی جان سے زیادہ عزیز رکھتا ہے

Marfat.com

مگر حکومت کا فرض ہے کہ کم از کم دو سنتری رائفل کے ساتھ ۲۴ گھنٹے لائبریری کی حفاظت کے لیے مقرر کیے جائیں۔ انہوں نے دو سنتریوں کے مقرر کیے جانے کا وعدہ تو کیا مگر پورا نہ کر سکے۔ مسٹر صفی احمد اور مسٹر اطہر شیر نے اس نمائش کو کامیاب بنانے میں بڑی محنت اور دلچسپی سے کام لیا۔ راقم کے لیے یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ موجودہ ڈائرکٹر بیدار صاحب نے تین پہرہ داروں کو بندوق کے ساتھ لائبریری کی حفاظت کے لیے مقرر کیا ہے۔ جو لائبریری کی پوری نگہبانی کرتے ہیں۔

لائبریری میں معزز حضرات کی آمد:

میرے زمانے میں کچھ معزز حضرات لائبریری میں تشریف لائے جن میں سے چند کا تذکرہ کر دینا میں ضروری سمجھتا ہوں۔ ۱۳/ اپریل ۱۹۶۶ء کو برٹش ڈپٹی ہائی کمشنر مسٹر ایون پورٹر، کیٹرین پورٹر اور مسٹر جوناتھن ڈیوڈسن لائبریری میں تشریف لائے۔ یہ حضرات ایک گھنٹہ تک لائبریری کی مشہور کتابوں کو دیکھتے رہے اور ان کی خوبصورتی سے نہایت متاثر ہوئے۔ ان سب لوگوں نے لائبریری کی وزیٹرس بک میں تحریر فرمایا کہ یہاں کی کتابوں کے دیکھنے کے لیے ایک گھنٹہ ناکافی ہے۔ ہم لوگوں کی خواہش ہے کہ لائبریری میں پھر آئیں اور خوب صورت مخطوطات کو دیکھنے میں پورا دن گذاریں۔ کیٹرین پورٹر مجھے ایک نہایت ہی مہذب اور تعلیم یافتہ خاتون معلوم ہوئیں۔ انہوں نے مخطوطات کے علاوہ انگریزی، فرانسیسی، جرمن اور اٹیلین زبانوں کی قدیم اور مشہور کتابوں کو دیکھا جو لائبریری میں موجود ہیں۔ مسٹر ڈیوڈسن نے فارسی خطاطی اور تصویروں کی بڑی تعریف کی۔

مسٹر کرشن بلب سہائے:

اس زمانے میں مسٹر کرشن بلب سہائے بہار کے وزیر اعلیٰ تھے اور راقم کے دوستوں میں تھے۔ پٹنہ یونیورسٹی میں بی۔ اے کے امتحان میں اوّل آئے اور طلائی تمغہ حاصل کیا تھا۔ کتابوں کے بڑے شوقین تھے اور وقت نکال کر کتابوں کا مطالعہ کیا کرتے تھے۔ اپنی طالب علمی کے زمانے میں اکثر خدا بخش لائبریری آیا کرتے تھے۔ ۱۱/ مئی ۱۹۶۶ء کو راقم صاحب موصوف کو مدعو کر کے خدا بخش لائبریری لایا اور انہوں نے کافی دیر تک لائبریری کی

Marfat.com

کتابوں کو دیکھا اور بہت متاثر ہوئے۔ خصوصاً ان مخطوطات سے جن کا تعلق شہنشاہ مغلیہ سے ہے۔ وزیٹرس بک میں موصوف نے خدا بخش لائبریری کے متعلق جو کچھ بھی لکھا ہے، وہ ان کے جذبات کی صحیح ترجمانی ہے۔ شاید موصوف بہار کے پہلے اور آخری وزیر اعلیٰ تھے جنہوں نے بحیثیت وزیر اعلیٰ بہار خدا بخش لائبریری کا معائنہ کیا ہو۔

مسٹر صدیق اللہ رشتین:

اسی زمانے میں مسٹر رشتین جو افغانستان میں وزارت تعلیم کے آفیسر تھے پٹنہ آئے اور حکومت بہار کے مہمان کی حیثیت سے پٹنہ سرکٹ ہاؤس میں مقیم تھے۔ صاحب موصوف نے خدا بخش لائبریری آکر کتابوں کو دیکھا اور تین روز بعد واپس چلے گئے۔ گرچہ صاحب موصوف اچھی انگریزی اور فارسی بولتے تھے مگر وزیٹرس بک میں اپنے تاثرات کو پشتو زبان میں تحریر کیا جو ان کی مادری زبان تھی۔ صاحب موصوف ان دنوں پشتو اکیڈیمی کے رئیس تھے۔

ڈائرکٹر کی تقرری پر اخباروں کی رائے:

راقم ایک سال دس مہینے تک خدا بخش لائبریری کی خدمت کرتا رہا۔ اس دوران میں خدا بخش لائبریری کی فلاح و بہبود کے لیے جو کچھ بھی ممکن تھا کیا۔ جب میں ڈائرکٹر مقرر ہوا تو پٹنہ کے اخباروں نے میری تقرری کی خبر کو نہایت ہی نمایاں طور سے شائع کیا اور ایک اردو اخبار نے اداریہ لکھا جو حسب ذیل ہے:

ڈاکٹر اقبال حسین کا نیا عہدہ

"یہ خبر علمی حلقوں میں نہایت مسرت کے ساتھ سنی جائے گی کہ خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ کی مجلس انتظامیہ نے جس کے صدر بہار راج کے گورنر ہیں ۲۷ر نومبر کی میٹنگ میں ڈاکٹر اقبال حسین کو لائبریری کا ڈائرکٹر مقرر کردیا ہے۔ ڈاکٹر صاحب موصوف علمی دنیا کی ایک معروف شخصیت ہیں۔ خدا بخش لائبریری

Marfat.com

سے ان کا بہت دنوں کا تعلق رہا ہے۔ ایم۔ اے پاس کرنے کے بعد وہ عرصے تک یہاں اپنا تحقیقی کام کرتے رہے اور اپنی مشہور کتاب "ہندوستان کے ابتدائی عہد اسلامی کے فارسی شعرا" مرتب کیا اور سام مرزا کی تالیف "تحفہ سامی" کو ایڈٹ کیا۔ وہ نو سال تک اس لائبریری کی پرانی مجلس انتظامیہ کے ممبر رہے ہیں۔ اس طرح ان کو اس لائبریری کے تمام حالات سے پوری واقفیت اور اس کی فلاح وبہبود کے لیے اتم ہمدردی ہے۔ جب سے خدا بخش لائبریری کی نئی مجلس عاملہ مقرر ہوئی ہے اور اس نے لائبریری کی توسیع وترقی کے لیے منصوبہ بنایا ہے اسی وقت سے یہ ضرورت محسوس کی جا رہی تھی کہ ایک تجربہ کار اور ہوشیار ڈائرکٹر بحال کیا جائے۔ نئی مجلس انتظامیہ نے ڈاکٹر صاحب موصوف کا انتخاب کر کے بڑی دانش مندی کا ثبوت دیا ہے۔ ان کے جیسا لائق وفائق، تجربہ کار، ہر دل عزیز اور ہمدرد شخص ملنا مشکل تھا۔ خدا بخش لائبریری کی یہ انتہائی خوش قسمتی ہے۔ ہم مجلس انتظامیہ اور ڈاکٹر صاحب موصوف دونوں کو مبارک باد دیتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ ڈاکٹر صاحب کی نگرانی اور سرپرستی میں یہ قومی ادارہ روز افزوں ترقی کرے گا۔"

خدا بخش لائبریری سے میرا دیرینہ تعلق:

مسٹر ولی الدین خدا بخش مرحوم خان بہادر خدا بخش خاں کے چھوٹے صاحبزادے تھے۔ ۱۹۱۹ء میں ان کی شادی میرے رشتہ کی ایک پھوپھی سے جو خان بہادر حشمت حسین مرحوم کی صاحبزادی تھیں، ہوئی۔ اس زمانے میں راقم اسکول کا طالب علم تھا مگر لائبریری کی شہرت سن کر دلی پھوپھا مرحوم کے ساتھ خدا بخش لائبریری گیا جہاں انہوں نے مجھے مغل دور کی کئی تصویریں دکھائیں۔ راقم ۱۹۲۴ء میں پٹنہ تعلیم کی غرض سے آیا اور فارسی آنرس میں داخلہ لیا۔ میرے فارسی کے نصاب میں نظامی، عروضی کا چہار مقالہ بھی تھا جس

Marfat.com

کاانگریزی ترجمہ پروفیسر براؤن نے کیا تھا۔ یہ کتاب خدابخش لائبریری میں موجود تھی۔ میں نے اس انگریزی ترجمہ کو پڑھا جس سے میری بہت سی دشواریاں حل ہوگئیں۔ بی۔اے اور ایم۔اے کے زمانے میں خدابخش لائبریری جاکر فارسی کتابوں کی شرحوں کا مطالعہ کیا کرتا تھااوران کے علاوہ انگریزی کتابیں بھی وہاں سے لاکر پڑھاکرتا تھا۔ ۱۹۳۲ء میں راقم بحیثیت ریسرچ اسکالر لائبریری میں تحقیق کاکام کرنے لگااور وہاں روزانہ دس بجے سے چار بجے تک اپنے کاموں میں مصروف رہتا۔ میرے لیے بالائی منزل میں ایک کمرہ مخصوص کردیا گیا تھا جہاں میں اطمینان سے کام کیاکرتا تھا۔ جنوری ۱۹۳۴ء میں پٹنہ میں ایک شدید زلزلہ آیا جس سے خدابخش لائبریری کی بالائی منزل کو سخت نقصان پہنچا۔ خیریت تھی کہ بالائی منزل کے کمروں میں کتابیں نہ رکھی جاتیں تھیں اس لیے کتابوں کو کسی قسم کانقصان نہ پہنچا۔ عمارت کی نچلی منزل بالکل محفوظ رہی جہاں کتابوں کی الماریاں رکھی ہوئی تھیں اور کل کتابیں زلزلہ کے اثرات سے بچ گئیں۔ حکومت بہار نے بالائی منزل کو منہدم کرنے کا حکم صادر کیااور لائبریری کی کل کتابیں بہار ینگ مین انسٹی ٹیوٹ کی عمارت میں جولائبریری کے متصل ہے لے جاکر رکھ دی گئیں اور قریب چھ مہینے تک کتابیں وہاں محفوظ رکھی رہیں۔ جب بالائی منزل کو منہدم کرکے ازسرنو چھت کی تعمیر پوری ہوگئی اور نچلی منزل کو بھی اچھے طور سے مرمت کردیا گیا تو بہار ینگ مین انسٹی ٹیوٹ سے کل کتابیں لائبریری میں منتقل کردی گئیں۔ اس وجہ سے قریب چھ ماہ تک میرا تحقیقی کام ملتوی رہا۔ سر ایڈورڈ ڈینیسن روس خاں بہادر خدابخش خاں کے دوست تھے اور تاحیات لائبریری کے کاموں میں بڑی دلچسپی لیا کرتے تھے۔ فارسی مخطوطات کے انگریزی کٹیلاگ جلد اوّل کو صاحب موصوف نے تیار کیا تھا۔ لارڈ کرزن وائے سرائے ہند کی توجہ لائبریری کی طرف صاحب موصوف نے مبذول کرائی تھی اور اس سے لائبریری کو عروج حاصل ہوا۔ جب راقم نے انہیں یہ خبر دی کہ زلزلہ سے خدابخش لائبریری کی کتابوں کو کوئی نقصان نہ پہنچا ہے تو صاحب موصوف کو بہت خوشی ہوئی اور انہیں زیادہ خوشی اس بات پر ہوئی کہ عنقریب ایک خوب صورت عمارت لائبریری کے لیے تعمیر ہونے والی ہے۔

Marfat.com

لائبریری کی نئی عمارت:

زلزلہ کے کچھ عرصہ بعد حکومت بہار نے لائبریری کی ایک نئی اور خوب صورت عمارت تعمیر کرنے کا حکم صادر کیا۔ ان دنوں پٹنہ ڈویژن کے ایگزیکیٹو انجینئر کریم صاحب تھے۔ موصوف پنجاب کے رہنے والے او راپنی کارکردگی کے لیے نہایت مشہور تھے۔ حکومت بہار نے لائبریری کی تعمیر کا کام صاحب موصوف کو سپرد کیا اور انہوں نے نہایت خلوص سے اس کام کو شروع کرا دیا۔ عمارت کے لیے ایک نہایت ہی اچھا نقشہ تیار کرا کر لائبریری کی بنیاد رکھی۔ باہر سے سرخ اور بھورے رنگ کے پتھر منگوائے اور سنگ تراشوں کو راجستھان سے بلا کر عمارت کی تعمیر کے لیے مقرر کیا۔ تعمیری کاموں کی دیکھ بھال کے لیے ایک اسسٹنٹ انجینئر کو متعین کیا۔ باوجود اپنی سخت مصروفیت کے صاحب موصوف روزانہ ایک دو بار خدابخش لائبریری تشریف لاتے اور معماروں کو ضروری ہدایتیں دے کر واپس جاتے۔ صاحب موصوف اپنے اسلامی جذبے سے متاثر ہو کر عمارت کو اس انہاک سے بنواتے جیسے کوئی مسجد تعمیر ہو رہی ہو۔ سرخ پتھر کی یہ عمارت جو مغل طرز پر تعمیر کی گئی ہے۔ ایک سال میں مکمل ہوئی۔ جب گورنر بہار نے اس نئی عمارت کا معائنہ کیا تو بہت خوش ہوئے اور کریم صاحب کا بیحد شکر ادا کیا۔ کریم صاحب نے اس عمارت میں کتابوں کو رکھنے کے لیے لوہے کی الماریاں پسند کیں۔ جن میں کتابیں بحفاظت تمام رکھی جاسکیں۔ راقم کریم صاحب کو پٹنہ یونیورسٹی لائبریری لے گیا جہاں کل الماریاں لوہے کی ہیں۔ انہیں یہ الماریاں پسند آئیں اور اسی طرز کی الماریاں کلکتہ سے خدابخش لائبریری کے لیے منگوایا۔ یہ سرخ رنگ کی عمارت نہایت ہی خوب صورت معلوم ہوتی تھی، مگر دوسری جنگ عظیم کے دوران جب پٹنہ کو ہوائی حملہ کا خطرہ لاحق ہوا تو سرخ پتھر پر بھورا رنگ چڑھا دیا گیا تاکہ یہ عمارت ہوائی حملہ سے محفوظ رہ سکے۔ بیش قیمت کتابوں کو پٹنہ سے باہر مختلف جگہوں پر منتقل کر دیا گیا جہاں ہوائی حملہ کا خطرہ کم تھا۔ اختتام جنگ پر یہ سب کتابیں خدابخش لائبریری میں صحیح سالم واپس آگئیں۔ راقم کو خوب یاد ہے کہ مسٹر ولی الدین خدابخش مرحوم نے جو اس زمانے میں لائبریری کے سکریٹری تھے کس محنت اور جاں فشانی سے لائبریری کی نئی عمارت کو آراستہ

Marfat.com

کیا اور کتابوں کو اپنی جگہ پر رکھوایا۔ اس زمانے کے ملازمین لائبریری کو اپنی جان سے زیادہ عزیز رکھتے تھے اور کیا مجال تھی کہ کوئی چیز ادھر سے ادھر ہو جائے۔

لائبریری میں معزز حضرات کی آمد

جب میں ریسرچ اسکالر تھا:

راقم جب خدابخش لائبریری میں تحقیق کا کام کر رہا تھا تو ہندوستان اور غیر ممالک کے نامور حضرات یہاں تشریف لایا کرتے تھے۔ کوئی بھی اسلامی ملک ایسا نہ تھا جہاں کے لوگ خدابخش لائبریری کو دیکھنے یا یہاں کام کرنے کے لیے نہ آتے ہوں۔ یورپ سے انگریز اور فرانسیسی محقق اسلامیات پر تحقیق کرنے کے لیے آتے تھے۔ راقم کو ان حضرات سے مل کر مسرت ہوتی تھی۔ ۲۵ر مارچ ۱۹۳۳ء کو ایران کے نامور شاعر پروفیسر پورداؤد خدابخش لائبریری میں تشریف لائے اور تین دنوں تک لگاتار فارسی کتابوں کا مطالعہ کرنے کے لیے لائبریری آتے رہے۔ راقم کی استدعا پر انہوں نے میری کتاب "تحفۂ سامی" کا دیباچہ تیار کیا مگر جرمنی جاکر اس کو بھیجنے میں اتنی دیر کر دی کہ دیباچہ کتاب میں شامل نہ کیا جاسکا۔ موصوف کا یہ تحریر کردہ دیباچہ اب تک بطور یادگار محفوظ ہے۔ جب وہ واپس جانے لگے تو راقم کو اپنے مندرجہ ذیل اشعار تحریر کر کے عنایت فرمایا جس کو راقم نے بحفاظت تمام رکھا ہے۔

گر بستہ شود در امیدت   گر روز چو شب نمایدت تار
با روز نہ امید میاز   خورشید بتابدت دیگر بار

سر گرجا شنکر باجپئی ہندوستان کے ایک نامور آئی۔ سی۔ ایس گذرے ہیں۔ انگریزوں کے زمانے میں ان کی بڑی قدر و منزلت تھی اور آزادی کے بعد مزید عزت اور مرتبے حاصل کیے۔ فارسی نہایت اچھی جانتے اور خوب بولتے تھے۔ راقم کی ملاقات موصوف سے پہلی مرتبہ آقائی نورزاد کی رہائش گاہ پر دہلی میں ہوئی تھی۔ جب میں خدابخش لائبریری میں تحقیق کر رہا تھا تو وہ پٹنہ تشریف لائے اور راقم کے ہمراہ خدابخش لائبریری آئے۔ موصوف کو روپ متی اور باز بہادر کی تصویر پسند آئی جس پر شیخ سعدی کا یہ شعر لکھا

Marfat.com

ہوا ہے۔

"سرو سیمنا بہ صحرا می روی
سخت بد عہدی کہ بیما می روی"

یہ تصویر صاحب موصوف کو پسند آئی اور مجھ سے فرمایا کہ اس کی ایک خوبصورت نقل بنوا کر میرے پاس دہلی بھیج دو۔ راقم نے پٹنہ کے مشہور مصور ہادی کو تکلیف دی کہ اس تصویر کی ایک اچھی نقل تیار کر دیں۔ ہادی مرحوم نے تصویر کی ایک نہایت ہی خوبصورت نقل تیار کی اور رنگ آمیزی ایسی کی تھی کہ جسے دیکھ کر مسٹر باجپئی خوش ہوئے اور ہادی مرحوم کو دو سو روپئے بہ طور نذرانہ دینا چاہا مگر انہوں نے اسے قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ باجپئی صاحب نے شاید اس تصویر کو امریکہ میں کسی ادارہ کو تحفۃً دے دیا۔

✪✪✪

Marfat.com

پندرھواں باب

یونیورسٹی گرانٹس کمیشن سے میرا تعلق اور دیگر ذمہ داریاں

یو.جی.سی کا انتخاب:

اس زمانے میں جب میں خدابخش لائبریری کا ڈائرکٹر تھا تو یونیورسٹی گرانٹس کمیشن ایک اسکیم کے تحت پنشن یافتہ ممتاز پروفیسروں کو چھ ہزار روپیہ سالانہ بہ طور محنتانہ اور اس کے علاوہ ایک ہزار روپئے متفرق اخراجات کے لیے سالانہ دیا کرتی تھی۔ ڈاکٹر ڈی۔ایس کوٹھاری جو اس زمانے میں یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے چیئرمین تھے نے اپنے خط مورخہ ۴؍فروری ۱۹۶۶ء سے راقم کو مطلع کیا کہ میرا انتخاب پٹنہ یونیورسٹی میں فارسی پڑھانے اور تحقیق کرانے کے لیے ہوا ہے۔ اس خط کے جواب میں راقم نے کٹھاری صاحب کو مطلع کیا کہ میں ابھی خدابخش لائبریری میں ڈائرکٹر کا کام کر رہا ہوں اور میں نے فیصلہ کر لیا ہے کہ ۳۰؍ستمبر ۱۹۶۷ء کو استعفیٰ دے کر لائبریری کے کاموں سے سبکدوش ہو جاؤں۔ موصوف سے میں نے ایک سال ۹ مہینے کی مہلت طلب کی۔ اتنی طویل مہلت قواعد و ضوابط کے خلاف تھی اور سکریٹری یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے اتنی لمبی مہلت دینے کی سخت مخالفت کی مگر کوٹھاری صاحب نے از راہ کرم مجھے اجازت دے دی کہ میں پہلی اکتوبر ۱۹۶۷ء سے پٹنہ یونیورسٹی میں کام کرنا شروع کر دوں۔

Marfat.com

پٹنہ یونیورسٹی میں کام کی ابتداء:

راقم پہلی اکتوبر ۱۹۷۶ء کو پروفیسر مہندر پرتاپ سے جو اس زمانے میں پٹنہ کالج کے پرنسپل تھے، جاکر ملا۔ پرنسپل پرتاپ اتر پردیش کے رہنے والے ہیں اور میرے عزیز دوستوں میں ہیں۔ موصوف ترقی کر کے پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ہوئے۔ پرنسپل پرتاپ کو یہ سن کر بڑی خوشی ہوئی کہ سات سال بعد میں پھر پٹنہ کالج واپس آگیا ہوں۔ صاحب موصوف نے پٹنہ کالج کی نئی عمارت میں بالائی منزل پر میرے لیے ایک کمرہ مخصوص کر دیا اور لائبریرین کو ہدایت کر دی کہ جو کتابیں مجھے درکار ہوں لائبریری انہیں فراہم کرے۔

میرا کام:

راقم ہفتہ میں تین دن سوموار، جمعرات اور سنیچر کو کالج جایا کرتا تھا اور ہر روز دو گھنٹے ایم اے کے لڑکوں کو پڑھایا کرتا تھا۔ یہ لڑکے مجھ سے قصائد خاقانی اور قصائد عرفی پڑھا کرتے تھے۔ ان کے علاوہ ایک دو لڑکے جو پی ایچ ڈی کر رہے تھے اپنے کاموں میں مجھ سے مدد لیا کرتے تھے۔ راقم پانچ سال تک اس طور سے یو۔ جی۔ سی کی خدمات کو انجام دیتا رہا۔ جب میں یو۔ جی۔ سی کے کاموں سے سبکدوش ہو گیا تو پٹنہ یونیورسٹی نے راقم کو تین سال کے لئے اسپیشل لکچرر بنا کر رکھا۔ دوران سیشن ۷۹۔۱۹۷۸ء یو۔ جی۔ س نے راقم کو پونے دو ہزار روپے ماہانہ پر ۹ مہینے کے لیے وزیٹنگ پروفیسر مقرر کیا اور اس کام کے اختتام پر راقم نے پٹنہ یونیورسٹی میں پڑھانے کے کاموں سے علیحدگی اختیار کر لی۔

مختلف ذمہ داریاں:

راقم کو دہلی یونیورسٹی نے ۲۲ مارچ ۱۹۷۱ء سے ۱۴ دسمبر ۱۹۷۳ء تک کے لیے فیکلٹی آف آرٹس کا ممبر نامزد کیا۔ میں ہمیشہ فیکلٹی آف آرٹس کے جلسوں میں شریک ہوا کرتا تھا اور ان موقعوں پر راقم کی ملاقات ہندوستان کے متعدد ممتاز پروفیسروں سے ہو جایا کرتی تھی۔ اس زمانے میں ڈاکٹر سید امیر حسن عابدی دہلی یونیورسٹی میں شعبۂ فارسی کے

Marfat.com

صدر تھے۔ ڈاکٹر نورالحسن انصاری جو آج کل دہلی یونیورسٹی میں فارسی کے صدر ہیں اس زمانے میں ترقی کر کے ریڈر ہوگئے تھے۔ ۱۹۸۷ء میں قضا کر گئے۔

پٹنہ یونیورسٹی کے زیر اہتمام انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن قائم ہے جس کے زیادہ تر ممبروں کو حکومت بہار نامزد کرتی ہے اور چند ممبروں کو وائس چانسلر پٹنہ یونیورسٹی منتخب کرتا ہے۔ ۱۸ر ستمبر ۱۹۷۱ء کو وائس چانسلر نے یونیورسٹی کی طرف سے راقم کو تین سال کے لیے ایڈوائزری کمیٹی کا ممبر نامزد کیا اور راقم نے پانچ سال سے زیادہ اس کمیٹی میں رہ کر انسٹی ٹیوٹ کی خدمت کی۔ ڈاکٹر وی۔ پی ورما اس انسٹی ٹیوٹ کے ڈائرکٹر تھے اور اپنے کاموں کو نہایت خوبی سے انجام دیا کرتے تھے۔ اس زمانے میں کمیٹی کے ممبران چیف سکریٹری بہار اور دیگر اعلیٰ حکام ہوا کرتے تھے۔

پٹنہ یونیورسٹی سنیٹ کی ممبری:

۳۰ر اکتوبر ۱۹۷۱ء کو شری دیو کانتھ بروا (گورنر و چانسلر پٹنہ یونیورسٹی) نے راقم کو بہت اصرار کے ساتھ پٹنہ یونیورسٹی سنیٹ کا ممبر نامزد کیا اور میں بحیثیت ممبر سنیٹ کے جلسوں میں شریک ہوا کرتا تھا۔ راقم نے محسوس کیا کہ جو نظم و ضبط پہلے سنیٹ کے جلسوں میں ہوا کرتا تھا وہ اب مفقود ہو چکا تھا۔ ممبران وائس چانسلر سے گستاخی سے پیش آتے اور اکثر آپس میں جھگڑ جاتے تھے۔ یہ سب باتیں مجھے پسند نہ تھیں اس لیے میں سنیٹ کے جلسوں میں شریک نہ ہونے لگا اور کچھ دنوں بعد حکومت بہار نے اس سنیٹ کو ختم کر دیا۔

میرے اعزازات

پہلا اعزاز:

۱۴ر اگست ۱۹۷۶ء کو صدر جمہوریہ ہند نے یوم آزادی کی انتیسویں سال گرہ کے موقع پر آٹھ اسکالروں کو ان کی علمی و ادبی خدمات کے اعتراف میں سند عطاء کی اور انعامات سے نوازا جن میں چھ اسکالر سنسکرت کے ایک عربی اور ایک فارسی کے تھے۔ راقم کو فارسی کے کاموں کے صلے میں سند دی گئی اور تین ہزار روپیہ سالانہ تاحیات بطور انعام ملا۔ تین

Marfat.com

ہزار کی رقم بڑھا کر اب دس ہزار روپیہ سالانہ کر دی گئی ہے۔ ۲؍اپریل ۱۹۷۷ء کو راشٹر پتی بھون نئی دہلی میں صدر جمہوریہ ہند نے ایک جلسہ کیا جس میں راقم کو سند اور ایک ریشمی چادر عطا کیا۔ سند کی عبارت حسب ذیل ہے:

> ''میں بھارت کا قائم مقام راشٹر پتی بسپا دانیا حتی اقبال حسین کو فارسی کی مسلمہ قابلیت اور علمی شغف کے لیے یہ سند عطا کرتا ہوں۔''

دوسرا اعزاز:

راقم کو فارسی اساتذہ کی کل ہند انجمن نے لکھنؤ یونیورسٹی کے زیر اہتمام لکھنؤ میں بتاریخ ۲۹؍دسمبر ۱۹۸۱ء کو اپنے چوتھے اجلاس میں استاذ ممتاز فارسی برائے ۱۹۸۱ء کا اعزاز پیش کیا۔ ایک سند عطا ہوئی اور اس کے ساتھ ایک قیمتی کشمیری شال دیا گیا۔ سند کی عبارت حسب ذیل ہے:

> ''انجمن استاذان فارسی ہند بپاس خدمات شایستہ پرارزش جناب آقای پروفسور اقبال حسین در راہ نشر و ترویج زبان و ادبیات و فرہنگ فارسی و تحقیقات ارزندہ' آں دانشمند گرامی دار جمند را اعتراف نمودہ نشان استاد ممتاز فارسی را خدمت آنجناب تقدیم می نماید۔''

میری کتابوں کا دوسرا ایڈیشن:

کتاب ''تحفہ سامی'' صحیفہ پنجم جو سام مرزا صفوی کی تصنیف ہے۔ ۱۹۳۴ء میں راقم نے تصحیح کر کے پٹنہ یونیورسٹی کے توسل سے شائع کرایا۔ اس کتاب کو میں نے سر اسٹودرٹ میک فرسن سابق وائس چانسلر پٹنہ یونیورسٹی کے نام معنون کیا۔ اس کتاب کا دوسرا ریپرنٹ ۱۹۷۳ء میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی نے طبع کرایا اور اس ایڈیشن کو راقم نے محمد رضا شاہ پہلوی شہنشاہ ایران کے نام معنون کیا، کیونکہ اس کتاب کی طباعت میں جو رقم خرچ ہوئی تھی شاہ ایران پبلی کیشن فنڈ سے ادا کی گئی تھی۔ آقائی کاردوش نے جو اس زمانے میں ہندوستان کے ایرانی سفارت خانہ میں ایک بڑا منصب رکھتے تھے اس کتاب کی طباعت میں بڑی دلچسپی لی۔

Marfat.com

(۲) "دی اَرلی پرشین پوئٹس آف انڈیا" جس میں قدیم شعراءِ ہند کا تذکرہ ہے، پٹنہ یونیورسٹی نے ۱۹۳۷ء میں شائع کرایا۔ اس کے پہلے ایڈیشن کو راقم نے اپنے انگریزی کے استاذ پروفیسر جون اسٹیوورٹ آرمر کے نام معنون کیا جن کا میں بڑا احترام کرتا تھا۔ اس کتاب کا دوسرا ایڈیشن پٹنہ یونیورسٹی نے ۱۹۸۰ء میں شائع کرایا۔ راقم نے اس ایڈیشن کو رومی کے اس شعر کے ساتھ اپنی بی بی مرحومہ کی یاد میں ڈیڈیکیٹ کیا:

فردا کہ خلائق را در حشر برانگیزند
بیچارہ من مسکین از خاک تو برخیزم

(۳) سکریٹری بہار اردو اکیڈمی پٹنہ نے راقم سے کئی بار اصرار کے ساتھ کہا کہ "دی اَرلی پرشین پوئٹس آف انڈیا" کا اردو ترجمہ اگر شائع کرادیا جائے تو یہ کتاب بہت ہی کار آمد ثابت ہوگی۔ میں نے بہار اردو اکادمی کو اجازت دے دی کہ اس کتاب کا اردو ترجمہ کراکر شائع کرادے۔ چنانچہ بہار اردو اکادمی نے ۱۹۸۵ء میں اس اردو ترجمہ کو بنام "ہندوستان کے قدیم فارسی شعراء" شائع کیا۔ اس کتاب کو میں نے اپنے استاذ محترم الحاج ڈاکٹر عظیم الدین احمد مرحوم کے نام سے انتساب کیا ہے۔ جن کی زندگی میرے لیے ہمیشہ مشعل راہ بنی رہی ہے۔

پروفیسر محمد صدیق:

جب راقم پٹنہ یونیورسٹی میں یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کی طرف سے فارسی کا وزیٹنگ پروفیسر ہو کر آیا تو اس زمانہ میں ڈاکٹر محمد صدیق پٹنہ یونیورسٹی میں یونیورسٹی پروفیسر اور صدر شعبۂ فارسی تھے۔ پروفیسر موصوف ۱۹۵۸ء میں پٹنہ کالج میں فارسی کے لکچرر مقرر ہوئے اور راقم کے ساتھ دو تین سال تک شعبہ فارسی میں خدمات انجام دیں۔ ۱۹۶۴ء میں پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری پٹنہ یونیورسٹی سے حاصل کی اور ۱۹۷۴ء میں یونیورسٹی پروفیسر مقرر ہوئے۔ زبان وادبیات فارسی کے ایک اچھے پروفیسر ہیں۔ پروفیسر موصوف کے اکثر شاگردان کی نگرانی میں پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری حاصل کر چکے ہیں اور بہار کے اکثر کالجوں میں یہ لوگ فارسی زبان وادب کی خدمت کر رہے ہیں۔ ایک سال تک عربک و پرشین انسٹی ٹیوٹ کے ڈائرکٹر

Marfat.com

بھی رہے اور دو سال تک پٹنہ یونیورسٹی میں ڈین کے عہدے پر فائز رہے۔ چار سال تک انجمن استادان فارسی ہند کے نائب صدر بھی رہے۔ اکثر فارسی میں اشعار کہتے ہیں۔ ان کی ایک فارسی نظم ۱۹۷۳ء میں رسالہ "سخن" میں شائع ہوئی۔ فارسی اور اردو میں صاحب موصوف کے متعدد مقالات مختلف رسالوں میں شائع ہو چکے ہیں۔ ڈاکٹر محمد صدیق ان دنوں پٹنہ کالج کے پرنسپل کے عہدہ پر فائز ہیں۔

✪✪✪

Marfat.com

سولہواں باب

بہار مدرسہ اکزامینشن بورڈ اور عربک پرشین انسٹی ٹیوٹ

ممبر و صدر بہار مدرسہ اکزامینشن بورڈ:

راقم کو حکومت بہار نے پہلی مرتبہ ۱۹۳۸ء میں بہار مدرسہ اکزامینشن بورڈ کا ممبر نامزد کیا اور وقتاً فوقتاً میں اس ادارہ کا ممبر نامزد ہوتا رہا۔ حکومت بہار نے ۱۳ر نومبر ۱۹۶۵ء کو ایک سرکاری حکم نامہ کے مطابق مجھے مدرسہ اکزامینشن بورڈ کا صدر مقرر کیا اور میں اس عہدہ کے فرائض ۱۹۷۴ء تک انجام دیتا رہا۔ شاید ہی کسی نے اتنے دنوں تک مدرسہ اکزامینشن بورڈ کی خدمت کی ہو۔ اس لمبے عرصہ میں زیادہ تر جناب صفات احمد صاحب اسسٹنٹ ڈائرکٹر ایجوکیشن (اسلامک) بحیثیت سکریٹری اپنے کاموں کو نہایت حسن وخوبی کے ساتھ انجام دیا کرتے تھے۔ سید ضیاء حسین بورڈ کے اسسٹنٹ تھے موصوف اپنی ذمہ داریوں کو خوب سمجھتے اور نہایت ایمانداری کے ساتھ کام کیا کرتے تھے۔ اگر یہ دو حضرات نہ ہوتے تو بورڈ کا کوئی کام وقت پر انجام نہ پا سکتا تھا۔

بورڈ کی تشکیل:

اس زمانے میں بہار مدرسہ اکزامینشن بورڈ کے چودہ ممبران علاوہ صدر کے ہوا کرتے تھے اور بورڈ کا ایک سکریٹری بھی ہوتا تھا۔ دو ممبران بہ لحاظ عہدہ ہوا کرتے تھے جن میں ایک سپرنٹنڈنٹ آف اسلامک اسٹڈیز ہوتا اور دوسرا پرنسپل مدرسہ شمس الہدیٰ ہوا کرتا

Marfat.com

تھا۔ چھ مولوی ممبران ہوا کرتے تھے جن میں ایک شیعہ مولوی بھی ہوتا تھا۔ ان کے علاوہ ایک فارسی اور ایک عربی کے پروفیسر بھی نامزد کیے جاتے تھے۔ حکومت بہار اپنی مرضی کے مطابق تین ممبروں کو نامزد کیا کرتی تھی جو اپنے فن میں شہرت رکھتے تھے۔ اس زمانے میں یہ ایک چھوٹا بورڈ تھا مگر اس کے تمام کام قواعد وضوابط کے مطابق نہایت ہی سرعت کے ساتھ انجام پاتے تھے۔ بورڈ کی میٹنگ سال میں دو مرتبہ ضرور ہوتی تھی اور مختلف کاموں کے لیے سب کمیٹیاں مقرر تھیں جو بورڈ کے حسب ہدایت کاموں کو انجام دیا کرتی تھیں۔ راقم کے زمانے میں نہایت ہی بلند مرتبہ لوگ بورڈ کے صدر مقرر کیے جاتے اور یہ لوگ بورڈ کے کاموں میں نہایت دلچسپی لیا کرتے تھے۔ سر خواجہ محمد نور، خان بہادر محمد اسمٰعیل، ڈاکٹر عظیم الدین احمد، نواب زادہ سید محمد مہدی، پروفیسر عبد المنان بیدل جیسے نامور لوگ بوذر کے صدر ہوئے ہیں۔ عرصہ دراز تک خان بہادر مبارک کریم بورڈ کے سکریٹری رہے۔

صدر مدرسہ اکزامینشن بورڈ:

راقم ۱۹۶۵ء سے ۱۹۷۴ء تک مدرسہ بورڈ کا صدر رہا۔ اس پورے دور میں مسٹر صفات احمد صاحب اسسٹنٹ ڈائرکٹر بورڈ کے سکریٹری رہے۔ ممبران میں حسب ذیل حضرات تھے: مولوی سید محمد عابدی (مدرسہ سلیمانیہ پٹنہ سیٹی، مولوی سید فصیح احمد (مدرسہ احمدیہ استھانواں)، مولوی عبید الرحمٰن (مدرسہ احمدیہ سلفیہ دربھنگہ)، مولوی بہاء الدین (مدرسہ تنظیمیہ پورنیہ)، مولوی شمس الحق (ابو بکر پور مظفر پور)، مولوی محمد الیاس (مدرسہ اسلامیہ رانچی)، پروفیسر ڈاکٹر سید احمد (پٹنہ یونیورسٹی)، پروفیسر سید حسن (پٹنہ یونیورسٹی)، شری عبد الرزاق (ہائی انگلش اسکول اسلام پور)، شری عبد المالک (سابق ایم ایل سی۔ داناپور)، ڈاکٹر عبد الحفیظ (پتھر کی مسجد پٹنہ)، مولانا سید شاہ منت اللہ رحمانی (خانقاہ رحمانیہ، مونگیر)، مولانا شاہ عون احمد قادری (خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف)، شری محمد عیسیٰ (بھاگل پور)، حکیم احمد حسین (صاحب گنج، سنتھال پرگنہ) یہ سب ممبران مدرسہ بورڈ کے کاموں میں نہایت دلچسپی لیا کرتے تھے اور اس کے تمام جلسوں میں شریک ہوا کرتے تھے۔

Marfat.com

راقم کو اپنے کام کی انجام دہی میں یہ حضرات بڑی مدد فرمایا کرتے تھے۔ مولانا سید شاہ منت اللہ رحمانی اور مولانا سید شاہ عون احمد قادری کی نامزدگی سے اس بورڈ کی بڑی عزت افزائی ہوئی اور ان صاحبان نے راقم کے تمام کاموں میں رہنمائی فرمائی جس کا میں شکر گزار ہوں۔

دفتر کا انتظام:

جب راقم صدر تھا تو ہفتہ میں چار بار مدرسہ اکزامینش بورڈ کے دفتر ضرور جاتا اور سید ضیاء حسین جو بورڈ کے اسسٹنٹ تھے کل کاغذات کو تیار کر کے میرے سامنے پیش کرتے اور میں اپنا حکم ان کاغذات پر لکھ دیا کرتا تھا۔ اس زمانہ میں مدرسہ اکزامی نیشن بورڈ کے دو اہم کام تھے ایک کام تو مختلف مدارس کو الحاق دینا اور دوسرا مدرسہ بورڈ کے امتحانات کا انتظام کرنا اور ان کے نتائج کو وقت پر شائع کرنا۔ یہ دونوں کام راقم کے زمانے میں قواعد و ضوابط کے مطابق بلا تاخیر انجام پاتے تھے۔ الحاق کے متعلق صفات احمد صاحب اپنی رائے لکھ کر مجھے دے دیا کرتے تھے اور میں ان کاغذات کو مدرسہ اکزامینش بورڈ کے جلسوں میں ممبران کے سامنے پیش کر دیا کرتا اور مدرسوں کو بہت چھان بین کے بعد الحاق دیا جاتا تھا۔ اس معاملہ میں بورڈ کا رویہ سخت مگر منصفانہ ہوا کرتا تھا۔ ایک مدرسہ کی انتظامیہ کمیٹی کے ممبران کے درمیان مدرسہ کے جائے وقوع کے متعلق سخت اختلاف پیدا ہو گیا اور معاملات اتنے بڑھے اور پیچیدہ ہو گئے کہ فوجداری کی نوبت آ گئی۔ جب راقم کو خبر ملی تو مدرسہ کی انتظامیہ کمیٹی کے کل ممبران کو پٹنہ بلا کر کہا کہ اگر آپ لوگ معاملات کو بحسن و خوبی طے نہ کریں گے تو مدرسہ کے الحاق کو منسوخ کر دیا جائے گا۔ بورڈ نے تین ممبران کی ایک کمیٹی بنائی کہ جائے وقوع کا معائنہ کر کے اپنی رپورٹ بورڈ کو پیش کریں۔ عبد المالک صاحب اس بورڈ کے صدر بنائے گئے اور انہوں نے کل معاملات کو صلح و صفائی کے ساتھ طے کرا دیا۔ اکثر ایسے مدارس جو قابل الحاق نہ ہوتے تھے کچھ ممبران ان کے الحاق کی سفارش کیا کرتے، مگر بورڈ ایسی سفارشوں کو نظر انداز کر دیا کرتا تھا۔ بورڈ انہیں مدارس کو الحاق دیا کرتا تھا۔ جو ہر طور سے قابل الحاق ہوتے تھے۔

Marfat.com

بورڈ کے امتحانات:

سب سے مشکل اور پیچیدہ کام بورڈ کے امتحانات کا تھا۔ باصلاحیت اساتذہ کو ممتحن بنایا جاتا اور جب وہ اپنے سوالات کو بورڈ کے پاس بھیجتے تو بورڈ کی مختلف کمیٹیاں سوالات کو دیکھ کر ضروری تصحیح کر دیتی تھیں۔ سوالات سرکاری پریس میں چھاپے جاتے تھے اور جناب صفات احمد صاحب اپنی نگرانی میں اس کام کو انجام دیتے تھے۔ مختلف امتحانات کے پرچوں کو امتحان سے چند روز قبل امتحانات کے سنٹر سپرنٹنڈنٹس کو حفاظت کے ساتھ بھیج دیا جاتا تھا اور امتحان کے روز ان کی سیل (مہر) توڑ کر امتحانات میں شریک ہونے والے طلباء کو پرچے تقسیم کیے جاتے تھے۔ امتحان کی کاپیاں ممتحنوں کو بھیج دی جاتی تھیں اور یہ لوگ کاپیوں کی جانچ کر کے مارکس مدرسہ اکزامینیشن بورڈ کو بھیج دیا کرتے تھے۔ زیر نگرانی سید ضیاء حسین اور صفات احمد صاحب ٹیبولیٹرس رجسٹر میں امیدواروں کے مارکس کا اندراج کیا کرتے تھے اور امتحانات کے نتائج شائع ہونے تک ٹیبولیٹرس ہر چیز کو نہایت صیغۂ راز میں رکھتے تھے۔ راقم کے زمانے میں شاید ہی کسی امیدوار کو اس کا نتیجہ وقت سے پہلے معلوم ہوا ہو۔ راقم جب بورڈ کا صدر تھا تو تمام امتحانات کے نتائج وقت پر شائع کر دیئے جاتے تھے۔

امتحانات میں بدعنوانیاں:

راقم کے زمانے میں ملحقہ مدرسوں کی تعداد بڑھ گئی تھی اسی وجہ سے امتحانات کے سنٹرس میں بھی اضافہ کرنا پڑا۔ سنٹر سپرنٹنڈنٹس عام طور پر دوران امتحان اپنے کاموں کو جانفشانی اور ایمانداری سے انجام دیتے اور کسی طرح کی بدعنوانی نہ ہونے دیتے تھے۔ امتحان کے زمانے میں ضلع انسپکٹر آف اسکولس اپنے ماتحتوں کو مختلف سنٹرس میں معائنہ کے لیے بھیجا کرتا تھا اور یہ لوگ دیکھ بھال کر کے اپنی رپورٹیں سکریٹری مدرسہ اکزامینیشن بورڈ کو دیا کرتے تھے جن پر ضروری کاروائی مدرسہ اکزامینیشن بورڈ کے سالانہ جلسوں میں ہوا کرتی تھی۔ اگر کوئی امیدوار بدعنوانی کا مرتکب ہوتا تو اسے ایک یا دو سال کے لیے مدرسہ بورڈ کے امتحان میں شریک نہ ہونے دیا جاتا تھا۔ ایسے امیدواروں کی تعداد بہت کم ہوا کرتی تھی۔

ایک مرتبہ ضلع انسپکٹر آف اسکولس نے راقم کے پاس اپنی ایک رپورٹ روانہ کی اور

Marfat.com

اس رپورٹ کے ساتھ حدیث اور تفسیر کی کتابوں کے اوراق کو منسلک کر کے یہ تحریر کیا کہ گیارہ امیدواروں نے تفسیر اور حدیث کی کتابوں کو پیشاب خانہ میں لا کر رکھا اور اوراق کو کتابوں سے پھاڑ کر جوابات کے لکھنے میں مدد لی۔ یہ سب اوراق امیدواروں کے جیب سے دوران امتحان بر آمد ہوئے ہیں۔ رپورٹ کے ساتھ تفسیر اور حدیث کی کتابوں کو بھی روانہ کیا جو پیشاب اور پانی سے تر ہو کر خراب ہو گئی تھیں۔ جب یہ رپورٹ مدرسہ اکزامینشن بورڈ کے سالانہ جلسہ میں پیش کی گئی تو راقم کو بڑا افسوس ہوا کہ علم دین کے حاصل کرنے والے طلباء ایسی شرمناک حرکتیں کر سکتے ہیں اور میں نے فیصلہ کر لیا کہ ان لوگوں کے ساتھ کسی طرح کی رعایت نہ کی جائے۔ دو تین ممبران نے رائے دی کہ ان امیدواروں کو ایک سال تک امتحان میں شریک نہ ہونے دیا جائے۔ مگر راقم نے سخت رویہ اختیار کر کے ان گیارہ امیدواروں کو آئندہ تین سال تک امتحان میں شریک نہ ہونے کا حکم صادر کرایا۔ ان گیارہ امیدواروں نے حکم صادر ہونے کے بعد وزیر تعلیم بہار کے یہاں اپیل کی مگر وزیر تعلیم بہار نے بورڈ کے حکم کو برقرار رکھا۔ وزیر تعلیم بہار جو کہ ایک غیر مسلم تھے انہوں نے بھی راقم سے اس واقعہ پر اپنے افسوس کا اظہار کیا۔

صدر کا اعزازی عہدہ:

مدرسہ اکزامینشن بورڈ کے صدر کا عہدہ برابر اعزازی رہا اور راقم کے وقت میں بھی یہ عہدہ اعزازی تھا۔ راقم سرکاری ملازمت سے سبکدوش ہو کر پنشن کی ایک معمولی رقم پر زندگی گذار رہا تھا مگر آٹھ سال تک میں نے کبھی بھی مدرسہ بورڈ کے آفس میں آنے جانے کے لیے کوئی کرایہ کی رقم وصول نہ کی گرچہ میں اس کا حق دار تھا۔ جب پٹرول کی قیمت میں اضافہ ہوا اور موٹر کار کے رکھنے میں کافی خرچ ہونے لگا تو میں نے اس کی شکایت وزیر تعلیم بہار سے کی جنھوں نے میرے لیے ڈھائی سو روپیہ ماہانہ کی رقم بطور "کار الاؤنس" مقرر کی جو قریب ڈیڑھ سال تک مجھے ملتی رہی۔ انگریزوں کے زمانے میں اکثر بڑے عہدے اعزازی ہوا کرتے تھے مگر تمام کام نہایت حسن وخوبی سے انجام پاتے تھے۔

Marfat.com

بورڈ کا نیا نصاب اور ہادی حسن کمیٹی:

مدرسہ اکزامینشن بورڈ کے نصاب میں عرصہ دراز سے کوئی تغیر و تبدل نہ ہوا تھا اور اس میں ترمیم کی سخت ضرورت تھی۔ نصاب کو جدید طرز کا بنانا ضروری تھا، اس لیے کئی مسلم ممبران بہار اسمبلی اور کونسل نے شری بدری ناتھ ورما سے جو اس زمانے میں وزیر تعلیم حکومت بہار تھے ملاقات کی اور درخواست کی کہ مدرسہ اکزامینشن بورڈ کے نصاب کو جدید اور کارآمد بنایا جائے۔ شری بدری ناتھ ورما نے نصاب کی درستگی کے لیے ایک کمیٹی کی تشکیل کی جس کے صدر ڈاکٹر ہادی حسن (پروفیسر فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی) مقرر کیے گئے اور راقم کے علاوہ حسب ذیل حضرات ممبر بنائے گئے۔

نواب سید مبارک علی ممبر اسمبلی، مسٹر سید شاہ عزیز منعمی ممبر بہار کونسل، مولانا سید سلیمان ندوی دار المصنفین اعظم گڑھ، ڈاکٹر محمد اسحٰق (پروفیسر فارسی، کلکتہ یونیورسٹی) شمس العلماء محمد یحیٰ خاں بہادر مبارک کریم، ڈاکٹر سید احمد، سید ریاست علی ندوی (پرنسپل مدرسہ شمس الہدیٰ، پٹنہ)۔ بہت دنوں تک کمیٹی کی میٹنگ اس لیے نہیں ہوئی کہ مولانا سید سلیمان ندوی حج وزیارت مدینہ کے لیے گئے ہوئے تھے۔ شری بدری ناتھ ورما مولانا موصوف کا احترام کرتے تھے اور جب انہیں یہ خبر ملی کہ مولانا سید سلیمان ندوی حج کے بعد پاکستان چلے گئے اور اب ہندوستان نہ آئیں گے، تو یہ سن کر انہیں بہت افسوس ہوا۔ سکریٹری محکمہ تعلیم کو حکم دیا کہ نصاب کمیٹی کے انعقاد کے لیے کوئی تاریخ جلد مقرر کر دی جائے سکریٹری نے ایک ماہ بعد کی تاریخ مقرر کر کے ہم لوگوں کو مطلع کیا۔ میٹنگ کے دن راقم شری بدری ناتھ ورما کی رہائش پر گیا اور ان کے ساتھ مدرسہ شمس الہدیٰ آیا۔ ہم لوگوں کے ساتھ سرکاری فوٹو گرافرس بھی آئے اور اس موقع پر مختلف تصویریں لیں جن میں سے کچھ تصویریں راقم کے پاس اب تک موجود ہیں۔ وزیر موصوف نے اپنی تقریر میں نصاب کو جدید بنانے پر بہت زور دیا اور فرمایا کہ موجودہ دور میں قدیم نصاب بالکل بیکار ہو چکا ہے اور نیا نصاب کا تیار کیا جانا نہایت ضروری ہے۔ تقریر کے اختتام پر وزیر موصوف نے ہم لوگوں کا شکریہ ادا کیا اور کاموں کو جلد انجام دینے کے لیے کہا۔ ہم لوگوں نے جدید نصاب بنانے کا کام

Marfat.com

شروع کر دیا اور قریب دس روز میں کمیٹی کی رپورٹ، جدید نصاب اور سفارشات کے سا
سکریٹری محکمۂ تعلیم کو بھیج دی گئی۔ جب نصاب اور سفارشات کو سکریٹری محکمۂ تعلیم
محکمہ مالیات کو بھیجا تو محکمہ مالیات نے کافی عرصہ بعد اخراجات کی تفصیل بنا کر محکمۂ تعلی
روانہ کیا۔ یہ سب کاغذات محکمۂ تعلیم میں تقریباً دو سال تک زیر غور رہے اور ہم لوگوں
سفارشوں پر کوئی کارروائی نہ کی گئی۔ معاملہ اب تک ملتوی پڑا ہے۔

ایک دشواری:

جب نصاب کا وہ حصہ جس کا تعلق شیعہ عقائد سے تھا تیار ہونے لگا تو کمیٹی
دشواری کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ پروفیسر ڈاکٹر ہادی حسن جن کا تعلق شیعہ مذہب سے تھا انہو
نے شیعوں کی مستند مذہبی کتابوں سے اپنی لاعلمی ظاہر کی اور اسی طرح نواب سید مبارک عل
صاحب نے بھی اپنی ناواقفیت کا اظہار کیا۔ راقم نے دوسرے روز مدرسہ سلیمانیہ کے مدر
اعلیٰ کو زحمت دے کر میٹنگ میں بلایا اور انہوں نے شیعہ دینیات کا نصاب خوبی سے مرتب
کر دیا۔ اس کام میں راقم نے بھی مولانا کی مدد کی۔ جب شیعہ دینیات کا نصاب تیار ہو گیا
ڈاکٹر ہادی حسن صاحب نے ہنس کر فرمایا کہ "اللہ حافظ ہے اس نصاب کا جس کو ڈیڑھ شیعوں
نے مرتب کیا ہے۔"

ڈاکٹر ہادی حسن:

ڈاکٹر ہادی حسن مرحوم اپنے زمانے کے ایک نامور پروفیسر تھے۔ انگریزی اور
فارسی دونوں زبانوں پر کافی عبور حاصل تھا اور ان زبانوں میں نہایت اچھی تقریریں کیا
کرتے تھے۔ طرز تکلم ایسا تھا کہ ہر شخص ان کا گرویدہ ہو جاتا اور ان کی باتوں کو بہت شوق سے
سنتا تھا۔ وہ ایک اعلیٰ خاندان کے چشم و چراغ تھے اور ان کے والد نے انہیں بڑے ناز و نعم سے
پالا تھا۔ کیمبرج اور لندن میں تعلیم پائی تھی۔ جس کام میں لگ جاتے اسے پورا کر کے چھوڑتے
تھے۔ پورے ہندوستان کا دورہ کر کے ایک کثیر رقم علی گڑھ میں میڈیکل کالج کے قائم
کرنے کے لیے فراہم کی۔ یہ انہی کی محنتوں کا نتیجہ ہے کہ علی گڑھ میں ایک میڈیکل کالج قائم
ہو سکا جو ان کی بہترین یادگار ہے۔ پٹنہ آتے تو ڈاکٹر سچیدانند سنہا کے یہاں قیام کرتے تھے۔

Marfat.com

راقم ان کا بڑا احترام کرتا تھا۔ جو کچھ کام انہوں نے فارسی ادب پر کیا ہے وہ بے مثال ہے۔ انگریزی زبان میں شکنتلا کا ڈرامہ نہایت ہی ہنر اور خوبی سے سنایا کرتے تھے۔ راقم نے اتنی خوبیاں ایک شخص میں بہت کم پائی ہے۔ راقم کو اس کا بڑا فخر ہے کہ مجھے موصوف کے ساتھ ہندوستان کی بہت سی یونیورسیٹیوں میں کام کرنے کا موقع ملا۔ جب بہار مدرسہ بورڈ کا نیا نصاب کمیٹی نے تیار کیا تو پروفیسر موصوف اس نصاب کو ندوۃ العلماء اور دارالعلوم دیوبند لے گئے اور وہاں کے نامور اساتذہ سے مشورہ کر کے اس نصاب میں ضروری ترمیمیں کیں۔ افسوس ہے کہ حکومت بہار کی بے توجہی سے ہم لوگوں کی محنت رائیگاں گئی اور نیا نصاب جاری نہ کیا گیا۔

اچاریہ بدری ناتھ ورما:

جیسا کہ اوپر ذکر کیا جاچکا ہے کہ آچاریہ بدری ناتھ ورما (وزیر تعلیم بہار) کی کافی دلچسپی کی بدولت نصاب کمیٹی قائم کی گئی تھی مگر باوجود وزیر موصوف کی بے انتہا کوششوں کے کچھ نہ ہو سکا اور معاملہ معرض التوا میں پڑا رہا جس کا وزیر موصوف کو برابر افسوس رہا۔ اچاریہ بدری ناتھ ورما پیشہ کے اعتبار سے معلم تھے۔ کانگریسی تحریک کے ابتدائی دور میں جب بہار ودیا پیٹھ پٹنہ میں قائم کی گئی تو اچاریہ بدری ناتھ ورما پروفیسر مقرر کیے گئے۔ ان کے علاوہ جگن ناتھ پرشاد، پریم سندر بوس، جگت نارائن لال، رام چرتر سنگھ، اور عبد الباری بھی اس قومی کالج کے پروفیسر ہوئے۔ اچاریہ بدری ناتھ ورما، جگت نارائن لال اور رام چرتر سنگھ کانگریسی حکومت میں وزیر ہوئے۔ پروفیسر عبد الباری اگر چاہتے تو سب کچھ ہو سکتے تھے مگر مرتے دم تک انہوں نے فقیرانہ زندگی بسر کی۔ آچاریہ بدری ناتھ ورما ایک شریف اور نیک مزاج انسان تھے مگر کمزور ارادہ کے تھے اس لیے بہت سے سرکاری کاموں کی انجام دہی نہ کرا سکتے تھے۔ وہ ہمیشہ کانگریس کے ایک سرگرم کارکن رہے اور کبھی بھی سرکاری عہدے کی پرواہ نہ کی۔ ڈاکٹر راجندر پرشاد کے اصرار پر موصوف نے وزیر تعلیم بہار کا عہدہ قبول کیا اور حتی الامکان اپنے کاموں کو خوبی سے انجام دینے کی کوشش کرتے رہے۔ صاحب موصوف کانگریس کے ایک نہایت ہی مخلص ممبر تھے مگر زندگی بھر گاندھی ٹوپی کا کبھی بھی

Marfat.com

استعمال نہ کیا۔ سیاہ رنگ کے کپڑے کی گول ٹوپی پہنا کرتے اور کاندھوں پر ایک چادر بھی ضرور رکھتے تھے۔ اس طرح کا لباس صاحب موصوف کو بہت زیب دیتا تھا۔ پان کھانے کے بڑے شوقین تھے، خود کھاتے اور دوستوں کو بھی کھلاتے، راقم کو بھی ایک مرتبہ بہت اصرار کے ساتھ پان کھلایا۔ موصوف نہایت ہی خوش مزاج اور ہنس مکھ انسان تھے۔ راقم کے پاس موصوف کی اسی لباس میں ایک تصویر بھی بطور یادگار موجود ہے۔

عربک اینڈ پرشین ریسرچ انسٹی ٹیوٹ:

۱۹۵۳ء میں وزیر تعلیم حکومت بہار نے راقم کو اپنے دفتر میں طلب کیا اور اظہار خیال کیا کہ پٹنہ میں عربی اور فارسی کے لیے ایک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ قائم کیا جائے۔ وزیر موصوف کے حکم پر سکریٹری محکمہ تعلیم نے تین ممبروں کی ایک کمیٹی قائم کی جس میں راقم، پروفیسر عبدالمنان بیدل اور حافظ محمد قدوس تھے۔ راقم اس کمیٹی کا کنوینر بنایا گیا۔ ہم لوگوں نے ریسرچ انسٹی ٹیوٹ قائم کرنے کے لیے ایک نہایت ہی اچھی اسکیم مرتب کر کے حکومت بہار کو پیش کی۔ کچھ عرصہ تک اس اسکیم پر غور ہوتا رہا۔ اس زمانے میں حکومت اتنے اخراجات کو برداشت نہ کر سکتی تھی اس لیے ہم لوگوں کی اسکیم میں بہت کچھ تغیر و تبدل کر دیا گیا۔ ایک ''کام چلاؤ'' قسم کا انسٹی ٹیوٹ مدرسہ شمس الہدیٰ کی عمارت میں قائم کیا گیا اور ۲۲/ اگست ۱۹۵۵ء سے یہ انسٹی ٹیوٹ تین کمروں میں وہاں اب تک کام کر رہا ہے۔ یہ نہایت افسوس کی بات ہے کہ اس انسٹی ٹیوٹ کو ایک شاندار نام تو عطا کیا گیا مگر کاموں کی انجام دہی کے لیے تین ۳ سال گذر جانے کے بعد بھی انسٹی ٹیوٹ کے لیے ایسی عمارت جو اس کے شایان شان ہو اب تک تعمیر نہیں ہوئی ہے۔ اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت بہار کے کہنے اور کرنے میں کتنا تضاد ہے۔ ۱۹/ نومبر ۱۹۶۳ء کو مدرسہ شمس الہدیٰ کے ہال میں انسٹی ٹویٹ کے جنرل کانسل کا جلسہ منعقد ہوا۔ اس جلسہ میں گورنر بہار، وزیر تعلیم بہار، ڈپٹی سکریٹری محکمۂ تعلیم، ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن، ڈپٹی ڈائرکٹر آف ایجوکیشن شریک تھے۔ شری اے۔ ایس۔ آئینگر گورنر بہار نے ایک لمبی تقریر کی۔ اس کے بعد شری ستندر نراین سنہا وزیر تعلیم بہار نے اپنی تقریر میں وعدہ کیا کہ حکومت بہار اس انسٹی ٹیوٹ کے

Marfat.com

فروغ کے لیے ہر ممکن کوشش کرے گی۔ ایک دوسرا جلسہ ۲۸ر اگست ۱۹۶۶ء کو شری ستندر نرائن وزیر تعلیم بہار کے آفس میں ہوا جس میں سکریٹری محکمہ تعلیم حکومت بہار، ڈائرکٹر آف پبلک انٹرکشن بہار، وائس چانسلر پٹنہ یونیورسٹی، وائس چانسلر بہار یونیورسٹی اور راقم شریک تھے۔ حسب دستور وزیر تعلیم نے انسٹی ٹیوٹ کی ترقی کے لیے اخراجات کے فراہم کرنے کا وعدہ کیا۔ راقم نے جب عمارت کے متعلق بات چھیڑی تو وزیر موصوف نے وعدہ کیا کہ عمارت کی تعمیر کے لیے سات لاکھ روپے فراہم کیے جائیں گے، مگر ابھی تک یہ وعدہ پورا نہیں کیا گیا۔

انسٹی ٹیوٹ کی جنرل کونسل، ایڈوائزری بورڈ، ایکز یکیٹو کمیٹی:

انسٹی ٹیوٹ کا چانسلر گورنر حکومت بہار ہے اور وزیر تعلیم جنرل کونسل کا صدر ہوتا تھا۔ جنرل کونسل کے ممبران کی تعداد ۲۴ ہے اور ایڈوائزری بورڈ میں پندرہ ممبران ہوتے ہیں۔ ایکز یکیٹو کونسل ۱۱ ممبران پر مشتمل ہے۔ باوجود بہت سی دشواریوں کے پروفیسر عطا کاکوی، پروفیسر سید حسن، ڈاکٹر سید احمد اور ڈاکٹر سید علی حیدر نے جو اس انسٹی ٹیوٹ کے اساتذہ رہ چکے ہیں ۲۵ مخطوطات کو نہایت خوبی سے تصحیح کر کے طبع کیا اور اپنی اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ اس ۳۳ سال میں ۱۲ طلباء سے زیادہ نے پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگریاں حاصل کیں اور کم از کم ۳۰ طلبا کامل کے امتحان میں کامیاب ہوئے ہیں۔ راقم کا تعلق جنرل کونسل اور ایڈوائزری بورڈ سے عرصہ دراز تک رہا ہے۔ اور انسٹی ٹیوٹ کی ترقی کے لیے میں برابر کوشاں رہا ہوں مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ حکومت اب تک عدم توجہی سے کام لے رہی ہے۔

انسٹی ٹیوٹ کے ڈائرکٹرس:

عربک اینڈ پرشین انسٹی ٹیوٹ قائم ہونے پر ڈاکٹر سید احمد صاحب جو ان دنوں پٹنہ یونیورسٹی میں عربی کے پروفیسر تھے، انسٹی ٹیوٹ کے پہلے ڈائرکٹر مقرر ہوئے۔ پروفیسر موصوف نے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے عربی میں ایم۔ اے کیا تھا اور حکومت بہار نے انہیں وظیفہ دے کر عربی کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے قاہرہ بھیجا جہاں سے انہوں نے

Marfat.com

ڈی۔ لٹ کی ڈگری حاصل کی۔ نہایت ہی محنتی اور منکسر المزاج انسان تھے۔ انسٹی ٹیوٹ کے کاموں کو اپنے زمانہ میں نہایت ہی خوبی سے انجام دیتے رہے۔ ڈائرکٹری کے زمانہ میں صاحب موصوف نے ابو محمد کی کتاب "الوصایا" ایڈٹ کیا۔ ۱۹۶۱ء میں ڈاکٹر سید احمد یونیورسٹی پروفیسر آف عربک مقرر ہو کر پٹنہ یونیورسٹی واپس چلے گئے۔ ڈاکٹر سید احمد صاحب نے ابتداء میں ڈاکٹر ابو نصر محمد علی حسن جو پٹنہ کالج میں عربی کے پروفیسر تھے ان کی ماتحتی میں تحقیقی کام کیا اور بعد ازاں پٹنہ کالج میں عربی کے لکچرر مقرر ہوئے۔ نہایت ہی مرنجان مرنج قسم کے انسان تھے اور جہاں بھی انہیں خدمات انجام دینے کا موقع ملا نہایت محنت اور دیانت داری سے کام کیا۔ پنشن پانے کے کچھ پہلے ہی سرطان کے مرض میں مبتلا ہو کر انتقال کیا۔ راقم پروفیسر مرحوم کی بڑی قدر کرتا تھا کیونکہ ان کے والد جناب حمید الدین صاحب ڈپٹی کلکٹر میرے والد مرحوم کے عزیز دوستوں میں تھے۔

پروفیسر سید حسن:

ڈاکٹر سید احمد کے بعد پروفیسر سید حسن انسٹی ٹیوٹ کے ڈائرکٹر مقرر ہوئے۔ پروفیسر موصوف تقریباً تین سال ڈائرکٹر کے عہدہ پر فائز رہے اور اپنی خدمات کو نہایت خوبی اور محنت سے انجام دیتے رہے۔ پروفیسر سید حسن سے میری ملاقات اس زمانہ سے تھی جب میں ۱۹۳۶ء میں راونشا کالج سے پٹنہ کالج آیا۔ پروفیسر موصوف ۱۹۴۴ء میں بی۔ این۔ کالج سے پٹنہ کالج کے لکچرر ہو کر آئے۔ ان دنوں تعلیمی فضا پر سکون اور ہموار تھی اور ہر استاذ اپنی ذمہ داری کو خوب سمجھتا تھا۔ پروفیسر عبدالمنان بیدل کے ساتھ راقم اور سید حسن صاحب شعبہ فارسی میں عرصہ تک درس و تدریس کا کام انجام دیتے ہیں۔

سید حسن صاحب ۱۹۵۶ء میں حکومت بہار کی طرف سے فارسی جدید کے مطالعے کے لے ایران گئے۔ ملازمت کے آخری دور میں پٹنہ یونیورسٹی میں فارسی کے یونیورسٹی پروفیسر اور صدر شعبہ مقرر ہوئے۔ پروفیسر موصوف کی نگرانی میں ایک درجن سے زیادہ طلباء نے پی۔ ایچ ڈی کی ڈگریاں حاصل کیں اور پروفیسر موصوف جہاں بھی رہے پوری تند ہی اور فرض شناسی سے کام کیا۔ ۱۹۷۲ء میں اپنے عہدے سے پنشن پائی۔ خدا بخش

Marfat.com

لائبریری کے سکریٹری اور مدرسہ اکزامینشن بورڈ کے صدر بھی رہے۔ ان کی تالیفات میں دو کتابیں "دیوان رکن صائن ھروی" اور "دیوان شمس مظفر بلخی" قابل ذکر ہیں۔ صدر جمہوریہ ہند نے موصوف کو فارسی کی مسلمہ قابلیت اور علمی شغف کے لیے سند عطا کی تھی۔ صاحب موصوف ہندوستان میں فارسی کے ایک بلند مرتبہ اور نامی پروفیسر تھے۔ ۱۹۸۸ء میں قضا کر گئے۔

پروفیسر شاہ عطاء الرحمٰن عطا کاکوی:

پروفیسر سید شاہ عطاء الرحمٰن عطا کاکوی انسٹی ٹیوٹ کے تیسرے ڈائرکٹر مقرر ہوئے اور انسٹی ٹیوٹ کے کاموں میں دلچسپی لیتے رہے۔ (۱) تذکرہ سفینۂ ہندی (۲) تذکرہ سفینۂ خوش گو (۳) دیوان خواجہ امین الدین (۴) اردو ترجمہ نشتر عشق (۵) تذکرۂ سروش یڈٹ کر کے نہایت آب و تاب سے شائع کرایا ہے۔ اور یہ پروفیسر موصوف کا بڑا کارنامہ ہے۔ طالب علمی کے زمانہ میں پروفیسر موصوف راقم سے ایک سال پیچھے تھے اور ہم دونوں واستاذ محترم ڈاکٹر عظیم الدین احمد سے فارسی پڑھنے کا شرف حاصل ہے۔ موصوف ایک چھے شاعر اور ادیب ہیں۔ ملازمت کا زیادہ تر حصہ مظفر پور کالج میں گذرا اور وہاں بھی ادبی حلقوں میں نہایت شہرت حاصل کی تھی۔ اب تک تحقیقی کاموں میں مصروف رہتے ہیں۔ جب میں خدا بخش لائبریری کا ڈائرکٹر تھا تو صاحب موصوف وہاں سکریٹری کے عہدہ پر مامور تھے۔ موصوف کو صدر جمہوریہ ہند نے فارسی کی مسلمہ قابلیت اور علمی شغف کے لیے سند عطا کی ہے۔

ڈاکٹر سید علی حیدر، نیر:

ڈاکٹر سید علی حیدر، نیر کئی سال تک انسٹی ٹیوٹ کے ڈائرکٹر رہے اور وہاں تدریسی خدمات بحسن و خوبی انجام دیتے رہے۔ موصوف کو فارسی ادب سے برابر دلچسپی رہی ہے اور تحقیقی کاموں میں اپنی قابلیت اور صلاحیت کا اچھا ثبوت پیش کیا ہے۔ موصوف کی شائع شدہ فارسی تالیفات و مقالات حسب ذیل ہیں (۱) دیوان قاسم ارسلان طوسی (۲) اشعار پریشاں (۳) آصف نامہ (۴) عروض الہندی (۵) رسالہ ذکر مغنیان ہندوستان۔ جب راقم مدرسہ

Marfat.com

اکزامی نیشن بورڈ کا صدر تھا تو کچھ دنوں تک صاحب موصوف مدرسہ اکزامی نیشن بورڈ کے سکریٹری تھے۔ اور ہر موقع پر راقم کی مدد کرتے رہے۔

افسر الدولہ فیاض الدین حیدر:

پروفیسر فیاض الدین حیدر عرصہ دراز تک پٹنہ کالج میں فارسی کے استاذ رہے۔ موصوف کو حکومت ہند نے جدید فارسی کی تعلیم کے لیے وظیفہ دے کر ایران بھیجا۔ طہران یونیورسٹی میں ایک سال رہ کر جدید فارسی زبان اس زمانے کے نامی استاذوں سے پڑھی۔ جدید فارسی اچھی بول سکتے ہیں۔ ترقی کرکے انسٹی ٹیوٹ کے ڈائرکٹر ہوئے اور بعد ازاں کچھ عرصہ تک لنگٹ سنگھ کالج مظفر پور کے پرنسپل بھی رہے اور وہاں سے واپس آکر ملازمت کی باقی مدت بحیثیت ڈائرکٹر انسٹی ٹیوٹ پوری کی۔ ۱۹۸۶ء میں صدر جمہوریہ ہند نے موصوف کو فارسی کی مسلمہ قابلیت اور علمی شغف کے لیے سند عطا کی۔

ڈاکٹر سید اطہر شیر:

ڈاکٹر سید اطہر شیر کا تعلق زیادہ تر زبان وادبیات عربی سے رہا ہے۔ حکومت ایران نے صاحب موصوف کو ۱۹۶۷ء میں ایک سال کا وظیفہ عطا کرکے دانش گاہ طہران میں جدید فارسی پڑھنے کا موقع عطا فرمایا۔ صاحب موصوف نے دانش گاہ طہران میں ممتاز ایرانی پروفیسروں سے جدید فارسی کی تعلیم پائی اور آخری امتحان میں اچھی کامیابی حاصل کی۔ جس زمانے میں راقم خدا بخش لائبریری کا ڈائرکٹر تھا ان دنوں اسسٹنٹ ڈائرکٹر تھے۔ میں نے ان کی صلاحیت اور قابلیت کے مد نظر رکھتے ہوئے وظیفہ دیئے جانے کے لیے سفارش کی تھی جو قبول ہوئی۔ خدا بخش لائبریری میں صاحب موصوف کی ذمہ داری فہرست مخطوطات مرتب کرنے کی تھی اور انہوں نے درج ذیل فہارس مخطوطات کو ترتیب دیا جو شائع ہو چکی ہیں۔

(۱) فہرست مخطوطات فارسی جلد سوم (مرآۃ العلوم)

(۲) فہرست مخطوطات عربی جلد سوم (مفتاح الکنوز)

(۳) فہرست مخطوطات عربی متعلق تفسیر قرآن (توضیحی کیٹلاگ بزبان انگریزی)

Marfat.com

(۴) فہرست مخطوطات عربی متعلق حدیث (توضیحی کیٹلاگ بزبان انگریزی)

ایران سے واپس آنے کے بعد ایران و عراق کا اپنا سفر نامہ بنام ''لالہ زار'' اردو زبان میں ۱۹۶۸ء میں شائع کیا ہے۔ آج کل صاحب موصوف انسٹی ٹیوٹ کے ڈائرکٹر کے عہدے پر فائز ہیں۔

✪✪✪

Marfat.com

سترھواں باب

میری ازدواجی زندگی اور اولاد

میری شادی:

۲۵ر دسمبر ۱۹۳۰ء کو راقم کی شادی فخر النساء سے ہوئی۔ میری بیوی مسٹر ریاست حسین بیرسٹر کی اکلوتی بیٹی تھیں۔ خان بہادر حشمت حسین نے اپنے لڑکے ریاست حسین کو پندرہ برس کی عمر میں تعلیم کی غرض سے انگلستان بھیجا۔ انگلستان میں ان کی تعلیم لندن اور آکسفورڈ میں ہوئی۔ ۲۲ برس کے سن میں بیرسٹر ہو کر ہندوستان واپس آئے۔ موصوف نے بیرسٹری کی ابتداء چھپرہ سے کی اور پٹنہ ہائی کورٹ قائم ہونے کے بعد چھپرہ سے پٹنہ چلے آئے اور ہائی کورٹ میں بیرسٹری کرنے لگے۔ پٹنہ میں ان کی بیرسٹری اچھی چلی۔ صاحب موصوف انگریزی طرز کی زندگی گذارتے اور جو کچھ کماتے خرچ کر ڈالتے تھے۔ ان کی فضول خرچی کی انتہا نہ تھی۔ کئی سال تک مہارانی ہتھوا کے یہاں منیجر بھی رہے۔ جب آمدنی بڑھتی تو اسی تناسب سے ان کی فضول خرچی میں اضافہ ہوتا تھا۔ موٹر کار، گھوڑے گاڑیاں غرض کہ آرام کی کل چیزیں ان کے گھر میں موجود تھیں۔ انتخاب لڑنے کا انہیں ایک خبط تھا۔ میونسپلٹی سے لے کر کونسل آف اسٹیٹ تک کے انتخاب میں حصہ لیتے تھے۔ ان انتخابوں میں کبھی کامیاب ہوتے اور کبھی بری طرح شکست ہوتی تھی۔ فضول خرچی سے نوبت یہاں تک پہنچی کہ اپنی کل جائداد کو برباد کر دیا۔ اپنا رہائشی مکان واقع ایکزیبیشن روڈ کو ڈاکٹر عبدالغفور کے ہاتھ فروخت کر کے کونسل آف اسٹیٹ دہلی کا انتخاب لڑے اور ناکامیاب ہوئے۔ اس مکان اور کمپاؤنڈ کی موجودہ قیمت ۵۰ لاکھ سے کم نہیں ہے۔ ان ناکامیوں کا اثر ان کے دل و دماغ پر بری طرح سے پڑا اور بیرسٹری چھوڑ کر پٹنہ سے چھپرہ چلے گئے جہاں ان کی

Marfat.com

سسرال تھی۔ راقم کی شادی کے پانچ مہینے کے بعد ۴۵ برس کی سن میں قضا کر گئے۔

میری بیوی:

میری بیوی کی تعلیم و تربیت قدیم طرز پر ہوئی تھی کیونکہ ان کی والدہ ایک قدامت پسند خاتون تھیں۔ مذہبی تعلیم کے علاوہ فارسی اور اردو کی بھی اچھی تعلیم پائی تھی۔ تھوڑی بہت انگریزی بھی جانتی تھیں۔ مختلف موضوعات پر اردو کی کتابیں بہت شوق سے پڑھا کرتیں اور آخر عمر میں صرف بزرگان دین کی سوانح عمریوں کا مطالعہ کرتی رہتی تھیں۔ اردو کی اچھی اچھی کتابیں پٹنہ یونیورسٹی لائبریری، پٹنہ کالج لائبریری اور اردو لائبریری سے منگا کر پڑھتی تھیں۔ انہیں اردو کے اچھے اشعار بہت یاد تھے۔ وہ سب خوبیاں جو ایک اچھی خاتون میں ہونی چاہئے ان میں موجود تھیں۔ مزاج میں سادگی، انکسار، فیاضی اور محبت بدرجہ اتم موجود تھی۔ اقرباپروری کے لیے مشہور تھیں۔ اپنے چھوٹے بھائی حفاظت حسین کی کالج کی تعلیم میں اچھی رقم خرچ کی۔ حفاظت حسین اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز ہوئے اور ۱۹۸۵ء میں اچانک انتقال کر گئے۔ بیوی فطرتاً مرنجان مرنج اور صاحب دل خاتون تھیں۔ زندگی میں انہیں بہت دشواریوں کا مقابلہ کرنا پڑا مگر کبھی بھی ہمت نہ ہاریں۔ زندگی بھر والدہ مرحومہ کے احسانات کا تذکرہ کیا کرتی تھیں اور ان سے ایسی محبت کرتی تھیں جیسی بیٹی ماں سے کیا کرتی ہے۔ پردہ کی سختی سے پابند نہ تھیں اور مرنے سے دس سال پہلے پردہ بالکل ترک کر دیا تھا۔ ہم لوگوں کے باہمی تعلقات برابر خوش گوار رہے۔ بیوی ہمیشہ میرے آرام کو اپنے آرم پر ترجیح دیا کرتی تھیں۔ عام طور پر بہار میں ساس بہو کے تعلقات ناخوشگوار ہوا کرتے ہیں مگر بیوی نے اپنی ساس کی برابر فرماں برداری کی اور ان کے حکم کو نہایت خوشی سے بجالاتی تھیں۔ والد صاحب کے انتقال کے دس سال بعد تک والدہ مرحومہ ہم لوگوں کے ساتھ رہا کرتی تھیں اور اس دوران اکثر سخت بیمار ہو جاتیں۔ بیوی باوجود اپنی خرابی صحت کے والدہ مرحومہ کی دیکھ بھال اور علاج و معالجہ میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھتی تھیں۔ بیوی کو اپنی اولاد سے غیر معمولی محبت تھی اور ان لوگوں کی تعلیم کو کل باتوں پر مقدم سمجھتی تھیں۔ انہیں کی کوششوں کے بدولت بڑے لڑکے نے ایم۔ کوم۔ کیا، منجھلے لڑکے نے انجنیئرنگ کا امتحان پاس

Marfat.com

کیا اور چھوٹے لڑکے نے ڈاکٹری کے امتحان میں کامیابی حاصل کی۔ بیوی ہی کے اصرار پر راقم نے ایکو یبیشن روڈ پر اپنا رہائشی مکان تعمیر کرایا۔ قریب بیس سال تک مختلف قسم کے امراض میں مبتلا رہیں اور اپنی سخت تکلیفوں کو صبر کے ساتھ برداشت کیا۔ ۲۶ر مئی ۱۹۷۳ء کو ۵۷ برس کی عمر میں انتقال کیا اور پیر موہانی قبرستان میں مدفون ہوئیں۔ بیوی کے انتقال کے بعد راقم اپنی روزمرہ کی زندگی میں ایک سخت تنہائی محسوس کرتا ہے اور اکثر موقعوں پر ان کی کمی محسوس ہوتی ہے۔

میری اولاد:

میرے بڑے لڑکے مقبول حسین ۱۹۳۲ء میں پیدا ہوئے۔ عربی، اردو اور انگریزی کی ابتدائی تعلیم گھر پر پانے کے بعد مسلم ہائی اسکول میں داخل ہوئے جہاں سے انہوں نے ہائی اسکول کا امتحان پاس کیا۔ بی۔ کوم کی تعلیم مارواڑی کالج میں ہوئی اور پٹنہ یونیورسٹی سے ایم۔ کوم کے امتحان میں کامیاب ہوئے۔ حکومت بہار کے محکمہ اعداد و شمار میں ملازم ہوئے اور آج کل اسسٹنٹ ڈائرکٹر آف اسٹیٹیکس کے عہدے پر فائز ہیں۔ ان کی شادی مسٹر سید شمس العالم صاحب کی لڑکی سے ہوئی موصوف سینٹ زیویرس اور سینٹ مائیکل اسکولوں میں عرصہ تک اردو کے استاذ رہے۔ پنشن پانے کے بعد اب فارغ البالی کی زندگی گھر پر بسر کر رہے ہیں۔ میرے منجھلے لڑکے اکبر حسین ۱۹۴۱ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم گھر پر پانے کے بعد پٹنہ مسلم ہائی اسکول میں داخل ہوئے جہاں سے ہائی اسکول کا امتحان پاس کیا۔ آئی۔ ایس۔ سی کی تعلیم پٹنہ سائنس کالج میں ہوئی۔ آئی۔ ایس۔ سی پاس کرنے کے بعد بہار کالج آف انجینئرنگ میں داخلہ لیا جہاں سے انہوں نے میکانیکل انجینئرنگ میں ڈگری حاصل کی۔ چھ ماہ تک حکومت بہار کے پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ میں ملازمت کرنے کے بعد انڈین وائل کارپوریشن میں بحیثیت انجینئر ان کی تقرری ہوئی اور آج کل کلکتہ آفس میں بحیثیت منیجر (ٹیکنیکل) انڈین وائل کارپوریشن میں کام کر رہے ہیں۔ ان کی شادی راقم کے چھوٹے بھائی مسٹر انور حسین کی لڑکی سے ہوئی ہے۔ مسٹر انور حسین چیرمین بہار کمرشیل ٹیکسز ٹریبونل سے پنشن پا کر وکالت کرتے تھے۔ ان کا انتقال ۲۲ر جولائی ۱۹۸۴ء کو ہوا۔ ایرپورٹ

Marfat.com

کے پاس جو قبرستان ہے اسی میں مدفون ہیں۔ میرے چھوٹے لڑکے اشرف حسین ۱۹۴۲ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم گھر پر حاصل کی۔ اسکول کی تعلیم پٹنہ مسلم ہائی اسکول میں ہوئی ،جہاں سے انہوں نے ہائی اسکول کا امتحان پاس کیا۔ آئی۔ ایس سی کی تعلیم پٹنہ سائنس کالج میں ہوئی۔ آئی۔ ایس سی کے امتحان میں کامیاب ہونے کے بعد ڈاکٹری کی تعلیم کے لیے پٹنہ میڈیکل کالج میں داخلہ لیا جہاں سے انہوں نے ایم۔ بی۔ بی ایس کی ڈگری حاصل کی۔ اس کے بعد اس کالج سے فیزی اولوجی (Physiology) میں ایم۔ ایس سی اور ایم۔ ڈی کے امتحانات پاس کیے۔ ان کے علاوہ انہوں نے ایم۔ ڈی کی ڈگری جنرل میڈیسن میں بھی حاصل کی۔ ایم۔ ایس۔ سی کے امتحان میں فرسٹ کلاس فرسٹ ہو کر پٹنہ یونیورسٹی سے ایک طلائی تمغہ بطور انعام پایا۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد پٹنہ میڈیکل کالج میں فیزی اولوجی میں لکچرر مقرر ہوئے اور بعد ازاں نالندہ میڈیکل کالج میں فیزی اولوجی کے پروفیسر رہے۔ انگلستان کے مختلف اسپتالوں میں کام کرنے کا شرف حاصل ہے آج کل سعودی عرب کے ریاض میڈیکل کالج میں بحیثیت پروفیسر فیزی اولوجی کام کر رہے ہیں۔ کئی کتابیں بھی تصنیف کی ہیں جو لندن سے شائع ہوئی ہیں اور ان کا شمار مقبول ترین کتابوں میں ہے۔

اشرف سلمہ نے مکہ مکرمہ میں حضرت مولانا سید شاہ امان اللہ قادری رحمۃ اللہ علیہ سے شرف بیعت حاصل کی اور ہمیشہ ان کے عزیز مریدوں میں رہے۔ اشرف حسین سلمہ کی شادی مسٹر محبوب عالم پنشن یافتہ آئی۔ اے۔ ایس کی منجھلی لڑکی سے ہوئی ہے۔ صاحب موصوف پنشن پا کر اپنے مکان واقع پاٹلی پترا کالونی میں قیام پذیر ہیں اور خوش حالی کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ ۱۹۸۶ء میں حج بیت اللہ کی سعادت نصیب ہوئی اور زیارت مدینہ منورہ کا بھی شرف حاصل کیا۔

خدا کے فضل سے راقم کے تینوں لڑکے ہونہار، بلند کردار، اخلاق شعار، اور سعادت مند ہیں۔ ماشاء اللہ سب صاحب اولاد ہیں۔ اللہ ان سبھوں کی عمر دراز کرے اور ہر طرح کی کامیابیوں سے مالا مال کرے۔ آمین

Marfat.com

بہاری مسلمان اور تلک کی لعنت:

تقریباً ۲۵ سالوں سے بہاری مسلمانوں کے یہاں تلک لینے کی ہندوانہ رسم عام ہو گئی ہے، اور اس نازیبا اور مذموم رسم نے مسلمانوں کے معاشرے کو نہایت ہی گندہ کر دیا ہے۔ بہاری مسلمانوں خواہ چھوٹا ہو یا بڑا، جب اپنے لڑکے کی شادی کرنے لگتا ہے تو لڑکی والوں کو زیورات اور قیمتی چیزوں کی ایک لمبی فہرست پیش کرتا ہے اور اسی کے ساتھ کثیر نقد رقم کا مطالبہ کرتا ہے۔ اس کے علاوہ براتیوں کے لیے نہایت ہی شاندار دعوت کی فرمائش کرتا ہے۔ راقم کا تجربہ ہے کہ بہت سے ایسے لوگ جنہوں نے کبھی اپنی موٹر کار نہیں رکھی ہے، اپنے لڑکوں کے جہیز میں اچھی اچھی موٹر کاریں مانگتے ہیں۔ لڑکی والے مجبوراً اپنی جائداد کو بیچ کر یا قرض لے کر جہیز کا سامان مہیا کرتے ہیں۔ اور اگر ایسا نہ کریں تو لڑکیوں کی شادی میں نہایت دشواری ہو جائے۔ شرم کی بات ہے کہ جہیز کی لعنت روز بروز بڑھتی جا رہی ہے اور ہم لوگوں کا معاشرہ اس کو برداشت کر رہا ہے۔ اب وقت آگیا ہے کہ اس بری رسم کا جلد خاتمہ کیا جائے اور اور اسلامی شریعت کے مطابق شادیاں کی جائیں۔ اس معاملہ میں ہم لوگ رسول اکرمؐ کی مثال کو بھول جاتے ہیں اور غیر مسلموں کی تقلید کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھتے ہیں۔

کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

یہاں پر یہ کہنا بیجا نہ ہو گا کہ راقم نے اپنے ہونہار لڑکوں کی شادیوں میں نہ ایک پیسہ نقد لیا اور نہ جہیز۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے خزانۂ غیب سے ان لوگوں کو آرام کی کل چیزیں عطا فرمائیں۔

پدم بھوشن ڈاکٹر محمد عبدالحی:

میری ازدواجی زندگی کے حالات میں کمی رہ جائے گی اگر مرحوم ڈاکٹر عبدالحی صاحب کا تذکرہ نہ کیا جائے۔

پدم بھوشن ڈاکٹر محمد عبدالحی ایم۔ڈی۔ ایف۔ آر۔ سی۔ پی، پٹنہ کے ایک نہایت

Marfat.com

ممتاز ڈاکٹر تھے اور اللہ تعالیٰ نے انہیں دست شفا عطا کیا تھا۔ آپ ڈاکٹر ذاکر حسین اور کئی دوسرے صدور جمہوریہ ہند کے سرکاری معالج بھی رہے۔ موصوف ۱۹۸۵ء میں اس دنیا سے رحلت کرگئے اور باغ مجیبی پھلواری شریف میں مدفون ہوئے۔

میری اہلیہ مرحومہ تقریباً ۲۵ سالوں تک مختلف بیماریوں میں مبتلا رہیں۔ مرحومہ اپنا علاج موصوف کے علاوہ کسی دوسرے ڈاکٹر سے نہ کراتیں۔ ڈاکٹر عبدالحی صاحب نے مرحومہ کا علاج آخری دم تک کیا۔ بیماری کی اس طویل مدت میں صاحب موصوف باوجود ایک نہایت مشغول ڈاکٹر ہونے کے بڑی پابندی کے ساتھ موصوفہ کا علاج کرتے رہے۔ میں ان دنوں پٹنہ سائنس کالج کے احاطے میں رہتا تھا اور بسا اوقات رات کو جب مرحومہ کی حالت بہت خراب ہو جاتی تھی تو ڈاکٹر صاحب اگزیبیشن روڈ سے چار کیلو میٹر کا فاصلہ طے کر کے ڈاو ڈاو بجے رات کو میرے یہاں مرحومہ کے طبی معائنہ کے لیے جایا کرتے تھے۔ میں ان کے ان تمام احسانات کو زندگی بھر فراموش نہیں کر سکتا۔ اللہ انہیں اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔

✪✪✪

Marfat.com

اٹھارھواں باب

میرے دو حج اور دو عمرے

۱۹۶۶ء سے ۱۹۸۵ء

میرے والدین کا حج:

۱۹۳۷ء میں والد صاحب مرحوم جن کا سن اس وقت ۴۸ سال تھا، والدہ کے ساتھ حج بیت اللہ کے لیے گئے۔ والد مرحوم نے راقم کو اپنے ساتھ سفر حج میں لے جانے کی خواہش ظاہر کی۔ اس زمانے میں بمبئی سے جدہ فرسٹ کلاس کا کرایہ آمدورفت مع طعام بذریعہ بحری جہاز ۶۲۶ روپے تھے۔ مکہ معظمہ میں فرسٹ کلاس ہوٹل کا کمرہ دس روپیہ پر مع طعام وقیام ملا کرتا تھا۔ والد صاحب مرحوم میرے حج کے سب اخراجات برداشت کرنے کو تیار تھے۔ اس زمانے میں راقم پٹنہ کالج میں لکچرر تھا اور حکومت بہار مجھے چار ماہ کی رخصت پوری تنخواہ پر دینے کو تیار تھی۔ باوجود ان سب سہولتوں کے راقم سفر حج پر نہ گیا اور والدین کے ساتھ حج کرنے کی سعادت نصیب نہ ہوئی، جس کا مجھے آج تک افسوس ہے۔

میرا پہلا حج:

راقم پر حج بیت اللہ بہت پہلے فرض ہو چکا تھا مگر دنیاوی کاموں میں مشغول رہ کر فریضۂ حج کو وقت پر ادا نہ کر سکا۔ سرکاری ملازمت کی مدت ختم کر دی۔ تینوں لڑکے تعلیم سے فارغ ہو کر اپنے اپنے کاموں میں لگ گئے۔ ایگزیبیشن روڈ پر اپنا رہائشی مکان تعمیر کر لیا اور جب تمام دنیاوی کاموں سے فراغت پالی تو ۶۲ سال کی عمر میں حج بیت اللہ کا خیال دل میں پیدا ہوا۔ اس تاخیر پر راقم بڑی ندامت محسوس کرتا اور اکثر غالب کا یہ شعر یاد آنے لگتا ہے۔

Marfat.com

کعبہ کس منہ سے جاؤ گے غالبؔ
شرم تم کو مگر نہیں آتی

دنیاوی کاموں کو فریضۂ حج پر ترجیح دینا ایک بڑی گناہ کی بات ہے۔ میں نے اللہ سے اس گناہ کی معافی مانگی اور سفر حج کے لیے کمربستہ ہو گیا۔ میرے دیرینہ دوست ڈاکٹر مسعود الحق کو جب یہ خبر ملی کہ راقم سفر حج پر جانے والا ہے تو وہ مجھ سے آکر ملے اور صاحب موصوف نے میرے ساتھ جانے کی خواہش ظاہر کی۔ ہم لوگوں کے قافلے میں راقم اور ڈاکٹر مسعود الحق کے علاوہ میری بیوی، میری بہن (زوجہ سید امین احمد مرحوم آئی۔ سی۔ ایس) اور میری ممانی (زوجہ مسٹر غلام وارث مرحوم وکیل) تھیں۔ ان سب لوگوں نے بہت اصرار کر کے راقم کو سفر کے کاموں کا ذمہ دار بنایا۔ میں نے پٹنہ سے بمبئی تک کا پانچ ریلوے ٹکٹ خریدا اور ہوائی جہاز میں پانچ جگہیں جدہ تک کی مخصوص کرائیں اس کے بعد پانچ ٹکٹیں ہوائی جہاز کی جدہ سے مدینہ تک کے لیے خریدیں۔ ہم لوگوں کا قافلہ ۱ر مارچ ۱۹۶۷ء کو پٹنہ سے بذریعہ ریل بمبئی کے لیے روانہ ہوا اور ۹ر مارچ ۱۹۶۷ء کو ہم لوگ بمبئی سے جدہ پہنچے۔ بمبئی کے قیام کے دوران ہم لوگ کئی دنوں تک بمبئی پولس کلب میں ٹھہرے جس کا انتظام میرے چھوٹے بھائی مسٹر انور حسین مرحوم نے پہلے سے کر دیا تھا۔ ڈاکٹر مسعود الحق کے صاحبزادے ڈاکٹر مصباح الحق اور راقم کے ایک عزیز مسٹر محی الدین جو ریلوے میں ملازم تھے، ہم لوگوں کے ہمراہ بمبئی گئے اور دوران سفر ہر طرح کی مدد پہنچائی، نہایت افسوس کی بات یہ ہے کہ دونوں حضرات عین جوانی میں انتقال کر گئے۔ اللہ غریق رحمت کرے۔

بمبئی کا قیام:

۳ر مارچ ۱۹۶۷ء کو ہم لوگوں کا قافلہ بمبئی پہنچا۔ وکٹوریہ ٹرمینس اسٹیشن سے ہم لوگ پولس کلب گئے جہاں قیام کے لیے دو کمرے پہلے سے مخصوص تھے۔ پولس کلب میں رات کا کھانا نہیں ملتا تھا اس لیے محی الدین کچھ اچھے کھانے ایک ایرانی ہوٹل سے لائے جسے ہم لوگوں نے شوق سے کھایا۔ دوسرے دن میرے عزیز دوست پروفیسر نجیب اشرف ندوی ہم

Marfat.com

لوگوں سے ملنے آئے اور راقم نے ان کے ساتھ دس بجے دن کو حج کمیٹی کے ایگزیکیٹو آفیسر سے ملاقات کی۔ انہوں نے ہم لوگوں کے پلگرم پاس اور ہوائی جہاز کی ٹکٹوں کو رسید لے کر راقم کے حوالہ کیا۔ اس زمانہ میں زادِ راہ کی رقم زرِ مبادلہ ۹۳۰ ریال جو ۱۵۷۵ روپے کے برابر ہوتی ہر حاجی کو ادا کرنی پڑتی تھی۔ اس رقم کی ہنڈیاں ۷ رمارچ ۱۹۶۷ء کو راقم نے اسٹیٹ بینک کی حج کمیٹی "پے آفس" سے حاصل کی۔ اس زمانے میں ہر حاجی کے لیے ضروری تھا کہ وہ حجاز کی روانگی سے پہلے پانچ دنوں تک بمبئی میں قیام کرے کیونکہ بمبئی کا شہر ہیضہ کے مرض سے محفوظ سمجھا جاتا تھا۔ دورانِ قیام روزانہ ہم لوگ حج کمیٹی کے دفتر جایا کرتے تھے۔ جہاں بہت سے عازمین حج سے ملاقات ہو جاتی تھی۔ پروفیسر نجیب اشرف ندوی بھی وہاں آجایا کرتے تھے۔ حج کمیٹی کا دفتر پولس کلب سے دور نہ تھا اس لیے آنے جانے میں کوئی دشواری نہ ہوتی تھی۔ ڈاکٹر مسعود الحق اور راقم نے تولیوں کا احرام ایک دوکان سے خریدا جو حج کمیٹی کے دفتر میں واقع تھی۔ اللہ کے فضل سے بمبئی میں ہم لوگوں کا قیام بہت ہی خوش گوار رہا اور کسی طرح کی تکلیف نہ ہوئی۔ ڈاکٹر مصباح الحق اور محی الدین برابر ہم لوگوں کے ساتھ رہا کرتے اور کل کاموں کو بحسن و خوبی انجام دیا کرتے تھے۔

حجاز کے لیے روانگی:

ہم لوگوں کو ۹ رمارچ ۱۹۶۷ء کو بمبئی سے حجاز کے لیے روانہ ہونا تھا اس لیے اس روز علی الصباح غسل کر کے ہم سب لوگوں نے عمرہ کے لیے احرام باندھا اور بمبئی کے شانتا کروز ایرپورٹ جانے کے لیے تیار ہو گئے۔ اپنی زندگی میں راقم نے اچھے سے اچھا کپڑا پہنا مگر جامۂ احرام کی زیب و زینت کسی دوسرے لباس میں نظر نہ آئی۔ جب ہم لوگ شانتا کروز ایرپورٹ پہنچے تو حاجیوں اور ان کو الوداع کہنے والوں کا ایک ہجوم تھا۔ ہم لوگ ایر انڈیا کے چارٹرڈ فلائٹ سے قریب ۹ بجے روانہ ہو کر پانچ گھنٹے بعد جدہ پہنچ گئے۔ ڈاکٹر مسعود الحق کے رشتہ دار اور راقم کے دوست مولوی ظہیر قاسم صاحب ہم لوگوں کے استقبال کے لیے جدہ ایرپورٹ پر موجود تھے۔ ان کے ساتھ ہم لوگوں کے معلم سید محجوب شیخ کے بڑے صاحبزادے بھی حاضر تھے۔ ان دنوں ظہیر قاسم صاحب کے صاحبزادے مسٹر منہاج الدین

Marfat.com

احمد جدہ کے ہندوستانی سفارت خانہ میں ملازم تھے اور ان کی رہائش گاہ جدہ میں شارع عنیزہ پر واقع تھی۔ ظہیر قاسم صاحب ہم لوگوں کو اپنے صاحبزادے کی رہائش پر لے گئے۔ ہم لوگ ظہیر قاسم صاحب کے یہاں جاکر کافی دیر تک ٹھہر گئے۔ جب مکہ جانے کے لیے بس کی تلاش میں جدہ کے ہوائی اڈہ پر آئے تو معلوم ہوا کہ تھوڑی دیر بعد ایک بس مکہ معظمہ کے لیے روانہ ہونے والی ہے۔ ہم لوگ اس بس میں جاکر بیٹھ گئے۔ اس بس میں سفر کرنے والے تمام مسافر نائیجریا کے باشندے تھے جو حج کے لیے آئے تھے۔ ان لوگوں میں کوئی نظم وضبط نہ تھا۔ بس روانہ ہوئی تو یہ لوگ اپنی زبان میں گانے لگے اور بس مکہ معظمہ کے قریب پہنچی تو ان لوگوں نے اور بھی شور وغل مچایا۔ بس کی چادر پر ہاتھ مارتے اور گاتے۔ راقم کو ان لوگوں کی یہ وحشیانہ حرکت پسند نہ آئی۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ یہ لوگ خوش ہوکر اپنی زبان میں اللہ کا شکر ادا کر رہے ہیں۔

مکہ معظّمہ کا قیام:

مکہ معظمہ پہنچنے کے بعد ہم لوگوں نے خانہ کعبہ کا طواف اور سعی کر کے عمرہ ادا کیا۔ ہم لوگوں کے قیام کا انتظام سید مجوب شیخ نے اپنے بھتیجے جعفر شیخ کے مکان میں کیا جو جبل الہند پر واقع تھا۔ اس مکان میں ہم لوگوں کے آرام کا کل سامان موجود تھا۔ یہ جگہ حرم کعبہ سے کچھ دور تھی اس لیے وہاں آنے جانے میں عورتوں کو دشواری ہوا کرتی۔ دو تین روز بعد پٹنہ سے ایک دوسرا قافلہ یہاں قیام کے لیے آیا جس میں مسٹر سید اکبر حسین ایڈوکیٹ مع اہلیہ، ڈاکٹر حسیب مع اہلیہ اور بیگم ریاست حسین زوجہ ڈاکٹر ریاست حسین مرحوم تھیں۔ ان لوگوں کے علاوہ مولوی عبدالجبار صاحب اپنے نواسہ افضل کے ساتھ یہاں ٹھہرنے کو آئے۔ عبدالجبار صاحب میرے خالہ زاد بھائی سید شوکت کریم کے خسر تھے۔ اس دوسرے قافلہ کے آنے کے بعد ایسا معلوم ہونے لگا کہ ہم سب لوگ پٹنہ میں مقیم ہیں اور وقت نہایت خوشی اور اطمینان سے گذر گیا۔ سید مجوب شیخ حج سے قبل ہم لوگوں کو نہایت آرام سے منیٰ لے گئے۔ یہاں ہم سب کے لیے الگ الگ خیمے مخصوص تھے۔ اس زمانے میں حجاز کا موسم نہایت خوشگوار تھا اس لیے ہم لوگوں کو خیموں میں کافی آرام ملا۔

Marfat.com

منیٰ میں سید محجوب شیخ کی شان دیکھنے کے لائق تھی۔ شیخ موصوف موٹے تازے اور وجیہ آدمی تھے۔ اپنے خیمہ کے سامنے بڑی شان سے بیٹھ کر حقہ پیتے۔ ان کا حقہ نہایت ہی بلند اور خوب صورت تھا جس کی فتح پیچ بھی بڑی لمبی تھی۔ شیخ کے ملازمین کچھ دیر دیر پر چلم بدل دیا کرتے تھے۔ لوگوں پر ان کا رعب اتنا غالب تھا کہ ان کی خیمہ گاہ پر کسی غیر آدمی کے آنے کی ہمت نہ ہوتی تھی۔ حج کے روز جعفر شیخ ہم لوگوں کو بہت آرام سے عرفات لے گئے ہم لوگوں کے لیے وہاں بھی قیام کے لیے پہلے ہی سے خیمے مخصوص کر دیئے گئے تھے۔ حج کے بعد عرفات میں سید محجوب شیخ نے اپنے کل حاجیوں کو ایک پر تکلف دعوت دی۔ ان کے انتظام سے ہم لوگوں کو بہت آرام ہوا۔ شام کو عرفات سے ہم لوگ مزدلفہ پہنچ گئے۔ جہاں رات کا قیام لازمی ہے۔ مزدلفہ کی رات ایسی سہانی تھی کہ راقم کو ابھی بھی بار بار یاد آتی ہے۔ شیخ کے دوسرے بھتیجے سید ابراہیم شیخ کے ہمراہ ہم لوگ مزدلفہ سے منیٰ کے لیے روانہ ہوئے۔ راستہ موٹر کاروں، بسوں اور لوگوں کے ہجوم سے اتنا بھرا ہوا تھا کہ ایک قدم آگے جانے کی گنجائش نہ تھی۔ ہم لوگوں نے اپنے کل سامان کو موٹر بس میں چھوڑ دیا اور پاپیادہ منیٰ واپس آگئے۔ ہم لوگوں کے ساتھ عورتیں بھی پیادہ پا آگئیں۔ سید ابراہیم شیخ نے قربان گاہ جا کر ہم لوگوں کی طرف سے جانوروں کی قربانیاں کرائیں۔ اس کے بعد شام کو ہم لوگوں نے مکہ معظمہ جا کر طواف زیارت کیا۔ دوسرے روز رمی جمار کے لیے گئے، تو وہاں لوگوں کا اس قدر مجمع تھا کہ راقم اور ڈاکٹر مسعود الحق کے لیے شیطان کو کنکریاں مارنا ایک نہایت ہی مشکل کام ہو گیا۔ خیریت تھی کہ لوگوں کے ساتھ شیخ کا ایک نہایت ہی مضبوط ملازم تھا جو ہم لوگوں کے لیے راستہ ہموار کرتا گیا۔ جب ہم لوگ شیطان کو کنکریاں مار کر واپس آنے لگے تو راقم اور ڈاکٹر مسعود الحق کو اس مجمع غفیر میں چوٹیں آئیں۔ اللہ اللہ کر کے اپنے قیام گاہ پر واپس آئے۔ ڈاکٹر مسعود الحق کو سر میں ایسی چوٹیں آئیں کہ کئی دنوں تک درد رہا۔ اس زمانہ میں رمی جمار میں بے انتہا بدنظمی رہتی تھی۔ لوگ سخت زخمی ہو جاتے اور کچھ لوگ مر بھی جاتے تھے۔ منیٰ کے قیام کو ختم کر کے ہم لوگ مکہ مکرمہ واپس آگئے۔ دوران حج راقم کی ملاقات کئی لوگوں سے ہوئی جو میرے لڑکپن کے دوست تھے اور ترک وطن کر کے انگلستان اور یوروپ میں بس کر وہاں کے شہری ہو گئے تھے۔ سید منور حسین میرے بچپن کے ساتھی تھے اور

Marfat.com

انگلستان جاکر علم ریاضی میں لندن یونیورسٹی سے اچھی ڈگری حاصل کر کے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں علم ریاضی کے پروفیسر ہوئے۔ ہندوستان میں جی نہ لگنے کے باعث معلّمی کا پیشہ ترک کر کے انگلستان چلے گئے اور تبلیغی جماعت میں شامل ہو کر اسلام کی خدمت کرنے لگے۔ اپنی جائداد کا ایک بڑا حصہ تبلیغی جماعت کے لیے وقف کر دیا اور آخر دم تک اس جماعت کے امیر اور ایک سرگرم کارکن رہے۔ کچھ عرصہ ہوا کہ انتقال کر گئے۔ ایک گم گشتہ دیرینہ دوست سے مل کر قلبی سکون حاصل ہوا اور اللہ کا شکر بجالایا۔

مسجد حرام اور کعبہ:

راقم جب پہلے پہل عمرہ کرنے کے لیے مسجد حرام میں داخل ہو کر کعبہ بیت اللہ کے طواف کے لیے جانے لگا تو اللہ کی شان کریمی یاد آئی کہ مجھ جیسے گنہگار کو بھی حج کی سعادت حاصل ہونے والی ہے، اللہ نے ہمت بخشی اور میں نے نہایت ہی انہماک کے ساتھ طواف اور سعی کے فرائض کو انجام دیا۔ میرے ساتھ میری بیوی مرحومہ بھی تھیں جو ایک دائم المریض خاتون تھیں اور ان کے بائیں پیر پر فالج کا اثر بھی تھا۔ اس کے باوجود انہوں نے بغیر کسی مدد کے طواف اور سعی کر ڈالا۔ ان دنوں کعبۂ بیت اللہ اور مقام ابراہیم کے درمیان مطاف بہت تنگ تھا۔ راقم کو اس پر حیرت ہوئی کہ بیوی مرحومہ سات مرتبہ اس تنگ جگہ سے کس طرح گذر سکیں۔ اب تو مقام ابراہیم کو آگے بڑھا دیا گیا ہے اور وہاں پر مطاف کافی چوڑا ہو گیا ہے۔ پہلی سی دشواری اب باقی نہیں رہی۔ راقم نے بہت سی خوب صورت عمارتیں دیکھیں ہیں اور ہزاروں خوب صورت عمارتوں کی تصویریں بھی نظر سے گذری ہیں۔ مگر سادگی کے ساتھ جو حسن اللہ نے خانہ کعبہ کو بخشا ہے اس کی مثال دنیا میں نہیں ملتی ہے۔ اس کی شان اور شوکت دیکھنے والوں کے دل ودماغ میں ہمیشہ کے لیے اپنی جگہ بنا لیتی ہے۔ یہ کیوں نہ ہو؟ دنیا کے بتکدوں میں یہ خدا کا پہلا گھر ہے۔ خانہ کعبہ کو دیکھنا ہی ایک عبادت ہے۔ راقم کی نظر جب خانۂ کعبہ پر پڑتی تو خاقانی کے بیسوں اشعار جو اس نے خانہ کعبہ کے نظارے سے متاثر ہو کر لکھے ہیں، یاد آجاتے اور دل پر ایک والہانہ کیفیت طاری ہو جاتی تھی۔ مکہ معظمہ سے روانگی کے پہلے دستور کے مطابق مسجد حرام میں جاکر طواف وداع کیا اور

Marfat.com

خانہ کعبہ سے رخصت ہو کر جب باب وداع سے باہر آیا تو اللہ سے دعا کی کہ ''الٰہی این کرم بار دگر کن'' اللہ نے میری اس دعا کو شرف قبولیت بخشا اور پانچ سال بعد دوبارہ حج کو گیا۔

مسجد حرام اور خانہ کعبہ کی عظمت:

مسجد حرام اسلامی دنیا کی سب سے بڑی اور عظمت والی مسجد ہے۔ دنیا میں شاید ہی اس سے بڑی کوئی عبادت گاہ ہے۔ بیک وقت یہاں لاکھوں مسلمان اپنی نمازیں ادا کرتے ہیں اور لوگ یہاں ۲۴ گھنٹے عبادت میں لگے رہتے ہیں۔ مسجد حرام کا وہ حصہ جسے ترکوں نے تعمیر کیا ہے، نزاکت اور خوب صورتی کا ایک اعلیٰ نمونہ ہے۔ اس مسجد کی پشت پر اب جو عمارت تعمیر کی گئی ہے وہ اسلامی طرز تعمیر کی ایک نہایت ہی دل آویز شاہکار ہے۔ چاروں طرف بلند و بالا دروازے بنائے گئے ہیں۔ اتنے دروازے اس لیے ہیں کہ نمازیوں کو جن کی تعداد ہر نماز میں ایک لاکھ سے زیادہ ہوا کرتی ہے۔ انہیں آنے جانے میں کوئی دقت نہ ہو۔ مسجد کے مینارے اتنے بلند ہیں کہ دور سے نظر آتے ہیں۔ شام سے صبح تک یہ مینار برقی روشنیوں سے منور رہتے ہیں۔ مکہ میں داخل ہوتے وقت راقم کو ان میناروں کی روشنی کچھ دور سے نظر آئی اور میں اس نظارے سے بے حد متاثر ہوا۔ مسجد کے اندر برقی روشنیاں اتنی زیادہ ہیں کہ پوری مسجد بقعۂ نور نظر آتی ہے۔ اور ان روشنیوں کی بدولت خانۂ کعبہ کا سیاہ غلاف نہایت ہی خوبصورت اور منور نظر آتا ہے۔ ۱۹۶۷ء میں جب راقم پہلی بار حج کو گیا تو نئی مسجد کی پہلی منزل تعمیر ہو چکی تھی۔ مسجد حرام کے بیچ میں کعبۂ بیت اللہ کی عمارت ہے، جس کو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ کے حکم سے تعمیر کیا تھا۔ اس کے ایک کونے پر حجر اسود نصب ہے۔ طواف سے پہلے حاجی حجر اسود کا بوسہ لیتا ہے اور یہاں سے خانہ کعبہ کا طواف شروع کرتا ہے اور اسی طرح سات مرتبہ حجر اسود کا بوسہ لے کر طواف کو ختم کرتا ہے۔ جب حجر اسود کے سامنے لوگوں کی کثرت ہوتی ہے اور بوسہ لینے کا موقع نہ ملتا ہے تو حاجی حجر اسود کی طرف رجوع کر کے استیلام کرتا ہے اور طواف کرنا شروع کر دیتا ہے۔ ترکوں کے زمانے میں غلاف کعبہ مصر سے بن کر نہایت ہی تزک اور احتشام کے ساتھ آتا تھا۔ جہاں تک راقم کا علم ہے غلاف کعبہ سعودی دور میں ایک مرتبہ ہمارے ملک سے بھی بن کر گیا ہے۔ اب غلاف کعبہ

Marfat.com

غالباً سعودی عرب ہی میں بنایا جاتا ہے۔ پرانے غلاف کعبہ کے ٹکڑوں کو حاجی اپنے ساتھ لے جاتے ہیں اور بطور تبرک اپنے پاس محفوظ رکھتے ہیں۔ راقم جب ۱۹۶۷ء میں ایک مرتبہ خانہ کعبہ کا طواف کر رہا تھا تو میرے آگے ایک مصری خاتون تھیں۔ جب وہ حجر اسود کا بوسہ لینے لگتیں تو اپنا رومال حجر اسود پر رکھ کر بوسہ لیتیں اور انہوں نے ساتوں طواف میں ایسا ہی کیا۔ راقم کو یہ خیال گذرا کہ یہ مصری خاتون اپنے رومال کو حجر اسود پر اس لیے رکھ رہی ہیں کہ دوسروں کے لعاب دہن سے محفوظ رہیں اور ان کو کوئی چھوت کی بیماری نہ لگ جائے۔ راقم کو یہ دیکھ کر تعجب ہوا اور اس کے متعلق ایک مصری حاجی سے سبب دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ اکثر مصری خاتون ایسا ہی کرتی ہیں اور حج سے واپسی پر ان رومالوں کو اپنے ساتھ لے جاتی ہیں۔ ان کے گھر والے اس رومال کا بوسہ لیتے ہیں۔ ۱۹۶۷ء میں حجاج کرام جو مختلف ممالک سے آئے ہوئے تھے ان کی مجموعی تعداد سرکاری اعداد و شمار کے مطابق ۳۱۶۲۲۶ تھی ان کے علاوہ مقامی حجاج کی تعداد بہت کافی تھی۔ یہ دیکھ کر نہایت تعجب ہوتا ہے کہ سعودی حکومت کیونکر اتنے لوگوں کے آرام و آسائش کا سامان مختلف جگہوں پر اس خوبی سے انجام دیتی ہے۔ ۶۷ء میں مسٹر مدحت قدوائی سعودی عرب میں ہندوستان کے سفیر تھے اور صاحب موصوف ہندوستانی حجاج کو آرام پہنچانے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھتے تھے۔ صاحب موصوف نے منٰی میں راقم کو لکھنؤ کا پان کھلایا تھا۔

مدینہ منورہ کی روانگی اور وہاں کا قیام:

جب مکہ معظمہ کے کل کام ختم ہو گئے تو ہم لوگوں کا قافلہ جدہ سے بذریعہ ہوائی جہاز مدینہ پہنچا۔ مدینہ منورہ ہوائی اڈہ سے کچھ دوری پر واقع ہے۔ ہم لوگ وہاں سے بذریعہ ٹیکسی مدینہ منورہ پہنچے۔ یہاں پہنچ کر میں نے عبید اللہ حیدری سے ملاقات کی جنہوں نے بہت جلد ہم لوگوں کے قیام کے لیے دو کمرے خلیج العرب ہوٹل میں دلوا دیئے۔ خلیج العرب ہوٹل ایک پانچ منزلہ عمارت میں تھا اور ایک اچھا ہوٹل تھا۔ اس کا شرح کرایہ قیام کے لیے دس ریال یومیہ فی کس تھا جو اب بڑھ کر کم از کم فی کس ننانوے ریال ہو گیا ہوگا۔ خلیج العرب ہوٹل مسجد نبوی کے قریب تھا جہاں ہم لوگوں کو ہر طرح کا آرام تھا اور مسجد نبوی میں آنے جانے

Marfat.com

کی بڑی سہولت تھی۔ اس ہوٹل کا مالک شام کا رہنے والا اور اس کا منیجر لبنان کا باشندہ تھا۔ ہم لوگ مدینہ میں دس روز مقیم رہ کر مسجد نبوی میں چالیس وقت کی نمازیں ادا کیں۔ راقم کو ہر روز ایک دو مرتبہ ریاض الجنۃ میں نماز ادا کرنے کا موقع مل جاتا تھا۔ ہر نماز کے بعد مواجہ رسول پر حاضر ہو کر درود و سلام پڑھتا اور اسی کے بعد حضرت ابو بکرؓ و حضرت عمرؓ کے مرقد مبارک کے روبرو کھڑا ہو کر فاتحہ پڑھا کرتا تھا۔ راقم اپنا زیادہ تر وقت مسجد نبوی میں گزارتا اور وہاں اپنے دوست حمید لکھنوی کی نعتوں کو پڑھ کر سکون قلب حاصل کرتا تھا۔ اس جگہ کی کشش ایسی تھی کہ جی نہ چاہتا تھا کہ مسجد سے باہر جاؤں۔ یہاں بیٹھ کر اسلام کا ابتدائی دور نظر کے سامنے آجاتا تھا۔ ہر اذان کے وقت حضرت بلال حبشیؓ کی اذان یاد آتی تھی اور اسی کے ساتھ وہ بزرگان دین بھی یاد آجاتے جنہوں نے اسلام کے فروغ کے لیے اپنی جانیں تک قربان کر ڈالیں۔ کچھ ایسے لوگ بھی یاد آتے جنہوں نے اس مسجد میں رسول اکرمؐ کے پیچھے نمازیں تو ادا کی تھیں مگر بعد میں آلِ رسولؐ کو ایذا پہنچانے میں کوئی دقیقہ باقی نہ رکھا۔ اپنے سیاسی مفاد کی خاطر قرآن کو نیزوں پر بلند کیا جس کی مثال تواریخ اسلام میں نہیں ملتی ہے۔ مدینہ متبرک جگہ ہے جہاں ہر وقت اللہ کی رحمت برستی رہتی ہے۔ یہاں فرشتے آتے تھے اور ہمیشہ آتے رہیں گے۔

مسجد نبوی:

ترکوں کی بنائی ہوئی مسجد نبوی فن تعمیر کا ایک اعلیٰ نمونہ ہے۔ سعودی دور میں مسجد نبوی کی توسیع کی گئی اور نہایت ہی خوبی اور ہنر کے ساتھ قدیم اور جدید حصوں کو ملایا گیا ہے۔ مسجد کا فرش قالینوں سے مزین رہتا ہے۔ راقم کبھی کبھی مسجد کے جدید حصہ میں بیٹھ کر گنبد خضرا کو دیکھا کرتا، مجھ پر ایک والہانہ کیفیت طاری ہو جاتی اور درود و سلام پڑھتا تھا۔ مسجد نبوی کے کل دروازے دس بجے رات کو بند کر دیئے جاتے ہیں اور نماز تہجد کے وقت کھول دیئے جاتے ہیں۔ راقم مسجد نبوی میں ہمیشہ باب مجیدی سے داخل ہو کر آتا جو مسجد نبوی کا صدر دروازہ ہے۔ مسجد حرام کی طرح مسجد نبوی میں بھی روشنی کا بڑا اچھا انتظام ہے۔ ترکوں کے زمانے کے جھاڑ اور فانوس مسجد کے پرانے حصے میں لگے ہوئے ہیں اور نہایت زیب

Marfat.com

وزینت بخشتے ہیں۔ مسجد کے میناروں کی روشنی قابل دید ہے۔

مدینہ سے واپسی، جدہ کا قیام اور میرا پٹنہ واپس آنا:

مدینہ منورہ میں دس روز قیام کے بعد ہم لوگوں کا قافلہ جدہ واپس آیا اور یہاں ایک ہفتہ شاہ منہاج الدین کے یہاں مقیم رہ کر ہم لوگ ۱۹/اپریل ۱۹۶۷ء کو جدہ سے بذریعہ ہوائی جہاز روانہ ہو کر اسی روز شام کو بمبئی پہنچ گئے، بمبئی میں ہم لوگوں کا قیام تین روز تک پولس کلب میں رہا اور ۲۱/اپریل ۱۹۶۷ء کو بمبئی کی جامع مسجد میں نماز جمعہ ادا کر کے ۲۲/اپریل ۱۹۶۷ء کو بذریعہ ریل بمبئی سے روانہ ہو کر ۲۴/اپریل ۱۹۶۷ء کو ہم سب لوگ بخیر وعافیت پٹنہ پہنچ گئے۔ ڈاکٹر مصباح الحق اور مسٹر محی الدین نے جو ہم لوگوں کے استقبال کے لیے بمبئی گئے تھے، سفر میں ہم لوگوں کے ساتھ رہ کر ہر طرح کا آرام پہنچایا۔ اللہ ان دونوں کو جنت نصیب کرے۔

میری بیوی کی علالت:

حج سے واپسی کے ایک ماہ بعد میری بیوی پر قلب کا دورہ پڑا اور تقریباً تین چار سال قلب کے مرض میں مبتلا رہ کر انتقال کیا۔

اس زمانے میں بذریعہ ہوائی جہاز حج کے کل اخراجات فی کس چھ۶ ہزار روپے ہوا کرتے تھے۔

راقم کا دوسرا حج:

قاعدے کے مطابق ہر حاجی پانچ برس سے پہلے اپنا دوسرا حج نہیں کر سکتا ہے۔ راقم نے ۱۹۶۷ء میں پہلا حج کیا تھا اور مجھے دوسرے حج کرنے کا حق ۱۹۷۳ء میں حاصل ہوا۔ میں اپنے استاذ محترم پروفیسر عبد المنان بیدل سے جا کر ملا جو پانچ چھ حج کر چکے تھے۔ جب میں نے ۱۹۷۳ء کے حج میں شریک ہونے کا خیال ظاہر کیا تو پروفیسر صاحب نے فرمایا کہ وہ بھی حج میں جانے والے ہیں اور ان کے ہمراہ صاحب موصوف کے داماد اسحٰق بابو اور مسٹر بہاء الدین احمد پنشن یافتہ حج ۱۹۷۳ء کے حج میں شریک ہوں گے۔ پروفیسر موصوف سے یہ معلوم

Marfat.com

کر کے نہایت خوشی ہوئی کہ پروفیسر سید محمد محسن مع اپنی اہلیہ، مسٹر سید نظیر حیدر اڈیٹر "صدائے عام" مع اپنی اہلیہ اور حضرت سید شاہ عون احمد قادری بھی اس سال حج کو جائیں گے۔ چند دنوں بعد میرے شاگرد مسٹر علی وارث خاں رئیس جگدیش پور ضلع شاہ آباد مجھ سے ملنے آئے اور کہا کہ وہ بھی اپنی اہلیہ اور صاحبزادی کے ساتھ اس سال حج کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اس زمانے میں علی وارث خان صاحب کے صاحبزادے مغل لائن میں جہاز پر کام کرتے تھے اور علی وارث خاں صاحب حکومت کی طرف سے مغل لائن کمیٹی کے نامزد ممبر تھے اور انہیں جدہ جانے کے لیے بحری جہاز کا کوئی کرایہ ادا نہ کرنا پڑتا تھا۔ ان سب باتوں کو سن کر راقم نے ۱۹۷۳ء کے حج میں شریک ہونے کا فیصلہ کرلیا گرچہ اس زمانے میں میری اہلیہ سخت بیمار تھیں۔ ۲۴/ جولائی ۱۹۷۲ء کو میں نے اپنی درخواست ۱۰۰۳ روپے کے ڈرافٹ کے ساتھ جو اس زمانہ میں اسپیشل ڈک کلاس کا کرایہ تھا، مغل لائن کے دفتر کو روانہ کیا۔ اس زمانے میں زاد راہ کی زر مبادلہ کی رقم ایک ہزار چوبیس ریال جو دو ہزار روپے کے برابر ہوتی تھی ہر حاجی کو ادا کرنی پڑتی تھی۔ اسپیشل ڈک کلاس کا برتھ آرام دہ ہوا کرتا تھا۔ جس پر ڈنلپ فوم کے گدے بچھے رہتے تھے۔

حجاز کے لیے روانگی:

راقم پٹنہ سے بمبئی کے لیے ۷/ دسمبر ۱۹۷۲ء کو روانہ ہو کر ۹/ دسمبر ۱۹۷۲ء کو بمبئی پہنچا۔ محی الدین اس دوسرے سفر میں بھی میرے ہمراہ تھے۔ میرے چھوٹے بھائی انور حسین کسی سرکاری کام کے سلسلہ میں مجھ سے دو روز پہلے بمبئی پہنچ چکے تھے۔ انہوں نے بمبئی کے ریلوے اسٹیشن پر ہم لوگوں کا استقبال کیا۔ حسب دستور راقم نے پولس کلب میں پانچ دنوں تک قیام کیا۔ میرے چھوٹے بھائی انور حسین سرکاری مہمان خانہ میں مقیم تھے اور ان کو ایک سرکاری موٹر کار بمبئی میں گھومنے پھرنے کے لیے دی گئی تھی۔ اسی موٹر کار سے راقم نے حج کمیٹی کے دفتر میں ۱۰/ دسمبر کو حاضر ہو کر اپنا پلگرم پاس بمبئی سے جدہ تک کا سمندری جہاز کا ٹکٹ اور جدہ سے مدینہ تک کا ہوائی جہاز کا ٹکٹ حاصل کیا۔ اسی روز اسٹیٹ بینک سے ایک ہزار چوبیس ریال کی ہنڈی بھی حاصل کی، جو زاد راہ کی رقم تھی۔ مغل لائن کے آفس میں جاکر

Marfat.com

ڈھائی سو روپئے کے کوپن کی خریداری کی۔ ان کوپنوں کو دوران سفر جہاز کے ریستوران میں دے کر کھانے کی چیزیں خریدی جاسکتی تھیں۔ ان سب کاموں کو ختم کر کے راقم انسپکٹر شرما سے ملنے گیا جو "یلوگیٹ" تھانے کے انچارج تھے۔ مسٹر شرما میرا بڑا احترام کرتے تھے اور انہوں نے مجھے چار عدد پاس دیئے جن کو لے کر میرے دوست اور رشتہ دار جہاز پر جاکر مجھے الوداع کہہ سکتے تھے۔

بمبئی سے جدہ اور مکہ کے لیے روانگی:

۱۴ر دسمبر ۱۹۷۲ء کو قریب تین بجے ہم لوگوں کا جہاز "اکبر" بمبئی سے روانہ ہو کر ساتویں دن جدہ کے بندرگاہ پر لنگرانداز ہوا۔ پروفیسر سید محمد محسن اور مسٹر نظیر حیدر ایڈیٹر "صدائے عام" اور حضرت سید شاہ عون احمد قادری بھی اسی جہاز میں سفر کر رہے تھے۔ میرے شاگرد علی وارث خاں بھی ہم لوگوں کے ہم سفر تھے۔ میرے چھوٹے بھائی انور حسین اور محی الدین نے جہاز پر جاکر راقم کو الوداع کہا اور واپس چلے گئے۔ جس کیبن میں راقم کی جگہ تھی اس میں بھاگل پور کے تین حضرات نظام الدین، عبدالمجید خاں اور عبدالغنی صاحبان سفر کر رہے تھے۔ نظام الدین صاحب کا یہ دوسرا سفر حج تھا۔ ان تینوں حضرات سے میری پہلے کی ملاقات نہ تھی مگر طبیعت کی مناسبت کی وجہ سے راقم ان لوگوں سے بہت جلد مانوس ہو گیا۔ ان حضرات نے بھی راقم کو دورانِ سفر ہر طرح کی مدد پہنچائی۔ جس کا میں بہت شکر گزار رہا۔ مسٹر علی وارث خاں نے مجھے مسٹر فضل بھائی سے ملاقات کرائی جو ان دنوں مغل لائن کمپنی کے ایجنٹ تھے اور ہم لوگوں کے ساتھ "اکبر" جہاز سے جدہ جارہے تھے۔ جہاز پر پنج گانہ نمازیں باجماعت کئی جگہوں پر ہوا کرتی تھیں اور راقم نے کئی جماعتوں میں نمازیں ادا کیں۔ صبح کی اذان ایک خوش الحان مؤذن دیا کرتا تھا اور یہ اذان نہایت ہی دلکش ہوتی تھی، جہاز کا سفر آرام سے کٹ گیا۔ چلتے وقت راقم نے بمبئی میں جو کوپنس خریدے تھے انہیں جہاز میں بدل کر صبح کا ناشتہ، دن اور رات کے کھانے لیا کرتا تھا۔ ناشتے اور کھانے انگریزی طرز کے ہوا کرتے تھے۔ کھانے جو حاجیوں کو مغل لائن دیا کرتی تھی اچھے ہوتے تھے مگر راقم صرف صبح کی چائے اور شام کا ناشتہ مغل لائن سے لیتا اور دن اور رات کے

Marfat.com

کھانوں کو دوسرے حاجیوں کو دے دیتا تھا کیونکہ یہ کھانے میرے ذوق کے مطابق نہ ہوتے تھے۔ جب ہم لوگوں کا جہاز یلملم پہاڑ کے نزدیک سے گذرنے لگا تو جہاز نے سیٹی دی اور ہم لوگوں نے نہادھوکر احرام باندھا۔ کچھ گھنٹے بعد جہاز جدہ کی بندرگاہ پر آکر لنگر انداز ہو گیا۔ ہم لوگوں کے جہاز کے ساتھ ہی پاکستان کا جہاز "سفینۂ عابد" بھی آیا اور دونوں جہازوں کے حاجیوں نے نعرۂ تکبیر بلند کیا۔ ان لوگوں کی خوشی کی کوئی انتہا نہ تھی کیونکہ یہ سب اپنی منزل مقصود سے قریب آچکے تھے۔ راقم کے ساتھ صرف ایک سوٹ کیس اور ایک چھوٹا ہولڈ دل تھا جنہیں مسٹر فضل بھائی نے اپنے آدمی کو بھیج کر منگالیا تھا اور یہ دونوں چیزیں نہایت آسانی سے صاحب موصوف کے سامان کے ساتھ جدہ بندرگاہ میں اتار دی گئیں۔ صاحب موصوف جدہ بندرگاہ میں اتر کر اپنے کاموں میں مصروف ہو گئے اور مجھے ہدایت کی کہ میں جدہ کے مدینۃ الحجاج پہنچ کر بوہرہ حضرات کے "فیض حسینہ" میں جاکر ٹھہر جاؤں۔ جدہ کے بندرگاہ پر صدیقی صاحب جو ہندوستانی سفارت خانہ کے افیسر تھے ہم لوگوں کے استقبال کے لیے موجود تھے۔ ان دنوں مسٹر ٹی۔ پی۔ عبداللہ سعودی عرب میں ہندوستان کے سفیر تھے۔ انہوں نے ہندوستانی سفارت خانہ میں کچھ لوگوں کی دعوت کا انتظام کیا تھا۔ مسٹر علی وارث خاں اس دعوت میں شریک ہوئے مگر راقم دعوت میں شریک نہ ہو سکا کیونکہ میں بہت تھک گیا تھا۔ ایک گھنٹہ بعد مسٹر فضل بھائی اپنے کاموں کو ختم کر کے "فیض حسینہ" میں آئے جہاں ہم لوگوں نے دن کا کھانا کھایا۔ ان کے اصرار پر مسٹر علی وارث خان، ان کی اہلیہ، صاحبزادی اور میں صاحب موصوف کی موٹر کار سے مکہ مکرمہ پہنچے۔ احمد شیخ جمال اللیل راقم کے معلم تھے اور قیام کے لیے مجھے انہوں نے اس مکان میں جگہ دی جہاں صرف پاکستانی حجاج ٹھہرے ہوئے تھے۔ راقم جب عمرہ کر کے آیا تو دیکھا کہ میرے کمرے میں پاکستانی حضرات جو پنجاب کے دیہاتوں کے رہنے والے تھے مقیم ہیں۔ یہ سب پنجابی زبان بولتے اور مجھے ان لوگوں کے ساتھ ٹھہرنے میں دشواری محسوس ہونے لگی۔ نظام الدین، عبدالحمید خاں، عبدالغنی صاحبان جب دوسرے روز مکہ پہونچے تو میرے کمرے میں آئے اور مجھے اپنے ساتھ وہاں لے گئے جہاں یہ لوگ مقیم تھے۔ گرچہ یہ کمرہ بڑا تھا مگر آٹھ آدمیوں کے آرام سے ٹھہرنے کی جگہ اس میں نہ تھی۔ ہم لوگوں کے قافلہ میں آٹھ آدمی تھے اور یہ سب لوگ

Marfat.com

ایک ہی جگہ رہنا چاہتے تھے۔ ان لوگوں نے راقم کے لیے اتنی جگہ مہیا کردی تھی کہ میں آرام سے رہ سکتا تھا اور دوران قیام مجھے کسی طرح کی تکلیف نہ ہوئی۔ کمرہ عمارت کی تیسری منزل پر تھا اور غسل خانہ اس کے متصل تھا۔

۱۹۷۳ء کا حج:

احمد شیخ جمال اللیل کے یہاں حاجیوں کی تعداد تقریباً سات سو تھی اور ان میں تین چوتھائی حاجی پاکستان کے تھے۔ منٰی میں ان کی خیمہ گاہ کافی بڑی تھی اور یہاں پانی کی قلت نہ تھی کیونکہ پانی کا خزانہ خیمہ گاہ سے بالکل متصل تھا۔ منٰی میں قیام کے لیے ان کے خیمے آرام دہ تھے اور ہر خیمے میں برقی روشنی کا اچھا انتظام تھا۔ خیمہ گاہ کے پاس کئی ہوٹل بھی تھے جہاں راقم ناشتہ اور کھانا کھایا کرتا تھا۔ عرفات میں بھی ہم لوگوں کے قیام کے لیے ایک اچھے خیمے کا انتظام کیا گیا تھا۔ احمد شیخ جمال اللیل راقم کا احترام کیا کرتے تھے کیونکہ وہ اس بات سے واقف تھے کہ حکومت ہند کے سفیر ٹی۔ پی عبداللہ میرا بہت خیال رکھتے ہیں اور اپنے کارندے کو میری خیریت دریافت کرنے کے لیے منٰی بھیجا تھا۔ حج کے دن عرفات میں حاجیوں کی عام دعوت میں بدانتظامی کے سبب کچھ حاجیوں کو باورچی خانہ جاکر اپنا کھانا لانا پڑا۔ عرفات سے مزدلفہ ہم لوگ وقت پر پہنچ گئے۔ دوسرے روز صبح کو جب ہم لوگ مزدلفہ سے منٰی واپس آنے لگے تو سواری کی قلت درپیش ہوئی۔ ہم لوگوں نے بہت منت وسماجت کے بعد ایک بس والے کو منٰی پہنچانے کے لیے تیار کیا اور یہ بھی کہا کہ اگر شیخ اس بس کا کرایہ ادا نہ کریں گے تو کرایہ کی رقم ہم لوگ ادا کردیں گے۔ منٰی پہنچنے پر شیخ نے اس بس والے کا کرایہ ادا کردیا۔ منٰی میں قربان گاہ جاکر نظام الدین، عبدالحمید خاں اور عبدالغنی صاحبان نے اپنی طرف سے قربانیاں کیں اور راقم کی طرف سے بھی ایک دنبے اور ایک بکرے کی قربانی کی۔ واپس آتے وقت قربانی کے جانوروں کا کچھ گوشت اور کلیجی اپنے ساتھ لاکر گریل اور کلیجی تل کر کھایا اور کھلایا۔ پروفیسر عبدالسنان بیدل، علی وارث خاں اور چند دیگر دوستوں کو گریل اور کلیجی بہت پسند آئی۔

راقم رمی جمار کے لیے نہ گیا اور کنکریوں کو دوستوں کے سپرد کردیا جنہوں نے

Marfat.com

میری طرف سے رمی جمار کیا۔ جب راقم طواف زیارت کے لیے مکہ جانے لگا تو محمد اکبر خاں نے جو کٹک کے رہنے والے تھے اور میرے دوست عبدالسبحان خاں صاحب ایڈوکیٹ کٹک کے بھائی تھے میرے ساتھ طواف زیارت کے لیے جانے کی خواہش ظاہر کی۔ میں ان کو اپنے ساتھ لے جانے کو تیار نہ تھا مگر انہوں نے اتنا اصرار کیا کہ مجھے ان کو اپنے ساتھ لے جانا ہی پڑا۔ مکہ پہنچ کر ہم لوگ طواف زیارت اور سعی کر کے منٰی کے لیے واپس ہوئے۔ محمد اکبر خاں منٰی پہنچ کر مجھ سے الگ ہو گئے اور راستہ بھول کر کسی دوسرے خیمے گاہ میں چلے گئے۔ راقم نے اپنے خیمے میں واپس آکر بہت دیر تک ان کا انتظار کیا اور ادھر ادھر تلاش کے بعد بھی وہ نہ مل سکے۔ ان کی گم شدگی کی اطلاع میں نے احمد شیخ جمال اللیل کو کر دی۔ انہیں بھی خان صاحب کے بھٹک جانے پر بڑی تشویش ہوئی کیونکہ معلم کا دیا ہوا شناختی کارڈ ان کے پاس موجود نہ تھا۔ اکبر خاں کا تھوڑا سامان ہم لوگوں کے خیمے میں تھا جسے دوسرے روز ہم لوگوں کو مکہ لے جانا پڑا۔ راقم نے اپنے دوسرے حج میں مسجد خیف اور مسجد نمرہ میں نمازیں پڑھیں۔ جبل رحمت پر بھی گیا جس کی بلندی پر کھڑے ہو کر نیچے کا خوش نما منظر دیکھا۔ جبل رحمت پر چڑھنے اور اترنے کے لیے ترکوں نے اپنے زمانہ میں آرام دہ زینے بنائے ہیں۔ مکہ میں کل مقامات مقدسہ کو دیکھنے کا موقع ملا۔ مگر افسوس کہ غار حرا کو نہ دیکھ سکا۔ جس روز ہم لوگ منٰی سے مکہ واپس آرہے تھے تو سہ پہر کو شاہ فیصل کا شاہی جلوس منٰی سے مکہ گیا۔ راستہ کے دونوں جانب حجاج نہایت نظم وضبط سے کھڑے تھے۔ شاہ فیصل کی موٹر کار کے آگے اور پیچھے موٹر سوار فوجی دستے جا رہے تھے اور شاہ فیصل اپنی موٹر سے ہاتھ نکال کر سلام کرتے ہوئے گئے۔ احمد شیخ جمال اللیل جب ہم لوگوں کو منٰی سے مکہ لے جانے میں دیر کرنے لگے تو نظام الدین صاحب نے کرایہ کی ایک موٹر کار کا انتظام کیا جس سے ہم لوگ عشاء کی نماز سے پہلے مکہ پہنچ گئے۔ موٹر کار کا ڈرائیور ایک نوجوان انگریزی داں عرب تھا اور راستہ بھر انگریزی میں مجھ سے باتیں کرتا آیا۔ اکبر خاں جب دوسرے روز مکہ میں ہم لوگوں سے ملنے آئے تو اپنی گمشدگی کا حال تفصیل سے بیان کیا اور اپنی کل چیزوں کو لے کر واپس گئے۔

Marfat.com

حج کے بعد مکہ کا قیام:

راقم حج سے پہلے اور حج کے بعد چالیس دنوں تک مکہ میں قیام پذیر رہا۔ اللہ کے فضل سے ہر روز کی پنجگانہ نمازیں مسجد حرام میں ادا ہوئیں۔ مکہ کے قیام کے دوران راقم کو ایک دوروز کے وقفہ پر استاذ محترم پروفیسر عبدالسنان بیدلؔ سے ملنے جایا کرتا تھا جہاں مسٹر بہاء الدین احمد سابق ممبر بہار پبلک سروس کمیشن اور اسحاق بابو سے بھی ملاقات ہو جاتی تھی۔ مسجد حرام میں ان لوگوں کے ساتھ نمازیں پڑھتا اور طواف کیا کرتا تھا۔ پروفیسر سید محمد محسن صاحب سے بھی مسجد میں روزانہ ملاقات ہوا کرتی اور ان حضرات کی علمی اور مذہبی باتیں میرے لیے نہایت سودمند ہوتی تھیں۔ راقم کے لیے یہ بڑے فخر کی بات ہے کہ میرا دوسرا حج استاذ موصوف کے ساتھ ہوا جوان کا آخری حج تھا۔ اکثر ممالک کے حجاج کرام جو انگریزی بول سکتے تھے راقم سے ہندوستانی مسلمانوں کے حالات کو دریافت کرتے اور پاکستانیوں کے غلط پروپیگنڈا سے متاثر ہو کر ہم لوگوں کے حال پر افسوس کیا کرتے اور ہندوستانی مسلمانوں کے فلاح و بہود کی دعا کرتے تھے۔

راقم ایک روز ظہر کی نماز کے بعد مسجد حرام میں بیٹھ کر ایک پاکستانی انجنیئر سے مناسک حج کے متعلق باتیں کر رہا تھا کہ ایک نوجوان پاکستانی ہم لوگوں کے پاس آئے اور ہم دونوں کو ایک ایک کارڈ عنایت فرمایا جس میں عربی، فارسی، ترکی، اردو اور انگریزی زبانوں میں یہ عبارت چھپی ہوئی تھی کہ ''پاکستان کے لیے دعا کیجئے'' میں نے ان کو اپنے پاس بٹھا کر عرض کیا کہ راقم دو شرطوں پر پاکستان کے لیے دعائیں کر سکتا ہے۔ پہلی شرط یہ ہے کہ یہاں ہندوستانی مسلمانوں کے خلاف غلط پروپیگنڈا نہ کیا جائے اور دوسری شرط یہ ہے کہ اکثر معزز مسلمانوں کو جاسوس نہ کہا جائے۔ میری یہ باتیں سن کر پاکستانی انجنیئر صاحب نے کہا کہ ہندوستان میں ہندو جاسوسوں کی کون سی کمی ہے؟ پاکستان میں یہ مشہور ہے کہ دوران حج سینکڑوں ہندو جاسوس مسلمانوں کی شکلیں بنا کر اور لمبی لمبی داڑھی بڑھا کر مکہ اور مدینہ آتے ہیں اور ہندوستان واپس جا کر حکومت کو اپنی رپورٹیں پیش کیا کرتے ہیں۔ انجنیئر صاحب نے پاکستانی نوجوان سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ ڈاکٹر اقبال حسین ہندوستان کے ایک

Marfat.com

نامور کالج میں پرنسپل رہ چکے ہیں اور نہایت ہی صاف گو انسان ہیں۔ ان کے چند شاگرد پاکستان میں بہت اعلیٰ عہدوں پر فائز ہیں۔ پاکستانی نوجوان مجھ سے ہاتھ ملا کر چلا گیا۔ حرم شریف میں راقم کی ملاقات چند انگریزی داں عربوں سے ہو جاتی تھی۔ ان میں سے کچھ ایسے بھی تھے جو ہندوستانی مسلمان کی دشواریوں سے بالکل باخبر تھے اور کہا کرتے تھے کہ ہندوستان میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان جو فرقہ وارانہ فسادات ہوتے ہیں وہ ملک کے لیے کس قدر شرم ناک بات ہے۔ ہندو اکثریت کو چاہئے کہ مسلم اقلیت کے ساتھ فراخ دلی سے پیش آئے۔ ایرانی، افغانی کچھ عراقی اور ترک جو فارسی بول سکتے تھے راقم ان لوگوں سے مذہب کے متعلق باتیں کیا کرتا تھا۔ دو تین افغانی عالم جو ہرات سے آئے ہوئے تھے نہایت عبادت گذار تھے اور مذہب اسلام اور تاریخ اسلام سے خوب واقف تھے۔ یہ لوگ برابر ہندوستانی مسلمانوں کے لیے دعائیں کیا کرتے تھے۔ ایران کے حجاج کرام زیادہ تر شیعہ مسلک سے تعلق رکھتے تھے مگر میں نے کبھی بھی ان لوگوں سے سنّی عقیدے کے خلاف کوئی بات نہ سنی حج ایک اجتماعی عبادت ہے اور اس کے بے شمار فوائد ہیں۔ جب راقم پانچ سال بعد دوبارہ حج کے لیے آیا تو مسجد حرام کی عمارت دو منزلہ کر دی گئی تھی اور حرم شریف کے اندر اور باہر کافی توسیع ہو گئی تھی۔ مقام ابراہیم کو آگے بڑھا کر مطاف کا راستہ چوڑا کر دیا گیا تھا۔ ۱۹۷۰ء کے حج میں حجاج کرام کی مجموعی تعداد سرکاری اعداد و شمار کے مطابق ۶۴۵۱۸۲ تھی۔ ان کے علاوہ مقامی حجاج بھی کافی تعداد میں شریک تھے۔

مدینہ منورہ کے لیے روانگی اور وہاں کا قیام:

جب مکہ مکرمہ کے کل کام ختم ہو گئے تو راقم نے مدینہ منورہ جانا چاہا۔ قاعدے کے مطابق مدینہ جانے کی اجازت مجھے پندرہ روز بعد ملنے والی تھی مگر میں نے ہندوستانی سفارت خانہ میں ایک درخواست دے کر اپنے وقت مقررہ سے قبل مدینہ منورہ جانے کی اجازت طلب کی۔ میری یہ درخواست منظور ہو گئی اور میں اپنے مقررہ وقت سے پہلے مدینہ منورہ چلا گیا۔ مکہ مکرمہ سے جدہ جا کر بذریعہ ہوائی جہاز مدینہ پہنچا۔ اس مرتبہ میں کسی ہوٹل میں نہ ٹھہرا بلکہ اپنے معلم عبید اللہ حیدری کے ساتھ رہا جنہوں نے مجھے ایک چھوٹا سا کمرہ غسل

Marfat.com

خانہ کے ساتھ میرے قیام کے لیے اپنے مکان میں دیا۔ جہاں راقم نے دس روز رہ کر مسجد نبوی میں چالیس وقت کی نمازیں ادا کیں۔ جس روز مدینہ منورہ پہنچا اسی دن شاہ فیصل بھی مدینہ منورہ تشریف لائے اور ہم لوگوں کے ساتھ مغرب کی نماز مسجد نبوی میں ادا کی۔ شاہ معظم بادشاہ ہونے کے بعد پہلی مرتبہ مدینہ منورہ آئے تھے۔ میرے رشتہ دار پروفیسر سید سلطان احمد مرحوم کے لڑکے، لڑکی اور داماد عبید اللہ حیدری کے یہاں ٹھہرے ہوئے تھے۔ ان لوگوں سے مل کر راقم کو بڑی خوشی ہوئی۔ یہ لوگ قیام پاکستان کے بعد ہجرت کر کے پاکستان چلے گئے تھے اور کراچی میں فارغ البالی کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔

پروفیسر محسن کی آمد:

راقم کے مدینہ منورہ پہنچنے کے دوسرے روز پروفیسر سید محمد محسن اور مسٹر سید بہاء الدین احمد بھی مدینہ تشریف لائے۔ پروفیسر سید محمد محسن کے آجانے سے مجھے بڑا اطمینان ہوا کیونکہ پروفیسر موصوف میرے عزیز دوستوں میں ہیں اور حج کے سفر میں برابر ہم لوگوں کا ساتھ رہا۔ مسجد نبوی میں ہم لوگ روزانہ ملتے اور مختلف موضوعات پر باتیں ہوتیں۔ ایک پاکستانی انجینیر جن سے راقم کی ملاقات مکہ مکرمہ میں ہو گئی تھی وہ بھی میرے ساتھ مدینہ منورہ آئے تھے۔ صاحب موصوف حیدر آباد (دکن) کے رہنے والے تھے اور تقسیم ہند کے بعد ترک وطن کر کے کراچی چلے گئے تھے۔ موصوف ایک نہایت ہی مذہبی آدمی تھے اور پاکستان کی زندگی سے کچھ خوش نہ تھے۔ راقم روزانہ جنت البقیع جایا کرتے اور حضرت عثمان غنیؓ و دیگر بزرگان دین کی قبروں پر جا کر فاتحہ پڑھا کرتے تھے۔ یہ وہ قبرستان ہے جہاں بزرگان دین اور اسلام کے بڑے بڑے شیدائی مدفون ہیں۔ افسوس کی بات ہے کہ لوگوں نے اس مقام کی تاریخی حیثیت کو قائم نہیں رکھا ہے۔ پہلی محرم کی شام کو راقم تقریباً ۱۰۰ ایرانیوں کے ہمراہ جنت البقیع گیا اور ان لوگوں کے ساتھ حلقہ باندھ کر اس جگہ پر کھڑا ہوا جہاں روایت کے مطابق حضرت فاطمہ، حضرت امام حسن، حضرت امام زین العابدین اور حضرت امام جعفر صادق مدفون ہیں۔ مجتہد نے دعائیں پڑھیں اور ہم سب لوگوں نے حضرت فاطمہؓ اور آل رسولؐ پر درود اور سلام پڑھا جو وہاں مدفون ہیں۔ اس کے بعد فارسی میں

Marfat.com

نعت اور منقبت لاؤڈ اسپیکر پر پڑھی گئی۔ راقم پر ان سب چیزوں کا بڑا اثر پڑا اور اضطرابی کیفیت میں آنسو بہاتا ہوا جنت البقیع سے باہر آیا۔ دوران قیام راقم احد گیا اور جنگ احد کے شہداء پر فاتحہ پڑھی۔ یہ سب ایک گنج شہیداں میں مدفون ہیں۔ احد کے باغ کی کھجوریں بھی خرید کر کھائیں۔ پنج مساجد کو جا کر دیکھا اور وہاں نمازیں ادا کیں۔ وہاں جا کر جنگ خندق بھی یاد آئی۔ مسجد قبلتین دیکھنے کے لائق ہے اور قدیم مساجد میں اس کا بڑا مقام ہے۔ راقم نے یہاں بھی نمازیں ادا کیں اور مدینہ منورہ کے کل مقامات مقدسہ کی زیارت کا شرف حاصل کیا۔ عربی زبان نہ جاننے کی وجہ سے راقم کو بہت سی جگہوں پر دشواری محسوس ہوتی تھی۔ میرے معلم عبیداللہ حیدری مجھ پر بہت مہربان رہا کرتے تھے اور ٹیکسی والوں سے عربی زبان میں باتیں کر کے واجب کرایہ طے کر دیا کرتے تھے۔ چند سال ہوئے کہ عبیداللہ حیدری انتقال کر گئے۔ اللہ انہیں غریق رحمت کرے۔ راقم نے جب پانچ سال بعد مدینہ آ کر مسجد نبوی کو دیکھا تو اس میں کچھ توسیع نہ کی گئی تھی۔ باب مجیدی کے سامنے جو خالی جگہ تھی اس پر ٹائلس بچھا کر خوب صورت صحن بنا دیا گیا تھا۔ اکثر اوقات جب مسجد نبوی نمازیوں سے بھر جاتی تھی تو لوگ اس صحن میں نماز پڑھا کرتے تھے۔ باب مجیدی کے دوسرے جانب اصطفیٰ منزل واقع ہے جہاں ہندوستانی زائرین بغیر کسی کرایہ کے قیام کرتے ہیں۔ حاجی محمد اصطفیٰ خاں کارخانہ اصغر علی محمد علی لکھنؤ کے مالک تھے۔ انہوں نے اس رباط کو ہندوستانی زائرین کے قیام کے لیے تعمیر کیا تھا۔ یہاں سال بھر ہندوستان سے آئے ہوئے زائرین کا ازدحام رہتا ہے۔ راقم اکثر یہاں جاتا اور بہت سے زائرین سے جو زیادہ تر اتر پردیش سے آیا کرتے تھے ملاقات ہو جاتی تھی۔ حاجی اصطفیٰ خاں صاحب میرے چچا سید فضل حسین مرحوم کے خسر تھے اور نہایت ہی مخیر اور باوضع انسان تھے۔ تقسیم ہند کے بعد لکھنؤ سے ہجرت کر کے کراچی چلے گئے اور وہیں انتقال ہو گیا۔ اللہ ان کو جنت فردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے۔

ایک ناخوشگوار واقعہ:

راقم ایک روز مکہ کے ایک ہوٹل میں دن کا کھانا کھا رہا تھا کہ اسی میز پر تین پاکستانی جو غالباً پنجابی تھے آ کر کھانا کھانے لگے۔ دوران گفتگو ان میں سے ایک نے مجھ سے دریافت کیا

Marfat.com

کہ میں کس ملک سے آیا ہوں۔ میں نے جواباً کہا کہ میں ہندوستان کا باشندہ ہوں اور دوبارہ پانچ سال بعد حج کے لیے آیا ہوں۔ اس پر وہ لوگ متعجب ہوئے اور کہنے لگے کہ حکومت ہند نے کیونکر مجھے دوبارہ حج کے لیے زر مبادلہ فراہم کیا ہے۔ ہم لوگوں کو تو معلوم ہے کہ حکومت ہند بہت کم لوگوں کو زر مبادلہ حج کے لیے دیا کرتی ہے۔ زیادہ تر حجاج جو ہندوستان سے آتے ہیں انہیں زر مبادلہ نہیں ملتا ہے۔ یہ لوگ اپنے ان رشتہ داروں سے جو سعودی عرب میں کام کر رہے ہیں رقمیں قرض لے کر یہاں اپنا کام چلاتے ہیں۔ میں نے ان لوگوں کو بتایا کہ اسی سال ۸ ہزار سے زیادہ حجاج کرام ہندوستان سے آئے ہیں اور ان میں سے ہر ایک کو دو ہزار کی رقم بہ طور زر مبادلہ دی گئی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ کچھ ایسے حاجی بھی آئے ہوں جنہوں نے حکومت سے کوئی رقم زر مبادلہ کی نہ لی ہو اور ان کے رشتہ دار جو یہاں کام کر رہے ہیں دوران حج ان کی مالی مدد کریں۔ اس کے بعد یہ لوگ کہنے لگے کہ ہندوستان کی ہندو حکومت نے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کو ہندو اساتذہ اور طلباء سے بھر دیا ہے اور اب یہ ایک ہندو یونیورسٹی بن گئی ہے۔ میں نے ان سے کہا کہ جب کسی مضمون کے پڑھانے کے لیے کوئی اچھا مسلمان استاذ نہیں ملتا ہے تو ہندو حکومت نہیں بلکہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے مسلم منتظمین خود ہی کسی قابل ہندو پروفیسر کو مقرر کرتے ہیں۔ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ یہاں شروع ہی سے ہندو طلباء کا داخلہ لیا جاتا ہے۔ اس کے بعد یہ لوگ مہمل طریقے کے باتیں کرتے رہے اور راقم ان کے اعتراضوں کا خاطر خواہ جواب دیتا رہا مگر وہ لوگ قائل نہ ہوئے اور عاجز آ کر الزام لگایا کہ میں ہندو حکومت کا جاسوس ہوں اور میرے سفر حجاز کے پورے اخراجات کو حکومت ہند برداشت کرتی ہے۔ راقم اپنا کھانا ختم کر چکا تھا اور میز سے اٹھتے وقت میں نے ان حضرات کو اپنا تعارفی کارڈ جس پر میرا نام پتہ وغیرہ لکھا ہوا تھا دے کر سلام عرض کیا اور ہوٹل سے باہر چلا آیا۔ پروفیسر سید محمد محسن نے اپنے ایک مضمون میں جو رسالہ ''لنک'' میں بتاریخ ۲۲/اپریل ۱۹۷۳ء کو شائع ہوا تھا اس واقعہ کو بیان کیا ہے۔

Marfat.com

۱۹۷۳ء میں حج کے اخراجات اور مسٹر ٹی پی عبداللہ کے اوصاف حمیدہ:

۱۹۷۳ء میں حج میں راقم کے تقریباً چھ ہزار روپے خرچ ہوئے اور سفر آرام سے گذرا۔ پٹنہ سے بمبئی اور بمبئی سے پٹنہ بذریعہ ریل فرسٹ کلاس میں سفر کیا۔ بمبئی سے جدہ اور جدہ سے بمبئی بذریعہ بحری جہاز سفر کیا۔ مدینہ ہوائی جہاز سے گیا اور واپس آیا۔ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ میں آرام سے رہا۔ اللہ کا شکر ہے کہ دوران سفر کبھی بیمار نہ پڑا۔ مسٹر ٹی پی عبداللہ نے جو اس زمانے میں سعودی عرب میں ہندوستان کے سفیر تھے۔ ہر موقع پر راقم کی مدد فرمائی۔ میں نے انہیں ایک نہایت ہی شریف النفس انسان پایا اور رعونت جو اکثر سفیروں میں ہوا کرتی ہے ان میں نہیں پائی جاتی ہے۔ گرچہ محکمۂ پولس میں سب سے اعلیٰ عہدہ پر رہ چکے تھے مگر کبھی بھی ان کی زبان سے کوئی تحکمانہ الفاظ نہ نکلتے تھے۔

پٹنہ کی آمد:

راقم حج و زیارت مدینہ کی سعادت حاصل کر کے ۱۹؍ فروری ۱۹۷۳ء کو بمبئی پہنچا۔ بمبئی میں ایک روز قیام کر کے دوسرے روز پٹنہ کے لیے روانہ ہو گیا کیونکہ میرے چھوٹے بھائی کی لڑکی رومی کی شادی ڈاکٹر آفتاب احمد سلمہٗ کے ساتھ ۲۳؍ فروری ۱۹۷۳ء کو ہونے والی تھی اور اس تقریب میں میرا شریک ہونا نہایت ضروری تھا۔ میرے استقبال کے لیے میرے بڑے لڑکے مقبول حسین اور محی الدین بمبئی گئے تھے۔ گھر پہنچنے پر بیوی کو سخت بیمار پایا اور انہوں نے میرے واپس آنے کے تین مہینے بعد انتقال کیا۔ نہایت ہی وفادار اور خدمت گذار خاتون تھیں۔ اللہ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے۔

قومی پرچم کے متعلق ایک غلط اعتراض:

راقم جب اپنے دوسرے حج اور زیارت مدینہ سے فارغ ہو کر پٹنہ آیا تو تقریباً تین ہفتہ بعد مسٹر علی صدیقی نے جو حیدر آباد کے ایک صحافی تھے اردو اور انگریزی اخباروں میں یہ

Marfat.com

بات زیر بحث لائی کہ دوران حج ۱۹۷۳ء تین دنوں تک مکہ معظمہ میں ہندوستان کا قومی پرچم بلند نہ کیا گیا اور اس بات کو ہندوستانی سفارت خانہ کی لاپرواہی پر محمول کیا۔ انہوں نے اس حرکت کو قوم کے لیے نہایت ہی شرمناک بات بتائی۔ ''ٹائمس آف انڈیا'' دہلی مورخہ ۲۰/مارچ ۱۹۷۳ء میں یہ خبر نہایت ہی نمایاں طور پر شائع کی گئی۔ ''صدائے عام'' مورخہ ۲۲/مارچ ۱۹۷۳ء میں بھی یہ خبر شائع ہوئی۔ قومی پرچم بلند نہ کرنے کی وجہ یہ تھی کہ ایک قدیم رسم کے مطابق مکہ معظمہ میں دوران حج تین دنوں تک کسی حکومت کا قومی پرچم بلند نہیں کیا جاسکتا ہے۔ ان تین دنوں تک دوران حج حجاج کرام صرف اللہ کی بادشاہی کو تسلیم کرتے ہیں اور ہر وقت اسی کے بادشاہ حقیقی ہونے کا اقرار کرتے رہتے ہیں۔ کسی بادشاہ کی کیا مجال کہ اپنا پرچم بلند کرے۔ میں نے مسٹر آر۔ سی۔ اروڑہ، ڈائرکٹر (یو۔این) وزارت خارجہ حکومت ہند دہلی کو بذریعہ خط مورخہ ۲۳/مارچ ۱۹۷۳ء اس معاملہ کے متعلق تفصیل کے ساتھ خبر کردی تھی۔ اخباروں نے اس خبر کو اتنی اہمیت دی کہ لوک سبھا میں بذریعہ سوال نمبر ۱۷۰۷ اپریل ۱۹۷۳ء کو شری جگن ناتھ مشرا اور شری اندرجیت گپتا نے دریافت کیا کہ کیا حکومت کو اس بات کی خبر ہے کہ ہندوستان کا قومی پرچم دوران حج مکہ میں بلند نہیں کیا گیا اور اگر ایسا ہوا تو حکومت نے اس کے متعلق کیا کارروائی کی۔ شری سریندرپال سنگھ نے جو اس زمانے میں وزارت خارجہ کے وزیر سلطنت تھے اس سوال کے جواب میں کہا کہ ہندوستان کا قومی پرچم بلند نہیں کیا گیا کیونکہ دوران حج کسی قومی پرچم مکہ میں بلند نہیں کیا جاسکتا ہے۔ مسٹر آرسی اروڑہ نے بذریعہ خط مورخہ ۲۳/اپریل ۱۹۷۳ء کو راقم کو مطلع کیا کہ میرے خط اور اخبار کے تراشوں نے جنہیں میں نے اپنے خط کے ساتھ روانہ کیا تھا صاحب موصوف کو پارلیمنٹ کے جواب تیار کرنے میں مدد پہنچائی۔

میرے دو عمرے:

میرے چھوٹے لڑکے ڈاکٹر اشرف حسین سلمہ، انگلستان سے ۱۹۷۳ء کے آخر میں سعودی عرب گئے اور اس زمانے سے اب تک ریاض یونیورسٹی کے میڈیکل کالج میں پروفیسر کے عہدے پر فائز ہیں۔ ان کے اصرار پر راقم ۲۳/مارچ ۱۹۷۶ء کو بذریعہ ہوائی جہاز پٹنہ

Marfat.com

سے دہلی، بمبئی، ظہران ہوتا ریاض پہنچا۔ اس زمانے میں ریاض کا ہوائی اڈہ بڑا نہ تھا اور شہر سے متصل تھا۔ اشرف سلمہٗ ہوائی اڈہ پر آکر راقم کو اپنی قیام گاہ پر لے گئے اور میں نے ان کے ساتھ ۵/ جون ۱۹۷۶ء تک قیام کیا۔ ۶/ جون ۱۹۷۶ء کو بذریعہ ہوائی جہاز دوبئی، کراچی، بمبئی اور دہلی ہوتا ہوا پٹنہ پہنچا۔ اس زمانے میں ریاض اتنا بڑا شہر نہ تھا جیسا اب ہے۔ ریاض سعودی عرب کا دارالسلطنت ہے جہاں بادشاہ اور شہزادوں کے محل ہیں۔ سعودی حکومت کے وزراء اور بڑے بڑے حکام یہاں رہتے ہیں۔ حکومت کے کل کام اسی شہر میں انجام پاتے ہیں۔ راقم کو شہر میں بہت کم اچھی اور بلند عمارتیں نظر آئیں۔ پرانے قسم کے مکانات ہر جگہ نظر آتے تھے۔ اس زمانے میں شہر کے اندر شاید ہی کوئی سات آٹھ منزلہ عمارت تھی۔ چار پانچ سڑکیں کافی کشادہ تھیں جہاں اچھی اچھی دکانیں نظر آئیں۔ شہر کا بازار غیر ملکی چیزوں سے بھرا پڑا رہتا تھا اور لوگ ان چیزوں کو نہایت شوق سے خریدا کرتے تھے۔ شہر میں یورپین طرز کے چند اچھے ہوٹل تھے جن کا شرح کرایہ کافی تھا۔ شہر کے خاص خاص حصوں میں صفائی کا اچھا انتظام تھا مگر راقم کو کچھ ایسی گلیاں بھی نظر آئیں جو نہایت گندہ تھیں۔ یہاں ہر ملک اور قوم کے لوگ نظر آئے جو اپنی روزی کمانے کے لیے آئے تھے۔ حکومت نے اس شہر کے لوگوں کے لیے پانی کی بڑی سہولت مہیا کی ہے اور گھروں میں کبھی بھی پانی کی قلت نہ ہوتی ہے۔ کسی گھر میں بجلی کی دشواری نہیں ہے۔ راقم نے کبھی بھی بجلی کو کچھ دیر کے لیے بھی بند ہوتے نہ دیکھا۔ عرب پٹرول کی آمدنی کی بدولت آرام کی زندگی بسر کر رہا ہے اور اسے کل کی کوئی فکر نہیں ہے۔ جو کماتا ہے خرچ کر ڈالتا ہے۔ پہلے زمانے کے عرب مہمان نوازی کے لیے مشہور تھے مگر اب اس جدید دور میں ان کی مہمان نوازی اور فیاضی بہت حد تک کم ہو چکی ہے۔ اس شہر میں کوئی تفریح گاہ نہیں ہے اور راقم کو پرانے طرز کے قہوہ خانے بھی نظر نہ آئے۔ گرمیوں کی شدت سے بچنے کے لیے امیر لوگ یورپ اور امریکہ چلے جاتے ہیں۔ ان ملکوں میں ان کی آرام دہ رہائش گاہیں ہیں جہاں یہ لوگ مع اہل و عیال چھٹیاں گزارتے ہیں۔ متوسط طبقے کے لوگ بھی اپنے گھروں میں ائرکنڈیشنر لگا کر گرمی کی شدت سے بچتے ہیں۔ حکومت غریب عربوں کو کافی مالی مدد کیا کرتی ہے۔ اور جو لوگ تجارت کرنا چاہتے ہیں انہیں سرمایہ فراہم کرتی ہے۔ زیادہ تر عربوں کا مزاج مذہبی ہے

Marfat.com

اور اللہ سے ڈرتے ہیں۔ جرائم میں بہت کم ہوتے ہیں اور یہ ایک بڑی بات ہے۔ راقم کو شہر میں تھوڑی تھوڑی دوری پر مسجدیں نظر آئیں۔ حکومت کی طرف سے اس زمانے میں ملازمین مقرر تھے جو نماز کے وقت دکانوں کو بند کراتے اور لوگوں کو مسجدوں میں جاکر نماز ادا کرنے کو کہا کرتے تھے۔ زیادہ تر لوگ مسجد میں جاکر نمازیں ادا کرتے تھے مگر باوجود اس اہتمام کے کچھ غیر ملکی مسجدوں میں نماز پڑھنے نہ جاتے اور نماز کے وقت سڑکوں پر ادھر ادھر گھوم کر اپنا وقت برباد کرتے تھے۔ مجھے ان کی یہ حرکت نہایت ہی شرمناک معلوم ہوتی تھی۔ جب میں ریاض میں تھا تو ہر کس وناکس سے اعلیٰ حضرت شاہ فیصل کی تعریفیں سنیں۔ درحقیقت وہ ایک نہایت ہی دیندار، عادل اور دور اندیش فرمانروا تھے۔ راقم نے ملک معظم کو مسجد نبوی میں ایک مرتبہ بہت قریب سے دیکھا تھا اور ان کے ساتھ مغرب کی نماز ادا کی تھی۔ ان کو دیکھ کر خلفاء راشدین کی یاد تازہ ہو جاتی تھی۔ ان کی شہادت پر راقم کو بڑا صدمہ ہوا۔ ایک عرب نے مجھے چاندی کی ایک انگوٹھی بطور تحفہ عطا کی ہے جس پر جلالۃ الملک فیصل بن عبدالعزیز کی تصویر اور نام کندہ ہیں۔ یہ انگوٹھی راقم کے پاس بطور یادگار اب تک محفوظ ہے۔

میرا پہلا عمرہ اور زیارت مدینہ:

ریاض میں کچھ دنوں قیام کے بعد مکہ معظمہ میں جاکر مجھے عمرہ کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ میرے چھوٹے لڑکے ڈاکٹر اشرف حسین، ان کی اہلیہ اور ان کی دونوں لڑکیاں بھی میرے ساتھ مکہ معظمہ گئیں۔ عبدالرقیب صاحب جو اشرف حسین سلمہٗ کے خاص دوستوں میں ہیں وہ ان دنوں ریاض میں مقیم تھے۔ صاحب موصوف بھی ہم لوگوں کے ہم سفر رہے۔ رات کا قیام ہم لوگوں نے مکہ معظمہ کے ایک اچھے ہوٹل میں کیا جو حرم شریف کے نزدیک تھا۔ گرچہ حرم شریف میں لوگوں کا ازدحام کافی تھا مگر راقم کو ہر طواف میں حجر اسود کا بوسہ لینے کا موقع نصیب ہوا۔ راقم کو تقریباً تین سال بعد حرم شریف کی عمارتوں کو دیکھنے کا شرف حاصل ہوا تھا۔ یہ دیکھ کر بڑی خوشی ہوئی کہ حرم شریف کے اندر اور باہر کافی توسیع کی گئی تھی۔ دوسرے روز صبح کی نماز پڑھ کر ہم لوگ مدینہ منورہ کے لیے روانہ ہوگئے۔ اشرف حسین سلمہٗ نے مکہ سے مدینہ کے سفر کے لیے ایک بڑی اور آرام دہ

Marfat.com

موٹر کار کا انتظام کیا۔ ہم لوگوں نے مدینہ منورہ آرام سے پہنچ کر مسجد نبوی میں ظہر کی نماز ادا کی۔ ایک اچھے ہوٹل میں دس روز تک ٹھہرے جو مسجد نبوی سے متصل تھا۔ دوسرے روز اشرف حسین سلمہ، سرکاری کام سے طائف چلے گئے اور پانچ دنوں بعد مدینہ منورہ واپس آئے۔ راقم اپنی ہر نماز مسجد نبوی میں ادا کرتا اور اپنا زیادہ تر وقت مسجد میں گزارتا تھا۔ جمعہ کی نماز میں نے مسجد نبوی میں پڑھی اور راقم کو یہ دیکھ کر بڑی خوشی ہوئی کہ نمازیوں کی تعداد اس قدر تھی جیسی کہ میں نے اپنے دو حج کے موقعوں پر دیکھی تھی۔ راقم نے دوران قیام مدینہ، گردونواح میں جو مسجدیں اور مقامات مقدسہ ہیں ان سب کو جا کر دیکھا گرچہ میں ان سب جگہوں کو پہلے بھی کئی مرتبہ دیکھ چکا تھا۔ میں جنت البقیع بعد نماز عصر روزانہ جایا کرتا اور وہاں جو شہداء، صالحین اور صدیقین مدفون ہیں ان کے لیے دعاء خیر کیا کرتا تھا۔ ان جگہوں میں اتنی کشش ہے کہ انہیں بار بار دیکھنے کو جی چاہتا ہے۔ راقم کئی مرتبہ مدینہ منورہ آیا تھا مگر حضرت سلمان فارسیؓ کے باغ کو نہ دیکھا تھا۔ اسی مقام پر حضرت سلمان فارسیؓ کی رہائش گاہ تھی اور اس کے اردگرد یہودیوں کی آبادی تھی۔ حضرت سلمان فارسیؓ روزانہ بلاخوف وخطر مسجد نبوی عشاء کی نماز ادا کرنے یہاں آتے اور علی الصباح یہاں سے روانہ ہو کر مسجد نبوی میں فجر کی نماز ادا کیا کرتے تھے۔ جب ہم لوگ حضرت سلمان فارسیؓ کے باغ کو دیکھنے کے لیے جانے لگے تو ایک ٹیکسی کرایہ کی۔ ٹیکسی کے ڈرائیور کا تعلق غالباً اس مسلک سے تھا جنہیں تاریخی مقامات عزیز نہ تھے۔ مشکل سے وہاں جانے پر آمادہ ہوا اور کہا کہ باغ جانے کا راستہ اچھا نہیں ہے۔ ہم لوگوں کو باغ سے کچھ دوری پر موٹر سے اتار دیا اور آگے جانے سے بالکل انکار کیا۔ ٹیکسی ڈرائیور کا یہ کہنا کہ راستہ خراب ہے بالکل غلط تھا۔ راقم حضرت سلمان فارسیؓ کا بڑا احترام کرتا ہے اور ہر وہ چیز جس سے ان کا تعلق تھا میرے لیے عزیز ہے۔ جب میں باغ میں داخل ہوا تو تقریباً ۱۰۰ ایرانی وہاں جمع تھے اور نہایت ہی خلوص کے ساتھ درود وسلام پڑھ رہے تھے اور راقم نے بھی ایسا ہی کیا۔ آج کل اس باغ میں کھجوروں کے پودوں کا ذخیرہ ہے اور ان پودوں کے درمیان کھجور کے دو بڑے درخت ہیں جن کے تنے بہت موٹے ہیں۔ لوگوں کا خیال ہے کہ یہ دونوں درخت حضرت سلمان فارسیؓ کے زمانے کے ہیں ایرانی زائرین درختوں کے چھلکے چھیل کر بطور تبرک

Marfat.com

اپنے ساتھ لے جاتے ہیں۔ یہ بالکل ناممکن ہے کہ کوئی بھی درخت چودہ سَو[۱۴] برس تک اپنی جگہ پر قائم اور سرسبز رہ سکے۔ راقم کا خیال ہے کہ جب یہ کھجور کے درخت خشک ہو جاتے ہوں گے تو لوگ ان کی جگہوں پر کھجور کا کوئی دوسرا درخت لگا دیتے ہوں گے۔ اور اس طور سے یہ تسلسل قائم ہے۔ اشرف حسین سلمہ نے راقم کی ایک تصویر ان کھجوروں کے سایہ میں لی جو اب تک میرے پاس محفوظ ہے۔ اور حضرت سلمان فارسیؓ کی یاد دلاتی ہے۔ کچھ ایرانی حضرات اس باغ کی مٹی بہ طور تبرک اپنے ساتھ لے جاتے ہیں اور اسے تیمم کے کام میں لاتے ہیں۔ دوران قیام راقم نے مسجد نبوی میں ایک مرتبہ نماز جمعہ ادا کی۔ اتفاقاً مجھے اللہ کے فضل سے اس بڑے مجمع میں ریاض الجنۃ میں نماز ادا کرنے کی سعادت نصیب ہو گئی۔ راقم جب مسجد نبوی میں آیا تو کل جگہیں بھر چکی تھی اور ریاض الجنۃ میں نماز ادا کرنے کی صورت نہیں نظر آتی تھی۔ جب میں نماز ادا کرنے کے لیے پریشانی کی حالت میں جگہ تلاش کر رہا تھا کہ ایک عرب بزرگ کی نظر مجھ پر پڑی۔ انہوں نے جگہ خالی کر کے مجھے اپنی جگہ بٹھا دیا اور اس طور سے میں نے جمعہ کی نماز ریاض الجنۃ میں ادا کی۔ راقم جب ۱۹۷۶ء میں مسجد نبوی میں حاضر ہوا تو مجھے یہ دیکھ کر تعجب ہوا کہ مسجد کی عمارت میں کوئی توسیع نہیں ہوئی ہے۔ یہ عمارت بالکل اسی حالت میں تھی جیسا کہ میں نے اسے ۱۹۶۷ء اور ۱۹۷۳ء میں دیکھا تھا۔ مسجد کے باہر ایک جانب کافی تعداد میں الگ الگ سفید رنگ کے پختہ سائبان بنا دیے گئے تھے اور جب مسجد نبوی میں نمازیوں کی جگہ بالکل بھر جاتی تھی تو لوگ انہی سائبان میں نماز ادا کرتے۔

ریاض کا دوبارہ سفر اور میرا دوسرا عمرہ:

۱۷ر مارچ ۱۹۸۵ء کو راقم دہلی سے روانہ ہو کر بذریعہ ہوائی جہاز اسی روز ریاض پہنچا اور وہاں سے ۸ر مئی ۱۹۸۵ء کو پٹنہ واپس آ گیا۔ راقم نے ریاض کو اس مرتبہ ایک نہایت بڑا اور خوب صورت شہر پایا۔ پورے شہر میں عمارتیں نہایت ہی خوبصورت اور شاندار تعمیر ہوئی ہیں اور بہت سی عمارتیں زیر تعمیر ہیں۔ ریاض کا نیا ہوائی اڈہ نہایت ہی وسیع خوبصورت اور آرام دہ ہے۔ یہ ہوائی اڈہ شہر سے تقریباً ۶۰۔۶۵ کیلو میٹر کی دوری پر واقع

Marfat.com

ہے۔ ریاض یونیورسٹی کی عمارتیں بہت خوبصورت اور وسیع بنائی گئی ہیں اور دیکھنے کے لائق ہیں۔ مارچ کے مہینے میں راقم نے یونیورسٹی کے اردگرد یورپ کے موسمی پھولوں کے تختے جابجا دیکھے جو ماحول کو نہایت خوب صورت اور دل کش بنارہے تھے۔ لوگوں سے معلوم ہوا کہ ہر سال ایک بہت بڑی رقم ان پھولوں کے تختوں کو سجانے اور سرسبز رکھنے میں خرچ کی جاتی ہے۔ اشرف حسین سلمہ جس فلیٹ میں رہتے ہیں اس کی عمارت سات منزلہ ہے۔ پورے فلیٹ میں ایر کنڈیشن کام کرتا ہے اور کمرے آرام دہ ہیں۔ کمروں کو قالینوں اور اچھے فرنیچر سے مزین کیا گیا ہے۔ باورچی خانہ جدید یورپین طرز کا ہے اور ہر غسل خانہ بھی آرام دہ ہے۔ نہانے کے لیے بڑے بڑے ٹب لگے ہوئے ہیں۔ گرم اور ٹھنڈا پانی ہر وقت موجود رہتا ہے۔ مجھے اس فلیٹ میں کسی چیز کی کمی نظر نہ آئی۔ شہر اور یہاں کے بازار امریکن طرز پر بنائے گئے ہیں اور راقم کو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ریاض کا پورا شہر امریکہ میں بناکر عرب کی سرزمین پر لاکر رکھ دیا گیا ہے۔ باوجود ان سب آرام کے ریاض راقم کے لیے ایک اجنبی شہر تھا اور یہاں کوئی ایسی تفریح گاہ نہ تھی جہاں میں جاسکوں۔ مجھ سے ملنے والے بہت کم ہی لوگ تھے۔ مسٹر محبوب شیر اور ڈاکٹر شفیق حیدر نہایت ہی باوضع حضرات ہیں جن سے مل کر راقم کو بڑی خوشی ہوتی تھی۔ ان کے علاوہ میرے دوست ظفر مرحوم کے صاحبزادے اظفر حسین ریاض یونیورسٹی میں انگریزی کے پروفیسر ہیں اور میرے برادر عزیز سید محمد احمد صاحب کے صاحبزادے ڈاکٹر شمیم احمد بھی یونیورسٹی میں انگریزی کے پروفیسر ہیں۔ یہ دونوں حضرات مجھ سے ملنے کے لیے برابر آیا کرتے تھے۔ ڈاکٹر عرفان الرحمٰن اور مسٹر امیر احمد ایک دو مرتبہ ملنے آئے۔ ڈاکٹر شمیم احمد نے مذہبی مزاج پایا ہے اور ان سے مل کر بزرگانِ دین سے متعلق باتیں ہوا کرتی تھیں۔

ریاض میں جب میرے قیام کے پندرہ بیس روز گذر گئے تو میں نے مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ جانے کا پروگرام بنایا۔ ان جگہوں پر مجھے اشرف سلمہ نے تنہا جانے نہ دیا۔ عزیز موصوف کو ہفتہ میں جمعرات اور جمعہ کو چھٹی رہتی ہے، اس لیے یہ بات طے پائی کہ ہم لوگ ایک بدھ کی رات کو ریاض سے روانہ ہو کر جمعرات اور جمعہ کو مکہ مکرمہ میں عمرہ ادا کریں اور جمعہ کی نماز مسجد حرام میں پڑھ کر ریاض واپس آجائیں۔ اسی طور سے کسی دوسرے بدھ کی رات کو

Marfat.com

مدینہ منورہ جائیں اور جمعہ کی نماز مسجد نبوی میں ادا کر کے واپس آئیں۔

مکہ معظّمہ کا سفر اور میرا دوسرا عمرہ:

اپریل ۱۹۸۵ء کے پہلے ہفتہ میں ہم لوگ مکہ معظمہ گئے اور عمرہ ادا کیا۔ راقم تقریباً آٹھ سال بعد مکہ مکرمہ آیا تھا۔ حرم شریف کے اندر اور باہر کافی توسیع کر دی گئی ہے جسے دیکھ کر مجھے بڑی خوشی ہوئی۔ مطاف کو بہت چوڑا کر دیا گیا ہے اور اس کے فرش میں ایسے سفید پتھر لگائے گئے ہیں جو ہر وقت ٹھنڈے رہتے ہیں اور طواف کرنے والے کو کوئی تکلیف نہیں ہوتی ہے۔ مسجد حرام میں ان سب جگہوں پر جہاں زمانہ قدیم سے کنکر بچھے ہوئے تھے۔ سنگ مرمر کا فرش بنا دیا گیا ہے جو ہر وقت ٹھنڈا رہتا ہے۔ مسجد حرام میں ہر جگہ واٹر کولر رکھے ہوئے ہیں جو آبِ زم زم سے بھرے رہتے ہیں۔ واٹر کولر کا رنگ نارنجی ہے اور نہایت ترتیب سے رکھے ہوئے ہیں۔ راقم کو ایک کبوتر بھی حرم شریف کے اندر نظر نہ آیا۔ یہ کبوتر ان حرم جو صدیوں حرم شریف میں آباد تھے اب حرم شریف کے باہر ان کے رہنے کا ٹھکانہ کر دیا گیا ہے۔ اشرف سلمہ کی بدولت ہم لوگوں کا قیام الحرم ہوٹل میں ہوا جو کہ مکہ معظمہ کا نامی اور آرام دہ ہوٹل ہے۔ اس ہوٹل کے ہر کمرے میں تلاوت کے لیے کلام اللہ مجید کا ایک ایک نسخہ موجود رہتا ہے۔ جس کمرے میں راقم ٹھہرا ہوا تھا اس میں علامہ یوسف علی کا انگریزی ترجمہ رکھا ہوا تھا۔ دوسرے روز راقم نے جمعہ کی نماز میں شرکت کی۔ پوری مسجد حرام نمازیوں سے بھری ہوئی تھی اور نمازیوں کی اتنی کثرت تھی جیسی کہ حج کے زمانہ میں ہوا کرتی ہے۔ گردو نواح کے لوگ دو تین کیلو میٹر کا فاصلہ طے کر کے مسجد حرام میں نماز جمعہ ادا کرنے آتے ہیں۔ طواف میں حجر اسود کا بوسہ لینا سخت دشوار ہو جاتا ہے۔ راقم کو اپنے گزشتہ حج کا منظر یاد آ گیا۔ راقم نے تمام مقامات مقدسہ کی زیارت کی اور کئی مسجد میں نفل نمازیں ادا کیں۔ مسجد حرام میں جناب صادق اخروف سے ملاقات ہوئی۔ صاحب موصوف ایک نہایت ہی شریف انسان ہیں اور الجیریہ میں صنعت و حرفت کے سینئر ڈائرکٹر ہیں۔ فرانسیسی زبان خوب جانتے اور بولتے ہیں۔ واپسی کے وقت راقم نے اللہ سے دعا کی کہ مجھے پھر کعبہ بیت اللہ کی زیارت نصیب ہو۔ راقم ریاض واپس آ کر کئی دنوں تک افسوس کرتا رہا کہ مکہ

Marfat.com

مکرمہ میں میرا قیام فقط دو روز کے لیے ہوا۔ اب مکہ معظمہ بہت بڑا شہر ہو گیا ہے اور دیکھنے کے لائق ہے۔

مدینہ منورہ کی زیارت:

دو ہفتہ بعد راقم بدھ کی شام کو ریاض سے روانہ ہو کر مدینہ منورہ جمعرات کو پہنچا۔ ہم لوگوں کا قیام حرم شریف کے نزدیک ایک انگریزی طرز کے ہوٹل میں ہوا جو بہت آرام دہ تھا۔ ان تمام مقامات مقدسہ اور مساجد کو جا کر دیکھا جنہیں راقم نے بہت بار دیکھا ہے۔ متفرق مسجدوں میں نفل نمازیں بھی ادا کیں۔ مواجہہ رسول کے سامنے کھڑا ہو کر درود و سلام پڑھا اور دوران قیام کل نمازیں مسجد نبوی میں ادا کیں۔ جب راقم جنت البقیع گیا تو دیکھا کہ اس قبرستان کے چاروں طرف اونچی اونچی دیواریں تعمیر کر دی گئی ہیں اور ان دیواروں میں جابجا جالیاں بنائی گئی ہیں۔ جن سے قبرستان کا اندرونی حصہ نظر آتا ہے۔ دروازوں پر تالے لگا دیے گئے ہیں اور کسی کو اندر جانے کی اجازت نہیں ہے۔ سنا ہے کہ کچھ غیر عرب حجاج کرام کے اصرار پر ۱۹۸۶ء کے حج کے زمانے میں جنت البقیع کے دروازے کھول دیے گئے تھے اور حجاج کرام نے اندر جا کر مختلف مقامات پر فاتحہ پڑھا۔ جب میں احد گیا تو گنج شہیداں کے دروازے پر بھی تالہ بند پایا اور باہر سے راقم نے فاتحہ پڑھا۔ یہ سب وہ مقامات ہیں جن سے اسلام کی ابتدائی تاریخ وابستہ ہے۔ جذبہ غلو سے متاثر ہو کر ان جگہوں کی بے حرمتی کرنا کوئی اچھی بات نہیں ہے۔ راقم نے مسجد نبوی کو اسی حال میں پایا جیسا کہ میں نے ۱۹۶۷ء میں دیکھا تھا۔ بہت دنوں کے بعد سعودی حکومت کو مسجد کی توسیع کرنے کا خیال گذرا ہے۔ مسجد نبوی کے باب عبدالعزیز سے جو سڑک جنت البقیع کو جاتی ہے اس کے داہنے طرف جتنے مکانات تھے، انہیں توڑ کر میدان کر دیا گیا ہے اور اب باب مجیدی کے سامنے کی کل عمارتیں جن میں ''مصطفیٰ منزل'' بھی شامل ہے توسیع مسجد کے لیے توڑ دی جانے والی ہیں اور اس طرح سے مسجد نبوی کی توسیع کے بعد ایک نہایت بڑی اور شاندار عمارت ہو جائے گی۔ ہو سکتا ہے اللہ اس مسجد کی جدید عمارت میں نماز ادا کرنے کا موقع راقم کو بھی عطا فرمائے۔ راقم نے جمعہ کی نماز مسجد نبوی میں ادا کی۔ نمازیوں کا اس قدر ہجوم تھا

Marfat.com

کہ مسجد کے اندر جگہ نہ ملنے کے باعث بہت سے لوگوں نے باہر جاکر نئے تعمیر شدہ سائبانوں میں نماز ادا کی۔ جمعہ کی نماز ادا کرنے کے بعد ہم لوگ مدینہ منورہ سے روانہ ہو کر ہوائی اڈہ پر پہنچے اور وہاں سے بذریعہ ہوائی جہاز ریاض واپس آگئے۔ راقم نے اس بار ایک نئی بات یہ دیکھی کہ ٹیکسی ڈرائیور مدینہ منورہ کے حدود میں درود پڑھتا ہوا داخل ہوا اور اسی طرح سے درود و سلام پڑھتا ہوا مدینہ منورہ سے باہر نکلا۔ راقم کو مدینہ منورہ چار بار آنے کی سعادت نصیب ہوئی ہے۔ تین مرتبہ کم از کم دس روز کا قیام رہا تھا مگر اس بار یہاں صرف ڈیڑھ دن رہ سکا جس کا مجھے بہت افسوس ہے۔ راقم اپنے دو حج اور دو عمرے کو اپنی زندگی کا قابل قدر اور عظیم سرمایہ سمجھتا ہے۔ مدینہ اللہ کے پیارے نبی کا پیارا شہر ہے اور اسلام کی ابتدائی تاریخ اس شہر سے وابستہ ہے۔ اللہ ہر مسلمان کو اس شہر کی زیارت کا موقع عطا فرمائے۔

☆☆☆

Marfat.com

انیسواں باب

خانقاہ مجیبیہ سے میرے خاندانی تعلقات

(۱) حضرت سید شاہ بدر الدینؒ

خانقاہ مجیبیہ اور حضرت سید شاہ بدر الدینؒ:

قصبہ پھلواری شریف ہم لوگوں کے آبائی گاؤں نیورہ ضلع پٹنہ سے تقریباً دس کیلو میٹر پر واقع ہے۔ لوگوں کا خیال ہے کہ کسی زمانے میں یہاں ہندو راجہ اشوک کا باغ تھا اور اسی سبب سے یہ قصبہ پھلواری کے نام سے مشہور ہوا۔ یہاں کی خانقاہ مجیبیہ ہندوستان اور بہت سے دیگر ممالک میں عرصہ دراز سے مشہور رہی ہے۔ خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف ہمیشہ سے علماء اور مشائخ کا گہوارہ رہی ہے۔ راقم کے خاندان کو اس خانقاہ سے تقریباً ایک سو سال سے تعلق ہے۔ دادا صاحب مرحوم اور ظہیر دادا مرحوم (خان بہادر سید ظہیر الدین) غالباً کسی کے مرید نہ تھے مگر خانقاہ مجیبیہ کے سجادہ نشین اور وہاں کے علماء کرام کا بہت احترام کرتے تھے۔ خان بہادر سید ظہیر الدین تو تقریباً ہر ماہ پھلواری شریف جا کر جناب حضور سجادہ نشین سے ملنے کی سعادت حاصل کرتے۔ ماہ ربیع الاوّل میں عرس کے موقع پر خان بہادر موصوف پھلواری شریف ضرور جاتے اور مجلس سماع میں شریک ہوتے تھے۔ راقم کے والد اور خاندان کے دوسرے افراد حضرت حاجی وارث علی شاہ دیوا شریف ضلع بارہ بنکی کے مریدوں میں تھے۔ جب والدہ مرحومہ کو مرید ہونے کا خیال ہوا تو اس زمانے میں بہت سی ایسی نامی خانقاہیں تھیں جہاں جا کر وہ مرید ہو سکتی تھیں۔ والد صاحب مرحوم حضرت سید شاہ بدر الدین رحمۃ اللہ علیہ سجادہ نشین خانقاہ مجیبیہ کا بڑا احترام کرتے اور ان کے علم و عرفان کے

Marfat.com

بڑے قایل تھے۔ والد صاحب نے والدہ کو مشورہ دیا کہ حضرت سید شاہ بدر الدینؒ سے پھلواری شریف جاکر مرید ہو جائیں۔ چنانچہ ۱۹۱۹ء کے اوائل میں والد صاحب اور والدہ صاحبہ نے پھلواری شریف جاکر حضرت موصوف سے ملاقات کی اور والدہ صاحبہ نے جناب حضور سے مرید ہونے کی سعادت حاصل کی۔ جناب حضور سید شاہ بدر الدین صاحب جب تک زندہ رہے والدہ مرحومہ ان کی خدمت میں اکثر حاضر ہوا کرتی تھیں اور اپنے پیر کے وصال کے بعد بھی انہوں نے پھلواری شریف جانا ترک نہ کیا۔ انتقال کے بعد والدہ مرحومہ کا جسد خاکی خانقاہ مجیبیہ کے قبرستان میں مدفون کیا گیا۔ جناب حضور سید شاہ امان اللہ نے جو اس زمانے میں صاحب سجادہ تھے نماز جنازہ پڑھائی اور دعائے مغفرت کی۔ راقم کو والدہ مرحومہ کے ساتھ پھلواری شریف جاکر کئی بار حضرت سید شاہ بدر الدینؒ سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا، اس زمانے میں راقم پٹنہ کالج میں بی۔ اے کا طالب علم تھا۔ اتوار کے دن خانقاہ کی خلوت میں راقم نے بہت سے پٹنہ کے وکلاء، بیرسٹر، وزراء اور افسران کو حاضر ہوتے دیکھا ہے۔ مسٹر سید نور الہدیٰ مرحوم اور سر فخر الدین مرحوم بہت پابندی سے جناب حضور کی خدمت میں حاضر ہوا کرتے تھے۔

مولانا سید شاہ بدر الدینؒ ۲۷؍ جمادی الاخری ۱۲۶۸ھ کو پیدا ہوئے اور ۱۶؍ صفر ۱۳۴۳ھ کو وفات پائی اور تاج العارفین مخدوم شاہ محمد مجیب اللہ قدس سرہ کے مزار کے متصل مدفون ہوئے۔ مولانا سید سلیمان ندوی نے ''معارف'' کے ربیع الاوّل ۱۳۴۳ھ کی اشاعت میں حضرت مرحوم کے بارے میں یوں تحریر فرمایا ہے:

> ''حضرت مولانا شاہ بدر الدین، سجادہ نشین پھلواری شریف اس عہد کے جنیدؒ و شبلیؒ تھے۔ ان کا زہد و ورع نزاہت واتقا، علم و عمل، صورت و سیرت، ہر چیز نمونۂ سلف تھی، کم و بیش چالیس برس تک یہ علم و عرفان کی شمع صوبہ بہار میں روشن رہی اور اس کی روشنی دور دور تک پھیلتی رہی، ان کے شب و روز کے چوبیس گھنٹے ذکر و فکر اور مطالعہ کتب کے سوا اور مشاغل میں کم تر صرف ہوتے ہیں۔ ان کی نشست گاہ ایک کتب خانہ تھی ان کے چاروں طرف کتابوں کا انبار لگا رہتا تھا۔

Marfat.com

اور اس کے بیچ میں یہ زندہ کتب خانہ جلوہ فرما رہتا تھا۔ اس عہد میں یہی ایک ہستی تھی جو ظاہر و باطن، علم و معرفت، حقیقت و شریعت کا مجمع البحرین تھی اور جس سے ہزاروں اور لاکھوں علم و معرفت کے پیاسے سیراب ہوتے رہتے تھے، پھلواری شریف کا سجادہ اس بزرگ ذات کی رونق افروزی سے چشمہ خورشید تھا، افسوس کہ یہ آفتاب ہمیشہ کے لیے ڈوب گیا۔"

شمس العلماء کا خطاب اور اس کی واپسی:

حضرت الحاج سید شاہ بدر الدینؒ کو حکومت برطانیہ نے آپ کے علمی کمالات اور ذاتی عظمت کی بناپر ۱۹۱۵ء میں "شمس العلماء" کے خطاب سے سرفراز کیا۔ حضرت موصوف خلوت نشین تھے اور گورنر کے دربار میں جاکر اپنی خلعت اور سند نہ لے سکتے تھے۔ چنانچہ یہ بات قرار پائی کہ پٹنہ ڈویژن کا کمشنر، حضرت شاہ بدر الدین کی خلوت میں جاکر اپنے ہاتھوں سے انہیں شمس العلماء کی خلعت پہنائے اور اس خطاب کی سند عطا کرے۔ اس زمانے میں انگریز حکام بڑی شان و شوکت سے رہا کرتے تھے اور ان لوگوں کے لیے کسی خانقاہ میں جانا کوئی معمولی بات نہ تھی۔ ان دنوں مسٹر اولڈھم پٹنہ ڈویژن کے کمشنر تھے اور صاحب موصوف کی پرزور سفارش پر حضرت مولانا کو شمس العلماء کا خطاب دیا گیا تھا۔ مسٹر اولڈھم کو فارسی زبان اور اسلامی تواریخ سے کافی دلچسپی تھی (بعد میں لندن کی روائل ایشیاٹک سوسائٹی کے سکریٹری رہے) مسٹر اولڈھم نہایت احترام کے ساتھ حضرت مولانا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سند پیش کی اور اپنے ہاتھوں سے خلعت پہنائی۔ یہ ایک بڑے انگریز حاکم کے لیے کوئی آسان کام نہ تھا۔ خان بہادر ظہیر الدین اور پٹنہ کے چند نامور مسلمان اس موقع پر موجود تھے۔ عرصہ تک اولڈھم صاحب کو اس بات پر بڑا فخر تھا کہ انہوں نے ایک عالم، دیندار اور حق پرست سجادہ نشین کو اپنے ہاتھوں سے خلعت پہنائی ہے۔ جب تحریک خلافت شروع ہوئی تو حضرت مولانا نے اپنے خطاب کی سند اور خلعت کو حکومت ہند کے یہاں واپس کر دی اور مسٹر اولڈھم کو اس بات پر بہت افسوس ہوا۔ خان بہادر ظہیر الدین اور خاندان

Marfat.com

نیورہ کے کل لوگوں کو حضرت مولانا کی یہ بات پسند نہ آئی۔

(۲) حضرت مولانا سید شاہ محی الدینؒ

حضرت مولانا سید شاہ محی الدینؒ اور میرے والد صاحب کے تعلقات:

حضرت الحاج مولانا سید شاہ محی الدین کی ولادت ۳۰/ ذی الحجہ ۱۲۹۶ھ کو ہوئی اور ۲۹/ جمادی الاوّل ۱۳۶۶ھ کو وفات پائی۔ اپنے والد حضرت سید شاہ بدر الدین کی وفات کے بعد خانقاہ مجیبیہ کے سجادہ نشین ہوئے اور ۹/ ربیع الاوّل ۱۳۴۳ھ کو امیر شریعت بہار واڑیسہ منتخب ہوئے۔

حضرت مولانا کو قرآن، حدیث، عربی، فارسی اور اسلامی فلسفہ پر بڑی قدرت حاصل تھی مگر حضرت موصوف کا مزاج تصوف کی جانب جھکا ہوا تھا۔ راقم جب کبھی بھی ان سے تصوف کے مسائل پر باتیں کرتا تو حضرت مولانا مشکل سے مشکل مسائل پر ژرف نگاہی کے ساتھ روشنی ڈالا کرتے تھے کہ دل کو تسکین ہو جاتی تھی۔ راقم اکثر ان کی خدمت میں حاضر ہوتا اور ان سے استفادہ کیا کرتا تھا۔ حضرت مولانا سے ایک مرتبہ باتوں باتوں میں جبر واختیار کا مسئلہ چھڑ گیا۔ کچھ دیر خاموش رہنے کے بعد آپ نے تصوف کے اس مشکل مسئلہ کو نہایت خوبی اور وضاحت کے ساتھ بیان کیا کہ غلط فہمیوں کا امکان باقی نہ رہا۔ مولانا موصوف نہایت ہی منکسر المزاج، بردبار اور با اخلاق انسان تھے۔ اپنے دوستوں اور مریدوں سے بڑی محبت کرتے تھے اور ہر مرید ان کی محبت کا دم بھرتا تھا۔ والد مرحوم اور راقم کے چچا مسٹر ریاست حسین بیرسٹر حضرت مولانا کے عزیز دوستوں میں تھے۔ مجھے مولانا موصوف کی خدمت میں حاضر ہونے کا پہلا موقع غالباً ۱۹۲۹ء میں چچا مرحوم کے ساتھ ہوا اور اس کے بعد راقم سال میں ایک دو بار ضرور حاضر ہوا کرتا تھا۔ والد صاحب مرحوم جب بھی پٹنہ تشریف لاتے تو پھلواری شریف جا کر حضرت موصوف سے ضرور ملاقات کرتے۔ ۱۹۳۲ء کے اوائل میں والد مرحوم کا تبادلہ پٹنہ بحیثیت صدر ایس۔ ڈی۔ او ہوا، پھلواری شریف کا تھانہ پٹنہ صدر میں پڑتا ہے اس لیے والد مرحوم کو ہر ماہ پھلواری شریف سرکاری کام کے لیے جانا پڑتا تھا۔ والد مرحوم اپنے سرکاری کاموں کو ختم کر کے خانقاہ جاتے اور کچھ دیر تک

Marfat.com

حضرت مولانا کے پاس بیٹھ کر باتیں کرتے تھے۔ باتیں کچھ اس انداز سے ہوتی تھیں کہ دیکھنے والا یہ سمجھتا کہ دونوں حضرات سگے بھائی ہیں اور یہ تعلق دونوں حضرات نے مرتے دم تک قائم رکھا۔

۱۹۳۴ء میں ایک زلزلہ بہار میں آیا۔ پٹنہ اور گردونواح کے مقامات اس زلزلہ سے سخت متاثر ہوئے۔ خانقاہ مجیبیہ کی عمارتوں کو شدید نقصان پہنچا اور کچھ عمارتیں اس طور سے متاثر ہوئیں کہ ان کا از سر نو تعمیر کرانا ضروری معلوم ہوتا تھا۔ زلزلہ کے دوسرے دن والد صاحب مرحوم پھلواری شریف آئے اور ان تمام عمارتوں کو دیکھا جن کو زلزلہ سے سخت صدمہ پہنچا تھا۔ اس زمانہ میں پٹنہ کا ضلع مجسٹریٹ ایک انگریز تھا جو والد صاحب کی باتوں کو بہت مانتا تھا۔ والد صاحب نے اس سے مل کر پھلواری شریف کی ان عمارتوں کا تذکرہ کیا جو زلزلہ کی زد میں آگئیں تھیں۔ ضلع مجسٹریٹ نے فوراً ایک ڈپٹی کلکٹر کو پھلواری شریف بھیجا کہ عمارتوں کی مرمت کے خرچ کا تخمینہ تیار کرکے ضلع مجسٹریٹ کے یہاں پیش کرے۔ جب ضلع مجسٹریٹ نے تخمینہ کو دیکھا تو والد مرحوم کو بلا کر کہا کہ یہ سب زلزلہ زدہ عمارتیں سرکاری خرچ سے مرمت کردی جائیں گی۔ یہ بات سن کر والد صاحب کو بڑی خوشی ہوئی اور حضرت سید شاہ محی الدینؒ کو یہ خبر سنائی۔ جواب میں حضرت مولانا نے کہا کہ ہم لوگ اللہ کی مدد پر بھروسہ رکھتے ہیں اور مرمت کے کام میں حکومت کے مرہون منت نہ ہونا چاہتے ہیں۔ یہ سن کر والد صاحب خاموش رہے۔

۱۹۴۱ء میں جب والد صاحب پٹنہ کے ضلع مجسٹریٹ و کلکٹر تھے تو اچانک سخت بیمار ہوگئے۔ ڈاکٹروں نے تشخیص کی کہ قلب کمزور ہوگیا ہے اور آرام کی سخت ضرورت ہے۔ والد صاحب نے اپنی بیماری کی بنا پر لمبی فرصت لی اور اس کے اختتام پر پنشن لے کر سرکاری خدمت سے سبکدوش ہوگئے۔ علاج و معالجہ سے فائدہ ہوا اور پانچ چھ سال تک صحت مند رہے۔ یکایک مارچ ۱۹۴۷ء میں دوبارہ سخت بیمار ہوگئے۔ ان دنوں سید عبدالرزاق صاحب مرحوم پھلواری شریف سے پٹنہ والد صاحب سے ملنے آیا کرتے تھے۔ صاحب موصوف کو حضرت سید شاہ محی الدینؒ سے بڑی قربت حاصل تھی۔ والد صاحب نے سید عبدالرزاق صاحب کو کہا کہ میرا ایک پیغام آپ شاہ محی الدینؒ تک پہنچا دیں اور حضرت موصوف کے

Marfat.com

جواب سے بھی مطلع فرمائیں۔ پیغام یہ ہے کہ اب میری زندگی کے دن ختم ہو رہے ہیں اور میری تمنا ہے کہ مرنے کے بعد میں خانقاہ پھلواری شریف کی قبرستان میں دفن کیا جاؤں۔ کیا آپ اس کی اجازت دیں گے؟ حضرت موصوف نے دوسرے ہی روز عبدالرزاق چچا کے ذریعہ والد صاحب کو کہلا بھیجا کہ میری زندگی کا کیا ٹھکانہ ہے اگر میں زندہ رہا تو انشاء اللہ آپ کی تمنا ضرور پوری ہوگی۔ ۲۲؍ اپریل ۱۹۴۷ء کو حضرت سید شاہ محی الدین کی وفات ہوئی۔ ان کے وصال کے بعد حضرت سید شاہ امان اللہؒ سجادہ نشین ہوئے۔ والد صاحب مرحوم نے عبدالرزاق چچا کے ذریعہ حضرت موصوف سے پھلواری شریف قبرستان میں دفن ہونے کی اجازت طلب کی۔ حضرت شاہ امان اللہؒ کل باتوں سے واقف تھے اور انہوں نے ایک اجازت نامہ لکھ کر والد صاحب مرحوم کے پاس بھیج دیا۔ اس کو دیکھ کر والد صاحب بہت خوش ہوئے اور اللہ کا شکر بجالائے۔ والد صاحب کی بیماری روز بروز بڑھتی گئی اور بروز جمعہ ۶؍ فروری ۱۹۴۸ء کو انتقال کیا۔ بعد نماز جمعہ ان کے جسد خاکی کو پھلواری شریف کے قبرستان میں دفن کیا گیا۔ اس طور سے والد مرحوم کی ایک دیرینہ خواہش پوری ہوگئی۔

خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف کے قبرستان میں صرف مریدوں کو دفن کیے جانے کا حق حاصل ہے۔ ایسے لوگ جو اس خانقاہ کے مریدوں میں نہیں ہیں عام طور پر انہیں یہاں دفن نہیں کیا جاسکتا ہے۔ والد صاحب مرحوم حضرت حاجی وارث علی شاہ دیوا شریف، ضلع بارہ بنکی کے مریدوں میں تھے اور قاعدے کی رو سے انہیں اس قبرستان میں دفن نہیں کیا جاسکتا تھا مگر حضرت شاہ امان اللہ کی کرم فرمائی کی بدولت والد مرحوم کو اس قبرستان میں دفن ہونے کی سعادت نصیب ہوئی۔ ایک قدیم دستور کے مطابق سجادہ نشین خانقاہ مجیبیہ بعد نماز عصر روزانہ قبرستان جاکر فاتحہ پڑھتے ہیں اور یہ ایک بڑی بات ہے۔

سفر حج، زیارت حرمین واماکن مقدسہ:

حضرت شاہ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ خانقاہ مجیبی کے پہلے سجادہ نشین تھے جنہوں نے سجادگی کے بعد حج کا سفر کیا۔ فریضۂ حج کی ادائیگی اور روضۂ اقدس کی حاضری کے بعد بیت المقدس، نجف اشرف شریف اور دیگر مقامات مقدسہ کی زیارت کی اور ممالک اسلامیہ

Marfat.com

کا سفر کر کے پورے چھ ماہ پر وطن تشریف لائے۔ سید صالح حسین صاحب رئیس وزمیندار چھپرہ جو راقم کی اہلیہ مرحومہ کے سگے ماموں تھے، حضرت موصوف کے ہمراہ بحری جہاز کے فرسٹ کلاس میں ہم سفر رہے اور اس سفر کا تذکرہ راقم سے نہایت ہی ذوق و شوق کے ساتھ کیا کرتے تھے۔

حضرت مولانا موصوف جذبات سے متاثر ہو کر فارسی میں غزلیں کہا کرتے تھے۔ حج سے واپسی کے بعد رودکی کی طرز پر فارسی میں ایک غزل کہی جس کے چند اشعار پیش کیے جاتے ہیں:

بازیاد آں گلستاں آید ھمی
دل چو بلبل درفغاں آید ھمی
فرخ آں رہ کز نسیم جانفزاش
بوئے یار مہرباں آید ھمی
اے خوشا وقتے، مبارک ساعتے
دوست پیش دوستاں آید ھمی

ایک دوسری غزل کے چند اشعار ملاحظہ ہوں:

حبذا عہد یکہ ما بودیم وایوان رسول
ایں بلند پہائے بختم خود زفیضان رسول
کہ شمرون می تواں خود راز مہمان رسول
ایں بس است اے دل شدم از عتبہ بوسان رسول
خرم آں روز یکہ بودم پیش او اندر حرم
چشم ودل می دید ہر سو ساز وسامان رسول

الحاج مولانا سید شاہ عون احمد قادری نے حضرت موصوف کی مکمل سوانح حیات شائع کی ہے اور قابل دید ہے۔ اس کتاب کا دوسرا ایڈیشن ۱۹۸۳ء میں خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف سے شائع ہوا ہے۔

Marfat.com

(۳) حضرت مولانا سید شاہ امان اللہؒ

حضرت مولانا کے احوال:

حضرت سید شاہ امان اللہؒ کی ولادت ۸ر محرم ۱۳۴۰ھ میں ہوئی۔ فارسی کی درسی کتابیں نہایت ذوق وشوق سے مولانا حکیم سید محمد شعیب علیہ رحمۃ سے پڑھیں اور عربی کی تعلیم اپنے سنجھلے چچا حضرت مولانا شاہ نظام الدین قادری قدس سرہ سے حاصل فرمائی۔ بعد ازاں مولانا محمد شریف صاحب اعظمی علیہ رحمۃ اور مولانا محمد عتیق صاحب فرنگی محلی علیہ رحمۃ کی شاگردی اختیار کی۔ مصطفیٰ آباد، اعظم گڑھ، لکھنؤ اور اجمیر شریف میں رہ کر منتہی کتابیں تمام فرما کر درسیات کی تکمیل کی۔ قیام لکھنؤ کے زمانے میں قاری محمد یونس صاحب مدرس مدرسہ فرقانیہ سے تجوید و قراۃ سیکھی۔ ۱۵ر رجب ۱۳۶۲ھ کو دستار بندی ہوئی اور سند فراغ پائی۔ مولانا محمد شریف صاحب اعظمی نے تکمیل درسیات کی سند کے علاوہ مرویات حدیث کی سند بھی آپ کو عطا فرمائی۔ ۱۷ر رمضان المبارک ۱۳۶۲ء کو آپ پھلواری شریف تشریف لائے اور دارالعلوم مجیبیہ میں درس و تدریس میں مصروف و منہمک ہو گئے۔ تدریس کا ذوق آپ کو تاحیات رہا۔ سجادگی اور خانقاہ مجیبی کی اہم ذمہ داریوں کے باوجود پڑھانے کے لیے ضرور وقت نکالتے، حدیث و تصوف کی کتابیں خصوصاً مشکوٰۃ شریف، ابن ماجہ، مؤطا امام محمد، ریاض الصالحین اور فتوح الغیب وغیرہ درس میں رہتی تھیں۔

۱۳۵۸ھ میں اپنے والد ماجد حضرت مولانا سید شاہ محی الدین قادری قدس سرہٗ کے دست مبارک پر بیعت کی اور باطنی تعلیم شروع فرمائی۔ اپنے والد ماجد کی وفات کے بعد ۳ر جمادی الاوّل ۱۳۶۶ء بروز جمعہ آپ سجادۂ مجیبی و مسند رشد و ہدایت پر متمکن ہوئے۔ عین جوانی کے زمانے ہی سے اپنی ذات کو اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لیے وقف کر دیا۔ توکل وقناعت آپ کی طبیعت میں بدرجہ اتم موجود تھیں اور جن کا اظہار ہمیشہ ہوا کرتا تھا۔ تقریباً ۳۸ برس تک ارشاد و ہدایت کا فریضہ انجام دے کر سجادہ پیر مجیب کا حق ادا کر دیا۔ حج بیت اللہ کی سعادت جناب حضور کو متعدد بار حاصل ہوئی۔ پہلی مرتبہ ۱۳۶۸ء میں حج و زیارت روضۂ رسول سے مشرف ہوئے۔ وفات سے قبل بھی حرمین شریفین کی یادوں سے بے چین رہا

Marfat.com

کرتے تھے۔ ابتداء عمر سے ہی خلوت نشینی کی وجہ کر مختلف امراض میں مبتلا رہنے لگے جن کو صبر کے ساتھ برداشت کیا۔ قلبی تکلیف جناب حضور کو عرصہ سے تھی اور دوائیں برابر استعمال میں رہتی تھیں مگر ادھر چند سالوں سے یہ تکلیف زیادہ ہو گئی تھی۔ علاج کے لیے تقریباً ڈھائی سال قبل امریکہ تشریف لے گئے مگر قلب کی تکلیف ویسی ہی رہی۔ ۱۴ر مئی ۱۹۸۵ء کی شام سے قلبی عارضہ شروع ہوا اور برابر بڑھتا گیا۔ ۱۵ر مئی کی صبح کو اندرا گاندھی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں داخل کیے گئے۔ باوجود ہر ممکن تدبیر کے جاں بر نہ ہو سکے۔ ۱۷ر مئی ۱۹۸۵ء بمطابق ۲۶ر شعبان ڈیڑھ بجے جمعہ کی رات کو داعی اجل کو لبیک کہہ کر واصل بحق ہو گئے اور اسی روز بعد نماز جمعہ جناب حضور کے جسد خاکی کو سپرد خاک کیا گیا۔

حضرت مولانا سے راقم کے تعلقات:

حضرت مولانا سے راقم کی پہلی ملاقات ۶ر فروری ۱۹۴۸ء کو اس وقت ہوئی جب جناب حضور میرے والد مرحوم کی قبر پر فاتحہ پڑھنے کے لیے تشریف لائے۔ میں ان کے ساتھ خلوت کے حجرہ میں گیا اور تخلیہ میں باتیں ہوئی۔ مولانا موصوف نے میرے والد مرحوم کے اوصاف حمیدہ کی تعریف کرتے ہوئے مجھے صبر کی تلقین کی۔ چند آیات قرآنی موت اور حیات کے متعلق پڑھ کر سنائیں اور میں مولانا موصوف کی دینی باتوں سے بہت متاثر ہوا۔ مجھے ایسا محسوس ہوا کہ جناب حضور میرے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

ان کی نورانی صورت، خاندانی وجاہت، بے نظیر شرافت، بے مثال مروّت نے راقم کے دل و دماغ پر ایسا اثر ڈالا جو اب تک قائم ہے۔ حضرت مولانا موصوف کا زیر لب تبسم راقم کو برابر یاد آتا ہے۔ مولانا موصوف میں کوئی ایسی شان نظر نہ آئی جو عام طور سے سجادہ نشینوں میں پائی جاتی ہے۔ جب بھی راقم خلوت میں حاضر ہوتا تو حضرت مولانا میرے استقبال کے لیے کھڑے ہو جاتے اور راقم کو اپنے پاس بٹھا کر دینی باتیں کیا کرتے تھے۔ جب بھی راقم جناب حضور کے سامنے اپنی طویل العمری کی شکایت کرتا تو وہ مجھے ایسی باتوں کے کہنے سے منع فرماتے۔ فروری ۱۹۸۴ء میں راقم نے ان کی خدمت میں ایک خط روانہ کیا جس میں اپنی طویل العمری کی شکایت کی۔ مولانا موصوف نے فوراً اپنا جواب تحریر فرمایا جس میں یہ لکھا کہ ”خدا کا

Marfat.com

شکر ہے کہ آپ کی عمر میں اضافہ ہو رہا ہے تاکہ آپ کی عبادات اور حسنات میں اضافہ ہو۔" اور اسی خط میں یہ بھی تحریر فرمایا کہ "اللہ تعالیٰ ہمارا اور آپ کا خاتمہ بخیر کرے۔" اس خط کو میں نے اپنے پاس بطور یادگار اب تک محفوظ رکھا ہے۔ جب جناب حضور کی ایک صاحبزادی کی شادی برادر عزیز پروفیسر سید محمد احمد کے صاحبزادے ڈاکٹر وسیم احمد سلمہ سے ہوئی تو راقم سے مزید محبت اور شفقت کا اظہار کرنے لگے۔ جب بھی مجھے موقع ملتا جناب حضور کی خدمت میں حاضر ہوا کرتا تھا اور مولانا موصوف نے اس محبت کے رشتہ کو آخر دم تک قائم رکھا۔ جسمانی لحاظ سے مولانا موصوف برابر کمزور رہے لیکن بڑی ہمت اور حوصلہ کے مالک تھے۔

راقم کے چھوٹے لڑکے ڈاکٹر اشرف حسین سلمہ، ۱۹۷۴ء میں حج کے لیے گئے تو مکہ معظمہ میں حضرت مولانا موصوف سے پہلی بار ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ عزیز موصوف مولانا کی پرکشش شخصیت، معصوم صورت اور ان کی سادگی سے اس قدر متاثر ہوئے کہ اسی روز مولانا کے دست حق پرست پر بیعت ہوئے اور مولانا کے عزیز مریدوں میں رہے۔ مختلف موقعوں پر ان کی ہدایت سے بھی مستفیض ہوتے رہے۔

مولانا سید شاہ رضوان اللہ قادری:

جناب حضور کے بڑے صاحبزادے مولانا سید شاہ رضوان اللہ قادری آپ کی وفات کے بعد ۲۰ر مئی ۱۹۸۵ء کو خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف کے نئے سجادہ نشین منتخب ہوئے۔ ۱۹۸۶ء میں راقم کو ایک مرتبہ مولانا موصوف کی خدمت میں حاضری کا موقع ملا ہے اور یہ دیکھ کر بڑی خوشی ہوئی کہ مولانا علمی اور عملی مسائل کے سلجھانے میں سرگرم ہیں۔ اللہ سے دعا ہے کہ ان کے ذریعہ علم و عرفان کی شعاعیں دور دور تک پھیلیں اور آپ کے زمانے میں خانقاہ مجیبیہ مرجع خلائق بنے۔

سید شاہ عبد الرزاق قادری مرحوم اور سید شاہ لطف احمد قادری:

راقم یہ محسوس کرتا ہے کہ خانقاہ مجیبیہ کا بیان اس وقت تک مکمل نہ ہوگا جب تک

Marfat.com

سید شاہ عبدالرزاق قادری مرحوم اور ان کے بڑے صاحبزادے سید شاہ لطف احمد قادری کی خدمات کا تذکرہ نہ کیا جائے۔ جناب سید عبدالرزاق قادری مرحوم حضرت مولانا سید شاہ بدر الدینؒ اور حضرت مولانا سید شاہ محی الدینؒ کے زمانے میں پیش خدمت کے فرائض انجام دیا کرتے تھے اور تمام عرس کے موقعوں پر انتظام کار رہتے اور ان تقریبوں کو اپنی صلاحیت اور محنت سے بارونق اور کامیاب بناتے تھے۔ عبدالرزاق صاحب والد مرحوم کے دوستوں میں تھے اور ہم لوگ ان کی بڑی قدر کیا کرتے تھے۔ حضرت سید شاہ لطف احمد قادری ان دنوں وہ سب فرائض بحسن وخوبی انجام دے رہے ہیں جن پر ان کے والد مامور تھے۔ راقم ان کا احترام مثل بڑے بھائی کے کرتا ہے۔ اللہ ان کی عمر دراز کرے۔

احوال مولانا سید شاہ نظام الدینؒ:

حضرت مولانا سید شاہ نظام الدینؒ کی ولادت ۲۲ صفر المظفر ۱۳۱۴ھ میں ہوئی۔ ابتدائی تعلیم والد بزرگوار حضرت سید شاہ بدر الدینؒ اور اپنے بڑے بھائی حضرت مولانا سید شاہ محی الدین قدس سرہ سے پائی۔ اس کے بعد مدرسہ مجیبیہ پھلواری شریف میں مولانا سید عبدالعزیز انجھرنی سے تعلیم حاصل کی۔ بعد ازاں مولانا سید عبدالحمید اور مولانا مقبول احمد علیہ رحمۃ کے درس میں رہ کر ۱۳۴۱ھ میں تکمیل کی اور سند فراغ پائی۔ اس موقع پر مولانا شاہ سلیمان پھلورویؒ نے ایک قطعہ ارشاد فرمایا جس کا مصرعہ تاریخ یہ ہے:

"ولم گفت واللہ فارغ شدند" (۱۳۴۱ھ)

۱۳۴۱ھ میں تعلم سے فارغ ہو کر درس وتدریس کا سلسلہ مجیبیہ پھلواری شریف میں شروع کیا اور بہت جلد ایسی شہرت حاصل کی کہ صوبہ بہار کے علاوہ دیگر صوبوں سے بھی ہونہار طلبا آپ کے درس میں نہایت ہی ذوق وشوق سے شریک ہونے لگے۔ جوانی سے آخر عمر تک آپ کا درس مسلسل جاری رہا۔ درس وتدریس کے علاوہ آپ کے قلم سے فقہی و علمی موضوعات پر تحقیقی رسالے اور مضامین شائع ہوتے رہے۔ ان میں دو مضامین ایک "مسئلہ المصافحہ" اور دوسرا "عصمت انبیاء" بڑے اہمیت کے حامل ہیں۔ مولانا موصوف کے بہت سے قابل قدر مضامین رسالہ "المجیب" میں شائع ہوتے رہے۔ ہندوستان کے مشہور علماء

Marfat.com

سے آپ کے بہت اچھے تعلقات تھے اور جب یہ لوگ پٹنہ تشریف لاتے تو مولانا موصوف کی خدمت میں ضرور حاضر ہو کر شرف ملاقات حاصل کرتے تھے۔ مولانا موصوف بھی علماء کا بہت احترام کرتے اور ان سے ملاقات کرنے میں سبقت فرماتے تھے۔ تواضع، انکسار، خدا ترسی اور احساس ذمہ داری مولانا موصوف میں بدرجہ اتم موجود تھیں۔ شہرت و نمود سے ہمیشہ دور رہے۔ باوجود ضعف و پیری آخر عمر تک تفسیر بیضاوی و مسلم شریف کا درس دیتے رہے۔ نہایت ہی پیچیدہ اور مشکل ترین سوالات کے جواب بڑی آسانی سے دیا کرتے تھے۔ نوافل کی کثرت، درود شریف کا ورد اور کلام اللہ کی تلاوت کے بڑے پابند تھے۔ مولانا موصوف کی بے نفسی، خاموشی اور بے ریائی سے ہر شخص متاثر ہوتا تھا۔ وفات سے تقریباً ایک سال پہلے حضرت مولانا پر جسم کے داہنے جانب فالج آیا اور چلنے پھرنے سے مجبور ہوگئے۔ بیماری کی حالت میں بھی لوگوں کے سہارے مسجد تشریف لے جاتے اور نماز باجماعت ادا کرتے تھے۔ اپنے قدیم دستور کے مطابق روزانہ تکیہ کے سہارے بیٹھ کر کلام اللہ مجید کی تلاوت فرماتے تھے۔ باوجود اس سخت بیماری کے روزانہ کی عبادت و ریاضت میں کوئی فرق آنے نہ دیا۔ ۸۸ سال کی عمر میں ۶ر جمادی الاخریٰ ۱۴۰۲ھ کی شب کو انتقال فرمایا اور اسی روز بعد نماز ظہر باغ مجیبی میں مدفون ہوئے۔ مولانا ایک جید عالم اور نامور استاد ہونے کے علاوہ ایک نہایت ہی کامل صوفی تھے اور اکثر لوگ انہیں ''نظام الدین ثانی'' کے لقب سے یاد کرتے تھے۔ ایسے لوگ دنیا سے مفقود ہوتے جاتے ہیں۔

حضرت مولانا سے راقم کی ملاقات:

راقم کی ملاقات حضرت مولانا سے تقریباً چالیس سال پہلے ہوئی اور اسی روز سے میں مولانا کا نہایت ہی قدرداں ہو گیا۔ میرے چھوٹے بھائی مرحوم انور حسین ان کے بڑے شیدائیوں میں تھے، اور ان کے کشف و کرامات کے بھی قائل تھے۔ حضرت مولانا بھائی مرحوم کے ساتھ نہایت شفقت اور محبت سے پیش آتے تھے اور بہت بہت دیر تک مرحوم سے دینی مسائل پر باتیں کیا کرتے تھے۔ میرے چھوٹے بھائی مرحوم کو پیشاب کی بیماری عرصہ سے تھی اور ڈاکٹروں نے مشورہ دیا کہ بنگلور جاکر آپریشن کرائیں۔ بنگلور میں ڈاکٹر

Marfat.com

بھٹ نے ان کے پروسٹریٹ کا آپریشن کیا جو نہایت کامیاب ہوا۔ دوران قیام بنگلور مجھے بھائی مرحوم کے متعلق بہت تشویش رہا کرتی تھی، اس لیے میں نے پریشانی کے عالم میں ایک روز صبح سویرے پھلواری شریف جاکر حضرت مولانا سے کل حالات بیان کیا۔ مولانا موصوف نے مراقبہ کے بعد مجھے تسلی دی کہ میرا بھائی صحب یاب ہو کر پٹنہ واپس آجائے گا اور یہ بھی فرمایا کہ روزانہ کئی بار سورۂ "بروج" کی تلاوت کر کے اللہ سے بھائی کی صحت یابی کے لیے دعا کی جائے۔ راقم نے پندرہ دنوں تک ایسا کیا اور حضرت مولانا کی دعائیں مستجاب ہوئیں۔ میرا بھائی مرحوم بالکل صحت مند ہو کر پٹنہ واپس آیا اور حضرت مولانا کی خدمت میں حاضر ہو کر ان کا شکریہ ادا کیا۔ عزیز محترم سید شمس الرحمٰن ایڈوکیٹ پٹنہ ہائی کورٹ جو حضرت مولانا کے خاص مریدوں میں ہیں اکثر راقم سے مولانا کے کشف و کرامات کے ذکر کرتے رہتے ہیں۔

بیوی مرحومہ کے انتقال کے بعد مجھے بہت تنہائی محسوس ہونے لگی اور ہر وقت مرحومہ کی یاد آتی رہتی تھی۔ اس زمانے میں راقم اکثر و بیشتر حضرت مولانا کی خدمت میں حاضر ہوا کرتا تھا۔ ایک روز ارشاد ہوا کہ رضا اور تسلیم کا یہ تقاضا ہے کہ بندہ ہر حال میں اللہ کے حکم کے آگے سرنگوں رہے۔ اسی روز سے اللہ نے میرے قلب کو صبر اور قرار بخشا۔ جاڑوں کے موسم میں حضرت مولانا اپنی خلوت کے آنگن میں ایک چبوترے پر بیٹھ کر تقریباً نو دس بجے دن تک تلاوت کلام اللہ مجید کیا کرتے تھے۔ اس وقت بھی راقم کو ان کی خدمت میں حاضر ہونے کی عام اجازت تھی۔ جب میں ان کے پاس جاکر بیٹھتا تو حضرت مولانا کلام اللہ کی تلاوت اس طور سے کرتے کہ راقم نہایت آسانی سے ان کی تلاوت سن سکتا تھا۔ اس وقت کی خوش الحانی راقم کو ابھی تک بار بار یاد آتی رہتی ہے۔ بیماری کے زمانہ میں جب میں ان کی مزاج پرسی کو جاتا تو خلوت سے برآمدہ میں باہر نکل کر تکیہ کے سہارے بیٹھ جاتے اور مجھ سے باتیں کرتے۔ کبھی بھی اپنی تکلیف کو ظاہر ہونے نہ دیا۔ حسب دستور اپنے پوتے ہلال میاں کو بلاتے اور میرے لیے چائے منگواتے۔ ایسا صابر انسان میں نے بہت کم دیکھا ہے۔ جب بھی پھلواری شریف جاتا ہوں تو ان کے مرقد مبارک پر حاضر ہو کر فاتحہ پڑھتا ہوں اور آنکھوں سے آنسو بہانے کی سعادت حاصل کرتا ہوں۔

Marfat.com

انکساری سے سدا اس نے اطاعت کی ہے
کوئی واقف نہ ہوا ایسی عبادت کی ہے

پروفیسر عبد المنان کی عقیدت مندی:

استاد مرحوم پروفیسر عبد المنان بیدلؔ کو حضرت مولانا سے بڑی عقیدت تھی اور اکثر ان کی خدمت میں حاضر ہوا کرتے تھے۔ کئی بار راقم کے ہمراہ پھلواری شریف جاکر مولانا موصوف سے ملنے کی سعادت حاصل کی۔ غالبًا اسی روحانی تعلق کے سبب استاذ محترم اپنی وفات کے بعد باغ مجیبی میں مدفون ہوئے۔

اکبر حسین کی لڑکی کی بسم اللہ:

حضرت مولانا میرے منجھلے لڑکے اکبر حسین سلمہٗ کے ساتھ نہایت شفقت اور محبت سے پیش آتے تھے اور ان کے عقد نکاح کے موقع پر لڑکی والوں کی طرف سے قاضی ہوکر آئے تھے۔ اکبر سلمہٗ کی دلی تمنا تھی کہ ان کی لڑکی کی رسم بسم اللہ حضرت مولانا کے ذریعہ ادا ہو۔ حضرت مولانا نے پھلواری شریف میں اپنی دعاؤں کے ساتھ لڑکی کی بسم اللہ کرائی اور خیر و برکت کے لیے ایک پانچ روپے کا نوٹ لڑکی کو عطا کیا جو اب تک بہ طور یادگار محفوظ ہے۔

حضرت مولانا الحاج سید شاہ عون احمد قادری:

حضرت مولانا سید شاہ عون احمد قادری کی پیدائش ۱۳۴۰ھ مطابق ۲۲-۱۹۲۱ء میں ہوئی۔ حضرت نے ابتدائی تعلیم اپنے والد ماجد حضرت مولانا شاہ نظام الدین قادری رحمۃ اللہ علیہ اور اپنے گھر کے دوسرے بزرگوں سے حاصل کی۔ اس کے بعد مولانا شریف صاحب اعظم گڑھی و مولانا محمد عتیق صاحب فرنگی محلی کے حلقہ درس میں شامل ہوکر علمی و روحانی فیوض سے مستفیض ہوئے۔ ۲۰-۲۲ سال کی عمر میں جملہ علوم اور دورۂ احادیث وغیرہ سے اجمیر شریف کے مشہور دار العلوم سے فراغت حاصل کی۔ تمام مروجہ علوم پر کامل عبور حاصل کرنے کے بعد پھلواری شریف تشریف لائے اور خانقاہ مجیبیہ کے مدرسہ میں جو اس

Marfat.com

خانوادے کا قدیم مدرسہ ہے تقریباً ۲۵ سال سے تدریس کی خدمت بحسن وخوبی انجام دے رہے ہیں۔ علمی تحقیق سے مولانا موصوف کو شغف رہا ہے جس کا اندازہ ان کی تصنیف "محی الملۃ والدین" سے کیا جاسکتا ہے۔ سیرت نگاری کوئی آسان کام نہیں ہے لیکن مولانا نے اپنی پوری فہم اور معلومات خاندانی سے کام لے کر اس کتاب کو ممتاز ومقبول بنادیا ہے۔ مولانا موصوف نے ایک رسالہ اردو زبان میں تحریر فرمایا ہے۔ جس میں شہداء، صالحین اور صدیقین کے زندہ جاوید ہونے کے متعلق دلائل پیش کیے گئے ہیں۔ گرچہ راقم کو مولانا کی بہت سی باتوں سے اتفاق نہیں ہے پھر بھی میرے خیال میں یہ ایک دلچسپ کتاب ہے۔ مولانا موصوف کے اکثر مضامین اردو رسالوں میں شائع ہوتے رہتے ہیں۔ مولانا اب تک متعدد بار حج وزیارت روضۂ اقدس سے مشرف ہوچکے ہیں اور بغداد شریف اور دیگر مقامات مقدسہ کا بھی سفر کیا ہے۔ مولانا موصوف جمعیۃ علماء ہند بہار کے صدر کی حیثیت سے نمایاں خدمات انجام دیتے رہتے ہیں۔ مولانا کی دوستی، شرافت اور دل نوازی ہر شخص کو متاثر کرتی ہے اور ان کا گرویدہ بنادیتی ہے۔

مولانا سے راقم کے تعلقات:

تقریباً تیس سال پہلے راقم کی ملاقات مولانا موصوف سے ہوئی۔ جب حکومت بہار نے مولانا کو بہار مدرسہ اکزامی نیشن بورڈ کا ممبر نامزد کیا۔ میں اس زمانے میں بہار مدرسہ اکزامی نیشن بورڈ کا صدر تھا اور مولانا کی نامزدگی سے مجھے بڑی خوشی ہوئی کیونکہ وہ ایک جید عالم ہونے کے علاوہ ایک ایسے خانوادے سے تعلق رکھتے تھے جس کا احترام بہار کا ہر مسلمان کیا کرتا ہے۔ مولانا بورڈ کے کل کاموں میں نہایت دلچسپی سے حصہ لیا کرتے اور مشکل مسائل کے حل کرنے میں ہم لوگوں کی بڑی مدد کیا کرتے تھے۔ ان کی ہر رائے راست بازی اور دیانت داری پر مبنی ہوا کرتی تھی۔ اس وجہ سے کسی کو شکایت کا موقع نہ ملتا تھا۔ ہم لوگوں کے دوستانہ تعلقات رفتہ رفتہ بڑھتے گئے اور جب بھی مجھے پھلواری شریف جانے کا موقع ملتا ہے تو سب سے پہلے مولانا موصوف کے پاس جاتا ہوں، دینی اور دنیاوی موضوعات پر باتیں ہوتی ہیں۔ جب کبھی میں نے ان سے تبادلہ خیال کیا تو معلوم ہوا کہ مولانا ایک ذی علم اور

Marfat.com

قابل قدر شخص ہیں۔ اس زمانہ میں خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف میں ان سے بڑھ کر کوئی دوسرا عالم اور مفکر موجود نہیں ہے۔ اللہ ان کی عمر دراز کرے۔ جب مولانا ۱۹۷۳ء میں حج کو گئے تو راقم برابر ان کا ہم سفر رہا۔ ہم لوگوں کا سفر بمبئی سے جدہ تک بحری جہاز "اکبر" سے ہوا اور دورانِ سفر مولانا کی باتوں سے میری دینی معلومات میں بہت کچھ اضافہ ہوا۔ ایک روز میں نے مولانا سے استدعا کی کہ جہاز کی سب سے بلند منزل پر جاکر ہم چند لوگ ان کی امامت میں مغرب کی نماز ادا کریں۔ مولانا نے اس بات پر اپنی رضامندی ظاہر کی۔ جب ہم لوگ مغرب کی نماز ادا کرنے کے لیے جائے مقررہ پر حاضر ہوئے تو اتر پردیش کے ایک خانقاہی پیر صاحب امامت کے لیے آگے بڑھ گئے اور ہم لوگوں کو مولانا موصوف کی امامت سے محروم رکھا۔ دسمبر ۱۹۷۳ء میں راقم جب دوسری بار حج کے لیے گیا تھا تو میں نے مکہ مکرمہ میں ایک ماہ سے زیادہ قیام کیا۔ مولانا موصوف سے مغرب کی نماز کے وقت ہر روز مسجد حرام میں ملاقات ہو جاتی تھی۔ مولانا موصوف مسجد حرام میں حطیم کے سامنے والے حصہ میں اپنی نمازیں ادا کیا کرتے تھے۔ یہاں مختلف ممالک کے علماء اور مشائخ جمع ہوتے اور اپنی نمازیں ادا کیا کرتے تھے۔ اگر مولانا موصوف سے میری ملاقات اس جگہ نہ ہوتی تو عبد الحمید خاں صاحب کو میری تلاش میں بھیج کر مجھے اپنے پاس بلاتے اور میں ان کے ساتھ اپنی نماز مغرب ادا کیا کرتا تھا۔ عبد الحمید خاں صاحب پھلواری شریف کے مریدوں میں ہیں اور مولانا موصوف سے ان کی قربت ہے۔ راقم کو اس جگہ نماز ادا کرنے میں تامل محسوس ہوتا کیونکہ میرا تعلق نہ طبقہ علماء سے تھا اور نہ طبقہ مشائخ سے بعد نماز مغرب مولانا موصوف مجھے ہندوستان کے ان سجادہ نشینوں سے ملاقات کراتے تھے جو حج کے لیے آئے ہوئے تھے۔ میں ان حضرات سے دین کی باتیں سنتا جو میرے لیے بہت سودمند ہوا کرتی تھیں۔ ایک روز جب راقم نماز مغرب ادا کر کے وہاں سے واپس آرہا تھا تو اتفاقاً ایک فارسی داں ترکی عالم سے ملاقات ہوگئی اور انہوں نے امام ابو حنیفہؒ کے متعلق بہت سی باتیں بتائیں جو مجھے بہت پسند آئیں اور ان سے میری معلومات میں بہت کچھ اضافہ ہوا۔ مولانا موصوف کی کرم فرمائی کی بدولت میری ملاقات اچھے اچھے عالموں سے ہوئی جس کے لیے میں ان کا مشکور ہوں۔
۱۹۷۰ء میں میرے چھوٹے لڑکے ڈاکٹر اشرف حسین سلمہٗ کے عقد نکاح کے موقع پر لڑکی

Marfat.com

والوں کی طرف سے مولانا موصوف قاضی بن کر آئے اور بعد نکاح مجھے مبارک باد دیتے ہوئے دولہا اور دلہن کے لیے اللہ سے دعائیں کیں۔ اللہ نے ان کی دعاؤں کو قبول فرمایا اور یہ شادی ہر لحاظ سے نہایت ہی مبارک اور کامیاب رہی ۱۹۷۳ء میں ازراہ کرم مولانا موصوف میری اہلیہ مرحومہ کے چہارم کے فاتحہ کے روز میری رہائش گاہ پر آئے اور دیر تک قیام کیا۔ جب سب لوگ قرآن خوانی اور فاتحہ کے بعد واپس چلے گئے تو میں مولانا موصوف کو زحمت دے کر اپنے کمرے میں لے گیا جہاں انہوں نے کلام اللہ کی تلاوت کر کے اہلیہ مرحومہ کے لیے دعاء خیر کی جس میں صرف راقم اور میرے تینوں لڑکوں نے شرکت کی۔ میں مولانا موصوف کی بڑی قدر کرتا ہوں اور میری دعاء ہے کہ اللہ انہیں صحت و تندرستی کے ساتھ عرصہ دراز تک دین وملت کی خدمت کے لیے قائم رکھے۔

مولانا شاہ عزالدین ندوی:

مولانا عزالدین کا آبائی وطن پھلواری شریف تھا جہاں وہ ۱۹۱۴ء میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد کا نام شاہ معین الدین قادری تھا۔ آپ مولانا شاہ سلیمان کے نواسہ اور مولانا شاہ محی الدین کے داماد تھے۔ موصوف اپنی ابتدائی تعلیم کے حصول کے لیے ندوۃ العلماء لکھنؤ گئے جہاں سے انہوں نے فاضل کی ڈگری حاصل کی اور فرسٹ کلاس فرسٹ آئے۔ موصوف ندوہ کے ممتاز فارغین میں شمار کیے جاتے تھے۔ تعلیمی فراغت کے بعد وہ چند ماہ تک موتیہاری کے مدرسہ میں صدر مدرس کے عہدے پر فائز رہے۔ علامہ سید سلیمان ندوی نے انہیں دار العلوم ندوۃ العلماء مین ادب اور تفسیر کے استاذ کی حیثیت سے مقرر کیا مگر ندوہ میں ان کے قیام کی مدت صرف ایک سال رہی۔ مدرسہ اسلامیہ رانچی میں بھی کچھ عرصہ تک پرنسپل رہے۔ شاعر مشرق ڈاکٹر سر محمد اقبال کی دعوت پر لاہور گئے۔ ان دنوں ڈاکٹر سر محمد اقبال حمایت اسلام لاہور کے صدر تھے۔ انہوں نے شاہی مسجد لاہور کے امام اور خطیب کے لیے مولانا عزالدین کو مدعو کیا۔ موصوف چار سال تک شاہی مسجد لاہور کے امام اور خطیب رہے اور ان کے جمعہ کے خطبہ کی بڑی شہرت تھی۔ ڈاکٹر سر محمد اقبال ہر جمعہ کی نماز شاہی مسجد میں ادا کرتے تھے اور بڑے ذوق وشوق کے ساتھ صاحب موصوف کا خطبہ سنا کرتے تھے۔ ۱۹۳۸ء

Marfat.com

میں ڈاکٹر سر محمد اقبال کے انتقال کے بعد مولانا اپنے وطن لوٹ آئے۔ ۱۹۵۶ء میں راقم کے سخت اصرار پر مدرسہ شمس الہدیٰ، پٹنہ میں حدیث کے استاذ ہوئے اور اس کے بعد ۱۹۶۷ء میں پٹنہ کے ادارۂ تحقیقات عربی و فارسی میں شعبہ عربی کے صدر مقرر کیے گئے۔ ۱۹۷۲ء میں پنشن پائی۔ ۱۱ر مئی ۱۹۷۷ء کو پورنیہ میں صاحب موصوف کا انتقال ہوا اور ان کی لاش پھلواری شریف لائی گئی۔ آپ کی نماز جنازہ مولانا سید شاہ امان اللہ قادریؒ نے پڑھائی اور باغ مجیبی میں دفن کیے گئے۔ ان کی تصانیف میں کتاب ''علوم الحدیث'' بڑی شہرت کی حامل ہے اور اس کے دو ایڈیشن نکل چکے ہیں۔ اس کتاب کے علاوہ ''کشف الظلام''، ''حیات احمد بن حنبلؒ'' اور سیرات اسلام بھی تصنیف کی ہیں۔ ان کے علاوہ صاحب موصوف کے بہت سے مضامین جو عربی زبان میں لکھے گئے تھے، ملک اور بیرون ملک کے متعدد پرچوں اور اخباروں میں شائع ہوتے رہے۔ صدر جمہوریہ ہند نے مولانا موصوف کو ۲ر اپریل ۱۹۷۷ء کو عربی کی مسلمہ قابلیت اور شغف کے لیے سند عطا فرمائی۔ صاحب موصوف بدقسمتی سے سند پانے کے صرف ایک ماہ بعد انتقال کر گئے جس کا راقم کو بہت افسوس ہے۔ مولانا موصوف کے ساتھ راقم کو بھی صدر جمہوریہ ہند نے سند عطا فرمائی تھی۔

مولانا سے راقم کے تعلقات:

مولانا موصوف سے راقم کے خاندانی تعلقات تھے۔ آپ کے نانا مولانا، قاری سید شاہ محمد سلیمان پھلواروی میرے نانا مرحوم کے عزیز دوستوں میں تھے۔ اکثر نانا مرحوم انہیں اپنی رہائش گاہ پر مدعو کرتے اور مسجد سیف خاں میں ان سے وعظ کہلواتے اور سیرت النبی کے جلسوں میں ان سے تقریر کراتے تھے۔ مولانا عزالدین سے میری دوستی ۳۰۔۳۵ سال تک قائم رہی اور ہم لوگ ایک دوسرے سے نہایت خلوص سے ملتے رہے۔ جب مولانا موصوف مدرسہ شمس الہدیٰ میں مدرس مقرر ہوئے تو ہفتہ میں دو چار بار راقم کی رہائش گاہ پر آتے تھے اور ہم لوگوں کے درمیان طرح طرح کی باتیں ہوا کرتی تھیں۔ مولانا کو پان کھانے کا بڑا شوق تھا اور اسی کے ساتھ بہت زیادہ مقدار میں تمباکو کھاتے تھے۔ میں نے مولانا کو بہت بار تمباکو خوردنی کی عادت کو ترک کرنے کو کہا مگر وہ آخر دم تک اپنی اس پرانی عادت

Marfat.com

پر قائم رہے۔ گرچہ موصوف ایک جید عالم تھے مگر کبھی بھی اپنے علم پر غرور نہ کیا۔ صاحب موصوف نہایت ہی منکسر مزاج اور ملنسار انسان تھے۔ میری والدہ مرحومہ ان کی بڑی عزت کرتی تھیں۔ جب مولانا موصوف راقم سے ملنے آتے تو والدہ مرحومہ انہیں نذرانہ پیش کرتی تھیں۔ والدہ مرحومہ کے انتقال کے بعد مولانا نے ان کے چہارم کا فاتحہ پڑھا اور دعائے خیر کی۔ مولانا موصوف کو والدہ کے انتقال پر بڑا صدمہ ہوا کیونکہ والدہ نے انہیں لڑکپن سے دیکھا تھا اور پیر زادہ صاحب کے لقب سے یاد فرمایا کرتی تھیں۔ ہر سال خدابخش لائبریری میں خان بہادر خدابخش خاں کی برسی منائی جاتی ہے اور اس موقع پر سیرت النبی کا جلسہ منعقد کیا جاتا ہے۔ بحیثیت ڈائرکٹر راقم نے کرزن ریڈنگ روم میں سیرت النبی کا ایک جلسہ منعقد کیا اور مولانا عزالدین کو مدعو کر کے رسول اکرمؐ کے اوصاف حمیدہ پر تقریر کرائی جو نہایت ہی عالمانہ تھی اور حاضرین جلسہ نے اسے بہت پسند کیا۔

۱۹۷۶ء میں صدر جمہوریہ ہند نے مولانا کو عربی کی مسلمہ قابلیت پر سند عطا کی۔ راقم کو بھی اس سال فارسی کے لیے سند عطا ہوئی تھی۔ راقم اور مولانا اپنی اپنی سند لینے کے لیے ۳۱ر مارچ ۱۹۷۷ء کو ایک ساتھ پٹنہ سے دہلی گئے اور ہم لوگوں کا سفر نہایت ہی ہنسی خوشی سے گذرا۔ مولانا کے استقبال کے لیے نئی دہلی کے ریلوے اسٹیشن پر صبح سویرے حضرت خواجہ حسن ثانی نظامی موجود تھے اور انہیں اپنی جیپ میں بٹھا کر اس ہوٹل میں لے گئے جہاں حکومت ہند نے مولانا کے تین روز کے قیام کا انتظام کیا تھا۔ تین روز بعد مولانا موصوف ہوٹل سے جا کر کئی روز حضرت خواجہ حسن ثانی نظامی کے ساتھ ٹھہرے۔ واپسی میں ہم دونوں پٹنہ ساتھ آئے۔ مولانا سے راقم کی یہ آخری ملاقات تھی۔ پورنیہ کے لوگ مولانا کے بے حد معتقد تھے اور ان لوگوں کے اصرار پر صاحب موصوف پورنیہ تشریف لے گئے۔ ایک دن اچانک سینہ میں تکلیف شروع ہوئی اور عزیزوں سے دور پورنیہ میں انتقال فرمایا۔ نہایت خوب آدمی تھے۔ اللہ انہیں غریق رحمت کرے۔

✪✪✪

Marfat.com

بیسواں باب

ڈاکٹر ذاکر حسین سے میری چند ملاقاتیں

پہلی ملاقات:

میری ملاقات مرحوم ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب سے پہلی بار غالباً ۱۹۳۱ء میں دہلی میں ہوئی۔ میں ان کے پاس ایک تعارفی خط امام المشائخ حضرت خواجہ حسن نظامیؒ کا لے کر گیا تھا۔ امام المشائخ کا خط دیکھ کر وہ بہت خوش ہوئے اور دیر تک ان کی خوبیوں کا تذکرہ کرتے رہے۔ اس زمانہ میں "سام مرزا صفوی" کا تذکرہ "تحفہ سامی" پر کام کر رہا تھا اور میں نے اس کام میں ڈاکٹر صاحب کا مشورہ لینا مناسب سمجھا تھا۔ اس کتاب کو پٹنہ یونیورسٹی شائع کرانے والی تھی اور میں اس کو نہایت خوبی کے ساتھ ایڈٹ کرنا چاہتا تھا۔ ڈاکٹر صاحب پروفیسر براؤن (Prof. Browne) کی۔ "تاریخ ادبیات ایران" میں اس کتاب کے متعلق پڑھ چکے تھے۔ پروفیسر براؤن نے "تحفۂ سامی" کو ایک گراں بہا کتاب قرار دیا تھا۔ ازراہ کرم ڈاکٹر صاحب نے مجھے مشورہ دیا کہ کتاب کو اس طرح ایڈٹ کیا جائے کہ متن میں کوئی غلطی اور خامی نہ رہ جائے اور حواشی کے نوٹ کو زیادہ طول نہ دیا جائے۔ میں نے ڈاکٹر صاحب کے اس مشورہ پر پورا عمل کیا۔ جب یہ کتاب ۱۹۳۴ء میں پٹنہ یونیورسٹی کے توسل سے شائع ہوئی تو ایران اور یورپ میں یہ ایڈیشن نہایت مقبول ہوا۔ میں نے ایک نسخہ کتاب کا ڈاکٹر صاحب کی خدمت میں ڈاک سے روانہ کر دیا اور تین مہینوں بعد جب میں دلّی جا کر ان سے ملا تو وہ کتاب "تحفۂ سامی" کو پڑھ چکے تھے۔ میری ہمت افزائی کی اور ان خطوط کو دیکھا جو میرے پاس کتاب کے بارے میں ایران اور یورپ سے آئے تھے خصوصاً مرزا محمد قزوینی اور آقائی محمد علی تربیت کے خطوں کو نہایت شوق سے پڑھا۔ مجھے اعتراف ہے کہ یہ سب کچھ ڈاکٹر صاحب

Marfat.com

کے اچھے مشوروں کی بدولت ہوا۔

ڈاکٹر صاحب ایک خوش مزاج انسان تھے اور ہر بات میں ان کی متین ظرافت کا اظہار ہوتا تھا۔ کتاب کھول کر آگہی خراسانی کا احوال پڑھنا شروع کیا۔ سام مرزا نے اس شاعر کے بارے میں لکھا ہے کہ خباثت اس کے مزاج پر غالب تھی اور مختلف قسم کے "شہر آشوب" لکھا کرتا تھا۔

ڈاکٹر صاحب اس شاعر کے متعلق کہنے لگے کہ خوب آدمی تھے اور ایک بات تو ایسی کہی ہے جس کو میں نے پہلے کبھی نہیں سنا تھا۔ چیل کے بارے میں کہتے ہیں کہ چھ مہینے نر اور چھ مہینے مادہ رہتی ہے۔ آگہی خراسانی نے مولانا محمد طبسی کی (جو کہ عام طور سے احمد آتون کہے جاتے تھے) خوب ہنسی مندرجہ ذیل شعر میں اڑائی ہے۔

احمد آتون گہی شیعی گہی سنّی بود
چون غلیواجی کہ شش مہ مادہ و شش مہ نرست

پھر فرمایا کہ احمد آتون بڑے وقت شناس انسان تھے۔ کبھی اپنے کو شیعہ کہتے اور کبھی سنّی یہ کہہ کر ڈاکٹر صاحب خوب ہنسے اور کہا کہ آپ کے پٹنہ میں ایسے لوگ موجود ہیں جو اپنے کو کبھی شیعہ اور کبھی سنّی ضرورت کے مطابق کہتے ہیں یہ اشارہ میرے ملنے والوں میں ایک صاحب کی طرف تھا جو اپنے کو کبھی سنّی اور کبھی شیعہ کہتے تھے۔ سام مرزا کے بارے میں کہا کہ جب وہ قید میں تھا تو اس نے وصیت کی تھی کہ جب وہ مر جائے تو دفن کرنے کے بعد اس کے لوحِ قبر پر رباعی کندہ کر دی جائے:

سامی ز غم زمانہ بیغم می باش
با محنت درد و عشق ہمدم می باش
چون موجب شادی حقیقی مرگ است
گر مرگ رسد تو شادو خرم می باش

میں نے بعد تحقیق اس رباعی کو "تحفہ سامی" کے دوسرے ایڈیشن کے دیباچہ میں درج کر دیا ہے۔

Marfat.com

دوسری ملاقات:

۱۹۳۷ء میں میری کتاب "The Early Persian Poets of India" کو پٹنہ یونیورسٹی نے شائع کیا۔ میں نے پہلی کاپی ڈاکٹر صاحب کی خدمت میں بذریعہ ڈاک روانہ کیا۔ جب کتاب دہلی پہنچی تو ڈاکٹر صاحب بیمار تھے اور شہر سے باہر گئے ہوئے تھے۔ وقت پر رسید نہ بھیجنے کی معذرت چاہی اور اپنے خط میں میری کتاب کی تعریف کرتے ہوئے مجھے تحقیقی کاموں کو جاری رکھنے کا مشورہ دیا۔ اس خط کو میں نے ۵۰ سال سے بطور یادگار اپنے پاس محفوظ رکھا ہے۔ ایک سال بعد ڈاکٹر صاحب نے مجھ سے اس کتاب کی تین کاپیاں طلب کیں اور جب میں دہلی سرکاری کام سے گیا تو ان تین کاپیوں کو ڈاکٹر صاحب کی خدمت میں پیش کیا وہ بہت خوش ہوئے اور کہنے لگے کہ میں محمود شیرانی سے اس بات پر اتفاق کرتا ہوں کہ کچھ عرصہ تک اس طرح کی کتاب نہیں لکھی جائے گی۔ ڈاکٹر صاحب مرحوم کا مقابلہ نئی کتابوں کے پڑھنے میں کوئی نہیں کر سکتا تھا۔ جب بھی کسی نئی کتاب کا تذکرہ کیجئے خواہ اردو کی ہو یا انگریزی کی یہ کتاب ڈاکٹر صاحب کی نظر سے گذر چکی ہوگی اور اس پر وہ اپنا عالمانہ تبصرہ فوراً دیتے تھے۔ کہنے لگے کہ میں شیرانی صاحب کا تبصرہ پڑھ چکا ہوں۔ لاؤ تمہارے سامنے کتاب کو پڑھوں۔ چونکہ میری کتاب Sir Denison Ross، ڈاکٹر عظیم الدین احمد اور ڈاکٹر ہادی حسن کے مشوروں سے مرتب کی گئی تھی کچھ دیر تک ان بزرگوں کا تذکرہ رہا۔ ڈاکٹر صاحب موصوف Sir Denison Ross سے خوب واقف تھے اور اکثر ان کی خدمات کی تعریف کیا کرتے تھے، میں نے ابوالفرج رونی کے بارے میں جو کچھ لکھا تھا اس کو بہت پسند کیا اور فیضی کے ایک قصیدہ کے چند اشعار پڑھے جس میں اس نے ابوالفرج رونی کا تتبع کیا تھا۔ رونی کی رباعیوں کو بھی بہت پسند کیا۔ عمید الدین کے اشعار کو بھی شوق سے پڑھا۔ خصوصاً اس نظم کو جس میں شراب اور بھانگ کے درمیان مناظرہ درج ہے۔ عمید الدین کے اس قصیدے کو جس کی تشبیب یہ ہے:

دارم جفائی نو بہ نوزین چرخ ناخوش منظری
کوری کبودی کج روی عاقل کشی دون پروری

Marfat.com

نہایت شوق سے شروع سے آخر تک پڑھااور مندرجہ ذیل شعر کو کئی بار پڑھا:

برخیز برعزم سفر زیں جای ناخوش درگذر
کاندر تنور شیشہ گر قیمت ندارد جوہری

ڈاکٹر صاحب سے یہ ملاقات مجھے ہمیشہ یاد رہے گی۔ انہوں نے اپنے چند ضروری کاموں کو چھوڑ کر مجھے موقع دیا کہ میں ان سے کچھ استفادہ کر سکوں۔ میں بغیر اطلاع کیے ان سے ملنے گیا تھااور انہوں نے نہایت خندہ پیشانی سے میرے ساتھ اپنا قیمتی وقت صرف کیا۔

تیسری ملاقات:

ڈاکٹر عبدالحفیظ فردوسی اپنے مرادپور کے بنگلے میں مقیم تھے۔ یہاں اب پٹنہ مارکٹ بن گیا ہے۔ ان کا لڑکا جامعہ ملیہ میں پڑھتا تھا۔ کسی کام سے ڈاکٹر ذاکر حسین غالباً ۱۹۴۳ء میں جب پٹنہ تشریف لائے تو ڈاکٹر حفیظ نے ان کو یہاں چائے پر مدعو کیا اور مجھے بھی بلایا۔ میں مسٹر امتیاز محمد خاں (ایم۔اے علی گڑھ ولندن) کے ساتھ جو اس زمانہ میں دانا پور کھگول ریلوے اسکول کے ہیڈ ماسٹر تھے اس دعوت میں شرکت کے لیے گیا۔ ہم لوگ کچھ پہلے پہنچے تو مسٹر امتیاز محمد خاں نے مجھ سے ڈاکٹر ذاکر حسین کے بنیادی تعلیم کی اسکیم پر اعتراض کرنا شروع کیا۔ میں نے ان کو روکا اور کہا کہ یہ موقع ان سب باتوں کا نہیں ہے۔ ڈاکٹر صاحب کا قیام پٹنہ میں تین دن اور رہے گا آپ ان سے مل کر اپنی بدگمانیوں کو دور کر لیں۔ اسی اثناء میں ڈاکٹر صاحب کمرے میں داخل ہوئے اور ہم مختلف موضوع پر، خصوصاً مسلمانوں کی تعلیم کے بارے میں ان سے باتیں کرتے رہے، چائے کی میز بڑی لمبی تھی اور ہر قسم کے کھانوں اور پھلوں سے لدی ہوئی تھی۔ جب چائے شروع کرنے میں دیر ہوئی تو ڈاکٹر صاحب نے اپنے مخصوص انداز میں کہا کہ یہ تو جنت کا نظارہ معلوم ہوتا ہے۔ کل اچھی اچھی چیزیں سامنے رکھی ہوئی ہوں مگر کوئی ان چیزوں کی طرف توجہ نہیں کرنے والا ہے۔ میرے دوستوں میں سے ایک نے اپنے علی گڑھ کے انداز میں کہا کہ حضرت جبرئیل کا انتظار ہے۔ وہ یہ کہہ ہی رہے تھے کہ مولانا سید سلیمان ندوی کمرے میں داخل ہوئے اور چند لوگوں نے جو مولانا سلیمان ندوی کے ہم سن تھے بآواز بلند کہا کہ حضرت جبرئیل آگئے اب چائے شروع کی

Marfat.com

جائے۔ مولانا سید سلیمان ندوی سے لوگوں نے کہا کہ آج سے آپ کا خطاب جبرئیل ہو گیا۔ سلیمان ندوی صاحب نے بھی ہنسی میں شرکت کی اور تقریباً ایک گھنٹہ تک ڈاکٹر صاحب نے اپنی باتوں سے ہم لوگوں پر جادو کا اثر ڈالا اور ہم لوگ دم بخود ان کی باتوں کو سنتے رہے۔ کیونکہ گفتگو کا موضوع اسلامیات تھا۔ مولانا سلیمان ندوی جب اسلامیات کی باتیں ہوں تو کب چپ رہنے والے تھے کبھی تو ڈاکٹر صاحب کا ساتھ دیتے تھے اور کبھی نہایت شدت سے اختلاف کرتے تھے۔ جی تو چاہتا تھا کہ ڈاکٹر صاحب کچھ دیر اور بیٹھیں۔ کیونکہ ان کی باتیں ہم لوگوں کے لیے نہایت سودمند اور دلچسپ تھیں، مگر مرادپور کی مسجد سے مغرب کی اذان ہوئی اور جلسہ ختم ہو گیا۔

چوتھی ملاقات:

راج بھون آج بھی اپنی ایک خاص نوعیت اور اہمیت رکھتا ہے۔ یہ ریاست کی ثقافتی اور نیم سیاسی زندگی کا مرکز ہوتا ہے۔ سرکار کا فرض ہے کہ اس کے واجب اخراجات کو فراخ دلی سے برداشت کرے۔ آج کل تو اکثر کہا جاتا ہے کہ گورنر کا عہدہ بیکار ہو چکا ہے اور یہ عہدہ اگر قائم ہی رکھا جائے تو راج پال جی کو کسی چھوٹے مکان میں منتقل کر دیا جائے، کوئی کہتا ہے کہ راج بھون کی عمارت میں گوشالہ کا صدر دفتر قائم کر لیا جائے یا اس میں دھرم شاستر کی کتابوں کا عجائب گھر کھول دیا جائے۔ جیسی عقل ویسی باتیں۔

ڈاکٹر صاحب کے آنے سے پہلے راج بھون کی رونق میں کمی آ چکی تھی۔ جب ڈاکٹر صاحب تشریف لائے تو نقشہ ہی بدل گیا۔ فراش، چپراسی، جمعدار، چوبدار وغیرہ صاف سفید کپڑوں میں ملبوس نظر آنے لگے۔ راج بھون کی برساتی کے دوسری جانب جو کمرہ عرصہ دراز سے گورنر سے ملنے والوں کے لیے مخصوص تھا فرنیچر سے آراستہ کیا گیا اور نامور قومی لیڈروں کی تصویروں سے مزین ہوا۔ اس انتظام سے گورنر کے ملنے والوں کو بہت سہولت ہو گئی اور ان کو ADC کے کمرے میں بیٹھنے کی حاجت باقی نہ رہی اکثر لوگ ADC کے کمرے میں بیٹھ کر انتظار کرنا پسند نہیں کرتے تھے۔ ڈاکٹر صاحب کی آمد نے بہار راج بھون کو ایک نئی زندگی بخشی۔ اس زمانہ میں کرنل بھٹناگر جو گورنر کے ملیٹری سکریٹری تھے ایک

Marfat.com

نہایت تجربہ کار افسر تھے۔ ڈاکٹر صاحب کی ہمت افزائی کی بدولت راج بھون کے ہر دفتر اور شعبہ میں انہوں نے ایسی درستگی لائی جس کو لوگ اب تک یاد کرتے ہیں۔ دعوتوں کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ ڈاکٹر صاحب نے ہدایت کردی کہ اخراجات اگر اس رقم سے جو گورنر کے مصارف کے لیے دی جاتی ہے (Governor's Sumptuary allowance) زیادہ ہو جائیں تو اس کمی کو ان کے نجی فنڈ سے پورا کر دیا جائے۔

ڈاکٹر صاحب کے گورنر ہونے کے بعد جو پہلی گارڈن پارٹی ۲۶ر جنوری کو دی گئی وہ نہایت شاندار تھی۔ لان کی سبزی دیدہ زیب تھی اور موسمی پھول اپنی کیاریوں میں بہار دکھا رہے تھے۔ کل عمائدین شہر پارٹی میں موجود تھے اور ریاست کے اکثر اضلاع سے بھی مہمان آئے۔ ایک نئی بات یہ ہوئی کہ ریاست کے بہت سے سنئیر پروفیسر نوید دے کر بلائے گئے اس سے پہلے اکثریت سرکاری ملازمین اور ممبران اسمبلی اور کانسل کی ہوا کرتی تھی۔ جن لوگوں نے کچھ عرصہ سے راج بھون کی پارٹیوں میں آنا ترک کر دیا تھا وہ بھی شوق سے آئے۔ گورنر کا عہدہ نہایت عزت وقدر کا ہوتا ہے۔ ڈاکٹر صاحب کے ایسا شریف انسان جب گورنر بہار ہو کر آیا تو ان سے ملنے کی تمنا ہر مہمان کے دل میں تھی۔ وقت معین پر ذاکر صاحب پارٹی میں تشریف لائے۔ وہ چوڑی دار پائجامہ سیاہ رنگ کی شیروانی اور اسی رنگ کی ٹوپی پہنے ہوئے تھے۔ ان کے آتے ہی بینڈ نے "جن گن من" کی دھن بجائی اور اس کے بعد مہمان ناشتے کی میزوں کی طرف گئے۔ ناشتہ نہایت پر تکلف تھا۔ انگریزی او رہندوستانی مٹھائیاں اور پھل موجود تھے۔ مہمانوں نے گاجر کا حلوہ جس کو ڈاکٹر صاحب نے شوق سے بنوایا تھا خوب کھایا اور پسند کیا۔ اعلیٰ قسم کے سگریٹ اور سگار سے مہمانوں کی تواضع کی گئی۔ ناشتہ کے بعد ڈاکٹر صاحب مہمانوں سے ملنے لگے۔ کرنل بھٹناگر بہت سے لوگوں سے واقف تھے انہیں ڈاکٹر صاحب سے ملانا شروع کیا خاص طور سے مسٹر الکھ نرائن سنہا، سابق انسپکٹر جنرل پولس، پرنسپل معین الحق، پدم شری وشنو کانت جھا، فادر مرفی اور ایسے ہی چند اشخاص کو ڈاکٹر صاحب سے ملایا۔ جب میں ڈاکٹر صاحب سے ملا تو انہوں نے مجھ سے میری اہلیہ کی خیریت دریافت کی جو ان دنوں سخت علیل تھیں۔ آج کل گورنر کے ملیٹری سکریٹری بہت کم لوگوں سے واقف ہوتے ہیں اور مہمانوں کو گورنر سے ملانے میں ان کو دشواری ہوتی ہے۔

Marfat.com

پہلے کا دستور بہت اچھا تھا کہ نوید کے کارڈ کے ساتھ ایک چھوٹا تعارفی کارڈ جس پر مہمان کا نام اور پتہ درج ہوتا بھیجا جاتا تھا۔ گورنر کے سامنے ملیٹری سکریٹری اس چھوٹے کارڈ کو بڑھادیتا تھا اور نہایت آسانی سے تعارف ہو جاتا تھا۔ اب تو مہمانوں کو خود ہی اپنا نام اور پتہ بتا کر تعارف کرانا ہوتا ہے۔ آج کل ان جلسوں میں لباس کی کوئی پابندی باقی نہیں رہی۔ پہلے تو سب لوگ سیاہ رنگ کی شیروانی یا بند کوٹ پہن کر آتے تھے اور گرمیوں میں لباس کا رنگ سفید یا بادامی ہوتا تھا۔ پارٹی ذرا دیر کر کے ختم ہوئی اور میں مرحوم بھائی بعد الجلیل صاحب وکیل کو ساتھ لے کر گھر واپس آیا۔ راستہ بھر بھائی جلیل ڈاکٹر صاحب کی جامعہ ملیہ کی قدیم باتوں کو یاد دلاتے آئے اور ان کی شفقت اور عنایت کا تذکرہ بہت خلوص سے کیا۔ یہ بھی یاد دلایا کہ ڈاکٹر صاحب شروع میں کس جفاکشی کی زندگی گزارتے تھے اور جامعہ ملیہ سے جامع مسجد پیدل جایا کرتے تھے، لباس بھی نہایت موٹے اور معمولی کپڑوں کا ہوا کرتا تھا اور موٹے کپڑے کی اونچی ٹوپی جواب گاندھی نما ٹوپی میں بدل گئی تھی، پہنا کرتے تھے۔

پانچویں ملاقات:

اپنے عقیدے کے بنا پر مجھے ایک مرتبہ ڈاکٹر صاحب کی دعوت میں شریک ہونے سے انکار کرنا پڑا۔ بات یوں ہوئی کہ نیپال کے کوئی رانا پٹنہ آئے تھے اور ڈاکٹر صاحب نے انکو رات کے کھانے پر مدعو کیا تھا۔ مسلمانوں میں لیڈی امام، نواب زادہ سید محمد مہدی، ڈاکٹر عبد الحیٰ اور میں بلایا گیا تھا۔ ڈاکٹر عبدالحیٰ دعوت میں شریک ہوئے۔ لیڈی امام، نواب زادہ سید محمد مہدی اور میں نے کھانے میں شرکت نہ کی۔ دعوت کی رات شب عاشورہ تھی اس لیے ہم لوگوں کا دعوت میں جانا ناممکن تھا۔ لیڈی امام نے خط لکھ کر دعوت میں شریک ہونے سے انکار کیا اور یہ بھی لکھا کہ شب عاشورہ میں مسلمانوں کو دعوت دینا ان کے جذبات کو مجروح کرنا ہے۔ میں نے نواب زادہ صاحب سے دریافت کیا کہ کیا جواب دیا جائے؟ نواب زادہ نے جو لیڈی امام کے جواب سے باخبر تھے مجھ سے کہا کہ لکھ دیا جائے کہ دوران عشرہ محرم میں کسی دعوت میں شریک نہیں ہوتا ہوں، اس لیے میری غیر حاضری معاف کی جائے۔ نواب زادہ نے خود بھی اسی طرح کا جواب روانہ کیا اور بات ختم ہو گئی۔

Marfat.com

کچھ عرصہ پہلے تک یہ دستور تھا کہ جو لوگ گورنر سے ملتے یا ان کے یہاں دعوتوں میں شریک ہوتے ان کے نام "راج بھون" کی طرف سے پٹنہ کے اخباروں میں شائع کردیے جاتے تھے۔ اس خبر کو دیکھ کر کہ ڈاکٹر عبدالحی بھی شریک تھے، کچھ لوگوں نے اعتراض کیا اور مختلف طرح کے تبصرے ہوئے میں تو اس واقعہ کو بھلا چکا تھا اور اس میں میری کوئی دلچسپی باقی نہ رہی تھی۔ کچھ عرصہ تک میری ملاقات ڈاکٹر عبدالحیؒ سے نہ ہو سکی۔ ایک دن ڈاکٹر صاحب کا خط آیا کہ میں "راج بھون" آکر ان کتابوں کو دیکھوں جن کو مسٹر اس۔ وی۔ سوہنی، آئی۔ سی۔ ایس موضع کواتھ ضلع شاہ آباد سے لائے تھے۔ یہ کتابیں میرے دوست الحاج جان محمد بلگرامی کی ملکیت تھیں اور ان سب کتابوں کو وہ خدا بخش لائبریری کو فروخت کرنا چاہتے تھے۔ ہر قسم کی کتابیں تھیں جن میں کچھ اچھی کتابیں بھی مجھے نظر آئیں۔ میں نے ان کتابوں کو تقریباً تین گھنٹے دیکھ کر واجبی قیمت لگادی جو اس قیمت سے کچھ زیادہ تھی جو ایک صاحب پہلے لگا چکے تھے۔ جب یہ کام ختم ہو گیا تو ڈاکٹر صاحب مجھے چائے کے کمرے میں لے گئے اور دوران گفتگو عاشورہ کی دعوت کا تذکرہ آہی گیا۔ ایسا معلوم ہوا کہ ڈاکٹر صاحب کو ہم لوگوں کی غیر حاضری کا افسوس تھا۔ فرمانے لگے کہ شب عاشورہ ایک برکت والی رات ہے۔ عرب اس رات کو مبارک سمجھ کر دعوتیں کرتے ہیں اور لوگ شوق سے ان دعوتوں میں شریک ہوتے ہیں۔ میں ڈاکٹر صاحب کے سامنے کیا بولتا؟ تھوڑی دیر چپ رہنے کے بعد نہایت ادب کے ساتھ میں نے عرض کیا کہ شب عاشورہ تو میرے لیے غم کی رات ہے میں کیونکر دعوت میں شریک ہو سکتا تھا۔ کھانا تو بہت دور کی بات ہے میں تو غم امام مظلوم میں شب عاشورہ میں پانی تک نہیں پیتا ہوں۔ ڈاکٹر صاحب کچھ بولنا چاہتے تھے، معلوم نہیں کیوں خاموش ہو گئے اور دوسری دوسری باتیں کرنے لگے۔ مغرب کا وقت نزدیک تھا۔ میں اجازت لے کر گھر کے لیے روانہ ہو گیا۔ ڈاکٹر صاحب اپنے عقیدوں کا اظہار خواہ وہ مذہبی ہوں یا سیاسی نہایت دلیری سے کیا کرتے تھے۔

چھٹی ملاقات:

۱۹۶۰ء میں بہ حیثیت پرنسپل پٹنہ کالج پٹنہ میں رسل میموریل ٹرسٹ کا سکریٹری تھا۔

Marfat.com

مسٹر چارلس رسل ۱۹۰۴ء سے ۱۹۱۱ء تک پٹنہ کالج کے پروفیسر اور پرنسپل تھے۔ دوران پہلی جنگ عظیم مسٹر چارلس رسل وطن کی خاطر انگریزی فوج میں جو جنرل الن بی کے کمان میں میں تھی داخل ہوگئے اور دوران جنگ نہایت گراں بہا خدمات انجام دیتے رہے۔ ۲۲ر نومبر ۱۹۱۷ء کو جب انگریزی فوج حملہ آور ہوکر یروشلم کے فصیل تک پہنچ چکی تھی اور فتح رسل کی نظروں کے سامنے تھی کہ دشمن کی ایک گولی نے ان کی زندگی کا خاتمہ کر دیا۔ ایسے بہادر دانشور کی یاد میں اس کے چند دوستوں نے یہ ٹرسٹ قائم کیا ہے۔ اس ٹرسٹ کی آمدنی سے کسی موضوع پر جس کا تعلق ادب یا فلسفہ یا سائنس سے ہو "لکچر" کا خرچ ادا ہوتا ہے اور یہ لکچرس "رسل لکچر" کے نام سے موسوم ہیں۔ پہلے یہ لکچرس "آکسفورڈ یونیورسٹی پریس" سے شائع ہوتے تھے، اور اب پٹنہ یونیورسٹی ان کو اپنے پریس سے شائع کراتی ہے۔ خطبہ دینے کے لیے کسی نہایت قابل اور نامور شخص کا انتخاب ہوتا ہے۔ ۱۹۶۱ء میں مقرر کا انتخاب میں نے ڈاکٹر صاحب کی مرضی پر چھوڑ دیا۔ جو ان دنوں پٹنہ یونیورسٹی کے چانسلر تھے، ڈاکٹر صاحب نے اس کام کے لیے پروفیسر ہمایوں کبیر کو منتخب کیا جو مرکزی حکومت میں وزیر تھے اور اپنی اعلیٰ قابلیت کے لیے مشہور تھے۔ اس انتخاب سے مجھے بہت خوشی ہوئی کیونکہ پروفیسر موصوف میرے دیرینہ دوست تھے اور مرتے دم تک ان کی اور میری دوستی برقرار رہی۔ پروفیسر ہمایوں کبیر کے لکچر کا موضوع "مرزا ابوطالب خاں" تھا جو اپنے زمانہ کے نامور دانشور، سیاح اور مورخ تھے۔ ۱۶ر اپریل ۱۹۶۱ء کو جلسہ پٹنہ کالج میں ہوا۔ چونکہ دو بڑے دانشوروں (ڈاکٹر ذاکر حسین اور پروفیسر ہمایوں کبیر) کی شرکت ہونے والی تھی شائقین کا بڑا اجتماع ہوا اور جلسہ کا انتظام جگہ کی کمی کے باعث ولسن گارڈن کے کھلے میدان میں کرنا پڑا۔ پہلے ڈاکٹر صاحب مرحوم نے اپنا خطبۂ صدارت پڑھا جو کہ نہایت عالمانہ تھا اور حاضرین نے نہایت شوق سے سنا اور خوب داد ملی۔ ڈاکٹر صاحب نے اپنے خطبہ میں افلاطون سے لے کر ٹیگور اور مولانا آزاد تک کا تذکرہ کیا اور بتایا کہ کس طور سے ان بزرگوں نے عوام کی خدمت کی ہے اور باوجود اپنی برتری کے کبھی بھی عوام الناس سے الگ نہیں رہے۔ ڈاکٹر صاحب نے فرمایا:

"These giants of the spirit had not

Marfat.com

been able to persuade themselves into an attitude of indifference towards the society of common man in which they lived and had their being: Men and affairs have claimed their attention, and political thinking as well as political action have been enriched by their participation."

پھر پروفیسر ہمایوں کبیر نے اپنا خطبہ پڑھا اور اس کے ختم ہونے پر ہم لوگ چائے کی دعوت میں شریک ہوئے جس کا اہتمام پٹنہ یونیورسٹی نے کیا تھا۔ اس دعوت میں حاضرین سے ڈاکٹر صاحب انیسویں صدی کے مورخوں اور دانش وروں کا تذکرہ کرتے رہے۔ ان کی گفتگو کو لوگوں نے خوب جی لگا کر سنا۔ تمام کام ختم ہو جانے کے بعد میں پروفیسر ہمایوں کبیر کے ساتھ راج بھون گیا جہاں ڈاکٹر صاحب نے چند مہمانوں کو رات کے کھانے پر مدعو کیا تھا اور مجھے بھی اس دعوت میں شریک ہونا تھا۔ اس دن ڈاکٹر صاحب کے ٹیبل ٹاکس کا طرز گفتگو بالکل بدلا ہوا تھا۔ جو باتیں ہوئیں وہ سب کی سب نہایت عالمانہ تھیں۔ ڈاکٹر صاحب نے مرزا ابو طالب کے دیوان کا تذکرہ کیا۔ جس کا انگریزی ترجمہ ۱۸۰۷ء میں لندن میں شائع ہوا تھا اور ابو طالب کے کچھ اشعار بھی سنائے۔ اس کے بعد فرمایا کہ مرزا ابو طالب خاں کی چند تصنیفوں کے نسخے بتیا میں مہاراجہ بتیا کے کتب خانہ میں موجود ہیں۔ مہاراجہ کا کتب خانہ اپنے وقت میں ایک مشہور کتب خانہ تھا جہاں بہت سی نادر کتابیں مل جاتی تھیں۔ جب بتیا کے کتب خانہ کا تذکرہ آیا تو میں نے عرض کیا کہ بہار میں زمینداری کے خاتمہ سے بہت سی اچھی چیزیں بھی ختم ہو گئیں اور ہو سکتا ہے کہ بتیا راج کے خاتمہ کے بعد اس کتب خانہ کا بھی خاتمہ ہو گیا ہو۔ ڈاکٹر صاحب نے کتب خانہ کے بارے میں دریافت کرنے کو کہا تھا۔ شاید بھول گئے، اور کوئی بات معلوم نہ ہو سکی۔ مہاراجہ کے کتب خانہ میں میری ذاتی دلچسپی تھی کیونکہ تقریباً سوا سو سال پہلے میرے خاندان کے ایک بزرگ سید نجم الدین صاحب مہاراجہ کے دیوان تھے اور نہایت ہی علم دوست انسان تھے۔ انہوں نے کتب خانہ میں بہت کچھ توسیع کی

Marfat.com

تھی اوران کے زمانہ میں یہ کتب خانہ اپنی نوادرات کے لیے مشہور تھا۔ سید نجم الدین صاحب کا تذکرہ کرنل سلی مین نے اپنی کتاب Rambles and recollections میں کیا ہے۔ ڈاکٹر صاحب کی عالمانہ باتیں جب اس بد مذاقی کے دور میں یاد آتی ہیں تو نہایت دکھ ہوتا ہے۔ اب ایسے لوگوں کا ملنانا ممکن ہے۔

ساتویں ملاقات:

دسمبر ۱۹۶۱ء میں خان بہادر عبیدالرحمٰن خاں شروانی علی گڑھ سے ڈاکٹر صاحب کے اصرار پر پٹنہ تشریف لائے اور مہمان خصوصی کی حیثیت سے ''راج بھون'' میں ٹھہرے۔ ڈاکٹر صاحب نے مجھے فون کر کے کہا میں خان بہادر کو پٹنہ کالج اور پٹنہ یونیورسٹی کے تمام تعلیمی اداروں کو دکھادوں خان بہادر عرصہ دراز سے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے خازن تھے اوران کو پٹنہ یونیورسٹی کی درس گاہوں میں خاص دلچسپی تھی۔ میں خان بہادر کو سید اکبر حسین کے ہمراہ جوان دنوں پٹنہ یونیورسٹی کے خازن تھے اکثر درسگاہوں کو دکھا کر ''راج بھون'' واپس لایا۔ ڈاکٹر صاحب نے ہم لوگوں کا شکریہ ادا کیا اور پھر پٹنہ کالج کے متعلق باتیں ہونے لگیں۔ ڈاکٹر صاحب نے پٹنہ کالج کی صد سالہ خدمتوں کا تذکرہ کیا اور کالج کے چند نامی استادوں کو بھی یاد کیا۔ خصوصاً استاذ محترم ڈاکٹر عظیم الدین احمد کا تذکرہ دیر تک ہوتا رہا۔

۱۳ر دسمبر کی رات کو خان بہادر عبیدالرحمٰن کے اعزاز میں ایک دعوت ہوئی۔ جس میں دس مہمانوں نے شرکت کی۔ کھانے کی میز کا نقشہ میرے پاس یادگار محفوظ ہے۔ بھٹناگر صاحب نے مہمانوں کا استقبال کیا اور ہم لوگوں کو کھانے کے کمرے میں لے گئے۔ بہت جلد ڈاکٹر صاحب بھی تشریف لائے اور کل مہمانوں سے مل کر ان کی مزاج پرسی کی۔ ایک دو مہمانوں سے کچھ عرصہ پر ملاقات ہو رہی تھی اس لیے ان سے دیر تک باتیں کیں۔ یہ ڈاکٹر صاحب کا پرانا دستور تھا جس کے وہ بہت پابند تھے۔ ڈاکٹر صاحب ایک خوش گفتار آدمی تھے اور نہایت ہی دلچسپ انداز سے باتیں کرتے تھے۔ اس رات بھی ڈاکٹر صاحب نے کھانے کی میز پر اپنے ٹیبل ٹاکس سے سب لوگوں کو بے حد خوش کیا۔ کھانے کے دوران مہمانوں کو

Marfat.com

طرح طرح کے قصے سنا کر ہنساتے رہے۔ ایک نواب صاحب کا قصہ سنایا جن کو ایک ہنر مند باورچی کی ضرورت تھی۔ نواب صاحب نے لکھنو جا کر چند اچھے باورچیوں میں سے ایک کا انتخاب کیا اور اس کو اپنے گھر لے گئے، گھر آکر نواب صاحب نے باورچی کو حکم دیا کہ وہ جو سب سے اچھا کھانا پکا سکتا ہے اسے پکا کر روزانہ دستر خوان پر حاضر کیا کرے۔ پہلی رات باورچی نہایت اچھی چپاتیاں اور نہایت خوش مزہ اور خوش رنگ قورمہ پکا کر دستر خوان پر لایا۔ نواب صاحب نے ان کو شوق سے نوش جان فرما کر باورچی کی تعریفیں کیں۔ دوسرے دن باورچی نے پھر وہی چپاتیاں اور قورمہ نواب صاحب کے دستر خوان پر حاضر کیا۔ نواب صاحب نے نہایت برہم ہو کر فرمایا کہ میں تم کو ایک ہنر مند باورچی تصور کرتا تھا مگر اب معلوم ہوا کہ تم چپاتی اور قورمہ کے سوا کچھ نہیں پکا سکتے ہو۔ باورچی نے ہاتھ جوڑ کر عرض کیا کہ قورمہ اور چپاتی شریفوں کا کھانا ہے اور باقی چیزیں نوابوں کے چونچلے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب نے ایک دوسرا قصہ چین کی دعوتوں کا سنایا۔ چین کی دعوتوں میں کھانے کے بعد ہر مہمان کو ایک چورن کی شیشی دی جاتی تھی کہ خوانخواستہ اگر کسی مہمان کو کھانے کے بعد بدہضمی ہو جائے تو چورن کھا کر اپنی تکلیف کو دور کرے۔ اس قصہ پر خوب ہنسی ہوئی اور کسی نے کہا کہ آپ کی باتوں نے ہم لوگوں کو ہنسا کر دستر خوان پر ہی کھانا ہضم کرا دیا۔

ان قصوں کے بعد ذاکر صاحب میری طرف متوجہ ہوئے۔ میں پندرہ سال تک خدا بخش لائبریری کی مجلس انتظامیہ کا ممبر رہ چکا تھا اور کتابوں کی خریداری میں مجھ سے بھی مشورہ طلب کیا جاتا تھا۔ اور میرے کہنے پر مسٹر ایس۔ وی۔ سوہونی۔ آئی۔ سی۔ ایس اکثر کتابیں خریدا کرتے تھے۔ ڈاکٹر صاحب کہنے لگے کہ ایک شاہ صاحب کے پاس کلام اللہ مجید کا نہایت اچھا قلمی نسخہ ہے جس کی قیمت پانچ ہزار روپئے مانگتے ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ قیمت زیادہ معلوم ہوتی ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے فرمایا کہ سب باتوں کو سن کر اس کی قیمت لگایئے۔ میں خاموش ہو گیا اور ڈاکٹر صاحب کی باتوں کو سننے لگا۔ ڈاکٹر صاحب نے سلسلہ گفتگو جاری رکھتے ہوئے کہا کہ شاہ صاحب فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسینؓ جس کرتے میں شہید ہوئے تھے، اسی کے کپڑے سے اس کلام اللہ مجید کا جزدان بنایا گیا ہے اور دو سو جنات اس نسخہ کے لیے ہمیشہ پہرہ داری کرتے رہتے ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ یہ نسخہ خدا بخش

Marfat.com

لائبریری کے لیے ضرور خریدا جائے کیونکہ لائبریری کو دو سو پہرے دار بلا تنخواہ والے مل جائیں گے۔ اس پر خوب ہنسی ہوئی۔ ڈاکٹر صاحب نے پھر فرمایا کہ ایک خانقاہی شاہ صاحب کے پاس اونچی استر خانی ٹوپی ہے اور عیدین کے موقع پر اس کو پہن کر نماز کے لیے جایا کرتے ہیں۔ اگر رکوع و سجود میں ان کے سر سے ٹوپی گرنے لگتی ہے تو دو جنات جو ان کے ساتھ ہمیشہ موجود رہتے ہیں ٹوپی کو گرنے سے بچا لیتے ہیں۔ نہایت ہنسی خوشی سے کھانا ختم ہوا اور ہم لوگ ڈاکٹر صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے گھر روانہ ہوئے۔ ڈاکٹر صاحب کی خوش مذاقی اور خوش گفتاری اکثر یاد آتی ہے۔ ان کے پاس سے ہٹنے کا جی نہ چاہتا تھا۔

آٹھویں ملاقات:

بہار میں پانچ سال گورنر رہنے کے بعد ڈاکٹر صاحب جمہوریۂ ہند کے نائب صدر بنائے گئے۔ اس تقرری سے سارے ملک میں لوگوں کو خوشی ہوئی خصوصاً بہار میں تو بڑے اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ سارے صوبہ سے ہر طبقہ کے لوگ ڈاکٹر صاحب کو مبارک باد دینے کے لیے "راج بھون" جانے لگے۔ اور ڈاکٹر صاحب بھی ان لوگوں سے نہایت خندہ پیشانی سے ملتے اور شکریہ ادا کرتے۔ میرے لیے تو "دلّی دور است" والا مضمون پیدا ہو گیا اور مجھے پانچ سال سے جو قربت نصیب تھی وہ اب جلد ہی ختم ہونے والی نظر آنے لگی۔ اس کا مجھے افسوس تھا۔ سرکاری اعلان کے دس روز بعد جب میں ڈاکٹر صاحب کو مبارک باد پیش کرنے گیا تو تقریباً تیس طلباء قدیم و جدید جامعہ ملیہ اور علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے، ڈاکٹر صاحب کو مبارک باد دینے گئے تھے۔ جامعہ ملیہ کے طلباء تو ڈاکٹر صاحب سے ہمیشہ والہانہ محبت کرتے تھے اور مسلم یونیورسٹی کے طلباء بھی باوجود چند اختلافات کے موصوف کا نہایت احترام کرتے تھے۔ ان لوگوں کے ہاتھوں میں خوشبودار پھولوں کے گلدستے تھے جن کو انہوں نے ڈاکٹر صاحب کی خدمت میں پیش کیا۔ سارا کمرہ معطر تھا۔ اور ڈاکٹر صاحب ان لوگوں سے نہایت شفقت سے باتیں کر رہے تھے، اور ہر کا حال دریافت کر رہے تھے۔ جب ملاقات ختم ہوئی تو ڈاکٹر صاحب نے طلباء کے ساتھ برساتی تک آ کر ان لوگوں کو رخصت کیا۔ تھوڑی دیر بعد میں بھی ڈاکٹر صاحب سے اجازت لے کر واپس ہو گیا۔ میں نے بہار میں گوروں اور

Marfat.com

کالوں کی حکومت کا دور خوب دیکھا ہے۔ بیس سال کی سن سے "گورنمنٹ ہاؤس" جاتا رہا ہوں اور پچاس سال سے ہر گورنر سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا ہے، مگر ڈاکٹر صاحب کے مقابلہ کا کوئی گورنر مجھے نہیں ملا۔ میرا اپنا خیال ہے کہ "راج بھون" کو ڈاکٹر صاحب جیسا گورنر نہ ملا ہے اور نہ ملے گا۔ بے ساختہ زبان سے نکلتا ہے کہ "بسیار خوباں دیدہ ام لیکن تو چیزے دیگری" میں اس صاف گوئی کے لیے معافی چاہتا ہوں۔ ڈاکٹر صاحب کی ملنساری کا یہ حال تھا کہ جو بھی ان سے ملتا، ان کو اپنا سمجھنے لگتا تھا۔ اس سلسلہ میں ایک واقعہ یاد آ گیا۔ ایک مرتبہ وھیلر سینیٹ ہال میں جرمن کتابوں کی نمائش ہوئی۔ ڈاکٹر صاحب کو ایک جرمن نوجوان کتابیں دکھا رہا تھا، اور ڈاکٹر صاحب اس سے جرمن زبان میں باتیں کر رہے تھے۔ جب ڈاکٹر صاحب چلے گئے تو میں نے اس نوجوان سے انگریزی میں پوچھا:

"How do you like our Governor? اس نے فوراً جواب دیا کہ:

"Excellent, He is one of us"۔

ڈاکٹر صاحب کی دلی روانگی کے قبل بہار اسٹیٹ گیسٹ ہاؤس کے میدان میں ایک نہایت شاندار الوداعی جلسہ منعقد ہوا جس میں ہر پیشے اور ہر طبقے کے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ جلسہ کی صدارت وزیر اعلیٰ نے کی اور ڈاکٹر صاحب کی خوبیوں کا تذکرہ کرتے ہوئے انہوں نے پرزور الفاظ میں کہا کہ ڈاکٹر صاحب نے اپنی ذات سے کبھی کسی کو تکلیف نہیں پہنچائی ہے اور اس معاملہ میں ہر شخص ان کا مداح رہا ہے۔ ان کی وسعت نظری، علمی ذوق اور ملنساری سے ہر شخص بہت جلد ان کا گرویدہ بن جاتا ہے۔ صوبہ بہار سے ان کا دیرینہ تعلق رہا ہے اور گزشتہ پانچ سالوں میں ڈاکٹر صاحب نے بہار کے لوگوں کے لیے بہت کچھ کیا ہے۔ اس جلسہ میں اتنی کثیر تعداد میں لوگوں کی شرکت ڈاکٹر صاحب کی ہر دل عزیزی کا ایک بیّن ثبوت ہے۔ اپنا خیال ظاہر کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے نہایت جذباتی انداز میں کہا کہ ڈاکٹر صاحب جیسے لوگ اب بہت کم ملتے ہیں۔ آخر میں ڈاکٹر صاحب کی صحت اور کامیابی کی دعا کی اور امید ظاہر کی کہ ڈاکٹر صاحب بہار کے لوگوں کو کبھی فراموش نہیں کریں گے۔ ڈاکٹر صاحب نے اپنی جوابی تقریر میں بہار اور بہار کے لوگوں سے اپنی محبت کا اظہار کیا اور فرمایا کہ گذشتہ پانچ سالوں میں بہار کے ہر چھوٹے بڑے لوگوں نے کل کاموں میں ان

Marfat.com

سے پورا تعاون کیا ہے جس کے لیے وہ نہایت مشکور ہیں۔ بہار کا تذکرہ کرتے ہوئے انہوں نے فرمایا کہ زمانہ قدیم سے اس صوبہ کا بلند مقام رہا ہے اور ہمیشہ سے یہ تہذیب اور تمدن کا گہوارہ رہا ہے۔ قدرت نے اس صوبہ کو معدنیات کے ذخیروں سے مالا مال کر رکھا ہے اور وہ دن دور نہیں جب کہ ان خزانوں کی بدولت بہار جدید دور میں بھی سر بلند رہے گا۔ اپنی تقریر کو بہار اور بہار کے لوگوں کے لیے فلاح اور بہبود کی دعا پر ختم کیا۔ جلسہ کے اختتام پر ہر شخص ڈاکٹر صاحب سے مصافحہ کرنے کے لیے بیتاب نظر آرہا تھا اور قریب آدھ گھنٹہ تک وہ حاضرین جلسہ سے ملتے رہے۔ میں نے ایسا شاندار الوداعی جلسہ کسی گورنر کے اعزاز میں نہیں دیکھا ہے۔

پبلک جلسہ کے چند دنوں بعد ڈاکٹر صاحب نے "راج بھون" میں اپنی طرف سے ایک الوداعی دعوت دی اور تقریباً ڈیڑھ سو مہمان رات کے کھانے پر بلائے گئے تھے۔ کھانا ضیافت کے کمرہ (Banquet Hall) میں ہوا۔ یہ کمرہ "راج بھون" میں نہایت خوب صورت کمرہ ہے جس کی دیواریں کاٹھ کے پینل سے مزین ہیں۔ میری دانست میں شاید ہی کسی گورنر نے اس کمرہ میں دعوت دی ہو۔ ڈاکٹر صاحب مہمانوں کے خیر مقدم میں مصروف تھے اور کھانا ختم ہونے پر مہمانوں سے ہاتھ ملا کر الوداع کہی۔ ڈاکٹر صاحب کی یہ آخری دعوت تھی جو "راج بھون" میں ہوئی جب راقم اور مسٹر سوہنی گھر جانے کے لیے روانہ ہوئے تو ہم دونوں کی آنکھیں نم تھیں، کیونکہ ڈاکٹر صاحب ہم لوگوں سے بہت دور جا رہے تھے۔

✪✪✪

Marfat.com

اکیسواں باب

میرے چند قابل ذکر معاصرین

۱۔ مسٹر سید نور الہدیٰ، ال، ال، ام (سی، آئی، ای):

میں مسٹر سید نور الہدیٰ مرحوم کے متعلق وہ چند معلومات جو میرے پاس ہیں ان کو قلم بند کر دینا چاہتا ہوں۔ راقم کی دعا ہے کہ مرحوم کی یاد ہم لوگوں کے دلوں میں قائم رہے اور ان کے نقش قدم پر چل کر قوم و ملت کی خدمت کر سکیں۔ یوں تو ہر انسان کی زندگی سبق آموز ہوتی ہے مگر ان ہی اشخاص کی زندگی قابل تقلید ہوتی ہے جو قدرت کی عطا کردہ صلاحیتوں کو کام میں لا کر بڑے بڑے کام انجام دیتے ہیں۔ جب عزم صحیح کے ساتھ جدوجہد کرنے کے لیے بڑھتے ہیں تو اللہ ان کو نوازتا ہے اور ان سے بڑے بڑے کام انجام دلاتا ہے۔ دنیا ان کے کارناموں سے مستفید ہوتی ہے۔ ایسی شخصیتیں ماضی میں غروب نہیں ہوا کرتی ہیں۔ سید نور الہدیٰ صاحب مرحوم اسی طرح کی گنی چنی ہستیوں میں ایک تھے۔ قدرت نے ان کو گوناگوں خوبیوں سے آراستہ کیا تھا۔ ان کی ذات میں حسن اخلاق، خدا پرستی، مسلم دوستی، شرافت، سادگی اور معصومیت کا ایسا امتزاج تھا کہ جو شخص بھی ان سے ملتا تھا ان کا گرویدہ ہو جاتا تھا۔ میرے لیے ان کی سیرت کو پرکھنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ ۱۹۲۶ء سے ۱۹۳۵ء تک راقم کو ان سے ملاقات کی سعادت بار بار حاصل ہوتی رہی۔ اس زمانہ میں مرحوم گوشہ نشینی کی زندگی بسر کر رہے تھے اور ہر بات کو معصومیت کے ساتھ نہایت کھل کر بیان کرتے تھے۔ آج کل ایسے لوگ دنیا سے مفقود ہو چکے ہیں۔ جب بھی ان کی یاد آتی ہے تو مولانا رومؔ کا حسب ذیل شعر بے ساختہ زبان پر آجاتا ہے۔

Marfat.com

بعد از وفات تربت ما در زمیں مجوئے
در سینہ ہائے مردم عارف مزار ماست

سید نور الہدیٰ صاحب ۱۸۵۴ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۳۵ء میں ۸۱ برس کی عمر میں رحلت فرمائی۔ ان کے والد سید شمس الہدیٰ صاحب پٹنہ شہر کے نامی گرامی زمیندار اور رئیس تھے۔ ہندوستانی اور انگریز ان کی قدر کرتے اور بہت سے مشکل کاموں میں ان سے مشورہ طلب کرتے تھے۔ صاحب موصوف کو مسلمانوں کی حالت پر بہت غم تھا اور ان کی حالت کو بہتر بنانے میں ہمیشہ سرگرم عمل رہتے تھے۔ ان لوگوں کی تعلیم کے لیے ایک اسکول بھی قائم کیا جس سے بے شمار لڑکے مستفید ہوتے رہے۔ سید شمس الہدیٰ صاحب مرحوم ایک کھرے مسلمان اور باصفا انسان تھے۔ محبت اور سلیقہ، تربیت اور تنظیم، جاں سازی اور جاں سپاری ان کا شیوہ بن گیا تھا۔ مسلمانوں کو انگریزی تعلیم حاصل کرنے کے لیے ہمیشہ تلقین کیا کرتے تھے اور انگریزی تعلیم ہی کو ان کی ترقی کا واحد ذریعہ تصور کرتے تھے۔ ۱۸۵۷ء کے غدر کا خونی منظر اپنی آنکھوں سے دیکھ چکے تھے اور پٹنہ کے کمشنر مسٹر ٹیلر کی سفاکی ان کی نظر کے سامنے تھی۔ اس انگریز حاکم نے سینکڑوں بے گناہ مسلمانوں کو بغاوت کے بے بنیاد الزام میں پھانسی کی سزا دی اور ان کی لاشوں کو سڑک کے دورویہ درختوں سے لٹکا دی تھی۔ انگریزوں کے ہندو کارندے بھی ہر وقت اچھے مسلمانوں کے خلاف ریشہ دوانی کرتے رہتے تھے۔ ان سب حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے صاحب موصوف اس نتیجے پر پہنچے کہ مسلمان اگر اپنی عزت برقرار رکھنا چاہتے ہیں تو انگریزی تعلیم حاصل کریں۔ جہاں تک ممکن ہو اسلام پر قائم رہ کر انگریزی تہذیب کو اختیار کریں اور اسی طور سے وہ انگریزوں کا تقرب حاصل کر سکتے ہیں۔ راقم نے ان سب باتوں کو سید نور الہدیٰ سے سنا ہے اور یہاں قلم بند کر رہا ہے۔ سید نور الہدیٰ صاحب جب بھی اپنی والدہ کا تذکرہ کرتے ان کی آنکھوں سے آنسو نکل جاتے تھے۔ ان کا یہ جذبہ محبت آخر دم تک قائم رہا۔

سید نور الہدیٰ صاحب ایک دولت مند گھرانے میں پیدا ہوئے تھے جہاں کسی چیز کی کمی نہ تھی اور نہایت عیش و آرام سے پرورش پائی۔ ابتدائی تعلیم نہایت خوبی کے ساتھ شروع ہوئی۔ اردو اور فارسی کے علاوہ عربی اور انگریزی کی بھی تعلیم دی گئی۔ عربی تعلیم

Marfat.com

دینے کے لیے صوبہ بہار کے مشہور عالم مولانا محمد کمال کا انتخاب کیا گیا اور انگریزی پڑھانے کے لیے ایک ماسٹر مقرر کیا گیا۔ یہ سب تعلیم سید شمس الہدیٰ صاحب کی زیر نگرانی ہوتی رہی۔ ابتدائی تعلیم کے زمانہ ہی سے نور الہدیٰ صاحب ایک ذکی اور ذہین طالب علم تھے۔ چونکہ گھر کا ماحول مذہبی تھا اور تعلیم بھی نہایت اعلیٰ طرز کی دی جا رہی تھی صاحب موصوف کی زندگی پر پسندیدہ نقوش ابھرے اور یہ زندگی بھر نمایاں رہے۔ کچھ دنوں کے بعد اسکول میں داخل کر دیئے گئے اور امتیاز کے ساتھ انٹرنس کا امتحان پاس کیا۔ امتحان پاس کرنے کے بعد کلکتہ گئے اور وہاں انگریزوں سے انگریزی پڑھی۔ ۱۸۷۷ء میں تعلیم کی غرض سے انگلستان گئے اور وہاں کی مشہور کیمبرج یونیورسٹی میں تعلیم پائی۔ ۱۸۸۰ء میں کیمبرج یونیورسٹی سے بی۔ اے کی ڈگری لی اور اسی کے ساتھ بیرسٹری کا امتحان پاس کیا۔ بعد میں ایل۔ ایل۔ ایم کی ڈگری کیمبرج یونیورسٹی سے حاصل کی۔ اس ڈگری کو ان دنوں بہت کم ہندوستانی حاصل کر سکتے تھے اور مسلمانوں میں تو یہ شاید پہلے شخص تھے جس نے کیمبرج یونیورسٹی سے اس ڈگری کو حاصل کیا۔ کیمبرج یونیورسٹی اس زمانہ میں انگریزی تہذیب اور تمدن کا بہترین گہوارہ تھی اور مرحوم نے وہاں رہ کر علمی حلقوں میں اپنی جگہ بنالی تھی۔ کیمبرج یونیورسٹی کے احسان کو مرتے دم تک نہ بھولے اور وہاں کا تذکرہ بہت اچھے الفاظ میں کیا کرتے تھے۔ اکثر کہا کرتے تھے کہ میں نے کیمبرج میں صرف اعلیٰ تعلیم ہی حاصل نہیں کی بلکہ وہاں رہ کر رواداری فیاضی اور انسانی ہمدردی کا وہ سبق پڑھا جو اب تک یاد ہے۔ کیمبرج نے آپ کی طرز معاشرت پر اپنا اثر تو ضرور ڈالا مگر مذہبی خیالات میں کوئی تغیر نہ آیا۔ انگلستان سے واپس آنے کے بعد کلکتہ میں بیرسٹری کی پریکٹس شروع کر دی مگر یہ سلسلہ دیر تک جاری نہ رہا۔ مختلف اسباب کی بنا پر اس پیشہ کو ترک کر دیا اور پٹنہ واپس آ گئے۔ اس کے کچھ دنوں بعد گورنمنٹ برطانیہ نے ان کے علم اور صلاحیت کو مد نظر رکھتے ہوئے آئی۔ ایس۔ او (I.S.O.) کا منصب عطاء کیا جو بہت ہی کم ہندستانیوں کو دیا جاتا ہے۔ بہار میں کئی جگہوں پر فوجداری اور دیوانی عدالتوں کے کاموں کو سیکھا اور جب پوری مہارت حاصل ہو گئی تو حکومت نے انہیں بنگال میں ضلع کا جج مقرر کیا۔ ایک مدت تک ججی کی خدمت انجام دیتے رہے۔

بنگال میں ضلع بوگرا راج شاہی اور پٹنہ میں ججی کے فرائض کو نہایت خوبی سے انجام

Marfat.com

دیااور کسی کو شکایت کا کوئی موقع نہ ملا۔ ۱۹۱۱ء میں قبل از وقت پنشن لے کر ججی کی خدمت سے سبکدوش ہو کر پٹنہ تشریف لائے اور مسلمانوں کی خدمت کرنے میں اپنی باقی زندگی کو وقف کر دیا۔ ایک بے مثال مدرسہ قائم کیااور ایک شاندار مسجد تعمیر کی اور اپنی کل دولت ان پر لگادی۔

نور الہدیٰ صاحب کی شادی ان کے انگلستان جانے سے قبل ہوئی تھی، مگر کچھ ہی دنوں کے بعد آپ کی اہلیہ محترمہ کا انتقال ہو گیا۔ پھر کبھی شادی کا ارادہ نہ کیااور ہمیشہ اکیلی زندگی بسر کرتے رہے۔ آپ میں انکساری اس درجہ کا تھا کہ دولت مند ہونے کے باوجود نہایت سادہ زندگی بسر کرتے تھے۔ اکثر سوٹ میں ملبوس رہتے تھے، خصوصاً جب کسی یورپین سے ملنا ہوتا تھا۔ نہ کسی گورنر کی دعوت کی اور نہ کسی اعلیٰ حاکم کی ضیافت پر پیسہ برباد کیا۔ فضول خرچی اور نمایش ان کی زندگی سے بہت دور تھیں۔ اعتدال اور میانہ روی کا ہمیشہ خیال رکھتے تھے بہت کم لوگوں سے ملتے تھے۔ ہمیشہ اپنے دل مین کار خیر کا عزم رکھتے تھے۔ وکٹورین تہذیب اور قدیم اسلامی تمدن کے مجسمہ تھے۔ اس وقت راقم کے سامنے مرحوم کی دو تصویریں ہیں۔ ایک کیمبرج یونیورسٹی میں بی۔ اے کی ڈگری حاصل کرنے کی بعد کی تصویر جس میں مرحوم یونیورسٹی گاؤن اور ہوڈ میں ملبوس ہیں۔ اس تصویر میں ان کی وضع وکٹورین دور کے انگریز کی سی ہے اور کوئی نہیں کہہ سکتا ہے کہ وہ ہندوستانی ہیں۔ ان کی دوسری تصویر میتھن کمیٹی کے گروپ فوٹو میں ہے، اس فوٹو میں گرچہ وہ سوٹ میں ملبوس ہیں۔ مگر شکل سے اسلامی شان نمایاں ہے۔ قدیم اور جدید تمدن کا ان میں ایسا امتزاج تھا جو اس تصویر میں دیکھا جاسکتا ہے۔ انگریزوں کے انداز سے اکثر شانہ ہلا ہلا کر باتیں کرتے اور سگار بھی کچھ انگریزوں ہی کے انداز سے پیتے تھے۔ سگار اکثر منھ میں لگا رہتا تھا خواہ اس سے دھواں نکلتا ہو یا نہیں۔ نور الہدیٰ صاحب انگریزوں کی خوبیوں اور ان کی طرز زندگی کی بہت تعریف کرتے اور انگریز بھی ان کی بڑی قدر کرتے تھے۔ میں نے خود دیکھا ہے کہ ایسے انگریز جو ہندوستانیوں کے گھر جانے کو توہین سمجھتے تھے نور الہدیٰ صاحب کے یہاں جا کر ان سے ملتے اور مزاج پرسی کرتے تھے۔

سید نور الہدیٰ صاحب مرحوم اور راقم کے خاندان سے قدیمی تعلقات تھے۔ والد

Marfat.com

صاحب جج صاحب کو ماموں کہا کرتے تھے۔اور جج صاحب بھی ہمیشہ والد سے بڑی محبت اور شفقت سے پیش آتے تھے۔ سال میں کم از کم ایک بار تو ضرور والد صاحب سے ملنے آتے اور کچھ دیر تک ٹھہر جاتے تھے اگر ان ملاقاتوں کے وقت خان بہادر سید ظہیر الدین مرحوم ساکن نیورہ یا سید ریاض حسین خاں صاحب مرحوم ساکن رسول پور ضلع مظفر پور موجود ہوتے تو خوب خوب باتیں انگریزی حکومت اور انگریزوں کے بارے میں ہوا کرتی تھیں۔

مسٹر سید نورالہدیٰ پنشن پانے کے بعد بھی قومی اور علمی کاموں میں برابر حصہ لیتے رہے۔ بہار گورنمنٹ نے موصوف کو صغریٰ وقف اسٹیٹ، بہار شریف کی کمیٹی کا صدر مقرر کیا اور صوبہ بہار کی حج کمیٹی کے صدر کی حیثیت سے موصوف نے اپنے کاموں کو نہایت حسن وخوبی سے انجام دیا۔ پٹنہ یونیورسٹی کی سنیٹ کے فیلو ممبر مقرر ہوئے اور یونیورسٹی میں آپ بہت سی کمیٹیوں کے صدر رہے۔ حکومت بہار کو جب یہ خیال ہوا کہ پٹنہ شہر سے باہر ایک رہائشی یونیورسٹی قائم کی جائے تو ایک کمیٹی مقرر ہوئی۔ حکومت ہند کے ایک نامور انگریز افیسر ئیتھن کو صدر مقرر کیا گیا اور یہ کمیٹی ئیتھن کمیٹی کے نام سے موسوم ہوئی۔اس کمیٹی کے سکریٹری مسٹر پی۔ سی ٹیلینٹس مقرر ہوئے۔ ہندوستانی ممبروں میں راجہ کانیکا، آنریبل سید محمد فخر الدین، مسٹر سید نورالہدیٰ، رائے بہادر دوارکا ناتھ اور پروفیسر ڈی۔ این۔ سین تھے۔انگریز ممبروں میں پروفیسر ارچ بولڈ، مسٹر جیکسن، ڈاکٹر کاڈول وغیرہ تھے ان سب ممبروں نے بہت محنت اور جانفشانی سے دو جلدوں میں کمیٹی کی رپورٹ تیار کی اور شائع ہوئی۔ افسوس ہے کہ بہار کے اکثر سیاست دانوں نے ایسی رہائشی یونیورسٹی کے قائم کرنے کی مخالفت کی اور یہ مثالی یونیورسٹی نہ ہو سکی۔ کمیٹی کے کاموں میں مسٹر سید نورالہدیٰ نے بہت سرگرمی سے حصہ لیا جس کا تذکرہ مسٹر ٹیلنٹس (Mr. P.C. Tallents) ہمیشہ کیا کرتے تھے۔

سید نورالہدیٰ صاحب لوگوں سے اکثر کہا کرتے تھے کہ کلکتہ کی بڑی مسجد اور مدرسہ عالیہ کو دیکھ کر میرے دماغ میں یہ خیال پیدا ہوتا تھا کہ پٹنہ میں بھی ایک اچھا مدرسہ بناؤں اور ایک شاندار مسجد تعمیر کراؤں۔ اللہ نے صاحب موصوف کی نیک خواہش کو پورا کیا۔ چنانچہ صاحب موصوف نے یکم نومبر ۱۹۱۲ء کو ایک مدرسہ قائم کیا اور اسے اپنے والد مرحوم

Marfat.com

کے نام سے موسوم کیا، مدرسہ اسلامیہ شمس الہدیٰ صاحب موصوف کی قومی خدمات میں سب سے شاندار اور اہم یادگار ہے۔ اس مدرسہ کے اخراجات کو پورا کرنے کے لیے اپنی ایک خاندانی جائداد کو جس کی آمدنی اس زمانے میں تقریباً پندرہ ہزار روپے سالانہ تھی وقف کر کے رجسٹری کردی۔ آٹھ سال بعد ایک کثیر رقم خرچ کر کے صاحب موصوف نے مدرسہ کی ایک خوب صورت عمارت تعمیر کرائی اور طلباء کے قیام کے لیے ایک دار الاقامہ بھی بنوایا۔ مدرسہ کی ترقی کو مد نظر رکھتے ہوئے صاحب موصوف نے ۱۹۱۹ء میں سر سید فخر الدین، وزیر تعلیم بہار واڑیسہ کے مشورے پر مدرسہ اسلامیہ شمس الہدیٰ کو حکومت بہار کی تحویل میں دے دیا۔ اس اسکیم سے مدرسہ کو بہت فائدہ پہنچا۔ حکومت بہار مدرسہ کے کل اخراجات کو برداشت کرتی ہے اور مدرسہ حکومت کے زیر انتظام اب تک نہایت حسن وخوبی کے ساتھ چل رہا ہے۔ حکومت بہار نے مدرسہ شمس الہدیٰ کے لیے دو شاندار عمارتیں ایک شعبۂ سینئر کے لیے اور دوسری شعبہ جونیئر کے لیے تعمیر کرائی۔ افسوس کی بات ہے کہ شعبۂ سینئر کی عمارت چند سالوں سے زبوں حالی میں پڑی ہوئی ہے اور کسی حاکم کی توجہ اس کی درستگی کی طرف نہیں ہو رہی ہے۔ حکومت بہار نے مدرسہ کی دیکھ بھال کے لیے ایک گورننگ بوڈی دس ممبران پر مشتمل قائم کی ہے جس کا صدر پٹنہ ڈویژن کا کمشنر ہوتا ہے اور مدرسہ کا پرنسپل سکریٹری کا کام انجام دیتا ہے۔ راقم نے بحیثیت ممبر گورننگ بوڈی دس بارہ سال سے زیادہ مدرسہ کی خدمت کی ہے۔ اس سلسلہ میں مجھے دو صدر کے نام یاد آتے ہیں ایک تو مسٹر ای۔ او۔ لی اور دوسرے مسٹر این۔ بخشی۔ یہ دونوں حضرات مدرسہ کے کل کاموں میں ذاتی دلچسپی لیا کرتے تھے اور مدرسہ کے عروج کے لیے بہت کچھ کیا۔ سید نور الہدیٰ مرحوم کی کوششوں کی بدولت امتحان سے متعلق کل کاموں کی انجام دہی کے لیے حکومت بہار نے مدرسہ اگزامی نیشن بورڈ قائم کیا جو سولہ اراکین پر مشتمل تھا۔ اس بورڈ کے پہلے صدر سید نور الہدیٰ صاحب ہوئے اور ڈاکٹر عظیم الدین احمد پہلے سکریٹری مقرر ہوئے۔ راقم تیس سال تک مدرسہ اگزامی نیشن بورڈ کی خدمت کرتا رہا اور دس سال تک اس کا صدر بھی رہا۔ مدرسہ شمس الہدیٰ کے نامی اساتذہ میں مولانا ظفر الدین بہاری، مولانا محمد سہول، مولانا محمد اصغر حسین، مولانا سید دیانت حسین، مولانا شاہ ابو القاسم، اور مولانا عز الدین ہوئے ہیں۔ ان

Marfat.com

کل حضرات سے راقم کے اچھے تعلقات تھے اور میں ان سبھوں کا بڑا احترام کیا کرتا تھا۔

سید نور الہدیٰ صاحب نے مدرسہ کی قدیم عمارت کے متصل ایک شاندار مسجد تعمیر کی جو "نوری مسجد" کے نام سے مشہور ہے۔ صاحب موصوف کو اس مسجد سے زندگی بھر ایک روحانی تعلق رہا اور عیدین کے موقع پر عمائدین شہر اس مسجد میں نماز ادا کرنے کے لیے آتے تھے۔ عید الفطر کے موقع پر صاحب موصوف خرما اور دودھ طشتری میں رکھ کر اپنے ہاتھوں سے کل نمازیوں کو پیش کیا کرتے اور مسجد کے صحن میں کھڑے ہو کر نمازیوں کا استقبال کرتے تھے۔ صاحب موصوف کے انتقال کے بعد ان کے بھانجے استاد محترم مسٹر سید محمد شریف نے "نوری مسجد" کو بہت اچھے حال میں رکھ کر جج صاحب مرحوم کی روایت کو قائم رکھا۔ ڈاکٹر احمد عبدالحی نے مسجد کے فرش کو موزائیک کرادیا۔ "نوری مسجد" آج کل نہایت اچھے حال میں ہے اور بہت شاندار معلوم ہوتی ہے۔ راقم کا "نوری مسجد" سے دیرینہ تعلق رہا ہے۔ ساٹھ سال سے راقم عیدین کی نماز برابر اسی مسجد میں ادا کر رہا ہے۔ صاحب موصوف حسن اخلاق اور ادب کے نہایت پابند تھے۔ نماز کی پابندی کا بہت زیادہ خیال رکھتے اور نماز صبح ادا کر کے دیر تک قرآن شریف کی تلاوت کیا کرتے تھے۔ حج بیت اللہ کیا اور مدینہ منورہ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ میلاد کے لیے جائداد وقف کردی تھی۔ ہر سال میلاد کراتے تھے اور اس میلاد کا کل انتظام خود کرتے تھے۔ بعد اختتام محفل میلاد حاضرین میلاد کو اپنے ہاتھوں سے شرینی تقسیم کیا کرتے تھے۔ مرحوم کی موقوفہ جائداد کے متولی ان دنوں مسٹر سید نور الوارث ایڈوکیٹ ہیں۔ موصوف میرے محترم دوست ڈاکٹر عبدالحی مرحوم کے داماد ہیں۔

سید نور الہدیٰ مرحوم کی کوٹھی جس میں وہ برابر قیام پذیر رہے ایک نہایت وسیع اور شاندار عمارت ہے۔ اس مکان میں موصوف نے تنہا رہ کر عرصہ تک زندگی بسر کی۔ ان دنوں "حی کلینک" اسی عالی شان مکان میں قائم ہے۔ ڈاکٹر احمد عبدالحی کو اپنے نانا مسٹر سید محمد شریف سے یہ عالی شان مکان خاندانی ترکہ میں ملا ہے۔ اس کوٹھی کا احاطہ اس قدر وسیع ہے کہ آج کل "شریف کالونی" اس کے کمپاؤنڈ میں آباد کی گئی ہے اور اس حلقہ میں تقریباً تیس چالیس مکانات بنائے جاچکے ہیں۔

Marfat.com

جج صاحب مرحوم آخر عمر میں ضعف پیری اور قویٰ کی کمزوری سے پریشان رہتے تھے اس زمانے میں بہت کم لوگ ان سے ملنے آتے اور صاحب موصوف راقم سے اپنی طویل العمری اور پریشانیوں کی شکایت کیا کرتے تھے۔ یکایک ۷ رجون ۱۹۳۵ء کو دن کے چار بجے فالج کا حملہ ہوا اور رات کے آٹھ بجے ۸۱ برس کے سن میں جاں بحق ہوئے۔ مرحوم نوری مسجد کے احاطہ میں مدفون ہوئے۔ راقم اس زمانے میں لکھنو گیا ہوا تھا اور بدقسمتی سے ان کی تجہیز و تکفین میں شریک نہ ہو سکا۔ دس پندرہ دنوں بعد ایک تعزیتی جلسہ ان کی موت پر پٹنہ یونیورسٹی کے وھیلر سنیٹ ہال میں منعقد ہوا جس کی صدارت مسٹر جی۔ ای۔ فوکس، ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشنس بہار نے کی۔ راقم اس جلسہ میں شریک تھا۔ ہندو، مسلمان اور انگریز سبھوں کو سید نورالہدیٰ صاحب کے مرنے کا بہت غم تھا۔ پٹنہ میں راقم نے ایسا تعزیتی جلسہ بہت کم دیکھا ہے۔ سید نورالہدیٰ صاحب کی موت کے ساتھ مسلمانوں کے ایک شاندار اور پروقار دور کا خاتمہ ہو گیا۔ اللہ مرحوم کو غریق رحمت کرے۔

۲۔ استاذ محترم ڈاکٹر عظیم الدین احمد:

ڈاکٹر عظیم الدین احمد صاحب مرحوم کی پیدائش گیا ضلع کے ایک قصبہ "قاضی سرائے اِمتھوا" میں ۲۵ رجون ۱۸۸۰ء میں ہوئی تھی۔ والد کی جانب سے آپ کا تعلق سہسرام کے ایک سجادہ نشین خانوادہ سے تھا۔ اس خاندان کی دربار مغلیہ میں بڑی عزت تھی۔ والدہ کی طرف سے آپ کا تعلق پٹنہ کے ایک ایسے خاندان سے تھا جس نے نہایت ہی ذی علم اور باوقار شخصیتوں کی پرورش کی ہے۔ آپ کے نانا حکیم عبدالحمید پریشاںؔ شہر کے ایک ممتاز طبیب، ادیب اور شاعر تھے۔ ڈاکٹر صاحب صرف سات ماہ کے تھے کہ ان کے والد شاہ واعظ الدین کا سایہ سر سے اٹھ گیا اور ان کی تعلیم و تربیت کی پوری ذمہ داری حکیم صاحب پر عائد ہوئی۔ ابتداء میں عربی، فارسی اور طب یونانی کی تعلیم اپنے نانا جان سے حاصل کی۔ اس کے بعد محمڈن اینگلو عربک اسکول پٹنہ سیٹی میں داخل ہوئے۔ جب اسکول کی تعلیم ختم ہو گئی تو پٹنہ کالج میں داخلہ لیا اور سائنس کے طالب علم ہو گئے۔ اس زمانہ میں خان بہادر خدابخش خاں سی آئی ای نے انہیں اپنی لائبریری سے استفادہ کرنے کی ترغیب دی۔ جب انہوں نے ان کے

Marfat.com

اندر صلاحیتیں دیکھیں تو مشہور مستشرق ڈاکٹر ایڈورڈ ڈینی سن روس سے جو بعد میں "سر" ہوئے، ان کا تعارف کرایا۔ سر ایڈورڈ روس نے ان کی علمی استعداد کے پیش نظر اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ میں عربی کے طبی مخطوطات کا کیٹلاگ تیار کرنے کی خدمت انہیں سپرد کی۔ آپ نے اس کام کو نہایت حسن وخوبی کے ساتھ انجام دیا۔ یہی وہ پہلا تحقیقی کام تھا جو ان کی شہرت کا سبب بنا، چنانچہ پروفیسر ای۔ جی۔ براؤن نے جو خطبات فٹز پیٹرک لکچرس کے نام سے انگلستان کے دانش کدہ اطباء میں دیئے تھے ان میں انہوں نے ڈاکٹر صاحب کا تذکرہ اس کیٹلاگ کے سلسلہ میں تعریفی کلمات کے ساتھ کیا تھا۔ ان توسیعی خطبات کی اشاعت کیمبرج یونیورسٹی نے نہایت ہی آب وتاب کے ساتھ کی تھی۔ سر ایڈورڈ ڈینی سن روس نے ان کی ٹھوس علمی صلاحیتوں کو مد نظر رکھتے ہوئے یورپ میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے حکومت ہند سے وظیفہ دلوایا۔ ڈاکٹر صاحب اپنے انٹرویو کے سلسلے میں سلکشن کمیٹی کا حال نہایت ہی دلچسپ انداز میں سنایا کرتے تھے۔ اکسپرٹ کی حیثیت سے سر روس خود موجود تھے۔ آپ سے سر روس نے پوچھا کہ تمہارے خاندان میں عربی داں کون کون لوگ تھے؟ آپ نے خاندان صادق پور کے عربی دانوں کی ایک لمبی فہرست پیش کی۔ اس پر سر روس کا چہرہ غصہ سے سرخ ہو گیا اور وہ پنسل جو ان کے ہاتھ میں تھی اسے اپنے دانتوں میں دبالی اور چپ ہو گئے۔ ڈاکٹر صاحب نے وجہ بھانپ لی۔ بات یہ تھی کہ بزرگانِ صادق پور وہابی تحریک میں پیش پیش تھے اور سرکار برطانیہ ان لوگوں کو حکومت کا دشمن قرار دے چکی تھی۔ آپ نے بات بدل کر دو اور نام جعفری برادران کے لیے جن میں ایک صاحب کلکتہ میں پروفیسر تھے اور دوسرے الٰہ آباد میں پروفیسر تھے۔ ان دونوں کو حکومت برطانیہ نے "شمس العلماء" کا خطاب عطا کیا تھا۔ یہ سن کر سر روس نے اپنے دونوں ہاتھوں کو میز پر مار کر کہا کہ یہی دونوں اصلی عربی داں ہیں۔ پہلے جن لوگوں کا نام تم نے لیا تھا ان کو عالم کہنا علم کی توہین کرنا ہے۔ ڈاکٹر ہیروٹز نے جو علی گڑھ کالج میں عربی کے پروفیسر تھے اور کمیٹی میں دوسرے اکسپرٹ تھے ڈاکٹر صاحب کی مخالفت کی مگر ممبران کمیٹی نے ڈاکٹر صاحب ہی کو وظیفہ سے سرفراز کیا۔ ۱۹۱۲ء میں ڈاکٹر صاحب نے جرمنی کی مشہور یونیورسٹی لیزگ یونیورسٹی میں داخلہ لیا اور اس نامور یونیورسٹی میں آپ نے چند نامی مستشرقین اور مفکرین یعنی (۱) ڈاکٹر اوگسٹ فشر (۲) پروفیسر ولیم

Marfat.com

ونڈث (۳) پروفیسر زیمیرین (۴) پروفیسر ہائش اسٹوما سے علم لسانیات اور فلسفہ کی تعلیم حاصل کی۔ یہ لوگ اپنے وقت کے یورپ کے مشہور اساتذہ بھی تھے۔ چند سال بعد پی۔ایچ ڈی کی ڈگری امتیاز کے ساتھ حاصل کی۔ آپ کا تحقیقی مقالہ "شمس العلوم" گب میموریل سیریز میں شائع ہوا۔ اور آپ پہلے ہندوستانی تھے جن کا مقالہ "شمس العلوم" اس ادارہ سے شائع ہوا، ڈاکٹریٹ کرنے کے بعد ڈاکٹر صاحب لندن آئے اور ایک سال تک یونیورسٹی کالج لندن میں عربی کے پروفیسر کی حیثیت سے خدمت انجام دی۔ ہندوستان آنے پر پانچ سال تک پنجاب یونیورسٹی لاہور میں بحیثیت عربی کے پروفیسر بحسن وخوبی اپنے فرائض کو انجام دیا۔ ۱۹۲۰ء میں پٹنہ کالج میں عربی فارسی اور اردو کے صدر شعبہ مقرر ہوئے اور اپنے کاموں کو سولہ سال تک نہایت خوبی سے انجام دیتے رہے۔ ۱۹۳۶ء میں ملازمت سے سبکدوش ہوئے۔ ۱۹۴۹ء میں آپ نے وفات پائی۔

۱۹۲۱ء میں والد مرحوم بہ حیثیت ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ سنسس آپریشن بہار چھ ماہ کے لیے سرکار کی طرف سے پٹنہ میں تعینات ہوئے۔ ہم لوگوں کا قیام راجہ بھوپ بہادر کے مکان میں جو گلزار باغ گورنمنٹ پریس بہار کے متصل ہے ہوا۔ پٹنہ آنے کے چند ہی روز بعد والد مرحوم نے مجھ سے کہا کہ اپنے چچا سے ملنے کے لیے چلو۔ مجھے کچھ تعجب سا ہوا کہ یہ کون سے چچا ہیں جن کا نام بھی مجھے بتایا نہیں گیا ہے۔ میں شیروانی، ٹوپی پہن کر والد صاحب کے ساتھ ہولیا۔ ان کے ہمراہ خواجہ کلاں پہنچا۔ خواجہ کلاں کی گلی میں دریا کے قریب ایک مسجد ہے۔ اس کے پہلو میں ایک تنگ گلی نظر آئی جس میں ہم لوگ داخل ہوئے اور ایک پرانے قسم کے مکان میں گئے۔ باہر برآمدے میں ایک بڑی میز اور چند کرسیاں رکھی ہوئی تھیں۔ ایک کرسی پر چالیس سال کے عمر کے ایک خوشرو شخص لنگی اور گنجی میں ملبوس نظر آئے۔ والد صاحب نے مجھے حکم دیا کہ جھک کر سلام کرو۔ یہ تمہارے محترم چچا ڈاکٹر عظیم الدین احمد ہیں۔ کوئی چار سال پر والد صاحب سے ڈاکٹر عظیم الدین احمد صاحب کی ملاقات ہو رہی تھی، اس لیے مختلف قسم کی باتیں ہوتی رہیں۔ میں اس وقت اسکول کا طالب علم تھا اور بزرگوں کی باتوں میں کوئی دلچسپی نہ تھی۔ چپ چاپ کچھ دیر تک بیٹھا رہا اور دل میں سوچتا رہا کہ یا اللہ کب تک میری اس طور کی سزا ہوتی رہے گی۔ اللہ نے میرے حال پر رحم کیا۔ نظر

Marfat.com

اٹھا کر دیکھا تو مکان کے صحن میں ایک ٹھٹھری بلندی پر لگی ہوئی تھی جس پر اچھے اچھے کبوتر بیٹھے ہوئے تھے۔ مجھے کچھ کبوتروں میں دلچسپی تھی۔ نظر اٹھا کر دیکھا تو گرہ باز کبوتریں بھی تھیں، گھر کے کسی نوکر نے میرے اس شوق کو دیکھ کر چند کبوتروں کو اڑایا اور مجھے گرہ بازی کا نظارہ دیکھنے میں آیا۔ اس دوران والد صاحب اور ڈاکٹر عظیم الدین صاحب کی ملاقات ختم ہو چکی تھی اور ان لوگوں کے ساتھ میں بھی اٹھ گیا۔ ڈاکٹر عظیم الدین صاحب نے زور سے میرے کاندھے پر ہاتھ مارا اور فرمایا کہ مجھے بھی کبوتروں کی گرہ بازی دیکھنے کا شوق ہے۔ استاذ محترم سے یہ ہماری پہلی ملاقات تھی۔ علم وغیرہ تو میری سمجھ سے اس وقت باہر کی بات تھی، مگر یہ خوشی ضرور ہوئی کہ چچا کو کبوتروں کا شوق ہے اور میں انشاء اللہ ان سے کوئی اچھا گرہ باز کبوتر ضرور حاصل کروں گا اور پھر ہم لوگ گھر واپس چلے آئے۔

اس ملاقات کے قریب دو ہفتہ بعد استاذ محترم سے پھر ملاقات ہوئی۔ اتوار کا دن تھا، قریب گیارہ بجے ہم لوگوں کے بنگلہ کے سامنے ایک پالکی گاڑی آکر رکی۔ اس گاڑی سے استاذ محترم اترے۔ ہم لوگوں نے ان کا استقبال کیا اور والد صاحب کے ڈرائنگ روم میں لاکر بٹھایا۔ مولوی محمد رفیع اور میرے انگریزی پڑھانے والے پرائیویٹ ٹیوٹر نانک پرشاد بی۔ اے، استاذ محترم کے ساتھ آکر بیٹھ گئے اور میں نے والد صاحب کو ان کی آمد کی اطلاع کر دی۔ والد صاحب بھی فوراً ڈرائنگ روم میں آگئے اور مختلف قسم کے موضوعات پر گفتگو ہونے کے بعد والد صاحب کے اصرار پر استاذ محترم نے اپنی دو نظمیں سنائیں۔ ایک کا عنوان ''تاثیر درد'' اور دوسرے کا عنوان ''سفر لندن'' تھا۔ استاد محترم اپنے اشعار بہت کم لوگوں کو سنایا کرتے تھے اور جب سناتے تھے تو ایک خاص انداز ہوتا تھا۔ ان کے پڑھنے کا ایک مخصوص انداز تھا جو بڑا موثر تھا، خصوصاً ایسی نظمیں جن میں قومی یا ملّی نقطہ نظر کی وضاحت ہوتی تھی۔ ''تاثیر درد'' سر محمد اقبال کے کہنے پر ان کی نظم ''تصویر درد'' کی طرز پر لکھی گئی تھی، جس کے قوافی اور ردیف بھی یکساں تھے۔ ہم سب لوگوں نے اس نظم کو سنا۔ والد صاحب نے بے حد پسند کیا۔ خصوصاً یہ چند اشعار میرے ذہن میں اب تک گھر کیے ہوئے ہیں:۔

زباں تو سر سے پہلے کٹ چکی ناخن سلامت ہیں
دلوں میں نیل ڈالیں یا الٰہی چٹکیاں میری

Marfat.com

جو دل پر مہر ہو، آنکھیں ہوں اندھی کان بہرے ہوں
نہ کیوں اس حال میں پھر عمر جائے رایگاں میری

اس نظم کے بعد نظم ''سفر لندن'' کو پڑھ کر سنایا۔ یہ نظم بحری سفر میں جبکہ سمندر میں تلاطم تھا لکھی گئی تھی۔ جہاز کے ڈگمگانے کا اور دیگر مناظر کی پر کیف تصویر کھینچی ہے۔ شاید اس سے بہتر سمندری سفر کی تصویر نہیں کھینچی جاسکتی ہے۔ اس شعر کو لوگوں نے خوب پسند کیا:

افق پر آمدِ خورشید سے چھائی ہوئی لالی
وہ موجیں کف بلب، بےچین، ہم آغوش، متوالی

اس نظم میں اہل لندن کے ناچ کو بڑے دلچسپ انداز میں پیش کیا ہے۔

وہ بندر کی طرح سے ناچنا یارانِ لندن کا

اس میں بندر کے ناچ کی تشبیہ سے مولوی محمد رفیع اور منشی نانک پرشاد بی۔اے پر ایک وجدانی کیفیت طاری ہوگئی اور مولوی محمد رفیع نے گواہی دی کہ میں نے کلکتہ کے گرینڈ ہوٹل میں انگریزوں کو اسی طرح ناچتے دیکھا ہے۔ مولوی محمد رفیع ایک دلچسپ شخصیت کے مالک تھے۔ محکمہ ڈاک وتار کی ملازمت مسٹر جسٹس اٹیکنسن (Atkinson) جج پٹنہ ہائی کورٹ سے لڑکر ترک کردی تھی اور باقی عمر مختلف مشاغل میں میرے والد صاحب کے یہاں رہ کر گذار دی۔ اس زمانے میں ترک موالات کی تحریک کا بڑا زور تھا۔ مختلف قسم کے گانے اور اشعار مختلف زبانوں میں ان لوگوں کے خلاف لکھوا کر شہروں اور بازاروں میں پڑھوائے جاتے تھے، جن کو ہمدردِ سرکار سمجھا جاتا تھا۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ وہ لوگ جو تحریک ترک موالات سے الگ تھے ان کی تحقیر ہو۔ ایسی نظمیں بہ عنوان ''وکیلوا''، ''دروغوا''، ''ڈپٹیا''، ''زمیندروا'' وغیرہ وغیرہ ہر جگہ ہندی اور اردو میں تقسیم ہوا کرتی تھیں۔ مولوی محمد رفیع گرچہ ایک انگریز ہی کی وجہ سے ملازمت ترک کرنے پر مجبور ہوئے تھے۔ مگر اکثر انگریزوں کے بڑے طرفدار ہو جاتے تھے اور ان متذکرہ بالا نظموں کے جواب میں جو نظمیں لکھی جاتی تھیں اسے اپنے پاس محفوظ کر لیتے تھے۔ چنانچہ اپنی جیب سے ایک نظم جو انہیں اسی دن موصول ہوئی تھی نکال کر استاذ محترم کے سامنے پڑھنا شروع کیا۔ اس نظم کے

Marfat.com

چند اشعار اب تک مجھے یاد ہیں، کیونکہ ۱۹۴۶ء۔۱۹۴۷ء میں ملک میں ایسے واقعات رونما ہوئے اور کانگریسیوں کے طفیل میں ہندوستان کی درگت بن گئی اور ملک تقسیم ہو گیا:

کانگریسیا تورے کارن واں چل جئے ہیں تلوار
مسلمنوا لڑھے، ہندوا لڑھے اور لڑھے کرستان
اور ہو گی بڑی مار

اس روز کی یہ صحبت اسی طرح کی خوش گپی میں ختم ہوئی اور چلتے وقت مولوی محمد رفیع کو دس گولیاں تمباکو کی جسے استاذ محترم اپنے پان میں کھانے کے لیے لکھنؤ سے منگواتے تھے، عطا کیں۔ یہ دستور زندگی بھر قائم رہا۔

شاعری سے ڈاکٹر صاحب کو گہرا لگاؤ تھا اور یورپ سے واپس آنے پر ان کی شاعری میں ہر طرح سے یورپین اثرات ظاہر ہونے لگے تھے۔ ان کی اکثر نظمیں انگریزی اثرات کی حامل ہیں اور یہ اثر فکر اور فن دونوں پر غالب ہے۔ ہیئت اور فورم میں بھی اثرات نمایاں ہیں۔ ڈاکٹر صاحب ان چند ابتدائی لوگوں میں ہیں جنہوں نے اردو شاعری کو مغربی طرز فکر اور ہیئت سے نئی جہتیں دیں۔ آپ کا مجموعۂ کلام "گل نغمہ" ایسے نئے ادبی تجربات کا ایک صحیفہ ہے۔ گرچہ وہ ایک اچھے شاعر تھے مگر وہ کبھی کسی مشاعرے میں نہیں جاتے تھے۔ اس دور کے شاعروں میں حضرت شاؔد عظیم آبادی کی شہرت تھی وہ ڈاکٹر صاحب سے عمر میں بڑے تھے مگر شاد صاحب بھی ان کی عزت کیا کرتے تھے اور اکثر اپنے کلام کو انہیں سنایا کرتے تھے۔ ایک روز حضرت شاد ڈاکٹر صاحب سے ملنے آئے اور یہ شعر پڑھا۔

سُنی حکایت ہستی تو درمیان سے سُنی
نہ ابتدا کی خبر ہے نہ انتہا معلوم

ڈاکٹر صاحب تھوڑی دیر چپ رہے اس کے بعد انہوں نے حضرت شاد سے دریافت کیا کہ انسان حکایت ہستی کو کس سے سنتا ہے؟ یہ تو خود اس کے مشاہدات ہیں اگر اس شعر کو یوں کہا جاتا تو اچھا ہوتا۔

کھلی جو آنکھ تو رو میں تھی کشتیٔ ہستی
کہاں سے آئی کدھر جائے گی خدا معلوم

Marfat.com

حضرت شاد نے ڈاکٹر صاحب کے اس شعر کو بہت پسند کیا۔

ڈاکٹر صاحب اقبال کی شاعری کے ثناخواں تھے اور ان کی اکثر نظموں پر اقبال کے تاثرات موجود ہیں۔ ڈاکٹر صاحب پانچ برسوں تک لاہور لالج میں اقبال کے شریک کار رہے اور دونوں میں دوستانہ تعلقات گہرے تھے۔ اقبال کی وفات کی خبر سن کر استاذ محترم رو پڑے اور ایک نظم بعنوان ''انسان'' عالم تحریر میں آئی:

انسان اور اطاعت ماحول افترا — آیا ہے اپنی آپ یہ دنیا لیے ہوئے
ہے دیکھنے میں ذرہ پہ صد مہر در بغل — وحدت ہے اس کی کثرت اشیا لیے ہوئے
ظاہر میں ایک پھول پہ صد گلستاں بہ جیب — بالفعل قطرہ، بالقوہ دریا لیے ہوئے
معمارِ جہاں نو اس کی ہے زندگی — موت اسکی ہے حیات کا چشمہ لیے ہوئے

کس کی مجال ہے کہ اسے دیکھ کر کہے
آیا ہے اپنے ساتھ یہ کیا کیا لیے ہوئے

استاذ محترم کی ایک ''حمد'' ملاحظہ ہو:

احد کہیے تجھے اور خالق ارض و سما کہیے — ترے سب نام اچھے جو تجھے کہیے بجا کہیے
امیروں پر کرم تیرا غریبوں کا ہے تو یاور — تجھی کو قوت بازوئے بے برگ و نوا کہیے
جو نعمت ہائے گوناگوں سے عالم کو ہے زیبائش — تری کاریگری کی اس کو اک ادنیٰ ادا کہیے
الٰہی تو نے ہم لوگوں کی تلقین و ہدایت کو — نبی بھیجا وہ جس کو خاتم کل انبیا کہیے
ترے بھیجے ہوئے پر سب ہوں جان و مال سے شیدا — یہ کیسا جذب تھا یارب آئے کہیے تو کیا کہیے
یکایک شرک و بدعت اس طرح عالم سے مٹ جائے — نہ کہیے معجزہ قرآن کا اس کو تو کیا کہیے

عرب کا بغض و کینہ یوں اخوت سے بدل جائے
خدایا! اک کرشمہ اس کو تیرے رحم کا کہیے

آزادی کیا ہے؟ اس کے متعلق استاذ محترم کی نظم ملاحظہ ہو:

آزادی کیا ہے؟ کون ہے وہ آزاد رہا جو عالم سے؟
آزاد کہاں ہیں ہم تم سے؟ آزاد کہاں ہو تم ہم سے؟

Marfat.com

یہ ناممکن، کوئل کی جب تک چیت میں ہر جا کوکو ہو
یا سارنگی کی نوا میں خواب آور اک جادو ہو؟
یہ ناممکن موجوں کے جب تک رات کو ہوں ہلکے حلقے
اور دائیں بائیں کشتی کے، بیخود ہوں ترنم ریزی سے
ممکن نہیں جب تک چاند کی کرنیں آڑی ترچھی گرتی ہوں
ہند اور عرب کے شہروں کی خاموش چھتوں پر پھرتی ہوں
ممکن نہیں، جب تک بجلی کی بارش میں سدا طغیانی ہو
طیاروں کو گھر لانے میں اس مشعل سے آسانی ہو
ایام بہار وشب کی نوا اور وہ بھی موج دمادم سے
آزادی کیا ہے؟ کون ہے وہ آزاد رہا جو عالم سے؟
آزاد کہاں ہیں ہم تم سے؟ آزاد کہاں ہو تم ہم سے

استاذ محترم کا خیال تھا کہ اردو کی ترویج اور ترقی کے لیے ضروری ہے کہ ہمیں مختلف زبان وادب کا عموماً اور مغربی ادب کا خصوصاً مطالعہ کرنا چاہیے۔ اگر براہ راست ایسے ادب تک رسائی نہ ہو سکے تو تراجم سے استفادہ بھی مفید ثابت ہو گا۔

ڈاکٹر صاحب کو فنون لطیفہ میں موسیقی سے خاص دلچسپی تھی اور یہ دلچسپی مشرقی اور مغربی دونوں طرح کی موسیقی سے تھی۔ اس موضوع پر بھی ان کا اچھا خاصہ مطالعہ تھا اور انہیں مختلف قوموں کی موسیقی کی تاریخ سے واقفیت تھی اور اس کی تکنیک کو بھی جانتے تھے۔ اسپین کے دورانِ قیام میں اسپینی موسیقی کو بھی سننے کا انہیں اکثر اتفاق ہوا تھا۔ اس میں جو عربی اثرات اب تک باقی ہیں اس کا ذکر کیا کرتے تھے۔

ڈاکٹر صاحب میانہ قد اور خوش رو شخص تھے۔ رنگ صاف، کھڑا نقشہ اور کڑی کڑی مونچھیں تھیں۔ حج کے بعد فرنچ کٹ ڈاڑھی بڑھائی تھی۔ آنکھوں میں تھوڑی سرخی تھی اور ایک پیر میں ہلکی سی لغزش تھی جس کو وہ لغزش مستانہ سے تعبیر کیا کرتے تھے۔ گھر سے جب بھی باہر جاتے تو سوٹ میں ملبوس ہوتے، جامہ زیبی کا یہ حال تھا کہ جو بھی لباس زیب تن کرتے اچھا معلوم ہوتا تھا۔ جاڑوں میں نیلے رنگ کا سرج کا سوٹ پہنتے اور گرمیوں میں بادامی

Marfat.com

رنگ کا ریشمی سوٹ استعمال کرتے تھے۔ کبھی کبھی ہم لوگوں سے ہنس کر کہتے کہ دیکھو یہ جوتا دس سال پرانا ہے اس سوٹ کو میں نے بارہ سال پہلے کلکتہ کے مشہور انگریز خیاط "ہارمن" کے یہاں سلایا تھا، اپنے اوور کوٹ کے بارے میں بتاتے کہ اسے بیس سال پہلے جرمنی میں بنوایا تھا۔ سفید رنگ کی انگریزی ٹوپی جس کو برابر استعمال کرتے تھے اسے پندرہ سال پہلے آرمی اینڈ نیوی اسٹورس کلکتہ سے منگوایا تھا۔ ہم لوگوں کے بہت اصرار پر اس ٹوپی کو بدل کر ایک نئی ٹوپی کلکتہ سے منگائی تھی۔ ڈاکٹر صاحب کے ذاتی استعمال کی کل چیزیں استعمال میں رہتے رہتے آثار قدیمہ کی حیثیت اختیار کر چکی تھیں۔ معلوم نہیں کس سلیقہ سے یہ کپڑے استعمال کیے جاتے تھے کہ وہ پرانے نہیں معلوم ہوتے تھے۔ اس قسم کی زندگی بسر کرنے والے امتیازی لوگ ہوتے ہیں جن کی ہر شخص قدر کرتا ہے اور عقل والے ان کے نقش قدم پر چلتے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب بڑی حد تک قدامت پسند تھے۔ اس کا اظہار ان کے رہن سہن طور طریقہ اور بات چیت سے ہوا کرتا تھا۔ "یورپ زدگی" کا کہیں نام ونشان نہ تھا۔ ایک نئی دو منزلہ پختہ عمارت جب اپنی رہائش کے لیے تعمیر کرائی تو اس کو بھی پرانے قسم کے فرنیچر سے آراستہ کیا۔ عمارت کی طرز تعمیر بھی پرانی تھی۔ جب تک موٹر کار نہیں خریدی روزانہ ایک پرانی قسم کی پالکی گاڑی پر کالج آتے تھے اور اس کا کوچ مین بھی پرانے زمانے کی یادگار تھا۔

ڈاکٹر صاحب فطری طور پر کم آمیز تھے مگر جس سے ملتے تھے بہت خلوص اور محبت سے ملتے تھے۔ اخلاص اور مروت کی تمام قدریں ان کے اندر موجود تھیں۔ دوستوں سے بہت کھل کر ملتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ جو بھی ان سے ایک بار ملتا ان کا گرویدہ ہو جاتا تھا۔ ان کی شخصیت ظاہری اور باطنی دونوں حیثیت سے دلچسپ تھی۔ بے حد نرم مزاج اور نرم گفتار انسان تھے۔ دوستوں اور شاگردوں کا ان کے پاس جمگھٹا رہتا تھا۔ وہ ادبی، سماجی، تاریخی، مذہبی گویا ہر موضوع پر گفتگو کرتے تھے۔ انداز بیان اتنا دلچسپ ہوتا تھا کہ ہر شخص محو ہو جاتا تھا۔

ڈاکٹر صاحب کی گھریلو زندگی سے کم لوگ واقف ہیں۔ چونکہ وہ میرے والد مرحوم کے عزیز دوستوں میں تھے اور میں ان سے بہت ملتا رہتا تھا اس لیے میں بہت سی باتوں سے واقف تھا۔ ان کی نجی زندگی بالکل درویشانہ تھی۔ چوبیس گھنٹوں میں صرف ایک بار کھاتے اور کھچڑی ان

Marfat.com

کی مرغوب غذا تھی۔ رات کو ایک بسکٹ، ایک انڈا اور "اوکسو" سے تیار کیا ہوا ایک پیالی سوپ پیا کرتے تھے۔ اپنی اولاد سے ان کو والہانہ محبت تھی اور ان کے ہر خرچ کو نہایت خوشی سے برداشت کرتے۔ اہلیہ مرحومہ کی وفات کے بعد ان کو برابر یاد کرتے تھے۔ اپنے آرام سے زیادہ دوسروں کے آرام کا خیال رکھتے تھے۔ زندگی بھر ایک پرانی مسہری پر سوئے اور اس پر کبھی کوئی تکلیف محسوس نہیں کی۔ اپنی کمائی کا ایک بڑا حصہ اپنے ضرورت مند رشتہ داروں پر صرف کرتے تھے۔ ان کے مرنے سے دو ہفتہ پہلے جب میں ان سے ملا تو ان کو دیکھا کہ اندرون حویلی ایک معمولی تخت پر لیٹے ہوئے تھے اور اس میں کوئی تکلیف محسوس نہیں کر رہے تھے۔ "کھانے، سونے، بولنے" تینوں چیزوں میں ڈاکٹر صاحب درویشی کے معیار پر پورے اترتے تھے۔ وہ واقعی اپنے زمانے کے لیے برکت تھے۔ ان کی شخصیت میں بے پناہ محبت تھی، ایسی محبت جو سب لوگوں کے لیے یکساں ہو جو سب کو اپنا سمجھے اور سب کا بھلا چاہے۔ میری غیر مستقل مزاجی سے اکثر ناراض ہو جاتے تھے اور مجھے اچھی نصیحت کیا کرتے تھے جس سے مجھے اپنی زندگی میں بہت مدد ملی اور میری زندگی کامیاب رہی۔ وہ مجھے اپنی اولاد کی طرح سمجھتے تھے اور میں نے بھی زندگی بھر کوئی بات ان کی مرضی کے خلاف نہیں کی اور یہ میرے لیے باعث فخر ہے۔

ڈاکٹر صاحب عقیدے کے لحاظ سے اعتدال پسند تھے اور کسی دوسرے فرقے اور عقیدے والوں سے نفرت نہ کرتے تھے۔ مذہب کا تصور ان کے نزدیک واضح تھا۔ وہ تنگ نظری کے شکار نہ تھے۔ نماز پڑھا کرتے تھے مگر پوشیدہ طریقے سے، نہایت خشوع اور خضوع کے ساتھ عبادت کرتے۔ ۱۹۳۷ء میں اللہ نے انہیں حج اور زیارت مدینہ کا شرف بخشا۔ حج کے لیے روانگی کے وقت جہاز میں وہ "امیر الحج" مقرر ہوئے اور حجاج کرام کے آرام کا سامان ہر طرح سے مہیا کیا۔ حج کے سلسلہ میں ان کے ساتھ ایک قابل ذکر واقعہ یہ ہوا جسے وہ بار بار بیان کرتے تھے، ان کی اکثر یہ تمنا رہتی تھی کہ مسجد نبوی میں "مواجہ رسول" کے سامنے تخلیہ میں سلام و درود کا موقع مل جائے مگر یہ کوئی آسان کام نہ تھا اس لیے کہ وہاں ہر وقت لوگوں کا ازدحام لگا رہتا تھا۔ مگر لگن سچی ہو تو سب کچھ حاصل ہو جاتا ہے۔ چنانچہ مدینہ سے واپسی کے وقت بالکل غیر متوقع طور پر انہیں یہ موقع مل گیا۔ جب وہ درود و سلام میں

Marfat.com

مصروف تھے تو رقت طاری ہو گئی اور انہیں ایسا محسوس ہوا کہ ان کی ساری جسمانی قوت سلب ہو چکی تھی اور ان کے لیے اٹھنا محال ہے۔ لگتا تھا کہ کسی نے ان کے پیروں کو پکڑ لیا ہے۔ جیسا کہ اوپر عرض کیا گیا ہے وہ ہر فرقہ کے لوگوں سے محبت کرتے تھے اور ساتھ ہی ان کا احترام بھی۔ اسی خیال کے مد نظر انہوں نے سنسکرت پڑھی اور وید کے پسندیدہ اشلوک کو نہایت ذوق کے ساتھ سنایا کرتے تھے۔ قرآن کے رو سے ہر قوم کے لیے اللہ نے ہادی بھیجا ہے۔ اسی خیال کے تحت وہ ہندوستان کے لیے سری کرشن جی کو اپنے وقت کا ہادی سمجھتے تھے۔ اور ان سے ایسی عقیدت تھی کہ انہوں نے اپنے تاثرات کو ایک نظم میں پیش کیا۔ وہ کہا کرتے تھے کہ سری کرشن جی موحد تھے اور بت پرست برہمنوں نے بعد میں گوپیوں کی داستانیں ان سے منسوب کر کے ان کے کردار کو مسخ کر دیا۔ شاید یہ توحید اور بت پرستی کی رقابت کے جذبے کے تحت ایسا کیا گیا ہے۔ وہ قرآن کے شیدائی تھے اور اس کا انہوں نے گہرا مطالعہ کیا تھا۔ تفسیر سے بھی ان کا خاصہ لگاؤ تھا۔ اکثر کہا کرتے تھے کہ قرآن کو پڑھنے کے ساتھ توریت اور انجیل کو بھی پڑھنا چاہئے اس لیے کہ بہت سے واقعات جن کا اشارہ قرآن میں ہے سمجھ میں آجاتے ہیں اور قرآن کی فوقیت بھی ثابت ہو جاتی ہے۔ قرآنی موضوعات پر وہ تحقیقی کاموں میں مشغول رہتے تھے اور ان ہی مشغولیتوں کا نتیجہ تھا کہ ان کی تین ضخیم کتابیں عربی زبان میں عالم وجود میں آئیں:

(۱)رسالة فی الاخبار الصادقة فی القرآن عن المغیبات (۲) رسالة فی تنظیمات قریش فی مکه قبل بعثة رسول الله ﷺ (۳)رسالة مسمی القواعد السیاسة الهیة الصمد الخلافت النبویة۔

ڈاکٹر صاحب کو سیاست سے کم لگاؤ رہا۔ اپنی گفتگو میں جمال الدین افغانی کا نام بڑی عزت سے لیتے تھے اور ان کی اسلامی تحریک کے بڑے مداح تھے اس عہد میں پان اسلامزم (Pan Islamism) کا بڑا زور تھا اور اس کی گوناگوں سرگرمیوں سے مسلم دانشوروں میں سرور و کیف کے جذبات امڈے پڑتے تھے۔ ڈاکٹر صاحب بھی اس تحریک سے دلچسپی رکھتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ تمام مسلم ممالک جو ابھی یورپی تسلط کے ماتحت بے بس اور مجبور ہیں ایک دن آزاد ہو جائیں گے اور اپنے سیاسی، تہذیبی اور سماجی مقاصد کی تکمیل میں

Marfat.com

کامیابی حاصل کریں گے۔ وہ ہمیشہ اس بات کے متمنی تھے کہ یہ مسلم ممالک خارجی طاقتوں کی پابندیوں سے جلد آزاد ہو کر آپس میں متحد ہو جائیں اور ایک محکم واستوار ملک قائم کریں۔ گرچہ اکثر باتوں میں وہ انگریزوں کے قدرداں تھے مگر مجموعی طور پر اسلامی دنیا میں ان کا جو سیاسی کردار رہا ہے اور مسلمانوں کو ان سے جو اذیتیں پہنچی ہیں ان سے انگریزوں کو مسلمانوں کا سب سے بڑا دشمن سمجھتے تھے اور کہا کرتے تھے کہ تاریخ شاہد ہے کہ جتنا نقصان عظیم انگریزوں کے ہاتھوں مسلمانوں کو ہوا ہے اتنا کسی دوسری قوم سے نہیں ہوا ہے۔ جرمن قوم کے وہ نہایت مداح تھے۔ جرمن قوم کے کردار اور مزاج کو سمجھنے کا موقع انہیں بہت ملا تھا وہ جرمن قوم کی محنت اور سائنسی تجربات میں سارے عالم میں ان کی پیش قدمی سے بہت متاثر تھے اور کہا کرتے تھے کہ اگر جرمن قوم ختم ہو جائے تو سائنس کی دنیا میں جو نئے تجربات اور ترقیاں ہو رہی ہیں وہ یکسر ختم نہ بھی ہوں مگر اتنا ضرور ہوگا کہ ان میں جدت اور ترقی باقی نہ رہے گی۔ اکثر کہا کرتے تھے کہ جرمن قوم کو دنیا مٹا نہیں سکتی ہے کیونکہ اس قوم میں ابھرنے کی فطری صلاحیت موجود ہے اور ان کا یہ بھی خیال تھا کہ روس کا دنیا پر چھا جانا مسلمانوں کی تباہی اور ہلاکت کا باعث ہو سکتا ہے۔ امریکن قوم کو نہایت خود غرض قوم کہا کرتے تھے جس کے وعدوں پر کبھی بھروسہ نہیں کیا جا سکتا ہے۔ ان کا عقیدہ تھا کہ قوموں کی جنگیں ناگزیر ہیں اور اسی میں قوموں کی ترقی کا راز پنہاں ہے۔

ڈاکٹر صاحب میرے والد مرحوم کے دوستوں میں تھے۔ کالج میں داخلہ لینے سے پہلے مجھے دو تین بار ان سے ملاقات کا شرف حاصل ہو چکا تھا میں نے جولائی ۱۹۲۴ء میں پٹنہ کالج میں بی اے آنرس فارسی میں داخلہ لیا اور چار سال تک ان کے لکچرس میں شریک ہوتا رہا۔ اس زمانے میں ڈاکٹر صاحب بی۔ اے اردو کمپوزیشن کا کلاس بھی لیا کرتے تھے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ فارسی کلاس سے پہلے میں نے اردو کمپوزیشن کے کلاس میں شرکت کی تھی۔ وہ دو برسوں تک کمپوزیشن کا کلاس لیتے رہے اور میں ہمیشہ ان کے لکچرس میں بلاناغہ شریک ہوتا رہا۔ میں نے ان لکچرس کو اپنے لیے نہایت سودمند پایا۔ طلباء کی سہولت اور ادب کی تاریخ کے ادوار کو ذہن نشین کرانے کی خاطر انہوں نے اردو کی تاریخ کو چند ادوار میں تقسیم کیا تھا اور اس کے مطابق وہ درس دیا کرتے تھے۔ چوں کہ ان کی طبیعت نظم کی طرف

Marfat.com

زیادہ راغب تھی اس لیے وہ اردو شاعری ہی کو زیادہ تر اپنی تدریس کا موضوع بناتے تھے اور آخری لکچرس میں اردو نثر پر بھی ناقدانہ نظر ڈالتے تھے۔ میرؔ، ذوقؔ، مومنؔ، غالبؔ، اور داغؔ کے اشعار کی نہایت ہی عالمانہ انداز میں شرح کر کے ان کے فنی وادبی پہلوؤں کو اجاگر کرتے اور ان کے شعری وادبی محاسن پر تنقیدی نظر ڈالتے۔ ایسے طریقۂ تدریس میں طلباء میں ادب کا ذوق پیدا ہونا فطری تھا۔ ان شعرا کے علاوہ انہوں نے مجھے خوب یاد ہے حالیؔ، اکبرؔ، اور اقبال کی شاعرانہ حیثیت پر بھی بھرپور انداز میں اظہار خیال کیا تھا اور ان کے شاعرانہ اوصاف بیان کرتے تھے۔ حالیؔ کے پس منظر میں اکبرؔ اور اقبالؔ، کی شاعرانہ عظمتوں کا انکشاف کرتے۔ اقبالؔ کے بڑے معترف تھے اور ان کی ہمیشہ مدح سرائی کرتے تھے۔ مختصر یہ کہ دو برس کی قلیل مدت میں اردو ادب کی تاریخ کا مکمل جائزہ طلبہ کے لیے بڑا ہی سود مند ہوتا اور اردو ادب کی پوری تاریخ ہمارے سامنے جلوہ گر ہو جاتی تھی۔ افسوس ہے کہ یہ لکچرس قلم بند نہ ہو سکے۔

ڈاکٹر صاحب فارسی کے آنرس کلاس میں۔ ہم لوگوں کو قصاید خاقانیؔ اور محمود شبستریؔ کی ''گلشن راز'' جو اصول تصوف کی ایک جامع مثنوی ہے، پڑھاتے تھے۔ ''تفکر، سر وحدت، خود شناسی، انا الحق، ممکن وواجب، قدیم ومحدث، جزو کل'' کے سوالات اس میں حل کیے گئے ہیں اور اکثر مسائل جو اس مثنوی میں بیان کیے گئے ہیں، ہم لوگوں کی سمجھ سے باہر تھے، مگر ڈاکٹر صاحب تصوف کے افکار وخیالات کے مصطلحات سے آشنا کراتے، پھر بھی وہ کہتے تھے کہ یہ تصوف کا کارنامہ ہے اور میں صوفی نہیں ہوں۔ میں نے تو پوری تشریح کر دی، مگر ''گلشن راز'' راز ہی رہے گا۔ آج کل یہ مثنوی کسی یونیورسٹی کے بی۔ اے کورس میں داخل نہیں ہے کیوں کہ آج کے نوجوان اس کو سمجھنے سے قاصر ہیں۔ ہم لوگوں کو قصاید قاآنی بھی پڑھایا کرتے تھے مگر وہ قاآنی کی شاعرانہ اہمیت کے قائل نہ تھے۔ ان کی نظر میں قاآنی کے قصیدوں میں وہ ساری خوبیاں نہ تھیں جو قدما کے کلام میں بطرز احسن موجود ہیں۔

ڈاکٹر صاحب ایم۔ اے میں ہم لوگوں کو ''قصاید خاقانیؔ'' سنائیؔ کے قصاید اور ''حدیقۃ الحقیقۃ'' پڑھایا کرتے تھے۔ خاقانیؔ فارسی کا بزرگ ترین قصیدہ گو شاعر ہے اور وہ اپنی مشکل گوئی کے لیے مشہور ہے۔ ڈاکٹر صاحب خاقانیؔ کے اشعار کو بڑی محنت، شوق اور لگن سے پڑھاتے۔ اکثر ایک دو شعر کی تشریح وتوضیح میں گھنٹہ ختم ہو جاتا تھا۔ شعر کی تشریح کے

Marfat.com

ساتھ ہی ساتھ دوسرے مشاہیر کے اشعار کو بھی زبانی پڑھتے اور ان کا باہمی موازنہ و مقابلہ کرتے اور ان کے ادبی اور شعری پہلوؤں کو واضح کرتے، جب تشبیہ "استعارہ، تلمیح یا دوسری لفظی و معنوی صنعتیں آتیں تو وہ سارے نکات بیان کرتے اور کبھی وہ اچانک ہم لوگوں سے سوال کر بیٹھتے کہ کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے۔ خاموشی دیکھ کر ان کے چہرے کا رنگ بدل جاتا، مگر وہ اپنی رو میں درس دینے لگتے۔ "حدیقۃ الحقیقۃ" پر جب درس دیتے تو اشعار کو بڑے جوش اور سر مستی سے پڑھاتے، رموز تصوف کو واشگاف کرتے۔ بعض مقامات پر ان کا انداز گفتگو بڑا ہی دقیق اور فلسفیانہ ہو جاتا اور ان کا طرز بیان ہمیشہ ادبی معیار کا حامل رہتا۔

۱۹۳۲ء سے ۱۹۳۵ء تک پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری کے لیے راقم تحقیقی مقالہ ترتیب دینے میں مشغول رہا۔ دوران تحقیق ان کی نگرانی میں کام کرنے کا مجھے فخر حاصل ہے۔ وہ مجھے ماخذ بتاتے اور میں مواد اکٹھا کرتا۔ مواد فراہم کرنے کے بعد جب میں ایک یا دو باب لکھ کر لے جاتا تو وہ بڑی ریاضت کے ساتھ مسودہ کو دیکھتے اور ضروری ہدایات دیتے، ان کی نظر بڑی نکتہ رس تھی۔ فنی نزاکت، تاریخی صحت، حواشی کی درستی، اور ترتیب و تنظیم میں پختگی کے دلدادہ تھے۔ وہ چاہتے تھے کہ میرا تحقیقی مقالہ ہر اعتبار سے مکمل ہو اس لیے وہ مجھ سے خوب محنت کراتے اس طریقہ کار سے مجھے تاریخ، تذکرے، دواوین کے مطالعہ کا شوق پیدا ہوا۔ جب میرا مقالہ آخری مرحلے میں تھا تو وہ تصحیح کے لیے گھر پر بلاتے اور مئی اور جون کی تیز گرمی میں ان کے دولت کدہ واقع خواجہ کلاں پر جاتا۔ وہ بڑی خندہ پیشانی سے اس کام میں لگ جاتے اور اکثر پسینہ میں شرابور ہو جاتے مگر کام ختم کر کے ہی دم لیتے۔ میں ان کی اس عنایت کو کبھی بھول نہیں سکتا ہوں۔ انہوں نے جو ہدایت بھی دی میں اس پر عمل پیرا ہوتا اور شاید اسی ریاضت اور محنت کا ثمرہ تھا کہ میں نے پٹنہ یونیورسٹی سے سب سے پہلے پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری ۱۹۳۵ء میں حاصل کی، پٹنہ یونیورسٹی 1918ء میں قائم ہو چکی تھی، مگر ۱۹۳۵ء تک کسی نے یہ ڈگری کسی بھی مضمون میں نہیں پائی تھی۔ پٹنہ یونیورسٹی نے امتحان کا کل انتظام سر ایڈورڈ ڈینی سن روس کے سپرد کیا جو اس وقت لندن میں اسکول آف اورینٹل اسٹڈیز کے ڈائرکٹر تھے۔ ڈاکٹر صاحب کی نگرانی میں تحقیقی کام انجام دینے کا مجھے جتنا فخر ہو کم ہے۔ میرا

Marfat.com

موضوع "ہندوستان کے قدیم فارسی شعراء" تھا جو ایک مشکل اور دشوار موضوع تھا مگر یہ مشکل مرحلہ ڈاکٹر صاحب کی مشفقانہ رہ نمائی میں بآسانی طے ہو گیا اور میں یونیورسٹی کا پی۔ایچ۔ڈی میں پہلا سندیافتہ ہو گیا۔

درس و تدریس سے سبکدوش ہونے کے بعد بھی ان کی اعلیٰ علمی صلاحیت کی وجہ سے حکومت وقت علمی معاملات میں برابر ان سے مشورہ لیتی تھی۔ عربی، فارسی اور اردو کے متعلق جب سرکار کو کسی مشورے کی ضرورت آن پڑتی تھی یا کوئی مسئلہ درپیش ہوتا تھا تو آپ ہی اسے حل کرتے تھے۔

۱۹۳۶ء میں آصفیہ لائبریری حیدر آباد دکن کی جب تنظیم نو ہونے لگی تو خان بہادر اسد اللہ لائبریرین امپریل لائبریری کلکتہ اور ڈاکٹر صاحب کو شہریار دکن حضور نظام نے یاد فرمایا اور قریب ایک ماہ حیدر آباد میں قیام کر کے لائبریری کو بہتر طریقے سے منظم کرنے کی سفارش کی۔

مختصر یہ کہ ڈاکٹر صاحب کی زندگی ہر حیثیت سے بڑی کامیاب رہی۔ ان کی زندگی میں جلال بھی تھا اور جمال بھی۔ ان کی شخصیت پر شکوہ تھی اور عظیم۔ ان کے متعلق ہم لوگوں کے انگریزی کے محترم پروفیسر آرمر نے کیا خوب کہا ہے:

> "آپ ایک خوش طبع، خلیق اور ملنسار انسان ہیں نیز نہایت ہی کامل استاد اور فاضل اور زبان داں بھی ہیں۔"

چند الفاظ میں اس سے بڑھ کر اور کیا تعریف ہو سکتی ہے اور وہ بھی ایک انگریز دانش ور کی زبانی جو اپنی دیانت داری میں مشہور تھے۔ ان کی وفات سے میرے لیے ایک ایسا خلا پیدا ہو گیا جو کبھی بھی پر نہیں ہو سکتا ہے۔

۳۔ سر عبد الرحیم، ایم۔اے۔ ال ال ڈی۔ کے سی ایس آئی:
پریسیڈنٹ انڈین لیجیلیٹو اسمبلی (سنٹرل) دہلی

سر عبد الرحیم ماہ ستمبر ۱۸۶۷ء میں مدنا پور بنگال میں پیدا ہوئے۔ موصوف کا تعلق ایک نہایت ہی باعزت خاندان سے تھا۔ ان کے دادا ڈپٹی کلکٹری کے عہدے پر فائز تھے اور

Marfat.com

والد محترم مولوی عبدالرب مدناپور کے زمینداروں میں تھے۔ مولوی عبدالرب صاحب ایک جید عالم تھے اور سر عبدالرحیم نے عربی کی تعلیم اپنے والد سے حاصل کرنے کے بعد انگریزی تعلیم کے لیے سرکاری ہائی اسکول مدناپور میں داخلہ لیا۔ انٹرنس کے امتحان میں کامیاب ہو کر پریسیڈنسی کالج کلکتہ میں تعلیم حاصل کرنا شروع کر دیا۔ بی۔اے کی ڈگری آنرس کے ساتھ حاصل کی۔ بعدازاں اسی کالج سے انگریزی ادب میں ایم۔اے کیا۔ صاحب موصوف پریسیڈنسی کالج کے نہایت ہی ممتاز اور ہونہار طالب علموں میں شمار کیے جاتے تھے۔ اپنے کل امتحانوں میں نہایت ہی شاندار کامیابی حاصل کی۔ ایم۔اے میں کامیاب ہونے کے بعد قانون کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے انگلستان گئے اور ۱۸۹۰ء میں مڈل ٹیمپل سے بیرسٹری کا امتحان پاس کر کے ہندوستان واپس آئے اور اسی سال سے کلکتہ ہائی کورٹ میں بیرسٹری کرنے لگے۔ ۱۹۰۰ء سے ۱۹۰۳ء تک کلکتہ میں پریسیڈنسی مجسٹریٹ کے عہدے پر مامور رہے۔ حکومت نے موصوف کو ڈپٹی لیگل رممبرنسر (Deputy Legal Rememberancer) کے عہدے پر مقرر کیا جو اس زمانے میں ایک بڑی عزت کی بات سمجھی جاتی تھی۔ ۱۹۰۷ء میں صاحب موصوف ٹیگور لا لکچرر مقرر ہوئے اور اسی دوران انہوں نے ایک نہایت ہی قابل قدر اسلامی اصول و قوانین پر ایک کتاب تصنیف فرمائی۔ یہ کتاب (Principles of Muhammadan Jurisprudence) کو آج بھی بڑے بڑے قانون داں شوق سے پڑھتے ہیں اور کام میں لاتے ہیں۔ ۱۹۰۸ء میں موصوف مدراس ہائی کورٹ کے جج مقرر ہوئے جہاں انہوں نے اپنی بے غرضی اور انصاف کی بدولت شہرت حاصل کی۔ مدراس ہائی کورٹ کی اعلیٰ قدیم روایتوں کو ہر موقع پر برقرار رکھ کر لوگوں سے خراج تحسین حاصل کیا۔ اس زمانہ میں مدراس کا ہائی کورٹ اپنے قابل ججوں کے لیے بہت مشہور تھا۔ صاحب موصوف ۱۹۰۸ء سے ۱۹۲۰ء تک مدراس ہائی کورٹ کے جج رہے اور صاحب موصوف کے عالمانہ فیصلے جو قانون کے مطابق ہوا کرتے تھے، ہندوستان کے ہر ہائی کورٹ میں قدر کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔ ۱۹۱۰ء اور ۱۹۱۹ء میں عارضی طور پر مدراس ہائی کورٹ کے چیف جسٹس ہوئے۔ اس زمانہ میں بہت کم ہندوستانی ہائی کورٹ کے چیف جسٹس ہوا کرتے تھے۔ جب موصوف مدراس میں جج تھے تو تعلیمی اداروں کے کاموں

Marfat.com

میں دلچسپی سے حصہ لیتے۔ خصوصاً مسلم مدارس کے فروغ کے لیے کوشاں رہتے تھے۔ان کا خیال تھا کہ ہر ہندوستانی شہری کو تعلیم کا موقع فراہم کیا جانا چاہیے۔ عرصہ تک مدراس یونیورسٹی کے سنیٹ اور سنڈیکیٹ کے ممبر رہے اور یونیورسٹی کی ترقی کے لیے نمایاں کام انجام دیا جس کے تذکرے مدراس یونیورسٹی کے سالانہ رپورٹوں میں موجود ہیں۔ حکومت برطانیہ نے سر عبدالرحیم کو Royal Commission on Public Service کا ممبر مقرر کیا اور موصوف نے ۱۹۱۳ء سے ۱۹۱۵ء تک اس کمیشن کی خدمات کو انجام دیا۔ اپنے اختلافی نوٹ کے ذریعہ حکومت برطانیہ پر دباؤ ڈالا کہ اعلیٰ ملازمتوں میں ہندوستانیوں کی تقرری کی جائے اور صاحب موصوف کا یہ ایک عظیم کارنامہ ہے۔ سر عبدالرحیم کی سفارشات کی بدولت ہندوستانیوں کی تقرری اعلیٰ ملازمتوں میں ہونے لگی اور یہ بھی طے پایا کہ انڈین سول سروس کا امتحان انگلستان اور ہندوستان میں بیک وقت ہو۔ موصوف کی یہ سب خدمتیں کبھی فراموش نہیں کی جاسکتیں۔ سر عبدالرحیم ۱۹۲۰ء تک مدراس ہائی کورٹ کے جج رہے اور حکومت نے انہیں اسی سال گورنر بنگال کے اکزیکیٹو کونسل کا ممبر مقرر کیا۔ اس عہدہ پر موصوف پانچ سال تک قائم رہے۔ ۱۹۲۵ء میں بنگال لیجسلٹو کانسل کے ممبر منتخب ہوئے اور بنگال مسلم پارٹی کے لیڈر کی حیثیت سے اپنے کاموں کو نہایت دلیری سے انجام دیا۔ حکومت بنگال نے ۱۹۲۷ء میں باریسال کے لوگوں پر نہایت ظالمانہ انداز سے گولی چلوادی۔ صاحب موصوف پر اس نادر احرکت کا بڑا اثر ہوا اور وہ احتجاج کے طور پر کونسل کی ممبری سے الگ ہوگئے۔ ۱۹۳۱ء میں موصوف کا ہندوستان کی مرکزی قانون ساز اسمبلی میں بحیثیت آزاد ممبر انتخاب ہوا۔ ۱۹۳۱ء سے ۱۹۳۴ء تک اسمبلی میں حزب مخالف کے لیڈر کی حیثیت سے اپنی خدمتوں کو بحسن وخوبی انجام دیتے رہے۔ ۱۹۳۵ء میں اسی مرکزی قانون ساز اسمبلی کے پریسیڈنٹ مقرر ہوئے اور دس سال تک اس عہدہ پر فائز رہے۔ موصوف کا دس سال تک اس جلیل القدر عہدہ پر قائم رہنا ان کی قابلیت اور ایمانداری کا ایک بین ثبوت ہے۔

سر عبدالرحیم انگلستان میں جوائنٹ پارلیامنٹری کمیٹی کے ممبر ہوئے اور ۱۹۳۵ء میں صاحب موصوف نے ہندوستانی وفد کے لیڈر ہوکر ایمپائر پارلیامنٹری کانفرنس میں شرکت

Marfat.com

کی۔ صاحب موصوف نے راؤنڈ ٹیبل کانفرنس میں ہندوستان کی نمایندگی کی جہاں انہوں نے نہایت ہی زوردار الفاظ میں ہندوستان کو آزادی دیئے جانے کا مطالبہ کیا۔

سر عبدالرحیم ہمیشہ حکومت برطانیہ کی جابرانہ پالیسی پر اعتراض کیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ آرڈی ننس کے خلاف جو حکومت برطانیہ اکثر جاری کیا کرتی تھی۔ صاحب موصوف نے سنٹرل اسمبلی میں اپنی ایک تقریر کے دوران فرمایا کہ برطانیہ کو پورا اختیار ہے کہ ہندوستان کو برباد کردے مگر اسے یہ یاد رکھنا چاہئے کہ اس طریقہ کار سے برطانیہ کی بھی بربادی ہوگی۔ انہوں نے بارہا کہا اور حکومت کی توجہ مبذول کرائی کہ ہندوستان کی غربت اور ناخواندگی ایسے دو اہم مسئلے ہیں جن کو جلد سے جلد حل کرنا نہایت ضروری ہے ورنہ ملک ترقی کی راہ پر گامزن نہ ہو سکے گا۔ صاحب موصوف کا تعلق کانگریس اور اس کی سیاست سے کبھی نہیں رہا۔ انہوں نے مسلم لیگ کے قائم کرنے میں بڑے ذوق وشوق سے حصہ لیا اور ممبر کی حیثیت سے ڈیپوٹیشن میں شرکت کی۔ مسلمانوں نے لارڈ منٹو سے اس ڈیپوٹیشن کے ذریعہ اپنے لیے جداگانہ انتخاب کا مطالبہ کیا تھا۔ ۱۹۲۵ء میں سر عبدالرحیم نے مسلم لیگ کے سالانہ جلسہ کی صدارت کی۔ اپنے خطبہ میں انہوں نے فرمایا کہ مسلمانوں کے طور طریقے، مذہب، تاریخی روایات اور ضرورتیں برادران وطن سے بالکل جداگانہ ہیں اس لیے مسلمانانِ ہند بہ نسبت برادران وطن کے دوسرے ممالک کے مسلمانوں سے اپنے کو قریب تر سمجھتے ہیں۔ صاحب موصوف کے اس بیان نے برادران وطن کے درمیان ایک ہیجانی کیفیت پیدا کردی اور کلکتہ کے بہت سے اخباروں نے صاحب موصوف کے خلاف مضامین شائع کیے۔ مگر وہ اپنے بیان پر شدت سے قائم رہے۔ ان کا خیال تھا کہ کانگریس مسلم لیگ سے کل متنازعہ مسئلوں کو طے کر کے کیبینٹ مشن پلان کو بے کم وکاست قبول کرلے مگر ایسا نہ ہوا۔ ۱۹۴۷ء میں تقسیم ہند کے بعد صاحب موصوف نے اپنے دہلی کے شاندار مکان کو فروخت کردیا اور پاکستان چلے گئے، تقریباً اسی ۸۰ سال کی عمر میں کراچی میں انتقال کیا۔ اللہ غریق رحمت کرے۔ سر عبدالرحیم کی سیاسی زندگی ہمیشہ نہایت پاک اور صاف رہی۔ انہوں نے ملک اور ملت کی ایسی خدمت کی ہے جس کے سبب وہ ہمیشہ یاد رہیں گے۔

سر عبدالرحیم کی شادی میری سگی منجھلی خالہ نثار فاطمہ بیگم سے ہوئی تھی اور اولاد

Marfat.com

میں دو لڑکیاں اور تین لڑکے ہوئے۔ بڑی صاحبزادی کی شادی ۱۹۱۸ء میں مسٹر جسٹس زاہد سہروردی کے صاحبزادے مسٹر ایچ۔ایس سہروردی سے ہوئی جو ان دنوں کلکتہ ہائی کورٹ میں بیرسٹری کرتے تھے۔ موصوف نے متحدہ بنگال میں مسلم لیگ کی سیاست میں نہایت سرگرمی سے حصہ لیا اور ہندوستان میں سیاسی لیڈر کی حیثیت سے ایسی شہرت حاصل کی جو بہت کم لوگوں کو نصیب ہوئی ہے۔ کلکتہ کارپوریشن کے ڈپٹی میئر ہوئے اور متحدہ بنگال کے وزیر اعلیٰ بھی رہے۔ مسلمانوں کے ہر دل عزیز لیڈر تھے اور پاکستان کے قائم کرنے میں انہوں نے نمایاں طور سے حصہ لیا۔ تقسیم ہند کے بعد مشرقی پاکستان چلے گئے اور وہاں بھی بہت عزت و شہرت حاصل کی۔ جب موصوف کا قیام ویلسلی فرسٹ لین کلکتہ میں تھا تو راقم کو کئی بار ان کے ساتھ ٹھہرنے کا اتفاق ہوا اور میں نے انہیں نہایت ہی خوش طبع اور دلچسپ انسان پایا۔

جب ۱۹۱۸ء موصوف کی شادی سر عبدالرحیم کی بڑی صاحبزادی سے ہوئی تو لیڈی رحیم اور سر عبدالرحیم نے شادی میں شریک ہونے کے لیے خاندان کے کل لوگوں کو مدعو کر کے کلکتہ بلایا۔ شادی نہایت ہی تزک احتشام سے سر عبدالرحیم کی رہائش گاہ واقع ۲۳ اے اولڈ بالی گنج روڈ کلکتہ میں ہوئی۔ بڑے بڑے انگریز اور ہندوستانی اس شادی میں شریک تھے اور مہمانوں کی ضیافت نہایت اچھے ہندوستانی اور انگریزی کھانوں سے کی گئی۔ سر عبدالرحیم نے ہر مہمان کا نہایت گرم جوشی سے استقبال کیا۔ راقم بھی اس شادی میں شریک تھا اور اس تقریب میں مجھے ڈاکٹر عبد اللہ المامون سہروردی سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا جو اس زمانے میں کلکتہ یونیورسٹی کے پروفیسر تھے اور مشرقی زبانوں سے بہت واقفیت رکھتے تھے۔ چونکہ راقم کلکتہ پہلی بار گیا تھا اس لیے میں نے وہاں دو ہفتہ تک قیام کیا اور شہر کو گھوم کر خوب دیکھا۔ مجھے ان انگریز حاکموں کے مجسمے جو جابجا شہر میں نصب تھے بہت پسند آئے۔ یہ بت تراشی کے اعلیٰ نمونے تھے۔ مگر آزادی کے بعد یہ سب مجسمے اپنی جگہوں سے ہٹا دیئے گئے ہیں۔ آج کل ہر شہر میں کانگریسی لیڈروں کے مجسمے جابجا نصب کیے جا رہے ہیں، مگر فن اور کاریگری کے لحاظ سے راقم کو ان میں کوئی خوبی نظر نہیں آتی ہے۔ اس زمانے میں وکٹوریہ میموریل کی عمارت زیر تعمیر تھی اور راقم نے اسے بھی جا کر دیکھا۔

Marfat.com

شادی کے چند برسوں بعد سر عبدالرحیم کی صاحبزادی جن کی شادی بڑے دھوم دھام سے ہوئی تھی انتقال کر گئیں اور منجھلے خالو کو اس کا بڑا صدمہ ہوا۔ مسٹر عبدالمجید سر عبدالرحیم کے عزیز دوستوں میں تھے اور آسام میں عرصہ تک گورنر کے ایگزیکیٹو کونسل کے ممبر رہے۔ سر عبدالرحیم نے اپنی چھوٹی لڑکی کی شادی صاحب موصوف کے لڑکے انعام مجید سے کی جو برطانوی فوج میں کیپٹن کے عہدہ پر مامور تھے اور ایک نہایت ہی ہونہار فوجی افسر سمجھے جاتے تھے۔ شادی کے تقریباً آٹھ سال بعد سر عبدالرحیم کی دوسری لڑکی کا بھی انتقال ہو گیا۔

سر عبدالرحیم کے بڑے لڑکے مسٹر ضیاء الدین عبدالرحیم ایک نہایت ہی ہونہار نوجوان تھے انگلستان سے بیرسٹر ہو کر آئے اور کلکتہ ہائی کورٹ میں بیرسٹری کرنے لگے۔ اپنی قانون دانی اور ہنرمندی کے سبب بہت جلد اپنے لیے ہائی کورٹ میں اچھا مقام پیدا کر لیا اور کم عمری میں کلکتہ ہائی کورٹ میں اسٹنڈنگ کونسل کے عہدے پر فائز ہوئے۔ جب ہائی کورٹ میں ان کے جج مقرر کیے جانے کی تجویز زیر غور تھی تو اچانک موصوف کا انتقال ہو گیا۔ سر عبدالرحیم نے ان کی موت کو نہایت صبر کے ساتھ برداشت کیا۔

صاحب موصوف کے ایک دوسرے صاحبزادے مسٹر جلال الدین عبدالرحیم نے انگلستان جا کر آئی۔ سی۔ ایس کے امتحان میں کامیابی حاصل کی اور صوبہ بہار میں ان کی تعیناتی ہوئی۔ چونکہ موصوف نہایت ہی محنتی اور قابل آفیسر تھے دہلی میں حکومت ہند نے انہیں اعلیٰ عہدوں پر رکھا۔ آزادی کے بعد موصوف پاکستان چلے گئے اور وہاں بھی نمایاں کام انجام دیتے رہے۔ مختلف ملکوں میں پاکستان کے سفیر بھی رہے۔ پنشن پانے کے بعد کچھ عرصہ تک مسٹر ذوالفقار علی بھٹو کی پیپلیس پارٹی کے سکریٹری بھی رہے۔ سر عبدالرحیم کے تیسرے لڑکے قیصر عبدالرحیم ایک نہایت ہی شریف النفس انسان اور ایک ماہر انجینئر ہیں۔ پاکستان میں نہایت ہی فارغ البالی کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ سر عبدالرحیم کو اپنی زندگی میں دو لڑکیاں، ایک لڑکے اور لیڈی رحیم کی موت سے بہت صدمہ پہنچا اور فالج کے مرض میں مبتلا ہو کر انتقال کیا۔ راقم صاحب موصوف کا بڑا احترام کرتا تھا اور وہ بھی مجھ سے بہت خلوص سے ملتے تھے۔

جب سر عبدالرحیم گورنر بنگال کے اکزیکیٹو کونسل کے ممبر تھے تو ان دنوں ۱۳ نمبر

Marfat.com

رسل اسٹریٹ کلکتہ ان کی رہائش گاہ تھی۔ راقم جب بھی کلکتہ جاتا صاحب موصوف کے ساتھ قیام کرتا۔ ان کی رہائش بالکل انگریزی طرز کی تھی اور وہ اچھے انگریزی کھانوں کے شوقین تھے۔ اچھے کھانے خود کھاتے اور دوستوں کو بھی کھلاتے تھے۔ کھانے کی میز کے ساتھ چھ کرسیاں لگی رہتی تھیں۔ ایک کرسی پر وہ خود بیٹھتے اور دو کرسیوں پر ان کے دو صاحبزادے بیٹھا کرتے تھے۔ رات کے کھانے پر ان کے کئی احباب ضرور آجایا کرتے تھے۔ اکثر رات کے کھانے میں ان کے سمدھی مسٹر جسٹس زاہد سہروردی شریک ہوا کرتے تھے۔ مسٹر زاہد سہروردی ایک نہایت ہی خوش مزاج انسان اور مشرقی تہذیب کے دلدادہ تھے۔ ان کی باتیں نہایت ہی پر لطف اور دلچسپ ہوا کرتی تھیں۔ سر عبدالرحیم صاحب ایک کم سخن آدمی تھے اور ان کے احباب اپنے مزاحیہ ٹیبل ٹاکس سے ہم لوگوں کو خوش کیا کرتے تھے۔ کبھی کبھی کرنل حسان سہروردی (جو بعد میں سر اور کلکتہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ہوئے) کھانے پر آیا کرتے تھے اور اپنے قصوں سے ہم لوگوں کو خوب ہنساتے تھے۔ اللہ مغفرت کرے نہایت ہی خوب آدمی تھے، بہت دنوں تک ایسٹ انڈین ریلوے کے چیف میڈیکل افسر رہے اور بہت شہرت حاصل کی۔

ڈاکٹر غلام امام میرے بڑے ماموں مسٹر محمد سلیمان بیرسٹر وجج کے بڑے صاحبزادے تھے اور عین جوانی میں انتقال کر گئے۔ کلکتہ اور دہلی میں ڈاکٹر اور سیاسی لیڈر تھے۔ سر عبدالرحیم بھائی غلام امام سے بے انتہا محبت کرتے تھے۔ بھائی موصوف نے بہت کافی وقت سر عبدالرحیم کے ساتھ گذارا تھا اور اس سبب سے ان کے مزاج اور حالات سے خوب واقف ہوگئے تھے۔ ایک مرتبہ راقم نے بھائی غلام امام سے دریافت کیا کہ کیا وجہ ہے کہ منجھلے خالو کبھی ریشمی سوٹ نہیں پہنتے ہیں اور چورنگی کے ایک انگریزی خیاط سے اچھے اچھے سوتی کپڑوں کے سوٹ سلوایا کرتے ہیں۔ ڈاکٹر غلام امام نے جواباً مجھ سے کہا کہ میں نے بھی ایک دفعہ یہی سوال سر عبدالرحیم سے کیا تھا تو انہوں نے فرمایا تھا کہ شرع کی رو سے مسلمان مردوں کے لیے ریشمی کپڑا پہننا ممنوع ہے۔ اس لیے میں سوتی کپڑوں کا استعمال کرتا ہوں۔ بھائی غلام امام نے اسی موقع پر سر عبدالرحیم کا ایک دوسرا واقعہ بھی بیان کیا جس سے ان کے مذہبی مزاج کا پتہ چلتا ہے۔ جب لارڈ لیٹن بنگال کے گورنر تھے تو انہوں نے چند مخصوص

Marfat.com

لوگوں کی دعوت کی۔اس ضیافت میں سب مہمان نے چاندی کی پلیٹ میں چاندی کے چھری کانٹوں سے کھانا کھایا مگر سر عبدالرحیم نے چینی کی پلیٹ اور نیکل کی چھری کانٹوں کا استعمال کیا۔ غالباً یہ سب خوبیاں موصوف نے اپنے والد بزرگوار سے حاصل کی تھیں جو شرعی قوانین کے نہایت پابند تھے۔ راقم نے اپنی زندگی میں سر عبدالرحیم جیسا صاحب کردار انسان بہت کم دیکھا ہے۔

لیڈی رحیم پردہ کی بہت پابند تھیں اور اکثر کہا کرتی تھیں کہ ہندوستان میں سب شریف مسلمان عورتیں پردہ میں رہنا چاہتی ہیں اور یہی بات ان کے لیے مفید بھی ہے۔ موصوفہ کی بڑی صاحبزادی بھی پردہ کی پابند تھی۔ نئی دہلی میں جب وائسرائے ہاؤس بن کر تیار ہوا تو لارڈ اور لیڈی ولینگڈن اس محل میں جاکر قیام پذیر ہوئے۔اس موقع پر ایک مخلوط پارٹی دیئے جانے کا انتظام کیا گیا جس میں معزز ترین مرد اور عورتیں شریک ہونے والی تھیں۔ کافی عرصہ سے لیڈی ویلنگڈن لیڈی رحیم سے واقف تھیں اور وہ یہ بھی جانتی تھیں کہ موصوفہ ایک پردہ نشین خاتون ہیں۔اگر پردہ نشین خواتین کا الگ انتظام نہ کیا گیا تو لیڈی رحیم اس پارٹی میں ہرگز شریک نہ ہوں گی۔اس لیے لیڈی ویلنگڈن نے لیڈی رحیم کو بذریعہ خط کل باتوں سے آگاہ کر دیا اور انہیں [illegible] وہ پارٹی میں شریک دیکھ کر بہت خوش ہوئیں اور شکریہ ادا کیا۔ موصوفہ لیڈی رحیم کی [illegible] عزت کیا کرتی تھیں۔ آج کل کی مسلمان عورتوں میں اسلامی شائستگی و تہذیب بالکل مفقود ہو چکی ہے اور مسلمانوں کا پورا معاشرہ بری طرح مغربی تہذیب کے رنگ میں ڈوبا ہوا ہے۔

۴۔ سر سید سلطان احمد:

لاء ممبر، حکومتِ ہند

سر سید سلطان احمد، خان بہادر سید خیرات احمد کے دوسرے صاحبزادے تھے۔ آپ کی پیدائش ۲۴ر دسمبر ۱۸۸۰ء کو علی نگر، پالی، ضلع گیا میں ہوئی۔ موصوف کا تعلق ایک تعلیم یافتہ متوسط طبقے کے زمیندار خاندان سے تھا۔ آپ کے والد ماجد گیا کے ایک مشہور وکیل تھے اور اسی شہر میں موصوف کے بڑے بھائی بھی بیرسٹری کیا کرتے تھے۔ موصوف نے ۱۸۹۷ء

Marfat.com

میں گیا ضلع اسکول سے میٹریکولیشن کا امتحان پاس کیا اور پٹنہ کالج میں دو سال تعلیم حاصل کر کے ۱۹۰۲ء میں انگلستان گئے جہاں انہوں نے "Gray's Inn" میں بیرسٹری کی تعلیم حاصل کی۔ ۱۹۰۵ء میں بیرسٹر ہو کر ہندوستان واپس آئے اور کلکتہ ہائی کورٹ میں ۱۹۰۵ء سے ۱۹۱۵ء تک بیرسٹری کرتے رہے جب پٹنہ ہائی کورٹ قائم ہوا تو اس عدالت عالیہ میں بیرسٹری کا کام کرنے لگے۔ اپنے پیشے میں کافی شہرت حاصل کی اور پٹنہ میں عرصہ تک پٹنہ ہائی کورٹ میں گورنمنٹ ایڈوکیٹ کے عہدہ پر فائز رہے اور ۲۰-۱۹۱۹ء میں کچھ عرصہ کے لیے پٹنہ ہائی کورٹ کے جج مقرر کیے گئے۔ ۱۹۲۳ء سے ۱۹۳۰ء تک پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر رہے۔ صاحب موصوف پٹنہ یونیورسٹی کے پہلے ہندوستانی وائس چانسلر تھے۔ ۳۱-۱۹۳۰ء میں لندن جا کر راؤنڈ ٹیبل کانفرنس میں شریک ہوئے۔ ۱۹۳۷ء میں سرکار برطانیہ نے انہیں وائسرائے کے ایکزیکیٹو کانسل کا ممبر مقرر کیا۔ ۱۹۳۸ء میں لیگ آف نیشنس میں ہندوستان کی نمائندگی کی۔ اسی سال آپ کی نامزدگی "پرمینٹ کورٹ آف انٹرنیشنل جسٹس" میں عارضی طور پر ہوئی۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران ۱۹۴۰ء میں موصوف کو وار کمیٹی کا ممبر نامزد کیا گیا اور ۱۹۴۱ء میں آپ حکومت ہند کے لا ممبر مقرر ہوئے۔ ۱۹۴۵ء میں موصوف اس عہدہ سے الگ ہو کر ۱۹۴۷ء میں "چیمبرس آف پرنسس" کے مشیر مقرر ہوئے۔ بعد ازاں موصوف اس کمیٹی کے ممبر مقرر کئے گئے جس کا نظام حیدر آباد کو مختلف سیاسی مسائل پر مشورہ دینا تھا۔ ۱۹۲۷ء میں سلطان احمد صاحب کو "سر" کا خطاب ملا اور ۱۹۴۵ء میں حکومت برطانیہ نے انہیں کے۔ سی۔ ایس۔ آئی کے خطاب سے سرفراز کیا۔ ۱۹۳۱ء میں پٹنہ یونیورسٹی نے موصوف کو ڈاکٹر آف لا کی اعزازی ڈگری عطا کی۔ سر سلطان احمد زندگی بھر ایک روشن خیال ہندوستانی رہے اور اپنی حب الوطنی کا ہر موقع پر اظہار کیا کرتے تھے۔ ہندوستان کی ہنگامہ خیز سیاست میں انہوں نے کبھی کوئی حصہ نہ لیا۔

۱۹۴۸ء میں موصوف اپنے کل سرکاری فرائض کو انجام دے کر پٹنہ واپس آئے اور پٹنہ ہائی کورٹ میں بیرسٹری کرنے لگے۔ بہ حیثیت بیرسٹر موصوف کی تحریر بڑی زبردست ہوتی تھی اور ہر مسئلہ کا تجزیہ بڑی قابلیت سے کرتے تھے۔ بحث پر مغز ہوا کرتی تھی مگر زبان کے چٹخارے کم ہوتے ہیں۔ گفتگو کا انداز دلکش ہوتا تھا۔ نہایت ہی ذکی الطبع

Marfat.com

تھے اور معاملہ کہ تہہ تک پہنچنے میں دیر نہ لگتی تھی۔ موصوف نے دیوانی کے مقدموں میں بڑی شہرت اور کامیابی حاصل کی اور خوب دولت کمائی۔ اپنے جونیر وکیلوں سے مقدمات کے کاغذات کو نہایت محنت سے تیار کراتے تھے۔ ہائی کورٹ کے جج ان کی قابلیت اور قانون دانی سے بڑے متاثر رہا کرتے تھے۔ باوجود اپنی سخت مصروفیت کے موصوف کچھ نہ کچھ وقت نکال کر اپنے دوستوں سے مل لیا کرتے تھے۔ اکثر اپنے احباب کو رات کے کھانے پر مدعو کیا کرتے اور بہت سی اہم باتیں کھانے کے دوران ہی طے ہو جایا کرتی تھیں۔ سال میں دو چار مرتبہ راقم کو بھی ان کے ساتھ کھانا کھانے کا شرف حاصل ہوتا تھا۔ ۱۹۵۲ء میں جب پٹنہ یونیورسٹی قائم ہوئی تو کچھ لوگوں کو خیال گذرا کہ عربی اور اردو کے لیے ایک ایک پروفیسر کی جگہ قائم کی جائے، جیسا دستور عرصہ دراز سے شعبہ فارسی میں تھا۔ موصوف نے راقم کو اپنے یہاں رات کے کھانے پر بلایا اور ایک ہدایت نامہ لکھوا دیا جسے میں نے یونیورسٹی کے وائس چانسلر کے سامنے پیش کیا۔ مطالبہ معقول تھا اس لیے کچھ بحث و تکرار کے بعد عربی اور اردو کے لیے ایک ایک پروفیسر کی جگہ قائم کی گئی۔ کلیم الدین احمد نے اس معاملہ میں بڑی دلچسپی لی اور اپنے ہندو دوستوں سے پوری مدد حاصل کی۔ سر سلطان احمد کے جامع ہدایت نامہ نے بڑا کام کیا اور ہم لوگوں کو کامیابی حاصل ہوئی۔ جب راقم نے صاحب موصوف کو اس کامیابی کی خبر دی تو بہت خوش ہوئے۔

سر سلطان احمد بڑے دین دار مسلمان تھے۔ اللہ کی ذات پر انہیں پکا بھروسہ تھا۔ اہل بیت اور ائمہ اطہار سے بڑی محبت کرتے تھے۔ متعدد بار کربلائے معلیٰ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ ہر سال پہلی محرم کو اپنے آبائی گاؤں پالی چلے جاتے، اور عشرہ محرم تک وہاں مقیم رہتے تھے۔ عزاداری کا خاص انتظام کیا جاتا تھا اور یہاں غم حسین نہایت ہی دینی جذبہ سے منایا جاتا تھا۔ سنا ہے کہ دس روز تک نہایت ہی پابندی سے مجلسیں منعقد ہوتیں جن میں واقعات کربلا پر روشنی ڈالی جاتی، شہدائے کربلا سے جو ظلم اور بے رحمی کا برتاؤ کیا گیا تھا اسے نہایت ہی تاریخی انداز میں پیش کیا جاتا اور غم حسینؑ کو موجب ثواب قرار دیا جاتا تھا۔ مجالس کے اختتام پر خاندان کے کچھ نوجوان افراد خصوصاً اکبر کاظمی، سید حسن رضا کاظمی اور سید نجم الحسن نہایت جذبہ سے مرثیے پڑھتے۔ راقم نے سید علی اکبر کاظمی کو ایک مرتبہ رانچی میں

Marfat.com

مرثیہ پڑھتے ہوئے سنا تھااور ان کی تحت اللفظ خوانی سے میں بہت متاثر ہوا تھا۔ سر سلطان نے آخر عمر میں اپنے پوتے سید شمس الحسن کے ساتھ حج کی سعادت حاصل کی اور مدینہ منورہ کی زیارت سے بھی مشرف ہوئے۔ موصوف جب حج سے واپس آئے تو راقم ان سے ملنے کے لیے "سلطان پیلیس" گیا اور موصوف سے ملاقات کی۔ سر سلطان احمد مجھے اپنے اس کمرے میں لے گئے جو ان کے آفس کے کمرے کی پشت پر تھا اور تقریباً ایک گھنٹہ تک اپنے سفر حج کا تذکرہ کرتے رہے۔ دوران گفتگو کئی مرتبہ موصوف کی آنکھوں سے آنسو نکل آئے۔ ان کی خواہش تھی کہ دوبارہ حج کو جائیں مگر مختلف وجوہ کی بنا پر ایسا نہ ہو سکا۔ مسٹر سید شمس الحسن آج کل ہائی کورٹ کے جج ہیں اور سر سلطان احمد موصوف سے محبت کرتے تھے۔

سر سلطان احمد سے ہم لوگوں کے خاندانی تعلقات تھے اور صاحب موصوف والد محترم سے نہایت ہی شفقت و محبت سے ملا کرتے تھے۔ اس کی ایک بڑی وجہ یہ تھی کہ ان کے ایک قریبی رشتہ دار سید حسن عسکری والد مرحوم کے عزیز دوست تھے۔ جب سر سلطان احمد کلکتہ ہائی کورٹ میں بیرسٹری کرتے تھے تو میرے منجھلے ماموں غلام مولیٰ صاحب اپنے کلکتہ کے مکان میں قیام پذیر تھے۔ سر سلطان احمد اور غلام مولیٰ صاحب ایک دوسرے کے عزیز اور جاں نثار دوست تھے۔ ہر ہفتہ سنیچر کے روز دوستوں کا اجتماع خواہ سر سلطان کی رہائش گاہ پر یا غلام مولیٰ صاحب کے مکان پر ہوتا جس میں مولانا ابوالکلام آزاد بھی شریک ہوا کرتے تھے۔ ان خاندانی تعلقات کے بنا پر سر سلطان احمد میرا اور میرے چھوٹے بھائی انور حسین کا بہت خیال کرتے تھے۔ انور حسین مرحوم کو سر سلطان کی سفارش پر آل انڈیا ریڈیو میں ملازمت ملی۔ سر سلطان بہ حیثیت انفورمیشن ممبر جب لکھنؤ اسٹیشن کا معائنہ کرنے گئے تو بخاری صاحب نے جو ان دنوں آل انڈیا ریڈیو کے ڈائرکٹر جنرل تھے، انور حسین کو سلطان احمد سے ملانا چاہا۔ سر سلطان احمد نے ہنس کر کہا کہ یہ تو میرے بھتیجے ہیں اور ان کو مجھ سے ملانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ بخاری صاحب اسی روز سے انور حسین پر بہت مہربان ہوگئے۔ کچھ عرصہ بعد انور حسین مرحوم آل انڈیا ریڈیو کی ملازمت کو ترک کر کے حکومت بہار کے بکری ٹیکس کے محکمہ میں آفیسر ہوئے۔ بہار کمرشیل ٹیکسیز ٹرابونل کے چیئرمین ہو کر پنشن پائی۔

Marfat.com

سر سلطان احمد نے اپنی رہائش کے لیے پٹنہ میں ایک عالی شان مکان تعمیر کرایا جو ابتک "سلطان پیلیس" کے نام سے مشہور ہے۔ اس مکان میں موصوف نے ایک ریڈیو ریسیور نصب کیا اور پٹنہ کے بے شمار لوگ اس ریڈیو ریسور سے گانے اور خبروں کو سننے کے لیے ہر سنیچر کو "سلطان پیلیس" جایا کرتے تھے۔ اس زمانہ میں پٹنہ کی کسی رہائش گاہ پر ریڈیو ریسیور نصب نہ تھا۔ سر سلطان احمد نہایت ہی مہمان نواز انسان تھے۔ ہر روز ہندوستان کے مختلف شہروں سے معزز مہمان آتے اور ان کے یہاں قیام کرتے تھے۔ اس عالی شان مکان میں مسٹر سید نجم الحسن کی شادی نواب زادہ سید محمد مہدی کی بہن سے ہوئی۔ اس موقع پر دس روز تک "سلطان پیلیس" کی شان وشوکت قابل دید تھی۔ راقم کو بھی اس شادی میں شریک ہونے کا موقع ملا تھا۔ مسٹر نجم الحسن کی ناتجربہ کاری کی بنا پر انہیں تجارت میں گھاٹا ہوا اور "سلطان پیلیس" کو مجبوراً گورنمنٹ بہار کے ہاتھ ۱۹۶۱ء میں فروخت کرنا پڑا۔ سر سلطان احمد کی شادی فروری ۱۹۰۰ء میں ہوئی۔ موصوف کو کوئی اولاد نہ تھی اس لیے انہوں نے اپنے چھوٹے بھائی کے لڑکے سید نجم الحسن کو گود لیا اور زندگی بھر انہیں اپنی اولاد کی طرح عزیز رکھا اور ان کے لیے سب کچھ کیا۔ کہا جاتا ہے کہ سر سلطان احمد کے پاس ایک انگوٹھی تھی جس کی برکت سے انہیں عزت اور دولت حاصل ہوئی۔ معلوم نہیں یہ بات کہاں تک سچ ہے۔ اب یہ انگوٹھی غالباً سر سلطان [illegible] کے پوتے کے پاس ہے۔ لیڈی سلطان احمد ایک نہایت بلند پایہ خاتون تھیں اور اپنے شوہر کی زندگی میں قضا کر گئیں۔ سر سلطان احمد نے ۲۷ر فروری ۱۹۶۳ء کو انتقال کیا اور اپنے آبائی گاؤں پالی میں مدفون ہوئے۔ نہایت خوب آدمی تھے۔ اللہ غریق رحمت کرے۔

سید نجم الحسن راقم سے بہت خلوص اور محبت سے ملتے اور میں بھی ان کی بڑی عزت کرتا تھا۔ ان کی بے وقت موت سے جو ۱۹۷۲ء میں ہوئی راقم کو بہت صدمہ ہوا۔ نجم الحسن ایک نہایت ملنسار اور باوقار انسان تھے۔ کشش کا یہ عالم تھا کہ جس پارٹی یا دعوت میں موجود ہوتے اکثر لوگوں کی آنکھیں ان کی طرف لگی ہوتی تھیں۔ مرحوم کے صاحبزادے مسٹر جسٹس سید شمس الحسن پٹنہ ہائی کورٹ میں جج ہوئے اور اچھی شہرت کے حامل ہیں۔ کل موقعوں پر خاندانی وقار کو ملحوظ رکھتے ہیں کئی سال تک پٹنہ کالج کے شعبہ فارسی میں ہم

Marfat.com

لوگوں کے شاگرد رہے۔ گاہے راہے جب کبھی ملاقات ہو جاتی ہے تو راقم کی مزاج پرسی کر لیتے ہیں۔

۵۔ سر سید محمد فخر الدین خان بہادر

(صوبہ بہار واڑیسہ کے پہلے مسلمان وزیر)

سر محمد فخر الدین کی پیدائش ۱۸۶۸ء میں ڈومری گاؤں ضلع پٹنہ میں ہوئی۔ آپ کے والد کا نام مولوی محمد علی تھا۔ موصوف نے عربی، فارسی اور اردو کی تعلیم اپنے گاؤں کے مکتب میں پائی۔ بعد ازاں اسکول کی تعلیم کے لیے پٹنہ آئے۔ مولوی محمد علی کے تعلقات مولوی محمد یحییٰ وکیل سے برادرانہ تھے اور ایک عرصہ تک صاحبزادے کی تعلیم کی ذمہ داری مولوی محمد یحییٰ پر رہی جوان سے اپنی اولاد کی طرح محبت کرتے تھے۔ انٹرنس پاس کرنے کے بعد موصوف نے پٹنہ کالج میں داخلہ لیا اور ۱۸۹۱ء میں بی اے پاس کیا۔ ۱۸۹۳ء میں بی۔ ایل کی ڈگری حاصل کی اور پٹنہ کی ضلع عدالت میں بحیثیت وکیل مولوی محمد یحییٰ کے ہمراہ وکالت کرنا شروع کیا۔ صاحب موصوف راقم کے نانا کی بہت تعریف کیا کرتے تھے اور کہا کرتے تھے کہ مولوی یحییٰ صاحب سے میں نے قانونی پیشہ کی مہارت ایسی حاصل کی جس سے مجھے بہت کچھ فائدہ پہنچا۔ حکومت بہار نے پٹنہ ہائی کورٹ کے قائم ہونے کے بعد انہیں سرکاری وکیل مقرر کیا اور اس عہدہ پر صاحب موصوف ۱۹۱۷ء سے ۱۹۲۰ء تک فائز رہے۔ آپ نے وکالت کے پیشہ میں بہت جلد ناموری حاصل کی اور آمدنی میں روز بروز اضافہ ہوتا گیا۔ صاحب موصوف نے اپنی سیاسی زندگی کم عمری میں شروع کی اور ۱۹۱۰ء میں ان کا انتخاب بنگال کونسل میں پٹنہ ڈویژن کے حلقہ سے ہوا اور سرکاری وکیل مقرر کیے جانے پر بنگال کونسل کی ممبری سے الگ ہو گئے۔ ۱۹۲۱ء میں بہار واڑیسہ لیجس لیٹو کونسل کے ممبر منتخب ہوئے اور تاحیات پٹنہ کے حلقہ انتخاب سے کامیاب ہوتے رہے اور انہیں کوئی امیدوار شکست نہ دے سکا۔ حکومت برطانیہ کی نئی اصلاحات کے مطابق صاحب موصوف ۱۹۲۱ء میں صوبہ بہار میں وزیر مقرر کیے گئے اور اس عہدہ پر ۱۹۲۱ء سے ۱۹۳۳ء تک قائم رہے۔ وزیر تعلیم کے علاوہ موصوف چند دیگر اہم محکموں کے بھی وزیر رہے اور ان سب محکموں کو اپنے انتظام اور کارکردگی سے

Marfat.com

عروج پر پہنچایا۔ صاحب موصوف اسلامی شریعت کے بڑے پابند تھے اور اس کا اظہار ان کے کل کاموں میں ہوا کرتا تھا۔ چنانچہ جب حکومت بہار نے محکمۂ آب کاری کو صاحبِ موصوف کے سپرد کیا تو انہوں نے اس محکمہ کو اپنی نگرانی میں نہ لیا اور یہ محکمہ ایک ہندو وزیر کے حوالہ کیا گیا۔ صاحب موصوف بہار میں تعلیم کی ترقی کے لیے بڑے کوشاں رہے اور اس معاملہ میں وہ بے حد کامیاب بھی ہوئے۔ موصوف کی وزارت کے زمانے میں بہار میں ابتدائی اور ثانوی تعلیم میں بڑی ترقی ہوئی۔ ان دنوں مسٹر جی۔ ای۔ فوکس ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشنس تھے اور اپنی سخت مزاجی کے لیے مشہور تھے مگر انہوں نے کبھی بھی سر فخر الدین سے کسی معاملہ میں اختلاف نہ کیا اور ان کا بڑا احترام کرتے تھے۔ مسٹر فوکس نے ابتدائی اور ثانوی تعلیم کی ترقی کے لیے اپنے ڈپٹی ڈائرکٹروں کو جن کا تعلق ابتدائی اور ثانوی تعلیم سے تھا حکم کیا کہ صوبہ کا دورہ کریں اور زیادہ سے زیادہ ابتدائی اور ثانوی تعلیم کے لیے ہر جگہ اسکول قائم کرائیں اور ان اسکولوں کے لیے نئی عمارتیں بنائی جائیں۔ صاحب موصوف ابتدائی تعلیم کو قومی ترقی کے لیے نہایت اہم سمجھتے تھے۔ باوجود اس شدید مخالفت کے جو محکمۂ مالیات کیا کرتا تھا سرکاری خرچ کے سالانہ حساب میں اس مد کے اخراجات کی رقم میں برابر اضافہ کراتے رہے۔ صاحب موصوف نے ابتدائی درجہ کے اسکولوں میں چرخہ کاتنے کی تعلیم کا انتظام کیا مگر ان کی یہ اسکیم کامیاب نہ ہو سکی۔

بہار واڑیسہ میں موصوف نے اعلیٰ تعلیم کے لیے جو خدمتیں انجام دیں وہ قابل رشک ہیں۔ کوئی وزیر تعلیم اب تک اعلیٰ تعلیم کے لیے ان کے مقابلہ میں اس صوبہ میں کچھ نہ کر سکا ہے۔ سر فخر الدین نے اپنے اثرات کو کام میں لا کر حکومت بہار سے کالج اور ہوسٹلوں کی تعمیر کے لیے گراں قدر رقمیں حاصل کیں اور کالجوں اور ہوسٹلوں کے لیے ایسی شاندار عمارتیں تعمیر کرائیں جو سر فخر الدین کی تاریخی یادگاریں ہیں۔ بی۔ این۔ کالج اور اس کے تین منزلہ ہوسٹل کی عمارت از سر نو بنوائی گئی۔ سائنس کالج کی نہایت خوبصورت اور وسیع عمارت کو بنوایا۔ اسی کے ساتھ قدیم نیو کالج کی عمارت میں تغیر و تبدل کر کے ایک دو منزلہ اور بڑا ہوسٹل سائنس کالج کے لیے تعمیر کرایا۔ پٹنہ کالج کے کمپاؤنڈ میں کالج کے لیے ایک اچھا دو منزلہ ہوسٹل مسلمان اور عیسائی طلباء کی رہائش کے لیے بنوایا۔ جو آج کل اقبال ہوسٹل

Marfat.com

کے نام سے موسوم ہے۔ ایم۔ اے کے طلباء کی رہائش کے لیے رانی گھاٹ میں ایک شاندار دو منزلہ ہوسٹل بنوایا گیا۔ ان سب عمارتوں کے علاوہ پٹنہ ٹریننگ کالج اور اس کے ہوسٹل کی عمارتیں بھی تعمیر کرائی گئیں۔ سائنس کالج کی عمارت کی افتتاح کے لیے وائسرائے ہند پٹنہ تشریف لائے اور انہوں نے اس موقع پر اپنی تقریر میں سر فخر الدین کی بڑی تعریفیں کیں۔ پٹنہ سے باہر مظفر پور کے جی۔ بی۔ بی۔ کالج، کٹک کے راونشا کالج، اور بھاگل پور کے ٹی۔ این۔ بی کالج اور ان کے ہوسٹلوں میں اضافہ کرایا۔ مدرسہ اسلامیہ شمس الہدیٰ پٹنہ جس کو حکومت بہار نے اپنی نگرانی میں لے لیا تھا اس کے لیے دو نہایت ہی شاندار عمارتیں تعمیر کرائیں۔ یہ عمارتیں سر محمد فخر الدین کی دوراندیشی اور کاوشوں کی بدولت وجود میں آئیں۔ رانی گھاٹ میں پروفیسروں کے لیے آٹھ رہائش گاہیں تعمیر کرائی گئیں۔ سر محمد فخر الدین میٹھن کمیٹی کے ممبر رہ چکے تھے اور جب موصوف وزیر تعلیم بہار ہوئے تو انہوں نے پٹنہ یونیورسٹی کی توسیع اور ترقی کے لیے ایک اسکیم تیار کرائی جس کے تحت پٹنہ یونیورسٹی کو ایک رہائشی یونیورسٹی میں تبدیل کر کے اس کی عمارتیں میٹھن کمیٹی کی سفارشوں کے مطابق شہر سے دور پھلواری شریف کے نزدیک تعمیر کرائی جائیں۔ جب یہ معاملہ بہار لیجس لیٹو کونسل کے سامنے پیش ہوا تو بہت سے ممبران نے اس تجویز کی سخت مخالفت کی اور ایک ممبر نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ سر محمد فخر الدین پٹنہ یونیورسٹی کو اپنے پیر کی دہلیز پر لے جانا چاہتے ہیں اور یونیورسٹی شہر سے بہت دور ہو جائے گی۔ حکومتِ بہار نے بھی اس تجویز کو رد کر دیا اور بدقسمتی سے پٹنہ یونیورسٹی ایک رہائشی یونیورسٹی میں تبدیل نہ ہو سکی۔ پٹنہ کے "سرچ لائٹ" اخبار نے افسوس کے ساتھ اظہار خیال کیا تھا کہ اگر حکومت بہار نے سر محمد فخر الدین کی اسکیم کو نامنظور نہ کیا ہوتا تو پٹنہ میں ایک اچھی یونیورسٹی بہت پہلے قائم ہو جاتی۔

انگریز اور ہندوستانی آئی۔ ای۔ ایس پروفیسروں کے چلے جانے کے بعد جب بہار اور اڑیسہ میں اچھے پروفیسروں کی کمی ہو گئی تو حکومت بہار نے بہار ایجوکیشنل سروس کلاس ون قائم کیا سر محمد فخر الدین نے خالی جگہوں کو پر کرنے کے لیے بہار اور ملک کے دوسرے حصوں سے اچھے اچھے اساتذہ کو لا کر ان جگہوں پر مقرر کیا۔ ڈاکٹر گیان چند (علم معاشیات)، پروفیسر تارا پورے والا (تاریخ) پروفیسر جمنا پرشاد (علم نفسیات) وغیرہ پروفیسر

Marfat.com

مقرر ہوئے۔ان کے علاوہ پروفیسر بل (انگریزی) اور پروفیسر شیو پاربتی پرشاد (فزکس) کی اعلیٰ تنخواہوں پر تقرری ہوئی۔ان کے علاوہ عارضی جگہوں پر کئی اچھے اساتذہ مقرر کیے گئے جن میں پروفیسر نیّر لئیق احمد (تاریخ) بھی تھے جو بعد میں اندھیری کالج بمبئی کے پرنسپل ہوئے اور حکومت ہند میں پبلک سروس کمیشن کے ممبر بھی رہے۔ عرصہ دراز تک کوئی امیدوار باوجود اچھی اچھی ہندوستانی ڈگریاں رکھتے ہوئے کلاس وَن میں مقرر نہیں کیا جاتا تھا کیونکہ انگریزی حکومت نے یہ قید لگادی تھی کہ امیدوار برطانیہ، یورپ اور امریکہ کی ڈگری رکھتا ہو۔ تقرری کے وقت اس ناروا شرط پر بہت زور دیا جاتا تھا۔ سر فخر الدین اس پابندی کے خلاف تھے۔ ۱۹۴۴ء میں جب ڈاکٹر کے۔کے۔دت (تاریخ) اور راقم (فارسی) امیدوار ہوئے تو حکومت نے اس قاعدے میں نرمی کردی۔ ہم دونوں کو جن کے پاس کوئی بیرونی ڈگری نہ تھی کلاس وَن میں پروفیسر مقرر کیا گیا اور ان امیدواروں پر ترجیح دی گئی جن کے پاس بیرونی ڈگریاں تھیں۔

مختلف شعبوں میں اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کے لیے سر محمد فخر الدین نے اسٹیٹ اسکالر شپ کی ایک اسکیم تیار کرائی جس کے تحت بہار واڑیسہ کے ان طلباء کو جو بی۔اے یا ایم۔اے کے امتحان میں اعلیٰ نمبروں سے کامیاب ہوتے انہیں وظیفہ دے کر آکسفورڈ، کیمبرج اور لندن اعلیٰ ڈگریاں حاصل کرنے کے لیے بھیجا جاتا تھا اور واپسی پر ان کی پروفیسر کے عہدے پر تقرری کردی جاتی تھی۔ یہ وظیفے مختلف شعبوں کی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے دیئے جاتے تھے۔ کشوری پرشاد سنہا، فضل الرحمٰن اور کلیم الدین احمد (انگریزی کے لیے) گھنشیام داس (تاریخ کے لیے) بل بھدر پرشاد اور قمر الدین (کیمسٹری کے لیے) بھیرب ناتھ رودھنگی (علم معاشیات کے لیے) برطانیہ بھیجے گئے۔ یہ سب حضرات بہار واڑیسہ میں نامی پروفیسر ہوئے ہیں۔راقم کے ایک دوست محمد مسلم کو فزکس کے لیے وظیفہ دیا گیا تھا مگر موصوف انگلستان روانہ ہونے سے ایک ماہ قبل انتقال کرگئے جس کا راقم کو بڑا صدمہ رہا۔ سر فخر الدین کی وزارت کے اختتام کے ساتھ اسٹیٹ اسکالر شپ کا بھی خاتمہ ہو گیا۔

سائنس اور آرٹس کالجوں کے علاوہ سر محمد فخر الدین نے بہار اسکول آف

Marfat.com

انجینئرنگ پٹنہ کو کالج کا درجہ دلوایا اور یہ اسکول بہار کالج آف انجینئرنگ کہلانے لگا جو اس زمانے میں نہایت فروغ پر ہے۔ ایک نہایت ہی قابل انگریز کو بنارس ہندو یونیورسٹی سے لاکر کالج کا پرنسپل بنایا اور مسٹر بومن سنجنا کو بمبئی سے بلا کر سول انجینئرنگ کے پروفیسر کا عہدہ عطا کیا۔ شہر سے دور پٹنہ میں بہار ویٹرنری کالج بھی قائم کرایا اور اس میں اساتذہ کو باہر سے لاکر پروفیسر مقرر کیا۔ موصوف کے زمانے میں صوبہ بہار واڑیسہ کے لیے دو وزراء ہوتے تھے اور ان کے اختیارات بہت حد تک محدود تھے۔ باوجود ان سب قانونی پابندیوں کے سر فخر الدین نے اپنی وزارت کے ہر شعبے کو کافی فروغ بخشا۔ ڈاکٹر راجندر پرشاد ان کی صلاحیت اور قابلیت کے بڑے قائل تھے اور موصوف کی خوبیوں کا ہمیشہ اعتراف کرتے تھے۔ اس زمانے میں امداد باہمی کا محکمہ بھی صاحب موصوف کے سپرد تھا اور انہوں نے خان بہادر محی الدین کی مدد سے جو اس محکمہ کے رجسٹرار تھے امداد باہمی کے کاموں کو بہت کامیاب بنوایا۔ چند مخلص کارکنوں کا ایک جلسہ حاجی پور میں منعقد کیا گیا اور ترہت کے علاقوں میں تحریک امداد باہمی کو اچھی کامیابی حاصل ہوئی۔ راقم کے والد اس زمانہ میں حاجی پور میں ایس۔ ڈی۔ او تھے اور سر فخر الدین کی تصویر جو اس موقع پر چند کارکنوں کے ساتھ لی گئی تھی، راقم کے پاس موجود ہے۔

سر محمد فخر الدین میانہ قد کے خوش رو انسان تھے۔ رنگ نہایت گورا تھا اور تمام عمر داڑھی رکھی جو ان کے چہرے پر بہت زیب دیتی تھی۔ موصوف اخلاق شعار، دوست نواز اور منکسر مزاج تھے۔ خانقاہ مجیبیہ، پھلواری شریف کے مریدوں میں تھے اور وہاں کے بزرگوں کی بڑی قدر کرتے تھے۔ نماز کے بہت پابند تھے اور کبھی بھی نماز قضا نہ ہونے دی۔ ایک مرتبہ بہار کے گورنمنٹ ہاؤس میں گارڈن پارٹی کے موقع پر جب مغرب کی نماز کا وقت ہوا تو والد مرحوم نے کھلے میدان میں جا کر اذان دی اور سر محمد فخر الدین نے اس نماز کی امامت کی۔ انگریزی لباس کبھی استعمال نہ کرتے تھے۔ شیروانی کے ساتھ ہمیشہ پائجامہ پہنتے اور ترکی ٹوپی برابر استعمال کرتے۔ موصوف کی پہلی شادی ۱۸۹۰ء میں ہوئی، جس سے دو لڑکے اور ایک لڑکی پیدا ہوئی۔ اہلیہ محترمہ کے قضا کر جانے کے بعد موصوف کی دوسری شادی غالباً ۱۹۰۵ء میں ہوئی اور دوسری اہلیہ کی بطن سے ایک لڑکا اور ایک لڑکی پیدا ہوئی۔ موصوف کے ایک

Marfat.com

صاحبزادے مسٹر عزیز الحق فخر الدین پٹنہ ہائی کورٹ کے نامی وکیل تھے۔ دوسرے صاحبزادے مسٹر انیس الحق فخر الدین ڈپٹی کلکٹر تھے۔ آپ کے تیسرے صاحبزادے حبیب الحق فخر الدین راقم کے ساتھ لا کالج میں پڑھا کرتے تھے اور بعد میں عہدۂ منصبی پر فائز ہوئے۔ عین جوانی میں انتقال کر گئے۔ سر فخر الدین کے بڑے داماد الحاج سید عبدالرحمٰن پٹنہ کے ایک نامی وکیل گذرے ہیں اور والد مرحوم کے ساتھ اسکول میں تعلیم پائی تھی اور تاحیات ان کے عزیز دوستوں میں رہے۔

سر فخر الدین ایک نہایت مخیر انسان تھے اور حاجت مندوں کی وقت ضرورت مدد کیا کرتے تھے۔ پٹنہ جنکشن ریلوے اسٹیشن کے متصل ایک چھوٹی سی مسجد تھی اور خستہ حالی کا شکار ہو گئی تھی۔ صاحب، موصوف نے اس مسجد کو از سر نو تعمیر کرایا اور اس کے بنوانے میں بیس پچیس ہزار روپے کی رقم خرچ کی۔ عرصہ تک یہ مسجد سر فخر الدین کی مسجد کہلاتی تھی، ان دنوں اس مسجد میں مسلمانوں نے بہت کچھ اضافہ کیا ہے اور اب یہ مسجد شہر کی جامع مسجد بن گئی ہے۔

سر فخر الدین نے اپنی رہائش کے لیے پٹنہ میں لور روڈ پر ایک اچھا مکان بنوایا جو اب تک قائم ہے، موصوف اپنی وزارت کے دور میں اسی مکان میں قیام پذیر رہے اور کبھی کسی سرکاری مکان میں نہ گئے، جب حکومت بہار نے پولس کا ایک دستہ ان کی محافظت اور گھر کی نگہبانی کے لیے بھیجا تو انہوں نے حکومت کو مطلع کیا کہ اللہ میرا نگہبان ہے اور مجھے حفاظتی دستہ کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ موصوف کی وفات ۱۹۳۳ء میں ہوئی اور خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف کے قبرستان میں مدفون ہوئے۔ ایسا درویش صفت وزیر راقم نے اپنی زندگی میں نہیں دیکھا ہے۔

سر فخر الدین نے سیاست میں ہمیشہ میانہ روی اختیار کی۔ بہار پردیشل کانفرنس کے کاموں میں برابر حصہ لیتے رہے۔ انہوں نے ایک یادداشت (Memorandum) تیار کی اور سائمن کمیشن کے سامنے پیش کی جس کی مخالفت کچھ مسلمانوں نے کی تھی۔ صاحب موصوف کو انگریزی اور اردو دونوں زبانوں پر عبور حاصل تھا اور ان دونوں زبانوں میں اچھی تقریریں کیا کرتے تھے۔ انگریز ہندو اور مسلمانوں کا ایک بڑا طبقہ ان کی بڑی عزت کیا

Marfat.com

کرتا تھا۔ موصوف کو حکومت برطانیہ نے پہلے "خان بہادر" کے خطاب اور بعد ازاں "سر" کے خطاب سے سرفراز کیا۔

"خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہوگئیں"

۶۔ مسٹر سید عبدالعزیز، وزیر تعلیم بہار:

مسٹر سید عبدالعزیز ۱۸۸۵ء میں پیدا ہوئے۔ اور ۷ر جنوری ۱۹۴۸ء کو انتقال کیا۔ آپ کے والد کا نام سید حفاظت حسین تھا۔ موصوف ایک مشہور طبیب تھے اور زیادہ تر رئیسوں، زمینداروں اور راجاؤں کا علاج کیا کرتے تھے۔ آپ کا اصلی وطن پھلواری شریف تھا اور موصوف کی شادی نیورہ کے خاندان میں ہوئی تھی، اس طور سے مسٹر عزیز کی نانیہال نیورہ تھا۔ چونکہ مسٹر عزیز کے والد برابر پھلواری شریف سے باہر رہتے تھے۔ موصوف کی پرورش و پرداخت زیادہ تر نیورہ میں ہوئی۔ گھر پر فارسی اور اردو کی تعلیم حاصل کر کے مسٹر عزیز نے اپنا داخلہ پٹنہ کولیجیٹ اسکول میں لیا اور انٹرنس پاس کرنے کے بعد پٹنہ کالج اور بی۔ این کالج میں تعلیم حاصل کی۔ کچھ دنوں بعد بیرسٹری کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے لندن گئے اور ۱۹۱۱ء میں مڈل ٹمپل سے امتحان پاس کر کے بیرسٹر ہوئے اور ہندوستان واپس آئے۔ ۱۹۱۳ء میں کلکتہ ہائی کورٹ کے بیرسٹر ہوئے اور جب پٹنہ ہائی کورٹ قائم ہوا تو ۱۹۱۶ء میں اسی عدالت عالیہ میں بحیثیت بیرسٹر کام کرنا شروع کیا اور نمایاں کامیابی حاصل کی۔ انگلستان میں قیام کے دوران موصوف اپنے انگریز دوستوں میں نہایت ہر دلعزیز تھے چنانچہ جب پٹنہ آئے تو ان کے دو انگریز دوست مسٹر گوڈ اور مسٹر فاکنر بھی ان کے ہمراہ آئے اور مسٹر عبدالعزیز کے ساتھ عرصہ تک قیام پذیر رہے۔ ان دونوں حضرات نے ایک موٹر کا کارخانہ قائم کیا اور میونسپلٹی سے ٹھیکہ لے کر شہر کی خاص سڑکوں پر گیس کی روشنیاں لگائیں جو اس زمانے میں پٹنہ کے لیے ایک انوکھی چیز سمجھی جاتی تھی۔ جب تک پٹنہ شہر میں الکٹرک روشنی کا انتظام نہ ہوا یہی گیس کی بتیاں شہر کی بڑی سڑکوں کو منور کرتی رہیں۔ کچھ عرصہ بعد موصوف کے ایک انگریز دوست نے پٹنہ میں انتقال کیا اور دوسرے دوست نے کافی رقم کمائی اور انگلستان واپس چلے گئے۔

Marfat.com

مسٹر سید عبدالعزیز بہار کے ایک نہایت ہی کامیاب فوجداری کے بیرسٹر تھے اور مقدمات میں ایمانداری اور تندہی سے کام کیا کرتے تھے۔ موکل کے حقوق کے تحفظ کے لیے عدالتوں میں ہمیشہ آمادہ رہتے تھے۔ مقدمات میں سخت محنت کرتے اور چھوٹے چھوٹے واقعات کو بغور مطالعہ کر کے جرح اور بحث میں کام لیتے تھے۔ انگریزی اور اردو دونوں زبانوں پر انہیں کافی عبور تھا۔ گواہوں پر خوب جرح کرتے بحث بھی بڑی اچھی ہوتی اور بحث کا انداز نہایت موثر ہوتا تھا۔ موصوف کو فوجداری کے بڑے سے بڑے مقدمات میں کام کرنے کا اتفاق ہوا اور ہمیشہ نمایاں کامیابی حاصل کی۔ حکومت بہار اور حکومت ہند موصوف کی بڑی قدر کرتی اور بے شمار مقدمات میں حکومت انہیں اپنا بیرسٹر مقرر کیا کرتی تھی۔ آواز بلند اور پرکشش تھی۔ جس عدالت میں کام کرتے حاکم عدالت کا ادب ملحوظ خاطر رکھتے اور حاکم کی تعظیم و تکریم میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھتے تھے۔ اس طریقہ کار سے حاکم عدالت بھی موصوف سے بہت خوش رہتے تھے۔ حکومت ہند نے موصوف کو "دہلی کونسپریسی کیس" میں اپنا بیرسٹر مقرر کیا اور مسٹر عزیز نے اس پیچیدہ مقدمہ میں نہایت شاندار کامیابی حاصل کی۔ ایسے مقدمات میں جن کا تعلق قومی اداروں سے ہوتا تھا کبھی کوئی فیس نہ لی اور اکثر موقعوں پر اپنی جیب سے کافی رقم خرچ کر دیا کرتے تھے۔ بے گناہوں کے حقوق کو کبھی پامال ہونے نہ دیا۔ ان کی بے شمار خوبیوں کی بدولت لوگ ان کی بڑی عزت کرتے تھے اور موصوف کو "عزیز ملت" کے خطاب سے یاد کرتے تھے۔ مسٹر عبدالعزیز کی زندگی کا بیشتر حصہ پیشہ بیرسٹری میں گذرا مگر کبھی بھی کسی کو ان سے کوئی شکایت کا موقع نہ ملا۔ ہر مظلوم کی مدد کے لیے ہمیشہ تیار رہتے تھے۔ صاحب موصوف اپنے دور کے ممتاز بیرسٹروں میں تھے اور آج بھی لوگوں کے دلوں میں ان کی محبت و احترام باقی ہے۔

مسٹر سید عبدالعزیز زندگی بھر سماجی کاموں میں سرگرم عمل رہے۔ انجمن اسلامیہ میں اردو پبلک لائبریری قائم کی اور عرصہ دراز تک اس انجمن کے صدر رہے۔ یتیم خانہ خادم الاسلام کی فلاح و بہبود کے لیے کوشاں رہ کر اس یتیم خانہ کو ایک کار آمد ادارہ بنایا۔ اپنی جیب خاص سے ہمیشہ اس کی مالی مدد کرتے رہے اور اپنے اثر و رسوخ کو کام میں لا کر حکومت بہار سے اکثر اس یتیم خانہ کے لیے امداد فراہم کراتے رہے۔ موصوف نے پٹنہ نیو کلب کے

Marfat.com

قائم کرنے میں بہت دلچسپی لی اور اسے بہت عروج پر پہنچایا۔ بلا تفریق مذہب و ملت عوام الناس کے دکھ و درد کو محسوس کرتے اور ان کی تکلیف کو دور کرنے کے لیے ہزاروں روپے کی رقم ہر سال خرچ کر دیا کرتے تھے۔ اگر کوئی حاجت مند صاحب موصوف سے اپنی پریشانیوں کا حال بیان کرتا تو آپ ضرور اس کی مدد فرماتے۔ آج سے پچاس برس قبل صوبہ بہار کے شہروں اور دیہاتوں میں بے شمار لوگ مختلف قسم کے امراض چشم میں مبتلا رہتے اور موتیا بند کی بیماری بہت عام ہو گئی تھی۔ غریب لوگوں کی آنکھوں کا آپریشن کرانے کا کوئی معقول انتظام نہ تھا۔ بہت سے لوگ اندھے ہو کر اپنی زندگی نہایت ہی بے بسی اور پریشانی میں گذارتے۔ ان کے لیے اسپتالوں میں جاکر آپریشن کرانا کوئی آسان کام نہ تھا۔ ان حالات سے متاثر ہو کر صاحب موصوف نے فیصلہ کیا کہ ہر سال موسم سرما میں آنکھوں کے آپریشن کرنے کے لیے ایک "بلائنڈ ریلیف کیمپ" ان کی رہائش گاہ کے احاطہ اور "لون" (جو اَب گاندھی میدان کہلاتا ہے) میں لگایا جائے۔ جہاں امیر و غریب لوگ اپنی آنکھوں کا آپریشن مفت کرائیں۔ اس کار خیر کے لیے موصوف ہر سال ڈاکٹر متھر اداس کو موگا پنجاب سے اچھی فیس دے کر بلاتے اور دس دنوں تک ڈاکٹر موصوف ہر روز تقریباً چار پانچ سو مریضوں کی آنکھوں کا آپریشن کیا کرتے تھے۔ ان کی مدد کے لیے پٹنہ کے کچھ ڈاکٹروں اور نرسوں کو بھی فیس دے کر اس کام میں لگاتے تھے۔ بہت سے مریضوں کو عینک اور کھانا بھی مفت دیا جاتا تھا۔ ڈاکٹر متھر اداس مسٹر عزیز کے دوستوں میں تھے اور پنجاب میں اپنا کل کام چھوڑ کر دس روز کے لیے پٹنہ آجاتے تھے۔ بلائنڈ ریلیف کیمپ کا سلسلہ قریب آٹھ دس سال تک قائم رہا اور بے شمار لوگ جو بینائی سے محروم ہو گئے تھے، ان کی آنکھوں میں اللہ کے فضل سے دوبارہ روشنی آگئی۔ مسٹر سید عبدالعزیز کا یہ ایک بڑا کارنامہ تھا اور ہر سال موصوف اس کام کے لیے پندرہ بیس ہزار روپے خرچ کیا کرتے تھے۔ ڈاکٹر عبدالغفور مالک گرین میڈیکل ہال اس کام میں پیش پیش رہتے تھے۔ مسٹر سید عبدالعزیز اس نیک کام کو نہایت ہی خلوص اور محبت سے انجام دیتے رہے۔ ہر سال بے شمار ہنود بھی ان کی فیاضی سے مستفیض ہوتے اور اپنی آنکھوں میں نئی بصارت لے کر گھر واپس جاتے تھے۔ موصوف ایک نہایت ہی بلند حوصلہ اور صاحب کردار انسان تھے اور کبھی بھی انہوں نے ہندو اور مسلمان میں کوئی فرق نہ

Marfat.com

کیا۔

۱۹۳۴ء میں صوبہ بہار میں ایک نہایت سخت زلزلہ آیا جس سے لاکھوں انسان متاثر ہوئے۔ مسٹر سید عبدالعزیز اس زمانے میں حکومت بہار کے وزیر تھے۔ صاحب موصوف نے ہر طور سے مصیبت زدگان کی مدد کی۔ اپنے مکان کا ایک حصہ جو چند ماہ پہلے تعمیر ہوا تھا ڈاکٹر راجندر پرشاد کے حوالہ کیا جس میں انہوں نے "سنٹرل ریلیف کمیٹی" کا صدر دفتر قائم کیا اور مکان کا یہ حصہ "دی ریلیف" کے نام سے بہت دنوں تک قائم رہا۔ تقسیم ہند کے بعد یہ مکان ہندوؤں کے قبضہ میں چلا گیا اور ان لوگوں نے اس تاریخی نام کو قائم نہ رکھا۔ یہ مکان اکزبیشن روڈ پر واقع ہے۔

مسٹر عبدالعزیز فن تعمیر میں بڑی دلچسپی رکھتے تھے اور اپنے مکانوں کو نہایت ہی ہنر مندی اور نفاست سے تعمیر کرا کر اچھے اچھے ناموں سے موسوم کیا کرتے تھے۔ اپنے شاندار رہائشی مکان کا "دلکشا" نام رکھا اور اس کے متصل جو دوسرا مکان تھا اس کو "پرفضا" کے نام سے منسوب کیا۔ موصوف نے اپنی زندگی میں اپنی رہائش گاہ "دلکشا" کو مہاراجہ ہتھوا سے فروخت کیا اور "پرفضا" کا ایک حصہ خان بہادر مسٹر سید بشیر الدین سے فروخت کیا۔ اسی مکان کا کچھ حصہ ڈاکٹر عبدالغفور سے خریدا جس کو کچھ عرصہ بعد ان کی لڑکی نے بیچ ڈالا اور اب یہاں "اپسرا" سنیما کی عمارت کھڑی ہے۔ مسٹر سید عبدالعزیز نے ہمیشہ تجرد کی زندگی بسر کی اور اپنے بھانجوں کو اپنی اولاد سمجھتے رہے تقسیم ہند کے بعد یہ لوگ پاکستان چلے گئے اور حکومت ہند نے مکانوں کے کچھ حصوں کو جن پر مسٹر سید عبدالعزیز کے بھانجوں کا قبضہ تھا نیلام کر کے فروخت کر دیا اور ان کی کل جائدادوں کو ہندوؤں نے خریدا اور ان پر قابض ہیں۔

مسٹر سید عبدالعزیز ایک نہایت دوست پرور اور مہمان نواز انسان تھے۔ ہر روز دو چار مہمان ان کے ساتھ آکر ٹھہرتے اور ان کی خوب پذیرائی ہوتی تھی۔ موصوف کا دستر خوان بہت وسیع تھا اور ہر ماہ دعوتیں ہوا کرتی تھیں جن میں ہر طبقہ اور مختلف سیاسی خیال کے لوگ شریک ہوتے تھے۔ تقریباً پندرہ سال تک عید کے روز اور دو دنوں بعد تک بے شمار لوگوں کو دعوت دے کر بلاتے اور نہایت لذیذ کھانے کھلاتے۔ موصوف کی یہ

Marfat.com

دعوت "مغلیہ ڈنر" کے نام سے مشہور تھی۔ اس زمانے میں افغانیوں کی ایک بڑی تعداد پٹنہ میں مقیم تھی اور یہ لوگ تین دنوں تک "مغلیہ ڈنر" میں حاضر رہا کرتے تھے۔ موصوف گورنر اور انگریز حکام کو اکثر اپنے یہاں مدعو کرتے اور اچھے کھانے انگریزی ٹھاٹ باٹ سے کھلاتے تھے۔ اپریل ۱۹۳۵ء میں جب سر جون ہبک گورنر بہار کے ایگزیکٹیو کونسل کے ممبر ہوئے تو صاحب موصوف نے ان کے اعزاز میں ایک نہایت ہی شاندار دعوت دی جس میں ڈیڑھ سو مہمان شریک ہوئے۔ ہر مہمان کے لیے میز پر الگ الگ کرسیاں لگائی گئی تھیں۔ آٹھ کورس کا ڈنر تھا اور ہر کورس پر رکابیاں بدل دی جاتی تھیں۔ کھانے کا انتظام کلکتہ کے کسی انگریزی ہوٹل نے کیا تھا۔ دعوت آٹھ بجے شب کو "دلکشا" کے کھلے میدان میں دی گئی تھی۔ اس دعوت میں عمائدین شہر کے علاوہ بڑے بڑے گورے اور کالے حکام شریک تھے۔ راقم نے پٹنہ میں ایسی دعوت بہت کم دیکھی ہے۔ دس پندرہ سال پہلے برادر مرحوم مسٹر سید حیدر امام بیرسٹر پٹنہ مارکیٹ نہایت ہی فیاضی سے دوستوں کو دعوتیں کیا کرتے تھے۔ ان کے قضا کر جانے کے بعد شہر عظیم آباد کی یہ پرانی روایت ختم ہو گئی۔ بھارت کی آزادی کے بعد پٹنہ اور صوبہ بہار کے تمام مسلمان ان چالیس سالوں میں نہایت ہی مالی اور معاشی بدحالی میں مبتلا ہو گئے ہیں اور مجبوراً اپنی روایتی فیاضیوں کو کام میں نہیں لا سکتے ہیں۔ عظیم آباد کی اگلی دعوتیں خواب و خیال بن کر رہ گئی ہیں۔ برخلاف اس کے غیر مسلموں کے گھروں میں اور بڑے بڑے ہوٹلوں میں ایسی ایسی شاندار دعوتیں اکثر دی جاتی ہیں، جن کو دیکھ کر راقم حیران رہ جاتا ہے۔ ان ضیافتوں میں شراب پانی کی طرح بہائی جاتی ہے۔ اللہ مسلمانوں کے حال پر رحم فرمائے اور ان کو مفلسی سے نجات دے۔

مسٹر سید عبدالعزیز جب حکومت بہار کے وزیر تھے تو ایک سال انہوں نے انجمن اسلامیہ ہال میں صوبہ بہار کے مختلف اقسام کے اچھے آموں کی نمائش لگوائی جس کو سب لوگوں نے بہت پسند کیا۔ بے شمار کالے اور گورے حضرات اس نمائش میں شریک ہوئے اور اچھے اچھے آموں کو خرید کر گھر لے جاتے تھے۔ نمائش کے اختتام پر دو خوب صورت بکسوں میں صوبہ بہار کے بارہ قسم کے آموں کو رکھ کر ایک بکس کو باشندگان بہار کی طرف سے وائسرائے ہند کو بھیجا گیا۔ اس تحفہ کو وائسرائے نے نہایت ہی شکریہ کے ساتھ قبول کیا۔

Marfat.com

دوسرا بکس نہایت ہی آب و تاب سے سجا کر شہنشاہ جارج پنجم کی خدمت میں بطور تحفہ حکومت ہند کے توسل سے روانہ کیا گیا۔ جب یہ دوسرا تحفہ لندن پہنچا تو شہنشاہ ہند کے دفتر خصوصی نے اس کو فوراً ہندوستان واپس بھیج دیا اور واپس بھیجے جانے کی وجہ یہ بتائی کہ قاعدے کے مطابق شہنشاہ ہند کسی وزیر کا تحفہ قبول نہیں کر سکتے ہیں۔ جب یہ بکس ہندوستان واپس آیا تو اخباروں نے اس خبر کو سرخی لگا کر شائع کیا اور اپنی ناراضگی کا اظہار بھی کیا کیونکہ یہ تحفہ باشندگانِ بہار کی طرف سے تھا اور اس کی قبولیت میں کوئی قباحت نہ تھی۔ اس آموں کی نمائش میں راقم بھی شریک تھا اور خلیل احمد عرف بندھو مختار ساکن سبزی باغ پٹنہ جن کے بہت سے آموں کے باغات تھے اس موقع پر پیش پیش تھے۔

مسٹر عبدالعزیز صوبہ بہار کی سیاست میں برابر حصہ لیتے رہے۔ ۱۹۲۶ء، ۱۹۳۰ء اور ۱۹۳۷ء میں صوبہ بہار کی لیجس لیٹو اسمبلی کے ممبر منتخب ہوئے اور ان تینوں موقعوں پر انتخاب میں نہایت شاندار کامیابی حاصل کی۔ ۱۵ر جنوری ۱۹۳۴ء کو حکومت بہار نے انہیں وزیر تعلیم مقرر کیا اور وہ اس عہدہ پر ۱۹۳۷ء تک فائز رہے۔ دوران وزرات ان کا شمار ہندوستان کے نامور وزراء میں ہوتا رہا۔ جب وہ وزیر مقرر ہوئے تو بہار میں ایک ایسا شدید زلزلہ آیا جس کی تباہ کاری کا اثر صوبہ بہار پر عرصہ دراز تک رہا۔ بحیثیت وزیر موصوف نے اپنی انتھک کوششوں سے باشندگان بہار کو بہت راحت پہنچائی۔ پورے صوبہ بہار کا دورہ کیا اور ان سب اسکول اور کالج کی عمارتوں کو جو بری طرح متاثر ہوئیں تھیں چند ماہ کے اندر مرمت کرادیا جس کی وجہ سے طلباء کو بہت کم تعلیمی نقصان اٹھانا پڑا۔ خدابخش لائبریری کو بھی زلزلہ سے بہت نقصان پہنچا تھا اور اس کی بالائی منزل بری طرح سے متاثر ہوئی تھی، صاحب موصوف نے حکومت بہار کو تجویز پیش کی کہ لائبریری کے احاطہ میں ایک نئی عمارت جلد تعمیر کی جائے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور لائبریری کی نئی خوب صورت عمارت بہت جلد تعمیر ہوگئی۔

صاحب موصوف اپنی وزارت کے زمانے میں اردو زبان ادب کی ترقی و ترویج کے لیے کوشاں رہے اور بہار میں جو چند اردو کانفرنسیں ہوئیں ان کی صدارت بھی کی۔ اردو مصنفین، شعراء اور نثر نگاروں کی مالی مدد کر کے ان کی ہمت افزائی فرمائی۔ مبارک عظیم

Marfat.com

آبادی کی نظموں کا مجموعہ بنام "مرقع سخن" دو جلدوں میں سرکاری خرچ سے چھپوایا۔ افسوس ہے کہ یہ مجموعہ کلام دوبارہ شائع نہ ہو سکا اور اب مفقود ہے۔

علامہ سید سلیمان ندوی اور چند علماء کی مدد سے بہار مدرسہ اکزامینشن بورڈ کا نیا نصاب تیار کرایا اور صوبہ بہار کے کچھ نامور مدارس کو سرکاری فنڈ سے اچھی رقمیں بطور امداد دلوائیں۔

بحیثیت وزیر حکومت بہار نے صاحب موصوف کو زراعت، صنعت و حرفت، امداد باہمی اور تعلیم کے محکمے سپرد کیے تھے۔ اس زمانے میں بہار کے کاشت کار نہایت غربت کی زندگی بسر کر رہے تھے۔ صاحب موصوف نے چھوٹے کاشتکاروں کو محکمہ امداد باہمی سے قرض دلا کر ان کی تمالی حالت کو بہتر بنایا۔ گھریلو صنعتوں کی بھی مالی حالت کو بہتر بنایا۔ گھریلو صنعتوں کو اچھی مالی مدد دلوا کر ترقی کی راہ پر گامزن کیا۔ صوبہ بہار و اڑیسہ کے کوٹیج انڈسٹریز کے بنائے ہوئی سوتی کپڑے خصوصاً چادریں اور پردے نہایت مقبول ہوئے اور ہندوستان میں ہر جگہ فروخت ہوتے تھے۔ تعلیم کی ہر شعبہ میں اچھی ترقی ہوئی۔ اور اس دور میں ابتدائی اور ثانوی تعلیم کو بہت فائدہ پہنچا۔

مسٹر سید عبدالعزیز ایک نہایت ہی دور اندیش انسان تھے۔ ۲۶ر دسمبر ۱۹۳۴ء کو انڈین اکونومک کانفرنس کا اٹھارہواں اجلاس پٹنہ میں منعقد ہوا۔ اس جلسہ میں بے شمار ماہرین نے شرکت کی جو ملک کے ہر حصے سے آئے تھے۔ بحیثیت وزیر تعلیم بہار و اڑیسہ موصوف نے اپنی افتتاحی تقریر میں چند مسائل کا تذکرہ کیا جو اس زمانے میں صوبہ بہار و اڑیسہ کو درپیش تھے اور ماہرین حضرات کی توجہ ان مشکل مسائل کی طرف مبذول کراتے ہوئے ان سے ان کا حل طلب کیا۔ آج سے ۵۳ برس پہلے جب کسی کے ذہن میں خاندانی منصوبہ بندی کا خیال پیدا نہ ہوا تھا صاحب موصوف نے اس کانفرنس میں بہار کی بڑھتی ہوئی آبادی پر اپنے تردد کا اظہار کیا اور ہندوستان کی بڑھتی ہوئی آبادی کی طرف توجہ دلائی۔ ان دنوں صوبہ بہار میں ترہت کے علاقے کی بڑھتی ہوئی آبادی تشویش کا سبب بنتی جا رہی تھی۔ اس کو روکنے کا کوئی معقول طریقہ تلاش کرنا صاحب موصوف کے خیال میں ماہرین کا ایک اہم فریضہ تھا۔ صاحب موصوف کی اس تقریر کا کتابچہ بالکل نایاب ہو گیا ہے مگر اس کی ایک کاپی راقم کے

Marfat.com

پاس موجود ہے۔

۱۹۳۷ء میں "DYARCHY" کا خاتمہ ہو گیا اور اسی سال مسٹر سید عبدالعزیز کی وزارت بھی ختم ہو گئی۔ حکومت برطانیہ نے ۱۹۳۷ء میں ایک نیا دستور ہندوستان کے لیے نافذ کیا۔ جب اس آئین کے تحت انتخابات ہوئے تو سب سے بڑی پارٹی کانگریس کی تھی اور اس کے بعد تعداد کے لحاظ سے مسلم انڈیپنڈنٹ پارٹی تھی۔ تشکیل وزارت میں جب کانگریس نے حصہ نہ لیا تو مسلم انڈیپنڈنٹ پارٹی نے وزارت بنائی اور مسٹر محمد یونس بہار کے وزیر اعلیٰ ہوئے۔ کچھ دنوں بعد کانگریس پارٹی تشکیل وزارت پر راضی ہو گئی اور اپنی وزارت بنائی۔ ۱۹۴۰ء میں صاحب موصوف کو حضور نظام نے حیدر آباد دکن میں اپنی حکومت کا قانونی اور امور مذہبی کا ممبر مقرر کیا اور مسٹر عزیز نے نہایت ہی خوش اسلوبی سے اپنے کاموں کو انجام دے کر حیدر آباد میں کافی شہرت حاصل کی۔ موصوف نے اپنے حیدر آباد کے دور وزارت میں ایک قانون مرتب کرا کر گداگری کو ممنوع قرار دلوایا اور مفلسوں کے لیے آرام سے رہنے کی جگہیں قائم کرائیں۔

آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ جلسہ پٹنہ میں دسمبر ۱۹۳۸ء میں ہوا اور موصوف Reception Committee (ریسیپشن کمیٹی) کے چیئرمین تھے۔ اپنی انتھک کوششوں سے اس جلسہ کو نہایت کامیاب بنایا۔ آج تک ایسا عظیم الشان جلسہ پٹنہ میں کبھی نہیں ہوا تھا۔ اس موقع پر موصوف نے بے انتہا خراج تحسین حاصل کیا اور یہ ان کا ایک بڑا کارنامہ تھا۔ صاحب موصوف عرصہ تک بہار مسلم لیگ کے صدر رہے اور مسٹر محمد علی جناح تمام اہم باتوں میں ان سے مشورہ کیا کرتے تھے۔ صاحب موصوف اپنی بلند ہمتی، دلیری اور قومی خدمت کے لیے ہمیشہ مشہور رہے، جو بھی کام کیا اسے نہایت سرگرمی سے پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ مسٹر سید عبدالعزیز ہندوستان کے نامی قومی لیڈروں میں تھے اور اپنی خدمات کے لیے ہمیشہ یاد کیے جائیں گے۔

مسٹر سید عبدالعزیز بہار واڑیسہ لیجس لیٹو کونسل میں مسلمانوں کے جائز حقوق کے لیے ہمیشہ اپنی آواز بلند کرتے رہے اور مسلمانوں کے حقوق کو کبھی بھی پامال نہ ہونے دیا۔ ۱۸۔۱۹؍ مارچ ۱۹۳۰ء کو بہار لیجس لیٹو کونسل میں موصوف نے ان مظالم کے متعلق جو

Marfat.com

دھرم پور اور دوسرے علاقوں کے مسلمانوں پر ہو رہے تھے ایک سوال اٹھایا۔ دو دنوں تک مسلمانوں کے حقوق کی سخت پامالی کے بارے میں بحث کی جس سے متاثر ہو کر حکومت بہار نے مسلمانوں کو کچھ مراعات عطا کیں۔ اس زمانے میں بہار صوبائی مسلم کانفرنس ایک نہایت ہی فعال سیاسی تنظیم تھی اور بہار کے مسلمانوں کے حقوق کی نگہبانی کیا کرتی تھی۔ کانفرنس نے مسٹر سید عبدالعزیز کی معرکۃ الآراء تقریر جو انہوں نے کونسل میں کی تھی اس کا ایک کتابچہ تیار کر کے ۵۷ برس پہلے پٹنہ سے شائع کیا۔ اس کا ایک نسخہ راقم کے پاس اب تک محفوظ ہے۔ بھارت کی آزادی کے بعد بہار میں مسلمانوں پریشانی، زبوں حالی اور بے روزگاری کے شکار ہیں ان کی حالت قابل رحم ہے۔ نہایت افسوس کی بات ہے کہ ان دنوں بہار میں کوئی تنظیم ایسی نہیں ہے جو مسلمانوں کے حقوق کی نگہبانی کر سکے۔

قیام حیدر آباد کے آخری دور میں مسٹر سید عبدالعزیز کی صحت خراب ہو گئی اور موصوف پٹنہ واپس چلے آئے۔ بہت کچھ علاج ہوا مگر صحت یاب نہ ہو سکے۔ ۷ر جنوری ۱۹۴۸ء کو صبح سویرے اپنی رہائش گاہ واقع اکزیبیشن روڈ میں انتقال کر گئے۔ نماز جنازہ میں بے شمار لوگوں نے شرکت کی۔ مرحوم کا جسد خاکی اسی روز نیوّرہ کے قبرستان میں دفن کر دیا گیا۔

"حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا"

۷۔ مسٹر محمد یونس، وزیر اعلیٰ بہار:

مسٹر محمد یونس کی پیدائش ۴ر مئی ۱۸۸۴ء کو پنہر اگاؤں ضلع پٹنہ میں ہوئی۔ صاحب موصوف کے والد اپنے زمانے کے ایک مشہور اور کامیاب مختار تھے۔ مسٹر محمد یونس بہار کے ایک نامور خاندان کے فرد تھے۔ آپ کے مورث اعلیٰ حضرت شاہ ابراہیم ملک بیا بحیثیت مجاہد بہار آئے اور ان کا مقبرہ بہار شریف کی پہاڑی پر واقع ہے۔ موصوف کی ابتدائی تعلیم اپنے گھر ہی پر ہوئی۔ اردو، فارسی اور عربی کی تعلیم مکمل کر کے ان کا داخلہ کولیجیٹ اسکول میں ہوا۔ انہوں نے اس اسکول سے انٹرنس کے امتحان میں کامیابی حاصل کی اور بعد ازاں اعلیٰ تعلیم کے لیے اپنا داخلہ پٹنہ کالج میں کرایا۔ کالج کے قیام کے دوران صاحب موصوف کرکٹ کے کھیل میں کافی حصہ لیتے تھے۔ اس کھیل میں اتفاقاً ایک مرتبہ چوٹ لگ گئی اور

Marfat.com

کرکٹ کا کھیلنا ترک کر دیا۔

صاحب موصوف بیرسٹری کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے ۱۹۰۳ء میں لندن گئے اور ۲۶؍ جنوری ۱۹۰۶ء کو مڈل ٹیمپل سے بیرسٹر ہو کر پٹنہ واپس آئے۔ ۱۹۰۶ء میں بحیثیت بیرسٹر کلکتہ ہائی کورٹ میں اپنا نام درج کرایا اور جب پٹنہ ہائی کورٹ قائم ہوا تو اس عدالت عالیہ کے بیرسٹر ہوئے۔ اپنے پیشہ میں بہت کامیابی حاصل کی خصوصاً سیشن کے مقدموں میں ان کی پریکٹس خوب چلی۔ ۱۹۳۰ء میں راقم جب چھپرہ میں وکالت کرتا تھا تو ایک مرتبہ موصوف کے ہمراہ جونیر وکیل کی حیثیت سے مجھے کام کرنے کا موقع ملا۔ جرح اور بحث دونوں ہی نہایت خوبی سے کیا کرتے تھے اور حاکم کو بھی خوش رکھنا خوب جانتے تھے۔ انگریزی فصاحت کے ساتھ ٹھہر ٹھہر کر بولتے جس سے حاکم بہت متاثر ہوتا تھا۔ ایک اینگلو انڈین خاتون مس ڈورن سے جنسی تعلقات کی بنا پر ایک بنگالی ڈاکٹر پر مقدمہ قائم کیا گیا۔ اس سنسنی خیز مقدمہ میں پٹنہ کے متعدد نوجوانوں کی دلچسپی تھی۔ کامیابی حاصل کرنے کے بعد صاحب موصوف نے لوگوں کے اصرار پر مقدمہ کی کل روئداد کو ایک کتابچہ کی شکل میں شائع کرا کر فروخت کرلیا۔ صاحب موصوف پٹنہ ہائی کورٹ میں بحیثیت بیرسٹر اچھی شہرت رکھتے تھے اور ہر جگہ قدر کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔ جب دہلی میں فیڈرل کورٹ قائم ہوا تو انہوں نے وہاں بھی اکثر مقدموں میں کام کیا اور کامیابی حاصل کی۔

مسٹر محمد یونس بیرسٹری کے ساتھ مختلف سماجی اور سیاسی کاموں میں بھی حصہ لیا کرتے تھے بارہ سال تک بہار ینگ مین ایسوسی ایشن کے سکریٹری رہے اور انسٹی ٹیوٹ کی عمارت کی تعمیر میں کافی دلچسپی لی۔ کئی سال تک بہار اسٹوڈنٹس ایسوسی ایشن کے صدر رہے۔ پٹنہ سیٹی میونسپلٹی میں تین مرتبہ بحیثیت میونسپل کمشنر منتخب ہوئے۔ ۱۹۰۸ء میں کانگریس کے لاہور سیشن میں ڈیلی گیٹ کی حیثیت سے شرکت کی۔ ۱۹۱۶ء میں امپریل لیجس لیٹو کونسل کے ممبر ہوئے۔ ۱۹۲۱ء اور ۱۹۳۲ء میں بہار لیجس لیٹو کونسل کے ممبر چنے گئے۔ موصوف جہاں بھی رہے اپنے فرائض کو بحسن و خوبی انجام دیا کرتے تھے۔ نئے قانون ہند کے تحت ۱۹۳۷ میں بہار لیجس لیٹو کونسل کے ممبر ہوئے اور بہار مسلم انڈیپنڈنٹ پارٹی کے لیڈر چنے گئے۔ کونسل کے اندر کانگریس پارٹی کے بعد انڈپنڈنٹ پارٹی سب سے بڑی پارٹی تھی۔

Marfat.com

جب کانگریس پارٹی نے اصولاً وزارت سازی سے انکار کردیا تو گورنر بہار نے مسٹر یونس کو وزارت تشکیل کرنے کے لیے طلب کیا۔ صاحب موصوف نے وزارت تشکیل کی اور بحیثیت وزیر اعظم و پریمیر اپنے عہدہ کا حلف لیا۔ نواب عبدالوہاب خاں، کمار اجیت پرشاد سنگھ اور بابو گرسہائے لال کو اپنی کابینہ میں وزیر بنایا۔ گرچہ صاحب موصوف کی وزارت عظمیٰ کی مدت بہت تھوڑی رہی مگر انہوں نے دوران حکومت چند مفید خدمات انجام دیں۔ عدالت کی کاموں میں ہندی رسم الخط کے ساتھ اردو رسم الخط کو بھی جاری کرنے کا حکم صادر کیا اور یہ ان کا ایک بڑا کارنامہ ہے۔ بیرسٹری کے علاوہ صاحب موصوف کاشت کاری اور تجارت کے کاموں میں بھی مشغول رہا کرتے تھے۔ اپنی زمین پر جدید طریقے سے کھیتی کراتے جس سے انہیں بہت نفع ہوا کرتا تھا۔ مسٹر یونس بہار بختیار پور لائٹ ریلوے کے چیئرمین تھے۔ فریزر روڈ پر گرانڈ ہوٹل قائم کیا اور یہ انگریزی طرز کا ہوٹل اب تک چل رہا ہے۔ اور ینٹ بینک اور بہار یونائٹڈ لائف انشورنس کمپنی کو قائم کر کے ان کے مینجنگ ڈائرکٹر اور چیئرمین بنے۔ صاحب موصوف کا ایک انگریزی پریس بھی تھا جہاں سے ان کا ایک روزنامہ اخبار بنام "پٹنہ ٹائمس" نکلا کرتا تھا۔ پریس، اخبار، ہوٹل، بینک، انشورنس کمپنی اور لائٹ ریلوے کے کل کاموں کو اپنی نگرانی میں کراتے تھے۔ اتنے کاموں کو بیک وقت خوبی سے انجام دینا ہر آدمی کے بس کے بات نہیں ہے۔

مسٹر یونس کی پہلی شادی ۱۹۰۲ء میں مولوی عبدالجبار وکیل ساکن مرزاپور اتر پردیش کی اکلوتی صاحبزادی سے ہوئی۔ اہلیہ محترمہ کے قضا کر جانے کے عرصہ بعد موصوف کی دوسری شادی ڈاکٹر حبیب الرحمٰن ساکن ارکی ضلع گیا کی بڑی صاحبزادی سے ہوئی۔ پہلی بیوی سے دو لڑکے محمد یٰسین یونس اور محمد یعقوب یونس پیدا ہوئے۔ دوسری اہلیہ سے جن کا انتقال چند سال قبل ہوا کوئی اولاد نہ ہوئی۔ ۱۹۳۳ء میں موصوف نے فریضہ حج ادا کیا اور مدینہ منورہ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ اس سفر حج کے دوران مشرق وسطیٰ، عرب اور شمالی افریقہ کے مسلم ممالک کا بھی سفر کیا۔ ۱۳؍ مئی ۱۹۵۲ء کو لندن میں انتقال کیا اور "بروک روڈ" کے مسلم قبرستان میں مدفون ہوئے۔

میرے والد الحاج خان صاحب احمد حسین مرحوم اور مسٹر محمد یونس مرحوم کے

Marfat.com

زندگی بھر اچھے تعلقات رہے۔ ان حضرات نے پٹنہ کالیجیٹ اسکول میں تعلیم پائی تھی اور اسی زمانے سے ان دونوں میں دوستی ہو گئی تھی۔ صاحب موصوف والد مرحوم سے سن میں دو سال بڑے تھے اور اس سبب سے والد مرحوم ان کا احترام مثل بڑے بھائی کے کیا کرتے اور بہت سے کاموں میں ان سے مشورہ بھی لیتے تھے۔

مسٹر محمد یونس میرے خسر مسٹر ریاست حسین بیرسٹر کے بڑے مخلص اور بڑے عزیز دوست تھے اور ان لوگوں کی دوستی میں زندگی بھر فرق نہ آیا۔ یہ دونوں حضرات مڈل ٹمپل لندن میں بیرسٹری کی تعلیم حاصل کرتے تھے اور اسی زمانے سے ان لوگوں کے درمیان بے حد برادرانہ تعلقات قائم ہوگئے تھے۔ مسٹر محمد یونس، مسٹر ریاست حسین سے دو برس پہلے بیرسٹر ہو کر ہندوستان واپس چلے آئے۔ ان کی واپسی سے مسٹر ریاست حسین کو بہت پریشانی اور اکیلاپن محسوس ہونے لگا۔ صاحب موصوف اکثر کہا کرتے تھے کہ مسٹر محمد یونس کی کمی ہر جگہ اور ہر موقع پر مجھے ستاتی تھی ہر ہفتہ مسٹر محمد یونس کو آکسفورڈ سے خط لکھا کرتے تھے اور صاحب موصوف بھی پٹنہ اور بہار کی کل باتوں اور خبروں سے انہیں آگاہ کرتے تھے۔ مسٹر ریاست حسین انگلستان میں سات سال تعلیم کی غرض سے مقیم رہے اور جب ہندوستان واپس آئے تو پٹنہ میں بیرسٹری شروع کی جہاں مسٹر یونس بھی بیرسٹری کیا کرتے تھے۔ یہ دونوں حضرات ہمیشہ ایک دوسرے سے بہت نزدیک رہے اور دوستی کا پورا حق ادا کیا۔ مسٹر محمد یونس مرحوم ایک نہایت ہی سنجیدہ اور منتظم انسان تھے۔ انہوں نے بارہا مسٹر ریاست حسین مرحوم کو ان کی فضول خرچیوں سے روکنا چاہا مگر صاحب موصوف کسی کی بات نہ مانتے تھے، آخر کار اپنی کل جائداد کو جس کی قیمت اس زمانے میں کئی لاکھ روپے تھے برباد کر دیا اور ۴۵ سال کی عمر میں قضا کر گئے۔ مسٹر محمد یونس کو ان کی بے وقت موت پر بڑا صدمہ ہوا اور اکثر انہیں یاد کرتے اور افسوس کے ساتھ صاحب موصوف کا تذکرہ کیا کرتے تھے۔ ایسے عزیز دوست اب کہاں ملتے ہیں۔

تقریباً تیس سال تک مسٹر محمد یونس مرحوم کو راقم نے بہت نزدیک سے دیکھا ہے۔ اور موصوف کی خوبیوں کو پرکھنے کا کافی موقع ملا۔ موصوف نہایت ہی ذہین، خوش خلق اور بلند حوصلہ انسان تھے۔ اپنے فرائض کو خوب سمجھتے تھے اور بڑی زبردست قوت عمل کے

Marfat.com

حامل تھے۔ کبھی کسی کے احسان کا بوجھ نہ اٹھایا اور اپنے کاموں میں نہایت ہی سرگرم رہے۔ زندگی بھر قومی کاموں کو بحسن وخوبی انجام دیتے رہے اور ہر موقع پر جرأت کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کیا کرتے تھے۔ جب لارڈ سنہا بہار کے گورنر ہو کر آئے تو مسٹر محمد یونس مرحوم کو جج کے عہدہ پر مقرر کرنا چاہا مگر موصوف نے معذرت کے ساتھ اس جلیل القدر عہدہ کو قبول کرنے سے انکار کر دیا اور اس دور میں یہ کوئی معمولی بات نہ تھی۔ موصوف ایک نہایت ہی صابر انسان تھے جب ان کے ہونہار لڑکے مسٹر محمد یٰسین یونس کا انتقال ہوا تو صاحب موصوف نے اس جانکاہ صدمہ کو نہایت صبر کے ساتھ برداشت کیا۔ اور راقم سے کہا کہ موت اور حیات اللہ کے ہاتھ میں ہیں۔ انسان مجبور محض ہے اور اس کو راضی بہ رضا رہنا چاہئے۔ جب راقم سے یہ باتیں ہو رہی تھیں تو ان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ میں ان کے آنسوؤں کو برداشت نہ کر سکا۔ اور کمرے سے روتا ہوا باہر نکل آیا۔ یٰسین اسکول میں میرے ہم جماعت تھے اور راقم کے بڑے بے تکلف دوست بھی تھے۔

راقم کو مسٹر محمد یونس مرحوم کی شفقت اور مروت کا تذکرہ کر دینا بھی نہایت ضروری معلوم ہوتا ہے۔ صاحب موصوف میری اہلیہ کو مثل اپنی بیٹی کے مانتے تھے اور وہ میری خوش دامن اور میری اہلیہ سے ملنے کے لیے میرے قیام گاہ پر اکثر آجایا کرتے تھے۔ ان دنوں میں پٹنہ کالج میں لکچرر تھا اور محلہ پیر بہوڑ میں کرایہ کے مکان میں رہا کرتا تھا۔ یہ مکان ایک تنگ گلی میں واقع تھا اور صاحب موصوف کی تشریف آوری اس مکان میں زحمت سے خالی نہ ہوتی تھی مگر صاحب موصوف اس کا کچھ خیال نہ کرتے تھے۔ ۲۵/ دسمبر ۱۹۳۰ء کو راقم کی شادی چھپرہ میں ان کے عزیز دوست مسٹر ریاست حسین بیرسٹر کی لڑکی سے ہوئی۔ شادی سے ۵ دن پہلے صاحب موصوف چھپرہ تشریف لائے۔ چونکہ مسٹر محمد یونس ایک نامی بیرسٹر تھے ان پانچ دنوں کے قیام کے دوران بھی انہیں ایک فوجداری مقدمہ میں کام کرنا پڑا۔ جو کچھ آمدنی اس مقدمہ سے ہوئی صاحب موصوف نے اس کو میری اہلیہ کے کپڑوں پر صرف کیا۔ تحفتاً ایک نہایت اچھی قیمتی چادر بھی عطا کی جس کو میری اہلیہ نے عرصہ دراز تک اپنے پاس بہ طور یادگار محفوظ رکھا۔ صاحب موصوف شادی کے موقع پر ہر جگہ پیش پیش رہے۔ مسٹر محمد یونس کی سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ زندگی بھر انہوں نے کسی

Marfat.com

کے آگے اپنا سر خم نہ کیا۔ وہ خود فرماتے ہیں:

خم نہ کی گردن کسی حاجت روا کے سامنے
جب جھکا میں تو جھکا اپنے خدا کے سامنے

مسٹر محمد یونس کے بڑے صاحبزادے مسٹر محمد یٰسین یونس اسکول میں راقم کے ہم جماعت تھے۔ وکیل ہوئے اور بعد میں مڈل ٹمپل سے بیرسٹر ہو کر پٹنہ ہائی کورٹ میں بیرسٹری کرنے لگے تو پٹنہ لا کالج میں قانون کے پروفیسر بھی رہے۔ زندگی نے وفا نہ کی اور تقریباً چالیس سال کی عمر میں ۱۹۴۷ء میں انتقال کیا۔ یٰسین میرے بہت اچھے دوست تھے۔ جب میں اپنے گاؤں نیورہ میں جا کر قیام کرتا تو وہ میرے یہاں آ کر ایک دو روز تک ٹھہرتے اور ہم لوگوں کا وقت نہایت ہنسی خوشی میں گزر جاتا تھا۔ ہم لوگوں کی دوستی میں کبھی فرق نہ آیا۔ ان کی موت سے راقم کو بہت صدمہ پہنچا۔ یٰسین اچھی انگریزی بولتے اور لکھتے تھے۔ جب ڈاکٹر ہادی حسن پروفیسر مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کی کتاب بنام "Persian Navigation" انگلستان میں طبع ہو رہی تھی تو ان دنوں یٰسین کا قیام لندن میں تھا۔ انہوں نے اس کتاب کا پروف شروع سے آخر تک نہایت ہی دیدہ ریزی سے پڑھا اور اس کتاب میں کوئی غلطی باقی نہ رہی۔ ڈاکٹر ہادی حسن اس کام کے لیے یٰسین کے بڑے مشکور تھے اور اس کا تذکرہ صاحب موصوف نے مجھ سے کئی بار کیا۔ یٰسین نے کبھی بھی اس کا تذکرہ مجھ سے نہ کیا کیونکہ وہ اس طرح کی خدمات کو کوئی اہمیت نہ دیتے تھے اور نہ ان کاموں سے اپنی شہرت حاصل کرنا چاہتے تھے۔ مرحوم وسیع القلب، وضع دار اور دوست پرست انسان تھے۔ ان سے مل کر مجھے بڑی خوشی ہوئی تھی۔ اللہ انہیں غریق رحمت کرے۔

مسٹر محمد یونس کے چھوٹے صاحبزادے مسٹر محمد یعقوب یونس خوش طبعی، شرافت، خلوص اور محبت کے پیکر ہیں۔ موصوف نے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے بی۔ اے اور ایل ایل بی کی ڈگریاں حاصل کیں اور پٹنہ ہائی کورٹ میں بحیثیت ایڈوکیٹ کے کام کرنا شروع کیا۔ مگر بہت جلد وکالت سے کوئی عملی سروکار نہ رکھا۔ چونکہ صاحب موصوف کی طبیعت علم وادب کی طرف مائل تھی اس لیے پیشہ وکالت ان کو پسند نہ آیا اور وہ اس سے بالکل الگ ہو گئے، والد کے انتقال کے بعد جب موصوف پر کافی انتظامی ذمہ داریاں پڑ گئیں تو انہوں نے

Marfat.com

اپنی تھکاوٹ دور کرنے کے لیے شکار اور کتب بینی کے مشاغل اختیار کیے۔ موصوف نے شکار پر انگریزی میں کئی مضامین شائع کیے ہیں۔ "مجلس ادب" کا انعقاد ۱۹۵۹ء میں ہوا اور موصوف اس مجلس کے ایک اہم رکن رہے ہیں۔ اس کی نشستوں میں پڑھنے کے لیے متعدد مضامین لکھے، جن کا مجموعہ "انوکھی باتوں" کے عنوان سے ۱۹۸۵ء میں شائع ہو چکا ہے۔ صاحب موصوف کی ملی معاملات میں دلچسپی ہنوز برقرار ہے اور وہ مسلم مجلس مشاورت کے ایک سرگرم رکن بھی رہے۔ راقم کے چھوٹے بھائی مسٹر انور حسین مرحوم موصوف کے عزیز دوستوں میں تھے۔ بھائی مرحوم کے قضا کر جانے کے بعد آج تک یعقوب صاحب ان کے اہل خاندان سے نہایت ہی خلوص اور محبت سے ملتے ہیں اور وہ خلوص جو ان دونوں کے درمیان زندگی میں تھا اب تک قائم ہے۔ کوئی ہفتہ ایسا نہیں گزرتا ہے کہ مسٹر محمد یعقوب یونس یا ان کی اہلیہ بیگم انور حسین سے ملنے کے لیے نہ آتی ہوں۔ ایسے مخلصانہ تعلقات اس دور میں بہت کم دیکھنے میں آتے ہیں۔ ان کی اہلیہ محترمہ حمید اللہ بیگ سابق چیف جسٹس آف انڈیا کی سگی بھانجی ہیں اور نہایت ہی منکسر مزاج خاتون ہیں۔ ہم سب لوگوں سے نہایت ہی خلوص سے ملتی ہیں۔

۸۔ مسٹر عبدالقیوم، وزیر حکومتِ بہار:

عبدالقیوم کا نام آتے ہی میری زندگی کے ۷۰ سال ذہن میں متحرک اور زندہ ہو جاتے ہیں اور میں اسکول کی کھوئی ہوئی آزاد زندگی کو محسوس کرنے لگتا ہوں۔ عبدالقیوم اور راقم دونوں سہسرام ہائی اسکول کے طالب علم تھے۔ بہار کے اس تاریخی مقام میں میری ان کی ملاقات پہلی بار ۱۹۱۷ء میں ہوئی تھی۔ وہ اپنے بھائی عبدالقدوس کے ساتھ اسکول آتے تھے۔ عنابی رنگ کی ترکی ٹوپی، شیروانی اور پائجامہ میں ملبوس اور یہی ان دنوں شرفا کا لباس تھا۔ وہ ہر روز اپنے والد کے بمپو کارٹ پر سوار ہو کر اپنے بھائی کے ساتھ ذہری سے سہسرام آیا کرتے تھے۔ ہم دونوں درجہ ہفتم کے طالب علم تھے اور کلاس میں ایک ہی جگہ بیٹھتے تھے۔ اپنی صورت اور سیرت اور لباس سے ان کی شخصیت اسکول کے اندر امتیازی شان رکھتی تھی۔ اسکول کے دور ہی سے ان کا ذوق ادبی و شعری تھا۔ یہ ادبی میلان تدریجاً

Marfat.com

بڑھتا گیا۔ ترنم سے اشعار پڑھا کرتے تھے اور یہ انداز بہت دنوں تک باقی رہا۔ سیاسی مصروفیتوں اور کارگذاریوں سے ادبی ذوق کے کھل کھیلنے کا موقع نہ مل سکا۔ ادبی ذوق اور ابتدائی علمی سرگرمیوں کی بنا پر کہا جاسکتا ہے کہ وہ ایک ادیب اور شاعر کی حیثیت سے بھی ممتاز شخصیت کے مالک ہوتے، اگر انہیں اپنے ذوق کی تکمیل کا مناسب ماحول ملتا۔ ڈیہری سے تقریباً پچاس سال پہلے "حسن و عشق" نام کا رسالہ ان کی ادارت میں نکلتا تھا۔ یہ رسالہ رومانی قصوں کہانیوں اور ہیجان افروز نظموں کا رسالہ نہ تھا بلکہ تصوفانہ حسن و عشق کا ادراک پیش کرتا تھا۔ اس رسالہ کے متعدد شماروں میں قیوم کے اخلاقی اور عارفانہ مضامین شائع ہوئے تھے۔ اس کے علاوہ ان کی صوفیانہ غزلیں بھی شائع ہوتی تھیں۔ قیوم کا خاندان عالموں اور خدا ترسوں کا خاندان ہے اور اپنے ایسے خاندان کی مخصوص فضا میں ان کے ذہن کی تربیت ہوئی تھی۔ ۱۹۶۵ء میں بیل گاڑی کے حادثہ میں وہ سخت مجروح ہوئے اور کئی مہینوں تک پٹنہ کے جنرل اسپتال میں زیر علاج رہے۔ حادثہ کے بعد جب راقم ان سے ملنے اسپتال گیا تو ان سے کہا کہ آپ کا خاندان عالموں اور مرتاضوں کا خاندان ہے، صدقہ دے دیں تو یہ مصیبت دور ہو جائے گی۔ وہ میری باتوں سے بہت متاثر ہوئے اور میرے کہنے پر عمل کیا۔ اللہ نے انہیں جلد شفا عطا کی۔ مرحوم اکثر مجھ سے اس صدقہ دینے کا تذکرہ کیا کرتے تھے۔ قیوم کو مذہبی رنگ کی پختگی ان کی نانیہال سے ملی تھی۔ ان کے نانا جان محمد عبد اللہ صاحب ایک عالم اور صوفی تھے۔ ان کی بزرگی کی شہرت سارے ملک میں تھی اور قیوم کے والد ماجد مولوی عبد الحق صاحب مرحوم اپنی کثیر دولت کے باوجود ایک نہایت ہی منکسر المزاج انسان تھے۔ راقم نے انہیں سہسرام میں اپنے والد مرحوم کے یہاں کئی بار دیکھا تھا۔ اور ان کے اخلاق سے بہت متاثر ہوا تھا۔ اس زمانے میں میرے والد مرحوم سہسرام کے سکنڈ افیسر تھے اور صاحب موصوف کی بڑی عزت کرتے تھے۔

تصورات کی حدیں لامتناہی ہوتی ہیں مگر میں اپنے اسکول کے زمانے میں یہ تصور نہیں کرتا تھا کہ ہندوستان اتنا جلد غلامی کی زنجیروں کو کاٹ پھینکے گا اور ہمیں آزادی حاصل ہوگی اور یہ بھی نہیں سوچ سکتا تھا کہ عبد القیوم کرسی وزارت پر متمکن ہوں گے۔ یہ تصور کرنا بھی میرے لیے محال تھا کہ عبد القیوم کی شاندار شیروانی اور ترکی ٹوپی غائب ہو جائے گی

Marfat.com

اور وہ کھدر کے کرتے اور کھدر کی ٹوپی میں جلوہ گر ہوں گے۔

میں نے عبد القیوم کو زندگی کے ہر دور میں دیکھا ہے۔ ان کا لڑکپن دیکھا، ان کی جوانی دیکھی اور ان کی زندگی کے آخری زمانہ تک ہم دونوں نہایت ہی عزیز دوست رہے۔ عبد القیوم بے شمار خوبیوں کے حامل تھے۔ راقم کو ان کی خوبیوں کا اندازہ ان کی ہر باتوں سے ہوتا تھا۔ وہ نمائش کے آدمی نہ تھے اور وہ بے حد شریف، منکسر المزاج اور وسیع القلب انسان تھے۔ دوست بنانے کی صلاحیت انہیں بے انتہا تھی۔ جب بھی راقم ان سے ملتا تو مرحوم نہایت ہی محبت سے ملتے اور گزشتہ باتوں کا تذکرہ کیا کرتے تھے۔ عبد القیوم اپنے اصولوں کے بڑے پابند تھے۔ ۱۹۵۱ء میں وہ الکشن میں ہار گئے۔ جیسے ہی نئی وزارت کی تشکیل ہوئی انہوں نے سرکاری موٹر کار واپس کر دی اور بہت جلد اپنے بڑے سرکاری مکان کو چھوڑ کر ایک چھوٹے سرکاری بنگلے میں آکر قیام پذیر ہوئے۔ بہ عوض موٹر کار کے شہر میں رکشوں پر نکلتے اور کبھی اس سواری سے کوئی تکلیف محسوس نہ کی۔ ان کی سیاسیات سے میرا کوئی تعلق نہیں رہا۔ کچھ لوگ ان کے سخت مخالف تھے اور راقم سے جب ان کے متعلق شکایتیں کرتے تو میں انہیں یہ جواب دے کر خاموش کر دیتا تھا کہ ''اچھا ہے یا برا ہے وہ دوست ہے ہمارا۔'' اور یہ جواب سن کر کسی کو ہمت نہ پڑتی تھی کہ راقم کے سامنے کہیں بھی کوئی عبد القیوم کی شکایت کر سکے۔ مرحوم میدان سیاست میں تاحیات سرگرم عمل رہے اور سخت سے سخت مشکل حالات میں بھی ان کی پیشانی پر کبھی بھی شکن نہ آتی اور کوئی شکوہ زبان پر نہ لاتے۔ میری زندگی ایک معلم اور منتظم کی رہی ہے لیکن معاشرے کے ایک ذمہ دار انسان ہونے کی حیثیت سے تو میں نہیں کہہ سکتا کہ مجھے سیاست سے کوئی دلچسپی نہ رہی ہو۔ اکثر عبد القیوم سے مختلف سیاسی مسئلوں پر میری باتیں ہوا کرتی تھیں مگر زیادہ تر ہم لوگوں میں اختلاف رائے ہوا کرتا تھا۔ میں یہ چاہتا تھا کہ وہ کل مسلمان قوم کے رہنما بنیں، مومن اور غیر مومن کے ہنگاموں میں نہ پڑیں مگر مرحوم نے کبھی میری رائے سے اتفاق نہ کیا۔ میں کہا کرتا تھا کہ ایسی سیاسی تقسیم غیر اسلامی ہے اور یہ تقسیم و تحریک مسلمانوں کے درمیان اتفاق کے بجائے نفاق پیدا کرے گی۔ میں جب عبد القیوم سے ملا تھا تو وہ صرف عبد القیوم تھے، عبد القیوم انصاری نہ تھے۔ میں نے کبھی انہیں عبد القیوم انصاری نہ کہا اور برابر یہی دعا کی وہ عبد القیوم

Marfat.com

انصاری نہ رہیں بلکہ صرف عبدالقیوم!

عبدالقیوم دینی خدمات کو اپنی زندگی کا بڑا کام سمجھتے تھے۔ نماز اور روزے کے بڑے پابند تھے۔ ان کی نمازیں اور روزے شاید ہی کبھی قضا ہوئے۔ ۱۹۴۵ء میں ڈاکٹر سچدانند سنہا نے پٹنہ یونیورسٹی کے سنیٹ میں عبدالقیوم کو ممبر نامزد کیا اور اس زمانے میں راقم بھی سنیٹ کا نامزد ممبر تھا۔ پروفیسر عبدالمنان بیدل سنیٹ کے منتخب ممبر تھے۔ ہم لوگوں کے علاوہ سنیٹ میں چند اور مسلم ممبران تھے۔ سنیٹ کے جلسہ میں جب مغرب کی نماز کا وقت آتا تو سب سے پہلے قیوم اٹھ جاتے۔ ان کے پیچھے راقم ہولیتا اور اس کے بعد دوسرے لوگ بھی نماز میں شریک ہو جاتے تھے۔ نماز یونیورسٹی کے برآمدہ میں ہوتی اور پروفیسر عبدالمنان صاحب امامت کا فرض انجام دیتے تھے۔

عبدالقیوم جو بات کہتے تھے پوری کرتے اور وہ اس معاملہ میں دوسرے وزیروں کے قطعی برعکس تھے۔ ایک واقعہ ۱۹۵۰ء کا ہے۔ اس زمانے میں راقم پٹنہ کالج کومن روم کا صدر تھا اور مسٹر کے پی سنہا کالج کے پرنسپل تھے۔ راقم نے کومن روم کی سالانہ تقریب کے موقع پر عبدالقیوم کو بحیثیت صدر مدعو کیا۔ ہمارے دوستوں کو یہ خدشہ تھا کہ کہیں دوسرے وزیروں کی طرح عبدالقیوم بھی کسی عطیہ کا زبانی وعدہ کر کے نہ چلے جائیں لیکن میں نے نہایت وثوق کے ساتھ کہا کہ میرا دوست ایسا نہیں ہے۔ کومن روم کا پرانا ریڈیو چوری ہو گیا تھا۔ میں نے کومن روم کے طلبا عہدیداروں کو بتایا کہ وہ مہمان وزیر سے نقد رقم کے عطیہ کا مطالبہ کرنے کے بجائے ایک نئے ریڈیو کی مانگ کریں۔ عبدالقیوم جب کومن روم کی تقریب میں آئے تو راقم نے ان سے کہا کہ کومن روم کو ایک ریڈیو کی سخت ضرورت ہے اور آپ اسے خرید وا دیجیے۔ عبدالقیوم بغیر کسی چون وچرا کے راضی ہو گئے۔ دوسرے روز راقم اور پرنسپل کے۔ پی سنہا مراد پور کی ایک ریڈیو کی دکان میں گئے اور چھ سو روپیے کا ایک شاندار ریڈیو کومن روم کے لیے انتخاب کیا اور فون پر عبدالقیوم کو میں نے اس بات کی اطلاع دے دی۔ قیوم نے مجھے فوراً یہ رقم بھجوادی۔ کومن روم کو منشاء کے مطابق ایک ریڈیو سٹ مل گیا۔ اس واقعہ کا اثر متعلقہ لوگوں پر پڑا اور یہ سب لوگ عبدالقیوم کے شکر گزار ہوئے۔

۱۹۶۶ء میں میرے چھوٹے لڑکے ڈاکٹر اشرف حسین حکومت بہار کے محکمۂ صحت

Marfat.com

میں سول اسسٹنٹ سرجن مقرر ہوئے۔ ان کی تقرری کے فوراً بعد راقم اپنی اہلیہ کے ساتھ فریضہ حج ادا کرنے کے لیے جانے والا تھا اور اشرف حسین سلمہٗ کو میرے غائبانہ میں گھر پر رہنا نہایت ضروری تھا۔ راقم ڈاکٹر محمود حسن سے جا کر ملا جو اس زمانہ میں محکمۂ صحت کے ڈائرکٹر تھے اور استدعا کی کہ اشرف کو چند ماہ کے لیے پٹنہ ہی میں رکھا جائے یا پٹنہ کے قریب وجوار میں تعینات کیا جائے جہاں سے وہ روزانہ پٹنہ آ جا سکیں۔ ڈاکٹر محمود حسن نے اشرف حسین کا تبادلہ پٹنہ سے بہت دور سنتھال پرگنہ کے ایک دور افتادہ گاؤں میں کردیا۔ راقم نے بہت منت سماجت کی مگر وہ اپنے حکم نامہ میں کسی قسم کی کوئی تبدیلی کرنے کو تیار نہ تھے۔ عبد القیوم ان دنوں وزیر صحت تھے۔ میں نے ان سے جا کر کل باتیں عرض کیں۔ حسب دستور ہنستے ہوئے راقم سے کہا کہ آپ سفر حج پر روانہ ہو جائیں اور میں اشرف حسین کو پٹنہ یا پٹنہ کے قریب کسی جگہ رکھوں گا جہاں سے وہ روزانہ پٹنہ آ جا سکیں۔ عبد القیوم نے جو کہا تھا وہ کیا۔ اشرف حسین سلمہ کا تبادلہ جہاں آباد کر دیا اور عزیز موصوف میرے غائبانہ میں روزانہ پٹنہ آیا جایا کرتے تھے۔ عبد القیوم وعدے کے سخت پابند تھے اور جو کہتے تھے وہی کرتے تھے۔

عبد القیوم اپنی بے نفسی اور وضع داری کے علاوہ ایک نہایت ہی محنتی انسان تھے اور اپنے کل کاموں کو خود ہی انجام دیا کرتے تھے۔ راقم کا ان کی زندگی بھر کا ساتھ رہا مگر تکلیف کی شکایت میں نے ان کی زبان سے کبھی نہیں سنی۔ میں نے خود دیکھا ہے کہ انہیں مونج کی پلنگ پر اتنا ہی آرام ملتا تھا جتنا کہ ایک ڈنلپ کشن والی مسہری پر۔ وہ جفاکشی کے عادی تھے۔ ۱۹۶۲ء کے الکشن میں انہوں ڈہری کے دیہی علاقوں کا دورہ سائیکل پر کیا ہے اور یہ ایک غیر معمولی بات تھی۔ ان کی شخصیت کا حیرت انگیز پہلو یہ تھا کہ وہ ہر حال میں اپنی وضع پر قائم رہتے خواہ وہ منسٹر رہے ہوں یا نہیں۔ اس سے ان کے متوازن ترقی یافتہ کردار کا بین ثبوت ملتا ہے۔

شاید ۱۹۴۰ء کا زمانہ تھا۔ سر اسٹیفورڈ کرپس الہ آباد میں آنند بھون میں قیام پذیر تھے۔ عبد القیوم نے ان سے ملاقات کی تھی اور اپنے خیالات کا اظہار کیا تھا۔ سر کرپس نے ان کی گفتگو کا تذکرہ اپنے ایک ہندوستانی دوست سے کیا تھا جس سے میری ملاقات تھی۔ انہوں نے عبد القیوم کے متعلق کرپس کے تاثرات بیان کرتے ہوئے مجھ سے کہا تھا کہ کرپس گرچہ عبد القیوم کے سیاسی خیالات سے متفق نہیں ہوئے لیکن ان کے اخلاق، خلوص،

Marfat.com

سنجیدگی، متانت اور تہذیب سے بہت متاثر ہوئے تھے۔

بہار کی سیاسی زندگی میں آں جہانی سری کرشن سنہا کا مقام انفرادیت کا حامل تھا۔ وہ بڑے ذی فہم، باشعور اور مردم شناس وزیر اعلیٰ تھے اور عبدالقیوم کا بڑا احترام کرتے تھے۔ مجھ سے شری بابو اکثر ان کی خوبیوں کا تذکرہ کیا کرتے اور دیر تک ان کے متعلق باتیں کیا کرتے تھے۔ راقم نے خدا بخش لائبریری میں ناظم کی حیثیت سے تقریباً ڈیڑھ سال تک خدمت انجام دی مگر معلوم نہیں قیوم کی علمی تشنگی نے انہیں اس آب حیواں سے کیوں دور رکھا۔ نہ راقم نے انہیں خدا بخش لائبریری میں بلایا اور نہ وہ خود آئے۔ غالباً انہیں بے حد سرکاری مصروفیات کی وجہ سے لائبریری آنے کا موقع نہ ملا ہوگا۔

ہندوستان میں بہار پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر کی بڑی اہمیت ہے۔ وہ ہندوستان گیر سیاسی جماعت کانگریس کی ریاستی تنظیم کا ضامن ہوتا ہے۔ عبدالقیوم پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر بھی رہے اور صدر کی حیثیت سے اپنے عہدہ کے اہم ذمہ دارانہ کاموں کو بحسن وخوبی انجام دیا۔ وہ مرکزی کانگریس ورکنگ کمیٹی کے ممبر بھی تھے۔ جب مسز اندرا گاندھی کانگریس کی صدر تھیں۔ ان کے علاوہ وہ مختلف تحریکوں کو کامیاب مفید اور پر اثر بناتے تھے اور دوسرے گوناگوں پیچیدہ مسئلوں کو بھی اپنے ذاتی اثر سے حل کیا کرتے۔ ۱۹۵۲ء کے جنرل الیکشن میں ناکامیاب ہونے پر بھی وہ اپنے نصب العین میں منہمک رہے۔ مشکل اور بدلے ہوئے حالات میں بھی اپنا وقار اور اپنا مزاج برقرار رکھا۔

عبدالقیوم زندگی بھر اپنی ذمہ داریوں کو اور سرکاری خدمتوں کو نہایت ہی جاں فشانی اور خلوص سے انجام دیتے رہے اور زندگی کے آخری لمحات تک غریبوں اور پریشان حالوں کی خدمت کرنے میں لگے رہے۔ ۱۸ر جنوری ۱۹۷۳ء کو امیادر جا رہے تھے جہاں نہر کا پشتہ ٹوٹ گیا تھا جس کے باعث وہاں کے ہزاروں باشندے بے گھر ہو گئے تھے۔ ان مصیبت زدہ لوگوں کو امداد پہنچانے کے لیے عبدالقیوم کسی اپنے ماتحت افسر کو بھیج سکتے تھے مگر ان کی حمیت اس کو گوارہ نہ کر سکی کیونکہ امیادر کا علاقہ ان کے حلقہ انتخاب میں تھا۔ امیادر جانے کا راستہ بے حد خراب تھا پیدل چلے اور تھک کر بیٹھ گئے۔ قلب کی حرکت اچانک بند ہو جانے سے روح پرواز ہو گئی۔ اللہ غریق رحمت کرے۔ راقم کو بہار میں عبدالقیوم ایسا کوئی وزیر نہ ملا

Marfat.com

جس نے لوگوں کی خدمت کرنے میں اپنی جاں تک گنوادی ہو۔

عبدالقیوم سماجی خدمت کا بڑا جذبہ رکھتے تھے۔ جب وہ وزیر جیل ہوئے تو انہوں نے یہ تجویز پیش کی کہ ہر جیل میں قیدیوں کی اصلاح اور تعلیم کے لیے ایک اسکول قائم کیا جائے تاکہ مجرم قیدی رہائی پانے کے بعد ایک اچھا شہری بن سکے۔ تجربہ کے طور پر مظفر پور کے مرکزی جیل میں ایک ہائی اسکول قائم کیا گیا۔ اس اسکول میں تعلیم پاکر بے شمار مجرم قیدی اچھے شہری بن گئے۔ سارے بہار میں جیل کے اندر کوئی ایسا اسکول قائم نہیں ہے۔ اس اسکول سے جو ۱۹۵۷ء میں قائم ہوا کم از کم دو سو قیدیوں نے تیس برس کے اندر میٹریکولیشن کی سند حاصل کی ہے۔ گذشتہ سال سے اس اسکول کا درجہ بڑھا کر انٹرمیڈیٹ اسکول کردیا گیا ہے حکومت اس اسکول کے کل اخراجات کو برداشت کرتی ہے۔ یہ اسکول عبدالقیوم کی ایک بڑی یادگار ہے۔ عبدالقیوم میرے ہم سن تھے۔ وہ پہلی جولائی ۱۹۰۵ء کو پیدا ہوئے اور ۱۸ر جنوری ۱۹۷۳ء کو تقریباً ۶۸ سال کی عمر میں انتقال کیا۔ جنوری ۱۹۷۳ء میں راقم بعد حج مکہ مکرمہ میں قیام پذیر تھا اس زمانے میں ڈاکٹر محمد اسلام اللہ خاں مکہ کے ہندوستانی شفاخانہ میں میڈیکل آفیسر تھے۔ ڈاکٹر محمد اسلام اللہ خاں کا وطن اتر پردیش ہے اور موصوف نے میرے عزیز ڈاکٹر مشتاق مرحوم کے ساتھ لکھنؤ میڈیکل کالج میں تعلیم پائی تھی۔ ڈاکٹر صاحب حجاز کے سفر کے دوران میری صحت اور آرام کا بہت خیال رکھتے تھے۔ راقم ان کے یہاں جاکر اکثر ان اخباروں کو پڑھتا جو ہندوستانی شفاخانہ میں آیا کرتے تھے۔ ایک روز اچانک عبدالقیوم کے قضا کرنے کی خبر پٹنہ کے اخبار "انڈین نیشن" میں پڑھی۔ عبدالقیوم کی موت کی خبر پڑھ کر مجھے بہت صدمہ ہوا۔ زندگی کے کھوئے ہوئے اوراق کی دھندلی سی تصویر میری نظروں کے سامنے آگئی اور عبدالقیوم کی یاد بہت دنوں تک راقم کے دل کو بے چین کرتی رہی۔

۹۔ مسٹر شریدھر سوہنی (آئی۔ سی۔ ایس)

جوانی میں خوب صورت، ۵۵ برس کے سن میں جوان نظر آتے اور آج بھی ۷۳ برس کی عمر میں خوبرو اور توانا ہیں۔ گورا رنگ، اچھا قد، ہنس مکھ، دوست پرور اور سخن شناس۔

Marfat.com

یہ ہیں ہمارے دوست محترم سوہنی صاحب۔ ان سے میری ملاقات ۱۹۴۰ء میں ڈاکٹر سچدانند سنہا کے یہاں ہوئی اور آج تک اس دوستی میں کوئی فرق نہ آیا ہے۔ دوست نوازی کا یہ حال ہے کہ چند مہینوں پہلے پٹنہ آئے اور گورنر کے مہمان ہو کر راج بھون میں ٹھہرے۔ آمد کے چند گھنٹوں بعد راقم سے ملنے کے لیے راج بھون سے روانہ ہوئے مگر ڈرائیور میرے گھر کا راستہ بھول گیا اور سوہنی صاحب کو اکزبیشن روڈ تک آکر واپس جانا پڑا۔ دوسرے روز طبیعت کچھ ناساز تھی مگر اسی حالت میں صاحب موصوف میرے یہاں آئے اور تقریباً دو گھنٹے بیٹھ کر مجھ سے باتیں کیں۔ میری خود نوشت سوانح عمری کو جا بہ جا سے پڑھا اور پسند کیا۔ میری کتاب کو پڑھ کر موصوف کو اگلی صحبتیں یاد آئیں اور وہ لوگ یاد آئے جن کی بدولت صوبہ بہار نے جدید دور میں شہرت حاصل کی ہے۔ ایسے دیانت دار اور پر خلوص لوگ اب مفقود ہو چکے ہیں۔

سوہنی صاحب ۱۹ر مئی ۱۹۱۴ء کو ضلع رتناگیری صوبہ مہاراشٹر میں پیدا ہوئے۔ ان کا خاندان عالموں کا خاندان ہے اور موصوف ابتداء ہی سے ایک نہایت ہی ہونہار طالب علم تھے۔ ۱۹۳۴ء میں علم اقتصادیات میں بی۔ اے آنرس کی ڈگری حاصل کی اور دو سال بعد بمبئی یونیورسٹی سے علم اقتصادیات میں ایم۔ اے کا امتحان اوّل درجہ میں پاس کیا اور کل کامیاب امیدواروں میں اوّل آئے۔ آئی۔ سی۔ ایس میں تقرری کے بعد کیمبرج یونیورسٹی سے ایم۔ اے کی سند حاصل کی۔ زبان دانی کا انہیں بہت شوق ہے۔ انگریزی، مراٹھی، ہندی، اردو، گجراتی، سنسکرت، پراکرت اور پالی جانتے ہیں اور ان زبانوں کی بہت سی کتابوں کا مطالعہ کیا ہے۔ تعلیم کے زمانہ میں صاحب موصوف اپنی کامیابیوں کے سبب اسکول اور کالج میں نہایت ہی ممتاز رہے۔ کون سا انعام اور وظیفہ ایسا تھا جو انہوں نے حاصل نہ کیا ہو۔ ۱۹۳۲ء سے ۱۹۳۶ء تک چار نامی وظیفے ملے اور ان کے علاوہ انعامات اور طلائی تمغوں سے بھی سرفراز ہوئے۔ صاحب موصوف جب انگلستان میں قیام پذیر تھے تو ڈاکٹر ای۔ جے ٹومس کے زیر نگرانی ہندوستان کی تواریخ پر تحقیقی کام کیا جو بڑا مقبول ہوا۔

سوہنی صاحب بحیثیت آئی۔ سی۔ ایس افسر ۱۹۳۸ء میں بہار کے صوبہ میں تعینات ہوئے اور ۱۹۴۵ء تک اس صوبہ کے مختلف اضلاع میں متعدد عہدوں پر فائز رہے۔ ۱۹۴۵ء

Marfat.com

سے ۱۹۴۹ء تک صاحب موصوف نے صوبہ اڑیسہ میں کام کیا جہاں دیگر خدمتوں کے علاوہ پولیٹیکل سکریٹری بھی رہے۔ آپ نے اسی زمانہ میں حکومت اڑیسہ کے حکم سے ایک میمورنڈم تیار کیا جس میں یہ بتایا کہ اڑیسہ کی چھوٹی چھوٹی دیسی ریاستوں کو کس طور سے صوبہ سے ملحق کیا جائے۔ صاحب موصوف کی رائے نہایت ہی مقبول ہوئی اور دوسرے صوبوں میں بھی دیسی ریاستوں کے الحاق کے متعلق آپ کے میمورنڈم سے بہت مدد ملی۔ اڑیسہ کے قیام کے دوران آپ نے راجدھانی بھوبنیشور کی تعمیر میں بہت کچھ حصہ لیا اور راوڑکیلا اسٹیٹ پلانٹ اور مہانداریور پروجکٹ کے قائم کرنے میں بھی نمایاں کام انجام دیا۔ ۱۹۴۹ء میں صاحب موصوف پھر بہار واپس آگئے اور حکومت بہار کے سکریٹریٹ میں مختلف محکموں کے سکریٹری رہے۔ ۱۹۵۲ء سے ۱۹۶۴ء تک پٹنہ، ترہٹ اور چھوٹاناگ پور میں کمشنر کا کام کیا۔ بعد ازاں بہار گورنمنٹ کی ماتحتی میں چند بڑے عہدوں پر فائز رہے۔ ریونیو بورڈ کے ممبر اور چیف سکریٹری بھی ہوئے۔ ایک مرتبہ جب بہار میں صدارتی راج قائم ہوا تو صاحب موصوف گورنر کے مشیر مقرر ہوئے۔ ۱۹۷۳ء میں ۵ سال کے لیے لوک آیوکت مقرر ہوئے اور نہایت حسن وخوبی سے اپنے کاموں کو انجام دیا۔

مسٹر سوہنی نے اپنی سرکاری مصروفیتوں کے باوجود اتنی علمی خدمات انجام دی ہیں جس کا تذکرہ یہاں راقم مختصر طور سے کر رہا ہے۔ صاحب موصوف چار سو سے زیادہ تحقیقی مضامین شائع کر چکے ہیں۔ آپ نے بہار ریسرچ سوسائٹی کے جرنل کی خدمت دس سال سے زیادہ بحیثیت چیف ایڈیٹر کی ہے۔ موصوف نے ہندوستان میں بے شمار علمی جلسوں کی صدارت بھی کی ہے۔ بدھسٹ اکیڈمی کے چیئرمین ہوئے اور دربھنگہ کی سنسکرت یونیورسٹی کے وائس چانسلر رہ چکے ہیں۔ موصوف دو سال تک "Numismatic Society of India" کے صدر رہے ہیں۔ انہیں ڈی لٹ کی اعزازی ڈگری دربھنگہ، نالندہ اور وکرم یونیورسٹی سے ملی ہے۔ ڈاکٹر راجندر پرشاد کی ہدایت پر بہار راشٹر بھاشا پریشد کے لیے ڈاکٹر راجندر پرشاد کی کتاب "چمپارن میں مہاتما گاندھی" کی نظر ثانی کی اور اس کا ایک نہایت ہی اچھا دیباچہ لکھا ہے۔ آج کل پونا یونیورسٹی میں تواریخ کے اعزازی پروفیسر ہیں اور "مہاراشٹر ٹیکنیکل ایجوکیشن سوسائٹی" کے صدر رہیں۔

Marfat.com

سوہنی صاحب کو خدا بخش لائبریری سے ہمیشہ ایک والہانہ محبت رہی ہے۔ عرصہ دراز تک لائبریری کی انتظامی کمیٹی کے صدر رہے اور راقم اس کمیٹی کا ممبر تھا۔ حکومت بہار خدا بخش لائبریری کے لیے بہت کم امداد کی رقم دیا کرتی تھی اور سوہنی صاحب کی کوششوں کی بدولت حکومت نے سالانہ امداد میں کچھ اضافہ کر دیا اس طور سے ہم لوگ کو خریداری میں تھوڑی سہولت ہو گئی صاحب موصوف کے دور میں چند ممبروں کی ایک کمیٹی بنائی گئی جس کے مشورے سے کتابیں خریدی جاتی تھیں۔ مسٹر احسن شیر لائبریری کے سکریٹری تھے اور لائبریری کے لیے زیادہ سے زیادہ کتابوں کی خریداری کا مشورہ دیا کرتے تھے۔ راقم زیادہ تر مخطوطات کی خریداری پر زور دیا کرتا تھا۔ اس معاملہ میں سوہنی صاحب میری رائے پر عمل کرتے اور بلند پایہ مخطوطات کی خریداری کا حکم صادر کرتے تھے۔ جب ڈاکٹر ذاکر حسین بہار کے گورنر ہو کر آئے تو انہوں نے لائبریری کی ترقی کے لیے کوئی کوشش اٹھا نہ رکھی اور امداد کی رقم میں بھی کچھ اضافہ کرایا۔ ڈاکٹر صاحب موصوف مخطوطات کی خریداری کو نہایت ضروری سمجھتے تھے۔ ان دنوں مسٹر سوہنی کو خبر ملی کہ موضع کواتھ ضلع شاہ آباد میں سید جان محمد بلگرامی اپنے مخطوطات کے ذخیرے کو فروخت کرنا چاہتے ہیں۔ صاحب موصوف نے فوراً اپنے ایک ماتحت ڈپٹی کلکٹر کو کواتھ روانہ کیا اور کل مخطوطات کو پٹنہ منگوا کر راج بھون میں رکھوایا۔ ڈاکٹر ذاکر حسین کو یہ کتابیں پسند آئیں اور مخطوطات کا ایک اچھا ذخیرہ سوہنی صاحب کی کاوشوں کی بدولت کم قیمت پر خدا بخش لائبریری کو مل گیا۔

سوہنی صاحب ایک خدا ترس انسان ہیں اور مسلمان صوفیوں کی بڑی عزت کرتے ہیں۔ صاحب موصوف جب صوبہ بہار میں سرکاری ملازم تھے تو یہاں کی بہت سی خانقاہوں میں تشریف لے جایا کرتے اور وہاں کے عالموں اور صوفیوں سے مل کر سکون قلب حاصل کرتے تھے۔ خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف سے بڑی عقیدت مندی رکھتے ہیں اور آپ کا جب پٹنہ میں قیام تھا تو اکثر پھلواری شریف جا کر صاحب سجادہ سے ملاقات کا شرف حاصل کرتے اور ان سے دعائیں لیتے۔ شاید انہیں دعاؤں کی بدولت سوہنی صاحب کا گھر آباد ہے اور ان کا خاندان عروج پر ہے۔ حضرت شاہ امان اللہؒ سجادہ نشین خانقاہ مجیبیہ سوہنی صاحب کی بڑی تعریفیں کیا کرتے اور ہمیشہ ان کے لیے دعائیں کرتے تھے خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف جانے

Marfat.com

کی سڑک نہایت ہی شکستہ حالت میں تھی اور لوگوں کو خانقاہ جانے میں بڑی تکلیف ہوا کرتی تھی۔ سوہنی صاحب نے اس راستہ کو درست کرادیا جس سے ہر خاص و عام کو فائدہ پہنچا۔

مولوی سید شاہ وجیہہ ساکن چھپرہ نے والد مرحوم کے ساتھ علی گڑھ میں تعلیم پائی تھی اور ہم لوگوں کے یہاں اکثر آیا کرتے تھے۔ بی۔اے کے امتحان میں جب ناکامیاب ہوگئے تو پڑھنا ترک کردیا۔ ان کی شادی خان بہادر سید عبدالصمد صاحب سرکاری وکیل چھپرہ کی صاحب زادی سے ہوئی تھی۔ مولوی وجیہ خود بھی خوش حال تھے اور ان کی سسرال کی آمدنی بھی کافی تھی اس لیے اچھے اور مذہبی کاموں میں اپنا وقت صرف کردیا کرتے تھے اور کچھ عرصہ تک حاجی پور ہائی اسکول میں معلم بھی رہے۔ صوفیائے کرام سے ان کی بڑی عقیدت مندی تھی۔ آخر عمر میں موصوف بڑے عبادت گذار ہوگئے تھے اور لوگوں کو خواہ ان کا کوئی بھی مذہب ہو اچھی مذہبی زندگی گذارنے کی تلقین کیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ جب راقم سائنس کالج کے کمپاؤنڈ میں قیام پذیر تھا تو صاحب موصوف میرے یہاں آئے اور دوران گفتگو مسٹر سوہنی کی منکسر مزاجی اور غریب نوازی کا تذکرہ آگیا۔ انہیں یہ سن کر کچھ حیرت سی ہوئی کہ باوجود ایک ممتاز آئی۔ سی۔ایس ہونے کے مسٹر سوہنی ہر غریب و امیر سے یکساں طور سے ملتے ہیں اور نہایت ہی خندہ پیشانی سے پیش آتے ہیں۔ جو بھی ان سے ملتا ہے ان کا ثنا خواں ہو جاتا ہے۔ مسٹر سید محمد افضل ان دنوں کمشنر پٹنہ ڈویژن کے پرسنل اسسٹنٹ تھے اور مسٹر سوہنی ان کی قدر کرتے تھے۔ راقم کے یہاں قیام کے دوران مولوی شاہ محمد وجیہ مسٹر سید محمد افضل کے ہمراہ سوہنی صاحب کی قیام گاہ پر گئے اور ان سے ملاقات کا شرف حاصل کیا۔ صاحب موصوف کی بے نظیر شرافت کو دیکھ کر مولوی محمد وجیہ بہت متاثر ہوئے۔ چائے نوشی کے دوران تقریباً ایک گھنٹے تک باتیں ہوتیں رہیں۔ جب صاحب موصوف میری قیام گاہ پر واپس آئے تو سوہنی صاحب کی بے حد تعریفیں کیں اور کہا کہ انہیں چیف سکریٹری کا عہدہ بہت جلد مل جائے گا۔ مولوی محمد وجیہ کی دعائیں قبول ہوئیں اور کچھ عرصہ بعد سوہنی صاحب حکومت بہار کے چیف سکریٹری مقرر ہوگئے۔

مسٹر سوہنی نے جب اپنی ملازمت کی مدت پوری کر کے پنشن پائی تو اپنے وطن پونا جانے کی تیاری میں مشغول ہوگئے۔ راقم کو ان کے پٹنہ چھوڑنے کا بہت افسوس تھا کیونکہ

Marfat.com

میرے قدیم دوستوں میں چند ہی لوگ بچ گئے تھے جن کے یہاں میرا آنا جانا ہوتا تھا۔ایک روز جب راقم ان کی رہائش گاہ پر گیا تو دیکھا کہ ان کی چیزیں لکڑی کے بکسوں میں بند کر کے ان پر لوہے کی کیلیں ٹھونکی جارہی ہیں۔یہ دیکھ کر راقم کو بڑا افسوس ہوا اور دل میں خیال پیدا ہوا کہ اللہ کرے سوہنی صاحب کچھ اور دنوں پٹنہ میں رہ جائیں کہ ان کے یہاں میرا آنا جانا برقرار رہے۔سوہنی صاحب نے بھی پٹنہ چھوڑنے پر اپنی افسردگی ظاہر کی اور راقم ان سے مل کر جلد ہی اپنی قیام گاہ پر واپس آگیا۔مجھے متردد دیکھ کر عبدالغفار جو میری موٹر کا ڈرائیور تھا سبب سمجھ گیا اور کہنے لگا کہ آپ فکر نہ کریں یہ سب بکس جو آج بند کیے جارہے ہیں بہت جلد کھول دیئے جائیں گے اور سوہنی صاحب ابھی کچھ اور دنوں تک پٹنہ ہی میں رہیں گے۔اس واقعہ کے کچھ عرصہ بعد راقم نے اخباروں میں یہ خبر پڑھی کہ حکومت بہار نے سوہنی صاحب کو ۵ سال کے لیے بہار کا "لوک آیکت" مقرر کردیا ہے۔دوسرے روز راقم سوہنی صاحب کی رہائش گاہ پر گیا اور انہیں مبارک باد دی اور اس پیشین گوئی کا جو میرے ڈرائیور نے کی تھی، تذکرہ کیا۔سوہنی صاحب نے متاثر ہو کر میرے ڈرائیور کو بلایا اور اس کی دعاؤں کا شکریہ ادا کیا مجھ سے ہنس کر کہا کہ تمہارا ڈرائیور ایک "پہنچا فقیر" ہے۔

راقم کی ہر خوشی میں سوہنی صاحب شریک رہے ہیں میرے دونوں لڑکے اکبر حسین اور اشرف حسین کی شادی میں نہایت خوشی سے شرکت کی۔جب میرے چھوٹے لڑکے اشرف حسین کی شادی مسٹر محبوب عالم آئی۔اے۔ایس کی صاحبزادی سے ہونے لگی تو سوہنی صاحب نے موصوف سے کہہ دیا کہ میں براتی بن کر آؤں گا اور انہوں نے ایسا ہی کیا گرچہ ان کی ملاقات مسٹر محبوب عالم سے کافی عرصہ سے تھی۔راقم کی ملاقات اور دوستی بہت سے انگریز اور ہندوستانی آئی سی ایس افسروں سے رہی ہے مگر وہ برادرانہ محبت جو سوہنی صاحب نے مجھ سے کی کسی دوسرے آئی سی ایس افسر نے نہیں کی ہے۔راقم نے چند ایسے کالے یورپ زدہ آئی سی ایس افسروں کو دیکھا ہے جن میں گورے آئی۔سی ایس افسروں سے کہیں زیادہ رعونت تھی مگر پنشن پانے کے بعد ان کی جو درگت بنی میں نے ان کا بھی مشاہدہ کیا ہے۔سوہنی صاحب آج بھی اسی طرح ہر دل عزیز ہیں جیسا کہ وہ دوران ملازمت تھے۔مسز سوہنی بھی ایک نہایت منکسر مزاج اور ملنسار خاتون ہیں۔میری رہائش گاہ پر تشریف لاکر میری

Marfat.com

عزت افزائی کی ہے۔ موصوفہ کا تعلق ایک نہایت ہی اعلیٰ مرہٹہ خاندان سے ہے۔

۱۰۔ پدم شری پروفیسر کلیم الدین احمد:

میرے عزیز ہم پیشہ دوستوں میں پروفیسر کلیم الدین احمد ایک ممتاز شخصیت کے مالک تھے۔ یہاں پر ان کے تمام حالات زندگی لکھنا مقصود نہیں ہے اس لیے کہ وہ اپنی زندگی کے متعلق کل حالات اپنی خودنوشت سوانح حیات میں لکھ چکے ہیں اور دوسروں نے بھی ان کے متعلق بہت کچھ لکھا ہے۔ یہاں صرف وہی باتیں پیش کی جارہی ہیں جن کا تعلق صرف مجھ سے اور ان سے رہا ہے۔ موصوف اپنی کمزور صحت کے باوجود زندگی کے آخری لمحہ تک اہم کاموں کی انجام دہی میں منہمک رہے اور یہ کام ایسے تھے جو ہمیں زندگی بھر ان کی یاد دلاتے رہیں گے۔ موصوف ان خوش نصیب لوگوں میں تھے جو زندگی کے متعدد شعبوں میں کامیاب رہے۔ بہ حیثیت ایک نامی انگریزی کے پروفیسر، ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشنس بہار اور ایک منفرد اردو تنقید نگار کے موصوف محتاج تعارف نہیں ہیں۔

کلیم الدین احمد ڈاکٹر عظیم الدین احمد کے چھوٹے لڑکے تھے۔ ۱۵ر ستمبر ۱۹۰۸ء کو اپنے آبائی مکان واقع خواجہ کلاں میں پیدا ہوئے۔ پٹنہ سیٹی کے محمڈن اینگلو عربک اسکول میں تعلیم حاصل کر کے ۱۹۲۴ء میں میٹریکولیشن کا امتحان پاس کیا۔ اس کے بعد انٹر میڈیٹ کی تعلیم کے لیے اپنا داخلہ پٹنہ کے نیو کالج میں لیا جہاں اس زمانے میں انٹرمیڈیٹ آرٹس کی پڑھائی ہوا کرتی تھی۔ اس کالج سے آئی۔اے کا امتحان اوّل درجہ سے پاس کر کے پٹنہ کالج میں داخلہ لیا اور دو سال بعد بی۔اے کے امتحان میں انگریزی آنرس کے ساتھ دوسرے درجہ میں اوّل آئے اسی کے ساتھ اگریگیٹ مارکس میں اوّل آئے۔ ان کامیابیوں کی بدولت موصوف کو یونیورسٹی سے تین طلائی تمغے عطا ہوئے جس کا تذکرہ مبارک عظیم آبادی نے اپنی ایک نظم میں کیا ہے۔ ۱۹۳۰ء میں انگریزی ایم اے کے امتحان میں فرسٹ کلاس فرسٹ ہوئے اور ایک طلائی تمغہ حاصل کیا۔ ۱۹۳۰ء میں اسٹیٹ اسکالرشپ کے لیے درخواست دی اور ۱۶ امیدواروں کے ساتھ جس میں راقم بھی تھا انٹرویو کے لیے بلایا گیا اور ہر سبجیکٹ کے لیے ایک ہی امیدوار بلایا گیا تھا۔ سر فخر الدین وزیر تعلیم صدر اور مسٹر

Marfat.com

جی۔ ای۔ فوکس ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشنس اس کمیٹی کے سکریٹری تھے۔ انتخاب میرٹ پر نہیں ہوا کرتا تھا بلکہ مختلف شعبوں کی ضروریات کو مد نظر رکھ کر وظیفہ دیا جاتا تھا۔ اس سال کمیٹی نے یہ فیصلہ کیا کہ ایک وظیفہ انگریزی کے لیے دیا جائے اور دوسرا وظیفہ فزکس کے لیے۔ اس بنا پر کلیم الدین احمد کو انگریزی کے لیے وظیفہ ملا اور محمد مسلم کو فزکس کے لیے انتخاب کیا گیا۔ یہاں یہ بات صاف کر دینا مناسب ہے کہ وظیفہ کے لیے انتخاب "میرٹ" پر نہیں ہوتا تھا (جیسا کہ کلیم الدین نے اپنی سوانح حیات میں لکھا ہے) اور اس کا ثبوت انہیں کا بیان ہے کہ ان کا انٹرویو صرف تین منٹ میں ختم ہو گیا جس سے ظاہر ہے کہ انگریزی میں وظیفہ دیا جانا تھا۔ وہ تنہا انگریزی کے امیدوار تھے اس لیے پہلے ہی طے کر لیا گیا تھا کہ وظیفہ انہیں کو دیا جائے گا۔ اور ان سے زیادہ سوالات کرنے کی ضرورت نہ محسوس کی گئی۔ یہ درست ہے کہ راقم کا انٹرویو آدھ گھنٹے تک ہوا۔ کیونکہ میں نے لسانیات کی تعلیم کے لیے درخواست دی تھی مگر اس سبجیکٹ میں اسکالر شپ دینا مقصود نہ تھا۔ آکسفورڈ کے تعلیم یافتہ مسٹر فوکس جو خود ماہر لسانیات تھے محض اپنی دلچسپی کے لیے مجھ سے مختلف سوالات کرتے رہے اور انہوں نے راقم سے فرمایا تھا کہ تمہارے جوابات سب تشفی بخش ہیں مگر لسانیات میں وظیفہ دیا جانا نہیں ہے اس لیے مجھے افسوس ہے کہ میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکتا ہوں۔

حکومت بہار نے اپنی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے کلیم الدین کو انگریزی زبان اور ادب میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے انگلستان بھیجا۔ موصوف نے اپنا داخلہ کیمبرج یونیورسٹی میں لیا اور انگریزی میں ٹرائپس لے کر پٹنہ واپس آئے۔ پٹنہ کالج میں اسی مضمون کے اسسٹنٹ پروفیسر مقرر ہوئے اور کچھ دنوں بعد انہیں ترقی دے کر انگریزی کا پروفیسر بنایا گیا۔ بہار ایجوکیشنل سروس کلاس وَن میں ان کی تقرری ہوئی۔ وہ پٹنہ یونیورسٹی میں انگریزی کے ہیڈ آف دی ڈیپارٹمنٹ بنے، پٹنہ کالج کے پرنسپل بھی ہوئے اور صوبہ بہار کے سررشتہ تعلیمات کے لیے ڈائرکٹر ایک عرصہ تک رہے۔ حکومت نے انہیں بہار سکنڈری اکزامینیشن بورڈ کا چیئرمین بھی بنایا۔ وہ جس عہدے پر رہے اپنی ذمہ داریوں کو خوش اسلوبی اور فرض شناسی کے ساتھ انجام دیا۔

Marfat.com

جب نئے ایکٹ کے مطابق رہائشی پٹنہ یونیورسٹی قائم ہوئی تو مختلف فیکلٹیوں کے لیے ڈین کے عہدے وجود میں آئے۔ مسٹر کے۔پی۔ سنہا جوان دنوں پٹنہ کالج کے پرنسپل تھے۔ڈین فیکلٹی آف آرٹس کے انتخاب کے لیے امیدوار ہوئے۔ان کے مقابلہ میں مسٹر کلیم الدین کے دوستوں نے موصوف کا نام پیش کیا۔دونوں امیدواروں نے اپنی کامیابی کے لیے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی اور یہ انتخاب پروفیسروں کے درمیان کشیدگی اور تلخی کا سبب بنا۔ مسٹر کے۔پی۔ سنہا کو ایک ووٹ سے شکست ہوئی اور مسٹر کلیم الدین ڈین فیکلٹی آف آرٹس ہوگئے۔ ہنگاموں سے عاجز آکر میں نے انتخاب میں حصہ نہ لینے کا فیصلہ کرلیا تھا مگر مسٹر کے۔پی۔ سنہا اور مسٹر کلیم الدین نے متعدد بار مجھ سے مل کر اپنے حق میں ووٹ دینے کی فرمائش کی۔ راقم نے خاندانی تعلقات کی بنا پر کلیم الدین احمد کو ووٹ دیا مگر موصوف مجھے عرصہ دراز تک مسٹر کے۔پی۔ سنہا کا معاون تصور کرتے رہے۔ میں نے ان باتوں کی کوئی پرواہ نہ کی اور ہم لوگوں کی دوستی میں کوئی فرق نہ آیا۔ راقم کلیم کو اپنا چھوٹا بھائی سمجھتا تھا اور کسی موقع پر ان کی مخالفت نہ کی۔ میں ڈاکٹر عظیم الدین احمد کے احسانات کو کیسے بھلا سکتا تھا؟ وہ میرے والد کے عزیز دوست اور میرے محترم استاد تھے۔

سرکاری نیم سرکاری اور یونیورسٹی کی بے شمار کمیٹیوں میں مجھے کلیم کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا۔ ہم لوگوں کے درمیان بہت کم اختلاف ہوا کرتا۔اکثر و بیشتر وہ میرے مشوروں کو قبول کرلیا کرتے تھے۔ایک مرتبہ ہم دونوں کے درمیان سخت اختلاف پیدا ہوگیا۔ چند ممتاز کانگریسیوں کے اشاروں پر صاحب موصوف شری راجا گوپال اچاری کو رسل لکچرر منتخب کرنا چاہتے تھے۔میں نے اس تجویز کی مخالفت کی کیوں کہ کسی سیاست داں کا رسل لکچرر بنایا جانا مجھے پسند نہ تھا۔ کلیم اپنی رائے پر قائم رہے اور مسٹر آر۔ آر۔ دیواکر جو اس زمانے میں گورنر بہار تھے کلیم کے اس انتخاب سے بہت خوش ہوئے اور فوراً اپنی رضامندی دے دی۔ راقم کو وھیلر سنیٹ ہال میں جلسہ کا انتظام کرنا پڑا۔ جب راجا گوپال اچاری ہال میں داخل ہوئے تو ان کے مخالفوں نے جن میں زیادہ تر اشتراکی تھے، شور و غل مچانا شروع کیا اور موصوف مجبوراً ہال سے باہر نکل کر یونیورسٹی لائبریری کے میدان میں آئے اور لکچر دینا شروع کیا۔ وہاں بھی لکچر کے دوران کچھ لوگ گاہے گاہے شور و غل مچاتے رہے مگر

Marfat.com

لکچرر موصوف نے اپنا مضمون جو "ہندو فلسفہ" پر تھا شروع سے آخر تک پڑھ کر دم لیا۔ ان موقعوں پر راجاجی اکثر بہت ہی ضدی بن جایا کرتے اور اپنی شکست ماننے کو تیار نہ ہوتے تھے۔ کلیم نے اس واقعہ کا تذکرہ اپنی سوانح عمری میں نہایت ہی تفصیل سے کیا ہے اور راقم کی تعریف بھی کی ہے۔

جب میں پٹنہ کالج میں طالب علم تھا اور علیم الدین احمد اور کلیم الدین احمد دونوں برادران بھی اسی کالج میں تھے اس زمانے میں استاد محترم ڈاکٹر عظیم الدین احمد اکثر کہا کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے میری جسمانی طاقت میرے بڑے لڑکے علیم الدین احمد کو بخشی ہے اور میری دماغی قوت میرے چھوٹے بیٹے کلیم الدین کو عطا کی ہے۔ یہ بات ان دونوں بھائیوں کے لیے آیندہ زندگی میں درست ثابت ہوئی۔ علیم الدین احمد کی زندگی محنت اور مشقت میں گذری۔ کلیم الدین احمد اس زمانے میں کیا، بلکہ تمام عمر کتاب کے کیڑے بنے رہے۔ جب دیکھو کتاب کا ساتھ ہے اور کسی سے بات کرنا بھی ان کے خیال میں امر لاحصل تھا۔ موصوف طالب علمی کے زمانے میں نہایت کم سخن تھے۔ ایک مرتبہ کا واقعہ ہے کہ ٹم ٹم پر سوار ہو کر پٹنہ سیٹی سے پٹنہ کالج آئے۔ کرایہ میں ایک روپیہ ٹم ٹم والے کو دیا اور چار آنے کرایہ کے کاٹ کر بارہ آنے پیسے کی واپسی کا مطالبہ تک نہیں کیا۔ کم سخن ہو تو ایسا! کلیم اپنے آداب و اطوار، رہن سہن، خوراک اور لباس کے معاملہ میں زندگی بھر بے حد سادگی پسند رہے۔ یوں کہیے کہ موصوف سادگی اور بلند نظری کے اصول پر ہمیشہ کاربند رہے۔ ایک بھورے رنگ کا سوٹ جو کیمبرج سے پہن کر آئے تھے، عرصہ تک زیب تن رہا۔ آخر میرے اصرار پر یہ سوٹ کسی کو بخش دیا۔ میرا اور کلیم کا ساتھ بہ حیثیت پروفیسر پٹنہ کالج میں ۱۹۳۶ء سے ہوا اور ۴۵ سال سے زیادہ مجھے موصوف کو نہایت ہی قریب سے جاننے کا موقع ملا۔ میں ان کی پہلی شادی میں شریک تھا۔ ان کی پہلی اہلیہ مسٹر عبدالحفیظ بی۔ اے (آکسن) بیرسٹر کی صاحبزادی تھیں۔ شادی کے کچھ عرصہ بعد جب ان کا انتقال ہو گیا تو کلیم کی دوسری شادی حفیظ صاحب کی دوسری لڑکی سے ہوئی۔ کلیم جوانی میں نہایت ہی شرمیلے تھے اور اپنی ازدواجی زندگی کا کبھی تذکرہ نہ کرتے تھے۔ ان کی پہلی شادی کے کچھ دنوں بعد جب راقم نے انہیں شادی کی مبارکباد دی تو موصوف سر جھکائے چپ بیٹھے رہے اور شکریہ تک ادا نہ کیا۔ کلیم

Marfat.com

آخر تک بظاہر زاہد خشک نظر آتے تھے۔ مگر اکثر اوقات رنگین مزاجی کا بھی ثبوت دینے سے باز نہیں آتے تھے۔ اس سلسلہ میں مجھے دو ایسے واقعات یاد آگئے ہیں جن کا ذکر دلچسپی سے خالی نہیں ہوگا۔ پہلا واقعہ یہ ہے کہ آج سے تقریباً ۳۵ سال قبل ہم لوگوں کے ایک دوست کی سالی اپنے جوڑے کو پھولوں سے سجائے ہم دونوں کے آگے سے جا رہی تھی کہ اتفاقاً اس میں سے ایک پھول گر پڑا، کلیم نے اسے اٹھانے کی فرمائش مجھ سے کی لیکن میں ان کی فرمائش اس شرط پر پوری کرنے کو تیار ہوا کہ وہ جوڑے سے گرے ہوئے پھول کو اپنے بٹن ہول میں لگائیں۔ کلیم میری اس شرط پر مسکراتے ہوئے آگے بڑھ گئے۔ دوسرا واقعہ بھی جو تقریباً ۲۵ سال پہلے کا ہے، سن لیجیے۔ ایک دن کلیم اپنے بنگلے پر فلم "بھوانی جنکشن" کی نمائش کرنے والے تھے۔ جنوری کی انتہائی سرد رات تھی، موٹر بھیج کر مجھے پکڑوا منگوایا، نمائش کے دوران میں ان کے پاس ہی بیٹھ گیا اور ان پر فلم کے رد عمل کا جائزہ لیتا رہا۔ چنانچہ میں نے یہ دیکھا کہ وہ فلم کے رومانی مناظر سے بے حد لطف اندوز ہوتے رہے۔ ان واقعات سے ظاہر ہے کہ کلیم کی خشک طبیعت کے ریگستان میں کہیں کہیں رومانیت کا نخلستان بھی موجود تھا۔

راقم جب ۱۹۳۶ء میں کٹک کالج سے پٹنہ کالج آیا تو خیال گذرا کہ استاد محترم ڈاکٹر عظیم الدین احمد کے کلام کا مجموعہ نہایت ہی آب و تاب سے چھپوا کر شائع کیا جائے۔ اس میں بے شمار دشواریاں تھیں، خصوصاً ڈاکٹر صاحب سے اس کام کے لیے ان کی رضامندی حاصل کرنا۔ یہ میرے بس کی بات نہ تھی۔ میں نے پروفیسر فضل الرحمٰن سے اس کا تذکرہ کیا اور استدعا کی کہ وہ کلیم الدین کو اس کام کی انجام دہی پر راضی کریں۔ پروفیسر فضل الرحمٰن کو میری یہ بات بہت پسند آئی اور انہوں نے ڈاکٹر عظیم الدین احمد سے مل کر موصوف سے ان کے کلام کی طباعت کے لیے اجازت حاصل کر لی۔ پروفیسر فضل الرحمٰن کے اصرار پر کلیم الدین بھی ہر طرح کی مدد کرنے کے لیے تیار ہو گئے۔ ڈاکٹر صاحب کے کلام کا بیشتر حصہ ان کے پاس موجود تھا۔ کچھ غزلیں اور نظمیں جو پروفیسر محمد مسلم کے پاس تھیں انہوں نے سب کو کلیم الدین کے حوالہ کر دیا۔

مسٹر ولی الدین خدا بخش سکریٹری خدا بخش لائبریری کے پاس ڈاکٹر صاحب کے کلام کا تقریباً پورا مجموعہ موجود تھا جسے انہوں نے ایک خوش خط کاتب سے لکھوا کر اپنے پاس

Marfat.com

محفوظ کر رکھا تھا۔ موصوف نے اپنی اس بیاض کو میری استدعا پر کلیم کے حوالے کر دی۔ کلیم نے کتاب کے مسودہ کو نہایت محنت اور سلیقے سے تیار کیا۔ شروع میں ایک دیباچہ لگایا اور کتاب کے آخر میں "اشارات" کا اضافہ کیا۔ جب کتاب تیار ہو گئی تو اسے ایک ماہر خوش نویس سے لکھوا کر ڈاکٹر صاحب کی خدمت میں پیش کیا۔ موصوف نے اپنے کلام پر نظر ثانی کی اور کچھ اشعار میں ردوبدل بھی کیا نیز کچھ نئی نظموں کا اضافہ بھی ہوا۔ ڈاکٹر صاحب نے غالبؔ کے شعر ۔

"نہ گل نغمہ ہوں نہ پردہ ساز
میں ہوں اپنی شکست کی آواز"

کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنے کلام کے مجموعہ کا نام "گل نغمہ" رکھا۔ اس کتاب کو مسٹر کے۔بی۔ اگروال نے شانتی پریس الہ آباد سے چھپوا کر نہایت ہی آب و تاب سے شائع کیا ہے۔ کتاب انگریزی ہینڈ میڈ پیپر پر چھاپی گئی ہے اور اس کی کتابت خوش نویسی کا بہترین نمونہ ہے۔ اب تک اردو میں چند ہی کتابیں اس زیب و زینت کے ساتھ چھاپی گئی ہیں۔ اردو کے لیے کلیم الدین کی یہ پہلی خدمت تھی جو بہت مقبول ہوئی۔

زبان اردو سے کلیم کو ابتداء ہی سے گہرا لگاؤ رہا۔ اردو تنقید نگاری میں نئی راہ اختیار کی جو ان کی شہرت کا سبب بنی۔ مولوی عبدالحق مرحوم ان کی تنقید کو "بے باکانہ تنقید" کہا کرتے تھے، مگر سچ یہ ہے کہ ان کی تنقید نے اردو زبان میں ایک نئی روح ڈال دی۔ اگر غور سے دیکھا جائے تو اردو تنقید میں ان کا کوئی ہم پلہ نہیں، بلکہ اردو کے تمام جدید نقادوں نے ان کی پیروی اور ہم نوائی کی ہے، ان کی تنقید پر کلیم الدین احمد کی تنقید سے استفادہ کا اثر ظاہر ہے۔ کلیم صرف ایک اعلیٰ پایہ کے نقاد ہی نہیں بلکہ شاعر بھی تھے اور اپنی شاعرانہ صلاحیتوں کا ثبوت اپنے دو شعری مجموعوں کے ذریعہ دے چکے ہیں۔ حکومت ہند نے انگریزی اردو، اردو انگریزی ڈکشنری کو مرتب کرنے کا کام ان کے سپرد کیا تھا، جس کو کلیم الدین نے نہایت ہی خوش اسلوبی سے انجام دیا۔ جب پٹنہ میں بہار اردو اکادمی قائم ہوئی تو کلیم الدین اس کے نائب صدر مقرر کیے گئے اور مرتے دم تک اس عہدہ پر فائز رہ کر تندہی کے ساتھ اپنا کام انجام دیتے رہے۔ رسالہ "معاصر" ان کی یادگار ہے جس میں راقم کا ایک مضمون چندر بھان برہمن

Marfat.com

پر شائع ہوا تھا۔ کلیم الدین نے میری انگریزی کتاب "The Early Persian Poets of India" کا اردو میں ترجمہ کرا کر بہار اردو اکادمی سے ۱۹۸۵ء میں شائع کرایا۔

۲۱ر دسمبر ۱۹۸۳ء کو صبح سویرے کلیم نے راقم کو ٹیلی فون کیا اور پروفیسر براؤن کی کتاب "Arabian Medicine" کو اپنے مطالعہ کے لیے مانگ بھیجا۔ میں نے وعدہ کیا کہ اس کتاب کو کل سویرے ان کے یہاں بھیج دوں گا۔ یہ آخری باتیں تھیں جو راقم اور کلیم کے درمیان ہوئیں۔ اسی شام نو بجے میرے ٹیلی فون کی گھنٹی بجی اور ایک اجنبی شخص نے جس نے اپنا نام اشوک بتایا یہ خبر دی کہ کلیم الدین احمد کا آج ساڑھے سات بجے شام اچانک انتقال ہو گیا۔ مجھے اس شخص کی بات پر یقین نہ آیا اور بہت تفتیش کے بعد پتہ چلا کہ موت کی خبر سچ تھی۔ دوسرے روز صبح سویرے راقم مرحوم کی رہائش گاہ واقع کرشنا پوری پر گیا اور ان کے آخری دیدار کے لیے اس کمرہ میں داخل ہوا جہاں وہ روزانہ سویا کرتے تھے۔ دیکھا کہ کم آمیز و کم سخن کلیم اپنی مسہری پر ابدی نیند سو رہے ہیں۔ اس منظر کو دیکھ کر راقم کے دل و دماغ پر گہرا اثر پڑا اور کلیم کی پوری زندگی نظروں کے سامنے آگئی۔ نماز جنازہ میں بے شمار لوگوں نے شرکت کی۔ جس میں بہار کے گورنر اخلاق الرحمٰن قدوائی بھی تھے۔ مرحوم کا جسد خاکی اپنے آبائی مکان واقع خواجہ کلاں پٹنہ سیٹی کے احاطہ میں دفن کیا گیا۔ اللہ غریق رحمت کرے۔

پروفیسر کلیم الدین احمد کی دوسری اہلیہ مسز زہرہ کلیم نے *چھتر سال کی عمر میں ۸ر جولائی ۱۹۸۷ء کو انتقال کیا۔ موصوفہ کی ابتدائی تعلیم کلکتہ اور شملہ میں ہوئی۔ انہوں نے اعلیٰ تعلیم کیمبرج اور برلن میں حاصل کی تھی۔ تین مرتبہ ۱۹۶۷ء تک بہار لیجس لیٹو اسمبلی کی ممبر منتخب ہوئیں۔ کچھ عرصہ تک مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں انگریزی کی لکچرار بھی رہیں۔ مرحومہ ایک نہایت ہی شریف النفس خاتون تھیں۔

۱۱۔ مبارک عظیم آبادی:

مبارک حسین، مبارک عظیم آبادی کی پیدائش ۱۸۷۹ء میں قصبہ تاج پور ضلع دربھنگہ میں ہوئی جہاں ان کے والد مولوی سید فدا حسین منصفی کے عہدے پر فائز تھے۔ صاحب موصوف کا خاندان زمانہ قدیم سے علم و فن میں ممتاز رہا ہے۔ ان کے مورث اعلیٰ

Marfat.com

قاضی یار محمد اورنگ زیب کے زمانے میں ایک نامور بزرگ گذرے ہیں۔ مولوی سید فدا حسین کو جب سرکاری کاموں سے فرصت ملتی تو شاعری کرتے اور واثق تخلص کرتے تھے۔ وہ ایک نہایت دیندار اور بااخلاق انسان تھے۔ خواجہ کلاں گھاٹ کی مسجد کو جسے ان کے مورث اعلیٰ قاضی یار محمد نے بنایا تھا اس کو از سر نو تعمیر کرایا اور ایک قطعہ تاریخ لکھا جس کا آخری شعر یہ ہے۔

از روئے ادب سال بنا واثق گفت

ایں مسجد کہنہ شدہ تعمیر جدید

مبارک حسین نے ابتداء میں فارسی اور اردو کی تعلیم اپنے والد اور قابل اساتذہ سے حاصل کی۔ صاحب موصوف کو فارسی اور اردو دونوں زبانوں پر بڑا عبور تھا۔ فارسی اور اردو کے اشعار انہیں ہزاروں کی تعداد میں یاد تھے۔ اردو اور فارسی کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد اسکول میں داخلہ لیا اور انٹرنس کے درجہ تک پڑھا۔ والد کے انتقال کے بعد وہ معاشی بحران میں مبتلا ہوگئے۔ علم طب اور ہومیوپیتھک کی کتابوں کا درس لے کر ایک اچھے طبیب ہوگئے اور کچھ تجربہ حاصل کرنے کے بعد ہومیوپیتھک ڈاکٹر کی حیثیت سے بیگوسرائے اور پٹنہ میں کام کرنے لگے۔ اس پیشہ میں کامیابی حاصل کی اور فارغ البالی کی زندگی بسر کرنے لگے۔ نہایت ہی فیاض آدمی تھے اور جو کچھ کماتے خرچ کرڈالتے تھے۔ صاحب موصوف کی شادی راقم کے ایک رشتہ دار کی خالہ سے ہوئی جو اچھی تعلیم یافتہ خاتون تھیں اور انہوں نے سہسرام میں لڑکیوں کا ایک اسکول چلایا جس کی آمدنی سے بال بچوں کی پرورش کی۔ مبارک عظیم آبادی کے صاحبزادے کیپٹن نذیر مرحوم نے دوسری جنگ عظیم میں فوج میں رہ کر نمایاں کام انجام دیا اور پاکستان جاکر بیرسٹری کا پیشہ اختیار کیا۔ مبارک عظیم آبادی کی بڑی صاحبزادی کی شادی میرے رشتہ کے بھائی سید غنی حیدر سے ہوئی جن کا پیشہ معلمی تھا۔ بہت سے سرکاری اسکولوں میں استاد رہ کر اپنے کاموں کو نہایت ایمان داری سے انجام دیا اور ترقی کر کے ہیڈ ماسٹر ہوئے۔ سہسرام ہائی اسکول میں کچھ دنوں تک ماسٹر تھے اور راقم کو ان سے تعلیم حاصل کرنے کا موقع ملا۔ کل شاگردان کی بڑی تعظیم کیا کرتے تھے۔ موصوف بہت اچھی انگریزی اور اردو لکھا کرتے تھے۔ ان کے اکثر انگریزی اور اردو کے مضامین رسالوں میں

Marfat.com

شائع ہو چکے ہیں۔ بھائی غنی حیدر نے اپنا رہائشی مکان موتیہاری شہر ی میں تعمیر کرایااور اسی مکان میں سکونت پذیر ہوئے۔ اسی شہر میں ۱۹۸۱ء میں تقریباً ۸۲ سال کی عمر میں قضا کیا۔ بھائی غنی حیدر راقم سے بڑی محبت کرتے تھے اور میں بھی ان کی بڑی تعظیم کرتا تھا۔ مرنے سے کچھ دنوں پہلے جب وہ نہایت کمزور ہو چکے تھے تو موصوف موتیہاری سے پٹنہ کا تکلیف دہ سفر طے کر کے راقم سے ملنے آئے اور کئی دنوں تک میرے ساتھ قیام پذیر رہے۔ یہ ملاقات میرے لیے باعث سعادت تھی۔ ان سے راقم کی یہ آخری ملاقات تھی۔ صاحب موصوف کے لڑکے اور لڑکیاں ہندوستان اور پاکستان میں فارغ البالی کے ساتھ عزت کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ ان کے صاحبزادے نسیم حیدر وکالت کا امتحان پاس کر کے حکومت بہار کے ماتحت ایک اچھے عہدے پر فائز ہیں۔

مبارک عظیم آبادی دبلے اور میانہ قد کے تھے۔ گورا رنگ تھا اور چوڑی پیشانی۔ موچھیں اچھی بڑی رکھتے تھے۔ نہایت ہی خوش وضع، خوش طبع، خوش فکر، خوش اخلاق اور خوش گفتار تھے۔ کسی کی برائی نہ کرتے اور دوستوں سے بڑی محبت کرتے تھے۔ ان کے پسینے پر اپنا خون چھڑکنے کے لیے تیار رہتے تھے۔ نہایت ہی نکتہ سنج تھے اور دوسروں کے اچھے اشعار سن کر سر دھنتے اور داد دیا کرتے تھے۔ پوری زندگی مالی دشواریوں میں گذاری۔ جب کبھی کچھ پیسے ہاتھ آجاتے تو دل کھول کر دوستوں کی دعوت کیا کرتے تھے۔ نہایت خوددار انسان تھے اور اپنے عزیز دوستوں کے یہاں بھی دو چار روز سے زیادہ قیام کرنے کے لیے تیار نہ ہوتے تھے۔ راقم کے ماموں زاد بھائی ڈاکٹر غلام امام مرحوم اپنی رہائش گاہ مدرسہ ہاؤس پٹنہ سیٹی میں انہیں مدعو کر کے لاتے اور اپنے ساتھ دو چار مہینے بہت اصرار کے ساتھ مہمان بنا کر رکھتے تھے۔ چونکہ ڈاکٹر غلام امام مرحوم ان کے نہایت ہی قریبی رشتہ دار تھے اس لیے ان کے ساتھ قیام کرنے میں صاحب موصوف کو کوئی مضائقہ نہ ہوتا تھا۔ ۱۹۲۸ء میں راقم مدرسہ ہاؤس میں دو مہینے بھائی غلام امام مرحوم کے ساتھ ٹھہرا اور ان دنوں مبارک عظیم آبادی بھی وہاں قیام پذیر تھے۔ بھائی غلام امام کے دوستوں کا حلقہ بڑا وسیع تھا۔ روزانہ شام کو کچھ احباب ان کی رہائش گاہ پر جمع ہوتے اور ہم سب لوگ مبارک عظیم آبادی کے کلام کو نہایت ہی ذوق وشوق سے سنا کرتے تھے۔ مبارک عظیم آبادی اپنے اشعار کو نہایت ہی سوز و گداز کے

Marfat.com

ساتھ پڑھا کرتے تھے جو بڑا پر اثر ہوتا تھا۔ وہ خود فرماتے ہیں:

مبارک کی غزل خوانی کہیں یا مرثیہ خوانی
ٹپکتے جاتے ہیں آنسو غزل خواں ہوتے جاتے ہیں

راقم کے اصرار پر صاحب موصوف نے ایک غزل لکھی جو حسب ذیل ہے:

نہ پوچھو مجھ سے کہ بیتاب ہوں کہاں کے لیے
کہاں سے لاؤں زباں اپنی داستاں کے لیے
خدا کی راہ ذرا سی پلادے بادہ فروش
دعائے خیر کروں گا تری دکاں کے لیے
نسیم نے نہ صبا نے سنی ہماری آہ
کہا تو سب سے تری خاکِ آستاں کے لیے
یہ کہہ رہے ہیں مبارک کے سیدھے سادے شعر
کہ ہم میں نکتے ہیں یارانِ نکتہ داں کے لیے

راقم کو یہ غزل بہت پسند آئی اور میں نے موصوف ہی کے الفاظ میں غزل کی داد دی

دھاک اقلیم سخن میں ہے مبارک اپنی
یعنی استاد ہے وہ داغؔ سخنور اپنا

ان دنوں جب راقم کا قیام مدرسہ ہاؤس میں تھا تو بھائی غلام امام مرحوم کے ساتھ اکثر میں اور مبارک عظیم آبادی استاد مرحوم ڈاکٹر عظیم الدین احمد کی رہائش گاہ پر جایا کرتے تھے تین تین چار چار گھنٹے وہاں بیٹھ کر علمی باتیں ہوا کرتی تھیں۔ ہم لوگوں کے بہت اصرار پر استاد محترم اپنا تازہ کلام سنایا کرتے تھے۔ ایک روز جب استاد محترم نے حضرت مبارک سے اپنی کوئی تازہ غزل سنانے کی فرمائش کی تو صاحب موصوف نے یہ غزل پڑھی:

رسائی تا بہ منزل ہر قدم ناکام ہوتی ہے
انہیں ناکامیوں میں صبح اپنی شام ہوتی ہے
ستم ڈھاتی ہے کیا پردہ نشینی آپ کی جانیں
یہ اس سے پوچھیے جس کی نظر ناکام ہوتی ہے

Marfat.com

نہ جانے کیا ہوئی آگے جو صبح وشام ہوتی تھی
نہ اب وہ صبح ہوتی ہے نہ اب وہ شام ہوتی ہے
مبارکؔ میری جانب انگلیاں اٹھتی ہیں یاروں کی
نظر بازی مری پیری میں بھی بدنام ہوتی ہے

راقم کو مبارک عظیم آبادی کے اکثر اشعار بہت پسند ہیں۔ چند اشعار ملاحظہ ہوں:

ہمیشہ حسرت وحرماں وغم کی میزبانی کی
سلیقہ کس نے بخشا دل کو اس مہمان نوازی کا

قیدِ ہستی سے وہاں بھی نہ رہائی ہوگی
بعد مرنے کے بھی سنتے ہیں کہ جینا ہوگا

غم کیا یہاں کا اے دلِ ناداں نشاط کیا
جو چیز بے ثبات ہے اس کی بساط کیا

ہر حال میں شکر کر مبارک
تازہ ملے رزق یا شبینہ

برق بگڑا ہوا مرقع ہے
کسی عاشق کے مضطرب دل کا

جبینِ شوق ہے سجدے میں ان کا آستانہ ہے
کبھی دہلیز پر سر ہے کبھی ہے پائے درباں پر

جستجو کی منزلیں باقی رہیں
اور پائے جستجو باقی نہیں

تماشا گاہ دنیا اک نمائش گاہ حسرت ہے
تماشائی جو آتے ہیں وہ حیراں ہوتے جاتے ہیں

Marfat.com

گھٹا اٹھی ہے کالی اور کالی ہوتی جاتی ہے
صراحی جو بھری جاتی ہے خالی ہوتی جاتی ہے

وہ جو بکھرے ہوئے گیسو کی ادا ہوتی ہے
پوچھو آشفتہ مزاجوں سے کہ کیا ہوتی ہے

نظر جب اچھی صورت آئے گی دل آہی جائے گا
خطاکاران الفت سے خطا یہ عمر بھر ہوگی

راقم نے بیچین ہو کر سینکڑوں بار اس شعر کو پڑھا ہے، ملاحظہ ہو۔

مشاطہ خیال تری عمر ہو دراز
صدقے ترے دکھا دے انہیں پھر سنوار کے

حضرت مبارک عظیم آبادی قطعہ تاریخ بہت خوب لکھا کرتے تھے۔ راقم کے کہنے پر موصوف نے کئی قطعے تحریر فرمائے۔ ساٹھ برس سے زیادہ کا زمانہ گذر گیا ہے اور معلوم نہیں یہ سب قطعات تاریخ کیا ہوگئے۔ خوش قسمتی سے چند دنوں پہلے پرانے کاغذات میں موصوف کا لکھا ہوا ایک قطعہ ملا جو بالکل نایاب ہے۔ اس قطعہ کی راقم کے پاس صرف ایک کاپی رہ گئی ہے۔ یہ قطعہ تاریخ ۱۹۳۵ء میں لکھا گیا تھا۔ ۱۹۳۵ء میں پٹنہ یونیورسٹی نے مسٹر ہنری لیمرٹ پرنسپل پٹنہ کالج کو پی ایچ۔ ڈی کی اعزازی ڈگری عطا کی تھی۔ اس موقع پر حضرت مبارک نے ایک قطعہ تاریخ میری فرمایش پر تحریر فرمایا۔

قطعۂ تاریخ

مخاطب شدن عالی جناب معلی القاب مسٹر ہنری لیمرٹ، پرنسپل پٹنہ کالج بخطاب پی۔ ایچ۔ ڈی

از نتائج طبع جناب استاد فاضل سید مبارک حسین، مبارک عظیم آبادی

وہ لیمرٹ ہمارے پرنسپل مشہور — خطاب خوب پی ایچ ڈی ملا نہیں فی الحال
عطا کی پٹنہ یونیورسٹی نے یہ ڈگری — مبارک ان کو یہ برتر خطاب اہل کمال

Marfat.com

یہ سچ ہے شادی و غم اس جہاں میں توام ہیں
خوشی خطاب کی، جانے کا آپکے ہے ملال
خوشا! وہ وقت کہ آئے یہ پٹنہ کالج میں
کہ ان کے فیض سے کیا کیا ہوا یہ مالا مال
سنوارنا تھا جہاں تک اسے سنوار چلے
بنا کے جاتے ہیں کالج کو یہ پری تمثال
یہ حسن نظم کے سانچے میں اس کو ڈھال دیا
کہ اوجِ حسن پہ ہے اس کا حسن اور جمال
بہار جھوم کے آئی، بہت پھلا پھولا
زبانِ حال سے یہ کہہ رہے ہیں اس کے نہال
نہ بھولیں گے انہیں شرمندۂ کرم ان کے
کہ ان کو یاد دلائیں گے ان کے نیک اعمال
کٹک میں بھی رہے پٹنے میں بھی رہے یعنی
جہاں رہے وہاں پوپلر یہ خوبیاں یہ کمال
شفیق باپ کے اشفاق پڑھنے والوں پر
چہیتے بیٹے تھے ان کو تو طالبان کمال
دلوں پر یوں کیا حسن سلوک نے قبضہ
بدل تھے راضی و شاکر پروفیسر و عمال
یہ پیشکش ہے دعاؤں کا ہر طرف سے آج
کہ ہنستے بولتے گذرے، خدا رکھے خوشحال

یہ بات آئی ہے برجستہ عیسوی تاریخ
خطاب خوب ہے مسٹر لکھو مبارک سال

۱۹۳۵ء

مبارک عظیم آبادی نے اس قطعہ تاریخ کو ریشمی ساٹن پر چھپوا کر پرنسپل ہنری لیمبرٹ کو تحفتاً پیش کیا۔ صاحب موصوف نے اس قطعہ کو راقم سے پڑھوا کر سنا اور اور حضرت مبارک عظیم آبادی کا بہت شکریہ ادا کیا۔ دوسرے روز حضرت مبارک اور راقم کو اپنے یہاں چائے پر مدعو کیا اور حضرت مبارک کی کئی اردو نظمیں ان سے سنیں۔ پرنسپل لیمبرٹ اردو سمجھتے تھے اور پڑھتے وقت راقم ہر شعر کا ترجمہ انگریزی میں کرتا جاتا تھا۔ پرنسپل موصوف نے اس قطعہ کو ایک خوب صورت فریم میں لگا کر اپنے ڈرائنگ روم میں آویزاں کر دیا تھا۔ پنشن پا کر جب ہندوستان سے جانے لگے تو اس فریم شدہ قطعہ کو اپنے ساتھ بطور یادگار انگلستان لے گئے۔

غزل گو شعراء میں مبارک عظیم آبادی کا ایک اہم مقام ہے۔ ان کے کمال شاعری کے متعلق نوح ناروی فرماتے ہیں کہ ''جملہ محاسن شاعرانہ ان کے کلام میں موجود ہیں۔ قدرت نے انہیں شاعر پیدا کیا ہے اور پھر مشق سخن نے ان کو ایسے بلند مقام پر پہنچا دیا ہے

Marfat.com

جہاں ہر شاعر نہیں پہنچ سکتا۔ یہ شعر کہتے وقت ہمیشہ خیال رکھتے ہیں کہ استاد داغؔ کا رنگ جانے نہ پائے۔ وہی بندش، وہی ترکیب، وہی لفظوں کا رکھ رکھاؤ، وہی محاکات، وہی دہلی کی ٹکسالی زبان، سب ان کے کلام میں ہیں جن کے باعث داغؔ کا کلام اس قدر مقبول خاص و عام ہوا۔" مبارک عظیم آبادی کی منتخب غزلوں کا مجموعہ ڈاکٹر سید محمود وزیر حکومت بہار کی ادب نوازی کی بدولت "جلوۂ داغ" کے نام سے نظامی پریس بدایوں سے شائع ہوا ہے۔ جس کے متعلق مبارک عظیم آبادی یوں فرماتے ہیں۔

"جلوۂ داغ" کی قسمت چمکی
لطف فرما ہے نگاہِ محمود"

مبارک عظیم آبادی نے بہت سے نظمیں بھی لکھی ہیں۔ ان کی ان نظموں میں سادگی اور فصاحت پائی جاتی ہیں۔ مسٹر سید عبدالعزیز وزیر تعلیم حکومت بہار کو مبارک عظیم آبادی کی بہت سی نظمیں پسند تھیں۔ چنانچہ ان کی نظموں کے دو مجموعے موسوم بہ "مرقع سخن" سرکاری خرچ سے شائع کرایا۔ افسوس ہے کہ "مرقع سخن" کے نسخے اب بالکل نایاب ہو گئے ہیں۔

مبارک عظیم آبادی کی آخری زندگی بیماری اور تنگ دستی میں گذری، مسٹر سید اکبر حسین رئیس ایڈوکیٹ اور بعد میں جج پٹنہ ہائی کورٹ نے انہیں پٹنہ سیٹی لے جا کر اپنے آبائی مکان میں رکھا اور موصوف کی ہر طرح سے مدد کی۔ اسی مکان میں رہ کر ۱۹۵۸ء میں مبارک عظیم آبادی نے انتقال کیا۔

۱۲۔ قاضی عبدالودود (بیرسٹر و محقق)

مسٹر قاضی عبدالودود دانش ور اور اردو کے مشہور محقق تھے۔ آپ نے تقریباً ساٹھ سالوں تک اردو کی بے شمار خدمتیں کیں۔ چنانچہ ان کی شہرت ادبی دنیا میں قائم ہے اور بلاشبہ عرصے تک قائم رہے گی۔ موصوف کے متعلق بہت کچھ لکھا جا چکا ہے اور میں ان سب باتوں کو دہرانا نہیں چاہتا۔ راقم یہاں پر صرف ان کے نجی حالات اور اوصاف حمیدہ کا تذکرہ کرنا چاہتا ہے جن سے میں پوری طرح واقف ہوں۔

Marfat.com

قاضی صاحب کے والد کا نام قاضی عبد الوحید تھا۔ قاضی عبد الوحید کی پیدائش ۸ر مئی ۱۸۹۶ء کو موضع کاکو ضلع جہان آباد میں ہوئی جو ایک مشہور گاؤں ہے۔ عربی و فارسی کی ابتدائی تعلیم اپنے والد صاحب کے زیر نگرانی گھر ہی پر ہوئی اور کلام اللہ مجید بھی حفظ کیا۔ سولہ سال کی عمر میں پٹنہ سیٹی محمڈن اینگلو عربک اسکول سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ اس کے بعد پٹنہ کالج میں داخلہ لیا اور اسی کالج سے بی اے کی ڈگری حاصل کی۔ ۱۹۲۳ء میں اعلیٰ تعلیم کے لیے انگلستان گئے اور کیمبرج یونیورسٹی سے ۱۹۲۷ء میں اقتصادیات میں بی اے کی ڈگری، ڈرائیوس کے ساتھ حاصل کی۔ مڈل ٹمپل سے بیرسٹر ہوئے اور ۱۹۲۹ء میں ہندوستان واپس آئے۔

قاضی صاحب کا عقد مارچ ۱۹۲۱ء میں پٹنہ کے ایک ممتاز وکیل شاہ رشید اللہ صاحب کی صاحبزادی سے ہوا۔ شاہ رشید اللہ صاحب سے راقم کے چھوٹے ماموں مولوی غلام وارث صاحب ایڈوکیٹ کے خصوصی تعلقات تھے اور خود راقم بھی اپنی زمینداری کے مقدمات کے سلسلے میں شاہ صاحب کی خدمت میں اکثر حاضر ہوا کرتا تھا اور موصوف راقم سے شفقت سے ملتے تھے۔ قاضی صاحب کے اولاد میں صرف ایک صاحبزادے مسٹر قاضی محمد مسعود ہیں جنہوں نے ایم۔ اے اور ایل ایل بی کی ڈگریاں حاصل کیں اور بہ حیثیت ایڈوکیٹ اپنے خاندان کی عزت و وقار کو برقرار رکھتے ہوئے پٹنہ میں رہ کر فارغ البالی کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ قاضی عبد الودود صاحب کا قد متوسط، رنگ گندمی اور چہرہ گول تھا۔ گرچہ زندگی بھر صحت اچھی نہیں رہی مگر کبھی بھی چہرے پر بیماری کے آثار نظر نہ آتے تھے۔ انگلستان کے دوران قیام قاضی صاحب کو پلوریسی ہوگئی اور ان کے پھیپھڑے کمزور ہوگئے تھے۔ مختلف اوقات میں تین چار سال کا عرصہ علاج کے لیے یورپ کے نامی سنی ٹوریموں میں گذارا۔ پٹنہ کے ڈاکٹروں نے انہیں ٹی بی کا خدشہ دلایا تھا، لیکن امراض سینہ کے ڈاکٹروں نے مختلف طرح کی جانچ کرنے کے بعد ان کا یہ خدشہ دور کر دیا۔ ۱۹۷۶ء میں انہیں پراسٹریٹ کی تکلیفیں شروع ہوئیں جو آخر وقت تک رہیں اور چند وجوہات کی بنا پر آپریشن ممکن نہ ہو سکا جس کی وجہ سے مرتے دم تک کافی تکلیفوں کا سامنا کرنا پڑا۔ اس بیماری کے دوران بھی صاحب موصوف نے ہمت سے کام لیا اور اپنے معمولات میں کوئی فرق آنے نہ دیا۔ صحت

Marfat.com

کے بارے میں موصوف نے کبھی مایوسی کا اظہار نہ کیا۔ راقم جب ایک روز ان سے ملنے گیا تو دیکھا کہ کمرے سے باہر کھلی چھت پر بیٹھے داڑھی بنا رہے ہیں اور جب میں نے ان سے خیریت دریافت کی تو بغیر کسی تردد کا اظہار کیے ہوئے نہایت ہی سرسری طور سے فرمایا کہ کچھ دن پہلے ایک ہاتھ پر فالج آگیا تھا۔ اتنا کہہ کر وہ اپنے کام میں مشغول ہو گئے اور سخت بیماری کو کوئی اہمیت نہ دی۔ یہ آپ کی برداشت اور بلند ہمتی کا ایک نمونہ ہے۔ علاج و معالجہ کے معاملہ میں قاضی صاحب بہت ہی محتاط تھے اور دواؤں کا استعمال نہایت ہی پابندی سے کیا کرتے تھے۔ کھانے میں انگریزی طرز کی ہلکی اور طاقت بخش غذا استعمال کرتے۔ روزانہ چھ بجے صبح اٹھتے اور بستر ہی پر صبح کی چائے نیبو ڈال کر پیتے تھے اور پھر اخبار پڑھنے میں مشغول ہو جاتے۔ تھوڑی دیر بعد ناشتہ کرتے اور پلنگ ہی پر بیٹھ کر لکھنے پڑھنے میں لگ جاتے تھے۔ اس درمیان جو لوگ ملنے جلنے آتے ان کو بھی کچھ وقت دیتے اور ایک ہی ساتھ کئی لوگوں سے مختلف موضوعات پر گفتگو کرتے تھے۔ دن کا کھانا عموماً بارہ بجے کھاتے اور کھانے کے بعد کچھ دیر کے لیے آرام کرتے تھے۔ تین بجے سے پھر لکھنے پڑھنے کا سلسلہ شروع ہو جاتا تو آٹھ بجے رات تک جاری رہتا تھا۔ اپنے ان معمولات میں کبھی کوئی فرق نہ آنے دیا۔ آپ خطوط کے جواب نہایت پابندی کے ساتھ دیا کرتے تھے، ہمیشہ انگریزی لباس فلٹ ہیٹ کے ساتھ استعمال کیا کرتے تھے۔ راقم نے قاضی صاحب کو کبھی ہندوستانی لباس میں نہیں دیکھا۔

قاضی عبدالودود ایک کھاتے پیتے خوش حال زمین دار خاندان کے فرد تھے۔ بیرسٹری کی سند حاصل کر کے جب ہندوستان واپس آئے تو ڈاکٹروں کی ہدایت کے مطابق بیرسٹری کے پیشے سے الگ رہے اور انہوں نے اس سند سے کبھی کوئی فائدہ نہیں اٹھایا۔ ان کے علمی ذوق نے انہیں اس بات کی فرصت ہی نہ دی کہ وہ کچہری کے ہنگاموں میں الجھیں۔ آپ کا زیادہ وقت یکسوئی کے ساتھ کتب بینی، تعلیم و تعلم میں گذرتا۔ موصوف ان چند خوش قسمت دانشوروں میں سے تھے جنہیں بہ یک وقت علمی ذوق و صلاحیت، فکر معاش کی الجھنوں سے آزادی اور ساتھ ہی ساتھ خدا بخش خاں کے عظیم کتب خانہ کا قرب حاصل تھا۔ چنانچہ قاضی صاحب نے ان تمام باتوں سے پورا فائدہ اٹھایا اور اردو محققین کے درمیان اپنا ایک خاص مقام پیدا کیا۔ علمی معاملات میں وہ نوجوانوں کی ہمیشہ ہمت افزائی اور رہنمائی

Marfat.com

کیا کرتے اور ان میں صحیح تحقیقی ذوق پیدا کرنے کے لیے کوشاں رہتے تھے۔ میری نظر میں قاضی صاحب ایک مجموعہ اضداد شخصیت کے مالک تھے۔ علمی معاملات میں انتہائی سخت لیکن ذاتی معاملات میں نہایت ہی نرم۔ بہ ظاہر ایک غیر جذباتی دانش مند لیکن حقیقت میں ایک حساس دل کے مالک تھے۔ خود کو لامذہب کہنے والے، لیکن مسلمانوں کے معاملات میں دلچسپی رکھتے تھے۔ عرصے تک کانگریس کے ممبر رہے اور ہندوؤں سے ان کے بہت اچھے تعلقات تھے، مگر ان کے سامنے ان کی فرقہ ورانہ ذہنیت کی مذمت کیا کرتے تھے۔ یہ باتیں میں اپنے ذاتی مشاہدے کی بنا پر لکھ رہا ہوں۔ ان کے مذہبی خیالات خواہ کچھ بھی ہوں، لیکن دوسروں کے مذہب کا احترام ہمیشہ ان کے پیش نظر رہا کرتا تھا اور خود راقم کے سامنے اپنے ملحدانہ خیالات کا انہوں نے کبھی بھی اظہار نہ کیا۔

علمی معاملات میں ان کی سختی کا یہ عالم تھا کہ مختلف یونیورسٹیوں سے جو تحقیقی مقالات ان کے پاس بھیجے جاتے تھے، موصوف انہیں اکثر رد کر دیتے تھے۔ پروفیسر ولی الحق انصاری کے ڈی لٹ کے تحقیقی مقالے کے سوا غالباً کسی دوسرے مقالے پر موصوف نے ڈگری دیے جانے کی کبھی سفارش نہ کی۔ قاضی صاحب بعض لوگوں کے علمی کارناموں پر سخت سے سخت تنقیدیں کرتے مگر یہی لوگ جب پٹنہ آکر ان سے ملتے تو موصوف ان لوگوں کی ہر طرح سے خاطر مدارات کیا کرتے تھے، جس سے یہ صاف ظاہر ہوتا تھا کہ قاضی صاحب ذاتی معاملات میں نظریاتی اختلاف کو دخل انداز نہ ہونے دیتے تھے۔ قاضی عبد الودود اپنے عزیزوں اور دوستوں سے بہت خلوص و محبت سے ملا کرتے تھے اور ان کی ہر خوشی و غم میں شریک رہا کرتے۔ مسٹر فخر الدین علی احمد سابق صدر جمہوریہ ہند دہلی کے سابق میئر مسٹر نور الدین ان کے عزیز ترین دوستوں میں سے تھے۔ جب یہ حضرات پٹنہ تشریف لاتے تو ان لوگوں کے اعزاز میں قاضی صاحب نہایت شاندار دعوتیں کیا کرتے تھے۔ اکثر لوگوں کے اعزاز میں سبس کرپشن ڈنر (Subscription Dinner) بھی دیا جاتا تھا جس کا انتظام ان کے بھائی قاضی سعید کیا کرتے تھے۔ راقم کو ان دونوں قسموں کی دعوتوں میں شریک ہونے کا شرف حاصل ہوا ہے۔ موصوف میرے تینوں لڑکوں کی شادیوں کے موقع پر برات میں شریک تھے۔ جب ان کے عزیز دوست فخر الدین علی احمد صدر جمہوریہ

Marfat.com

ہند مقرر ہوئے تو ان کی خوشی کی کوئی حد نہ رہی۔ دہلی کے اخبارات میں یہ خبر شائع ہوئی کہ اس تقرری سے بیگم فخرالدین علی احمد اور صدر کے عزیز دوست قاضی عبدالودود کی خوشی کی کوئی انتہا نہ تھی۔

قاضی صاحب کی اہلیہ ایک دیندار خاتون تھیں۔ صوم وصلوٰۃ کی پابندی کے ساتھ ایسے رسومات جو عام طور سے سنی گھرانوں میں رائج ہیں منایا کرتی تھیں۔ اکثر مجلس میلاد نبیؐ منعقد کراتیں جس میں میرے محترم شاگرد سید اطہر شیر جو آج کل پٹنہ کے عربک پرشین انسٹی ٹیوٹ کے ڈائرکٹر ہیں، محترمہ کے اصرار پر میلاد خوانی کے فرائض انجام دیتے تھے۔ قاضی عبدالودود کے خیالات ان معاملات میں اپنی اہلیہ کے بالکل مختلف تھے مگر اپنی اہلیہ کے جذبات کا احترام کرتے ہوئے میلاد خوانی کو گوارہ کر لیتے اور غالباً تبرک کی مٹھائیاں بھی کھاتے ہوں گے۔

قاضی صاحب بظاہر ایک خشک منطقی انسان تھے۔ لیکن ان کی طبیعت میں جذبہ محبت بدرجہ اتم موجود تھا۔ اپنے دونوں بھائی پروفیسر قاضی فرید اور مسٹر قاضی سعید سے والہانہ محبت کرتے تھے۔ قاضی سعید یورپ سے واپس آنے کے بعد قاضی عبدالودود صاحب کے ساتھ زندگی بھر قیام پذیر رہے اور دونوں بھائیوں کے درمیان بے انتہا محبت تھی۔ قاضی سعید صاحب میرے دوستوں میں تھے اور میں اکثر ان سے ملنے قاضی صاحب کی رہائش گاہ پر جایا کرتا تھا۔ موت سے پہلے قاضی سعید قلب کی سخت بیماری میں مبتلا ہو گئے جو ان کے لیے جان لیوا ثابت ہوئی۔ میں ان کی بیماری سے پریشان رہتا اور کئی مرتبہ عیادت کے لیے گیا۔ دو ہفتے کی مسلسل بیماری کے بعد اچانک قضا کر گئے۔ ایک روز خدا بخش لائبریری جاتے وقت راقم کو خبر ملی کہ قاضی سعید کی حالت نہایت تشویش ناک ہو گئی ہے اور ان کے معالج ان کی زندگی سے مایوس ہو چکے ہیں۔ اس خبر کو سن کر جب میں خدا بخش لائبریری پہنچا تو عزیز محترم سید اطہر شیر (جو اس وقت مذکورہ لائبریری کے اسسٹنٹ ڈائرکٹر تھے) سے کہا کہ میری طرف سے قاضی سعید کی خیریت ٹیلی فون سے دریافت کر لیں۔ جواب میں مسٹر جسٹس خلیل احمد جو قاضی سعید ہی کے پاس موجود تھے۔ خبر دی کہ سعید اب دم توڑ رہے ہیں آپ لوگ جلد آ جائیں۔ چنانچہ سید اطہر شیر اور میں نہایت سراسیمگی کی حالت میں قاضی عبدالودود صاحب

Marfat.com

کی رہائش گاہ پر پہنچ کر قاضی سعید کے کمرے میں گئے جہاں وہ غشی کے عالم میں پڑے ہوئے تھے اور بجز مسٹر جسٹس خلیل احمد اور ایک نوکر کے کوئی تیسرا آدمی وہاں نہ تھا۔ قاضی سعید کی یہ حالت ہم سے دیکھی نہ گئی اور ہم تینوں آبدیدہ کمرے سے باہر نکل آئے اور پھر دس منٹ کے اندر قاضی سعید رحلت کر گئے۔ ہم لوگوں نے کچھ دیر تک اس سانحے کی خبر قاضی عبد الودود صاحب کو نہ دی جو اپنے ڈرائنگ روم میں پہلے ہی سے نڈھال پڑے ہوئے تھے۔ جب بھائی کی موت کی خبر سنی تو پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے اور ان کا یہی حال مرحوم کے فاتحہ چہارم کے موقع پر بھی تھا۔

قاضی عبدالودود صاحب سے میری پہلی ملاقات غالباً ۱۹۳۰ء میں جناب سید ریاض حسین خاں خیال رئیس رسول پور ضلع مظفر پور کے دولت کدہ واقع گولا دریاپور پٹنہ میں ہوئی۔ اس زمانے میں میرا قیام زیادہ تر پٹنہ سے باہر رہتا تھا لہٰذا قاضی صاحب سے سرسری ملاقاتیں ہی ہوا کرتی تھیں۔ سید ریاض حسین خاں صاحبِ ذوق شاعر تھے اور ان کی قیام گاہ قاضی عبدالودود صاحب کے مکان سے بہت دور نہ تھی اور اس علمی ذوق نے ریاض حسین خاں صاحب اور قاضی صاحب میں بہت حد تک یگانگت پیدا کر دی تھی۔ قاضی صاحب ان کے اشعار کو پسند کرتے تھے اور ہفتہ میں دو چار بار ان کے دولت کدہ پر ضرور جایا کرتے۔ ایک روز جب میں سید ریاض حسین خاں صاحب کی رہائش گاہ پر پہنچا تو دیکھا کہ ریاض حسین خاں صاحب اور قاضی عبدالودود صاحب کے درمیان حسرت موہانی کے اشعار کے متعلق باتیں ہو رہی ہیں۔ ریاض حسین خاں صاحب حسرتؔ کی شاعری کی عظمت کے قائل تھے مگر قاضی صاحب حسرت کو اردو شعراء میں کوئی اعلیٰ مقام دینے کے لیے تیار نہ تھے۔ اس موضوع پر بہت دیر تک باتیں ہوتی رہیں اور میں بھی دلچسپی سے ان لوگوں کی بحثوں کو سنتا رہا، کیونکہ میں بھی حسرتؔ کی شاعرانہ خوبیوں کا معترف تھا۔ تھوڑی دیر بعد بغیر کسی نتیجے پر پہنچے ہوئے باتیں ختم ہو گئیں۔ خوش قسمتی سے قاضی صاحب سے میری طویل ملاقاتیں ۱۹۳۲ء سے ۱۹۳۵ء تک ہوتی رہیں۔ راقم اس زمانہ میں پٹنہ یونیورسٹی کی طرف سے خدا بخش لائبریری میں تحقیق کا کام کیا کرتا تھا اور اس لائبریری میں موصوف تقریباً روزانہ آیا کرتے تھے۔ ان کے ہاتھ میں ہمیشہ ایک نوٹ بک ہوا کرتی تھی جس میں مختلف کتابوں کو پڑھ کر

Marfat.com

یادداشتیں لکھا کرتے اور جابہ جا ان پر اپنی طرف سے حاشیوں کا بھی اضافہ کرتے تھے۔ اس طور سے وہ یادداشتیں نہایت مفید ہو جایا کرتی تھیں راقم نے بھی اکثر ان یادداشتوں سے استفادہ کیا جو صفوی دور کی تاریخ پر مشتمل تھیں مگر شاہ اسمٰعیل اور سام میرزا کے چند حالات کے متعلق ہمارے درمیان اتفاق نہ ہو سکا۔

۱۹۳۴ء کے عظیم زلزلہ سے پہلے جو لوگ تحقیق کے کام سے یا مطالعہ کی غرض سے خدابخش لائبریری آتے وہ کرزن ریڈنگ روم میں ہی بیٹھ کر کام کرتے۔ چار بجے شام سے سات بجے شام تک اسی کمرہ میں اخبارات ورسائل، بہار گزٹ اور دیگر سرکاری مطبوعات پڑھنے کے لیے عوام الناس کی ایک بھیڑ لگی رہتی تھی، جس کمرے میں ان دنوں خدابخش لائبریری کے نوادر ہیں اس میں مخمل کی چادر سے ڈھکی ہوئی سنگ مرمر کی ایک گول میز اور چند کرسیاں لگی رہتی تھیں۔ کبھی کبھی اسی کمرے میں باہر سے آنے والے معززین کو لائبریری کی مشہور اور نادر کتابیں دکھائی جاتی تھیں۔ یہ کمرہ "وزیٹرس روم" کہلاتا تھا۔ مسٹر ولی الدین خدابخش نے جو ان دنوں لائبریری کے سکریٹری تھے، قاضی عبدالودود، راقم اور چند دیگر اسکالروں کو اس کمرے میں بیٹھ کر کام کرنے کی اجازت دے دی تھی اور نواب میاں جو لائبریری کے کتاب دار تھے ہم لوگوں کی مدد کے لیے حاضر رہتے۔ ڈاکٹر سید معظم حسین جو ڈھاکہ یونیورسٹی میں عربی کے مشہور پروفیسر تھے کئی مہینوں تک اسی کمرے میں ہم لوگوں کے ساتھ بیٹھ کر اپنا تحقیق کا کام کرتے رہے صاحب موصوف نے آکسفورڈ یونیورسٹی سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی تھی آپ عربی زبان دانی میں اپنا ایک خاص مقام رکھتے تھے۔ باوجود ان کمالات کے موصوف ایک نہایت منکسر المزاج انسان تھے۔ آپ اپنے کارناموں کی بدولت ڈھاکہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر کے عہدے پر کچھ عرصے تک فائز رہے اور پنشن پائی۔ چند ماہ بعد پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر کی سفارش پر مسٹر ولی الدین خدابخش نے لائبریری کی بالائی منزل پر ایک کمرہ جس میں خان بہادر عبدالمقتدر کام کیا کرتے تھے، راقم کے لیے مخصوص کر دیا جہاں میں زلزلے کے سال تک کام کرتا رہا اور پھر جب تک لائبریری کی نئی عمارت قائم نہ ہوئی ہم لوگ کرزن ریڈنگ روم ہی میں کام کرتے رہے۔

Marfat.com

۱۹۳۶ء میں راقم کا تبادلہ کٹک کالج سے پٹنہ کالج بہ حیثیت لکچرر فارسی ہوا۔ ان دنوں مجھے تحقیق اور مختلف کاموں کے سلسلے میں خدا بخش لائبریری جانا ہوتا تھا۔ وہاں برابر قاضی عبدالودود سے ملاقاتیں ہو جایا کرتی تھیں۔ قاضی عبدالودود صاحب جو ایک خوددار انسان تھے بہت کم لوگوں سے ملنے ان کے یہاں جایا کرتے تھے۔ سید ریاض حسین خاں صاحب سے قاضی صاحب کے نہایت گہرے مراسم تھے اور قاضی صاحب ہفتے میں دو تین بار ان کے یہاں ضرور جایا کرتے تھے اور میں بھی ریاض حسین خاں صاحب کے علم کی قدر کرتا تھا۔ چنانچہ اسی ہم نشینی کی وجہ سے میرے اور قاضی صاحب کے تعلقات مزید گہرے ہو گئے اور راقم قاضی صاحب کی رہائش گاہ پر پہلے سے زیادہ آنے جانے لگا۔

۱۹۳۸ء میں جب بہار میں کانگریسی حکومت قائم ہوئی تو ہندی کی ترویج کے لیے محلہ قدم کنواں میں ہندی ساہتیہ سملن کی ایک شاندار عمارت تعمیر کرائی گئی اور اس میں ایک ہندی لائبریری قائم کی گئی۔ اس زمانے میں ڈاکٹر سید محمود حکومت بہار میں وزیر تعلیم تھے، آپ نے اردو کے شائقین کے اصرار پر خدا بخش لائبریری کے متصل ایک چھوٹی سی اردو لائبریری قائم کرائی۔ لیڈی انیس امام اس لائبریری کی صدر مقرر ہوئیں اور مسٹر سید حیدر امام بیرسٹر اس کے سکریٹری ہوئے۔ اس لائبریری کے لیے ایک انتظامیہ کمیٹی بھی قائم ہوئی جس کے اور لوگوں کے علاوہ قاضی عبدالودود صاحب اور راقم بھی ممبر تھے۔ قاضی عبد الودود، راقم اور چند دیگر ممبران مسلسل تقریباً دس سال تک اس لائبریری کو ایک مثالی اردو لائبریری بنانے کی کوشش کرتے رہے مگر حکومت بہار نے اس طرف کوئی توجہ نہ دی۔ چنانچہ قاضی عبدالودود صاحب نے مایوس ہو کر اپنے کو لائبریری کی ممبری سے الگ کر لیا اور راقم نے بھی دل برداشتہ ہو کر لائبریری کے معاملات میں دلچسپی لینا کم کر دیا۔ لائبریری کے معاملات میں ہمیشہ راقم اور قاضی صاحب کے خیالات میں ہم آہنگی رہی اور ہمارے درمیان کبھی کوئی اختلاف نہ ہوا۔

قاضی عبدالودود صاحب سے راقم کے دوستانہ اور برادرانہ تعلقات ۵۴ سال تک رہے۔ جب میں ۱۹۶۵ء کے اواخر میں خدا بخش لائبریری کا ڈائرکٹر مقرر کیا گیا تو یہ تعلقات اور بڑھے۔ تقریباً دو سالوں تک ہم لوگوں نے لائبریری کے کاموں میں مل جل کر حصہ لیا

Marfat.com

اور جہاں تک ہو سکا لائبریری کے فروغ کے لیے ہر طرح کی کوششیں کیں۔ قاضی صاحب مخطوطات کی اہمیت کو خوب سمجھتے تھے اور خدا بخش لائبریری کی شہرت برقرار رکھنے کے لیے ان کی مسلسل خریداری پر زور دیا کرتے تھے۔ اور اس معاملے میں ہم دونوں ہمیشہ ہم خیال رہے۔ مطبوعات کی خریداری کے لیے صاحب موصوف صرف انہی کتابوں کی خریداری کی سفارش کرتے جو نہایت اہم مفید اور معیاری ہوا کرتی تھیں۔ قاضی صاحب نے ان گزشتہ ساٹھ سالوں میں خدا بخش لائبریری کی جو بے شمار خدمتیں کی ہیں انہیں کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا ہے۔ راقم کو بہت سی کمیٹیوں میں قاضی صاحب کے ساتھ کام کرنے کا اتفاق ہوا اور میں نے انہیں اپنے تمام کاموں میں ایک ایماندار، دلیر اور فرض شناس انسان پایا۔ یہی وجہ تھی کہ لوگ ہمیشہ ان کی رائے سے اتفاق کیا کرتے تھے۔ قاضی صاحب نے اردو کے فروغ کے لیے ۱۹۵۴ء میں "ادارہ تحقیقات اردو" قائم کیا اور اسی ادارے کے تحت ۱۹۵۹ء میں اردو کی کتابوں کی ایک نمائش کرائی جو نہایت کامیاب رہی۔ آج کل یہ ادارہ خدا بخش لائبریری سے ملحق ہے اور اردو کی ترقی کے لیے کامیابی سے کام کر رہا ہے۔ یہ ادارہ ان کی بہترین یادگار ہے۔ ہندوستان کا کوئی اردو اور فارسی کا علمی اعزاز ایسا نہ تھا جس سے قاضی صاحب مشرف نہ ہوئے ہیں۔

قاضی صاحب کی وفات ۲۵۔ جنوری ۱۹۸۴ء کو پٹنہ میں ہوئی۔ صاحب موصوف کی وفات نے علمی حلقہ میں عموماً اور اردو حلقے میں خصوصاً ایک ایسا خلا پیدا کر دیا جو آسانی سے پر نہیں ہو سکتا۔

"حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا"

۱۴۔ مسٹر سید مہدی امام (بیرسٹر و دانش ور)

مسٹر سید مہدی امام ۱۸ر فروری ۱۹۰۲ء کو نیورہ ضلع پٹنہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کا خاندان چار پشتوں سے قانون دانی اور علمیت کے لیے مشہور تھا۔ مسٹر مہدی امام کے پردادا خان بہادر شمس العلماء وحید الدین اپنے زمانے کے ایک نہایت ہی قابل اور نامور صدر اعلیٰ تھے اور حکومت ان کی بڑی قدر کرتی تھی۔ Moore's Indian Appeals کی ورق

Marfat.com

گردانی سے پتہ چلتا ہے کہ وحیدالدین صاحب کے بے شمار فیصلوں کو ہائی کورٹ کے فیصلوں پر ترجیح دی جاتی تھی اور ان کے بہت سے فیصلے جنہیں ہائی کورٹ رد کر دیتی تھی اپیل میں بر قرار رہتے۔ آپ کے دادا نواب شمس العلماء امداد امام نے بھی وکالت کی تعلیم حاصل کی تھی مگر وکالت کا پیشہ اختیار نہ کیا۔ موصوف کے والد مسٹر سید حسن امام اور چچا سر سید علی امام قانون دانی کے لیے نہایت مشہور تھے۔ اور ان لوگوں کا شمار ہندوستان کے نہایت ہی ممتاز بیرسٹروں میں تھا۔ افسوس اب ایسے لوگ مسلمانوں میں مفقود ہو چکے ہیں۔ مسٹر سید حسن امام نے مسٹر مہدی امام کو کم سنی میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے انگلستان بھیجا اور آپ نے اپنی ابتدائی تعلیم آکسفورڈ کے ڈریگون پری پیریٹری اسکول میں شروع کی اور جب آٹھ سال کے ہوئے تو وہ یونانی زبان سیکھنے لگے۔ اس زبان کی بدولت انہیں یونانی زبان کے کلاسیکی ادب سے مستفیض ہونے کا موقع ہاتھ آیا۔ اس کے بعد آپ لاطینی زبان پڑھنے لگے اور جلد ہی اس میں بھی مہارت حاصل کر لی۔ ان مدراج کے طے کرنے کے بعد آپ ۱۹۱۵ء میں ہیرو کے نامور پبلک اسکول میں داخل ہوئے۔ پھر آکسفورڈ یونیورسٹی کے اوریل کالج سے بی۔ اے کی ڈگری نہایت امتیاز کے ساتھ حاصل کی۔ چونکہ آپ یونانی اور لاطینی زبانوں سے گہرا شغف رکھتے تھے اس لیے علوم انسانی (Literae Humaniores) کے درجہ تک پہنچ گئے جو ان زبانوں کا سب سے اعلیٰ نصاب ہے اور ہندوستان میں چند ہی لوگوں نے یہ اعزاز آکسفورڈ یونیورسٹی سے حاصل کیا ہے۔ چونکہ قانون دانی مہدی امام نے ورثہ میں پائی تھی اور اسے ان کے دور میں اعلیٰ تعلیم کا ایک نمایاں معیار سمجھا جاتا تھا اس لیے وہ قانون کی تعلیم میں مشغول ہو گئے اور اس کی تکمیل کے بعد ۱۹۲۵ء میں بیرسٹر ہوئے۔ صاحب موصوف ۱۹۲۵ء سے ۱۹۵۷ء تک پٹنہ ہائی کورٹ میں پریکٹس کرتے رہے۔ اس طرح وہ ایک لمبے عرصے تک اسی کام میں منہمک رہے اور شہرت حاصل کی۔ ان کا نیک کردار ضرب المثل تھا اور آپ کسی ایسے آدمی کا مقدمہ نہ لیتے جو جھوٹا ہوتا اور معاملہ مشکوک نظر آتا۔ مسٹر سید مہدی امام بہار سرکار کے قانونی مشیر مقرر ہوئے اور اس عہدے کو ۱۹۴۶ء میں اس وقت ترک کر دیا جب قومی آزادی کی تحریک نقطۂ عروج کو پہنچ چکی تھی۔

مسٹر سید مہدی امام کی شادی مسٹر جسٹس سر سید فضل علی کی صاحبزادی سے ہوئی

Marfat.com

تھی جن کے بطن سے ایک لڑکا اور ایک لڑکی پیدا ہوئے۔ لڑکا خوبرو، خوش مزاج، ذہین اور کامیاب طالب علم تھا۔ کم سنی ہی میں بیرسٹر ہو کر انگلستان سے آیا اور عین شباب میں نہایت ہی حسرت ناک طریقے پر اس کی موت واقع ہوگئی۔ اس غم کو مسٹر سید مہدی امام زندگی بھر نہ بھلا سکے۔ ماں پر بھی جوان بیٹے کی موت کا بے حد اثر پڑا جواب تک باقی ہے۔ راقم کو کبھی اس بات کی ہمت نہ پڑی کہ مسٹر مہدی امام سے ان کے جوان لڑکے کی موت پر ان کے سامنے اپنے صدمے کا اظہار کرسکے ایک عرصہ دراز کے بعد مسٹر مہدی امام جب خود اپنے لڑکے کے بارے میں مجھ سے کچھ حسرت بھری گفتگو کرنے لگے تو میں نے ان سے کہا کہ اگر امام مظلوم اپنے ننھے بچے کی موت کو جوان کی گود میں واقع ہوئی تھی برداشت کرسکتے تھے تو آپ بھی اس عظیم سانحہ کو راضی بہ رضا ہو کر برداشت کیجیے۔ میری اس بات کو سن کر مسٹر مہدی امام دیر تک خاموش ہوگئے۔ ایک بار اور صاحب موصوف پر اسی طرح کی مراقبے کی کیفیت طاری ہوتے ہوئے راقم نے دیکھا تھا، جب میں نے انہیں غالبؔ کا یہ شعر:

بیگانگی خلق سے بے دل نہ ہو غالبؔ
کوئی نہیں تیرا؟ تو مری جان، خدا ہے

پڑھ کر سنایا تھا۔ موصوف نے مجھ سے اس شعر کا انگریزی میں ترجمہ کرایا اور فرمایا کہ میں غالبؔ کے ان خیالات کو مد نظر رکھتے ہوئے انگریزی میں ایک نظم لکھوں گا۔ معلوم نہیں موصوف یہ انگریزی نظم لکھ سکے یا نہیں۔ مجھے اس بات کا بے حد افسوس ہے کہ موصوف کی نگارشات اور منظومات کے بہت سے مسودے ضائع ہوگئے۔ موصوف نے تیسویں پارے کی بہت سی سورتوں کا ترجمہ انگریزی نظم میں کیا تھا اور راقم کو اپنے مخصوص انداز میں وقتاً فوقتاً سنایا تھا۔ آپ کو یہ خلش تھی کہ انگریزی ترجمہ قرآن کی عربی عبارت کے عین مطابق ہو اس لیے اپنے مسودے کو ڈاکٹر سید صدرالدین کو جو پٹنہ کالج میں عربی کے پروفیسر تھے نظر ثانی کے لیے دیا۔ انہیں نہایت تاکید کی کہ ترجمہ بالکل نص قرآنی کے مطابق ہو۔ ڈاکٹر سید صدرالدین صاحب نے اس مسودے کو اپنے پاس رکھ کر چھوڑا اور کچھ دنوں بعد قضا کر گئے۔ اس طرح ایک قیمتی سرمایہ ضائع ہوگیا۔

مہدی امام صاحب نے ۱۹۶۵ء میں حج کیا اور زیارت مدینہ منورہ سے مشرف

Marfat.com

ہوئے۔ ہندوستان واپس آنے پر انگریزی میں ایک کتاب "فلائٹ ٹو مکہ" (مکہ کی پرواز) لکھی۔ یہ تصنیف آپ کے مذہبی جذبات کی بہترین ترجمانی کرتی ہے۔ اللہ اور رسول کی محبت آپ کے ہر بیان سے عیاں تھی۔ موصوف نے اس کتاب کے کچھ حصوں کو راقم کو سنایا تھا۔ یہ بات آج تک میری سمجھ میں نہیں آئی کہ کس طور سے اس نایاب کتاب کا مسودہ غائب ہو گیا۔ ان کی اہلیہ بھی اس کے متعلق کچھ نہ بتا سکیں۔

عرصہ دراز تک بہت کم لوگوں کو یہ معلوم تھا کہ مہدی امام زبان و ادب سے گہرے طور پر دلچسپی رکھتے تھے اور انہیں انگریزی شعر و سخن کا ذوق بھی تھا۔ ۱۹۳۷ء میں انہوں نے اپنا شعری مجموعہ شائع کرایا جس میں شاعری بھی تھی اور فلسفہ بھی۔ اس انگریزی مجموعہ کلام کا نام "Poetry of the Invisible" (ان دیکھے کی شاعری) رکھا۔ ان کی نظموں میں صوفیانہ عناصر موجود ہیں اور زبان ایسی دل کشی ہے کہ کتاب کو بار بار پڑھنے کو جی چاہتا ہے۔ اس کتاب کا کچھ حصہ موصوف نے اپنے قیام کشمیر کے دوران لکھا تھا۔ بابو ہری ہر پرشاد سنگھ موصوف کے منشی تھے اور کشمیر کے اس سفر میں موصوف کے ساتھ تھے۔ ان کا بیان ہے کہ اکثر رات رات بھر جاگ کر آپ نے اس کتاب کو لکھا جس پر مجھے بے حد حیرت ہوتی تھی کہ اتنی محنت ان سے کیوں کر ہو پاتی ہے ہری ہر بابو میرے ملنے والوں میں تھے۔ عرصہ ہوا انگلستان چلے گئے اور معلوم نہیں اب وہ بقید حیات ہیں یا نہیں۔ مسٹر مہدی امام کی دوسری کتاب "Scenes from Indian Mythology" (ہندوستانی اساطیر کے مناظر) انگریزی زبان میں شائع ہوئی جس سے ان کے گہرے علم کا اندازہ ہوتا ہے۔ تمام لوگوں کو یہ حیرت تھی کہ ایسا شخص جو بچپن ہی سے ہندوستان کی طرز زندگی سے الگ رہا تھا ایسی کتاب کیوں کر لکھ سکا۔ دنیا کے بہت سے خطوں میں جب دوسری جنگ عظیم اپنے دہانے سے آگ اگل رہی تھی تو ان کی تیسری کتاب "شہزادہ ارجن کا ڈرامہ" انگریزی زبان میں شائع ہوئی۔ اس کتاب میں موصوف نے بھگوت گیتا کے فلسفے کے عملی پہلوؤں کو نہایت خوبی سے اجاگر کیا ہے۔ اس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ وہ اس کتاب کے فلسفے سے پورے طور سے واقف تھے۔ مسٹر مہدی امام کی جوانی کا زمانہ ایسا تھا جب کہ سارے خوش گوار رجحانات نمایاں طور پر کار فرما تھے۔ علم، مذہب، قومیت اور وطن دوستی کے جذبات تموج پذیر تھے اور پورے ملک پر

Marfat.com

اثر انداز ہو رہے تھے۔ ان نئی کیفیتوں کا اندازہ ساری دنیا کو ہو رہا تھا۔ مہدی امام کی شخصیت ہمیشہ ترقی پذیر ہوتی رہی۔ وہ ایک عالم تھے اور وطن دوست بھی ۱۹۵۷ء میں جب انہوں نے پٹنہ ہائی کورٹ میں پریکٹس چھوڑ دی تو ان کی شخصیت کا شگفتہ ترین پہلو نمودار ہوا۔ آپ شری آربندو آشرم میں قیام پذیر ہوئے زندگی کی صداقتوں کی تلاش کا جذبہ جو اب تک ان کی شخصیت میں پوشیدہ تھا نمایاں و متحرک ہو گیا اور جب تک وہاں رہے دنیا کے ہنگاموں سے بالکل غیر متعلق رہے۔

مہدی امام شکسپیر کے ڈراموں سے بھی گہرے طور پر متاثر تھے۔ اس شاعر عظیم کے وطن "اسٹراٹ فورڈ آن ایون" کی بھی زیارت کی تھی اور یہی وہ جگہ تھی جہاں سے انہوں نے اپنا اہم ترین ادبی سفر شروع کیا جو "ساوتری" کے سلسلے کے نام سے مشہور ہے۔ اس کے پانچ مجموعے ہو گئے، جس کا ایک حصہ ۱۹۸۰ء میں شائع ہوا۔ اس میں مہدی امام نے فلسفہ وادب کی بلندیوں کو چھو لیا ہے اور اس میں خیالات کی گہرائی بھی موجود ہے کیونکہ یہ "ساوتری" صرف اساطیری ساوتری نہیں بلکہ آربندو کا رزمیہ ہے۔ یہ یزدانی روشنی ہے اور ایک فلسفہ بھی جس کے معنی یہ ہیں کہ الوہی روشنی کو اپنے آپ میں داخل ہونے دو اور اپنے کو بدل دینے دو۔ بہر حال مہدی امام کا اخلاقی نقطہ سطحی نہیں، ایقان کا اظہار ہے، یہ ایک طرز حیات ہے جو آنے والی نسلوں کے لیے ایک حقیقت بن کر ہمیشہ تابان رہے گی۔

اپنی زندگی کے آخری ایام میں مہدی امام نے دنیا کے بہت سے ملکوں کا سفر کیا تھا اور وہ جہاں بھی گئے شاعری اور ہندوستانی کلچر پر تقریریں کیں۔ اس آخری دور میں وہ اپنے آپ میں سمٹ کر رہ گئے تھے اور ان کے داخلی دنیا صرف مذہب وادب کی دنیا رہ گئی تھی، جس میں انہوں نے پناہ لے لی تھی اور ان کے اردگرد کتابوں کا ایک انبار لگا رہتا تھا اور یہی کتابیں ان کی مونس و غم خوار تھیں۔ وہ ایک ایسے دانشور تھے جسے سماج پورے طور پر نہ سمجھ سکا یا جو عام لوگوں کی شناخت سے بہت بلند تھا۔

ان کی زندگی کے آخری لمحے بیماری اور پریشانی میں گذرے ان کے وفادار ملازم فقیر محمد نے مرتے دم تک ان کا ساتھ دیا۔ جب موصوف کی بیماری انتہا کو پہنچ گئی تو انہیں پٹنہ اسپتال میں داخل کرایا گیا جہاں ۱۹ر مارچ ۱۹۸۷ء میں انتقال کیا۔ اور اپنے مکان "نشیمن" کے

Marfat.com

احاطہ میں مدفون ہوئے۔

ان کی بہت ساری تصنیفات غیر مطبوعہ ہیں۔ بہت سی کتابوں کی شرحیں موجود ہیں۔ ان کا مضمون "گیتااور وید کے رموز" لائق توجہ ہے اور در خور مطالعہ ہے۔ یہ موخر الذکر کتاب ان کے ذاتی کتب خانہ میں موجود ہے۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت سی کتابیں ہیں جو مختلف موضوعات سے تعلق رکھتی ہیں اور موصوف کی ادبی ذوق کا عمدہ نمونہ اور آپ کی بہترین یادگار ہیں۔ راقم جب بھی نشیمن کے سامنے سے گذرتا ہے تو بھائی مہدی امام کی یاد ان کی تمام خوبیوں کے ساتھ میرے دل میں تازہ ہو جاتی ہے اور میں "سلام علیک" کہتا ہوا گذر جاتا ہوں۔

۱۴۔ ڈاکٹر سچدانند سنہا

(بیرسٹر، دانش ور، صحافی اور سیاست داں)

ڈاکٹر سچدانند سنہا کی پیدائش آرہ میں ۱۰ر نومبر ۱۸۷۱ء کو ہوئی موصوف نے اپنی تعلیم آرہ ضلع اسکول میں ۱۸۷۷ء سے ۱۸۸۸ء تک پائی۔ ۱۸۸۸ء میں ٹی کے گھوش اکیڈمی پٹنہ سے انٹرنس کا امتحان پاس کیا۔ انٹرنس پاس کرنے کے بعد جولائی ۱۸۸۸ء میں اپنا داخلہ پٹنہ کالج میں لیا اور ستمبر ۱۸۸۹ء میں سٹی کالج کلکتہ میں پڑھنے کے لیے گئے۔ اسی سال ۲۶ر دسمبر کو قانون کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے لندن گئے اور اپریل ۱۸۹۰ء میں مڈل ٹمپل لندن میں قانون کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے داخلہ لیا۔ تین سال بعد ۲۶ر جنوری ۱۸۹۳ء کو مڈل ٹمپل سے بیرسٹر ہوئے۔ اپریل ۱۸۹۳ء میں کلکتہ ہائی کورٹ کے ایڈوکیٹ ہوئے اور نومبر ۱۸۹۶ء میں الہ آباد ہائی کورٹ کے ایڈوکیٹ بنے۔ مارچ ۱۹۱۶ء میں جب پٹنہ ہائی کورٹ قائم ہوا تو اس عدالت عالیہ کے بھی ایڈوکیٹ ہوئے۔ گرچہ موصوف کا تعلق پیشہ بیرسٹری سے تھا مگر اپنا زیادہ تر وقت سیاست، صحافت اور علمی مشاغل میں صرف کیا کرتے تھے۔ بے شمار سیاسی جلسوں کی صدارت کی۔ اپریل ۱۹۰۹ء میں بہار پروونشیل کانفرنس کی صدارت کی جو بھاگل پور میں منعقد ہوئی تھی۔ اپریل ۱۹۱۳ء میں آگرہ، اودھ پروونشیل کانفرنس جو کان پور میں ہوئی تھی اس کے صدر ہوئے۔ موصوف ہندو قوم اور کائستھ ذات

Marfat.com

کے ایک نہایت وفادار فرد تھے۔ آپ نے بہت سے ہندوؤں اور کائستھوں کے جلسوں کی صدارت کی۔ بہار پروونشل ہندو کانفرنس جو ۱۹۲۷ء میں پٹنہ میں ہوئی تھی موصوف اس کے مجلس استقبالیہ کے چیئرمین تھے اور آل انڈیا کائستھا کانفرنس کا ۳۵واں اجلاس جو مارچ ۱۹۲۹ء میں دہلی میں ہوا تھا موصوف نے اس جلسہ کی صدارت کی تھی۔ "کائستھ ساچار" جولائی ۱۹۰۰ء میں آپ کے زیر ادارت شائع ہونا شروع ہوا جس نے کائستھ برادری کو بہت سارا فائدہ پہنچایا۔ موصوف نے مرتے دم تک ہندوؤں اور کائستھوں کی بڑی خدمت کی۔ ہندو قوم اور کائستھ برادری موصوف کے احسانات کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔

استاد الفت رائے پٹنہ کے ممتاز طبلہ نواز نے راقم سے کئی بار یہ کہا تھا کہ ڈاکٹر سچدانند سنہا جوانی کے ایام میں موسیقی کے بڑے شوقین تھے۔ غالباً ان کے اس شوق کو مدنظر رکھتے ہوئے آل انڈیا میوزک کانفرنس جو الٰہ آباد میں ۱۹۳۴ء میں منعقد ہوئی اس کا صدر انہیں منتخب کیا گیا۔ موصوف کے خطبہ صدارت کو حاضرین نے بہت پسند کیا۔ اس جلسے میں ہندوستان کے بہت سے مشہور استادان موسیقی موجود تھے۔ ان لوگوں نے بھی اس فن کے لیے موصوف کی خدمات کا اعتراف کیا۔ جب موصوف پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر تھے تو یونیورسٹی کی جوبلی بہت شان و شوکت سے منائی گئی۔ موصوف کے اصرار پر موسیقی کی ایک نشست بھی ہوئی جس میں ہندوستان کے چند نامور موسیقار شریک ہوئے اور موصوف نے اس جلسے کی صدارت کی۔ گرچہ داخلہ بذریعہ ٹکٹ تھا پھر بھی پنڈال لوگوں سے بھرا ہوا تھا اور تمام لوگ خصوصاً شری رائے برج راج کرشن اور خان بہادر محمد اسماعیل رئیسان پٹنہ سیٹی ڈاکٹر سچدانند سنہا کے شکر گذار تھے کہ انہوں نے پٹنہ کے لوگوں کے لیے ایسا نادر موقع فراہم کیا۔ راقم بہ حیثیت ممبر سنیٹ پٹنہ یونیورسٹی اس تقریب میں شریک تھا۔

ڈاکٹر سچدانند سنہا جوانی سے لے کر آخر دم تک ہندوستان کے مختلف قانون ساز اسمبلیوں کے ممبر رہے۔ موصوف امپریل قانون ساز کانسل کے دو مرتبہ ۱۹۱۰ء اور ۱۹۱۹ء میں ممبر ہوئے۔ ۱۹۲۰ء میں ہندوستان کی قانون ساز اسمبلی کے ممبر ہوئے اور ۱۹۲۱ء میں اس کے پہلے نائب صدر ہوئے۔ ۱۹۳۰ء سے ۱۹۳۶ء تک بہار واڑیسہ قانون ساز کانسل کے ممبر تھے اور حزب مخالف کے لیڈر بھی رہے۔ ۱۹۳۷ء اور ۱۹۴۴ء میں بہار کے قانون ساز

Marfat.com

اسمبلی کے ممبر ہوئے۔ ۱۹۴۶ء میں اسی اسمبلی کی طرف سے ہندوستان کی دستور ساز اسمبلی کے ممبر منتخب ہوئے اور ۹ر دسمبر ۱۹۴۶ء کو دہلی میں جب اس دستور ساز اسمبلی کا جلسہ ہوا تو موصوف کا بہ حیثیت عارضی صدر انتخاب ہوا، اور آپ کے لیے یہ ایک بہت بڑا اعزاز تھا جس پر انہیں بڑا فخر تھا۔

ڈاکٹر سچد انند سنہا ۱۹۲۱ء سے ۱۹۲۶ء تک بہار واڑیسہ گورنمنٹ میں گورنر کے اکز یکیٹو کانسلر رہے۔ آپ کے سپرد خزانہ اور قانون کے محکمے تھے۔ موصوف اپنے سیاسی خیالات میں کانگریسی تھے اس لیے گورنر اور ان میں اکثر اختلاف ہو جایا کرتا تھا۔ اس زمانے کے قانون کے مطابق گورنر کو اختیار تھا کہ وہ ایکز یکیٹو کانسل کے ممبر کی رائے کو قبول کرے یا رد کر دے۔ کئی مرتبہ گورنر نے موصوف کی رائے سے اتفاق نہ کیا۔ آپ آزاد خیال آدمی تھے اور اپنے کل کاموں میں اپنے قومی نقطہ کو پیش کیا کرتے تھے۔ شاید ان ہی خیالات کی بنا پر جب موصوف اپنے عہدے سے سبکدوش ہوئے تو انہیں ”سر“ کے خطاب سے نوازا نہ گیا۔ موصوف کی تمام باتیں نہایت پر لطف ہوا کرتی تھیں۔ آپ نے راقم سے ایک مرتبہ اڑیسہ کے ایک راجہ کا قصہ نہایت ہی دلچسپ انداز میں بیان کیا۔ اڑیسہ میں بہت سی چھوٹی چھوٹی ریاستیں تھیں۔ موصوف جب اکز یکیٹو کانسل کے ممبر تھے تو ایک مرتبہ اپنے سرکاری دورے میں انہیں اڑیسہ کی ایک نہایت چھوٹی سی ریاست میں جانے کا اتفاق ہوا۔ جب موصوف موٹر کار سے راجہ کے علاقے میں داخل ہونے لگے تو راجہ کے دیوان نے آپ کی موٹر کار کو روکا اور کہا کہ جب تک حضور عالی کو بندوق کی ۲۵ سلامی نہ دی جائے آپ کا آگے تشریف لے جانا ہماری ریاست کے قاعدوں کے مطابق نہ ہوگا۔ موصوف کی دیوان سے یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں کہ دو بندوقچیوں نے موٹر کار کے آگے کھڑے ہو کر اپنی بندوقوں سے بہ طور سلامی پچیس فائر داغ دیئے اور پھر موٹر کار آگے بڑھی۔ راجہ صاحب جو اپنے محل کے سامنے موصوف کے استقبال کے لیے کھڑے تھے نہایت ہی مودبانہ انداز سے موصوف کو اپنے محل کے اندر لے گئے اور اپنی ریاست کی سرحد پر موصوف کے روکے جانے کے لیے معذرت چاہی اور کہا کہ شہنشاہ جارج پنجم نے تمام والیان ریاست کے لیے ان کے حسب مراتب توپ کی سلامی مقرر کی ہے۔ شہنشاہ معظم کی اس مثال کو مد نظر رکھتے ہوئے صوبے

Marfat.com

کے مختلف اعلیٰ حکام کے لیے میں نے بھی بندوق کی سلامی کا قاعدہ جاری کیا ہے۔ گرچہ اس میں تھوڑی زحمت تو ہو جاتی ہے مگر تمام اعلیٰ حکام نے میرے اس طریقہ کو کافی پسند کیا ہے۔ اگر حضور عالی کو کوئی زحمت ہوئی ہو تو میں معافی کا خواست گار ہوں۔ موصوف کی ریاست سے واپسی کے وقت بھی انہیں پچیس بندوقوں کی سلامی دی گئی، صاحب موصوف پانچ برسوں تک اکزیکیٹو کونسل کے ممبر رہے اور اس دور میں ہندو قوم اور کائستھ برادری کے لیے جو کچھ ان سے ممکن ہو سکا کیا۔

ڈاکٹر سچدانند سنہا ابتداء ہی سے انڈین نیشنل کانگریس کے نہایت سرگرم کارکن رہے۔ انڈین نیشنل کانگریس کا بیسواں اجلاس جو پٹنہ میں دسمبر ۱۹۱۲ء میں منعقد ہوا موصوف اس کے استقبالیہ کمیٹی کے سکریٹری تھے اور عرصہ دراز تک بہار کانگریس کمیٹی کے صدر رہے۔ موصوف نے ۱۹۲۰ء میں جب گاندھی جی کی عدم تعاون اور سول نافرمانی کی تحریک شروع ہوئی تو کانگریس سے علاحدگی اختیار کرلی مگر اندرونی طور سے برابر کانگریسی تحریک کو تقویت پہنچاتے رہے اور وقتاً فوقتاً اپنے مشوروں سے بھی کانگریسی کارکنوں کی ہمت افزائی کرتے رہے۔ پٹنہ میں جو بھی نامور کانگریسی آتا آپ کے یہاں قیام کرتا تھا۔ بابو راجندر پرشاد ان کے خاص معاون تھے اور موصوف کی ہدایات پر اپنا کام انجام دیا کرتے تھے۔ لوگوں کا خیال تھا کہ ان کی کانگریس سے عارضی علیحدگی اس لیے ہوئی کہ انہیں ڈر تھا کہ کہیں انہیں جیل نہ جانا پڑے۔ آپ کے سیاسی گرو پنڈت مدن موہن مالویہ تھے۔ پنڈت موتی لال نہرو اور سرتیج بہادر سپرو کے خیالات سے موصوف بہت متاثر رہتے تھے۔ گرچہ موصوف کا ظاہری تعلق کانگریس سے کچھ نہ تھا مگر مرتے دم تک اپنے کو بڑے فخر سے سب سے قدیم ترین کانگریسی کہتے رہے۔

ڈاکٹر سچدانند سنہا ایک ممتاز صحافی، دانش ور اور ماہر تعلیم تھے۔ موصوف نے ایک ماہانہ رسالہ "ہندوستان ریویو" کے نام سے ۱۹۲۱ء میں جاری کیا اور اپنی موت تک اس رسالے کو شائع کرتے رہے۔ ہر ماہ "ہندوستان ریویو" میں مسٹر سچدانند سنہا ایک ایڈیٹوریل لکھا کرتے تھے جس میں موصوف مہینے بھر کے واقعات اور حالات کا ایک دلچسپ جائزہ لیا کرتے اور اس جائزہ کو قارئین نہایت شوق سے پڑھا کرتے تھے کیونکہ یہ بہت ہی اچھی انگریزی

Marfat.com

زبان میں لکھا ہوتا تھااور ہمیشہ ظرافت اور مذاق سے پر ہوا کرتا تھا۔ بہت سے لوگ تو "ہندوستان ریویو" کو صرف اسی جائزے کو پڑھنے کے لیے خریدا کرتے تھے۔ موصوف کے اصرار پر راقم تقریباً پندرہ سال تک اس ماہانہ رسالے میں نئی کتابوں پر اپنا تبصرہ شائع کرتا رہااور اس کے لیے موصوف راقم کے برابر شکر گذار رہے۔ راقم کا ایک تبصرہ جو "پوئٹری آف ماڈرن ایران" پر تھااور "ہندوستان ریویو" نومبر۔ جنوری ۱۹۴۵ء کے شمارے میں چھپا تھابہت پسند کیا گیا۔ اس کتاب کا تعلق لندن کے ایک ممتاز پروفیسر دی، منورسکی سے تھا۔ راقم کے مضامین بھی اکثراس رسالے میں شائع ہوا کرتے تھے۔ ۱۹۰۹ء میں جب پنڈت مدن موہن مالویہ اور مسٹر موتی لال نہرو نے "لیڈر" اخبار کی تشکیل کی تو ڈاکٹر سچدانند سنہا نے مسٹر سی۔ وائی۔ چنتامنی کو نائب ایڈیٹر بنانا۔ مسٹر چنتامنی کی کامیاب صحافت سے "لیڈر" کا شمار ہندوستان کے ممتاز ترین اخباروں میں ہونے لگا۔ موصوف نے ۱۵/اگست ۱۹۱۸ء کو "سرچ لائٹ" اخبار کا اجراء پٹنہ میں کرایا۔ ابتدا میں مسٹر سید حسن امام نے اپنی کافی دولت اس اخبار کی ترقی کے لیے صرف کی تقریباً ساٹھ برس تک اس اخبار نے بہار کی بڑی خدمت کی۔ عرصہ دراز تک بابو مرلی منوہر پرشاد اس اخبار کے ایڈیٹر رہے۔ ۱۹۸۷ء سے اس اخبار کا نکلنا بند ہو گیا۔ اس کے کل اثاثے برلا کے قبضے میں چلے گئے ہیں اور اسی کے پریس سے اب "ہندوستان ٹائمس" نکلتا ہے۔

ڈاکٹر سچدانند سنہا کے یہاں روزانہ بے شمار اخبارات اور جریدے آیا کرتے تھے، جنہیں وہ پڑھتے اور ایسی خبریں اور مضامین جن کا تعلق خواص وعام سے ہوتا تھا لال پنسل سے ان پر نشان لگادیتے تھے۔ دفتری انہیں تراش کر موٹے کاغذ پر چسپاں کر کے دوسرے روز موصوف کے سامنے پیش کیا کرتا تھااور یہ تراشے سنہا لائبریری میں روزانہ بھیج دیئے جاتے تھے جہاں یہ سب آج تک محفوظ ہیں۔ یہ پچاس برس کے ذخیرے مختلف مضامین پر ریسرچ کرنے والوں کے لیے نہایت مفید ثابت ہوئے ہیں اور لوگ انہیں بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ راقم نے بھی بہت سے اخبارات کے تراشے جو اس زمانے میں مسلم لیگ اور مسٹر جناح کے متعلق چھپا کرتے تھے، موصوف کے حوالہ کیا تھا جو اب تک سنہا لائبریری میں موجود ہیں۔ موصوف کا یہ ایک بڑا کارنامہ تھا۔ ہندوستان میں شاید ہی کسی صحافی نے ایسے

Marfat.com

تراشے جمع کیے ہوں گے۔

ڈاکٹر سچد انند سنہا کا تعلق برابر تعلیمی اور علمی اداروں سے رہا۔ ابتداء میں جب موصوف الہ آباد میں مقیم تھے تو عرصے تک "کائستھا پاٹھ شالہ" کے سکریٹری رہے اور ہمیشہ ہندوستان کی مختلف یونیورسٹیوں سے آپ کا تعلق رہا۔ جب صوبہ بہار میں پٹنہ یونیورسٹی کے قائم کرنے کے لیے ایتھن کمیٹی کی تشکیل ہوئی تو آپ اس کے ممبر مقرر ہوئے۔ ۱۹۳۶ء میں موصوف ہندوستانی اکیڈمی الہ آباد کے تیسرے جلسے کے صدر ہوئے۔ آل انڈیا لائبریری کانفرنس کا چوتھا اجلاس جو پٹنہ میں ۱۹۴۰ء میں منعقد ہوا آپ اس کے صدر ہوئے۔ اگست ۱۹۳۶ء میں حکومت بہار نے موصوف کو پٹنہ یونیورسٹی کا وائس چانسلر مقرر کیا اور آپ متواتر ۹ سال تک پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر رہے اور اپنے فرائض کو نہایت حسن وخوبی کے ساتھ انجام دیا۔ اس دور میں موصوف کے زیر نگرانی پٹنہ یونیورسٹی نے کافی ترقی کی۔ موصوف کی یاد کو قائم رکھنے کے لیے لوگوں نے ان کے نام پر اورنگ آباد میں سچد انند کالج قائم کیا۔ موصوف کے زمانے میں پٹنہ یونیورسٹی کی جوبلی نہایت شان وشوکت سے منائی گئی اور اس موقع پر ہندوستان کی چند نہایت ممتاز شخصیتوں کو ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگریاں دی گئیں۔ آپ ہندوستان کے انٹر یونیورسٹی بورڈ کے صدر بھی رہے ہیں۔ لکھنؤ یونیورسٹی میں ۱۹۳۵ء میں ناگپور یونیورسٹی میں ۱۹۳۷ء میں اور اتکل یونیورسٹی میں ۱۹۴۰ء میں موصوف نے کونوکیشن کے موقعوں پر نہایت عالمانہ خطبے دیے جو بہت مقبول ہوئے۔ ان کی بے شمار قومی اور علمی خدمتوں کو مد نظر رکھتے ہوئے الہ آباد یونیورسٹی نے ۱۹۳۷ء میں، پٹنہ یونیورسٹی نے ۱۹۴۷ء میں اور بنارس ہندو یونیورسٹی نے ۱۹۴۸ء میں موصوف کو ڈی لٹ کی اعزازی ڈگری عطا کی۔

ڈاکٹر سچد انند سنہا کو کتابوں کے جمع کرنے کا شوق اپنے والد بخشی رام یاد سنہا سے ورثہ میں ملا تھا۔ موصوف کے پاس جب بے شمار کتابیں جمع ہو گئیں تو خیال گذرا کہ ایک اچھا کتب خانہ پٹنہ میں قائم کیا جائے۔ اس وقت آپ کے پاس تقریباً بیس ہزار کتابیں اور دو سو رسالے موجود تھے۔ موصوف نے ایک نہایت شاندار عمارت بنام رادھیکا سنہا انسٹی ٹیوٹ اور سچد انند سنہا لائبریری ڈیڑھ لاکھ روپے کے خرچ سے تعمیر کرائی۔ جب لائبریری کی

Marfat.com

عمارت تعمیر ہو گئی تو موصوف نے اپنی تمام کتابوں کو اس کتب خانہ میں فروری ۱۹۲۴ء میں منتقل کر دیا۔ کتب خانہ روز بہ روز ترقی کرتا گیا اور آج کل اس کا شمار ہندوستان کے ممتاز کتب خانوں میں ہوتا ہے۔ حکومت ہند اور حکومت بہار اس کتب خانہ کے کل اخراجات کو برداشت کرتی ہیں۔ ڈاکٹر سچدانند سنہا کو کتابوں کے پڑھنے کا بڑا شوق تھا۔ مختلف موضوعات پر جو نئی کتابیں شائع ہوتیں موصوف ان کا بڑے شوق سے مطالعہ کرتے اور کتاب کے اس حصے میں جو انہیں دلچسپ معلوم ہوتا سطروں کے نیچے لال پنسل سے نشان لگادیا کرتے تھے۔ ایسی نشان لگائی ہوئی کتابیں سنہا لائبریری میں ہزاروں کی تعداد میں موجود ہیں۔

ڈاکٹر سچدانند سنہا کی جوانی کے زمانے میں ہندو قوم اور خصوصاً کائستھ برادری مختلف قسم کے رسم ورواج کی پابند تھی۔ صاحب موصوف ان سب رسومات کے نہایت مخالف تھے۔ ان کی جوانی کے زمانے میں ہندوؤں کے یہاں یہ ممانعت تھی کہ کوئی ہندو مرد یا عورت سمندر پار کسی غرض سے کہیں جائے۔ موصوف نے اس رسم کو ۱۸۸۹ء میں توڑا اور سمندر پار ہو کر انگلستان تعلیم کی غرض سے گئے۔ ۱۸۹۳ء میں جب وہ ہندوستان واپس آئے تو کائستھ برادری نے یہ فیصلہ کیا کہ موصوف برادری میں پھر اس شرط پر لیے جاسکتے ہیں اگر وہ چند مذموم رسومات کو انجام دیں۔ صاحب موصوف نے کائستھ برادری کی تمام شرائط کو نامنظور کیا اور وہ صوبہ بہار کے پہلے ہندو تھے جنہوں نے سماج کی پروا کیے بغیر ایک بری رسم کو برابر کے لیے ختم کر دیا۔ اس مذموم رسم کو پرائسچھت کہا جاتا تھا۔ اس رسم کے مطابق برادری میں واپس لیے جانے کے لیے اکثر لوگوں کو باچھی کا پیشاب بھی پینا پڑتا تھا۔ زمانہ قدیم سے ہندو قوم ذات کی مختلف رسومات کی پابند تھی۔ کائستھ برادری مختلف گوتروں میں بٹی ہوئی تھی اور ایک گوتر کے افراد کی شادی اپنی ہی گوتر میں ہو سکتی تھی۔ ہندو بیواؤں کی شادیاں بالکل ممنوع تھیں۔ ڈاکٹر سچدانند سنہا نے ان دونوں رسومات کو ترک کر کے رادھیکا دیوی سے شادی کی جو دوسرے گوتر کی ایک بیوہ خاتون تھیں۔ اس زمانے میں ایسا کرنا بڑی ہمت کی بات تھی اور ڈاکٹر سنہا نے ایسا کر کے ایک بہترین نمونہ قائم کیا جس کی وجہ سے ہندو سماج میں اب یہ سب رسم ورواج معدوم ہو چکے ہیں۔ ڈاکٹر سچدانند سنہا کا ہندو قوم پر یہ ایک بہت بڑا احسان ہے اور وہ آج بھی ایک مصلح کی حیثیت سے یاد کیے جاتے ہیں۔

Marfat.com

برطانوی حکومت کے ابتدائی دور سے بہار، بنگال پریسیڈنسی کا ایک حصہ تھا۔ ڈاکٹر سچدانند سنہا نے اپنے قیام انگلستان کے دوران یہ محسوس کیا کہ انگریزوں کے علاوہ بہت سے پڑھے لکھے ہندوستانی بھی بہار کے نام سے واقف نہ تھے۔ اس کی خاص وجہ یہ تھی کہ بہار سیاسی، تعلیمی اور اقتصادی لحاظ سے ایک پس ماندہ علاقہ تھا اور اس کی اپنی کوئی سیاسی حیثیت نہ تھی۔ حکومت بنگال اس کی ترقی کی طرف کوئی توجہ نہ دیتی تھی۔ بنگالی ہندو ملازمتوں کے علاوہ بہار میں زندگی کے مختلف شعبوں پر چھائے ہوئے تھے۔ یہ لوگ نہ چاہتے تھے کہ بہار کا ایک الگ صوبہ قائم کیا جائے۔ ڈاکٹر سچدانند سنہا جب ۱۸۹۳ء میں بیرسٹر ہوکر پٹنہ آئے تو انہوں نے بہار کو بنگال سے الگ کرانے کی ایک زوردار مہم شروع کی جس میں سر سید علی امام، مسٹر سید حسن امام، مسٹر مظہر الحق اور دیگر ممتاز بہاری مسلمانوں نے ان کی مدد کی۔ ڈاکٹر سچدانند سنہا کی جدوجہد سے اس تحریک کو کامیاب بنانے کے لیے ۱۸۹۴ء میں پٹنہ سے بابو مہیش نارائن کی ادارت میں ایک اخبار "بہار ٹائمس" کے نام سے شائع ہونا شروع ہوا جس کا نام آگے چل کر ۱۹۰۶ء میں "بہاری" کر دیا گیا۔ اس اخبار کی ہر اشاعت میں بہار کے لوگوں کی پریشانیوں اور حکومتِ بنگال کی غفلتوں کا حال چھپتا رہا جس سے تحریک کو کافی تقویت حاصل ہوئی۔ بہار میں نہ ہائی کورٹ تھا نہ کوئی یونیورسٹی نہ اچھے تعلیمی ادارے، بہاریوں کو ہر چھوٹے بڑے کام کے لیے کلکتہ جانا پڑتا تھا، "بہاری" اخبار نے ان تمام پریشانیوں کو جلد دور کرنے کے لیے ہر ممکن جدوجہد کی مگر حکومت بنگال نے ان شکایتوں کی طرف کوئی توجہ نہ دی۔ اور بہار کے باشندے حسب سابق پریشانیوں میں مبتلا رہے۔

ڈاکٹر سچدانند سنہا نے بہار کو ایک الگ صوبہ بنوانے کے سلسلے میں بڑی جدوجہد کی۔ ۱۹۰۶ء میں موصوف نے "بہاری اسٹوڈنٹس کانفرنس" اور ۱۹۰۸ء میں "بہار پروونشل کانفرنس" اور "بہاری پروونشل کانگریس کمیٹی" کی ترتیب دی اور ان کے ذریعے عوام کو صوبہ بہار کا ایک الگ صوبہ قائم کرانے کے لیے مستعد کیا۔ کلکتہ کے ان تمام اخبارات نے جو انگریزی اور بنگلہ زبان میں شائع ہوتے تھے اس تحریک کی بڑی شدت سے مخالفت کی۔ موصوف ۱۹۱۰ء میں "امپریل لیجس لیٹو کانسل" کے ممبر منتخب ہوئے جس کی وجہ سے انہیں اس تحریک کو تقویت پہنچانے میں بہت کچھ مدد ملی۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ڈاکٹر

Marfat.com

سچدانند سنہانے بہار کوایک الگ صوبہ بنوانے میں کوئی کسر اٹھانہ رکھی، مگر یہ کام اتنا آسان نہ ہوتا، اگر سر سید علی امام حکومت ہند کے لا ممبر نہ ہوتے۔ ۱۹۱۱ء کے دلی دربار میں شہنشاہ جارج پنجم نے بہار واڑیسہ کے ایک صوبہ بنانے کا اعلان کیااور اسی کے ساتھ تقسیم بنگال جو ۱۹۰۵ء میں ہوئی تھی اس کو ختم کرنے کا اعلان کیااور بہار واڑیسہ کا صوبہ پہلی اپریل ۱۹۱۲ء کو وجود میں آیا۔ تقسیم بنگال کی منسوخی کا اعلان ہندوستانی مسلمانوں کے لیے ایک بڑا سانحہ تھا اور یہ ان واقعات میں سے تھے جس نے مسلمانوں کو خواب غفلت سے جگادیا۔ راقم سے کئی بار ڈاکٹر سچدانند سنہانے کہا تھا کہ مسٹر محمد علی کو اس واقعہ کا اتنا غم وغصہ ہوا کہ جب سر سید علی امام دلی دربار سے اپنی رہائش گاہ پر واپس آئے تو مسٹر محمد علی جو اس وقت انہیں کے یہاں مقیم تھے نہایت ہی جذباتی انداز میں سر سید علی امام کا ہاتھ پکڑ لیااور کہا کہ آپ نے تقسیم بنگالہ کی منسوخی میں مدد کر کے مسلمانوں پر خصوصاً بنگال و بہار کے مسلمانوں پر ایک ایسا ستم ڈھایا ہے جو کبھی بھلایا نہیں جاسکتا۔ کل خدا کو کیا منہ دکھایئے گا۔ تقسیم بنگالہ کی منسوخی کے متعلق سر سید رضا علی اپنی سوانح حیات "اعمال نامہ" میں صفحہ: ۲۴۳ پر یوں رقم طراز ہیں:

"یہ سچ ہے کہ تقسیم بنگالہ کی تجویز مشرقی بنگال کے مسلمانوں کے حق میں مفید تھی اور آخر وقت میں مسلمانوں کی فلاح و بہبود کا تذکرہ برائے نام اپنی تجویز کو تقویت پہنچانے کی غرض سے لارڈ کرزن نے کیا مگر انگریزی گورنمنٹ نے جو پالیسی ابتداء حکومت سے برتی اس نے بنگال کے مسلمانوں کو اس درجہ کمزور کر دیا تھا کہ وہ بیچارے نہ اپنی مدد کر سکے، نہ گورنمنٹ کی۔ تاہم نواب سر سلیم اللہ بہادر نے بڑی ہمت وجرأت سے کام لے کر تقسیم بنگالہ کی حمایت کی اور مشرقی بنگال کے مسلمانوں کی حالت کو بہتر بنانا چاہا۔ ہمارے ملک کی موجودہ صدی کی تاریخ کا یہ عبرت ناک واقعہ ہے کہ چھ سات برس بعد جب تقسیم بنگال کی تجویز منسوخ کی گئی تو اس وقت اس صوبہ کے مسلمانوں کی فلاح و بہبود کے مسئلہ کو گورنمنٹ نے قطعاً نظر انداز کر دیا۔"

Marfat.com

صوبہ بہار واڑیسہ کے قائم ہو جانے کے بعد سر سید علی امام کو مختلف القاب سے یاد کیا جانے لگا۔ "فخر بہار"، "بابائے جدید بہار" اور "معمار جدید بہار" جیسے شاندار الفاظ موصوف کے لیے استعمال کیے جانے لگے، مگر آپ کی وفات کے فوراً بعد ڈاکٹر سچد انند کے حامیوں نے ان تمام القاب کو سر علی امام سے چھین کر ڈاکٹر سچد انند سنہا کے حوالے کر دیا۔ ستم بالائے ستم یہ کہ دو بہاری کائستھ پروفیسروں نے ڈکشنری آف نیشنل بایوگرافی جلد چہارم صفحہ ۲۴۳ میں یہاں تک لکھ دیا کہ ڈاکٹر سچد انند سنہا کی حکمت عملی ہی کی بدولت سر سید علی امام وائسرائے ہند کے ایگزیکیوٹو کانسل کے لاء ممبر مقرر کیے گئے۔

ڈاکٹر سچد انند نے انگریزی زبان میں مندرجہ ذیل کتابیں تحریر کی ہیں:

1. The Partition of Bengal or Separation of Bihar. (1906)
2. Speeches and Writings of Sahchidanand Sinha (1942)
3. Kashmir: The Playground of Asia (1947)
4. Some Eminent Bihar Contemporaries (1944)
5. Iqbal: The poet and his message (1947)
6. Some eminent Indian Contemporaries. (1976)

ڈاکٹر سچد انند سنہا سے راقم کے خاندانی تعلقات تھے۔ میرے تمام خاندان والوں نے موصوف کو کبھی ڈاکٹر سچد انند سنہا کے نام سے موسوم نہ کیا۔ والد مرحوم انہیں بھیا کہتے تھے اور راقم انہیں سنہا چچا کہا کرتا تھا۔ صاحب موصوف زندگی بھر میرے والد اور مجھ سے نہایت محبت سے پیش آتے رہے اور کبھی بھی ان کے اس رویے میں کوئی فرق نہیں آیا۔ موصوف کے والد بخشی رام یاد سنہا ڈمراؤں راج کے وکیل تھے اور اس زمانے میں راقم کے دادا امجد حسین صاحب ضلع شاہ آباد کی کلکٹریٹ میں ریونیو آفیسر اور ناظر اعلیٰ کے عہدے پر مامور تھے۔ بخشی رام یاد سنہا دادا مرحوم کے یہاں ڈمراؤں راج کے معاملات کے سلسلے میں برابر آیا جایا کرتے تھے۔ ان دونوں حضرات کے درمیان دوستی اور اخوت کا رشتہ قائم ہو گیا تھا جو دونوں بزرگوں کے درمیان زندگی بھر برقرار رہا۔ چچا سنہا بھی اکثر دادا جان کے پاس دعا لینے کی غرض سے آیا کرتے تھے۔ دادا جان سنہا چچا سے بڑی محبت کرتے تھے۔ راقم

Marfat.com

کے چھوٹے دادا خان بہادر حشمت حسین صاحب سنہا چچا کے عزیز دوستوں میں تھے۔ موصوف کا تعلق خاندان نیورہ سے اس وقت بڑھا جب آپ انگلستان میں سر سید علی امام اور مسٹر سید حسن امام کے ساتھ مڈل ٹمپل میں بیرسٹری پڑھنے لگے۔ دو سال تک مسٹر سید حسن امام اور سنہا چچا ایک ہی کمرے میں مقیم رہے۔ ہندوستان واپس آکر ان تعلقات میں روز بروز اضافہ ہوتا گیا اور صاحب موصوف سر علی امام کے ہر رشتے دار کو اسی رشتے سے پکارنے لگے جو سر علی امام کے ساتھ تھا۔ آپ سر سید علی امام کو بھیا مسٹر حسن امام کو حسو اور نواب شمس العلماء امداد امام کو ابا کہتے تھے اور نواب امداد امام صاحب کے سوتیلے بھائی خان بہادر فضل امام صاحب کو چچا کہتے تھے۔ اسی طرح چوں کہ راقم کے منجھلے خالو سر عبدالرحیم سر علی امام صاحب کے رشتے میں بہنوئی ہوتے تھے اس لیے انکل سنہا اور سر عبدالرحیم کے درمیان خوب ہنسی مذاق کی باتیں ہوا کرتی تھیں۔ جب سر عبدالرحیم مدراس ہائی کورٹ میں چیف جسٹس تھے تو انکل سنہا کو بحیثیت بیرسٹر ایک مرتبہ ان کے اجلاس میں کام کرنے کا موقع ملا۔ انکل سنہا نے راقم سے کئی بار کہا تھا کہ بحث کی ابتداء سے پہلے میں نے انہیں نہایت ہی شستہ اردو میں گالی گلوج کے چند الفاظ سے نوازا۔ سر عبدالرحیم مسکرا کر رہ گئے کیونکہ وہ اس وقت میری گالیوں کا کوئی جواب نہ دے سکتے تھے۔ چونکہ مدراسی وکیل اور متخاصمین شستہ اردو سمجھ نہ سکتے تھے لہٰذا ان لوگوں کا خیال ہوا کہ انکل سنہا سر عبدالرحیم کی عزت افزائی کے لیے اردو کے چند اچھے الفاظ استعمال کر رہے ہیں۔ انکل سنہا سر عبدالرحیم ہی کے یہاں مقیم تھے، گھر آکر سر عبدالرحیم نے انکل سنہا کو خوب خوب گالیاں سنائیں مگر انکل سنہا نے کہا کہ تم تو مجھے گھر پر گالیاں دے رہے ہو میں نے تمہیں اجلاس پر گالیاں سنائی ہیں، اسے خوب یاد رکھنا۔ چونکہ سر سید علی امام سر سید سلطان احمد کو چچا کہتے تھے اس لیے انکل سنہا بھی ہمیشہ موصوف کو سلطان چچا ہی کہتے رہے۔ ڈاکٹر محمد بخش جو پٹنہ کے ایک ممتاز ڈاکٹر تھے انکل سنہا کے عزیز دوست تھے اور ان کی اہلیہ کا علاج ہمیشہ بڑی تندہی سے کیا کرتے تھے۔ جب انکل سنہا ایگزیکیٹو کانسل کے ممبر تھے تو بھائی سید قدیر احسن ان کے پرسنل اسسٹنٹ تھے۔ چونکہ موصوف ڈاکٹر محمد بخش کے داماد تھے اس لیے انکل سنہا مثل اپنے داماد کے ان کی قدر کیا کرتے تھے۔ جب کبھی سرکاری دورے پر دہلی اور بڑے بڑے شہروں میں جایا کرتے تو ان کی

Marfat.com

دعوتیں ہوا کرتی تھیں آپ ان دعوتوں میں بھائی سید قدیر احسن کو اپنا داماد بتا کر لوگوں سے ان کا تعارف کرایا کرتے تھے۔ ان تمام دعوتوں میں ان کو اپنے ساتھ لے جاتے اور اپنے بغل میں بٹھا کر کھانا کھلایا کرتے تھے۔ راقم سے بھائی قدیر احسن اس بات کو بڑے فخر سے بیان کیا کرتے تھے۔ انکل سنہا والد مرحوم کی بڑی قدر کرتے تھے اور زندگی بھر نہایت محبت سے پیش آتے رہے والد صاحب بھی ان کی بڑی عزت کرتے تھے اور انہیں اپنا بڑا بھائی سمجھتے تھے یہ دونوں بزرگ ایک دوسرے کے خوشی و غم میں برابر شریک رہے۔ مختصر یہ کہ انکل سنہا ہمیشہ اپنے کو نیورہ خاندان کا ایک فرد سمجھتے رہے اور نیورہ والوں نے بھی ان کے جذبے کی پوری قدر کی۔

راقم والد مرحوم کے ساتھ پندرہ سال کی عمر میں انکل سنہا سے پٹنہ میں ان کی رہائش گاہ پر ملا۔ موصوف سے راقم کی یہ پہلی ملاقات تھی اور آخری ملاقات انکل سنہا سے ان کی وفات سے پانچ دن پہلے ہوئی۔ اس لمبی مدت میں موصوف کی کرم فرمائیاں راقم پر برابر ہوتی رہیں۔ ۱۹۳۶ء میں جب راقم کا کٹک کالج سے پٹنہ کالج میں تبادلہ ہوا تو اس زمانے میں موصوف پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر تھے۔ آپ پٹنہ یونیورسٹی کے آفس میں بجز سنڈیکیٹ کی میٹنگ کے کسی اور کام کے لیے نہ آیا کرتے اور یونیورسٹی کے کل کام اپنی رہائش گاہ پر کیا کرتے تھے اگر دن میں میٹنگ ہوتی تو سبھی ممبران کو لنچ دیا جاتا اور اگر سہ پہر کو میٹنگ ہوتی تو شام کی پر تکلف چائے سے خاطر کی جاتی تھی۔ ہر سال جاڑوں میں اپنی طرف سے گورنر کے اعزاز میں ایک ڈنر دیا کرتے تھے جس میں صرف مخصوص لوگوں کو ہی مدعو کیا جاتا تھا۔ کوئی سال ایسا نہ گذرا کہ راقم ان دعوتوں میں بلایا نہ گیا ہو۔ اس کے علاوہ کوئی ہفتہ ایسا نہ گذرا کہ راقم انکل سنہا کے ساتھ ان کے یہاں رات کا کھانا نہ کھاتا ہو۔ موصوف فطرتاً ایک بڑے مہمان نواز شخص تھے۔ ہندوستان کا شاید ہی کوئی بڑا شخص ہو جو آپ کی مہمان نوازی سے فیض یاب نہ ہوا ہو۔ صاحب موصوف خود روزانہ نہایت پر تکلف کھانا کھاتے اور انہیں ایسا ہی کھانا دوسروں کو بھی کھلانے کا بے حد شوق تھا۔ ان کا باورچی جون جو گوا کا رہنے والا تھا کھانا پکانے کے فن سے خوب واقف تھا۔ ایسے باورچی کم ہی ملتے ہیں۔

انکل سنہا ایک نہایت ہی خوش مذاق اور خوش گفتار انسان تھے۔ کھانے کی میز پر ایسی

Marfat.com

ایسی دلچسپ باتیں کیا کرتے تھے کہ لوگ کھانے سے زیادہ ان کی باتوں سے لطف اندوز ہوتے تھے۔ ان کا "ٹیبل ٹاک" اکثر عالمانہ بھی ہوا کرتا تھا۔ ایک دفعہ رات کے کھانے کے دوران راقم سے مخاطب ہو کر کہنے لگے کہ اگر تم کسی سے کام نکالنا چاہتے ہو تو اس کے تین ہی طریقے ہیں۔ اوّل "بھات" دوسرے "بات"، اور تیسرے "لات" لیکن پہلا طریقہ نہایت کارگر ہوتا ہے، انگریز بھی یہ کہتے ہیں کہ اگر کسی سے کام نکالنا ہو تو "بھات" ہی والے طریقے کو کام میں لاؤ۔ ان کا مقولہ ہے: "Enter through his belly" حاضرین انکل سنہا کی یہ پر مذاق گفتگو سن کر خوب ہنسے اور پھر ایک صاحب کی طرف اشارہ کر کے کہا کہ آپ کی تمام کامیابیاں "بھات" ہی کی بدولت ہوئیں جس کا ان صاحب نے اقرار بھی کیا ڈاکٹر ہادی حسن جو علی گڑھ یونیورسٹی میں فارسی کے مشہور پروفیسر تھے جب بھی پٹنہ آتے تو انکل سنہا کے یہاں قیام کرتے اور کھانا ختم ہو جانے کے بعد "شکنتلا" کا اپنا انگریزی ترجمہ حاضرین کو اپنے خاص انداز میں سناتے تھے اور سب لوگ دم بخود ہو کر ان کی ایکٹنگ دیکھتے اور خوش ہو کر تالیاں بجاتے تھے۔ انکل سنہا پرانی تہذیب کے ایک اعلیٰ نمونہ تھے۔ آج بھی راقم ان پرانی صحبتوں کو یاد کر کے انکل سنہا کی کمی شدت سے محسوس کرتا ہے۔

۱۹۳۶ء میں جب راقم پٹنہ کالج میں لکچرر ہو کر آیا تو انکل سنہا پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر تھے۔ انہیں میرے پٹنہ آنے سے بے حد خوشی ہوئی اور مجھے پندرہ روز بعد بہار کے گورنر سے جو پٹنہ یونیورسٹی کے چانسلر بھی تھے اپنے ساتھ لے جا کر ملایا اور بہت کچھ تعریفیں بھی کیں۔ اس زمانے میں میری انگریزی کتاب "Early Persian Poets of India" ہندوستان کے قدیم فارسی شعراء کا تذکرہ الہ آباد کے ایک پریس سے چھاپی جا رہی تھی۔ موصوف گرچہ اپنے کاموں میں نہایت مصروف رہتے تھے مگر وقت نکال کر میری پوری کتاب کا فائنل پروف خود سے پڑھا۔ ان کی اس قدردانی کا میں آج تک ممنون ہوں۔ موصوف ایک مرتبہ راقم سے فرمانے لگے کہ جب تم پٹنہ یونیورسٹی کے پہلے پی۔ ایچ۔ ڈی ہوئے تو حکومت بہار نے تمہیں تین سال کے اندر لکچرر سے اسسٹنٹ پروفیسر بنا دیا مگر یونیورسٹی نے تمہیں کوئی اعزاز نہ بخشا۔ سر خواجہ محمد نور جو اس وقت پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر تھے، ان سے جو چوک ہو گئی ہے میں اب اس کی تلافی کرنا چاہتا

Marfat.com

ہوں۔ کل دس بجے دن میں مجھ سے ملو میں تمہیں کچھ انعام دوں گا۔ دوسرے روز جب راقم موصوف کی رہائش گاہ پر حاضر ہوا تو دیکھا کہ تقریباً چالیس کتابیں جو اس وقت تک پٹنہ یونیورسٹی سے شائع ہوئی تھیں ان کی میز پر ریشمی فیتوں سے بندھی ہوئی رکھی تھیں جن کی مجموعی قیمت ڈھائی ہزار روپیوں سے اوپر ہوگی۔ موصوف نے فرمایا کہ یونیورسٹی کی طرف سے میں بحیثیت وائس چانسلر یہ کتابیں تمہیں بہ طور انعام دے رہا ہوں۔ ان کتابوں کے بنڈل میں پہلی کتاب سر جدوناتھ سرکار کی تصنیف مغل حکومت کے بارے میں تھی (The Mughal Administration: Sarkar) ۔اس پر موصوف نے اپنے ہاتھ سے انگریزی میں حسب ذیل عبارت لکھ کر مجھے دعا کے ساتھ عطا کی:

"To Dr. Syed Iqbal Hussain with my blessings and good wishes to whom (in appreciation of his Scholarship) I have had presented a complete set of Patna University Publications.

Sachchidananda Sinha

Vice-Chancellor 6/12/40"

ترجمہ: ڈاکٹر سید اقبال حسین کو ان کی علمیت کی قدردانی کرتے ہوئے میں اپنی نیک خواہشات اور دعاؤں کے ساتھ پٹنہ یونیورسٹی کی مطبوعات کا پورا سیٹ نذر کرتا ہوں۔

سچدانند سنہا، وائس چانسلر، ۶/۱۲/۴۰ء

میں نے کچھ دنوں پہلے یہ سب کتابیں بہ طور عطیہ خدابخش لائبریری کو دے دیا ہے۔ صرف جدوناتھ سرکاری کی تصنیف مغل ایڈمنسٹریشن جس پر انکل سنہا کی تحریر اور دستخط ثبت ہے، ۴۷ سال سے میرے پاس محفوظ ہے۔ نو سال تک انکل سنہا پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر رہے، اور راقم اس دوران اسسٹنٹ پروفیسر تھا مگر موصوف نے راقم کو ان سب جگہوں پر نامزد کیا جن پر سینئر پروفیسروں کی ہی نامزدگی ہوا کرتی تھی۔ بہت سے سینئر

Marfat.com

پروفیسروں پر ترجیح دے کر راقم کو پٹنہ یونیورسٹی کے سینیٹ کا ممبر نامزد کرایا۔ پٹنہ یونیورسٹی جرنل کے ایڈیٹوریل بورڈ کا ممبر بنایا اور یونیورسٹی کی کوئی کمیٹی ایسی نہ تھی جس کا راقم ممبر نہ ہو۔ پرنسپل آرمر جو میرے استاد تھے ان سب نامزدگیوں میں انکل سنہا کا ساتھ دیا کرتے تھے۔ ۱۹۴۳ء میں راقم کو پٹنہ یونیورسٹی نے آل انڈیا اورینٹل کانفرنس میں جو اس سال بنارس میں ہوئی تھی، اپنا نمائندہ بنا کر بنارس بھیجا انکل سنہا کو یہ خیال آیا کہ میں بنارس ہندو یونیورسٹی کے مہمان خانے میں آرام سے نہ رہ سکوں گا اس لیے انہوں نے میرے قیام و طعام کا انتظام بنارس کینٹونمنٹ کے سسل ہوٹل مین کرادیا تھا جہاں میں نہایت آرام سے ایک ہفتہ ٹھہرا۔ مجھے بنارس کینٹونمنٹ سے بنارس ہندو یونیورسٹی لے جانے کے لیے ایک ٹیکسی کا بھی انتظام کرادیا تھا۔ ان سب اخراجات پر پٹنہ یونیورسٹی میں کسی نے کوئی اعتراض نہ کیا۔ انکل سنہا کو اردو کے ایم۔ اے کا ممتحن ہونے کا بڑا شوق تھا اور ہر سال ایم۔ اے اردو کا وہ پرچہ جس کا تعلق ہندی ادب اور ہندی ادبی تاریخ سے ہوا کرتا تھا، آپ اس کے ممتحن ہوتے اور امیدواروں کو دل کھول کر نمبر دیا کرتے تھے۔

انکل سنہا کو سر محمد اقبالؔ کی وفات کے چند سال بعد یہ خیال گذرا کہ سر محمد اقبالؔ اور ان کی شاعری کے متعلق ایک کتاب تصنیف کریں۔ چونکہ موصوف فارسی زبان سے بہت کم واقف تھے لہٰذا راقم نے انہیں مشورہ دیا کہ فارسی زبان کی واقفیت کے بغیر اقبالؔ پر کچھ لکھنا مناسب نہ ہوگا، مگر انہوں نے میرے مشورے سے اتفاق نہ کیا اور کتاب کا لکھوانا شروع کردیا جس کی تکمیل تقریباً چار سالوں میں ہوئی۔ موصوف اقبالؔ اور ان کی شاعری کے سلسلے میں ہمیشہ منفی پہلو اختیار کرتے اور ان کے اسلامی خیالات کو ناپسند کیا کرتے تھے۔ انہوں نے اس کتاب کے لکھنے اور ترتیب دینے میں الٰہ آباد اور پٹنہ کے بہت سے لوگوں سے مدد لی مگر اس سلسلے میں بہت کچھ ذمہ داری راقم پر ہی ڈالی گئی۔ پریس میں جانے سے پہلے صاحب موصوف نے کتاب کا مسودہ لاہور کے پروفیسر ڈبلو۔ سی۔ اسمتھ اور پٹنہ کالج کے پروفیسر کلیم الدین احمد اور پروفیسر فضل الرحمٰن کو دکھلایا۔ ان دونوں آخر الذکر پروفیسروں نے اس کتاب کی درستگی کے سلسلے میں بہت سے مفید مشورے دیئے۔ جب کتاب کا مسودہ پروفیسر کلیم الدین احمد اور پروفیسر فضل الرحمٰن کے مشوروں کے ساتھ مجھے نظر ثانی کے

Marfat.com

لیے دیا گیا تو میں نے بھی ان کے مشوروں سے اتفاق کرتے ہوئے کئی ابواب کو کتاب سے نکال دینے کے لیے کہا مگر موصوف سوائے چند معمولی تبدیلی کے کسی ترمیم پر راضی نہ ہوئے اور وہ مسودہ جسے موصوف نے خود تیار کیا تھا، رام نرائن لال کتب فروش الٰہ آباد کے مطبع نیشنل پریس میں طباعت کے لیے بھیج دیا گیا، موصوف نے اپنی کتاب کے دیباچہ صفحہ:۲ پر پروفیسر ڈبلو۔ سی۔ اسمتھ، پروفیسر کلیم الدین احمد، پروفیسر فضل الرحمن اور راقم کا اس تعاون کے لیے شکریہ ادا کیا ہے۔ علاوہ ازیں راقم کا مزید شکریہ اقبال کے اشعار جمع کرنے اور ان کا انگریزی میں ترجمہ کرنے کے سلسلے میں بھی ادا کیا۔ ۱۹۴۷ء میں یہ کتاب پانچ سو بارہ صفحات پر مشتمل "اقبال: شاعر اور ان کا پیغام (Iqbal: The Poet & his message) کے نام سے شائع ہوئی۔ موصوف کی یہ محنت رائیگاں گئی کیونکہ جس شخص نے بھی اس کتاب کو پڑھا اس نے موصوف کی محنت کی داد تو دی مگر کتاب کے مضامین کو ناپسند کیا اور یہ کتاب مقبول نہ ہو سکی۔ جب کتاب کے چند نسخے الٰہ آباد سے چھپ کر آئے تو موصوف نے مجھے اپنے یہاں بلوا کر کتاب کا ایک نسخہ عطا فرمایا، جس پر انہوں نے اپنے ہاتھ سے یہ عبارت لکھ کر دی:

"To Iqbal - Scholar, Senator and educationist-with my blessings, Love and good wishes. Sachchidanand Sinha.

22/2/47

(اقبال کو جو عالم، سنیٹر، اور معلم ہیں، اپنی دعائیں، محبت اور نیک خواہشات کے ساتھ دیتا ہوں۔ سچدانند سنہا

۲۲ر۲ر۴۷ء

موصوف زندگی کے ہر شعبے میں قدیم وضع داری کے پابند تھے اور ہر ایک چیز کی وقعت خوب سمجھتے تھے۔ ماہ فروری ۱۹۵۰ء میں جب وہ سخت بیمار تھے اور کمزوری کے سبب دستور ہند پر دستخط کرنے کے لیے دہلی نہ جاسکتے تھے تو دستور ہند کے ہندی، انگریزی مسودے ان کے دستخط کے لیے بحفاظت تمام پٹنہ لائے گئے اور ان کی رہائش گاہ کے ایک

Marfat.com

کمرے میں سپاہیوں کے پہرے میں رکھے گئے۔ ۱۴ر فروری ۱۹۵۰ء کو موصوف نے ان اہم مسودوں پر اپنے دستخط ثبت کیے جو ان مسودوں پر آخری دستخط تھے۔ یہ کمرہ آپ کی خواب گاہ سے کچھ دوری پر تھا مگر موصوف شیروانی، پائجامہ اور ٹوپی پہن کر دستخط کرنے کے لیے خود سے چل کر اس کمرے تک پہنچے جہاں دستور ہند کے مسودے رکھے ہوئے تھے اور نہایت ہی احترام کے ساتھ ان مسودوں پر دستخط کیا۔ جب لوگوں نے موصوف سے یہ کہا کہ ان مسودوں پر آخری دستخط آپ ہی کا ہے جو بہار کے لیے فخر کا باعث ہے تو وہ ہنس کر بولے کہ اس کی کوئی اہمیت نہیں ہے کہ دستخط پہلا ہو یا آخری اور یہ بھی کہا کہ آج یہ کس کو یاد ہے کہ امریکہ کے دستور پر کس نے پہلا دستخط کیا اور کس نے آخری۔ ہر چیز وقت کے ساتھ گذر جاتی ہے اور لوگ بھول جاتے ہیں۔ میرے لیے یہی بات قابل فخر ہے کہ دستور ہند کی تیاری میں میرا بھی کچھ حصہ رہا۔ اس تقریب کے بعد موصوف خود سے چل کر اپنی خواب گاہ تک آئے اور پلنگ پر لیٹ گئے اور تقریباً ایک گھنٹہ تک خاموش پڑے رہے۔ وہ اس وقت مسلسل بیماری کی وجہ سے نہایت کمزور ہو گئے تھے۔ یہ تقریب موصوف کے انتقال سے صرف تین ہفتہ پہلے ہوئی تھی۔

ڈاکٹر سچدانند سنہا کی شادی رادھیکا دیوی سے ہوئی تھی جو لاہور کے بیرسٹر مسٹر شیوارام کی اکلوتی بیٹی تھیں۔ موصوفہ کا انتقال ۳۰ر جولائی ۱۹۱۹ء کو ہوا۔ موصوفہ نے بابو بھونیشور پرشاد کے دوسرے لڑکے رادھا کرشن سنہا کو گود لیا تھا اور دونوں میاں بیوی کو اس لڑکے سے بڑی محبت تھی۔ رادھیکا دیوی کے انتقال کے بعد ڈاکٹر سچدانند سنہا نے مسٹر رادھا کرشن سنہا کو بہت اچھی تعلیم دی اور مرتے دم تک ان سے بے حد محبت کرتے رہے۔ افسوس کی بات ہے کہ مسٹر رادھا کرشن سنہا نے ۱۹۶۹ء میں اکیاون برس کی عمر میں قضا کیا۔ موصوف راقم کو اپنے بڑے بھائی کی طرف سمجھتے تھے۔ آپ کچھ دنوں تک پٹنہ یونیورسٹی کے خازن بھی رہے۔ ڈاکٹر سچدانند سنہا نے سنہا لائبریری کے متصل اپنی رہائش کے لیے ایک وسیع اور خوب صورت مکان تعمیر کرایا جس میں وہ تقریباً ۲۵ سالوں تک نہایت آرام و آسائش سے رہے، ان کی وفات کے بعد یہ خوب صورت مکان فروخت ہو گیا اور اب اس میں اسکول اکزامنیشن بورڈ کا دفتر ہے راقم جب بھی ادھر سے گزرتا ہے تو قدیم باتیں اور

Marfat.com

پرانی یادیں تازہ ہو جاتی ہیں اور مجھے غمگین بناتی ہیں۔

انکل سنہا ایک نہایت ہی خوش خلق اور زندہ دل انسان تھے، ظرافت، خوش طبعی، بلند کرداری اور سخاوت کے لیے مشہور تھے، ان کی باتوں میں ایسی کشش تھی کہ جو بھی ان سے ملتا ان کا گرویدہ ہو جاتا۔ موصوف کی شان و تمکنت ایسی تھی کہ بڑے سے بڑے سرکاری عہدیداران کو بھی ان سے بحث کرتے ہوئے تامل ہوتا تھا۔ آپ کی اقربا پروری کا یہ حال تھا کہ اپنی برادری کے بے شمار لوگوں کی مالی امداد کیا کرتے تھے۔ راقم کو اس بات کا ذاتی تجربہ ہے کیونکہ راقم خود ایک ممتاز کائستھ وکیل کو جو اپنی بیماری کی وجہ سے مجبور ہو گئے تھے تقریباً ایک سال تک ہر ماہ ایک اچھی رقم کا چیک انکل سنہا کے حکم سے وکیل صاحب کے اخراجات کے لیے ان کے گھر پہنچایا کرتا تھا۔ راقم سے انکل سنہا کی سیاسی بحثیں خوب ہوا کرتی تھیں۔ موصوف ''اکھنڈ بھارت'' کے طرف دار تھے اور تقسیم ہند کے سخت مخالف۔ راقم بھی تقسیم ہند کا مخالف تھا مگر میں مسلمانوں کو غیر منقسم ہندوستان میں چند ضروری مراعات دیے جانے کا حامی تھا۔ موصوف کا خیال تھا کہ ہندو قوم جو آٹھ سو سال تک مسلمانوں کی محکوم رہ چکی ہے اب وہ جذبہ انتقام کے تحت مسلمانوں کو کسی طرح کی رعایت دیئے جانے کے لیے تیار نہیں ہو سکتی۔ انکل سنہا نے نہایت تیقن کے ساتھ راقم سے یہ بھی کہا کہ اگر ہندوستان تقسیم ہو گیا تو ہندوستانی مسلمانوں کی زبوں حالی کی کوئی انتہا نہ ہو گی، یہاں تک کہ ہندوستانی مسلمان لکڑی کاٹنے والا اور پانی بھرنے والا بن کر رہ جائے گا۔ راقم ان کی اس بے لاگ گفتگو کو سن کر سوچ میں پڑ جاتا تھا کہ منقسم ہندوستان میں مسلمانوں کے ساتھ آئندہ کیا پیش آنے والا ہے۔ انکل سنہا کی اچھی خاصی جائداد لاہور میں تھی، تقسیم ہند کے بعد یہ تمام جائداد حکومت پاکستان کے قبضے میں آگئیں اور انہیں اس جائداد کے عوض پاکستان سے کچھ معقول معاوضہ بھی نہ ملا۔ انہیں اس بات کا سخت رنج تھا مگر اپنے رنج کو کبھی کسی کے سامنے ظاہر نہ کیا اور اپنے مسلمان دوستوں سے ملنے جلنے میں کوئی فرق نہ آنے دیا۔

ڈاکٹر سچد انند سنہا نے نومبر ۱۹۴۹ء میں اپنی زندگی کے ۷۹ سال پورے کیے۔ گرچہ موصوف اس وقت کافی کمزور ہو چکے تھے مگر اپنے تمام کاموں کو باقاعدگی کے ساتھ انجام دیتے رہے۔ اپنی موت سے پانچ دن پہلے ۲ر مارچ ۱۹۵۰ء کو صاحب موصوف نے ڈاکٹر

Marfat.com

راجندر پرشاد سے اپنی اور اپنی اہلیہ کی تصویروں کی نقاب کشائی کرائی۔ اسی روز اپنے خاندان کے افراد اور گورنر بہار کے ساتھ ایک گروپ فوٹو بھی کھنچوائی جوان کی آخری تصویر تھی۔

۷ر مارچ ۱۹۵۰ء کو صاحب موصوف نے پٹنہ میں اپنی رہائش گاہ پر ساڑھے چھ بجے صبح میں انتقال کیا اور گنگا کے کنارے بانس گھاٹ پر ان کا جسد خاکی نذر آتش کیا گیا۔ گورنر اور حکومت بہار کے بڑے بڑے عہدے داران کے علاوہ بہار کے بے شمار عوام الناس بھی ان کی آخری رسومات میں شریک رہے۔ بہار کی تاریخ میں یہ پہلا موقع تھا کہ کسی غیر سرکاری فرد کی آخری رسومات کو سرکاری اعزاز کے ساتھ انجام دیا گیا ہو اور اس دن لیجس لیٹو اسمبلی کی عمارت پر سرکاری پرچم سرنگوں کر دیا گیا۔ تقریباً چالیس سالوں کے دوران راقم نے انکل سنہا سے بہت کچھ سیکھا۔ جن پر عمل کر کے میں نے اپنی زندگی میں کامیابیاں حاصل کیں وہ میرے لیے ایک نمونہ تھے اور کوئی ہفتہ خالی نہ جاتا تھا کہ جس میں موصوف سے علمی، ادبی اور سیاسی مسائل پر میری تفصیلی گفتگو نہ ہوتی ہو، موصوف پنڈت جواہر لال نہرو سے لے کر بے شمار لوگوں کے لیے زندگی بھر انکل سنہا رہے اور ان کی موت پر ان لوگوں نے آنسو بہائے۔ ان کی موت نے میرے لیے ایک ایسا خلا پیدا کر دیا جو کبھی پر نہ ہو سکا۔ ان کی موت کے ساتھ ایک مشترکہ ہندوستانی تہذیبی دور کا خاتمہ ہو گیا۔ کسی انگریز نے کیا خوب کہا ہے:

" To Live
In the memory
of those who knew you
Is not to die"

✪✪✪

Marfat.com

بائیسواں باب

نیورہ خاندان کے ہائی کورٹ کے ۶ جج

(پہلے جج)

مسٹر جسٹس سید شرف الدین:

نیورہ گاؤں کے حالات، مشاہیر نیورہ کے مختلف دور اور باشندگان نیورہ کی خدمات کا تذکرہ راقم نے اس کتاب کے پہلے حصہ کے ساتویں باب میں تفصیل کے ساتھ کیا ہے۔ پچاس سال کے دوران اس گاؤں کے چھ قانون داں حضرات کو کلکتہ اور پٹنہ ہائی کورٹ میں جج ہونے کا شرف حاصل ہوا ہے۔ ہندوستان کے کسی گاؤں سے شاید ہی اتنے جج ہوئے ہیں۔

نیورہ خاندان کے پہلے شخص جنہیں ہائی کورٹ کے جج ہونے کا فخر حاصل ہوا مسٹر سید شرف الدین بیرسٹر تھے۔ سید فرزند علی جو چھپرہ میں وکالت کرتے تھے ان کے تین لڑکے تھے۔ ایک لڑکے خان بہادر سید نصیر الدین سی آئی ای ریاست بھوپال میں وزیر مالیات تھے اور مسٹر سید شرف الدین صاحب سید فرزند علی صاحب کے چھوٹے لڑکے تھے۔

مسٹر شرف الدین کی تعلیم دس سال کی عمر میں شروع ہوئی اور ابتدائی تعلیم گھر پر پائی۔ اس کے بعد اپنا داخلہ پٹنہ کالجیٹ اسکول میں لیا اور وہاں سے انٹرنس پاس کر کے کلکتہ چلے گئے جہاں سینٹ زیویرس کالج میں دو سال تعلیم حاصل کی۔ موصوف دو سال بعد بیرسٹری کی تعلیم کے لیے انگلستان چلے گئے اور ۱۸۸۰ء میں مڈل ٹمپل سے بیرسٹر ہوئے۔ انگلستان سے واپس آکر پٹنہ میں بیرسٹری کرنے لگے اور اپنے پیشہ میں بڑی شہرت اور کامیابی حاصل کی۔ کچھ دنوں بعد موصوف نے اپنی رہائش کے لیے ایک شاندار مکان تعمیر کیا جو

Marfat.com

"چوہٹہ ہاؤس" کے نام سے مشہور تھا۔ یہ مکان خدا بخش لائبریری کے متصل تھا اور اس کا احاطہ کافی وسیع تھا۔ ان کی وفات کے بعد حکومت بہار نے اس مکان کو سرکاری کاموں کے لیے خرید لیا۔ اسی عمارت میں پٹنہ کالج بہت دنوں تک قائم رہا۔ آج کل اس کے ایک حصے میں گورنمنٹ اردو لائبریری ہے اور "اردو بھون" کی عمارت کچھ دنوں پہلے اس کے احاطہ میں تعمیر کی گئی ہے۔ موصوف گرچہ ایک نہایت ہی مشغول بیرسٹر تھے مگر وقت نکال کر شہری زندگی میں برابر حصہ لیتے رہے۔ نو سال تک مسلسل پٹنہ میونسپلٹی کے میونسپل کمشنر رہے اور عرصہ تک پٹنہ ڈسٹرکٹ بورڈ کے وائس چیئرمین بھی تھے۔ ابتدائی دور میں موصوف نے انڈین نیشنل کانگریس کے کاموں میں خوب دلچسپی لی اور مالی مدد بھی کیا کرتے تھے۔ ہائی کورٹ کے جج ہونے کے بعد بھی صاحب موصوف چند بار بحیثیت مہمان کانگریس کے مختلف اجلاس میں شریک ہوتے رہے مگر ہائی کورٹ کے جج مقرر ہو جانے کے فوراً بعد کانگریس سے علیحدہ ہو گئے۔

حکومت برطانیہ نے مسٹر شرف الدین کو کلکتہ ہائی کورٹ کا جج مقرر کیا اور صاحب موصوف دوسری جنوری ۱۹۰۷ء سے ججی کی خدمات کو انجام دینے لگے۔ یہ پہلا موقع تھا کہ بہار کا کوئی باشندہ کلکتہ ہائی کورٹ کا جج مقرر کیا گیا ہو اور موصوف سے پہلے کوئی بیرسٹر جو اضلاع میں بیرسٹری کیا کرتا تھا ہائی کورٹ کا جج مقرر نہیں کیا گیا تھا۔ ان دونوں وجوہات کی بنا پر صاحب موصوف جب جج مقرر ہوئے تو بہار کے لوگوں میں ایک خوشی کی لہر دوڑ گئی اور عوام الناس کو ان کے جج مقرر کیے جانے پر بڑا فخر حاصل ہوا۔

صاحب موصوف ۱۹۰۷ء سے ۱۹۱۶ء تک کلکتہ ہائی کورٹ کے جج رہے۔ مارچ ۱۹۱۶ء میں جب پٹنہ ہائی کورٹ قائم ہوا تو مسٹر جسٹس شرف الدین کا تبادلہ کلکتہ سے پٹنہ ہو گیا۔ اس زمانے میں پٹنہ ہائی کورٹ ایک چیف جسٹس اور چھ ججوں پر مشتمل تھا۔ صاحب موصوف نے پٹنہ ہائی کورٹ میں ججی کے فرائض کو ۱۹۱۷ء تک انجام دیا۔ موصوف کلکتہ اور پٹنہ ہائی کورٹ میں اپنے کاموں کو نہایت ہی ایمانداری اور خوبی سے انجام دیتے رہے اور کافی شہرت حاصل کی۔ ججی سے پنشن پا جانے کے بعد موصوف کچھ عرصہ تک گورنر بہار واڑیسہ کے اگزیکیوٹو کانسل کے ممبر بھی رہے۔

Marfat.com

مسٹر جسٹس شرف الدین نہایت ہی مرنجامرنج، سادہ مزاج، شریف طبع اور صاف دل انسان تھے۔ مشرقی اور مغربی تہذیبوں کے قابل قدر نمونہ تھے۔ ان کی رہائش گاہ پر ہمیشہ دوستوں کا ایک مجمع رہتا تھا جن میں کچھ ایسے لوگ بھی تھے جو کم وبیش مصاحبت کے فرائض انجام دیتے تھے۔ صاحب موصوف بچوں اور لڑکوں سے بڑی محبت سے ملتے تھے جس کا راقم کو ذاتی تجربہ ہے۔ میرے چھوٹے دادا خان بہادر حشمت حسین علاوہ رشتہ داری کے مسٹر سید شرف الدین کے عزیز دوستوں میں تھے۔ خان بہادر موصوف کے بڑے صاجزادے مسٹر ریاست حسین بیرسٹر بی۔ این۔ کالج کے متصل ایک بنگلہ میں رہا کرتے تھے جہاں راقم کا بھی اکثر قیام رہتا تھا۔ مسٹر سید شرف الدین ہر سنیچر کو اپنی رہائش گاہ "چوہٹہ ہاؤس" سے الفنسٹن سنیما تصویر دیکھنے کے لیے جایا کرتے تھے۔ مسٹر ریاست حسین کا بنگلہ راستہ میں پڑتا تھا اس لیے ہر سنیچر کو تقریباً ایک گھنٹہ صاحب موصوف مسٹر ریاست حسین کے یہاں ٹھہر جاتے اور ادھر ادھر کی باتیں ہوا کرتی تھیں۔ مسٹر سید شرف الدین اپنی گھوڑا گاڑی پر کئی مصاحبوں کے ساتھ سنیما جاتے اور ایک آرام کرسی اپنے ساتھ سنیما ہال کے اندر لے جاتے جس پر بیٹھ کر آرام سے فلم دیکھا کرتے تھے۔ مئی ۱۹۱۹ء میں راقم مسٹر ریاست حسین کے یہاں ٹھہرا ہوا تھا اور اس زمانے میں دسویں جماعت کا طالب علم تھا۔ جب راقم نے جج کو چائے پیش کی تو وہ بہت خوش ہوئے اور دعائیں دے کر کہا کہ تم آج میرے ساتھ سنیما چلو۔ میں نہایت خوشی سے ان کے ہمراہ سنیما گیا۔ اس زمانے میں بولتی تصویروں کا رواج نہ تھا اور تصویروں کا قصہ جو انگریزی زبان میں لکھا ہوتا تھا تصویروں کے ساتھ پردہ پر پیش کیا جاتا تھا۔ جج صاحب نے مجھے ہدایت کی کہ پردہ پر لکھی ہوئی انگریزی عبارتوں کو پڑھ کر سناؤں۔ صاحب موصوف مجھ سے بہت خوش ہوئے کیونکہ میں نے انگریزی عبارتوں کو صحیح طور سے انہیں پڑھ کر سنا دیا۔ موصوف نے مجھے تاکید کی کہ اچھی عبارتوں کو یاد کرلوں کیونکہ یہ عبارتیں سہل انگریزی کا نمونہ ہوا کرتی تھی۔ راقم نے ان عبارتوں کو بہت دنوں تک یاد رکھا۔

مسٹر جسٹس سید شرف الدین کا قد میانہ تھا۔ رنگ کے گورے اور خوب صورت شکل کے تھے۔ نہایت ہی مہمان نواز، یار باش اور دوست پرور انسان تھے۔ حضرت حاجی وارث علی شاہ دیوا شریف ضلع بارہ بنکی کے خاص مریدوں میں تھے اور حضرت موصوف ان

Marfat.com

سے بڑی محبت کرتے تھے۔ جج صاحب نے اپنے پیر کی ایک تصویر کسی یورپین مصور سے بنوائی تھی جو فن مصوری کا اعلیٰ نمونہ تھی۔ میں نے اس تصویر کو مسٹر صفدر امام بیرسٹر پٹنہ کے یہاں دیکھی تھی۔ معلوم نہیں یہ تصویر اب کس کے پاس ہے۔

مسٹر سید شرف الدین نے ۱۹۲۱ء میں انتقال کیا اور نیورہ کے قبرستان میں مدفون ہوئے۔ مسٹر جسٹس سید شرف الدین کے صاحبزادے مسٹر سید احمد شرف الدین ہائی کورٹ میں بیرسٹری کرتے تھے اور اپنے اس پیشے میں کامیاب بھی تھے۔ موصوف میرے چچا مسٹر ریاست حسین کے عزیز دوستوں میں تھے اور راقم کبھی کبھی ان کی رہائش گاہ واقع فریزر روڈ پر ان سے ملنے جایا کرتا تھا۔ موصوف ایک دوست پرست اور مخلص انسان تھے۔ مسٹر جسٹس شرف الدین ان سے بڑی محبت کرتے تھے اور ان کے خرچ کے لیے جتنی رقم درکار ہوتی تھی بے دریغ دیا کرتے تھے۔ آپ نے تقریباً چالیس سال کی عمر میں انتقال کیا۔ موصوف کی بیوہ اور دو لڑکے تقسیم ہند کے بعد پاکستان چلے گئے۔ مسٹر احمد شرف الدین کے بڑے لڑکے احسن شرف الدین چار سال تک پٹنہ کالج میں میرے شاگرد رہے چند سال ہوئے کہ موصوف قضا کر گئے۔ راقم کو اب ان لوگوں کے متعلق کچھ حال معلوم نہیں گرچہ یہ لوگ میرے قریبی رشتہ داروں میں تھے۔ شاید یہ بھی تقسیم ہند کا ایک کرشمہ ہے۔

(دوسرے جج)

سر سید علی امام، کے۔ سی۔ ایس۔ آئی

سر سید علی امام، خاندان نیورہ کے دوسرے فرد تھے جنہیں حکومت برطانیہ نے ججی کا عہدہ عطا کیا تھا۔ صاحب موصوف نیورہ ضلع پٹنہ میں ۱۱ر فروری ۱۸۶۹ء کو پیدا ہوئے۔ آپ کے والد محترم نواب شمس العلماء سید امداد امام صاحب اثر کی ذات میں ایسی جامعیت موجود تھی جو بہت کم لوگوں میں پائی جاتی ہے۔ آپ کو فن طب، شعر و سخن، ادب و تنقید نگاری میں ایک خاص مقام حاصل تھا۔ عربی، فارسی کے علاوہ انگریزی بھی جانتے تھے۔ کچھ عرصہ تک پٹنہ کالج میں فارسی ادب کے پروفیسر رہے مگر انگریز پرنسپل سے کچھ اختلافات کے بنا پر ملازمت سے علیحدگی اختیار کر لی۔ سر سید علی امام ایک ایسے نامور دانش ور

Marfat.com

اور مفکر کے بڑے صاحبزادے تھے۔ سر سید علی امام نے انٹرنس کا امتحان آرہ ضلع اسکول سے ۱۸۸۷ء میں پاس کیا۔ چند ماہ بعد بیرسٹری کی ڈگری حاصل کرنے کے لیے انگلستان گئے اور مڈل ٹمپل سے جون ۱۸۹۰ء میں بیرسٹر ہوئے۔ انگلستان سے واپس آکر صاحب موصوف ماہ نومبر ۱۸۹۰ء میں بحیثیت ایڈوکیٹ کلکتہ ہائی کورٹ کے تحت کام کرنے لگے۔ تقریباً بیس سال تک پٹنہ میں رہ کر بیرسٹری کی۔ اپنی جادو بیانی، قانون فہمی اور قانون دانی کے وجہ سے اتنی شہرت حاصل کی کہ ہندوستان کے ہر صوبہ میں بڑے سے بڑے مقدموں میں بیرسٹر مقرر کیے جاتے اور ان میں کامیاب ہوتے تھے۔ ۱۹۰۹ء میں موصوف حکومت ہند کے اسٹینڈنگ کونسل مقرر کے گئے اس کے کچھ عرصہ بعد ۱۹۱۰ء کے اواخر میں حکومت ہند کے لا ممبر ہوئے اور اس جلیل القدر عہدہ پر دسمبر ۱۹۱۵ء تک فائز رہے۔ جب اس عہدہ سے علیحدہ ہوئے تو پٹنہ ہائی کورٹ میں ۱۹۱۶ء سے بیرسٹری کرنے لگے۔ ستمبر ۱۹۱۷ء میں صاحب موصوف نے پٹنہ ہائی کورٹ میں جج کا عہدہ قبول کیا اور ایک سال تک اس عہدہ پر قائم رہے۔ حکومت بہار نے صاحب موصوف کو ۱۹۱۸ء میں ایکزیکیٹو کانسل کا ممبر مقرر کیا جہاں انہوں نے اگست ۱۹۱۹ء تک اپنے فرائض کو بحسن وخوبی انجام دیا۔ اگست ۱۹۱۹ء میں نظام حیدر آباد نے انہیں وزارت عظمیٰ کا کام سپرد کیا۔ دو سال بعد اس عہدہ سے الگ ہوگئے اور پٹنہ واپس آکر بیرسٹری کرنے لگے۔ اس زمانہ میں پٹنہ ہائی کورٹ میں کوئی قانون داں ان کا ہمسر نہ تھا۔ پہلی جنگ عظیم کے ختم ہونے کے بعد ایک بین الاقوامی ادارہ قائم ہوا جس کا نام لیگ آف نیشنس رکھا گیا۔ دنیا کے مختلف ممالک نے اپنا اپنا نمایندہ اس ادارہ کے لیے منتخب کیا اور سر علی امام پہلے ہندوستانی تھے جنہوں نے لیگ آف نیشنس میں ہندوستان کی نمائندگی کی اور صاحب موصوف کے لیے یہ ایک بہت بڑا اعزاز تھا۔ سر سید علی امام آخری راؤنڈ ٹیبل کانفرنس ۱۹۳۱ء میں مسلمانان ہند کے نمائندے کی حیثیت سے شریک ہوئے اور ایک پرزور تقریر کی کہ ہندوستان کو آزادی دی جائے۔ حکومت برطانیہ نے انہیں کے۔ سی۔ ایس۔ آئی کے خطاب سے سرفراز کیا۔

سر سید علی امام اپنے زمانے کے قابل ترین مسلمان تھے اور انہوں نے جو ملک وملت کی بے نظیر خدمت کی ہے اس کی مثالی بہت کم ملتی ہے۔ بحیثیت وزیر قانون سر علی امام نے

Marfat.com

مسجد مچھلی بازار کانپور کا سنگین معاملہ اپنی دور اندیشی، محنت اور جاں فشانی سے ختم کرا کر ہندوستان کے مسلمانوں کی ایک بہت بڑی الجھن کو دور کیا۔ مسلم قوم ان کی اس بے لوث خدمت کو کبھی فراموش نہیں کر سکتی ہے۔ مسئلہ برار ایک عرصہ سے نظام حیدر آباد کے لیے دردسر بنا ہوا تھا۔ نظام حیدر آباد نے سر علی امام کی خدمات حاصل کیں اور انہیں اپنا وکیل بنا کر لندن بھیجا کہ حکومت برطانیہ کے سامنے اس مسئلہ کو پیش کر کے اس کا کوئی حل نکالیں۔ سر علی امام کی کوششوں کی بدولت نظام حیدر آباد کو چند مراعات حاصل ہو گئیں اور حضور نظام کے بڑے لڑکے پرنس آف برار کہلانے کے مستحق ہو گئے۔ سر علی امام نے کانگریس کے کسی اجلاس میں بحیثیت ممبر شرکت نہ کی اور مسلمانوں کے حقوق کی سختی سے محافظت کرتے رہے۔ صاحب موصوف کا مسلم لیگ سے عرصہ دراز تک تعلق رہا اور آپ اس سالانہ اجلاس کے صدر ہوئے جو ۱۹۰۸ء میں امرتسر میں منعقد ہوا تھا۔ سر محمد اقبال کو سر سید علی امام سے بڑی عقیدت مندی تھی۔ چنانچہ سر محمد اقبال نے اپنے شعر میں سر علی امام کو "نگہدار حقوق امت خیر البشر" کہا ہے جس سے سر سید علی امام کی عظمت کا پتہ چلتا ہے۔

بحیثیت وزیر قانون سر سید علی امام نے بنگال سے بہار اور اڑیسہ کے صوبہ کو الگ کرانے میں کارنمایاں انجام دیا اور شاہ جارج پنجم نے اپنے دہلی دربار کے موقع پر دسمبر ۱۹۱۱ء میں بہار اور اڑیسہ کے ایک الگ صوبہ بنائے جانے کا اعلان کیا۔ موصوف کو "بابائے جدید بہار اور اڑیسہ" کا لقب تو ضرور حاصل ہوا لیکن بنگال سے الگ ہو جانے کے بعد بہار میں مسلمانوں کی دس فیصد اور اڑیسہ میں چار فیصد آبادی ہو گئی اور مسلمان بہار و اڑیسہ میں اقلیت بن کر رہ گئے۔ معلوم نہیں یہ کاروائی سر سید علی امام نے کس جذبے کے تحت کی تھی۔

۱۹۲۸ء میں پنڈت موتی لال نہرو نے "Indian Reforms" پر اپنی ایک سیاسی اسکیم مرتب کی جو نہرو رپورٹ کے نام سے مشہور ہوئی۔ اس نہرو رپورٹ پر سر سید علی امام نے اپنا دستخط ثبت کر دیا اور رپورٹ کی تائید میں ایک جلسہ عام میں تقریر بھی کی تھی۔ کہا جاتا ہے کہ سر سید علی امام نے اس رپورٹ پر بغیر زیادہ غور و خوض کیے اپنا دستخط کر دیا تھا۔ نہرو رپورٹ کی مخالفت میں مسٹر سید عبد العزیز اور مولانا شفیع داؤدی نے پٹنہ میں ایک جلسہ منعقد کیا جس میں مولانا شوکت علی، مولانا محمد علی اور سر سید علی امام بھی شریک تھے۔ مولانا

Marfat.com

محمد علی نے اپنے تقریر میں نہرو رپورٹ کی دھجیاں اڑادیں اور مسلمانانِ ہند اس رپورٹ کی مخالفت پر کمربستہ ہوگئے۔ بعد ازاں یہ رپورٹ بےکار ہوکر رہ گئی۔ جیسا کہ اوپر ذکر کیا جاچکا ہے۔ علامہ سر محمد اقبال سر سید علی امام کی شخصیت سے بہت متاثر تھے اور ہمیشہ موصوف کے بڑے مداح رہے۔ اپنی کتاب "اسرار خودی" کو انیس اشعار کا ایک قصیدہ لکھ کر سر علی امام کے نام سے معنون کیا۔ اسرار خودی کے دو ایڈیشنوں میں یہ قصیدہ موجود ہے مگر معلوم نہیں کیوں بعد کے ایڈیشنوں میں یہ قصیدہ درج نہیں ہے۔

سر سید علی امام ننہیالی رشتہ سے میرے ماموں ہوتے اور ددھیالی رشتہ سے چچا تھے۔ موصوف سے تیسرا رشتہ اس وقت قائم ہوا جب راقم کی ایک خالہ زاد بہن کی شادی سر علی امام سے ہوئی۔ موصوفہ لیڈی انیس امام کے نام سے مشہور ہوئیں اور سماجی، سیاسی، علمی اور مذہبی کاموں میں نمایاں حصہ لیتی رہیں۔ عرصہ دراز تک بہار لیجس لیٹو کونسل کی ممبر بھی رہیں۔ چند سال ہوئے انتقال کر گئیں۔ موصوف کی دوسری بیوی "میری" (مریم) نام کی ایک عیسائی خاتون تھیں۔

سر سید علی امام راقم کے والد سے بڑی محبت کرتے اور والد صاحب بھی ان کی بڑی عزت کرتے تھے۔ اس تعلق کا تذکرہ والد صاحب نے اپنی نگارشات میں کیا ہے۔ سر علی امام نے والد صاحب سے ایک موقع پر فرمایا تھا کہ "وجود باری تعالیٰ پر مجھے ایسا ہی یقین ہے جیسا کہ کسی ذاتی مشاہدہ کی چیز پر یقین ہوتا ہے۔" موصوف کے اس جملہ کا ایک گہرا اثر والد صاحب پر ہوا۔ سر سید علی امام کی ہر سالگرہ کے موقع پر والد مرحوم انہیں کوئی نہ کوئی تحفہ پیش کیا کرتے تھے۔ آخری سالگرہ کے موقع پر والد صاحب نے قرآن کریم ایک نسخہ نذر کیا اور یہ سوچا کہ آئندہ یوم پیدائش پر قرآن اور احکام قرآن کے متعلق ایک کتابچہ لکھ کر سر علی امام کو نذر کریں۔ والد صاحب کا یہ ارادہ پورا نہ ہوسکا کیونکہ سر سید علی امام کا اچانک انتقال ہوگیا اور حالات بدل گئے۔ والد مرحوم کی وفات کے، چند سال بعد ان کی یاد تازہ رکھنے کے لیے خیال آیا کہ ان مقالات کی طباعت اور اشاعت ہوجائے تو بہتر ہے۔ چنانچہ راقم نے اس کتابچہ کو "چھ مقالے" کا نام دے کر ۱۹۷۱ء میں چھپوا کر لوگوں میں تقسیم کیا۔ راقم سر سید علی امام کی خدمت میں اکثر حاضر ہوا کرتا تھا اور ان کے خصائل حمیدہ سے بہت متاثر ہوتا تھا۔ سر سید

Marfat.com

علی امام کی عاجزی اور انکساری کا یہ حال تھا کہ اپنے سے کمتر درجہ کے لوگوں سے بھی نہایت اخلاق سے ملتے تھے۔ ایک روز "مریم منزل" پٹنہ میں راقم سر سید علی امام کے ساتھ دن کا کھانا کھا رہا تھا کہ ان کے دور کے ایک نوجوان رشتہ دار جنہیں جذام کا مرض تھا یک بیک کھانے کے کمرے میں داخل ہو گئے۔ انہیں دیکھ کر سر سید علی امام نے فرمایا کہ آپ بھی ہم لوگوں کے ساتھ کھانے میں شرکت کریں۔ مریض رشتہ دار نے نہایت خوش ہو کر ہم لوگوں کے ساتھ بیٹھ کر ٹیبل پر کھانے میں شرکت کی۔ کھانا چونکہ انگریزی طرز سے کھلایا جا رہا تھا اس لیے چھوت کا اندیشہ بہت کم تھا۔ کھانا ختم ہو جانے کے بعد سر سید علی امام نے اپنے خدمت گار کو اشارے سے ہدایت کی کہ ٹیبل پر وہ سب چیزیں جنہیں رشتہ دار موصوف نے استعمال کی تھیں الگ کر دی جائیں۔

والد مرحوم کی وصیت کے مطابق راقم کی طرف سے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی اس امیدوار کو جو ایل۔ بی کے امتحان میں اسلامی قانون میں سب سے زیادہ نمبر لاتا ہے ایک میڈل سر سید علی امام کے نام پر ہر سال ہماری دی ہوئی رقم سے عطا کرتی ہے۔ ڈاکٹر سچدانند سنہا کی طرف سے پٹنہ یونیورسٹی ایک میڈل ہر سال دیتی ہے۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ موصوف کے ورثاء نے اب تک سر سید علی امام کی کوئی یادگار قائم نہ کی ہے۔ سر سید علی امام کو انگریزی زبان کے علاوہ اردو زبان پر بھی کافی عبور حاصل تھا اور انہیں سینکڑوں اردو کے اشعار یاد تھے۔ اردو زبان میں فی البدیہہ تقریریں نہایت ہی سلاست اور روانی سے کیا کرتے تھے جن کو سن کر بڑے سے بڑے اردو زبان کے ماہرین دم بخود رہ جاتے تھے۔ سر سید علی امام قوی الجثہ انسان تھے اور اپنی صحت کو برقرار رکھنے کے لیے روزانہ ورزش کیا کرتے تھے۔ موصوف کی پہلی شادی ان کے اپنے خاندان ہی میں ہوئی تھی۔ صرف پہلی اہلیہ سے چار لڑکیاں اور پانچ لڑکے پیدا ہوئے۔ ان کے سب لڑکوں نے انگلستان جا کر کیمبرج یونیورسٹی میں تعلیم پائی اور اعلیٰ ڈگریاں حاصل کیں۔ تین لڑکوں نے پٹنہ ہائی کورٹ میں بیرسٹری کی اور دو لڑکے پٹنہ ہائی کورٹ کے جج ہوئے اور کافی شہرت حاصل کی۔ سر سید علی امام اپنی بے مثال رواداری، شرافت اور بے شمار خوبیوں کے لیے ہمیشہ یاد رہیں گے۔

سر سید علی امام کو اللہ کی ذات پر بڑا بھروسہ تھا۔ وہ اپنے تمام کاموں میں اللہ کی ہی

Marfat.com

خوشنودی ڈھونڈتے اور ہمیشہ راضی بہ رضا رہے۔ ایک شاندار مکان "انیس کاسل" (Anis Castle) اپنی تیسری بیوی کے نام پر رانچی میں تعمیر کرا رہے تھے اور اس سلسلے میں اکثر پٹنہ سے رانچی بذریعہ موٹر کار جایا کرتے تھے۔ آخری بار اپنے چھوٹے صاحبزادے مسٹر سید تقی امام کو اپنے ساتھ لے کر رانچی گئے جہاں ان پر قلب کا دورہ پڑا اور جاں بحق ہو گئے۔ مسٹر سید تقی امام کا بیان ہے کہ ان کی موت نہایت سہل طریقے میں ہوئی اور اللہ کا نام لیتے ہوئے اس دار فانی سے کوچ کر گئے جن لوگوں کے اعمال اچھے ہوتے ہیں اللہ ان کی موت کو آسان کر دیتا ہے۔ سر سید علی امام نے ۳۱ر اکتوبر ۱۹۳۲ء کی شب میں انتقال کیا اور "انیس کاسل" رانچی میں اپنی مقرر کردہ جگہ پر مدفون ہوئے۔

(تیسرے جج)

مسٹر جسٹس سید حسن امام:

نیورہ خاندان کے تیسرے ہائی کورٹ کے جج مسٹر سید حسن امام تھے۔ موصوف نواب شمس العلماء امداد امام اثر کے صاحبزادے اور سر سید علی امام کے چھوٹے بھائی تھے۔ نواب امداد امام کا تعلق ایک متوسط زمیندار خاندان سے تھا۔ مسٹر سید حسن امام موضع نیورہ ضلع پٹنہ میں ۳۱ر اگست ۱۸۷۱ء کو پیدا ہوئے۔ گھر پر اپنے والد سے ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد اسکول میں داخلہ لیا۔ مگر صحت کی خرابی کے سبب اسکول کی تعلیم مکمل نہ کر سکے۔ جولائی ۱۸۸۹ء میں موصوف تعلیم حاصل کرنے کے لیے انگلستان گئے۔ لندن پہنچ کر اٹھارہ برس کی عمر میں قانون کی تعلیم کے لیے اپنا داخلہ مڈل ٹمپل میں لیا اور ۱۸۹۲ء میں وہاں سے بیرسٹری کا امتحان پاس کیا اور اسی سال ہندوستان واپس آ کر پٹنہ میں کلکتہ ہائی کورٹ کے تحت بیرسٹری کرنے لگے۔ موصوف کی پہلی شادی اپنے خاندان میں ہی ہوئی تھی اور بہت دنوں بعد دوسری شادی ایک عیسائی خاتون سے ہوئی۔ پہلی بیوی کے بطن سے دو لڑکے اور دو لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ موصوف کے لڑکے الحاج مسٹر مہدی امام کی تعلیم بچپن سے انگلستان میں ہوئی۔ آکسفورڈ یونیورسٹی سے نہایت اعلیٰ ڈگری حاصل کی اور بیرسٹر ہو کر پٹنہ ہائی کورٹ میں کام کرنے لگے۔ انہوں نے بحیثیت مصنف، مفکر اور دانش ور نہایت

Marfat.com

شہرت حاصل کی۔ کچھ دن ہوئے موصوف ۸۵ سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ مسٹر سید مہدی امام کی شادی مسٹر جسٹس سر سید فضل علی کی صاحبزادی سے ہوئی تھی۔ مسٹر سید حسن امام کی دونوں لڑکیوں نے بھی یورپ میں تعلیم حاصل کی۔ بڑی لڑکی کی شادی مسٹر سید عبدالسمیع بیرسٹر سے اور چھوٹی لڑکی کی شادی مسٹر جسٹس سید جعفر امام سے ہوئی تھی۔ دونوں لڑکیاں بھی قضا کر چکی ہیں۔ عیسائی خاتون کے بطن سے ایک لڑکا پیدا ہوا جو بقید حیات ہے۔

مسٹر سید حسن امام میانہ قد خوبرو اور صحت مند انسان تھے۔ برابر انگریزی لباس زیب تن کیا کرتے۔ کبھی کبھی ہندوستانی لباس بھی استعمال کرتے تھے، مگر گاندھی جی کی سودیشی تحریک سے متاثر ہو کر کچھ دنوں تک کھادی کے کپڑے بھی پہنے۔ نہایت ہی جامہ زیب انسان تھے اور جو لباس پہنتے بھلا معلوم ہوتا۔ اپنی اولاد سے والہانہ محبت کرتے تھے۔ عام طور سے اپنے عزیزوں اور دوستوں سے نہایت خلوص اور محبت سے ملتے مگر بسا اوقات انہی لوگوں سے نہایت تندی و ترشی سے باتیں کیا کرتے اور بعد میں معافی بھی مانگ لیتے تھے۔ موصوف کی رہائش بالکل انگریزی طرز کی تھی۔ انگریز دانشوروں اور قانون دانوں کے بڑے مداح تھے۔ ان کی نئی نئی تصانیف کو خرید خرید کر پڑھا کرتے اور اکثر اپنے انگریز دوستوں سے ملنے انگلستان جایا کرتے تھے۔ مسٹر مونٹیگو، سکریٹری آف اسٹیٹ فار انڈیا نے اپنے روزنامچے "انڈین ڈائری" میں مسٹر حسن امام کا تذکرہ نہایت ہی عزت سے کیا ہے۔ کچھ نامور انگریز ممبران پارلیامنٹ بھی ان کے مداح تھے۔ ہندوستان میں جو انگریز حکمراں ہو کر آتے ان سے سیاسی اختلافات کی بنا پر مسٹر سید حسن امام کی کبھی نہ بنی۔ راقم کو اس سلسلے میں انگریزوں کا موصوف کے ساتھ برتاؤ کا ایک دلچسپ واقعہ یاد آ گیا۔ موصوف رات کی گاڑی سے رانچی جا رہے تھے اور کرتے پائجامے میں ملبوس فرسٹ کلاس کے ایک برتھ پر آرام کر رہے تھے۔ اسی دوران ایک انگریز مسٹر کلیٹن جو حکومت بہار کا چیف انجینئر تھا اسی کمپارٹمنٹ میں داخل ہوا اور موصوف ہی کے برتھ پر ان کے پہلو میں بیٹھ گیا۔ جب موصوف کے نوکر نے مزاحمت کی اور اسے اٹھانا چاہا تو مسٹر کلیٹن نے غصے میں آ کر مسٹر سید حسن امام کے پیٹ پر بیٹھ جانے کی کوشش کی۔ اس کی اس مذموم حرکت پر نوکر کو طیش آ گیا اور اس نے مسٹر کلیٹن کی گردن میں ہاتھ دے کر ڈبے سے نیچے اتار دیا۔ جب مسٹر کلیٹن کو حقیقت حال کا علم

Marfat.com

ہوا اور یہ معلوم ہوا کہ یہ صاحب مسٹر سید حسن امام ہیں تو اس نے فوراً موصوف سے معافی مانگی۔ اسی اثناء میں پلیٹ فارم پر تماشائیوں کی ایک بھیڑ کمپارٹمنٹ کے سامنے جمع ہو گئی، مگر مسٹر سید حسن امام کے کہنے پر وہ لوگ منتشر ہو گئے۔ دوسرے روز اخباروں نے نمایاں طور پر اس خبر کو شائع کیا اور ہندوستان میں ہر جگہ اس خبر کی کافی تشہیر ہوئی۔

مسٹر سید حسن امام نے بجز ان چار سالوں کے جب وہ کلکتہ ہائی کورٹ کے جج تھے، اپنی ساری عمر پیشہ بیرسٹری میں صرف کی اور نہایت کامیابی اور شہرت حاصل کی۔ اس زمانے میں ہندوستان میں بہت کم قانون داں ایسے تھے جو شہرت، عزت اور قانون دانی میں ان کی ہمسری کر سکتے تھے۔ صاحب موصوف ہندوؤں کے قانون کے متعلق بھی ایک مستند اور ماہر قانون داں سمجھے جاتے تھے۔ دوران بحث، ہندو لاء کو سامنے رکھ کر اس کے حوالوں سے ایسے ایسے نکتے پیش کرتے جن کو سن کر بڑے بڑے پنڈت بھی دم بخود رہ جاتے تھے۔ اس پیشے سے موصوف نے بے انتہا دولت حاصل کی اور مرنے کے بعد تقریباً ایک کروڑ روپے کی ملکیت اپنے ورثاء کے لیے چھوڑ گئے۔ مرنے سے کچھ دنوں پہلے موصوف نے پٹنہ میں فریزر روڈ پر اپنے لیے ایک عالی شان مکان بنوایا، جس کا نام "رضوان" رکھا۔ یہ مکان یورپ کے فن تعمیر کو مد نظر رکھتے ہوئے بنایا گیا اور آرام و آسائش کی تمام چیزیں اس میں فراہم کی گئی تھیں بجلی اور پانی کا اپنا ذاتی انتظام تھا۔ اتنے بڑے مکان میں صرف صاحب موصوف، ان کی والدہ، ان کی عیسائی بیگم اور دو لڑکے رہا کرتے تھے۔ کاش اس بڑے مکان میں ایک مسجد بھی ہوتی۔

مسٹر سید حسن امام ۱۹۱۳ء سے ۱۹۱۶ء تک کلکتہ ہائی کورٹ میں جج رہے اور بحیثیت جج نہایت شہرت حاصل کی۔ اس زمانے میں انگریز آئی۔ سی۔ ایس افسروں کا بڑا زور تھا اور کبھی کبھی یہ لوگ اپنے حکم ناموں سے عوام الناس کو دشواریوں میں ڈال دیا کرتے تھے۔ مسٹر سید حسن امام نے چند آئی۔ سی۔ ایس افسروں کے خلاف نہایت سخت فیصلے صادر کیے اور ساتھ ہی ساتھ تادیبی کارروائیوں کے احکام بھی جاری کیے۔ انہی وجوہات کی بنا پر بنگال، بہار اور اڑیسہ کے انگریز آئی۔ سی۔ ایس حکام مسٹر سید حسن امام کے مخالف ہو گئے۔ آج سے تقریباً پچاس سال پہلے مسٹر ڈی۔ وسٹن، آئی۔ سی۔ ایس ترہٹ ڈویژن کے کمشنر تھے۔ وسٹن

Marfat.com

صاحب کے ساتھ والد مرحوم نے کچھ عرصے تک بحیثیت سب ڈویژنل مجسٹریٹ کام کیا تھا اور راقم صاحب موصوف سے دو چار بار ملا تھا۔ ایک ملاقات میں وسٹن صاحب نے مسٹر سید حسن امام کے چند فیصلوں پر سخت تنقید کی اور کہا کہ مسٹر حسن امام کے ایسے فیصلے انگریز دشمنی پر مبنی ہوا کرتے تھے۔ انہی وجوہات کی بنا پر بہار، بنگال اور اڑیسہ کے تمام انگریز آئی۔ سی۔ ایس حکام مسٹر حسن امام کے سخت مخالف ہو گئے اور جب صاحب موصوف کا مارچ ۱۹۱۶ء میں تبادلہ کلکتہ ہائی کورٹ سے پٹنہ ہائی کورٹ ہونے لگا تو لفٹننٹ گورنر بہار واڑیسہ نے اس کی سخت مخالفت کی اور ان کا تبادلہ پٹنہ ہائی کورٹ میں نہ ہو سکا۔ مسٹر سید حسن امام نے اس سازش کی کوئی پرواہ نہ کی اور منصب ججی سے اپنا استعفا داخل کر دیا۔ پٹنہ ہائی کورٹ میں اسی روز سے بیرسٹری کرنے لگے جس روز یہ ہائی کورٹ قائم ہوا تھا۔ گرچہ مسٹر سید حسن امام تھوڑے ہی عرصے تک ہائی کورٹ کے جج رہے مگر اپنی قابلیت کی وجہ سے اس قلیل مدت میں کافی شہرت اور عزت حاصل کر لی تھی۔ عام طور پر راقم نے گورے حکام میں ایسی ایسی خوبیاں دیکھی ہیں جو آج کل کے مغرور کالے حکام میں بالکل مفقود ہیں۔ انگریز آئی۔ سی۔ ایس رشوت ستانی سے بہت دور رہتے تھے اور عوام الناس کی فلاح و بہبود کے کاموں میں اپنا بہت کچھ وقت صرف کرتے تھے۔

وسٹن صاحب کا تذکرہ ادھورا رہ جائے گا جب تک راقم ان کے پالتو طوطے کا ذکر نہ کرے۔ ان کا "کاکاطوا" پتلی زنجیر سے بندھا ہوا ان کے کمرے کی آتش دان پر بیٹھا رہتا تھا اور اکثر ان لوگوں کے سروں پر آ کے بیٹھ جاتا تھا جو وسٹن صاحب سے ملنے آیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ جب راقم وسٹن صاحب سے ملنے گیا تو میں بار بار خائف ہو کر کاکاطوا کی طرف دیکھ رہا تھا۔ وسٹن صاحب نے میرے اطمینان کے لیے ہنس کر فرمایا کہ میرا کاکاطوا بڑا مہذب پرندہ ہے یہ ان لوگوں کے سروں پر ہرگز نہیں بیٹھتا جو سوٹ میں ملبوس آتے ہیں بلکہ یہ ان ہندو زمینداروں کے سروں پر بیٹھتا ہے جو بڑی بڑی پگڑیاں باندھ کر آتے ہیں اور وہ لوگ اپنے سروں پر کاکاطوا کے بیٹھنے کو اپنی خوش بختی سمجھتے ہیں۔

مسٹر سید حسن امام بہار کے معاشرے کی اصلاح چاہتے تھے۔ اسی خیال کے مدنظر بہار کی عورتوں میں پردے کا جو قدیم رواج تھا اس کے سخت مخالف ہوئے اور اپنی دونوں

Marfat.com

جوان لڑکیوں کا پردہ ترک کرادیا۔ اس زمانے میں بہار کی عورتوں میں تعلیم کا رواج بہت کم تھا اس لیے موصوف عورتوں کی تعلیم پر بہت زور دینے لگے۔ بحیثیت ممبر ٹکاری بورڈ آف ٹرسٹیز انہوں نے لڑکیوں کی تعلیم کے لیے چند اسکیمیں چلائیں۔ صاحب موصوف علی گڑھ کالج کے ایک ٹرسٹی تھے اور آپ نے کالج کے لیے چندہ فراہم کرنے میں مدد کی تھی۔ پٹنہ کے بی۔ این۔ کالج کو اپنی جیب سے ایک ہزار روپے کا سالانہ عطیہ دیا کرتے تھے۔

مسٹر سید حسن امام نے ۱۹۰۸ء میں پہلی مرتبہ سیاست میں حصہ لینا شروع کیا۔ ۱۹۰۹ء میں صاحب موصوف بہار کانگریس کمیٹی کے ممبر منتخب ہوئے اور اسی سال بہار اسٹوڈنٹس کانفرنس کے چوتھے اجلاس کی صدارت کی۔ "ہوم رول" کی تحریک میں بھی حصہ لیا کرتے تھے اور مسز بسنت کے بڑے ہمدرد تھے۔ ۱۹۱۸ء میں انڈین نیشنل کانگریس کا ایک خصوصی اجلاس بمبئی میں ہوا جس کی صدارت مسٹر سید حسن امام نے کی۔ گرچہ مسٹر سید حسن امام کانگریس کے ممبر تھے مگر کانگریس کی ہنگامہ خیز تحریکوں سے برابر الگ رہے۔ تحریک خلافت میں بھی حصہ لیا۔ صاحب موصوف اس کانگریسی وفد کے ممبر تھے جس نے انگلستان جاکر حکومت برطانیہ کو مسلمانوں کے سیاسی مسائل اور خیالات سے آگاہ کیا تھا۔ ۱۹۳۰ء میں سول نافرمانی کی تحریک میں بھی شریک رہے۔ بحیثیت سکریٹری سودیشی لیگ کھادی کے استعمال پر بڑا زور دیتے تھے۔ ۱۹۲۱ء میں صاحب موصوف بہار واڑیسہ لیجس لیٹو کونسل کے ممبر نامزد کیے گئے، اور آپ اس کانسل کے پہلے منتخب نائب صدر ہوئے۔ لیگ آف نیشنس کے چوتھے اجلاس میں موصوف نے بحیثیت ممبر شرکت کی۔ مسٹر سید حسن امام نے ۱۹/اپریل ۱۹۳۳ء کو انتقال کیا، اور موضع جپلا ضلع شاہ آباد میں مدفون ہوئے۔

تحریکِ ترک موالات کے زمانے میں مسٹر گاندھی نے مسٹر حسن امام سے کئی بار کہا کہ وہ بیرسٹری چھوڑ دیں اور تحریک میں شامل ہو جائیں مگر مسٹر حسن امام نے بیرسٹری نہ چھوڑی مگر مالی امداد میں کثیر رقم دیتے رہے۔ ان کے تحریک میں شامل نہ ہونے کی بنا پر "زمیندار" مورخہ ۲۰/ فروری ۱۹۲۲ء میں ان پر ایک ہجویہ نظم چھپی جس کے چند اشعار حسب ذیل ہیں:

Marfat.com

وہ کون ہے جو نہیں آج کل اسیر فرنگ
سی۔آر۔داس نہیں یا ابو الکلام نہیں
بہ حیرت اس پہ کہا ایک دوست نے مجھ سے
کہ اس گروہ میں شامل حسن امام نہیں
کہا یہ دوست سے میں نے وہ مرغ دانا ہیں
حریص دانہ ہیں لیکن حریص دام نہیں

مسٹر سید حسن امام کے نواسے مسٹر سید حسن سمیع راقم سے بڑی محبت کرتے تھے۔ انگریزی اور اردو میں اشعار کہتے تھے۔اور اشتراکی سیاست میں حصہ لیا کرتے تھے۔سید حسن سمیع کے لڑکے رضاء سمیع کی شادی میرے ماموں زاد بھائی مسٹر جمال وارث کی لڑکی سے ہوئی ہے۔

(چوتھے جج)

مسٹر جسٹس سید جعفر امام:

یہ کم ہی دیکھا گیا ہے کہ باپ کی طرح بیٹا بھی ہو لیکن سر سید علی امام کو اللہ نے یہ فخر بخشا کہ اسی ہائی کورٹ میں جہاں وہ جج تھے ان کے دو صاحبزادے بھی ججی کے منصب پر فائز ہوئے۔

مسٹر سید جعفر امام نیورہ خاندان کے چوتھے فرد تھے جو پٹنہ ہائی کورٹ میں جج ہوئے۔موصوف سر سید علی امام کے تیسرے لڑکے تھے۔آپ کی پیدائش ۱۸/اپریل ۱۹۰۰ء میں نیورہ ضلع پٹنہ میں ہوئی۔اپنی پہلی اہلیہ کی موت کے بعد سر سید علی امام نے اپنے پانچوں بچوں کو جو نہایت ہی کم سن تھے ایک مشفق اور قابل انگریز کی نگرانی میں تعلیم و تربیت کے لیے انگلستان روانہ کیا اور اس انگریز اتالیق نے بھی نہایت ہی ایمانداری کے ساتھ اپنا فرض ادا کیا۔

صاحب موصوف کی ابتدائی تعلیم Lynamus School اور Malbern Public School میں ہوئی جو اس زمانے میں کافی شہرت رکھتے تھے۔اسکول کی تعلیم

Marfat.com

مکمل کر کے صاحب موصوف نے اپنا داخلہ ٹرینیٹی کالج میں لیا جو کیمبرج یونیورسٹی کا ایک نہایت ہی نامور کالج ہے اور یہاں سے بی۔اے کا امتحان ٹرائپوس کے ساتھ پاس کیا۔ چونکہ ابتداء ہی سے آپ کا طبعی میلان قانون دانی کی طرف تھا، اس لیے آپ نے ایل۔ایل۔بی کی ڈگری بھی اسی یونیورسٹی سے امتیاز کے ساتھ حاصل کی۔ مڈل ٹمپل سے جنوری ۱۹۲۲ء میں بیرسٹر ہو کر پٹنہ واپس آگئے اور مارچ ۱۹۲۲ء سے بحیثیت بیرسٹر پٹنہ ہائی کورٹ میں کام کرنے لگے۔ تھوڑی ہی مدت میں آپ کی اعلیٰ قانونی کارکردگی اور صلاحیت کی بنا پر حکومت بہار نے موصوف کو ۱۹۳۲ء میں اسسٹنٹ گورنمنٹ ایڈوکیٹ کے عہدے پر مقرر کر دیا جس عہدے پر موصوف ۱۹۴۲ء تک فائز رہے۔ ۴۳۔۱۹۴۲ء میں ایک سال کے لیے ایڈوکیٹ جنرل بھی ہوئے۔ ۱۹۴۳ء میں حکومت نے موصوف کو پٹنہ ہائی کورٹ کا جج مقرر کیا اور آپ ۱۹۵۳ء تک اپنے فرائض حسن و خوبی کے ساتھ انجام دیتے رہے۔ ان کی اعلیٰ قانونی صلاحیت سے متاثر ہو کر ۱۹۵۳ء میں حکومت نے انہیں پٹنہ ہائی کورٹ کا چیف جسٹس مقرر کیا اور اس عہدہ پر موصوف نے جنوری ۱۹۵۵ء تک کام کیا۔ آپ کے فیصلے نہایت منصفانہ اور قانون کے مطابق ہوتے تھے اور کسی کے لیے شکایت کی ذرا بھی گنجائش نہ رہتی تھی۔ حکومت نے مسٹر سید جعفر امام کو جنوری ۱۹۵۵ء میں سپریم کورٹ آف انڈیا کا جج مقرر کیا۔ اس عہدے پر موصوف پنشن پانے تک فائز رہے۔ موصوف کی تقرری چیف جسٹس آف انڈیا کے عہدے پر ہونے والی تھی کہ اچانک بیمار ہو گئے۔ اس بیماری میں بھی کچھ دنوں تک آپ اپنے فرائض انجام دیتے رہے۔ جب صحت یابی کو کوئی امید باقی نہ رہی تو کچھ دنوں کے لیے فرصت لے لی اور بعد میں اپنے عہدے سے سبکدوش ہو کر پٹنہ واپس آگئے۔ ساری عمر موصوف نے قانونی خدمات میں صرف کر دی اور کبھی بھی کسی قسم کی سیاست میں حصہ نہ لیا۔ صاحب موصوف سے پہلے پٹنہ ہائی کورٹ میں ۹ چیف جسٹس ہوئے جن میں چھ انگریز تھے اور آپ پٹنہ ہائی کورٹ کے چوتھے ہندوستانی چیف جسٹس تھے۔

سر سید علی امام کے پانچوں لڑکوں میں مسٹر جعفر امام سب سے زیادہ خوبرو تھے اور یہ خوبروئی بڑھاپے تک قائم رہی۔ فطرتاً نہایت مردم شناس اور مہذب مگر جذباتی انسان تھے، بہت کم لوگوں سے ملتے لیکن جس سے بھی ملتے خلوص و محبت سے ملتے اور اپنے تعلقات کو

Marfat.com

حتی الامکان قائم رکھنے کی کوشش کرتے تھے۔ آپ کی شادی مسٹر سید حسن امام کی چھوٹی لڑکی اسماء امام سے ہوئی تھی اور ان کے بطن سے ایک لڑکا اور دو لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ موصوف کے صاحبزادے مسٹر سید اکبر امام بیرسٹر ہو کر آئے اور پٹنہ ہائی کورٹ میں کام کرنے لگے۔ اس پیشے میں ابتداء ہی سے ترقی کرتے گئے۔ مگر حیات نے وفا نہ کی اور جوانی ہی ہی میں فوت ہو گئے۔

مسٹر جعفر امام کی بڑی لڑکی کی شادی مسٹر حمید اللہ بیگ سے ہوئی جنہوں نے چیف جسٹس آف انڈیا ہو کر پنشن پائی۔ موصوف ۱۹۸۸ء میں قضا کر گئے۔

جعفر بھائی اور اسماء باجی نے راقم سے زندگی بھر برادرانہ تعلق قائم رکھا۔ جب بھی میں ان لوگوں سے پٹنہ یا دلی میں ملنے جاتا تو دونوں میاں بیوی نہایت ہی خندہ پیشانی سے میرا خیر مقدم کرتے تھے۔ جب اکبر امام کا داخلہ کالج میں ہوا تو اسماء باجی نے مجھے اکبر امام کا مقامی گارجین بنوایا اور میں نے جہاں تک ممکن ہو سکا اس ذمہ داری کو نبھایا۔ مسٹر جعفر امام اور ان کی اہلیہ دونوں کو اکبر امام سے والہانہ محبت تھی جس کا مظاہرہ اکثر ہوا کرتا تھا۔ اکبر امام شروع ہی سے ایک اچھے مقرر تھے۔ ایک سال جاڑوں میں انگریزی بین المدارس مباحثہ منعقد ہوا جس میں اکبر امام نے بھی شرکت کی تھی۔ میری ذمہ داری یہ تھی کہ مسٹر سید جعفر امام کی رہائش گاہ پر آکر اکبر امام کو اپنے ساتھ لے جاؤں اور مباحثے کے ختم ہونے پر انہیں گھر پہنچا جاؤں۔ مباحثہ قریب دس بجے رات کو ختم ہوا اور میں اکبر امام کو اپنے ساتھ لے کر قریب پونے گیارہ بجے رات کو جب جعفر بھائی کی رہائش گاہ پر پہنچا تو دیکھا کہ ماں اور باپ دونوں نہایت اضطرابی کیفیت میں ان کے آنے کے منتظر ہیں۔ میں نے اسماء باجی کو ٹیلی فون پر تاخیر کی اطلاع دے دی تھی اور اس میں پریشانی کی کوئی وجہ نہ تھی۔

مسٹر سید جعفر امام اور ان کی اہلیہ کا رہن سہن ہمیشہ مغربی طرز کا رہا لیکن اس کے باوجود دونوں میاں بیوی مذہب کا کافی احترام کرتے تھے۔ چنانچہ بیگم جعفر امام نے چار مرتبہ حج کیا اور زیارت مدینہ منورہ سے مشرف ہوئیں۔ اپنے سفر حج کا تذکرہ نہایت ذوق و شوق اور احترام سے کیا کرتی تھیں۔ انہوں نے جعفر امام صاحب کی موت کے چند سال بعد ۱۹۶۷ء میں پہلی مرتبہ حج کیا۔ اپنا دوسرا حج مسٹر جعفر امام کے لیے بہ طور حج بدل کیا۔ اور تیسرا حج

Marfat.com

اپنے والد مرحوم مسٹر سید حسن امام کے لیے کیا۔ موصوفہ جب بھی حج سے واپس آتیں تو فقراء کو خیرات دیتیں، ایک محفل میلادالنبی بھی منعقد کراتیں جس میں عام طور سے مولانا سید شاہ صبیح الحق صاحب عمادی پٹنہ سیٹی فضائل رسول اللہ ﷺ بیان کرتے تھے۔ نیز تقریباً دو ڈھائی سو لوگوں کی نہایت پر تکلف کھانوں سے تواضع کرتی تھیں۔ راقم بھی ان محفلوں میں شریک ہوا کرتا تھا۔

پنڈت موتی لال نہرو سر سید علی امام کے خاص دوستوں میں تھے۔ اسی تعلق کی بنا پر دہلی میں قیام کے دوران مسٹر سید جعفر امام پنڈت جواہر لال نہرو سے اکثر ملا کرتے تھے۔ پنڈت جی مسٹر جعفر امام سے بڑی محبت سے ملتے اور مسٹر جعفر امام بھی انہیں اپنا بڑا بھائی سمجھتے اور ان کا احترام کرتے تھے۔ پنڈت جواہر لال نہرو اور مسٹر جعفر امام دونوں نے ٹرینٹی کالج کیمبرج میں مختلف زمانوں میں تعلیم پائی تھی۔

مسٹر سید جعفر امام نے ۱۹۶۵ء میں انتقال کیا اور نیورہ کی مسجد کے احاطے میں دفن ہوئے۔ مسٹر جعفر امام کے قضا کرنے کے بعد بیگم جعفر امام تقریباً بیس سال زندہ رہیں۔ مسٹر سید حسن امام نے جو وقف علی الاولاد قائم کیا تھا موصوفہ اس وقف کا انتظام نہایت دانش مندی و خوبی سے کرتی رہیں اور مکانات بنا کر وقف کی جائداد میں اضافہ بھی کیا۔ بیگم جعفر امام اپنے عقائد کی پختگی، دانش مندی اور رحمت کے لیے مشہور تھیں۔ موصوفہ جب اپنے پہلے حج کی سعادت حاصل کر کے پٹنہ واپس آئیں تو دوسرے ہی روز صبح سویرے مجھ سے ملنے آئیں۔ ان کے چہرے پر اس وقت خوشی کے آثار تھے اور مجھ سے فرمایا کہ میں یہ خوش خبری لے کر آئی ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے میرے حج کو قبول فرمایا۔ گرچہ یہ میرا یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر حاجی کا حج قبول کرتا ہے مگر بلا وجہ میرے دل میں ایک وسوسہ پیدا ہو گیا تھا کہ میرا حج قبول ہوا یا نہیں۔ میں اسی ادھیڑ بن میں خانہ کعبہ کے سامنے بیٹھ کر رونے لگی اور قبولیت حج کے لیے دعاء کی۔ جب میں مسجد حرام سے باہر آئی تو یہ وسوسہ شیطانی میرے دل سے نکل چکا تھا۔ میں سیدھے اپنے معلم کی رہائش گاہ پر خوشی خوشی واپس آئی۔ معلم کی بیوی خدیجہ نے میرے لیے پہلے سے پھولوں کا ایک گلدستہ تیار کر رکھا تھا اور اس گلدستے کو انہوں نے نہایت خوشی کے ساتھ "حج مبرور، حج مبرور" کہتے ہوئے میرے ہاتھوں میں دے دیا۔

Marfat.com

اس واقعہ کے بعد مجھے بالکل یقین ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے قبولیت حج کا شرف بخشا ہے۔
میں اس وقت تمہارے پاس صرف اس خوش کن واقعہ کو سنانے آ گئی ہوں اتنا کہا اور فوراً واپس چلی گئیں۔

موصوفہ کو دعاؤں کی قبولیت میں بڑا یقین تھا اور وہ اکثر کہا کرتی تھیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی بے شمار دعائیں قبول فرمائی ہیں۔ آج سے تقریباً گیارہ سال پہلے پٹنہ میں ایک تباہ کن سیلاب آیا تھا جس کی وجہ سے شہر کے اکثر حصوں میں کئی دنوں تک پانی بھرا رہا۔ اس زمانے میں موصوفہ راجندر نگر میں کرایہ کے ایک مکان میں رہا کرتی تھیں اور ان کے ساتھ ان کی ایک دائی اور ایک نوکر بھی رہا کرتے تھے۔ سیلاب کی تیزی دیکھ کر دائی اپنے گھر چلی گئی۔ رات کو سیلاب کا پانی اتنا بڑھا کہ یہ خدشہ محسوس ہونے لگا کہ پانی اب گھر میں داخل ہو جائے گا۔ موصوفہ اس صورت حال کو دیکھ کر نہایت پریشان ہوئیں اور اللہ سے دعا کی کہ پانی گھٹ جائے اور ان کے کمروں میں داخل ہو کر ان کی چیزوں کو برباد نہ کرے۔ دعا کرنے کے بعد کلام اللہ کو اپنے ہاتھوں میں لے کر بلند آواز سے کہا کہ اے نجس پانی اللہ کے حکم سے میرے کمروں میں داخل نہ ہو۔ یہ کہہ کر موصوفہ نے کلام اللہ مجید کے نسخے کو برآمدے میں ایک میز پر رکھ دیا اور زوردار آواز میں اپنے نوکر سے کہا کہ اس نجس پانی میں یہ طاقت نہیں ہے کہ اس میز کے پائے کو بھی چھو سکے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور صرف اتنا ہی نہیں بلکہ پانی گھٹتا ہی چلا گیا۔ ان کی اس بلند آواز کو ان کے ہمسایوں نے بھی سنا تھا اور ہفتوں وہ لوگ مختلف انداز سے ان کی بات پر ہنس ہنس کر تبصرہ کرتے رہے۔

ان تمام سنجیدگیوں کے باوجود موصوفہ کی باتیں اکثر دلچسپ بھی ہوا کرتی تھیں، جن کو لوگ اب تک ہنس ہنس کر یاد کرتے ہیں جب مسٹر سید جعفر امام سپریم کورٹ کے جج ہو کر دہلی گئے تو انہیں ان کی رہائش کے لیے ایک اچھا بڑا مکان ملا۔ یہ مکان کچھ دنوں سے خالی تھا اور بہت سے زہریلے سانپ اس گھر میں اور ارد گرد کے میدان میں بھی جمع ہو گئے تھے۔ اسی سبب سے لوگ اس مکان میں رہنا پسند نہیں کرتے تھے۔ گرچہ یہ مکان کافی آرام دہ تھا لیکن سانپوں کی کثرت کی بنا پر مسٹر جعفر امام کو پسند نہ آیا اور محکمہ تعمیرات عامہ سے شکایت کی کہ ان کے لیے کوئی دوسرا مکان تجویز کیا جائے مگر محکمہ تعمیرات نے ان کی باتوں

Marfat.com

پر کوئی خاص توجہ نہ دی۔ بیگم جعفر امام کو محکمہ کی اس بے توجہی پر بہت غصہ آیا۔ چنانچہ انہوں نے ایک سپیرے کو بلوا کر اپنے احاطے کے چند زہریلے سانپوں کو پکڑوایا اور دوسری جگہوں سے چند اور سانپ پکڑوا کر منگوایا اور ان کو ایک جالی دار بکس میں بند کرا کے وزیر محکمہ تعمیرات عامہ کے گھر پر لے جا کر انہیں تحفتاً پیش کیا اور کہا کہ میرے مکان کے تمام کمرے اس سے سجائے جا چکے ہیں اب آپ بھی ان باقی نادر زہریلے سانپوں سے اپنے کمروں کو سجائیے۔ وزیر موصوف پر ان کی باتوں کا گہرا اثر ہوا اور گھبرا کر فوراً مسٹر جعفر امام کی رہائش کے لیے ایک دوسرا مکان تجویز کر دیا اور تمام سانپوں کو آگ میں جلوا دیا موصوفہ اسی طرح کی مزاحیہ باتوں سے اکثر موقعوں پر اپنا کام نکال لیا کرتی تھیں۔

گرچہ موصوفہ ایک بڑے باپ کی بیٹی، ایک نامور جج کی بیوی اور انگلستان کی تعلیم یافتہ تھیں مگر مزاج میں ذرا غرور نہ تھا۔ ہر شادی بیاہ اور دیگر تقریبات میں جہاں مدعو کی جاتیں ضرور شریک ہوا کرتیں مگر بسا اوقات غصہ میں آ کر جو کچھ منھ میں آتا بول جاتیں جس کا انہیں بعد میں احساس ہونے پر افسوس ہوتا تھا۔ مزاج کی یہ تیزی انہیں ورثہ میں ملی تھی۔ انگریزی اور ہندوستانی کھانا پکانے کا بھی اچھا شوق اور سلیقہ تھا۔ جب بھی کسی کی دعوت کرتیں بڑے شوق سے مہمانوں کو کچھ نہ کچھ اپنے ہاتھوں کی پکائی ہوئی چیزیں ضرور کھلاتیں۔

موصوفہ زندگی کے آخری دور میں اکثر بیمار رہیں اور ان کی بہن کے صاحبزادے سید حسن سمیع ان کے علاج و معالجہ میں ہمہ تن مصروف رہے مگر مرض بڑھتا ہی گیا اور ستمبر ۱۹۸۴ء میں اسی برس کے سن میں قضا کر گئیں اور پولو روڈ کی قبرستان میں مدفون ہوئیں۔ راقم ان کی بیماری اور تجہیز و تکفین میں برابر شریک رہا۔ آپ کی وفات کے ساتھ مسلم خواتین کا ایک شاندار دور ختم ہو گیا۔

(پانچویں جج)

مسٹر جسٹس سید نقی امام:

مسٹر سید نقی امام نیورہ خاندان کے پانچویں فرد تھے جنہیں حکومت ہند نے پٹنہ ہائی کورٹ کا جج مقرر کیا۔ آپ سر سید علی امام کے سب سے چھوٹے صاحبزادے تھے۔ ۳۰ر

Marfat.com

اگست ۱۹۰۲ء کو موضع نیورہ ضلع پٹنہ میں پیدا ہوئے۔ سات برس کے سن میں سر سید علی امام نے موصوف کو تعلیم کی غرض سے انگلستان بھیجا۔ موصوف کی تعلیم انگلستان میں آکسفورڈ پریپریٹری اسکول اور لیٹن پارک پبلک اسکول میں ہوئی جو اس زمانے میں وہاں کے مشہور اسکول تھے۔ ان اسکولوں میں موصوف نے مختلف امتحانات میں اچھی کامیابیاں حاصل کیں۔ یونیورسٹی کی تعلیم کے لیے کیمبرج یونیورسٹی میں داخلہ لیا اور وہاں سے بی۔ اے کی ڈگری ٹرائی پوس کے ساتھ حاصل کی۔ دوران تعلیم اساتذہ کو اپنی محنت اور ذہانت سے کافی متاثر کیا۔ کھیل کود میں بھی خوب حصہ لیتے تھے اور تیراکی سے آپ کو خاص لگاؤ تھا۔ عرصہ تک آپ لائف سیونگ سوسائٹی کے ممبر رہے۔ دو موقعوں پر دریا میں ڈوبتے ہوئے لڑکوں کی جان بچائی جس کے صلے میں ایک سونے کا اور ایک چاندی کا تمغہ عطا ہوا جن کو موصوف نے اپنے پاس بڑی حفاظت سے رکھا تھا اور ان تمغوں کو اکثر موقعوں پر بہت ہی فخر سے دکھایا کرتے تھے۔ معلوم نہیں یہ تمغے اب کہاں ہیں۔ مڈل ٹمپل سے بیرسٹری کا امتحان پاس کیا اور ہندوستان واپس آکر پٹنہ ہائی کورٹ میں بیرسٹری کرنے لگے۔ بیرسٹری کے ساتھ ساتھ عام سیاست میں بھی حصہ لینا شروع کیا۔ بہار لیجس لیٹو کونسل کے ممبر ہوئے اور ۱۹۳۷ء سے ۱۹۴۰ء تک اس کونسل کے نائب صدر رہے کچھ عرصہ تک A.I.L.T.A. کے بہار واڑیسہ شاخ کے سکریٹری رہے۔ کیمبرج سے بی۔ اے کی ڈگری تو اریخ میں حاصل کرنے کے بعد موصوف کی بڑی خواہش تھی کہ آئی۔ سی۔ ایس ہو جائیں یا نہیں برطانوی فوج میں کمیشنڈ آفیسر کی جگہ مل جائے جس کے لیے آپ صحت، رنگ وروپ اور قدو قامت کے لحاظ سے نہایت موزوں تھے، مگر سر سید علی امام نے انہیں برطانوی فوج میں آفیسر ہونے سے روک دیا۔ چاروناچار موصوف کو بیرسٹری کا پیشہ اختیار کرنا پڑا جس میں وہ ابتداء میں کچھ زیادہ کامیاب نہ ہو سکے۔ اس ناکامی کی ایک بڑی وجہ یہ بھی تھی کہ موصوف جب ہندوستان واپس آئے تو ہندی اور اردو زبان سے بالکل ناواقف تھے۔ اضلاع کی عدالتوں میں ہندی رائج تھی اس لیے یہاں کام کرنا ان کے لیے دشوار تھا۔ ہائی کورٹ میں کل کام انگریزی میں ہوا کرتے تھے، اس لیے موصوف کو ہائی کورٹ میں کافی مشغولیت رہا کرتی تھی اور مقدمات میں کامیاب بھی ہوا کرتے تھے۔ بعد ازاں بڑی محنت اور شوق کے ساتھ موصوف نے اردو ہندی سیکھی

Marfat.com

اور مہارت حاصل کی۔ موصوف کو خط نستعلیق کی خوب صورتی بہت پسند تھی۔ چنانچہ اپنے بنگلے (واقع فریزر روڈ) کے دروازے پر اپنے نام کا جو بورڈ لگایا وہ اردو خط نستعلیق ہی میں تھا۔ اس کے علاوہ کوئی دوسرا بورڈ ہندی اور انگریزی کا نہ تھا۔ موصوف کو حکومت بہار نے ۱۹۴۰ء میں ضلع جج مقرر کیا۔ اس عہدے پر آپ نے چودہ برس تک نہایت ہی ایمانداری، محنت اور کامیابی کے ساتھ اپنے فرائض کو انجام دیا۔ موصوف کی سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ آپ کبھی بھی فیصلوں کے صادر کرنے میں دیر نہ کیا کرتے جو عام طور سے ضلع عدالتوں میں ہوا کرتا ہے۔ صاحب موصوف نے مختلف اضلاع میں بحیثیت جج کام کیا۔ مونگیر اور پٹنہ کی ضلع عدالتوں میں جو بہت سی خرابیاں آگئی تھیں انہیں دور کیا۔ جب موصوف اجلاس میں آکر بیٹھ جاتے تو کسی کی مجال نہ ہوتی کہ شوروغل کرے۔ تمام کام نہایت ہی سنجیدہ ماحول میں ہوا کرتے اور ان کی وجیہ شخصیت اجلاس کے ماحول کو بے حد متاثر کیا کرتی تھی۔ مسٹر سید نقی امام کو حکومت نے ۱۹۴۹ء میں رجسٹرار پٹنہ ہائی کورٹ مقرر کیا۔ جس عہدے پر آپ ۱۹۵۲ء تک فائز رہے۔ ہائی کورٹ میں رجسٹرار کا عہدہ ایک کلیدی عہدہ ہے جس میں کاموں کو نہایت سرعت اور ذمہ داری سے انجام دینا پڑتا ہے۔ موصوف نے ان تمام ذمہ داریوں کو جو اس عہدے سے وابستہ ہیں نہایت خوبی سے انجام دیا اور کبھی بھی مقررہ قاعدوں سے انحراف نہ کیا۔ ۱۹۵۴ء میں ہائی کورٹ کے جج مقرر ہوئے۔ اور ۱۹۵۹ء تک جب تک وہ بقید حیات رہے اس عہدے پر نہایت ہی خوبی سے اپنے فرائض انجام دیتے رہے۔ فوجداری اور دیوانی دونوں کے مقدموں میں ان کے فیصلے قابلانہ ہوا کرتے تھے۔ موصوف نے بچپن سے ہی انگلستان میں تعلیم پائی تھی اس لیے آپ انگریزی نہایت ہی شستہ اور قلم برداشتہ لکھا کرتے تھے اور آپ کے کل فیصلے بہت دلچسپ ہوا کرتے تھے۔ وکلاء کا یہ عام دستور ہے کہ جب ان کے مقدمات کمزور ہوتے ہیں تو جج کے سامنے طویل بحثیں کرتے ہیں اور بلا ضرورت دور از کار نظائر کو پیش کر کے جج کو متاثر کرنا چاہتے ہیں اور فیصلے کو اپنے حق میں صادر کرانے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں۔ مسٹر جسٹس نقی امام کو اس طریقہ کار سے سخت نفرت تھی اور وکیلوں کو فضول بحث کرنے سے روک دیا کرتے تھے۔ مسٹر جسٹس شمبھو پرشاد سنگھ جج پٹنہ ہائی کورٹ نے اپنے ایک مضمون میں مسٹر نقی امام کے دو دلچسپ واقعات کو لکھا ہے۔ چنانچہ

Marfat.com

موصوف لکھتے ہیں کہ ایک مرتبہ مسٹر جسٹس نقی امام کے اجلاس میں ایک وکیل نے اپنی بحث کے دوران ایک ایسی نظیر پیش کی جس کا اس مقدمے سے کوئی تعلق نہ تھا۔ مسٹر نقی امام نے وکیل صاحب سے کئی بار کہا کہ آپ کے مقدمے کا اس نظیر سے کوئی تعلق نہیں، لیکن جب وکیل صاحب نے موصوف کی باتوں پر کوئی دھیان نہ دیا تو مسٹر نقی امام نے کہا کہ یہ کتاب جس سے آپ بحث کر رہے ہیں مجھے دے دیں تاکہ میں اس کو پھینک دوں۔ وکیل صاحب نے جواب دیا کہ یہ کتاب میری نہیں ہے بلکہ ایڈووکیٹس لائبریری سے لایا ہوں۔ یہ کہہ کر وکیل صاحب کو اپنی فضول بحث ختم کردینی پڑی۔ دوسرا واقعہ بھی کچھ اسی طرح کا ہے۔ مسٹر جسٹس نقی امام مسٹر جسٹس بی۔پی۔ جموار کے ساتھ ایک مقدمے کی ساعت میں مصروف تھے۔ موصوف نے وکیل صاحب کو جو اس مقدمے میں بحث کر رہے تھے کئی غیر متعلقہ باتوں کو کہنے سے روکا مگر وہ بحث کرتے رہے۔ مسٹر نقی امام نے وکیل صاحب کے رویئے سے بددل ہو کر اجلاس کے دروازے کو کھولا اور بذریعہ لفٹ نیچے اپنے کمرے میں چلے گئے۔ باوجود ان سب باتوں کے مسٹر نقی امام کا وکیلوں کے ساتھ بڑا اچھا تعلق تھا اور وکلاء بھی ان سے خوش رہا کرتے تھے۔

مسٹر نقی امام کو سیاحی کا بڑا شوق تھا۔ انگلستان کے قیام کے زمانے میں آپ نے یورپ کے بہت سے ممالک کا سفر کیا اور وہاں کے تاریخی مقامات کو دیکھا۔ موصوف کو یورپ میں فرانس اپنی تاریخی حیثیت اور قدرتی مناظر کی وجہ سے بہت پسند تھا۔ وہ وہاں کی زبان و تہذیب کے بڑے مداح تھے۔ اور آپ فرانسیسی موسیقی کو بھی بہت پسند کرتے تھے۔ مصر اور مغربی ایشیاء کے چند اسلامی ممالک کا بھی سفر کیا۔ موصوف نے ۱۹۳۵ء میں جب وہ بالکل جوان تھے اپنا فریضۂ حج ادا کیا اور مدینہ منورہ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ اپنے اس سفر کا حال موصوف نہایت ذوق و شوق سے بیان کرتے تھے۔ مسٹر نقی امام گورے رنگ، لمبے قد اور ایک اچھے ناک نقشے کے انسان تھے۔ مزاج میں شگفتگی تھی اور بسا اوقات ایسا قہقہہ لگایا کرتے تھے کہ لوگ دور ہی سے سمجھ جاتے تھے کہ مسٹر نقی امام اس مجلس میں موجود ہیں۔ موصوف ایک نہایت ہی مخلص انسان تھے اور جو بھی ان سے ملتا ان کے خلوص سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہتا۔ سر سید علی امام ان کے لڑکپن کے زمانے میں پیار سے انہیں اکثر "سفید

Marfat.com

دیو" کہہ کر پکارتے تھے اور خان بہادر بشیر الدین شفقت سے انہیں "مغلاء" کہتے تھے۔ راقم کے سامنے پٹنہ ہائی کورٹ کے ججوں کا ایک گروپ فوٹو گراف ہے جو ۲۶ر جنوری ۱۹۵۰ء میں لیا گیا ہے۔ اس تصویر میں مسٹر سید نقی امام جو اس وقت رجسٹرار تھے اپنے بھائی مسٹر جسٹس جعفر امام کی پشت پر کھڑے ہیں۔ موصوف اس تصویر میں اپنی شخصیت اور بلند و بالا قد کی وجہ سے سب سے نمایاں نظر آتے ہیں۔ آپ راقم کے ہم عمر تھے اور اپنی زندگی کے آخری لمحوں تک مجھ سے نہایت ہی محبت اور خلوص سے ملتے رہے۔ راقم جب کبھی انہیں پٹنہ کالج کے جلسوں میں مدعو کرتا تو وہ ضرور تشریف لاتے تھے۔ مسٹر نقی امام ایک نہایت ہی صابر انسان تھے۔ انہوں نے اپنے جگر کے سرطان کی بیماری کو نہایت ہی ضبط و تحمل سے آخری وقت تک برداشت کیا۔ بیماری کے آخری دور میں جب وہ پٹنہ میڈیکل کالج کے ہسپتال میں زیر علاج تھے تو راقم ان کی عیادت کے لیے گیا اور موصوف کو بالکل راضی برضاء الٰہی پایا۔ موصوف نے جب میرے چہرے پر پریشانی کے آثار دیکھے تو برجستہ راقم سے مخاطب ہو کر "کل نفس ذائقة الموت" کی آیت مبارکہ پڑھی اور پھر خود بھی کچھ خاموش ہو گئے۔ مگر پھر چند ہی لمحوں بعد ادھر ادھر کی باتوں سے مجھے خوش کرنے کی کوشش کی۔ مرض بڑھتا گیا اور علاج کے لیے کلکتہ جانا پڑا اور وہیں انتقال کیا۔ آپ کا انتقال ۵ر فروری ۱۹۵۹ء کو ہوا۔ اور نیورہ کی مسجد کے احاطے میں دفن ہوئے۔

مسٹر نقی امام کی شادی ۱۹۴۱ء میں خان بہادر ڈاکٹر ولی احمد سول سرجن کی صاحبزادی عزیزہ سے ہوئی۔ خان بہادر ڈاکٹر ولی احمد مولانا محمد شفیع داؤدی ممتاز مسلم لیڈر کے چھوٹے بھائی تھے۔ مسٹر نقی امام کی اولاد میں ایک لڑکا اور ایک لڑکی ہیں۔ موصوف کے صاحبزادے کا نام سید عسکری امام اور صاحبزادی کا نام تزئین فاطمہ ہے، جو دہلی میں فارغ البالی کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ بیگم عزیزہ امام دس سال تک راجیہ سبھا کی ممبر رہیں اور ابھی تک سیاست میں حصہ لیتی ہیں۔ چند سال قبل حج کیا اور مدینہ منورہ کی زیارت سے مشرف ہوئیں۔ جب مسٹر نقی امام علاج کے لیے کلکتہ جانے لگے تو راقم ان کی عیادت کے لیے گیا۔ موصوف کا شاداب چہرہ مرجھا چکا تھا اور موت کے تمام آثار نمایاں تھے۔ جب میں واپس آنے لگا تو موصوف نے نہایت مایوسی کے ساتھ مجھ سے کہا کہ مجھے مرنے کا کوئی غم نہیں مگر اس بات کا غم ضرور ہے

Marfat.com

کہ میں اپنی موت کے بعد ایک جوان بیوی اور دو بچوں کو چھوڑ جاؤں گا۔ راقم ان کی اس ذہنی الجھن سے بے حد متاثر ہوا۔ اور شدت جذبات سے کچھ کہہ نہ سکا۔ موصوف کو سلام علیک کہا اور واپس چلا آیا۔ مرحوم سے یہ میری آخری ملاقات تھی۔

(چھٹے جج)

مسٹر جسٹس سید وصی الدین:

مسٹر سید وصی الدین نیورہ خاندان کے چھٹے ہائی کورٹ کے جج ہوئے۔ موصوف ایک درویش صفت انسان خان بہادر سید ظہیر الدین کے پوتے اور خان بہادر سید بشیر الدین سابق جج و ممبر جوائنٹ پبلک سروس کمیشن کے صاحبزادے ہیں۔ آپ کی پیدائش ۲۴ر اپریل ۱۹۱۰ء کو نیورہ ضلع پٹنہ میں ہوئی۔ موصوف کی ابتدائی تعلیم پہلے گھر پر ہوئی اور اس کے بعد کچھ عرصے تک اپنی لڑکپن کے زمانے میں سینٹ جوزف کونونٹ پٹنہ میں بھی پڑھا۔ اسکول کی تعلیم رام موہن رائے سمینری پٹنہ میں ہوئی۔ آئی۔ اے اور بی اے کے امتحانات نیو کالج اور پٹنہ کالج سے پاس کیا۔ پٹنہ لاء کالج سے بی۔ ایل کی ڈگری حاصل کی۔ مزید قانون کی تعلیم کے لیے لندن گئے اور ایک سال وہاں رہ کر اپنی قانون دانی میں اضافہ کیا۔ حکومت بہار نے ۱۶ر مارچ ۱۹۳۷ء کو انہیں منصف مقرر کیا اور آپ نے اپنے کام کی ابتداء مظفر پور سے کی۔ موصوف نے بہار کے مختلف اضلاع میں بحیثیت منصف اور صدر اعلیٰ اپنے فرائض کو نہایت ہی خوبی اور کامیابی سے انجام دیا اور ترقی کر کے ضلع جج ہوئے۔ ضلع جج کے فرائض کو بھی موصوف نے جولائی ۱۹۶۵ء تک نہایت ہی کامیابی سے انجام دیا اور جولائی ۶۵ء میں پٹنہ ہائی کورٹ کے رجسٹرار مقرر ہوئے۔ ۲۲ر اپریل ۱۹۶۸ء کو حکومت ہند نے صاحب موصوف کو پٹنہ ہائی کورٹ کا جج مقرر کیا اور آپ ۲۴ر اپریل ۱۹۷۲ء تک پٹنہ ہائی کورٹ کے جج رہے۔ مسلمان منصفوں میں آپ پہلے منصف ہیں جنہیں ہائی کورٹ کے جج ہونے کا شرف حاصل ہوا۔ پنشن پانے کے بعد موصوف جموں و کشمیر ہائی کورٹ کے ایڈہوک جج مقرر ہوئے اور اس عہدے پر ۲۴ر اگست ۱۹۷۲ء سے ۲۳ر اگست ۱۹۷۴ء تک کام کیا۔ صاحب موصوف کی صلاحیت کو مد نظر رکھتے ہوئے بہار گورنمنٹ نے انہیں گرتھا پبلک

Marfat.com

انکوائری کمیشن کا واحد ممبر مقرر کیا۔اس کے علاوہ انہیں ایک اور پبلک انکوائری کمیشن کا دو دوسرے ججوں کے ساتھ ممبر بنایا گیا۔ سپریم کورٹ آف انڈیا نے ذکیہ آفاق اسلامیہ کالج سیوان کے معاملات کی تفتیش کے لیے ایک کمیشن مقرر کیا اور آپ اس کے واحد ممبر مقرر ہوئے۔ پنشن پانے کے بعد صاحب موصوف مختلف قومی اور ملی کاموں میں حصہ لیتے رہے ہیں۔ بہار جوڈیشیل آفیسرس ایسوسی ایشن نے موصوف کو تین سال تک مسلسل صدر منتخب کیا اور آپ بہار مسلم ایجوکیشنل کانفرنس پٹنہ کے نائب صدر اور صدر رہ چکے ہیں موصوف سماج کلیان سمیٹی پٹنہ کے نائب صدر اور یتیم خانہ انجمن خادم الاسلام کے صدر ہیں۔ان اداروں کے علاوہ صاحب موصوف اورینٹل کالج کی مجلس انتظامیہ کے ممبر ہیں اور مسلم فنڈ ٹرسٹ و مسلم ایجوکیشنل اینڈ ویلفیر سوسائٹی سے بھی آپ کا گہرا تعلق ہے۔آپ کا جن اداروں سے تعلق رہا انہیں اپنی قابلیت اور اعلیٰ رہ نمائی سے کافی فائدہ پہنچایا ہے۔

بحیثیت حاکم عدالت مسٹر سید وصی الدین نے منصفی کے عہدے سے لے کر ہائی کورٹ کی ججی تک اپنے فرائض منصبی کو نہایت محنت ایمانداری اور بے باکی سے انجام دیا۔ انگریزوں کے دور حکومت میں اپنے کاموں کی عمدگی کی بدولت ممتاز رہے اور آزادی کے بعد بھی حکومت بہار نے ان کی قدردانی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی اور صاحب موصوف اپنی بہترین کارکردگی کی بنا پر روز افزوں ترقی کرتے رہے۔ بہار میں بعض موقعوں پر ایسا ہوتا آیا ہے کہ حاکم کو حکومت کے اشاروں پر چلنا پڑا ہے مگر صاحب موصوف کبھی بھی حکومت کے خیالات سے متاثر نہ ہوئے اور اپنے فیصلوں میں ایسی کوئی قانونی کمزوری نہ دکھائی جس سے عوام الناس ان پر شبہہ کی نظر ڈال سکیں۔ آپ کے تمام فیصلے ایمانداری اور قانون کی برتری پر مبنی ہوا کرتے تھے۔اس طرح آپ نے نیورہ خاندان کی قدیم روایت کو برقرار رکھا۔ یہ آپ کی بلند کرداری کا ایک بین ثبوت ہے۔

مسٹر سید وصی الدین کے فیصلے اکثر دلچسپ ہوا کرتے تھے۔ایک ممتاز سنہالی خاتون کی شادی بہار کے ایک نامی آدیباسی لیڈر سے ہوئی تھی۔ موصوفہ نے پارلیامنٹ کے لیے ایک آدیباسی حلقے سے انتخاب میں حصہ لیا اور کامیاب بھی ہوئیں۔ شکست خوردہ امیدوار نے ہائی کورٹ میں ایک مقدمہ دائر کیا کہ موصوفہ کی کامیابی کو کالعدم قرار دیا جائے کیونکہ وہ

Marfat.com

آدی باسی نہیں ہیں اور یہ حلقہ آدی باسیوں کے لیے مخصوص ہے۔ مقدمہ مسٹر سید وصی الدین کے اجلاس میں پیش ہوا اور جانبین سے وکلاء نے لمبی لمبی بحثیں کیں۔ مسٹر وصی الدین نے موصوفہ کی کامیابی کو برقرار رکھا اور اپنے فیصلے میں یہ تحریر فرمایا کہ موصوفہ کی شادی ایک آدی باسی فرد سے تمام قدیم مخصوص آدی باسی رسومات کے ساتھ ہوئی ہے، اس لیے بلاشبہ موصوفہ آدی باسی ہیں اور اپنا فیصلہ موصوفہ کے حق میں صادر کیا۔ آپ کا فیصلہ سپریم کورٹ نے بھی برقرار رکھا۔ اخباروں نے موصوف کے فیصلے کو نہایت ہی اہمیت اور دلچسپی کے ساتھ شائع کیا۔

مسٹر سید وصی الدین کا رنگ گورا اور قد متوسط ہے۔ مزاج میں ذرا بھی غرور نہیں ہے اور نہایت ہی ہنس مکھ اور مخلص انسان ہیں۔ ہر کسی سے چاہے وہ بڑا ہو یا چھوٹا نہایت خندہ پیشانی سے ملتے ہیں۔ اعلیٰ ظرفی اور ایثار کا یہ عالم ہے کہ آپ ہر شادی بیاہ اور دیگر تقریبات میں جہاں کہیں بھی مدعو کیے جاتے ہیں نہایت ہی شوق اور پابندی سے شرکت کرتے ہیں۔ اپنے والدین کے اکلوتے لڑکے ہونے کی وجہ سے موصوف کی پرورش نہایت ہی نازونعم میں ہوئی۔ اسکول جانے کے لیے موصوف کے والد صاحب نے ایک ٹٹو آپ کے لیے خرید رکھا تھا جس پر سوار ہو کر اسکول جاتے گاندھی میدان اور دیگر مقامات پر بھی اپنی تفریح کے لیے اسی ٹٹو سے جایا کرتے تھے۔ اسکول کی تعلیم کے دوران آپ شیروانی، پائجامہ اور ترکی ٹوپی پہنا کرتے جو اس زمانے میں مسلمان لڑکوں کا عام لباس تھا۔ بعد میں اس لباس کو ترک کر کے انگریزی لباس پہننے لگے اور آج تک انگریزی لباس ہی استعمال کرتے ہیں۔ موصوف نے اپنے تمام کاموں میں نیورہ خاندان کی قدیم روایات کو ہمیشہ ملحوظ رکھا ہے اور اپنے اسلاف کی طرح ہر حلقے میں ہر دل عزیز ہیں۔

مسٹر سید وصی الدین کی شادی اپنے ہی خاندان میں ہوئی ہے۔ موصوف کی اہلیہ خان بہادر سید نصیر الدین مرحوم، سابق وزیر مالیات بھوپال اسٹیٹ کی پوتی اور مسٹر سید رضی الدین مرحوم بیرسٹر و سب جج کی صاحبزادی ہیں۔ موصوفہ ایک نہایت ہی منکسر المزاج اور خلیق خاتون ہیں۔ مذہبی مزاج پایا ہے اور غرباء و مساکین کی مدد فراخ دلی کے ساتھ کرتی ہیں۔ آپ کے بطن سے ایک صاحبزادی پیدا ہوئیں جن کی شادی ڈاکٹر سید جمال اشرف سے

Marfat.com

ہوئی ہے۔ ڈاکٹر صاحب موصوف اپنے پیشے میں نہایت کامیاب ہیں اور اچھی شہرت رکھتے ہیں۔ سید وصی الدین کی اہلیہ راقم کا بڑا احترام کرتی ہیں اور میں بھی ان کی بڑی عزت کرتا ہوں۔ چند سال ہوئے موصوفہ نے حج کیا اور مدینہ منورہ کی زیارت کی سعادت حاصل کی۔

ججی سے پنشن پانے کے بعد مسٹر سید وصی الدین نے حج بیت اللہ کیا اور مدینہ منورہ کی زیارت سے سرفراز ہوئے۔ آج کل اپنے شاندار مکان واقع بنک روڈ میں مقیم ہیں۔ موصوف اپنے اوقات کو اللہ تعالیٰ کی عبادت وریاضت اور کتب بینی میں صرف کرتے ہیں۔ خلق خدا کی خدمت کو اپنے لیے نجات کا سبب سمجھتے ہیں اور مشکل وقتوں میں ہر کس وناکس کی مدد کرنے میں کوئی دریغ نہیں کرتے۔ اللہ تعالیٰ موصوف کو عرصہ دراز تک صحت اور خوشی کے ساتھ خدمت خلق کے لیے زندہ رکھے۔ جوانی کے زمانے میں راقم کے دادیہال اور نانیہال ملا کر تقریباً تیس بھائی تھے۔ لے دے کر اب راقم کے صرف سات بھائی رہ گئے ہیں۔ اللہ ان کو خوشحال و آباد رکھے۔

مسٹر وصی الدین کو پیار و محبت سے سب لوگ "وصّو" کہتے ہیں اور خاص وعام میں اسی نام سے یاد کیے جاتے ہیں۔ موصوف جب جموں وکشمیر ہائی کورٹ کے جج مقرر ہوئے تو مسٹر سید حیدر امام صاحب بیرسٹر نے ان کے اعزاز میں پیلیس ہوٹل میں ایک ڈنر دیا جس میں تقریباً ایک سو مہمان شریک ہوئے۔ ڈنر کے خاتمے پر بھائی سید حیدر امام صاحب نے اپنی تقریر میں موصوف کو "وصّو" ہی کہہ کر مخاطب کیا۔ اس کے بعد جن لوگوں نے بھی تقریریں کیں موصوف کو "وصّو" ہی کہا۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ موصوف کا یہ پیارا نام تمام لوگوں میں کتنا معروف و مشہور ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں ان کے اس پیارے نام کے ساتھ عرصہ دراز تک تمام لوگوں میں محبوب رکھے۔

تم سلامت رہو ہزار برس
ہر برس کے ہوں دن پچاس ہزار

✪✪✪

Marfat.com

حرفِ آخر

اللہ تعالیٰ نے انسان کی ہدایت کے لیے دنیا میں بہت سے پیغمبروں کو بھیجا مگر پیغمبر آخرالزماں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے توحید اور انسان کامل کا جو تصور پیش فرمایا وہ کسی اور مذہب میں موجود نہیں ہے۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس نے مجھے ایک ایسے خاندان میں پیدا کیا جس کا مذہب اسلام تھا اور جس کے افراد سچے اور پکے مسلمان تھے۔ میں نے ہوش سنبھالتے ہی اپنے بزرگوں سے سچائی، ایمانداری، اخوت، مساوات، ہمدردی، رواداری، بردباری اور چشم پوشی کے علمی اسباق پڑھے تھے۔ میرے والد محترم نے میری ایسی مذہبی تربیت کی تھی کہ مذہب اسلام میرے دل ودماغ میں مرتسم ہو گیا۔ والد محترم مجھے قرآن کے احکام پر برابر قائم رہنے کی تاکید کیا کرتے تھے۔ اور میں نے اللہ کے فضل سے زندگی بھر احکام الٰہی پر ثابت قدم رہنے کی کوشش کی۔ اقبالؔ نے خوب کہا ہے:

گرچہ می خواہی مسلمان زیستن
نیست ممکن جز بقرآن زیستن

برخلاف دیگر مذاہب کے اسلام نے خالق و مخلوق اور رسول وامت رسول کے درمیان ایک نہایت ہی متوازن تعلق قائم رکھا ہے جس کے نتیجے میں رسول ﷺ نہایت ہی اعلیٰ مقام رکھنے کے باوجود عبدیت کے حدود سے آگے نہیں بڑھ سکتے۔ چنانچہ مسلمان رسولؐ سے بے پایاں محبت تو کرتا ہے مگر اس کے ذہن میں ہمیشہ **عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ** کا تصور موجود رہتا ہے۔

بہار کی بیشتر آبادی غیر مسلموں کی ہے جو قرآنی احکام اور اسلام کی خوبیوں سے بالکل ہی ناواقف ہیں اور مسلمانوں کا بھی ایک طبقہ شرک و بدعت کی لعنت میں گرفتار ہے اور اپنی ناواقفیت کی بنا پر اپنے اس غلط طرز عمل کو اسلام سمجھتا ہے۔ ایسے مسلمانوں کے طرز عمل سے غیر مسلموں کو غلط فہمی ہوتی ہے کہ شاید یہی اصل اسلام ہے اور پھر انہیں اپنے اور مسلمانوں کے عقائد میں کوئی خاص فرق محسوس نہیں ہوتا۔ لہٰذا یہ لوگ اسلام کے اعلیٰ

Marfat.com

اصولوں سے ناآشنا رہ جاتے ہیں۔ ظلمت کے اس دور میں مسلمانوں کا یہ فرض ہے کہ وہ پہلے خود اسلامی اصولوں پر مکمل طور سے عمل پیرا ہوں اور پھر دانائی اور خلوص کے ساتھ اسلامی تعلیمات خصوصاً امن و امان، بھائی چارگی اور برابری کی تعلیمات کو ہر غیر مسلم کے سامنے پیش کریں تاکہ وہ اسلام کو اصلی شکل میں دیکھ کر اس کی طرف راغب ہو۔

بہار کے ہندوؤں میں ایک بڑا طبقہ ان لوگوں کا ہے جو "پس ماندہ" یا "ہریجن" کہے جاتے ہیں۔ اس جدید اور ترقی یافتہ دور میں بھی اکثر برہمن ان ہریجنوں کے سایہ سے نجس ہو جاتے ہیں اور ہندو سماج میں ان کا کوئی مقام نہیں۔ بھلا ہو گاندھی جی کا جنھوں نے ان "پچھڑے ورگ" کے لوگوں کی حالت کو سدھارنے اور انہیں ہندو سماج میں بہتر جگہ دلانے کی کوشش کی۔ مگر آج تک ان لوگوں کو ہندو سماج نے وہ درجہ نہ دیا جو گاندھی جی ان کے لیے چاہتے تھے۔ چنانچہ یہ پس ماندہ طبقہ اب تک اچھوت ہی رہا اور ہمیشہ ظلم و ناانصافی کا شکار رہا۔ اونچی ذات والوں نے انہیں اپنے سے پورے طور پر الگ رکھا ہے۔ اس بدنصیب طبقے کے لوگ اونچی ذات والوں کے ساتھ نہ عبادت کر سکتے ہیں نہ زندگی گزار سکتے ہیں نہ کھا پی سکتے ہیں اور شادی بیاہ کا تصور تو ایک ناممکن چیز ہے، اس دور میں اونچی ذات والوں کے جو مظالم "ہریجنوں" پر وقتاً فوقتاً ہوتے رہتے ہیں ان کی داستانیں اخبارات میں چھپتی رہتی ہیں اور یہ نہایت ہی شرمناک بات ہے۔ اونچی ذات والوں کے اس ناروا اور تشدد آمیز عمل سے سماجی اتحاد اور قومی یکجہتی کو سخت نقصان پہنچتا ہے اور یہ بہار کی سیاست کی نااہلیت کا ایک بین ثبوت ہے۔ اسلام ہی وہ مذہب ہے جس میں رنگ و نسل، ذات پات یا کسی اور بنیاد پر تفریق کی کوئی گنجائش نہیں۔ اسلام کی ان ہی خوبیوں کو دیکھ کر پس ماندہ طبقوں کے افراد اکثر مقامات پر مشرف بہ اسلام ہوئے اور وہ اس طرح تمام قدیم سماجی بندشوں سے نجات پا کر مساوات، اخوت اور سکون کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اسلام ہی اس بدنصیب طبقے کے لوگوں کو ذلت اور پستی کی زندگی سے نجات دلا سکتا ہے۔

بہار کا خطہ زمانہ قدیم سے روحانیت اور علم و عرفان کا گہوارہ رہا ہے۔ یہاں کے لوگ فطری طور پر امن پسند ہیں اور مہمان نوازی ان کا شیوہ رہا ہے۔ عرصہ دراز تک ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان ہمیشہ بھائی چارگی کا رشتہ رہا۔ ہندوؤں کے ہر بڑے گاؤں میں

Marfat.com

مسلمانوں کے دو چار گھر ضرور آباد تھے۔ عام طور سے ہندوان کے ساتھ بڑی شفقت سے پیش آتے تھے اور مسلمانوں کو کبھی تنہائی کا خوف یا اقلیت کا احساس نہیں ہوا۔ یہ لوگ ایک دوسرے کی خوشی اور غم میں برابر کے شریک رہے حتی کہ اکثر جگہوں میں مسلمانوں اور ان ہندوؤں کے مردے جن کے یہاں میت کو دفن کرنے کی رسم رائج ہے، ایک ہی قبرستان میں دفن کیے جاتے تھے جس کی مثال پٹنہ کا پیر موہانی قبرستان ہے۔ یہاں آج بھی ہندوؤں اور مسلمانوں کے مردے دفن کیے جاتے ہیں۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران اور اس کے بعد بہار میں مختلف تحریکیں وجود میں آئیں اور اپنے مفاد کی خاطر سیاسی اور مذہبی رہنماؤں نے عوام کو غارت گری اور ہنگامہ خیزی پر اکسایا۔ چنانچہ ۱۹۴۶ء میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان زبردست تصادم ہوئے جن میں بے شمار بے گناہوں کا قتل ہوا۔ مختلف گاؤں کے مسلمان کثیر تعداد میں اپنے املاک اور آبائی مکان کو چھوڑ کر یا تو شہروں میں آباد ہو گئے یا ان علاقوں میں چلے گئے جہاں پاکستان قائم ہونے والا تھا۔ جب ملک کی تقسیم ہوئی اور پاکستان وجود میں آیا تو وہاں جانے والوں کی تعداد میں مزید اضافہ ہوا اور ہندوؤں کی مسلمانوں سے منافرت بڑھ گئی۔ اس مصیبت کے دور میں کسی ہندو لیڈر نے نہ مسلمانوں کی دل جوئی کی اور نہ انہیں بہار میں رہنے اور باعزت زندگی گزارنے پر آمادہ کیا۔ چنانچہ بہار کے بے یار و مددگار مسلمانوں کی بھگدڑ کا یہ سلسلہ سقوط مشرقی پاکستان تک جاری رہا۔ مسلم لیگ کی سیاست نے عام طور سے بہار کے مسلمانوں کو پست ہمت بنا کر انہیں سخت نقصان پہنچایا اور گھربار چھوڑ کر مشرقی پاکستان چلے جانے کی ترغیب دی۔ فسادات کے بعد مسلم لیگی رہنماؤں نے ان بے چاروں سے مختلف قسم کے وعدے کیے اور ان لوگوں کو کثیر تعداد میں مشرقی پاکستان روانہ کر دیا۔ ان مظلوم اور بے خانماں مسلمانوں کو صرف اپنی جان بچانے کی فکر تھی۔ ملک چھوڑ کر مشرقی پاکستان گئے اور کچھ عرصہ کے بعد انہیں لوگوں کے ہاتھوں جان گنوائی جنہیں یہ لوگ اپنا محافظ اور ہمدرد سمجھتے تھے۔ آج بھی یہ مسلمان بنگلہ دیش میں مصیبت کی زندگی گزار رہے ہیں اور دنیا میں ذلت کے ساتھ ''بہاری'' کے نام سے پکارے جاتے ہیں۔ یہ لوگ ان وعدوں کو بھول گئے تھے جو اللہ تعالیٰ نے مومنوں کے ساتھ کیے ہیں:

Marfat.com

مسلم استی سینہ را از آرزو آباد دار
ہر زماں پیش نظر لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادْ دار

۱۸۵۷ء کے بعد تقریباً سو ۱۰۰ سال تک یعنی جب تک کہ زمین داری کا خاتمہ نہ ہوا بہاری مسلمانوں کا معاشرہ زمین دارانہ رہا اور اس معاشرہ کی جو کچھ خرابیاں ہوتی ہیں اس دور کے مسلمان زمین داروں میں بھی موجود تھیں۔ سب سے بڑی خرابی یہ تھی کہ ان زمین داروں نے اپنی اولاد کو جدید اور سائنسی تعلیم سے الگ رکھا۔ متوسط طبقہ کے کچھ زمین داروں نے اپنے لڑکوں کو اچھی تعلیم دلائی اور وہ اپنی زندگی میں کامیاب بھی رہے۔ برخلاف اس کے بہار میں غیر مسلموں نے انگریزی دور کے آغاز سے ہی اپنی اولاد کو جدید اور انگریزی تعلیم دلائی اور جابجا اپنے اسکول اور کالج قائم کیے۔ تعلیم کی دوڑ میں مسلمان غیر مسلموں سے پیچھے رہ گئے۔ ایک عرصہ کے بعد جب بہار کے مسلمانوں کو یہ احساس ہوا کہ بغیر جدید تعلیم کے وہ زندگی میں کامیاب نہیں ہو سکتے تو انہوں نے اس طرف توجہ دینا شروع کیا مگر وقت بہت آگے نکل چکا تھا اور تعلیم کے میدان میں مسلمان غیر مسلموں سے پیچھے رہ گئے، اور آج بھی جب کہ سائنس زندگی کے تمام شعبوں پر حاوی ہے مسلم نوجوان اس جانب کم ہی توجہ دیتے ہیں اور محنت سے جی چراتے ہیں۔ اسی وجہ سے عام طور پر مسلم طلباء امتحانات میں نمایاں کامیابی حاصل نہیں کرتے۔ میرا ۴۵ سال کا تدریسی تجربہ ہے کہ مسلم طلباء ذہنی صلاحیت کے اعتبار سے کسی سے کم نہیں اور اگر یہ طلباء محنت کریں تو کوئی وجہ نہیں کہ اعلیٰ کامیابیاں حاصل نہ کر سکیں۔ اس ناسازگار دور میں بھی جو مسلم طلبا محنت کرتے ہیں وہ یونیورسٹی اور مقابلے کے امتحانوں میں امتیازی شان سے کامیاب ہوتے ہیں۔ باوجود مالی دشواریوں کے بہت سے مسلم طلباء اپنی محنت کی بدولت مرکزی اور صوبائی مقابلے کے امتحانات میں اچھی صلاحیتوں کا مظاہرہ کر رہے ہیں اور یہ قوم وملت کے لیے باعث فخر ہے۔ اب ہر مسلمان طالب علم کے دل میں آگے بڑھنے کی تمنا پیدا ہو چکی ہے اور زندگی کے مختلف تجربات کی بنا پر ان کو یہ احساس ہو چکا ہے کہ کسی بھی اقلیت کے افراد کو اگر کامیابی سے ہم کنار ہونا ہے تو اکثریت کے افراد کی بہ نسبت انہیں دوگنی محنت کرنی پڑے گی۔ آزادی سے پہلے مسلمان نوجوانوں کو ان کی اقلیت

Marfat.com

کا لحاظ رکھتے ہوئے سرکاری ملازمتوں میں کافی مراعات حاصل تھیں جس کی وجہ سے ان کے سامنے بیروزگاری کا مسئلہ کم تھا اور بہت حد تک وہ مالی کمزوریوں اور معاشی الجھنوں سے آزاد تھے، لیکن اب سرکاری، نیم سرکاری اور غیر سرکاری اداروں کی نوکریوں میں ان کی مناسب نمایندگی نہ ہونے کی وجہ سے مسلمان نوجوانوں کی بے روزگاری میں اضافہ ہو گیا ہے اور وہ مالی بدحالی میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ ان پریشانیوں کے باوجود عام طور پر مسلم نوجوان جرائم اور بدعنوانیوں سے اپنے کو الگ رکھتے ہیں جب کہ غیر مسلم نوجوان جو یونیورسٹیوں کی اونچی ڈگریاں رکھتے ہیں اور جن کا تعلق اعلیٰ خاندانوں سے ہوتا ہے مختلف قسم کے جرائم میں ملوث ہوتے ہیں جس کی کچھ نہ کچھ خبریں لوگ روزانہ اخبارات میں پڑھتے رہتے ہیں۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس دور کے مسلم نوجوانوں کے دلوں میں مذہب کی عزت ہے اور وطنیت کا جذبہ بھی ہے، لیکن مخلص رہنماؤں کی بڑی کمی ہے۔ اگر انہیں مناسب رہنمائی حاصل ہو جائے تو یہ نوجوان ملک وملت کے لیے نہایت ہی کارآمد ثابت ہو سکتے ہیں۔

بہار گاندھی جی کا ایک محبوب صوبہ تھا۔ آپ بہار کے لوگوں کی بڑی عزت کرتے تھے، کیونکہ ان میں محنت، سچائی، ایمانداری، خلوص اور محبت کا جذبہ بدرجہ اتم موجود تھا۔ ان ہی خوبیوں سے متاثر ہو کر گاندھی جی نے اپنی سیاسی تحریک کا آغاز بہار ہی سے کیا اور کامیاب بھی رہے۔ اس کامیابی کی ایک بڑی وجہ یہ تھی کہ اس وقت بہار میں زمین دارانہ نظام قائم تھا اور زمین داروں نے گاندھی جی کی اس تحریک میں ان کی ہر طرح سے مدد کی۔ آزادی کے بعد بہار کا معاشرہ بدلنے لگا۔ زمین داری کا خاتمہ کر دیا گیا جس سے عام طور پر لوگوں کو کچھ فائدے تو ہوئے مگر بہت سی خرابیاں بھی رونما ہوئیں۔ ہر زمین دار اپنے علاقے میں ایک صاحب اختیار اور بااثر شخص ہوتا تھا اور امن وامان قائم رکھتا تھا۔ عوام اپنے مختلف معاملات میں اس سے مشورہ لیتے اور اس کی صلاح پر اپنے اختلافات کو دور کر لیا کرتے تھے۔ اس طرح عوام بہت سے جھگڑے اور فسادات سے بچ جاتے تھے، خصوصاً ذات پات کے تنازعے اور فرقہ پرستی کو سر اٹھانے کا موقع نہ ملتا تھا۔ انگریزوں کے زمانے میں نوکر شاہی طرز کی حکومت تھی۔ آزادی کے بعد اصولی طور پر اس طرز حکومت کو بدلا گیا مگر نوکر شاہی کی

Marfat.com

اصلیت اپنی جگہ پر قائم رہی۔ سرکاری حکام کی تعداد میں بے حساب اضافہ کیا گیا اور مختلف ضلعوں کو تقسیم کر کے اضلاع کی تعداد بہت بڑھادی گئی۔ اخراجات بڑھ گئے لیکن اس سے اب تک کوئی خاطر خواہ نتیجہ برآمد نہ ہوسکا اور لاقانونیت کو بھی ختم نہ کیا جاسکا۔ رشوت ستانی، بدعنوانی، بے ایمانی اور چور بلذاری میں روز بہ روز اضافہ ہی ہوتا گیا۔ آزادی کے بعد سے اب تک بہار کے ۲۵ وزراء اعلیٰ ہوئے اور ان میں سے دو تین وزراء نے اپنے اپنے طور پر اس صوبہ کو ترقی دینے کی کوشش کی لیکن کسی کو کوئی کامیابی حاصل نہ ہوسکی۔ اس ناکامی کی خاص وجہ یہ ہے کہ اب تک بہار کی صنعت، تجارت اور زراعت میں باہر والوں کا اثر قائم ہے اور یہ لوگ برابر مقامی لوگوں کے مفادات کے لیے رکاوٹ بنے رہتے ہیں۔ علاوہ ازیں ان سرمایہ داروں کا بہار کے ذرائع ابلاغ پر بھی پورا قبضہ ہے۔ یہ لوگ اپنی خرابیوں کو عوام سے پوشیدہ رکھ کر اپنے اخبارات کے ذریعہ رائے عامہ کو اپنی موافقت میں ہموار کرتے ہیں تاکہ ان کی بدعنوانیوں پر پردہ پڑا رہے اور یہ لوگ امیر سے امیر تر ہوجائیں اور بہار کے عوام غریب سے غریب تر ہوتے جائیں۔

بہار میں مغلوں اور انگریزوں کے زمانے میں ہندوؤں اور مسلمانوں کا ایک ایسا طبقہ تھا جو "متوسط طبقہ" کے نام سے موسوم تھا اور انگریز اسے "مڈل کلاس" کہتے تھے۔ انگریزوں نے اس طبقے کے لوگوں کی بڑی ہمت افزائی کی کیونکہ یہ لوگ انگریزی حکومت کے کاموں کو انجام دینے کے لیے نہایت موزوں تھے۔ اس طبقے کے افراد حکومت کے ادنیٰ سے اعلیٰ عہدوں تک سرفراز رہے اور ان کے درمیان ہمیشہ دانش ور، مورخ، سیاست داں اور بڑے بڑے عالم پیدا ہوئے۔ ان لوگوں نے سیاسی، مذہبی، علمی اور ثقافتی زندگی میں اپنی اعلیٰ صلاحیتوں کا برابر ثبوت دیا۔ آزادی کے بعد اس طبقے کے بیشتر لوگ سرمایہ داری کے مخالف رہے اور سرمایہ داروں کو ہمیشہ اسی طبقے سے خدشہ محسوس ہوتا رہا۔ سرمایہ داروں نے ان کو ہر طرح سے دبانے کی کوشش کی اور ان کی مخالفت کرتے رہے۔ چنانچہ سرمایہ داروں نے اس طبقے کے استحصال کے لیے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی اور اس کوشش میں وہ بہت حد تک کامیاب بھی رہے۔ اس طبقے کے زوال کے ساتھ بہار کی ایک خاص تہذیب بھی ختم ہوگئی اور اسی کے ساتھ قومی یکجہتی، علم دوستی اور غرباء پروری کا بھی خاتمہ ہوگیا جس کا

Marfat.com

تعلیم و تدریس پر بھی بڑا برا اثر پڑا۔ حکومت نے طلباء کے لیے تعلیم کی بے شمار سہولتیں مہیا کی ہیں مگر اسکولوں اور کالجوں میں ہر روز ہنگامے ہوتے رہتے ہیں۔ اور طلباء کا قیمتی وقت تعلیم کے بجائے ہنگاموں میں صرف ہوتا ہے، سیاست داں اور اساتذہ اپنے مفاد کی خاطر طلباء کو استعمال کرتے ہیں اور ان کی تعلیمی زندگی کو نقصان پہنچاتے ہیں اور اس طرح وہ بے روزگاروں کی تعداد میں اضافہ کرتے ہیں۔ تعلیم کا معیار روز بروز گرتا ہی جارہا ہے۔ سر دست اس انحطاط کی درستگی کی صورت نظر نہیں آتی، سوائے اس کے کہ حکومت، اساتذہ اور طلباء یک سو ہو کر تعلیم و تدریس کی ترقی کی طرف متوجہ ہو جائیں اور تعلیم کی بہتری کے لیے کوئی لائحہ عمل تیار کریں اور اس پر پورے خلوص سے عمل پیرا ہوں تاکہ پہلے وقتوں کے اخلاق، محبت اور رواداری جیسی خوبیاں جو بہاری عوام میں موجود تھیں پھر واپس آجائیں۔

اس ترقی کے دور میں جب ہر چیز نہایت تیزی سے بدلتی جارہی ہے۔ بہار میں اونچی ذات کے ایسے بے شمار افراد اب تک موجود ہیں جو نہایت فخر سے کہتے ہیں کہ سرمایہ داری، نابرابری اور ذات پات کی بندشیں بھارت میں ہزاروں سال سے قائم ہیں اور انہیں کسی طور سے ختم نہیں کیا جاسکتا۔ ان کے دل دردِ انسانی سے ناآشنا ہیں اور یہ خود غرض مقصد ہستی سے سینکڑوں منزل دور ہیں۔ انہیں شاید وہ واقعات جو گزشتہ ستر سالوں میں مختلف ممالک میں رونما ہوئے ہیں یاد نہیں ہیں اور اگر یاد ہیں تو یہ لوگ ان سے کوئی سبق لینا نہیں چاہتے ہیں۔ باوجود بے شمار دشواریوں اور گوناگوں رکاوٹوں کے ہندوستان میں ''عہد نو'' ظہور پذیر ہوگا اور ایک ایسے معاشرے کو جنم دے گا جس میں نہ کوئی ''شودر'' ہوگا نہ کوئی ''برہمن'' اور انسان اپنی زندگی آزادی، کامرانی اور خوش حالی سے بسر کرے گا۔ معاشرے کے ہر فرد کی قدر اس کی صلاحیت اور قابلیت کے مطابق ہوگی۔

ہے نگین دہر کی زینت ہمیشہ نام نو
مادر گیتی رہی آبستن اقوام نو

مجھے یقین ہے کہ بہار کے عوام گاندھی جی کے ''مارگ'' پر چل کر ایک ایسا نیا بہار تعمیر کریں گے جو گاندھی جی کے خوابوں کی سچی تعبیر ہوگا اور جسے دیکھ کر دنیا رشک

Marfat.com

کرے گی۔

عمر کی منزل تو جوں توں کٹ گئی
مرحلے اب دیکھیے پیش آئیں کیا

Marfat.com

Marfat.com

DAASTAN MERI

AN AUTOBIOGRAPHY

By
DR. IQBAL HUSAIN

[illegible] Principal, Patna College, Patna
[illegible] Public Service Commission
[illegible] Khuda Bakhsh Library, Patna

KHUDA BAKHSH ORIENTAL PUBLIC LIBRARY
PATNA-800 004

Marfat.com